حضور والا ۔ بہت عرصہ ہوا مہاجر فنڈ سیس بل کے سلسلے میں میں نے ایک مرتبہ اس معزز ایوان کے سامنے یہ عرض کیا تھا کہ مسٹر جی الانا صدر ایوان تجارت و صنعت پاکستان نے مکمل تحقیقات کے بعد اور بڑے مستند طریقے سے اس موضوع پر اظہار خیال فرمایا تھا ۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہمارا ملک محاصل کے اعتبار سے دنیا کے سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرنے والے ملکوں میں سے ہے اور اسکے ساتھ ہی ساتھ دوسری بات یہ ہے کہ ہمارا ملک ان ملکوں میں سے ہے جہاں کا معیار زندگی پست ترین حد تک ہے ۔ خیال فرمائیے کہ ایک طرف تو یہاں کے باشندوں پر محاصل کا بوجھ سب سے زیادہ ہے اور دوسری طرف ان کا معیار زندگی سب سے زیادہ پست ہے ۔ ظاہر بات ہے کہ ایسی صورت میں جو لوگ محاصل کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے اور پہلے ہی بار محاصل سے دبے ہوئے ہیں اور پسے جا رہے ہیں ان کیلئے اس قسم کا محصول ہو جو انکی قوت برداشت اور تحمل کے مطابق ہو ۔ میں نے اس سے پہلے بھی ایک مرتبہ ایک مثال پیش کی تھی اور اب پھر اسے دہراتا ہوں ۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے بلڈ بنک میں anaemic لوگوں میں خون کی کمی پوری کرنے کیلئے ایسے

لوگوں سے خون فراہم کیا جائے جو پہلے ہی anaemic ہیں۔ ان کے خون کا آخری قطرہ نچوڑ کر بلڈ بنک میں داخل کر دیا جائے اور ان سے وعدہ کیا جائے کہ بنک سے خون لیکر تمہاری رگوں میں پھر داخل کر دیا جائے گا۔ پیشتر اسکے کہ بلڈ بنک خون سے پر ہو آپ anaemic لوگوں کے جسم سے خون کا آخری قطرہ نچوڑ کر انکو اس دنیا سے ہمیشہ کیلئے رخصت کر دیتے ہیں۔ تو آخر اس بلڈ بنک کے قیام کا مقصد کیا ہے اور اس سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

بعینہ یہی صورت مجھے یہاں نظر آ رہی ہے۔ میں حیران ہوں کہ مزارعین کے خیر خواہ اور ان کے درد میں گھلے جانے والے تو کہاں ہیں ان کی بے حسی ملاحظہ ہو ان غربا کی حالت کا ان کو قطعی طور پر احساس نہیں ہے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ان کی مشکلات کو دور کرنے کی کئی صورتیں ہیں۔ اس سلسلہ میں کئی تجاویز پیش کی گئی ہیں مثلاً قرضہ جات سے آپ ایسی مشکلات دور کر سکتے ہیں۔ اس طرح ترقی کی رفتار بھی بتدریج ہونی چاہئے۔ اگر یہ نہیں تو اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کی بہتری کے لئے آپ کوئی کام کرنا چاہتے ہیں ان کی بہتری اسی میں ہے کہ ان کی مشکلات قطعی طور پر دور ہو جائیں۔

یہ تجویز میں نے شرح محاصل کے لئے پیش کی ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں اگرچہ یہ hoping against hope ہے کہ وزیر اعلیٰ اس پر غور فرمائیں گے۔

Mr Speaker: The question is—

That in clause 3, sub-clause (1), for the word "annas" in line 2, the word "pice" be substituted.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX, Muslim). Sir, I beg to move—

That in clauese 3, sub-clause (2) for the existing proviso, the following be substituted:— "Provided that all landless tenants and landholders holding not more than five acre of irrigated and ten acres of unirrigated land shall be exempted from the payment of the cess".

حضور والا۔ اصل proviso یہ ہے کہ صوبائی حکومت کو اس امر کا اختیار ہوگا کہ وہ سرکاری notification کے ذریعہ کسی شخص یا بعض اشخاص یا خاص طبقہ کو ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنیٰ کر دے۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں حکومت کے پیش نظر اس کی بہتری ہو لیکن اس proviso کے استثنیٰ کا مقصد کم از کم میری نظر میں یہ ہے کہ ''رموز مملکت خویش خسروان دانند،، اور اگر کسی پر نوازش کی ضرورت ہو تو فی الحقیقت بعض ایسی صورتوں میں حکومت اس کلاز کا جائز استعمال کر سکتی ہے۔

میں نے اس کے دوسرے proviso کے لئے استدعا کی ہے جس کا اردو میں یہ مفہوم ہوگا۔

''بشرطیکہ اس ٹیکس کی ادائیگی سے تمام غیر مالک مزارعین اور تمام ایسے ادنیٰ مالکان کو جن کے پاس ۵ ایکڑ نہری آبپاشی یا ۱۰ ایکڑ غیر آبپاشی رقبہ ہو اس ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دے دیں۔''

اس کے متعلق میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں اور بار ہا یہ چیز پیش کی جا چکی ہے۔ پھر آپ نے flat rates لگا دئے ہیں کیا آپ سب لوگوں کو ایک ہی ڈنڈے سے ہانکنا چاہتے ہیں۔ یہ طریق taxation کے اصول کے منافی ہے۔ چنانچہ یہاں پر میں نے یہ استدعا کی ہے کہ ایسے غریب لوگوں کو جو استعداد نہیں رکھتے اور نان شبینہ کے لئے محتاج ہیں اور جن کی حالت پہلے ہی خستہ و خراب ہے اور جو بڑی مشکل سے اپنا پیٹ پال رہے ہیں ان کو آپ مستثنیٰ قرار دے دیں۔ اس کے لئے میں نے جو معیار پیش کیا ہے اسمیں ہرگز مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا اور نہ ہی کسی قسم کی نا جائز طور پر رعایت روا رکھی گئی ہے۔

یہ ظاہر بات ہے کہ ۵ ایکڑ کے مزارعین تو بالکل اس قابل نہیں ہیں کہ زائد ٹیکس کے بوجھ کو برداشت کر سکیں۔ ان کو نا مساعد حالات اور کئی مشکلات سے گذرنا پڑتا ہے۔ وہ بڑی مشکل سے گذر اوقات کرتے ہیں۔ چنانچہ ان لوگوں کے لئے میں نے یہ درخواست پیش کی ہے۔ در اصل یہ ذمہ داری اُن تمام لوگوں پر عائد ہوتی ہے جو میری طرح دیہات سے منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں کہ وہ ان کے جائز حقوق کا تحفظ کریں۔ چونکہ حکومت بے حسی کے باعث اپنے فرائض منصبی سے افسوس ناک طریق پر کوتاہی کر رہی ہے اس لئے میں نے یہ درخواست پیش کی ہے کہ رائے عامہ دریافت کی جائے تا کہ پتہ چلے کہ آیا پارٹی نے کسی ضابطہ کے ماتحت اس بل کی اجازت دی ہے یا وہ مجبوریوں کے پیش نظر اپنے ذاتی مفاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی تائید کرنے پر آمادہ ہے اگر یہ مسودہ قانون عوام کے پاس بھیج دیا جائے گا تو مجھے یقین ہے کہ حکومت پر اصل حقیقت واضح ہو جائے گی۔ بہر حال میں نے یہ استدعا کی ہے کہ ٹیکسیشن کے سلسلہ میں تدریجی ٹیکس لگائے جائیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 3, sub-clause (2), for the existing proviso, the following be substituted:—

"Provided that all landless tenants and landholders holding not more than five acres of irrigated and ten acres of unirrigated land shall be exempted from the payment of the cess."

The motion was lost.

ملک غلام نبی—(کارپوریشن شہر لاہور ، مسلم مخصوص نشست) جناب والا ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں ۔

That in clause 3, in sub-clause (2), the proviso be deleted.

جناب والا ۔ سب سے زیادہ دکھ کی بات یہ ہے کہ جس بات کا اظہار کیا جا رہا تھا ۔ وہ proviso کے بڑھانے کے متعلق ہے ۔ اور زہن بڑے وثوق اور یقین کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے کہ یہی وہ چور دروازے ہیں جن کا ذکر ہم بار بار کرتے ہیں ۔ ہمیں معلوم ہے کہ جب کوئی مسودہ قانون ایکٹ کی صورت اختیار کر لیتا ہے تو ان چور دروازوں ہی کی وجہ سے بڑی بڑی عدالتوں میں حکومت کے فیصلے رسوا ہوتے ہیں اور پھر یہاں رجوع کرنا پڑتا ہے تاکہ مناسب تبدیلی کی جائے ۔ اس بل میں ہم جو proviso دیکھتے ہیں اس کے ذریعہ حکومت چاہے کسی کلاس کو چاہے کسی آدمی کو exempt کر سکتی ہے ۔ یہ سراسر ایک دھوکا ہے ۔ ہم حیران ہیں کہ مسلم لیگ پارٹی کو کیا ہوگیا ہے یہ لوگ اپنے علاقوں کے electorates کو کیا جواب دیں گے ۔ جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ one party گورنمنٹ ایک لعنت ہے اور میرے نزدیک تو ایسی حکومت سرکس کے رنگ ماسٹر کی طرح ہوتی ہے جو اپنی چابک سے شیر ۔ بھیڑیا ۔ بکری اور بندر کو نچاتا ہے ۔ حالانکہ وہ اس کو کھانے کے درپے ہوتے ہیں ۔ چونکہ اس کی چابک میں طاقت اور جان ہوتی ہے اس لئے یہ جانور اس کے اشاروں پر ناچتے ہیں ۔ بالکل اسی طرح پارٹی کا رنگ لیڈر ممبران کو نچاتا ہے ۔ مثال کے طور پر اسی بل کے متعلق وہ یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ proviso تو یونہی رکھ دیا گیا ہے ۔ آپ مطمئن رہیں ۔ جب آپ پر اس کی زد پڑیگی تو اسی ایکٹ کی رو سے آپ کا آبیانہ معاف کر دیا جائے گا یا آپ کی اراضی کو تھور اور سیم زدہ علاقہ قرار دے دیا جائے گا ۔ نیز آپ کے لئے کئی اور مو شگافیاں بھی ہو سکیں گی لہذا آپ ووٹ دیں ۔ جناب والا اصل بات تو یہ ہے کہ یہ لوگ انگریز کی پیداوار ہیں اور پولیس کے ذریعہ اور خدا جانے کن کن طریقوں سے اس معزز ایوان میں تشریف لائے ہیں ۔

Mr. Speaker: No reflections please.

ملک غلام نبی—Sir, I am one of them جناب والا میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ یہ سب calamities ہمارے عوام کے لئے ہیں جو پہلے ہی مصیبتوں میں مبتلا ہیں اور مشکلات سے زندگی بسر کرتے ہیں لیکن ان میں خواہ کسی کے پاس ایک ایکڑ زمین ہے یا ۵۰۰ ایکڑ ۔ سب پر دو

آنہ فی روپیہ ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ پھر اس بل میں ایک ایسا proviso رکھ دیا گیا ہے جس کے ذریعہ ووٹ حاصل کئے جائیں گے اور اس کے باعث وہ مسند اقتدار پر قائم رہیں گے ۔ یہ سراسر دھوکا اور فریب ہے اور میں یہ عرض کروں گا کہ اس body کے لئے یہ شایاں شان نہیں ہے جو ملک کے لئے قانون بناتی ہے ۔ اس سے زیادہ شرم کی بات اور کیا ہو سکتی ہے کہ آپ ایسے چور دروازے رکھ رہے ہیں جن کی مثال کسی آزاد ملک کی تاریخ میں نہیں مل سکتی ۔

اتنے کوئی دشمن کو بھی دیتا نہیں جل
جتنے خود کو فریب دیتا ہوں میں

Mr. Speaker: The question is—

That is clause 3, in sub-clause (2) the proviso be deleted.

The motion was lost.

ملک فتح شیر جھمٹ — (میانوالی ۔ نمبر ۴ ۔ مسلم) حضور والا ! میں کلاز ۳ کی مخالفت کرتا ہوں ۔ میں عزت مآب وزیر اعلیٰ اور عزت مآب وزیر مال کی خدمت میں ایک چیز پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس صوبہ پنجاب کے اندر شاید کسی کو معلوم نہیں ہے کہ کتنا رقبہ نہری ہے اور کتنا بارانی ہے اور اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ کاغذات مال کی رو سے رقبہ تین حصے بارانی ہے اور چوتھا حصہ نہری ہے ۔ جتنے بارانی اضلاع مجھے دیکھنے کا موقع ملا ہے اور جن مواضعات کا مالیہ ۱۸۷۸ء سے مستقل قرار پایا ہے ایسے بارانی علاقوں کی حالت یہ ہے کہ وہاں چار چار سال بارش نہیں ہوتی مگر ان کا مالیہ لازمی طور پر ادا کرنا پڑتا ہے ۔ کیونکہ وہ مستقل ہے ۔ وہاں کیفیت یہ ہے کہ چار چار سال بارش نہ ہونے کے باعث (جیسا کہ ربیع ۱۹۵۰ سے ربیع ۱۹۵۳ تک کوئی بارش نہیں ہوئی) کوئی فصل نہیں ہوئی اور ایسے علاقوں میں جو بارانی ہیں لوگ ایسی تکلیف میں ہیں کہ وہ اپنے گھر کی تمام اشیا فروخت کرکے گزارہ کر رہے ہیں اور سخت مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں اور اب جمع مستقل کے اوپر یہ اور ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے ۔ وہ پہلا ہی ادا کرنے سے قاصر ہیں ۔ مگر آپ اس کے اوپر اور بیشی کر رہے ہیں خدا معلوم ان لوگوں کی طرف آپ کی توجہ کیوں نہیں گئی اور اس صوبہ کی زمین کا تخمینہ کیوں نہیں لگایا گیا کہ کتنی بارانی ہے اور کتنی نہری ۔ خدا معلوم آپ ان کو مخلوق انسانی نہیں سمجھتے یا کیا ہے ؟ یہ ٹھیک ہے کہ زیادہ بڑے زمینداروں کے ذرائع آمدنی اور کافی ہوتے ہیں

اور اسی لئے زمینداری کی طرف ان کی توجہ بہت کم ہے۔ لیکن جن غریب لوگوں کا ذریعہ معاش صرف کاشتکاری ہے انہیں اس چیز کا احساس ہوتا ہے اور وہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ ہماری گزر کس طرح ہوگی۔ میں وزارت سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ وہ بنظر کرم اس طرف توجہ فرمائے کہ جن کا مالیہ مستقل ہے اور حالت جن کی یہ ہے کہ چار چار سال بارش نہیں ہوتی اور کوئی پیداوار نہیں ہوتی ان لوگوں پر اس مالیہ کے علاوہ اس ٹیکس کا عائد ہونا ظلم ہے۔ لہذا ایسے بارانی علاقوں کو اس ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

Mr. Speaker: The question is—
That clause 3 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker: The question is—
That clause 4 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker: The question is—
That the Preamble be the Preamble of the Bill.
The motion was carried.

Clause 1

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 1, for sub-clause (3) the following be substituted :—
"(3) It shall come into force with effect from Kharif, 1954-55 and shall remain in force for one year."

حضور والا۔ اصل میں بات یہ ہے کہ ایک تو میں نے یہ کوشش کی ہے کہ اگر یہ مصیبت ہمارے لئے ناگزیر ہے تو کم از کم اسے التوا میں ہی ڈالا جائے اور اسے کچھ وقت کے لئے ہی ملتوی کر دیا جائے۔ شاید اس وقت ہمارے اقتصادی حالات بہتر ہو جائیں اور ہم اس قابل ہو جائیں کہ یہ بوجھ جو ہمیں اس وقت ناقابل برداشت نظر آ رہا ہے اٹھا سکیں اور ہم میں اسے برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ جن لوگوں کو دیہات کی زندگی کا کچھ تجربہ ہے اور جنہیں چھوٹے طبقے کے کسانوں۔ مزدوروں اور کاشتکاروں کی اقتصادی حالت کا کچھ احساس ہے وہ جانتے ہیں کہ خریف کی فصل ایک ایسی فصل ہوتی ہے کہ جسے صحیح معنوں میں cash crop کہا جا سکتا ہے۔ بخلاف اس کے ربیع کی فصل میں چھوٹے مالکان اراضی سرکاری

حبوب ۔ مالیہ اور آبیانہ وغیرہ کی ادائیگی بڑی دقت سے کرتے ہیں بلکہ ایسا ہوتا ہے کہ آمدنی اور خرچ کو پورا کرنے کیلئے اکثر و بیشتر لوگ ربیع کی فصل میں قرضہ اٹھا کر گزارہ کرتے ہیں اور پھر ایسا بھی ہوتا ہے کہ جس قدر تھوڑا بہت غلہ پیدا ہوتا ہے مالیہ کی ادائیگی کیلئے وہ سارے کا سارا مارکیٹ میں بھیجنا پڑتا ہے اور اگر بعض لوگ اپنی سال بھر کی ضروریات کیلئے کچھ غلہ اپنے لئے محفوظ کر لیں تو پھر ان کو قرضہ حاصل کرکے مالیہ ادا کرنا پڑتا ہے اور اس طرح وہ اپنی ربیع کے خسارہ کو خریف کے ذریعہ سے پورا کرتے ہیں ۔ روئی اور نیشکر یہ دو ایسی فصلیں ہیں اور ایسی اجناس ہیں جن کے نرخ زیادہ ہیں اور جن کے فروخت کرنے کے بعد اس بات کا امکان ہوتا ہے کہ کچھ تھوڑی بہت فاضلہ رقم چھوٹے مالکان کے پاس بچ رہے ۔ اب اگر اس ٹیکس کو عائد کرنا ہی ہے تو میں نے درخواست کی ہے کہ اس کے لئے ربیع مناسب وقت نہیں ہے ۔ کیونکہ ربیع میں لوگوں کی حالت بہت خراب ہوتی ہے اور خریف ہی ایک ایسی فصل ہے جس کے موقعہ پر لوگ نسبتاً اس قابل ہوتے ہیں کہ اس قسم کا بوجھ برداشت کر سکیں ۔

اس میں ایک تو میں نے التوا کی درخواست کی ہے اور دوسرے میں نے اس کی تاریخ نفاذ فصل خریف سے مقرر کی ہے اور اس خیال سے کہا ہے کہ اس وقت حالات بہتر ہو جائینگے ۔ بنا برین میری استدعا ہے کہ اس ترمیم کو منظور کرکے اس بل کے فوری نفاذ کو ملتوی کیا جائے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 1, for sub-clause (3), the following be substituted: —

"(3) It shall come into force with effect from Kharif, 1954-55 and shall remain in force for one year".

The motion was lost.

Malik Ghulam Nabi: (Corporation of the City of Lahore, I, Muslim, Reserved Seat): Sir I beg to move—

That in clause 1, sub-clause (3), the following words be deleted :—

"and shall remain in force for one year or till such time as any amount due as Cess under this Act remains unpaid or unrealised".

جناب والا ۔ میں نے یہ گذارش کی ہے کہ اس کلاز کے جملہ شرطیہ کو حذف کر دیا جائے ۔ جہاں ہم بسا اوقات حکومت کو مطعون کرتے ہیں وہاں ایک دوست اور ایماندار نقاد کی حیثیت سے ان کی مصلحتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم ایسی ترامیم بھی پیش کرتے ہیں جو ان کو آگے جا کر فائدہ پہنچا سکتی ہیں ۔ میں نے اس ترمیم کو پیش کرکے ان کے لئے ایک باب کھول دیا ہے ۔ کل کو اگر ان کو ضرورت پڑے کہ وہ اپنے ووٹروں کے پاس جائیں اور وہ ان سے یہ کہیں کہ آپ نے ہم پر اتنا بڑا

ٹیکس اس وقت لگایا اور ایک سال کے لئے لگایا جب کہ ہم پہلے سے پسے ہوئے تھے اور امریکہ کی گندم پر ہمارا گذارا تھا تو ان کے اس الزام سے بچنے کا ایک ہی طریقہ تھا کہ جن الفاظ کے حذف کرنے کے متعلق میں نے قبل ازیں ترمیم پیش کی تھی آپ اسے مان لیتے تا کہ وہ لوگ سمجھ لیتے کہ یہ ٹیکس ہمیشہ کیلئے نافذ کر دیا گیا ہے اور جب تک ان کو اس کی ضرورت محسوس ہوتی وہ اس کو لگائے رکھتے اور جب نہ ہوتی تو وہ یہ کہہ دیتے کہ ہم اسے withdraw کرتے ہیں۔ جیسا کہ میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا ہے کہ وہ ان کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کی کمائی میں دو تین سو فیصدی کا جو اضافہ ہوا ہے وہ انہی کی بدولت ہے۔ اگر گندم کی قیمتیں بڑھی ہیں تو انہی کی وجہ سے۔ اگر کپاس کی قیمتیں بڑھی ہیں تو انہی کی وجہ سے۔ بلکہ اگر قدرت نے بارشیں برسائی ہیں تو انہی کی وجہ سے اور ان کی وجہ سے ان کو یہ فائدہ ہوا ہے اور ہنگامی حالات میں جب وہ مصیبتوں میں گرفتار ہیں اور ان پر اتنی calamities ہیں دوست نوازی کرنا ان کے بس کا روگ نہیں۔ میں نے تو ان کو مصیبت سے بچانے کیلئے یہ تجویز پیش کی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ جذبات کی رو میں بہہ گئے۔ شائد بعد میں وہ اسے ہمیشہ کیلئے نافذ کر دیں کیونکہ ان کے سامنے کام بڑے ہیں۔ یہ ٹیکس آبیانہ پر لگایا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آبیانہ کیا کر سکے گا جب کہ ریڑھ کی ہڈی کو توڑ کر رکھ دیا گیا ہے اور لوگ روٹی کپڑے اور دیگر ضروریات زندگی کو پورا کرنے سے عاجز آ چکے ہیں۔

صاحب سپیکر — از راہ کرم موضوع زیر بحث پر تقریر کیجئے۔

ملک غلام نبی — حضور والا۔ میں اس مسئلہ کی بعض approaches کی طرف ان کی توجہ مبذول کرا رہا ہوں۔ ان کے لئے ایماندارانہ طریقہ یہی تھا کہ وہ اس طرح کرتے جیسا کہ میں نے کہا ہے لیکن وہ اس قسم کی دفعات رکھکر اپنے دوستوں کو نوازتے ہیں اور ان کو فائدہ پہنچاتے ہیں حقیقت یہی ہے کہ ان کی وجہ سے ان کے دوست نوازے جاتے ہیں۔ کسی کو لائسنس ملتا ہے اور کسی کو کوئی چیز ملتی ہے۔

صاحب سپیکر — آپ دفعہ زیر غور کے متعلق تقریر کیجئے۔

ملک غلام نبی — میں وزیر اعلیٰ صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ وہ ان فہرستوں کو سامنے رکھیں جن کو وہ نوازتے ہیں۔ اگر وہ ایسا کریں تو اس سوال کے حل کرنے میں ان کو بڑی مدد ملے گی۔ بعض اوقات جذبات کی رو میں آدمی بھول جاتا ہے کہ کن کو

فائدہ پہنچایا جا رہا ہے ۔ اگر وہ ایسی فہرستیں سامنے رکھیں تو وہ دیکھیں گے کہ جو ان کا مدعا ہے وہ اچھی طرح پورا بھی ہوگا کہ نہیں ۔ جب بھی وہ کوئی نئی سکیم پیش کریں تو اگر وہ اس طرح کریں تو وہ بچ سکتے ہیں ورنہ نہیں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 1, sub-clause (3), the following words be deleted:—

"and shall remain in force for one year or till such time as any amount due as cess under this Act remains unpaid or unrealised".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That short title be the short title of the Bill.

The motion was carried.

Chief Minister : Sir, I beg to move—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائیلپور ۔ ۹ مسلم) حضور والا ۔ اصولی طور پر اس بات سے ۔

صاحب سپیکر — میں اس بات کی ضرورت نہیں سمجھتا کہ معزز ممبر کو یہ بتاؤں کہ وہ اس مرحلہ پر بل زیر غور کے کلازوں پر ہی بحث کر سکتے ہیں اور اس کے اصولوں پر نہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا ۔ اصولی طور پر اس بات سے اتفاق کرنے کے بعد کہ حکومت کو نظم و نسق کے مصارف کیلئے محاصل کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اور اس کو اصلاحی اور رفاعی سکیموں اور منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس کے بعد جن چیزوں سے ہمیں اختلاف ہے اور جن کو ہم غلط تصور کرتے ہیں ان کا ذکر اس سے پہلے ہو چکا ہے ۔ اب جیسا کہ حضور والا نے فرمایا کہ میں خصوصیت سے ان کلازوں اور ضمنی کلازوں کو زیر بحث لاؤں گا جو خصوصی طور پر مجھے آتے ہیں ۔ اس ضمن میں پہلی بات یہ نظر ہے کہ اس بل میں کلاز ۳ ایک ایسی کلاز ہے جو شائد اس مسودہ قانون کی کی جان کی حیثیت رکھتی ہے ۔ اس کے الفاظ یہ ہیں کہ یہ ٹیکس ان تمام اراضیات پر لگایا جائیگا اور دو آنے فی روپیہ کی شرح کے حساب سے لگایا جائیگا ۔ حضور والا میں صرف اشارۃ اس بات کا ذکر کروں گا کہ یہ flat rate اصولاً غلط ہے اور محصول لگانے کے اس مسلمہ اصول کی خلاف ورزی کرتا ہے کہ محصول مناسب ۔ اور متناسب ہونا چاہئے ۔

دوسری بات یہ ہے جو شائد اسی کا ایک منطقی نتیجہ ہے کہ یہ دو آنے کی شرح بہت زیادہ ہے۔ اگر آپ اسکو ''پروگریسو'' طریق پر لگاتے تو شاید ہمیں چار آنے یا آٹھ آنے کی شرح پر بھی کوئی اعتراض نہ ہوتا۔ کئی ایسے لوگ ہیں جو اپنے کتوں پر ہزارہا روپیے صرف کر دیتے ہیں۔ اسی طرح کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو اپنے گھوڑوں کی پرورش پر کئی ہزار روپیے خرچ کر دیتے ہیں اگر آپ ایسے لوگوں سے نسبتاً زیادہ محصول وصول کریں تو اس میں کوئی حرج کی بات نہیں۔ اسکے برعکس ایسے لوگ جو بالکل استطاعت نہیں رکھتے جو فاقہ کش اور فاقہ مست ہیں اگر آپ انکو مکمل طور پر مستثنیٰ کر دیتے تو یہ بہت اچھا ہوتا۔ اس بل میں سب سے زیادہ کھٹکنے والی بات یہ ہے کہ محصول کیلئے ترجیحی طریق اختیار نہیں کیا گیا اور نہ ہی غریب لوگوں کو اس بل سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

اسکے بعد حضور والا۔ اسی کلاز کی جو ''پرووائزو'' ہے وہ قابل ذکر اور قابل غور ہے۔ اسکے الفاظ یہ ہیں۔

''حکومت کو یہ اختیار حاصل ہوگا کو وہ کسی شخص یا اشخاص کی جماعت کو اس سارے محصول یا اسکے کسی جزو کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دے دے۔''

حضور والا۔ بالفرض اگر یہاں یہ ہوتا کہ حکومت خاص قسم کی اراضیات کو جو پیدا آور نہ رہی ہوں یا جن کے اندر پیداوار کی صلاحیت باقی نہ رہی ہو یا جو تھور اور سیم سے متاثر ہونے کے بعد قابل کاشت اور قابل زراعت نہ رہی ہوں یا منفعت بخش نہ رہی ہوں حکومت انکو مستثنیٰ کر دیگی تو ظاہر بات ہے کہ یہ ہمارے نزدیک قابل قبول اور نہایت معقول بات ہوتی۔ اگر انہوں نے یہاں اشخاص کی بجائے اراضیات کا ذکر کیا ہوتا تو یہ ''پرووائزو'' اسطرح نہ کھٹکتی۔ پھر جناب والا انکا عملی نمونہ اور انکے متعلق ہمارے گذشتہ تجربات کچھ اس قسم کے ہیں کہ ہمیں خواہ مخواہ شک گزرتا ہے کہ وہ اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر بعض لوگوں کو ضرور نوازیں گے جیسا کہ وہ اس سے پیشتر کرتے رہے ہیں۔ اور طرح طرح سے کرتے رہے ہیں۔ تو کیا حضور والا یہ زیادہ موزوں نہیں تھا کہ وہ اشخاص کی بجائے اراضیات کی اقسام کا ذکر کرتے اور انکی تخصیص کر دیتے اور وضاحت فرما دیتے کہ اس قسم کی اراضیات جن کی صلاحیت کم ہوتی چلی جائیگی ہم انکو مستثنیٰ کر دینے کا اختیار

اپنے لئے محفوظ کر لیتے ہیں۔ لیکن جب وہ اراضیات کی بجائے اشخاص کا ذکر کرتے ہیں تو ضروری ہے کہ یہ انتہائی طور پر قابل اعتراض اور کھٹکنے والی بات ہو۔ حضور والا دوسرا اعتراض میرا اس دفعہ پر یہ ہے۔ اسکے بعد ایک اور چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جہاں تک ''پیزنٹری،، کا تعلق ہے ہمارے معاشرہ کے اندر انکی اہمیت افادیت اور غیر معمولی قربانیاں کسی سے مخفی نہیں۔ ہمارے ملکی دفاع کیلئے جو طبقہ سب سے زیادہ ''مین پاور،، مہیا کرتا ہے وہ دیہات میں رہنے والے یہی کسان مزدور مزارعین اور ادنیٰ مالکان ہیں۔ مگر حکومت نے یہاں اس طبقہ کی قربانیوں کا کچھ احساس نہیں کیا۔

Princes and lords may flourish, or may fade;
A breath can make them, as a breath has made;
But a bold peasantry, their country's pride;
When once destroyed, can never be supplied.

مجھے افسوس ہے کہ ایک کھلی ہوئی حقیقت کا اظہار ایک بڑے تجربہ کار اور قوم کے دیرینہ خدمتگزار وزیر اعلیٰ کے سامنے اتنے واضح اور واشگاف الفاظ میں کرنا پڑا ہے کہ۔ انہوں نے اس طبقہ کیلئے یہاں کوئی تحفظ یا استثنیٰ قائم نہیں کیا۔ مجھے امید ہے کہ آنریبل وزیر اعلیٰ اپنے جواب میں عام قسم کی الزامی باتیں کرنے کی بجائے دلائل و براہین سے میرے ان اعتراضات کا جواب دینگے۔ میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ اگر انہوں نے ایسا کیا تو میں انکے سامنے اپنا سر تسلیم خم کر دونگا۔

حضور والا۔ ایک بڑی عجیب بات جو شاید میری سمجھ میں نہیں آسکی یا جو واضح طور پر غلط ہے یہ ہے کہ جہاں تک اس بل کی میعاد اطلاق ونفاذ کا تعلق ہے اس میں یہ فرمایا گیا ہے کہ سر دست اسکی میعاد ایک سال مقرر کی گئی ہے۔ اسکی میعاد ایک سال ہوگی یا اگر اس ایکٹ کے ماتحت کوئی رقم واجب الوصول رہ جائے تو اس وقت تک اسکا نفاذ جاری رہیگا جب تک اس کا حبہ حبہ پورا وصول نہیں ہو جاتا۔ اگر انکا مقصد یہ ہے کہ جہاں تک بقایا کی وصول کا تعلق ہے وہ صرف اس رقم کی وصولی کی حد تک اسکی میعاد میں اضافہ کرینگے تو یہ بات قابل قبول ہے۔ لیکن جو الفاظ یہاں استعمال ہوئے ہیں ان سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ اگر سارے صوبے میں کوئی ایک شخص بھی ایسا رہ جاتا ہے جسکے ذمہ اس محصول کی کوئی معمولی رقم ہے تو حکومت سارے صوبے میں اس ایکٹ کے اطلاق و نفاذ میں توسیع کر سکیگی۔ گویا ایک شخص کے جرم کی وجہ سے وہ اس محصول کے بوجھ کو سارے صوبہ پر ڈال دینگے۔ یہ کتنی

غیر معقول سی بات ہے ۔ مجھے امید ہے ۔ کہ وزارت کی طرف سے جواب میں اس بات کی بھی توضیح کر دی جائیگی ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Development Fund Cess Bill be passed.

The motion was carried.

PUBLIC SAFETY (AMENDMENT) BILL

Chief Minister (The Honourable Malik Muhammad Firoz Khan Noon :) Sir, I beg to introduce the Punjab Public Safety (Amendment) Bill.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. I would like your Honour to please give us a ruling as to whether or not an Honourable Minister can cast a vote. I have noticed during the debate that the persons loudest in their yell of "Ayes" or "Noes" are the Honourable Ministers on the Treasury Benches. "Aye" and "No" is a vote and under the Government of India Act the Ministers are debarred from voting.

Mr. Speaker: Under what section ?

Mr. C. E. Gibbon: Sir, will you very kindly see Section 64. It reads—

"Every minister and the Advocate-General shall have the right to speak in, and otherwise take part in the proceedings of the Legislative Assembly of the Province, and to speak in, and otherwise take part in the proceedings of, any committee of the Legislature of which he may be named a member, but shall not, by virtue of this section be entitled to vote."

Mr. Speaker: The honurable member again seems to have misunderstood the section. The vote refers to the vote in the Committee, not in the legislature, during that particular time when he is seeking election. The point of order is over-ruled.

Mr. C. E. Gibbon: The whole thing is read together.

Mr. Speaker: I have over-ruled the point of order.

Mr. C. E. Gibbon: But you cannot over-rule the section.

Mr. Speaker: I have interpreted it.

Mr. C. E. Gibbon: I never saked you to interpret it. I asked you to give a ruling.

Mian Muhammad Shafi: Will you kindly see the section carefully?

Mr. Speaker: Will the honourable member withdraw the word?

Mian Muhammad Shafi: I withdraw the word "carefully".

Mr. Speaker: I have read the section and given the ruling . It says that he "shall not by virtue of this section be entitled to vote". They can vote by virute of election, not by virtue of this section.

Minister of Agriculture: Is there any finality to the rulings of the Chair? Every ruling is being discussed, (*Interruptions*).

Chief Minister: Sir, I beg to move—

That the Punjab Public Safety (Amendment) Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: Motion moved is:—

That the Munjab Public Safety (Amendment) Bill be taken into consideration at once.

Mian Muhammad Shafi: I oppose it. Sir, my reasons for opposing this particular Bill are given by the Honourable Chief Minister in the Statement of Objects and Reasons.

Mr. Speaker: I call upon Chaudhri Muhammad Afzal Cheema to move his amendment. The honourable member can oppose the Bill later on.

Mr. C. E. Gibbon : But, Sir, we are opposing the consideration of the Bill.

Mr. Speaker: Chaudhri Muhammad Afzal Cheema's amendment come first.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur, IX, Muslim): Sir, I beg to move—

> That the Punjab Public Safety (Amendment) Bill, 1954, be circulated for eliciting public thereon by the 31st March 1954.

حضور والا ۔ میری استدعا یہ ہے کہ تحفظ عامہ کے اس ترمیمی مسودہ قانون کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔ حضور والا ۔ پبلک سیفٹی ایکٹ اس معزز ایوان کے اندر اور اس کے باہر بڑی کثرت کے ساتھ زیر بحث رہا ہے اور ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے بکمال شفقت گذشتہ اجلاس کے دوران میں یہ وعدہ فرمایا تھا بلکہ ہمیں مطعون کیا گیا تھا کہ حزب اختلاف قدم قدم پر مزاحمت کرتی ہے اور رکاوٹیں پیدا کرتی ہے ورنہ ہم نے کبھی کی پبلک سیفٹی ایکٹ میں ترمیم پیش کر دی ہوتی ۔ اور اس کے بعد وعدہ فرمایا کہ یہ ترمیم جلد پیش کی جائیگی ۔

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. I would your attention to rule 86(1). It says—

> "On the day on which any of the motions referred to in rule 84 is made or on any subsequent day to which the discussion thereof is postponed, the principle of the bill and its general provisions may be discussed but the details of the bill must not be discussed further than is necessary to explain its principle."

Before the motion of amendment came in and after the Honourable Chief Minister moved that this Bill be taken into consideration , we had opposed that motion of the Honourable Chief Minister, but you are proceeding under rule 84(*a*) when the stage of rule 84(*a*) has not come yet.

Mr. Speaker: Again the rule has been misunderstood and misconstrued. The honourable member will remember that even in the consideration of the last Bill I adopted that procedure and did not put the question that the Bill be taken into consideralon. I did so for the very obvious reason that if the amendment is passed the question of taking the Bill into consideration will not arise. Therefore, after disposing of this amendment the original motion as moved by the Honourable Chief Minister will be put. That will be the time for any honourable member who wants to oppose it to do so.

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا ۔ سیفٹی ایکٹ کی قسم کے قوانین اپنی نوعیت کے اعتبار سے ہنگامی قوانین ہوتے ہیں اور یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے کہ ہنگامی حالات کے پیش نظر جب ملک کو کوئی اندرونی یا بیرونی خطرہ لا حق ہو تو دشمنان ملک و ملت اور غداران وطن کی معاندانہ سرگرمیوں پر کنٹرول اور ضبط رکھنے کے لئے پیش بندی اور امتناعی طور پر حکومتیں اپنے آپ کو ایسے قوانین سے مسلح کرتی ہیں ۔ اور اس میں سب سے بڑی بات یہ ہوتی ہے کہ یہ قوانین ہمارے ہاں

کی طرح روز مرہ کا معمول نہیں بن جاتے بلکہ انتہائی نازک حالات میں ان حربوں کا استعمال کیا جاتا ہے ۔ بد قسمتی سے ہمارے ہاں یہ exception نہیں ہے بلکہ روز مرہ کا معمول ہے ۔ دوسرے ملکوں میں اسکا استعمال خاص خاص مواقع پر اور بڑی احتیاط سے کیا جاتا ہے ۔ حضور والا اس قانون میں جو سب سے اہم مسئلہ ہے وہ ہمارے بنیادی ۔ انسانی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے ساتھ تعلق رکھتا ہے ۔

The Assembly then adjourned till 1 *p. m. on Tuesday, the* 23*rd February,* 1954.

APPENDIX I

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. :to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the decision of the Government to permit the opening of a Cinema House on Durand Road, Lahore.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to bring the retail price of sugar within the purchasing capacity of the people of the Province.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to give any reasonable explanation for the re-arrest of Maulvi Muhammad Ali Jullunduri, an Ahrar Leader, who was released from the Lahore Central Jail, on 22nd December 1953.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the inordinate delay in the construction of bins and godowns for the storage of wheat in the Province.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the causes which led to the promulgation of Section 144 Cr. P.C. throughout the district of Lyallpur.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to administer and manage efficiently the Lahore Electric Supply Undertaking, Lahore.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to implement the Punjab Childrens Act, 1952.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely the failure of the Provincial Government to give any reasonable explanation for the arrest of Chaudhri Muhammad Hussain Chatha, ex-Revenue Minister, Punjab, under the Bengal Regulations, 1818, and his subsequent release.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to implement the Punjab Tenancy (Amendment) Act, 1952

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to devise effective ways and means to meet the alarming situation arising out of the unemployment of lakhs of people of the Province.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the causes which led to the promulgation of section 144 Cr. P.C. in the district of Montgomery.

Chaudhri Muhamman Afzal Cheema: M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the recent promulgation by Government of section 144 in some parts of the Province specially in the Lyallpur District.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House.to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to secure the release of Martial Law convicts specially that of Maulana Abdus Sattar Khan Niazi an honourable member of this House and of Maulana Maudoodi.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to bring down the price of wheat in the Province to a reasonable level and within the purchasing power of the poorer classes.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to make adequate arrangements for the free distribution of American Gifted Wheat to the poor and starving people of the Province.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to give reasonable explanation for the arrest and subsequent release of Ghazi Sirajuddin Munir of Azamgarh.

Mr. C. E. Gibbon : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the incompetence of the Provincial Government to administer and manage efficiently the Punjab Government Textile Mills, Burewala.

Mian Muhammad Shafi : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely the failure of the Punjab Government to take into consideration national sentiments of the proud people of the Punjab by according reception and entertainment in Lahore as state guest to Major-General Chaudhri, Consqueror of Hyderabad Deccan, with all its implications.

Mian Muhammad Shafi : M.L.A. to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, exploitation of the Pakistan Army by the Provincial Government in organising the recent Horse Show in Lahore which in fact was calculated to boost up the morale of the decadent feudal lords in the Punjab.

Appendix II

(*Statement*,—vide *answer to Starred Question No. 2585. see page 18 ante*)

فہرست موٹر گاڑیاں معہ سن خرید اور ماڈل جو لائلپور، چیچاوطنی بوریوالا، پیر محل اور کمالیہ روٹوں پر چلتی ھیں۔

نمبر شمار	نمبر رجسٹریشن	سال خرید	ماڈل
۱	پی-جے-ایل ۵۱۹	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲	پی-جے-ایل ۵۱۷	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۳	پی-جے-ایل ۵۶۰	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۴	پی-جے-ایل ۵۳۱	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۵	پی-جے-ایل ۵۰۵	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۶	پی-جے-ایل ۵۴۵	۱۹۴۹	ڈوج ۴۷-۴۸
۷	پی-جے-ایل ۵۰۸	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۸	پی-جے-ایل ۵۷۸	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۹	پی-جے-ایل ۵۲۳	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۰	پی-جے-ایل ۵۶۶	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۱	پی-جے-ایل ۵۷۱	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۲	پی-جے-ایل ۵۳۶	۱۹۴۸	فورڈ ۴۷-۴۸
۱۳	پی-جے-ایل ۵۹۳	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۴	پی-جے-ایل ۵۱۲	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۵	پی-جے-ایل ۵۸۵	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۶	پی-جے-ایل ۵۵۷	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۷	پی-جے-ایل ۵۱۱	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۱۸	پی-جے-ایل ۵۳۸	۱۹۴۸	فورڈ ۴۷-۴۸
۱۹	پی-جے-ایل ۵۴۷	۱۹۴۹	ڈوج ۴۷-۴۸
۲۰	پی-جے-ایل ۵۷۳	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۱	پی-جے-ایل ۵۲۶	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۲	پی-جے-ایل ۵۳۰	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۳	پی-جے-ایل ۵۸۳	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۴	پی-جے-ایل ۵۸۷	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸

نمبر شمار	نمبر رجسٹریشن	سال خرید	ماڈل
۲۵	پی-جے-ایل ۰۹۷	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۶	پی-جے-ایل ۰۸۴	۱۹۴۹	بیڈ فورڈ ۴۷-۴۸
۲۷	پی-جے-ایل ۰۶۲	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۸	پی-جے-ایل ۰۱۸	۱۹۴۸	شورلٹ ۴۷-۴۸
۲۹	پی-جے-ایل ۰۸۰	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸
۳۰	پی-جے-ایل ۰۰۴	۱۹۴۸	فورڈ ۴۷-۴۸
۳۱	پی-جے-ایل ۰۸۹	۱۹۴۹	شورلٹ ۴۷-۴۸

(Statement,—vide answer to Starred Question No. 2622, see page 20 ante.)

(ب) تحصیل گجرات میں مندرجہ ذیل دیہات نہر اپر جہلم کے مغرب میں گجرات سرگودھا سڑک پر واقع ہیں :—

نمبر شمار	دیہات کا نام
۱	کنجھاری
۲	جسپال
۳	کوٹ مٹا
۴	کوٹ کھنا
۵	کنجاہ
۶	چکورا
۷	کوٹ قطب دین
۸	خونن
۹	کوٹ فتح دین
۱۰	ڈومنیانوالہ
۱۱	راجے کی
۱۲	کنگ سہالی
۱۳	کنگ چانن
۱۴	کنگ سہاری
۱۵	ساروکی
۱۶	چاکوری

(ج) جو دیہات مذکورہ بالا شق (ب) میں درج ہیں ان کا سلسلہ وار رقبہ اور رقبہ شرح فیصدی جو ناقابل کاشت ہو گیا ہے حسب ذیل ہے :-

نمبر شمار	گاؤں کا نام	قابل کاشت نہری رقبہ	شرح فیصدی رقبہ جو تھور کی وجہ سے ناقابل کاشت ہو گیا ہے	شرح فیصدی رقبہ جو سیم کی وجہ سے ناقابل کاشت ہو گیا ہے
۱	۲	۳	۴	۵
۱	کنجھاری	۳۶۷	۸۰۷	..
۲	جسپال	۹۳	۱۶۰۱	..
۳	کوٹ مٹا	۷۹۷	۱۰۵	..
۴	کوٹ کھنا	۶۳۰	۶۰۳	..
۵	کنجاہ	۲۸۲۲	..	..
۶	چکوار	۱۰۴۲	..	..
۷	کوٹ قطب دین	۱۸۲	..	..
۸	خونن	۴۲۹	۱۰۹	..
۹	کوٹ فتح دین	۳۵۶	..	.
۱۰	ڈومنیانوالہ	۲۰۳	..	..
۱۱	راجے کی	۴۷۹	..	..
۱۲	کنگ سہالی	۶۷۶	..	..
۱۳	کنگ چانن	۸۱۴	..	..
۱۴	کنگ سہاری	۶۳۲	..	..
۱۵	ساروکی	۱۶۷	..	..
۱۶	چاکوری	۶۲۸	۳۰۲	..

8 PLA—450—16-11-54 SGPP L hore



PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

EIGHTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, 23rd February, 1954

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

PROBATION OFFICERS IN RECLAMATION DEPARTMENT

***2279. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(a) the number of Probation Officers in the Reclamation Department with their respective jurisdictions during each of the years 1937, 1938 and from 1948 to 1952;

(b) the strength of the staff with their respective designations provided to the Probation Officers during the years mentioned in part (a) above;

(c) the amount of Travelling Allowance sanctioned and actually drawn by the said officers during the years mentioned in part (a) above ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (بیگم جی۔اے۔ خاں)— ۱۹۳۷ تا ۱۹۳۸ اور ۱۹۴۸ تا ۱۹۵۲ میں محکمہ اصلاح مجرمین میں پروبیشن افسروں کی تعداد حسب ذیل تھی —

۱۹۳۷	۱۹۳۸	۱۹۴۸ تا ۱۹۵۲	
۴	۴	۲	۲

قبل از تقسیم پروبیشن افسروں کے حلقہ عمل کے متعلق معلومات فراہم نہیں کی جاسکیں کیونکہ متعلقہ ریکارڈ موجود نہیں ہے ۔ بعد از تقسیم کے زمانے سے متعلق تفصیلات درج ذیل ہیں :—

تمام صوبہ دو سرکل میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ لاہور سرکل اور لائلپور سرکل ۔ ہر سرکل کا ایک پروبیشن افسر انچارج ہے ۔

لاہور سرکل	لائلپور سرکل
زیر نگرانی پروبیشن افسر —	زیر نگرانی سیکنڈ پروبیشن افسر —
(۱) لاہور	(۱) ملتان
(۲) شیخوپورہ	(۲) میانوالی
(۳) سیالکوٹ	(۳) مظفر گڑھ
(۴) گجرانوالا	(۴) لائلپور

(۵) راولپنڈی (۵) ڈیرہ غازی خاں
(۶) گجرات (۶) منٹگمری
(۷) جہلم (۷) جھنگ
(۸) اٹک (۸) شاہ پور

(ب) زیر نظر عرصے میں پرویشن افسروں کو جو عملہ فراہم کیا گیا وہ حسب ذیل ہے :—

۱۹۳۷ تا ۱۹۳۸ اور ۱۹۴۸ تا ۱۹۴۹ —
(۱) اسسٹنٹ پرویشن افسر
(۲) ایک جونئیر کلرک
(۳) ایک چپڑاسی
۱۹۴۹ تا ۱۹۵۲ -
(۱) ایک جونئیر کلرک
(۲) ایک چپڑاسی

(ج) مذکورہ بالا افسروں کے لئے جو ٹی-اے (سفر خرچ) منظور کیا گیا اس کی تفصیلات حسب ذیل ہیں :—

کاروباری سال	منظور شدہ رقم	وہ رقم جو پرویشن افسروں نے فی‌الواقعہ وصول کی
	روپے	
۱۹۳۶—۱۹۳۷	۱۰,۰۰۰	چونکہ سال ۱۹۳۶-۳۷ اور ۱۹۳۷-۳۸ کے دوران میں کوئی الگ اعداد نہیں رکھتے گئے تھے - لہذا اس عرصہ میں پرویشن افسروں نے جو رقوم فی‌الحقیقت وصول کیں ان کے متعلق معلومات دستیاب نہیں ہو سکیں —
۱۹۳۷—۱۹۳۸	۱۰,۰۰۰	
۱۹۳۸—۱۹۳۹	۱۰,۰۰۰	
۱۹۴۸—۱۹۴۹	۲٬۲۰۰	

۱۹۴۹ — ۱۹۵۰	۲,۲۷۰	پروبیشن افسروں نے ۱۹۴۸ - ۱۹۴۹ سے لیکر ۱۹۵۲ - ۱۹۵۳ تک جو رقوم فی الواقع وصول کیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے -
۱۹۵۰ — ۱۹۵۱	ان سالوں میں پروبیشن	
۱۹۵۱ — ۱۹۵۲	افسروں کے لئے کوئی	
۱۹۵۲ — ۱۹۵۳	الگ مد نہیں رکھی گئی -	

		پائی	آنہ	روپیہ
۱۹۴۸ — ۱۹۴۹		۰	۱۰	۱,۲۴۸
۱۹۴۹ — ۱۹۵۰		۰	۱۲	۸۳۴
۱۹۵۰ — ۱۹۵۱		۰	۱۴	۸۲۱
۱۹۵۱ — ۱۹۵۲		۰	۱۰	۱,۱۷۸
۱۹۵۲ — ۱۹۵۳		۰	۱۴	۱,۲۸۷

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر تعلیم بیان فرمائینگے کہ تقسیم کے بعد ان افسروں کی تعداد گھٹا کر ۲ کیوں کر دی گئی ہے ؟

وزیر تعلیم — چونکہ ان کا کام کم ہو گیا ہے اس لئے دو افسر کافی سمجھے گئے ہیں -

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر بیان فرمائینگے کہ ان کی تعداد کو گھٹانے کی وجہ کیا تھی ؟

وزیر تعلیم — چونکہ صوبہ آدھا رہ گیا تھا اور اس کے مطابق پروبیشن کا کام بھی کم ہو گیا تھا اس لئے ان کی تعداد کم کر دی گئی -

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر تعلیم ان کی تعداد بڑھانے کا ارادہ رکھتے ہیں ؟

وزیر تعلیم — اس وقت پروبیشن افسروں کے زیر نگرانی ایک کے ساٹھ یا پنسٹھ اور دوسرے کے اسی یا پچاسی کی تعداد ہے - اگر یہ تعداد بڑھ گئی اور ضرورت محسوس ہوئی تو پروبیشن افسروں کی تعداد میں اضافہ کر دیا جائیگا -

میاں عبدالباری— کیا آنریبل وزیر تعلیم بیان فرمائینگے کہ eligible تعداد کتنی ہے ؟

وزیر تعلیم — اگر آپ مجھے اس سوال کا نوٹس دیں تو آپ کو یہ معلومات فراہم کر دی جائیگی۔

میاں عبدالباری — جو بھیجے جا چکے ہیں ان کے متعلق بھی آپ کے پاس تعداد ہے ؟

وزیر تعلیم— ممکن ہے ہو۔

میاں عبدالباری— کیا آپ اس کے متعلق دریافت کریں گے ؟

وزیر تعلیم— ضرور کروں گا۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین— محکمہ اصلاح مجرمین کے اتنے بڑے عملے کے باوجود کتنے مجرمین کی اس وقت تک اصلاح ہوئی اور تعزیرات پاکستان کی کونسی دفعہ کے ماتحت ہوئی ؟ (قہقہہ)

وزیر تعلیم— آپ یہ سوال لکھ کر بھیج دیں میں پوری تحقیقات کرکے آپ کو جواب دوں گا۔

FACILITIES PROVIDED TO PROBATION OFFICERS AND OTHER STAFF OF THE RECLAMATION DEPARTMENT TO KEEP CONTROL ON PRISONERS UNDER CHARGE OF PRIVATE INDIVIDUALS

***2280. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state the facilities provided to the Probation Officers and other staff of the Reclamation Department, to keep contact with, and to supervise and control the prisoners supplied to and placed under the charge of the private individuals ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (بیگم جی۔ اے خاں) — یہ سوال واضح نہیں لیکن آنریبل ممبر کی اطلاع کے لئے یہ بتایا جا سکتا ہے کہ یہ پروبیشن افسر اور ریکلیمنشن افسر کا فرض ہے کہ پروبیشن پر رہا شدہ قیدیوں سے رابطہ اور کنٹرول خط و کتابت اور وقتاً فوقتاً ملاقاتوں کے ذریعہ سے رکھے پروبیشن افسر اور ریکلیمیشن افسر کو فرائض کی بجا آوری کے سلسلہ میں کئے گئے سفر کا اس شرح سے سفر خرچ دیا جاتا ہے جو اس ضمن میں سرکاری افسروں کو ملتا ہے۔

NON-RECOGNITION OF J. V. AND S. V. DIPLOMAS ISSUED BY THE AZAD KASHMIR GOVERNMENT

***2574. Haji Meherban Ahmad:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the J. V. and S. V. diplomas issued by the Azad Kashmir Government are not recognized by the Punjab Government:

(*b*) whether it is a fact that the said diplomas issued by the Government of occupied Kashmir are recognized by the Punjab Government; if so, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (بیگم جی - اے - خاں) (ا) جی ہاں -
(ب) جی نہیں -

ALLOCATIONS FROM SOCIAL UPLIFT FUND

*2605. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether the Education Department received any allocations from the Social Uplift Fund during the year 1953-54 ; if so :—

(*i*) the exact amount thereof;

(*ii*) the amount spent so far and the details of expenditure incurred on the various expension schemes;

(*iii*) the amount left unspent and the reasons thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (بیگم جی - اے - خاں) — (ا) جی ہاں - مبلغ ۴۳ لاکھ روپیہ وصول ہوا تھا -

(۲) کل رقم کام میں لائی جا چکی ہے - مختلف سکیموں پر خرچ کی تفصیلات ایک † کیفیت نامے میں دی گئی ہیں جو کہ مجلس قانون ساز کے میز پر انکو دیا گیا ہے -

(۳) یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: If the Honourable Minister refers to the answer given in the statement, it is stated there, "Various social uplift schemes", I would like to know as to what is the total number of these 'social uplift schemes' ?

وزیر — میں صحیح تو بتا نہیں سکتا لیکن یہ جو جواب دیا گیا ہے اس میں ۱۳ کو ڈیٹیل کیا گیا ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Honourable Minister to say as to who prepared these schemes ?

وزیر — مجھے اس سوال کے لئے نوٹس درکار ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it possible for the Honourable Minister to say what is the area of operation of these schemes ?

وزیر — تمام صوبہ -

CONSTRUCTION OF STADIUM IN LAHORE

*2491. **Haji Meherban Ahmad:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the expenditure so far incurred on the construction of the proposed Stadium in Lahore;

(*b*) whether the construction of the Stadium has been postponed; if so, the reasons therefor ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: (*a*) Rs. 3,40,491-12-0.

(*b*) No.

---

† See Appendix at page i *infra*.

DEATHS BY MALARIA

*2671. **Mr. C. E. Gibbon:** Will the Hon'ble Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of deaths from Malaria in eacn district of the Province during the years 1951, 1952 and 1953; and

(*b*) the steps, if any, taken to check the spread of this disease ?

The Hon'ble Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: The required information is laid on the table.

STATEMENT

(*a*) Deaths due to malaria in each district of the province separately, for the years 1951, 1952 and 1953 are shown in the table below. Statistics for the year 1953 are given as far as available.

	1951	1952	1953
Lahore	147	132	141
Sialkot	226	282	203
Gujranwala	1,025	326	235
Sheikhupura	No record available	20	10
Gujrat	342	152	92
Shahpur	101	260	290
Jhelum	1017	161	17
Rawalpindi	28	21	57
Attock	52	29	54
Mianwali	989	1,017	190
Montgomery	975	218	506
Lyallpur	163	178	121
Jhang	*Nil*	338	186
Multan	577	542	341
Muzaffargarh	675	731	735
Dera Ghazi Khan	2,138	506	662
Total for the Province ..	8,455	4,913	3,840

(*b*) To eradicate mosquito nuisance spraying of walls and ceilings of residential places with insecticidal solutions, malarioling of breeding places, like ponds, etc.. filling in of depressions and administration of anti-malaria drugs over malaria patients and distribution of anti-malaria drugs amongst ill and needy are the usual activities of the Health Services Department towards the control of malaria.

To deal with the malaria situation effectively in the highly water-logged areas of the province anti-malaria scheme is functioning in the Province since 1952. This scheme is being financed out of the Social Uplift Funds and includes 1839 villages of the 14 districts.

Mr. C. E. Gibbon: The Honourable Minister will please see the statement which has been laid on the table. The reply given to part (*a*) is that in the districts of Shahpur, Jhang and Muzaffargarh the number of deaths resulting from malaria has considerably increased in the year 1953. Will he please say whether the preventive measures adopted in these three districts are still being carried on and whether they were effective or not, or whether they made any contribution towards lessening the number of deaths in these three districts ?

Mr. Speaker: Kindly repeat the question and take it part by part !

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister please say whether, the preventive measures taken in these three districts were sufficiently effective to prevent the abnormal increase in the number of deaths ?

Mr. Speaker: The extent of effectiveness is a matter of opinion.

Syed Amir Hussain Shah: It is a fact, Sir.

Mr. Speaker: It is a matter of opinion

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister please see the reply to part (*b*). It reads as follows :—

> "To eradicate mosquito nuisance spraying of walls and ceilings of residential places with insecticidal solutions, malarioling of breeding places, like ponds, etc., filling in of depressions and administration of anti-malaria drugs over malaria patients and distribution of anti-malaria drugs amongst ill and needy are the usual activities of the Health Services Department towards the control of malaria".

My question was : the steps, if any, taken to check the spread of this disease. I did not want the activities of the Health Department, and that is why I asked in the first part as to what were the effective steps taken in order to prevent this disease ?

Minister: All the necessary steps to prevent malaria were taken.

Syed Amir Hussain Shah: The Honourable Minister has said that he took all the anti-malaria steps. Will he please just state a couple of steps which he has taken ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Syed Amir Hussain Shah: On what ground it is disallowed ?

Mr. Speaker: Order, order. It is not my duty to give reasons for disallowing a question.

Mian Muhammad Shafi: Does he know the meaning of 'Anti' ?

Mr. Speaker: I have disallowed that question.

Minister: Now, I will know.

Syed Amir Hussain Shah: May I know for my guidance why my question was disallowed ?

Mr. Speaker: No.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister please refer to the last para of the answer to part (*b*) ? It reads thus :—

> "To deal with the malaria situation effectively in the highly water-logged areas of the province anti-malaria scheme is functioning in the province since 1952. This scheme is being financed out of the social uplift funds and includes 1839 villages of the 14 districts".

May I know what effective steps has the Government taken in the other 2 districts to prevent the spread of this disease ?

Minister: There was no need for it.

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر ارشاد فرمائینگے کہ ان چودہ اضلاع میں ملیریا کو روکنے کے سلسلہ میں کیا اقدامات کئے گئے تھے -

Mr. Speaker: I am not going to allow cross-questioning.

میاں عبدالباری — کیا وہاں کوئی ایسی دوائی چھڑکی گئی تھی جو ملیریا کو روکنے کے لئے ضروری ہو ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

Mian Abdul Bari: He has given a wrong reply. I know it definitely.

Mr. Speaker: The honourable member may give notice of another question.

Mian Abdul Bari: At what time? He should give a reasonable answer. I know that even one step has not been taken in this direction.

Mr. Speaker: If the honourable member thinks that it is not correct, he should give a fresh notice.

Mian Abdul Bari: All steps have not been taken and cannot be taken by this Government. They have not got all the means. Why are they joking with us.

Mian Muhammad Shafi: Will the Honourable Minister kindly explain whether he knows the distinction between 'quinine' and 'paludrine' ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Minister: We have just opened a medical school. He can join there.

قاضی مرید احمد — حضور والا - آنریبل وزیر نے فرمایا ہے کہ ملیریا کو روکنے کیلئے تمام اقدامات کئے گئے تھے - کیا وہ ان تمام اقدامات میں سے کوئی ایک دو ہی بیان فرمائینگے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

ملک غلام نبی — کیا وزیر موصوف بیان فرمائینگے کہ آیا انہوں نے ان اضلاع میں پیر ہونے کی حیثیت سے کوئی تعویذ بھیجے تھے ؟

Mr. Speaker: Order please.

DEATHS FROM TUBERCULOSIS

*2672. **Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of deaths from Tuberculosis in each district of the Province, during the years 1951, 1952 and 1953; and

(*b*) the steps, if any, taken to check the spread of this disease ?

The Hon'ble Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani—The required information is laid on the table.

STATEMENT

(*a*) Mortality statistics due to tuberculosis in each district of the Punjab separately for the years 1951, 1952 and 1953 are given in the table below. Information partaining to the year 1953, is given as far as available :—

District	1951	1952	1953
Lahore	1,002	1,120	899
Sialkot	509	412	333
Gujranwala	415	357	297
Sheikhupura	No record available.	91	49
Gujrat	393	302	276
Shahpur	304	300	280
Jhelum	430	329	338
Rawalpindi	685	713	337
Attock	576	482	465
Mianwali	435	524	219
Montgomery	437	438	387
Lyallpur	302	263	303
Jhang	266	353	276
Multan	621	345	201
Muzaffargarh	286	345	291
Dera Ghazi Khan	207	178	181
Total ..	6,868	6,552	5,132

(*b*) Mass BCG Vaccination to immunize those persons who are not infected with tuberculosis has been greatly expanded in the Province and so far, 26,57,387 persons have been tested for BCG Vaccination and 8,59,926 persons have been vaccinated. Further construction work of the Samli Sanatorium, extension of the tuberculosis Hospitals at Sargodha, are in progress. Scheme for the construction of tuberculosis hospitals at Lyallpur, Multan, Montgomery and Mianwali are under consideration. Also the construction of T. B. Clinics at Jhang, Campbellpur and Jhelum are under consideration.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister be pleased to say whether the incidence of Tuberculosis is on the increase or on the decrease in the province ?

Mr. Speaker: The answer given is quite clear.

Mr. C. E. Gibbon: I want to know about the incidence of Tuberculosis.

Mr. Speaker: Give a fresh notice.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order. Would you like to consider some measures for protecting the Ministers ?

Mr. Speaker: Order, order.

Mr. C. E. Gibbon: May I inquire from the Honourable Minister with refernce to his answer to part (a) whether the deaths resulting from T. B. were in the hospitals only or throughout the province ?

Minister: Throughout the province.

Mr. C. E. Gibbon: What are the means of determining the number of deaths in the hospitals against the number of deaths throughout the province ?

Minister: There are death registers in each district.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order. I would like to have your ruling on the point whether the Honourable Speaker of the Legislative Assembly is within his powers when he answers questions on behalf of Ministers ?

Mr. Speaker: I am not answering any question on his behalf. I am only reiterating his words.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: That such and such question requires fresh notice ?

Mr. Speaker: Yes, this is within my power.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Another point of order. If you refer to page 43 of Campion, you will find the following words :—

> " ...This difficulty subsided only to be replaced by the danger that the office might become subordinate to the party, and the Speaker come to be regarded as the servant not of the whole House but of the party in power".

Mr. Speaker: It is absolutely irrelevant, because I have found in May's Parliamentary Practice itself instances where the Speaker of the House of Commons has himself called upon honourable members to give notice of questions.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Does it not give the impression.....

Mr. Speaker: Order, order. I am not going to allow further discussion on this point.

Mr. C. E. Gibbon: The Honourable Minister just now observed that the registers of deaths are maintained in district headquarters. Will he be pleased to say how he obtains this information from villages from where it is reported that people die from T. B. at the rate of 2 every day ?

Mr. Speaker: Disallowed.

DEATHS FROM INFECTIOUS DISEASES

*2673. **Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of deaths from infectious diseases in each district of the Province during the years 1951, 1952 and 1953; and

(*b*) the steps, if any, taken to check the spread of these diseases ?

The Honorable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: The required information is laid on the table.

STATEMENT

(*a*) Number of deaths from infectious diseases in each district of the Punjab separately for the years 1951, 1952 and 1953, are given in the table below. Information for the year 1953, is given as far as available with this office.

District	1951	1952	1953
Lahore	1,510	2,187	2,205
Sialkot	1,314	1,433	1,451
Gujranwala	794	963	1,296
Sheikhupura	No record available.	231	203
Gujrat	812	680	788
Shahpur	919	1,155	1,183
Jhelum	720	552	577
Rawalpindi	1,058	1,057	527
Attock	785	771	598
Mianwali	1,328	1,509	431
Montgomery	1,229	1,444	1,919
Lyallpur	1,207	1,148	855
Jhang	366	1,336	640
Multan	1,388	1,437	1,613
Muzaffargarh	916	1,253	1,117
Dera Ghazi Khan	1,124	785	937
Total ..	15,470	17,941	16,040

(*b*) Necessary steps were taken to check the spread of the diseases.

Mr. C. E. Gibbon: According to the answer given to part (a) of the question, the number of deaths from infectious diseases is as follows :—

In 1951	15,470
In 1952	17,941
In 1953	16,040

You will notice a gradual increase in the deaths from infectious diseases between 1951 and 1953. Will the Honourable Minister be pleased to say from what infectious diseases is this increase in the deaths due ?

Minister: There is decrease and not increase. In 1952 deaths were 17,941 and in 1953 they were 16,040. So it is a decrease.

Mr. C. E. Gibbon: I ask him to please see the parity between the figures of 1951 and 1953. Will he please say from what particular infectious disease there is this increase ?

Mr. Speaker: Again I would like to point out, what I have said more than once in this House, that any question which requires collection of figures cannot be asked as a supplementary question. For that a fresh notice should be given.

Mr. C. E. Gibbon: I entirely agree with you.

Mr. Speaker: Then the matter ends.

Mr. C. E. Gibbon: The reply given to the original question is no reply at all.

Mr. Speaker: The question was, 'the number of deaths in each district'. The answer has been given.

Mr. C. E. Gibbon: But not one single infectious disease has been mentioned here.

Mr. Speaker: Nor is it mentioned in the question.

Mr. C. E. Gibbon: Now part (b) of the question was; 'the steps, if any, taken to check the spread of these diseases'. The reply is 'Necessary steps were taken to check the spread of the disease'. Will the Honourable Minister please say what necessary steps were taken to check the spread of these diseases ?

Mr. Speaker: As a matter of fact I will have to ask the Honourable Minister kindly to give replies according to the questions. Steps do not mean all steps; steps must be narrated.

Mian Abdul Bari: What is the reply of the Honourable Minister ?

Mr. Speaker: I have issued instructions that proper replies must be given to questions like this.

میاں عبدالباری— کیا آنریبل وزیر صحت ارشاد فرمائینگے کہ ان رجسٹروں میں متعدی امراض سے مرنے والوں کے نام بالتفصیل جدا جدا درج کئے جاتے ہیں ؟

Mr. Speaker: It requires examination of registers.

Mian Abdul Bari: No, Sir. I want to ask whether different diseases are mentioned in those registers or not ?

وزیر—متعدی امراض سے مرنے والوں کے علیحدہ علیحدہ نام رجسٹروں میں درج کئے جاتے ہیں اور بیماریوں کے نام بھی درج کئے جاتے ہیں ۔

میاں عبدالباری — کیا میں وزیر صحت سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ رجسٹر کہاں رکھے جاتے ہیں ؟

وزیر — ہسپتالوں میں موجود ہیں آپ دیکھ سکتے ہیں ۔

میاں عبدالباری — کیا یہ ریکارڈ ہسپتالوں میں رکھا جاتا ہے ؟

It is a wrong statement of facts.

وزیر— جو لوگ ہسپتالوں میں فوت ہوتے ہیں ان کا ریکارڈ ہسپتالوں میں موجود ہے اور باقی اموات کا ریکارڈ ہر تھانے میں موجود ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — کیا یہ امر واقعہ ہے کہ وزیر موصوف جسمانی صحت کے وزیر اور روحانی صحت کے پیر ہیں اور جہاں ان کا روحانی تعلق پنجتن سے ہے جسمانی تعلق پنجٹن سے ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed. If honourable members will insist on asking frivolous questions I will have to use some other ways to stop them.

Mr. C. E. Gibbon: Arising out of the answer given to part (b), I would like to help the Honourable Minister by suggesting that the three important infectious diseases are small- pox,enteric fever and dysentery. Will he be pleased to say what preventive measures were taken to prevent the incidence of small-pox ?

Mr. Speaker: I am not going to allow any question of details. I have asked the Minister to give appropriate answers.

COTTON YARN

***2450. Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the requirements of Cotton Yarn to work one shuttle loom per month, working eight hours a day;

(*b*) the quota in pounds given at present to each loom of the kind mentioned in (*a*) above per month in the Province;

(*c*) the steps the Government intend to take to improve the supply of yarn to the looms ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) — (ا) ساٹھ پاؤنڈ۔ (ب) کوٹا ان پیمانوں کے مطابق دیا جا تا ہے ۔—

		پاؤنڈ
ایک کھڈی	,,	۳۰
دو کھڈی	,,	۶۰
تین کھڈی	,,	۶۰
چار کھڈی	,,	۸۰
پانچ کھڈی	,,	۱۰۰

بالعموم پانچ سے زیادہ کھڈیوں کے لئے کوئی کوٹا نہیں دیا جاتا مگر جب سوت کی کافی مقدار دستیاب ہو تو پانچ سے زیادہ کھڈیوں کو ۱۰ پاؤنڈ فی کھڈی کے حساب سے دیا جاتا ہے۔ شرط یہ ہوتی ہے کہ ۲۰ پاؤنڈ سے زیادہ نہ دیا جائے۔

(ج) سوت کا صوبوی کوٹا حکومت پاکستان کے ٹیکسٹائل کمشنر مقرر کرتے ہیں ۔ اس صوبہ کی حکومت بار بار مرکزی حکومت سے اصرار کرتی رہتی ہے کہ صوبہ کا سوت کا کوٹا مقرر کرنے میں زیادہ فراخدلی سے کام لیا جائے امید ہے کہ موجودہ کارخانوں میں سوت کی پیداوار بڑھنے اور نئے کارخانے کھل جانے سے صورت حال تھوڑے عرصہ تک بہتر ہو جائے گی پھر کھڈیوں کو زیادہ فراخدلی کے ساتھ کوٹا دینا ممکن ہو جائے گا ۔

شیخ محمد سعید — کیا اسکے یہ معنی ہیں کہ جس کاریگر کو ۶۰ پونڈ کی ضرورت ہے اسے صرف ۳ پونڈ سوت دیا جا رہا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — آپ نے ٹھیک مطلب نہیں سمجھا ۔ کیا آپ (الف) کا ذکر کر رہے ہیں یا (ب) کا ۔

شیخ محمد سعید — (الف) کا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — (الف) کا جواب تو یہ ہے کہ ایک شٹل لوم کو آٹھ گھنٹے یومیہ کام کرنے کی صورت میں ۶۰ پونڈ سوت کی ماہوار ضرورت ہوتی ہے ۔

شیخ محمد سعید — تو میں اسی سلسلے میں پوچھ رہا ہوں کہ جس کاریگر کو ۶۰ پونڈ کی ضرورت ہو آپ اسے صرف ۳ پونڈ سوت کا کوٹا تیس دن کے لئے دے رہے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — کوٹا حسب ضرورت دیا جاتا ہے مگر سوت کی کمی کیوجہ سے تھوڑا دینا پڑتا ہے ۔

شیخ محمد سعید — کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس سے کتنے مزدور ہر مہینے بیکار ہو رہے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — اس سوال کے لئے نوٹس درکار ہے ۔

میاں عبدالباری — کیا اس سے کھڈیوں کو بند نہیں رہنا پڑتا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جی نہیں ۔

میاں عبدالباری — جب آپ کوٹا نہایت ہی تھوڑا دیتے ہیں تو کھڈیاں ضرور بند رہتی ہونگی ۔ وہ سوت کے بغیر چل کیسے سکتی ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جس قدر کوٹا مقرر ہے وہ دیا جاتا ہے ۔

میاں عبدالباری — جب آپ خود ہی فرما چکے ہیں کہ سوت کی جتنی مقدار ایک کھڈی کے مہینے بھر کا کام کرنے کے لئے ضروری ہے آپ اس کا عشر عشیرھی دے رہے ہیں تو کیا آپ نے عملاً بیشتر ''کھڈیوں،، کو سوت کا کوٹا دینا موقوف نہیں کر دیا اور اسطرح آپ نے کئی کھڈیوں کو بند نہیں کر دیا ؟ میں پوچھتا ہوں کہ کتنی کھڈیوں کو آپ بند کر چکے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — صرف انہی کھڈیوں کو بند کیا گیا ہے جو کہ ''بوگس،، طور پر چلائی گئی تھیں ۔

میاں عبدالباری — کیا سوت کا کوٹا نہ دینے کیوجہ سے آپ نے کئی کھڈیاں بند نہیں کر دیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ غلط ہے ۔

میاں عبدالباری — میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ سوت کا کوٹا نہ ملنے کے باعث سینکڑوں ہزاروں کھڈیاں بند ہو گئی ہیں ۔ کیا وزیر صنعت اس واقعہ کی تردید کر سکتے ہیں ؟

That is my allegation in the House in the presence of the Honourable Chief Minister.

وزیر اعلیٰ — اس کا جواب میں عرض کرتا ہوں ۔ صوبے میں سوت کی تقسیم کا موجودہ بندوبست تسلی بخش ہے ۔ در اصل سوت کا کوٹا دو طریق سے تقسیم کیا جاتا ہے ۔ ایک کوآپریٹو سوسائیٹی کے ذریعے سے اور دوسرے ''ٹریڈ'' کے ذریعے یعنی تاجروں کے نمائندوں میں سے مقرر کردہ ڈیلروں کے ذریعے سے تاکہ تاجروں کا کاروبار بالکل بند نہ ہو جائے ۔ کوآپریٹو سوسائیٹز کے ماتحت weavers نے انجمن ہائے امداد باھمی بنا رکھی ہیں اور سوت کا کوٹہ محض ان انجمنوں کو ہی ملتا ہے مگر بعض دفعہ بوگس انجمنیں بن جاتی ہیں جیسا کہ لائل پور ۔ شیخوپورہ اور ملتان میں ایسی جعلی انجمنیں پکڑی گئی ہیں ۔ لائلپور میں ۲٫۷۰۰ بالکل جھوٹے اور جعلی آدمیوں نے کوٹا لینے کے لئے اپنے نام درج کرائے ہوئے تھے ۔ اب محکمہ نے تفتیش کرکے ایسے جعلی لوگوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیئے ہیں ۔ ایسے کئی آدمی ہیں جو ابھی تک سوت کا کوٹہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جسکا اصلی سبب یہی ہے کہ سوت کم تھا اور مانگ زیادہ ۔ ایسے حالات میں بعض black sheep کی قسم کے لوگ ضرور میدان میں آ جاتے ہیں ۔ لیکن جب میں لائلپور گیا تھا تو میں نے وہاں تیس کارخانوں میں سوت کے کافی ذخائر بھی پڑے ہوئے دیکھے ہیں ۔ سول سپلائی کے اہلکار اور محکمہ کوآپریٹو کے ملازم ان کاریگروں کو جو اپنا کوٹا نہیں اٹھاتے تلاش کر کے اپنا کوٹا لیجانے یا نام کٹوانے پر آمادہ کر رہے تھے ۔ یہ صورت حال پرانے کارخانوں کی پیداوار میں اضافے اور نئے کارخانوں کے قیام کا نتیجہ ہے ۔ اب ہمارے ہاں سوت کافی بنایا جاتا ہے ۔ میں ذاتی طور پر تمام قسم کے کنٹرولوں کے خلاف ہوں اور میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ میں ان کنٹرولوں کو ہٹانے کی کوشش کر رہا ہوں تاکہ سرے سے کوئی کنٹرول ہی نہ رہے (ایک آواز کیا گندم کی قیمت کا کنٹرول بھی اڑانا چاہتے ہیں) میں کوشش کر رہا ہوں کہ کوئی بھی ناجائز آدمی فائدہ

نہ اٹھائے اور جب تک کنٹرول ہیں مستحق آدمیوں کو ان کا کوٹا ملتا رہے مگر حکومت کی مشینری اتنی وسیع ہے اور ایسی ہے کہ اس میں کوئی نہ کوئی ''بلیک شیپ،، داخل ہو ہی جاتی ہے - جس کا قلع قمع کرنے کے لئے ہم ہر وقت کوشش کرتے رہتے ہیں -

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین — ''بوگس،، آدمیوں اور فرموں کے کام کو کیوں بند نہیں کیا گیا ؟ اس سلسلے میں کیا اقدامات اختیار کئے گئے ہیں ؟

صاحب سپیکر — اس کے لئے نوٹس درکار ہے -

Mian Muhammad Shafi: Does the Honourable Chief Minister know this fact that the mill owners have made a representation to the Central Government that they are not lifting the quota from the mills and that they have got no godown space in order to store huge quantities of yarn and consequently....

Mr. Speaker: I do not want a speech. Will the honourable member please put the question ?

Mian Muhammad Shafi: The question is whether the Honourable Chief Minister knows this fact that the mill owners have made a representation to the Central Government that they are not lifting the quota from the mills ?

وزیر اعلیٰ — یہی تو میں نے عرض کیا ہے کہ اب ان کی پوزیشن پہلے کی نسبت بہتر ہے -

Mian Muhammad Shafi: Is the Honourable Chief Minister taking any steps - effective ones - in order to persuade the Central Government to lift the quota ?

وزیر اعلیٰ — سنٹرل گورنمنٹ جو کوٹا دیتی ہے وہ ضرورت سے واقعی تھوڑا ہے اور ہم بارہا اضافے کا مطالبہ کر چکے ہیں - پہلے سنٹرل کوآپریٹو بنک کوٹا اٹھاتا ہے اور پھر راشن بندی کے طریقے سے تقسیم کیا جاتا ہے - سول سپلائی والے ان لوگوں کی جنہوں نے کوٹا حاصل کرنے کے لئے نام درج کرا رکھے ہیں جانچ پڑتال کرتے رہتے ہیں اور چور بازاری کا پتہ لگاتے رہتے ہیں - حال ہی میں لائلپور میں ۲,۷۰۰ جعلی کھڈیاں پکڑی گئی ہیں - حکومت نے چور بازاری کے خاتمے کی کوشش کے لئے ۱۰ ہزار روپے سے ایک ایجنسی قائم کر رکھی ہے -

Mr. C. E. Gibbon: Did I understand the Honourable Chief Minister to say that in this particular matter he was encountering a number of difficulties. One was that there were bogus societies, the other one was that there were bogus persons, the third one was that there were black-marketeers and the fourth one was that there were corrupt officials. The machinery of Government has come to a stand-still. Will the Honourable Chief Minister please say what measures is he taking to remove all these disabilities from which he is suffering in the matter of yarn quota ?

وزیر اعلیٰ — میں نے تو corrupt officials کا ذکر نہیں کیا تھا ۔(آواز ایک ۔ آپ نے black sheep کے لفظ استعمال کئے تھے) میں نے کالی بھیڑوں کے قلع قمع کرنے کی ان کوششوں کا ذکر کیا تھا جو کہ حکومت کر رہی ہے ۔ کالی بھیڑیں تاجروں میں بھی ہو سکتی ہیں چنانچہ جعلی کھڈیوں والے جھوٹے آدمیوں کے کوٹے بند کر دیئے گئے ہیں اور بند کئے جا رہے ہیں ۔ ہم تمام پرانے اور موجودہ نقائص اور خامیوں کو دور کرنے کے لئے کوشاں ہیں ۔

COTTON YARN

*2451. **Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the approximate number of spindles required to produce cotton yarn sufficient to meet the requirement of the population of the Punjab;

(*b*) the number of spindles at present installed in the Province;

(*c*) the total number of spindles sanctioned for the Province;

(*d*) the steps the Government intend to take to remove the deficiency in production of cotton yarn, if any;

(*e*) whether the assistance of the Central Government has been sought in the matter; and if so, to what effect ?

آنریبل شیخ مسعود صادق —(ا) تخمیناً پانچ لاکھ ۔

(ب) تین لاکھ تین ہزار تین سو چونتیس تکلے نصب کئے جا چکے ہیں اور مزید ایک لاکھ باسٹھ ہزار چھ سو بانوے مستقبل قریب میں نصب کر دئے جائیں گے ۔

(ج) چھ لاکھ پچاس ہزار تکلے ۔

(د) پنجاب کے لئے منظور شدہ چھ لاکھ پچاس ہزار تکلے کو نصب کرنے کا کام مکمل کرنے کی غرض سے ہر ممکن اقدام کیا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں خریداروں کو ہر قسم کی سہولتیں بہم پہنچائی جا رہی ہیں ۔

(ہ) مرکزی حکومت سے مالی مدد مانگی گئی تھی چنانچہ وہ بوریوالا ٹیکسٹائل مل ۔ بوریوالا اور بمقام لیاقت آباد اور جو ہر آباد تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی دو ٹیکسٹائل ملوں کی اصل لاگت کے نصف کی حد تک قرض دینے پر رضا مند ہو گئی ہے ۔ ان ملوں میں ایک لاکھ سے زائد تکلے ہوں گے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Honourable Minister of Industries please say what he means by the word *"muzaid"*

Minister of Industries: I said مزید.

Mian Muhammad Shafi: Will the Honourable Minister of Industries please say what is the total requirement of cloth in the Punjab and what is the proposed production that shall come out of the allotment of spindles ?

Mr. Speaker: Disallowed. This has nothing to do with the answer given.

شیخ محمد سعید — کیا یہ درست ہے کہ چونکہ صنعت کاروں کی توجہ سوت کے کنٹرول کی طرف مرکوز کر دی گئی ہے اسلئے چور بازاری بڑھ گئی ہے ؟

وزیر اعلیٰ — مرکزی حکومت جتنا کوٹا ہمیں دیتی ہے ہم اسے منصفانہ طور پر راشن بندی کے طریقے سے تقسیم کر رہے ہیں ۔ چونکہ سوت تھوڑا ملتا ہے اس لئے بلیک مارکیٹ پیدا ہوتی ہے ۔ ہم زیادہ کوٹے کا مطالبہ مرکزی حکومت سے کر رہے ہیں ۔

شیخ محمد سعید — زیادہ کوٹا نہ ملنے کے خلاف مرکزی حکومت سے پروٹسٹ کیجئے ۔

وزیر اعلیٰ — پنجاب گورنمنٹ مناسب پروٹسٹ کر رہی ہے مگر چونکہ معاملہ سنٹرل گورنمنٹ کے اپنے اختیار میں ہے اس لئے ہم اسے مجبور نہیں کر سکتے ۔

شیخ محمد سعید — دوبارہ represent کرنا چاہئے ۔

وزیر اعلیٰ — ہم نے اپنا کیس represent کر دیا ہے ۔

Mian Muhammad Shafi: Will the Honourable Ministrer of Industries please say what shall be the total production of cloth from the 303,334 spindles which he has just given as "already installed"?

Mr. Speaker: Disallowed.

DISTRIBUTION OF YARN

*2452. **Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) whether the Government are aware of the fact that the dual system of the distribution of yarn by the Civil Supplies Department and the Co-operative Department is causing great inconvenience to the public and is a hinderance in the efficient working of the distribution of yarn; if so, the steps the Government intend to take to remove such difficulties;

(*b*) whether the Government are aware of the fact that the average weaver cannot get enough yarn in the market for his daily requirements;

(*c*) the further steps the Government intend to take to eliminate black-marketing and to ensure a smooth supply to genuine weavers ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) — (ا) موجودہ سوت کی تقسیم کا طریق کار تسلی بخش ہے ۔ ۵ فیصدی سوت کا ماہوار کوٹا بذریعہ

ڈیلرز جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے نامزد ہوتے ہیں تقسیم کیا جاتا ہے ۔ بقیہ ۵۰ فیصدی کوآپریٹو بنک کے ذریعہ سے تقسیم کیا جاتا ہے ۔ تا حال گورنمنٹ کو پبلک کی طرف سے کسی قسم کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے ۔ کوآپریٹو سوسائٹیز سوت کی تقسیم کی اجارہ داری کیلئے کوشش کر رہی ہیں ۔ لیکن گورنمنٹ پرائیویٹ تجارت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہتی ۔

(ب) چونکہ سوت پر کنٹرول ہے اسلئے مارکیٹ میں اس کے دستیاب ہونے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) صوبائی کوٹا ٹکسٹائل کمشنر کی وساطت سے پنجاب گورنمنٹ کو ملتا ہے ۔ پنجاب گورنمنٹ (سوت استعمال کرنے والوں) کان سیومرز میں راشننگ سسٹم کے تحت منظور شدہ طریقہ پر تقسیم کرتی ہے ۔ گورنمنٹ بلیک مارکیٹ کو ختم کرنے اور جائز کاروبار کرنے والوں میں سوت تقسیم کرنے کی پوری پوری کوشش کر رہی ہے ۔ ایک منتظم پارٹی اس کام کیلئے مقرر کر دی گئی ہے ۔ اور دس ہزار روپیہ کی رقم سال رواں کے بجٹ میں رکھ دی گئی ہے ۔ اس میں سے ان لوگوں کو معاوضہ دیا جائیگا جو بلیک کرنے والوں کی اطلاع دینگے ۔ محکمہ خوراک کی باقاعدہ پڑتال سے ہزاروں جعلی کھڈیاں ختم کر دی گئی ہیں ۔ یہ درست ہے کہ صوبائی سوت کا کوٹا بہت کم ہے ۔ اسلئے صوبائی حکومت مرکز سے کوٹا زیادہ کرانے کیلئے زور دے رہی ہے ۔ موجودہ ملوں میں پیداوار بڑھنے اور اور نئی ملوں کے جاری ہونے سے حالات بہت جلد بہتر ہو جائیں گے ۔

شیخ محمود سعید — کیا یہ درست ہے کہ کوآپریٹو بنک روپے کی کمی کی وجہ سے اپنا کوٹا نہیں اٹھاتے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جی ہاں ۔ بعض اضلاع میں ایسا ہوا ہے ۔

شیخ محمود سعید — کیا حکومت نے اس کا کوئی علاج بھی سوچا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جی ہاں ۔ مناسب اقدامات زیر غور ہیں ۔

شیخ محمود سعید — کیا اس کا یہ علاج بہتر نہیں کہ یہ کوٹا کسی دوسرے کو دے دیا جائے اور ان بنکوں کو نہ دیا جائے ؟

Mr. Speaker: No. suggestions please.

پارلیمنٹری سیکرٹری — اس پر غور کیا جائیگا ۔

MANAGING AGENTS FOR GOVERNMENT TEXTILE MILLS, BUREWALA

*2493. **Haji Meherbah Ahmad:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state the reasons leading to the appointment of Managing Agents for Government Textile Mills, Burewala ?

M/s. Habib Bank, حکومت نے – آنریبل شیخ مسعود صادق Executors and Trustees Co. Ltd. کو بورے والا ٹیکٹائل ملز کا مینیجر مقرر کیا ہے Managing Agent ایک مشترکہ سرمایہ کی کمپنی عنقریب قائم کی جائیگی جس کے بیشتر حصص حکومت خود رکھے گی۔ نہ کہ

Syed Amir Hussain Shah: Sir, the question is the reasons leading to the appointment of Managing Agents.

Minister: We are not appointing any Managing Agents.

Syed Amir Hussain Shah: But Managing Agents have been appointed.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister of Industries please say what have they appointed for the purpose of administring this Mill ?

Minister: A Manager.

Mr. C. E. Gibbon: Who is the Manager ?

Mr. Speaker: That has been stated in the reply.

Mr. C. E. Gibbon: Will you please read it again ?

Mr. Speaker: No it is not necessary.

Mian Muhammad Shafi: Will the Honourable Minister of Industries please say, whether the Habib Bank has been appointed theManager on salary or commission basis ?

Minister: Commission basis.

Mian Muhammad Shafi: What is the percentage ?

Minister: One per cent of net profit.

Syed Amir Hussain Shah: What is the position of Sheikh Sadiq Hassan?

Minister: I do not know anything. (*Interruptions*).

Mr. C. E. Gibbon: Sir, the Honourable Minister for Industries says that he does not know anything at all. (*Interruptions*)

LOCALLY MANUFACTURED YARN

*2525. **Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) whether Government supplies locally manufactured yarn to the dealers by direct purchase from the manufacturers or the manufacturers themselves supply yarn to the dealers;

(*b*) whether the quantity of local yarn supplied to the dealers is equal to the output of the Mills working in the Province;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the negative, whether regular returns are called for by the Government from the manufacturers, if not, the reasons therefor :

(*d*) whether there is any control over the prices of indigenous cloth; if so, whether the indigenous cloth is being sold at controlled prices, if not, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) —(ا) ٹیکسٹائل کمشنر کے احکام کے تحت کارخانہ دار صوبہ کی مقررہ ایجنسی کو سوت مہیا کرتے ھیں ۔ صوبہ کی مقرر کردہ ایجنسی (صوبائی کوآپریٹو بنک) ضلع کے کوآپریٹو بنکوں کو ڈائرکٹر سول سپلائیز کی ھدایات کے تحت سوت بھیجتی ھے ۔ ضلع کے کوآپریٹو بنک زیر ھدایت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ متعلقہ ۵۰ : ۵۰ کے حساب سے کوآپریٹو سوسائٹیز اور دوسرے ڈیلرز میں تقسیم کرتے ھیں ۔

(ب) ملیں مرکزی حکومت کے تحت ھیں اور جو ٹیکسٹائل کمشنر صاحب ھمارے صوبہ کے لئے مقرر کرتے ھیں صرف وھی ھم ان ملوں سے حاصل کرہ سکتے ھیں ۔ ملوں کے تیار کردہ سوت سے ھمیں مقررہ حصہ دیا جاتا ھے اور تمام سوت ھمارے صوبے کو نہیں دیا جاتا ۔

(ج) یہ تمام معاملہ مرکزی حکومت سے تعلق رکھتا ھے ۔

(د) جی نہیں ۔

CONTROL ON YARN

***2526. Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that since the imposition of control on yarn by the Government there has been a considerable increase in its prices;

(*b*) whether it is also a fact that with the introduction of the system of the allotment of quotas of yarn, the number of looms has greatly increased in the Province;

(c) the number of looms functioning in the Province during the years 1949, 1950, 1951, 1952 and 1953 respectively ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)—(ا) جی نہیں۔ کنٹرول سے پہلے سوت کی قیمتیں چالیس روپے فی بنڈل تک پہنچ گئی تھیں ۔ کنٹرول کی قیمتیں اس سے تیس فیصدی کم ھیں ۔

(ب) ھاں ۔ یہ امر واقعہ ھے کہ کھڈیاں تعداد میں بہت زیادہ ھو گئی تھیں مگر محکمہ نے پڑتال کرکے ان میں سے بہت سی کھڈیاں فرضی اور جعلی ثابت ھونے کی وجہ سے بند کرا دی ھیں اور پڑتال دوبارہ شروع کر رکھی ھے ۔ جو کھڈیاں مزید جعلی ثابت ھونگی ان کو بھی ختم کر دیا جاویگا ۔ گورنمنٹ تمام ذی شعور اشخاص سے توقع کرتی ھے کہ وہ اس کام میں گورنمنٹ کی امداد فرمائینگے ۔

(ج) ۱۹۵۳ء میں کھڈیوں کی تعداد ایک لاکھ پچھتر ھزار تھی ۔ اس سے پہلے سالوں میں (یعنی ۱۹۵۳ء سے پہلے) کوئی باقاعدہ طور پر کھڈیوں کا شمار نہیں کیا گیا ۔ اس لئے صحیح تعداد معلوم نہیں ھے ۔

ALLOTMENT OF THE QUOTAS OF YARN TO THE MANUFACTURERS OF DURRIES IN KAMALIA

*2527. **Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the consideration which the Government kept in view while allotting quotas of yarn to the manufacturers of Durries in Kamalia;

(*b*) whether it is a fact that the manufacturers of Durries at Kamalia in the Lyallpur District have not been provided with yarn No. 20×2 which is used for manufacturing Durries; if so, the reason therefor and the action Government intend to take in the matter ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)—(ا) گورنمنٹ نے تمام اضلاع کے افسران کیلئے باقاعدہ سوت تقسیم کرنے کے لئے قواعد مرتب کئے ہوئے ہیں۔ ان قواعد کے مطابق سوت تقسیم کیا جاتا ہے۔ اور ان تمام لوگوں میں دریاں بنانے والے بھی شامل ہیں۔ قصبہ کمالیہ کے لئے کوئی خاص ہدایت جاری کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔

(ب) کمالیہ ضلع لائلپور کے کسی دری کا کام کرنے والے نے مقررہ تاریخ یعنی یکم جولائی ۱۹۵۳ء سے پہلے کوئی درخواست نہیں پیش کی تھی۔ صرف ایک شخص نے ۱۳ اکتوبر ۱۹۵۳ء کو درخواست دی جو بوجہ زائدالمیعاد داخل دفتر کر دی گئی۔

Syed Amir Hussain Shah: Will the Honourable Minister of Industries please say whether it is a fact that yarn has not been distributed for a number of months in Jalalpur Jatan ?

Mr. Speaker: How does it arise out of the answer given ?

Syed Amir Hussain Shah: Sir, he has said that a system has been chalked out about the distribution of yarn.

Mr. Speaker: That does not arise out of the answer given. Give notice of a fresh question.

GOVERNMENT COTTON MILLS, RAVI ROAD, LAHORE

*2591. **Syed Amir Hussain Shah:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the name of the Secretary of the Board of Management of the Punjab Government Cotton Mills, Ravi Road, Lahore, before the present Secretary took over ;

(*b*) the names of the members of the Board of Management of the said Mills before the present Secretary took over;

(*c*) the powers of the Secretary and the Board of Management respectively;

(*d*) whether it is a fact that in July, 1953, there were stocks with the Mills in the form of cotton bales, cloth bales, cotton and yarn in process and stores worth more than Rs. 40 lacs;

(*e*) the qualifications of the present Secretary of the Board of Management of the said Mills ?

آنریبل شیخ مسعود صادق—(ا) مسٹر ریاض قریشی پی - سی-ایس-

(ب) انتظامیہ بورڈ کے ممبر بحیثیت عہدہ مقرر کئے جاتے ہیں اسی لئے وقتاً فوقتاً بدلتے رہتے ہیں - سیکرٹری حکومت پنجاب محکمہ ہائے صنعت و حرفت و ترقیات اس کے صدر ہیں - اور رجسٹرار انجمن ہائے امداد باھمی ڈائرکٹر محکمہ صنعت و حرفت اور محکمہ فنانس کا ایک نمائندہ اس کے رکن ہیں -

(ج) سیکرٹری انتظامیہ بورڈ کے رکن اور ملز کے ایڈمنسٹریٹر ہیں - ایڈمنسٹریٹر کو ملز کے روز مرہ انتظام کے لئے تمام ضروری اختیارات حاصل ہیں -

انتظامیہ بورڈ پالیسی کے معاملات کا فیصلہ کرتا ہے - نیز وہ ضروری صورتوں میں حکومت سے احکام حاصل کرتا ہے -

(د) ۳۱ جولائی ۱۹۵۳ء کو سٹاک (ذخیرہ جات) کی مالیت کا تخمینہ تیس لاکھ اکاون ہزار تین سو روپے تھا -

(ہ) موجودہ سیکرٹری پاکستان کی بری فوج کے محکمہ سپلائی و ٹرانسپورٹ کے ریٹائرڈ کرنل ہیں - وہ نظم و نسق - لیبر کنٹرول اور سپلائی کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں -

Syed Amir Hussain Shah: Sir, the Honourable Minister of Industries has stated in his answer to part (*d*) that in July the value of stores was over 30 lakhs of rupees. Do I understand, Sir, that this value of stores covered the amount advanced by the Government to this mill? Did the amount advanced by the Government cover the stores then in the mill?

Minister: This is the cost of the stock.

Syed Amir Hussain Shah: That is true, but Government had given an advance.

Minister: I want notice.

Syed Amir Hussain Shah: Will the Honourable Minister of Industries please say whether it is a fact that the present Secretary of the mill was court-martialled and then demobbed from the Army?

Minister: Not to my knowledge.

Syed Amir Hussain Shah: Is it a fact that this Secretary of the mill is the son-in-law of Syed Khalil-ur-Rahman, who is General Secretary of the Muslim League?

Minister: May be.

Syed Amir Hussain Shah: Is it a fact that in order to boost up profit the present Secretary, without the permission of the Evacuee Department sold Dussehra parapharnalia for one lakh and added it to his income?

Minister: It is wrong.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I want to put more supplementary questions.

Mr. Speaker: Question hour is over.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order. The House met after 10 minutes and the question hour is still there.

Mr. Speaker: The House was not in quorum at 1 o'clock.

DEBATE ON ANSWERS TO QUESTIONS

Mr. Speaker: I have received notice of the following motion under Rule 12 (3) (b) by Mr. Gibbon :—

"Under rule 12 (3) (b) of the Rules of Procedure I ask for permission to raise a debate at the end of today's sitting on a matter of urgent importance, namely, starred question No. 2493- Managing Agents for Government Textile Mills, Burewala—which has been the subject of a question today".

After votes being taken, the leave was refused.

Mr. Speaker : There is another notice of the following motion under the same Rule by Mr. Gibbon :—

"Under rule 12 (3) (b of the Rules of Procedure, I ask for permission to raise a debate at the end of today's sitting on a matter of urgent importance, namely, starred question No. 2591—Government Cotton Mills, Ravi Road, Lahore—which has been the subject of a question today".

After votes being taken, the leave was refused.

EXEMPTED BUSINESS

Chief Minister: (The Hon'ble Malik Muhammad Firoz Khan Noon); Sir, I beg to move under Rule 12(3) (c).....

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order. At this stage the Honourable Chief Minister cannot move any motion, because I hold that it is still the question hour.

Mr. Speaker: I have already decided that the question hour is over.

Mr. C. E. Gibbon: May I request you to reconsider your decision?

Mr. Speaker : The question hour is from 1 to 2 O'clock.

Mr. C. E. Gibbon : The rule is that the first hour will be devoted to asking of questions.

Mr. Speaker : Yes, this is the first hour.

Mr. C. E. Gibbon: But the House met after 10 minutes past one.

Mr. Speaker : I have already over-ruled that point.

Mr. C. E. Gibbon: Then we should adjourn the House after 10 minutes of the usual time.

Mr. Speaker : No, it is not correct.

Mr. C. E. Gibbon: My leader was here, I was here, but you came after 10 minutes.

Mr. Speaker: The House was not in quorum.

Chief Minister: Sir, Under rule 12(3) (c), I beg to move—

That the proceedings on the Punjab Public Safety (Amendment) Bill be exempted a this day's sitting from the provisions of the rule 'Sitting of the Assembly'.

The motion was carried.

PRIVILEGE MOTIONS

CONVICTION OF KHAN ABDUS SATTAR KHAN NIAZI

Mr. Speaker: Notice of a motion of privilege was given to me yesterday by Mian Muhammad Shafi and I said that I would look into the matter.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order.

Mr. Speaker: I have said more than once that there is no point of order when the Speaker is speaking.

Mian Muhammad Shafi: My humble submission is.....

Mr. Speaker : I am not going to allow any speech.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I am not 'Mian'. Do not call me 'Mian' in future.

Mr. Speaker : The honourable member's name is here in the list. Notice has been given by Mian Muhammad Shafi.....

Mian Muhammad Shafi: I protest against the use of the word 'Mian'.

Mr. Speaker : The honourable member, who protests against being called 'Mian', has described himself, according to the list of members, as 'Mian' and it is never taken exception to.

Mian Muhammad Shafi: Never.

Mr. Speaker : The motion reads thus :—

"I beg to bring to your Honour's notice a serious breach of the privilege of the members of this Honourable House, namely, Maulana Abdus Sattar Khan Niazi, in so far as he is being illegally detained and is not being allowed to attend the session of the Assembly. The Maulana has not been convicted and sentenced under normal law of the land. His incarceration in the Central Jail, Lahore, has been brought about under an emergency, which no longer existed. His conviction by a Martial Law Court was illegal, *ultra vires* and *malafides*. I urge upon Your Honour to order the authorities to enable Maulana to attend the session of the House and discharge his duty towards his electorates as their duly elected representative".

I have nothing more to say than to refer the honourable member to the ruling I gave in the last session on the 30th November, 1953, when exactly the same point was raised by the same honourable member and I disposed of it. I do not think it is necessary to read out that ruling which covers two pages.

Mian Muhammad Shafi: May I be allowed to say something ?

Mr. Speaker : No.

Mr. C. E. Gibbon: Are you perfectly satisfied that this honourable member is being legally detained ?

Mr. Speaker : That is not for me to say.

Mr. C. E. Gibbon: Are you not the custodian of the privileges of the members of this House ?

Mr. Speaker: I am not going to allow any cross-examination.

PAYMENT OF COMPENSATORY ALLOWANCE TO MIAN MUHAMMAD SHAFI FOR THE PERIOD OF HIS DETENTION.

Mr. Speaker : I have got another notice by Mr. C. E. Gibbon which reads as a privilege motion, but I do not know whether it is so or not. It reads as follows :—

"It has been brought to my notice that Mian Muhammad Shafi, a member of the Punjab Legislative Assembly, has not been paid any compensatory allowance for the period that he was illegally detained, i.e., from 10th March, 1953 to 1st May, 1953.

This is a breach of the privileges of the members of the House and steps may please be taken to pay him the allowance due, immediately".

As a matter of fact, when the fact of Mian Muhammad Shafi's detention was notified in the Press, my office went out of its way to approach the authorities to find out whether that report was correct or not and it was informed that the report was correct. The question whether that detention was legal or illegal is not for me to determine. Now, it has been described as an illegal detention and the honourable member has the option of going to a court of law to get a verdict in this respect. Till then nothing can be done.

Mian Muhammad Shafi: I am going to a court of law.

Mr. C. E. Gibbon: Before you give a decision on this point.....

Mr. Speaker: I have given the decision already.

Mr. C. E. Gibbon: May I invite your attention to Section 3 (4) of the Punjab Legislative Assembly (Allowances of Members) Act, which reads as follows :—

> "Notwithstanding anything herein before contained no compensatory allowance shall be paid to any member in respect of any period during which he was under legal detention under any law for the time being in force".

Now, the point is this that you have yourself just now admitted that when a certain report appeared in a newspaper that an honourable member of this House was being detained by someone, your office took the trouble of finding out whether it was a fact or not, that is, whether the information in the newspaper was a fact. That is not the procedure as far as this House is concerned of finding out as to whether a person has been legally detained. The question is that you will not pay compensatory allowance to an honourable member if it is brought to your notice by a court or by a duly constituted authority that he is being legally detained. The question whether it is a legal detention or illegal does not matter at this stage. If you are informed by a competent authority that an honourable member has been legally detained then the ruling given by you will be perfectly justified. But the information which the office received might be given by a clerk of the court or somebody else.

Mr. Speaker: After hearing Mr. Gibbon, I do not see any reason for changing the ruling, because I had already studied the particular Section of the Act which he has referred to. That Section definitely says : "In respect of any period during which he was under legal detention under any law for the time being in force"

Mr. C. E. Gibbon: But you have no information

Mr. Speaker: We have found it out later from a competent authority. The information was obtained by the Clerk of the House at the time when bills were being prepared for compensatory allowances for honourable members.

Mr. C. E. Gibbon: It was not his duty.

Mr. Speaker : He did it according to my instructions.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following application from Sardar Kala Khan, M. L. A.

"گذارش ہے کہ میں بوجہ علالت پنجاب اسمبلی کے ۲۲ فروری ۱۹۵۴ کو شروع ہونے والے اجلاس میں شرکت سے معذور ہوں۔ لہذا ملتجی ہوں کہ متذکرہ بالا اجلاس اسمبلی سے عدم حاضری کی اجازت عطا فرمائی جاوے۔"

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ADJOURNMENT MOTION

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order. I have given notice of an *adjournment motion.

Mr. Speaker: That adjournment motion is covered by the ruling I gave yesterday.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, you are always prepared to reconsider your ruling.

Mr. Speaker: Yes, if the honourable member comes to me in my chamber and discusses the matter with me.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir, and it is this that item VII of the agenda is something standing in the name of a private member.

Mr. Speaker: The point of order is premature. It can be raised when we come to it.

Mr. C. E. Gibbon: The agenda has been circulated.

Mr. Speaker: Objection can be raised at the time when it comes before the House.

PUBLIC SAFETY (AMENDMENT) BILL

Mr. Speaker: The House will now resume consideration of the Punjab Public Safety (Amendment) Bill. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema was speaking on his amendment that the Bill be circulated for eliciting public opinion. He will continue his speech.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور نمبر ۹ - مسلم) — حضور والا۔ تحفظ عامہ کا ترمیمی بل اس وقت اس ایوان کے سامنے ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ترمیم پیش کرکے واقعی حکومت وقت نے سابقہ حالات سے ایک بہت بہتر صورت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اور نسبتاً اور مقابلتاً اس ترمیم کے پاس ہونے کے بعد مظالم کی شدت میں شاید کچھ تخفیف ہو جائے۔ لیکن حضور والا - میں سب سے پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ اصولی طور پر - اسلامی نقطہ نگاہ سے - یا جمہوریت کے مسلمہ اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کو دیکھیں یا اپنے اس نا مکمل آئین میں قرار داد مقاصد کے معیار پر اس کو پرکھیں تو ان تمام معیاروں پر آپ اس کو ساقط پائینگے -

حضور والا preventive detention یعنی حبس امتناع - قید بلا مقدمہ یا بلا ثبوت جرم کسی آدمی کو سزا دینا عدل و انصاف کے تقاضوں کے سراسر منافی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ انصاف کا ایک نیا اور ناقابل قبول مفہوم پیش کیا جا رہا ہے - حضور والا یہاں میں ایک امکانی غلط فہمی کا ازالہ کر دینا

*I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to maintain the mobile dispensaries in the province.

چاهتا هوں ۔ اگر کسی آدمی کے خلاف وطن دشمنی یا غداری کے الزامات پایہ ثبوت کو پہنچ چکے ہوں تو ہم لوگ سب سے پہلے ہوں گے اور سب سے پیش پیش ہونگے یہ کہنے میں کہ اس آدمی کے ساتھ کسی قسم کی رعائیت نہ کی جائے ۔ اور اسکو ایسی سخت سے سخت سزا دی جائے کہ جس کا وہ مستحق ہو ۔ ملک و ملت کے ساتھ غداری کسی صورت میں بھی قابل برداشت نہیں ہے ۔ لیکن ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کروں گا کہ اصولی نقطہ نگاہ سے اسلام اس جس امتناع کے تصور سے قطعی طور پر نا آشنا ہے ۔ میں اس سے پہلے ایک موقع پر اس موضوع پر ایک تفصیلی بحث کر چکا ہوں ۔ اس وقت اشارتاً یہ عرض کروں گا کہ اسلام میں جس تعزیر اور جس تفتیش یہ دو قسم کا جس آپ کو ملتا ہے ۔ تفتیش کے دوران میں کسی ملزم کو محبوس رکھنا اور ثبوت جرم کے بعد اس کی تعزیر کے طور پر اس کو قید کرنا یہ دو قسم کا جس ہے جس کی مثال ہمیں تاریخ اسلام میں ملتی ہے ۔ اس کے علاوہ اسلامی تاریخ میں جا بجا ایسے واقعات ہیں بالخصوص حضرت عمر کے زمانے میں جہاں کہ انہوں نے خصوصیت کے ساتھ ایسے اقدامات کو منع فرمایا ہے اور ایسے اقدامات کرنے والوں کو سرزنش کی ہے ۔ ایک دفعہ آپ نے فرمایا :-

''لا یو سر رجل فی الاسلام بغیرالعدل،،

اسلام میں کوئی آدمی بغیر عدالت کے (جسکو آپ otherwise than in due process of law کہتے ہیں) قید نہیں کیا جا سکتا ۔ اسکے علاوہ آپ نے ایک مرتبہ عمرو بن عاص کی جنہوں نے سیاسی شبہ کی بنا پر کسی کو قید کر دیا تھا ۔ سرزنش فرمائی اور فرمایا ،، —

''یا عمرو متی عبد تم الناس وقد ولد تھم امھا تھم احرارا ،،

اے عمرو تمہیں کس نے یہ اختیار دیا ہے کہ تو ان لوگوں کو مقید کر لے حالانکہ ان کی ماؤں نے ان کو احرار اور آزاد جنا تھا ۔

حضور والا ۔ اس قسم کے قانون کے جواز میں سب سے بڑی وجہ یہ پیش کی جاتی ہے کہ ہنگامی حالات میں حکومتیں احتیاطاً اس قسم کے اقدامات اختیار کرنے پر مجبور ہوتی ہیں اور جب اندرونی یا بیرونی خطرات لاحق ہوں تو وطن دشمن عناصر کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے لئے ۔ انسدادی کاروائی کے طور پر انکو قید کرنا پڑتا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اگر خالی قید پر اکتفا نہ کیا جاتا بلکہ اس کے بعد مروجہ قوانین کے مطابق ثبوت جرم کے بعد اور صفائی کا حق عطا کرنے کے بعد قید کیا جاتا

تو قابل اعتراض نہ ہوتا ۔ لیکن یہاں آپ یہ کرنے ہیں کہ خالی اندیشہ جرم ۔ احتمال جرم یا ضعیف یا بعید سے شک کی بنا پر ۔ محض سی ۔ آئی ۔ ڈی کی رپورٹ کی بنا پر ۔ افسران کی رپورٹوں یا ان کے اوہام کی بنا پر لوگوں کے حقوق آزادی کو سلب کر لیتے ہیں اور اس کے بعد ان کو اپنے آپکو ڈیفنڈ کرنے کے، اپنی صفائی پیش کرنے کے حقوق سے بھی محروم کر دیتے ہیں ۔ اس چیز کی دنیا کے کسی جمہوری ملک میں اجازت نہیں ہے ۔ واضح بات ہے کہ اس قسم کا قانون ہرگز پاس نہیں ہونا چاہئے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ ترمیم میں آپ نے نظر بند کو یہ حق عطا کیا ہے کہ وہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے پاس ایک عرضداشت یا ایک درخواست پیش کر سکیگا ۔

لیکن حضور والا ! میں یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ کسی آدمی کو اس کے خلاف لگائے گئے الزامات سے آگاہ کئے بغیر اور اسکو حق صفائی عطا کئے بغیر اور بغیر ثبوت جرم کے قید کر لیں اور اس کے بعد محض اس معمولی سی رعائت پر اکتفا کریں تو یہ بالکل نا کافی ہے ۔ میں اس سلسلہ میں سند کے طور پر اور بڑی قابل اعتماد سند کے طور پر ایک حوالہ پیش کرتا ہوں اور وہ قائد اعظم مرحوم و مغفور کی ایک تقریر ہے جو انہوں نے ۲۸ جنوری ۱۹۲۵ کو انڈین لیجسلیٹو کونسل کے اجلاس کے دوران میں فرمائی تھی جبکہ سیفٹی ایکٹ جیسے ایک مسودہ قانون پر بحث ہو رہی تھی ۔ آپ نے فرمایا ''میری آزادی اگر جائز طور پر چھینی جا سکتی ہے تو صرف اس صورت میں جبکہ مجھ پر ایک مناسب عدالت میں ٹھیک قانونی طریق پر مقدمہ چلایا جائے اور اس کے سامنے مجھے اپنی صفائی پیش کرنے کے تمام حقوق حاصل ہوں ۔ کیا تم محض اپنی جاسوسی کی دی ہوئی خبروں کی بنا پر مجھے قید کر دوگے''

حضور والا باقی چیزوں کے علاوہ یہ بھی ایک بڑی قابل اعتماد سند ہے جو ہمارے سامنے ہے ۔

اس کے بعد اس ترمیمی مسودہ قانون میں جو چیز پیش کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اس محبوس یا نظر بند کو یہ حق یا اختیار نہیں ہوگا کہ وہ معلوم کر سکے کہ اس کے خلاف کیا الزامات ہیں اور کس جرم کی سزا کے طور پر اس کو قید کیا گیا ہے اور حضور والا یہ کوئی مخفی چیز نہیں ہے اور ہر آدمی اس کو جانتا ہے کہ بعض اوقات حکومتیں اپنی سیاسی مصلحتوں کے لئے اس قسم کے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتی ہیں ۔

بہت سے لوگ ہیں جو بر سراقتدار لوگوں سے زیادہ مخلص اور محب وطن ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ان کو سیاسی اختلاف کی بنا پر قید و بند کی مصیبتیں برداشت کرنی پڑتی ہیں اور بعض اوقات دار و رسن تک نوبت آ جاتی ہے۔ اس لئے انصاف کا تقاضا یہ ہے اور جمہوری اصولوں کا تقاضا یہ ہے اور اسلامی اصولوں کا تقاضا یہ ہے کہ آپ اس نئے تصور عدل و انصاف اس سارے اقدام کو سرے سے ختم ہی کر دیں اور معمولی ترمیم پر اکتفا نہ کریں۔ جن ممالک میں اس قسم کے قوانین رائج ہوتے ہیں وہاں نہایت مختصر وقت کے لئے ہوتے ہیں اور جونہی حالات معمول پر آ جاتے ہیں اس قسم کے قوانین کو فوراً منسوخ کر دیا جاتا ہے۔ ہمارے یہاں مصیبت یہ ہے کہ ہمارے لئے یہ معلوم کرنا مشکل ہو گیا ہے کہ حالات حکومت کی نظروں میں معمول پر ہیں یا ہنگامی ہیں۔ یہ قوانین ہمارے لئے ایک روز مرہ کے نفاذ کی چیز بن گئے ہیں اور حکومت اس چیز سے بالکل بے نیاز ہو کر ایک مستقل ضابطہ کی صورت میں ان کا استعمال کرتی ہے۔ لہذا میں کسی وطن دشمن آدمی کے ساتھ کسی رعایت کی حمایت کئے بغیر یہ عرض کرونگا کہ کسی آدمی کو ثبوت جرم کے بغیر صفائی کا موقع عطا کئے بغیر محبوس نہ کیا جائے اور اگر جرم ثابت ہو جائے تو اس کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Public Safety (Amendment) Bill, 1954, be circulated for eliciting public opinion thereon by the 31st March 1954.

The motion was lost.

***Mian Muhammad Shafi:** (Montgomery VII, Muslim, Reserved Seat). Mr. Speaker, Sir.....

Mr. Speaker: The honourable member will first declare that he cannot speak in Urdu.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I can speak better in English than in Urdu.

Sir, while putting my motion before this House through your Honour's permission I am not moved by any idea of obstruction, partisanship or any such thing. It is a duty that we on this side of the House are trying to discharge towards this House and towards the electorate. There are quarrels in their ranks but we are not worried at all as to what they do, how they pull each other's legs.....

Mr. Speaker: Kindly confine yourself to the motion. The honourable member is expected to propose his amendment and I call upon him to do so.

Mr. C. E. Gibbon: Yesterday you said you will give us an opportunity to discuss this matter fully.

Mr. Speaker: Will the honourable member try to understand?

*Uncorrected speech.

Mr. C. E. Gibbon: Is there some mis-understanding ?

Mr. Speaker: After disposing of these amendments, when I put the original motion that the Bill be taken into consideration, then, if it is necessary, I will give hon'ble members an opportunity. That stage has not yet been reached. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema proposed hi amendment and now a similar amendment stands in the name of Mian Muhammad Shafi. He can say what he wants to about his amendment.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I beg to move—

That the Punjab Public Safety (Amendment) Bill, 1954, be circulated for eliciting public opinion by the 1st March 1954.

The reasons that I want to give in support of my plea that this Bill be referred to the public for eliciting their opinion are two-fold.

Sir, the architect of Pakistan, Qaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah along with his millions of followers fought for the establishment of this country-the great Islamic State for two reasons. One, in order to introduce Islamic system of life and secondly to make this country safe for democracy. Sir, according to Islamic Fiqa, Islamic way of life, even the highest in the State, namely, the Head of the State, is liable to answer in a court of law. He can be put in the dock. That is to say the highest in the land is not impervious to the operation of the normal law of the land. Sir, as far as democratic principle is concerned, it is a well-known precept that the liberty of an individual is inalienable. You cannot think of democracy without ensuring the safety and the liberty of the individual. It is only the security of the State under which you can take away the liberty of an individual.

Sir, we know that the Safety Laws in this country are enacted not to protect Islam or to protect democracy. On the other hand, the motive underlying them and the idea behind these laws is to perpetuate the rule in this country of a clique, of a political clique, which only exploits the holy name of Islam and democracy for its own purpose.....

Mr. Speaker: Do not be irrelevant.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I want to say that this amending Bill is a traversity of justice. It wants to invest the Chief Justice of a High Court with the powers of a District Magistrate. Sir, you know that we hold the High Courts in the highest esteem, they are the only check which is there against the executive orders-the malicious and *mala fide* orders. If, Sir, they want to reduce the Chief Justice of a High Court to the position of a District Magistrate, it is not fair to the High Court and it is not fair at all to the highest judicial authority in the Province.

The history of the Safety Laws requires a little mention. It was during the Khizar regime that for the first time the Safety Law was placed on the Statute Book. This contemplated preventive detention only for six months. But when Pakistan was established and Nawab of Mamdot came into power, he extended the period of detention from six months to an indefinite period. (*Vices from the Opposition Benches : Shame, shame*). It was Maulana Maudoodi on whose detention Mr. Mahmood Ali Qasuri took the case to the Federal Court. The Federal Court gave the judgment that a detenu cannot be detained for a period longer than 18 months. Consequently the Maulana and his companions were released. But the Ministry, then, improved upon the Safety Law to make it safe for themselves to hold back a detenu for an indefinite period. Sir, it was left to the Central Government in 1952 to take away the serious defects in the statute and they provided that it was for a detenu to question the validity of his detention by going to the High Court. This was followed by the Sind Chief Court as well. Sir, all this time the Punjab Government never thought of introducing those liberal checks which were provided by the Central Government. They have come forward now

on this late day with suggestions to modify the law, which is in fact highly defective.

Sir, I want to bring it to your notice that these Safety Laws are not used for the purpose of securing the safety of the State but, as I said earlier, they are utillised to crush their opponents. Sir, see what kind of people they send to jail. Men like Khan Abdul Ghaffar Khan; Maulana Maudoodi; men like Sibte Hassan; men who are the sons of the soil; whose record of service to the cause of country's freedom is unchallengable. On the other hand black-marketeers, smugglers, etc. go around the country without being checked or stopped.

Sir, the most important point which I want to make is that this amending Bill does not take into consideration the restrictions—arbitrary restrictions—against the press. Sir, I will refer to the provisions of the 1949 Safety Act, as they affect the press. Sir, under this Act they can ask any newspaper to print or to publish anything that they want, they can force an editor to tow their line—anything which they like—and there is no appeal against such arbitrary action. Sir, if this Bill is circulated to the public for eliciting their opinion. I am sure they will get over-whelming support in favour of modifying the law in this respect as well. So instead of rushing with this legislation I beg of them to see to it that the glaring defects in the law are removed. We do not want to stand in the way of enactment of this Bill. but we want to tell them very forcefully that they should make it a point to remove not only one aspect of the defect of the statute but all aspects which are injurious to the health of this Province.

Mr. Speaker: The question is—

(b) whether Market Committees submitted recommendations to Government to so revise the travelling allowance rates admissible to their members, so as to bring them in conformity with the rates allowed to the members of the District Boards; if so, the reasons for not implementing the recommendations ?

آنریبل سردار عبدالحمید خاں دستی—(۱) گوشوارہ میز پر رکھ دیا ہے۔

(ب) مارکیٹ کمیٹیوں کی طرف سے ایسی کوئی سفارش گورنمنٹ کے پاس نہیں آئی۔ البتہ مارکیٹ کمیٹیوں کے سیکریٹریز کی کانفرس نے اس تجویز کے متعلق گورنمنٹ کو سفارش کی تھی جو زیر غور ہے۔

Statement showing rate of T. A. allowed to Chairmen & Members of Market Committees

	By Lorry			By train
	By road other than lorry	Metalled road	Un-metalled road	
	Per mile	Per mile	Per mile	
	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.	
Chairmen ..	0 3 0	0 1 6	0 2 0	Second Class 1½ fare.
Members ..	0 2 3	0 1 6	0 2 0	Inter Class 1½ fare.

PROCEDURE FOR APPOINTMENT OF FORESTERS AND DEPUTY RANGERS

***2658. Haji Mehrban Ahmad:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the procedure for the appointment of Foresters and Deputy Rangers in the Forest Department :—

(i) by direct recruitment; and
(ii) by promotion ?

آنریبل سردار عبدالحمید خاں دستی—ڈپٹی رینجر و فارسٹر کی آسامیاں جس طریقہ سے پر کی جاتی ہیں وہ پنجاب فارسٹ سبارڈینیٹ سروس رولز ۱۹۴۴ کے تحت ملازمات اول قواعد ۸ - ۹ میں درج ہیں۔ اسکی نقل شامل ہے۔

براہ راست تقرریوں کے علاوہ امیدواروں کا انٹرویو اور مقابلہ کا امتحان ایک انتخاب شدہ بورڈ لیتا ہے۔

(RULES 8 AND 9 OF THE PUNJAB FOREST SUBORDINATE SERVICE (EXECUTIVE SECTION) RULES, 1944).

8. Appointment to posts of Deputy Rangers shall be made as follows :—

Method of recruitment to posts of Deputy Rangers.

(1) to the First grade or second grade by selection from among Deputy Rangers in the next lower grade ;

(2) to the Third Grade by selection from among—

(*a*) persons who possess the higher or lower standard certificate of the College; or

(*b*) persons who—

(*i*) have passed the Matriculation Examination of a recognised University; and

(*ii*) have agreed to undertake after the expiry of one year's work in the Forest Department the course of training at the School in accordance with the regulations in Appendix 'D' or

(*c*) Foresters who have rendered not less than three years' service in the Forest Department; or

(*d*) temporary establishment Foresters and Daroghas who have undergone the course of training at the School and have obtained the pass certificate;

Provided that no person shall be eligible for appointment under sub-clause (*b*) or sub-clause (*c*) of clause (2) unless the Chief Conservator, the Conservator or the Director, as the case may be certifies that he is fit for appointment to the post of Deputy Ranger;

Provided further that not less than ten per centum of the total number of appointment of Deputy Rangers shall be filled by Foresters who do not possess the certificate granted by the School, and that not more than twenty per centum of the total number of posts of Deputy Rangers shall be filled by the appointment of persons under sub-clauses (*a*) and (*b*) of clause (2).

Method of recruitment to posts of Foresters.

9. Appointment to posts of Foresters shall be made as follows, that is to say—

(1) to the First Grade or the Second Grade from among Foresters in the next lower grade;

(2) to the Third Grade from among—

(*a*) persons who—

(*i*) have passed the Matriculation Examination of a recognized University, and

(*ii*) have agreed to undertake after the expiry of one year's work in the Forest Department the course of training at the School in accordance with the regulations in Appendix 'D'.

(*b*) Forest Guardes who have obtained a certificate of training from the School in accordance with the regulations in Appendix 'D'.

Provided that the Chief Conservator, the Conservator or the Director, as the case may be may appoint as Forester any Forest Guard who has not obtained the certificate of training from the School;

Provided further that thirty per centum of the total number of posts of Foresters shall be filled by the appointment of persons under sub-clause (*a*) of clause (2) and the remaining seventy per centum by promotion from among Forest Guards".

TRANSFER OF MILE STONE TO RIGHT SIDE OF THE ROADS FROM THE LEFT SIDE.

*2074. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state the expenditure incurred by the Government in transferring the mile stones to the right side of the roads in the Province from the left side and the reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) - اس کام پر کوئی صرفہ نہیں ہوا - کیونکہ متعینہ عملہ سے ہی یہ کام لیا گیا ہے - بعض سڑکوں پر سنگ میل و فرلانگ کی تبدیلی سڑک کی ایک جانب سے دوسری جانب اس لئے کی گئی ہے کہ تمام سڑکوں پر یکسانیت قائم رہے اور اس عمل سے صرف چند قدیم سڑکوں میں یہ تبدیلی کرنی پڑی ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ — آنریبل پارلیمنٹری سیکرٹری نے یہ فرمایا ہے کہ یکسانیت کی غرض سے سنگ میل کو دائیں سے بائیں کیا گیا ہے - کیا وہ اسکی کوئی وجہ بتلائینگے ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

SUPPLY OF ELECTRIC LIGHT AT MANDI BAHA-UD-DIN

***2075. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether the Government are aware of the fact that the supply of electric current is stopped at midnight at Mandi Baha-ud-Din and is again resumed at nine or ten the following day although electric light is very essential at four in the morning for prayers ;

(*b*) whether in view of the public demand Government intend to issue orders for the supply of electric current to the public at 4 in the morning ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)— اس حقیقت کے پیش نظر کہ منڈی بہاؤالدین میں رات کے ڈیڑھ بجے سے دوسرے دن کے صبح ۸ بجے تک زیادہ بجلی کی کھپت نہیں ہے- گورنمنٹ دو سو کلوواٹ (K. W.) کے بجلی پیدا کرنے والے انجن کو (جو منڈی بہاؤالدین میں ان دنوں کام کر رہا ہے) صبح چار بجے چلانا اقتصادی لحاظ سے موزوں خیال نہیں کرتی -

CLOSURE OF 'MOGAS' OF MONGI DISTRIBUTORY.

***2597. Alhaj Mian Abdul Wahid:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the width of 23 'Mogas' in Mongi Distributory in Lower Gogera Division was temporarily reduced in the month of October, 1953;

(*b*) whether it is a fact that the lands of Chaks Nos. 253/G. B., 254/G. B., 255/G. B. and 256/G. B. are kept closed for twenty-four hours in a week ; if so, the reasons thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)—(ا) جی ہاں - تیئیس (۲۳) نہیں بلکہ اکیس (۲۱) موگوں کو ماہ اکتوبر کے آخری ہفتہ میں عارضی طور پر چھوٹا کیا گیا تھا - کیونکہ اُن سے زائد پانی خارج ہو رہا تھا -

(ب) جی ھاں ۔ چکوک مذکورہ کو جو موگے سیراب کرتے تھے وہ یکم دسمبر ۱۹۵۳ سے نو دسمبر ۱۹۵۳ کے عرصہ میں تعطیلنگ پروگرام کے تحت ۲۴ گھنٹوں کیلئے ٹیل پر پانی کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بند کئے گئے تھے ۔

Rana Gul Muhammad Noon: What was the necessity for closing certain outlets and not giving water at the proper time ?

وزیر — چونکہ اس ڈسٹریبیوٹری میں ''سلٹ،، پڑ گئی تھی جسکی وجہ سے موگے زیادہ پانی کھینچ رہے تھے اِس لئے عارضی طور پر پانی کم کرنے کے لئے انکا منہ تنگ کر دیا گیا تھا ۔

Rana Gul Muhammad Noon: May I know when was this distributory remodelled ?

Minister: I want notice for that.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: It has been said in the answer that outlets were over-drawing. May I know when did the Irrigation authorities learn that they were over-drawing ?

Minister: Probably during last kharif season.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: How the discharge was decreased if they were not remodelled ?

وزیر — ''ری ماڈلنگ،، اسکو کہتے ھیں جو پرمننٹ ھو ۔ چونکہ ''سلٹ،، پڑ جانے کی وجہ سے موگے زیادہ پانی لے رہے تھے اسلئے انہیں مجوزہ حق لینے کے لئے انکا منہ تنگ کر دیا گیا تھا ۔

Rana Gul Muhammad Noon: Is it a fact that most of the distributories are not remodelled at the proper time and it is on account of that fact that most of the upper outlets get more supplies than at the tail ?,

Minister: In this particular distributory it was not due to that .

Rana Gul Muhammad Noon: Is it a fact that this particular distributory has not been remodelled for the last 8 or 10 years.

Minister : I cannot tell you off-hand.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Why did the Government think of resorting to such an unprecedented practice of demanding this remodelling ?

Mr. Speaker: Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon: Is it a fact that closing of outlets gives arbitrary powers to the local Officers which results in unfairness to the zamindars?

Mr. Speaker : Disallowed. The principles governing the admission of an original question also appply to supplementary questions.

MODEL OF BUSES PLYING ON LYALLPUR-LAHORE AND LYALLPUR-JHANG ROUTES.

***2599. Alhaj Mian Abdul Wahid:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the model of each of the buses plying on the Lyallpur-Lahore and Lyallpur-Jhang routes.

(*b*) whether these are in good running conditions, if not, the action Government intend to take in the matter ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) (ا) لائل پور سے لاہور براستہ شیخوپورہ —

بورڈ اس راستے پر نئی مرٓ سیڈیز بنز ۱۹۵۳ ماڈل بسیں چلا رہا ہے ۔

لائل پور سے لاہور ۔ براستہ مانگٹانوالا اور بلو کی ہیڈ ۔

اس راستے پر مندرجہ ذیل بسیں چلائی جا رہی ہیں ۔

(۱) ڈاج ڈیزل ۱۹۵۲ ماڈل .. ۲

(۲) شورلٹ ڈیزل ۱۹۵۰ ماڈل .. ۲

(۳) شورلٹ پٹرول ۱۹۴۸ ماڈل .. ۱

لائل پور سے جھنگ ۔

اس راستے پر مندرجہ ذیل قسم کی بسیں چلتی ہیں ۔

(۱) مورس کمرشل پٹرول ۱۹۴۹ ماڈل .. ۲

(۲) شورلٹ پٹرول ۱۹۴۸ ماڈل .. ۲

(۳) شورلٹ ڈیزل ۱۹۵۰ ماڈل .. ۶

(ب) مندرجہ بالا راستوں پر اکثر بسیں نئی ہیں ۔ چند ایک پرانے ماڈل ہیں ۔ نئی بسوں کا آرڈر دیا جا چکا ہے ان کے آنے پر لائل پور جھنگ روٹ پر پرانی بسوں کو نئی بسوں میں تبدیل کر دیا جائیگا ۔

Syed Amir Hussain Shah: Is the Honourable Minister aware that the old buses which are running on these roads are in a very dangerous condition and it is not fit to travel in them ?

Minister: They are not dangerous.

Syed Amir Hussain Shah: Is the Honourable Minister aware that because of the fact that they are dangerous buses some of them have actually been taken off the road ?

Minister: I have said that they are not dangerous.

Syed Amir Hussain Shah: Why are those buses now jacked up ? Why have then been put in garages ?

وزیر — ان کو مرمت کے لئے بھیجا گیا ہے ۔

They are not dangerous for travelling.

RECLAMATION OF LAND AFFECTED BY SEM AND THUR

***2620. Syed Amir Hussain Shah:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the total area in the Punjab affected by Sem and Thur;

(*b*) the total area reclaimed so far under the Soil Reclamation Act;

(*c*) total area affected by Sem and Thur in the Gujrat District;

(*d*) the total area reclaimed so far under the Soil Reclamation Act in the Gujrat District ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) (ا) تمام صوبہ میں سیم زدہ و تھور زدہ رقبہ ۲۲,۲۱,۸۱۱ ایکڑ ہے ۔

(ب) ابھی تک کوئی رقبہ اصلاح اراضی ایکٹ کے تحت اصلاح پذیر نہیں ہوا ۔

اصلاح اراضی ایکٹ ۱۹۵۳ء میں منظور ہو کر ۱۹۵۳ء میں نافذ ہوا ۔

اصلاح اراضی بورڈ نے مندرجہ ذیل سکیمیں ترتیب کرنی شروع کی ہوئی ہیں —

(۱) چوہڑ کانہ سکیم

(۲) جڑانوالا سکیم

(۳) شاہ کوٹ سکیم

(۴) پنڈی بھٹیاں سکیم

(۵) خانقاہ ڈوگراں سکیم

(۶) رینالہ سکیم

سکیم ۱ مکمل طور پر تیار ہو چکی ہے ۔ باقی پانچوں سکیمیں مکمل کی جا رہی ہیں ۔

(ج) ضلع گجرات میں سیم اور تھور زدہ رقبہ ۵۹,۲۴۴ ایکڑ ہے ۔

(د) متذکرہ بالا جواب (ب) سے ظاہر ہے کہ اس حصہ سوال کا جواب نفی میں ہے ۔

Syed Amir Hussain Shah: What is the sem affected area in Renala where this scheme has been prepared ?

Parliamentary Secretary: I want a fresh notice.

Syed Amir Hussain Shah: Why is it that no scheme has been prepared for Gujrat district ?

Minister: We can only treat a few areas at a time. Gujrat District will have its turn.

Syed Amir Hussain Shah: You have not treated any area so far.

Mr. Speaker: Disallowed.

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر صاحب فرمائیں گے کہ جڑانوالا میں ٹیوب ویلز کی تعمیر کا کام کیوں بند کر دیا گیا ہے ۔

Parliamentary Secretary: I want fresh notice.

Syed Amir Hussain Shah: What is the criterion before the Reclamation Board by which that Board determines which area is to be taken up first ?

Minister: Probably it was the worst affected area.

Syed Amir Hussain Shah: Is he aware that Gujrat district is more worse affected than Renala, etc. ?

Minister: The Board comprises of certain members and they go into this matter throughout the Province. It is for them to decide as to which area is most affected.

میاں عبدالباری — یہ ٹیوب ویلز تھور و سیم کے علاج کے طور پر ہی تو تعمیر کئے جا رہے ہیں - کیا تھور اور سیم کو دور کرنے کے سلسلے میں ٹیوب ویل بور کئے جاتے ہیں -

وزیر — جی ہاں - تھور و سیم زدہ اراضی کو ریکلیم کرنے کے لئے ٹیوب ویلز لگائے جا رہے ہیں -

میاں عبدالباری — میں نے اسی سلسلے میں یہ سوال کیا تھا کہ جڑانوالا کے علاقے میں ٹیوب ویل لگانے کا کام کیوں بند کر دیا گیا ہے -

وزیر — جڑانوالا کی باری آنے پر وہاں پر بھی اصلاح اراضی کا کام شروع کیا جائے گا فی الحال گجرات میں کام جاری ہے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The Honourable Minister has been pleased to say that once the scheme is complete.....May I know whether in order to implement the scheme, the services of foreign experts have been called for ?

Mr. Speaker: Disallowed.

SPOILING OF LAND AND SUB-SOIL WATER BY SALTISH WATER FLOWING OUT OF KHEWRA SALT MINE

***2709. Mr. Joshua Fazl-ud-Din:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state, whether it is a fact that the water saturated with salt flows out of the Khewra Salt Mine and goes under the soil throughout the year spoiling the entire neighbouring land and the sub-soil water for irrigation and human consumption; if so, the steps taken or proposed to be taken to save this tract of land ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) — گورنمنٹ کو اس قسم کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی -

---

QUALIFICATIONS OF SUPERINTENDING ENGINEER, INCHARGE, MECHANICAL CIRCLE

***1753. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state the qualifications of the Superintending Engineer incharge of the Mechanical Circle ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: B. E. Final (Civil Engineering), 1st Class (Sheffield).

LEASING OF UNCOMMANDED CROWN LAND UNDER RAKH BHARERI TUBE-WELL SCHEME

*2593. **Alhaj Mian Abdul Wahid:** Will the honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the leasing of uncommanded Crown land is under consideration of the Government under the Rakh Bhareri Tube-well Scheme in the Thal area of the Mianwali district ;

(*b*) whether it is a fact that Rakh Bhareri Tube-well Scheme has not yet been duly approved by the Government; if so, the date by which the Government intend to approve it;

(*c*) whether it is a fact that on the spot survey of Rakh Bhareri was caused to be carried out by the Chairman, Thal Development Authority who got the land divided into lots, 150 acres being the unit fixed for each lot and had a plan prepared to this effect ;

(*d*) whether it is a fact that while the approval of the Government in regard to the aforesaid scheme is yet to be secured, the advance amounts for the said lots are being received and deposited in the treasury by the Chairman, Thal Development Authority ;

(*e*) whether it is a fact that only one person is allowed to deposit advance amount for one particular lot and none else is permitted to do so, while the scheme has neither been advertised nor approved by the Government; if so, the reasons therefor ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) No. Government is, however, considering the questin of transfering this Rakh to the Thal Development Authority for purposes of development.

(*b*) Yes, as soon as possible ;

(*c*) Yes.

(*d*) Yes. The Chairman has been asked to explain why he has started receiving advance money from intending applicants when the land has not been transferred to the Thal Development Authorities and the scheme prepared by him for development of the area has not been approved by Government.

(*e*) Yes. The position has been explained in answer to part (*d*).

REHABILITATION AND COMPENSATION OF THE FLOOD VICTIMS OF VILLAGE ADHA IN THE SIALKOT DISTRICT

*2675. **Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state if the final answer to my †Starred Question No. 2101, given notice of during the last Session of the Assembly, is ready, if so, will he be pleased to read it on the floor of the House.

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) Out of a total area of 1,118 acres of village Adha, 849 acres were cut off by the action of the Ravi River before partition. A further area of 26 acres was similarly cut off during the year 1950-51.

(*b*) The requisite information is being collected.

(*c*) Action is being taken by Government to verify the claims, and the claimants will then be compensated by allotting evacuee land to them.

---

†REHABILITATION AND COMPENSATION OF THE VICTIMS OF VILLAGE ADHA IN SIALKOT DISTRICT

*2101. **Mr. C. E. Gibbon:** Arising out of the answer to my Starred Question No. 1789, will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the date on which 863 acres out of the total area of 1,118 acres of village Adha in the Shakargarh Tehsil of the Sialkot district were cut off towards Indian Dominion due to the action of River Ravi.

(*b*) the names of the claimants to land in lieu of that lost by them, community-wise; and

(*c*) the action so far taken by Government to rehabilitate and compensate the claimants ?

Mr. C. E. Gibbon: I would ask you to see the old record, which will show that I have been getting the same reply since 1951.

Minister: How can the area change. It is the action of the river, and therefore what happened 10 years ago cannot be changed and that is why the honourable member must be getting the same reply.

Mr. C. E. Gibbon: What I am worrying about is the time taken to settle the claims of those persons. How long more since 1951, your department will take to settle the claims of about 20 or 30 families ?

Minister: There are a large number of claims and those claims have got to be verified before the Government can possibly give them anything in return. That is being done.

Mr. C. E. Gibbon: There are only about 30 families.

Mr. Speaker: No cross-examination.

PLACING OF RECLAMATION DEPARTMENT UNDER INSPECTOR-GENERAL OF PRISONS

***2281. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that the Government intend to place the Reclamation Department under the direct control of the Inspector-General of Prisons, if so, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی ۔ اے ۔ خاں) -- ابھی اس مسئلہ پر غور کیا جا رہا ہے ۔

میاں عبدالباری—کیا آنریبل وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائینگے کہ ان کے نزدیک Penal اور Reformatory کے محکموں کو اکٹھا کرنے کا مسئلہ قابل غور ہے یا نہیں ؟

وزیر — ابھی تک اس کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا ۔

میاں عبدالباری — Reformatory اور Penal دونوں محکموں کو اکٹھا کرنا آپ کے نزدیک قرین مصلحت بھی ہے یا نہیں ؟

وزیر — میں نے عرض کیا ہے اس کے متعلق جو فیصلہ ہوگا اس پر عمل کیا جائیگا ۔

DEBATE ON ANSWERS TO QUESTIONS

Mr. Speaker: I have received a notice under Rule 12 (3) (*b*) of the Rules of Procedure from Mr. C. E. Gibbon. He asks for permission to raise a debate at the end of today's sittting on a matter of urgent importance, namely, Question No. *2607 (Honourable Minister of Education's visit to East Punjab).

Has the honourable member leave of the House to raise the debate ?

(*Voices : No.*)

The leave was refused.

Mr. Speaker: Mr. C. E. Gibbon also wants leave to raise a debate at the end of today's sitting on a matter of urgent importance, namely, Question No. *2674 (Police Fatigue Party).

Has the honourable memeber leave of the House to raise the debate ?

(*Voices* : No.)

The leave was refused.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following telegram from Khan Nawazish Ali Khan Sial, M. L. A. :—

"Unable to attend Assembly Session kindly excuse absence."

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Mian Muhammad Sarwar Bodla, M. L. A. —

"I have been on sick bed for about a fortnight and I am unable to attend the Punjab Assembly Session which will begin on the 22nd February 1954."

The question is—

That the leave asked for be granted ?

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Mr. Muzaffar Khan, M. L. A. :—

"گذارش مودبانہ ہے کہ میں خرابی صحت کی وجہ سے بدستور یہاں ہسپتال میں زیر علاج ہوں۔ جسکی وجہ سے موجودہ اجلاس جو کہ ۲۲ فروری سے شروع ہو رہا ہے میں شامل نہیں ہو سکتا از راہ نوازش پورے سیشن کی رخصت عطا فرمائی جاوے"۔

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Maulana Daud Ghaznavi, M. L. A. —

"گذارش ہے کہ یہ عاجز ایک برس سے دل کے عارضہ میں مبتلا ہے۔ وقتاً فوقتاً دل کے دورے پڑتے رہتے ہیں۔ آج رات دل کا دورہ بہت شدید تھا۔ اس وقت صاحب فراش ہوں۔ ڈاکٹر کی ہدایت ہے کہ میں ایک ماہ مکمل آرام کروں۔ اس لئے حاضری سے معذور ہوں۔ آپ کی نوازش ہوگی اگر ایک ہفتہ کم از کم رخصت منظور فرمائیں۔ آپ کی اور جملہ رفقاء کی دعاؤں کا متمنی ہوں۔ والسلام"۔

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following telegram from Mian Faiz Muhammad, M. L. A.:—

"Ill could not attend Sessions".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

COMMUNICATION TO GOVERNOR

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Sir, I beg to move—

That under Rule 142 of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure the following communication from the Assembly may be addressed to His Excellency the Governor, namely:—

"MAY IT PLEASE YOUR EXCELLENCY:

That on the 3rd July 1953 a Full Bench of the High Court of Judicature at Lahore expressed an opinion on a Habeas Corpus petition moved on behalf of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, a Member of the Legislative Assembly, that the convictions by the Martial-Law Courts were not tantamount to sentences passed by regular courts of law and should be considered as having terminated simultaneously with termination of the Martial Law. But as the Indemnity Act has the force of regularising these convictions, this Assembly begs to address to Your Excellency an appeal to move the Central Government and His Excellency the Governor-General of Pakistan to exercise their powers of Clemency and Amnesty to set aside the convictions of all the Martial Law convicts, especially those of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, Member, Punjab Legislative Assembly and Maulana Maudoodi."

حضور والا — میں نے یہ قرار داد پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے قواعد انضباط کار کے قاعدہ نمبر ۱۴۲ کے ماتحت اس غرض سے پیش کی ہے کہ فضیلت مآب جناب گورنر صاحب بہادر کی خدمت میں یہ عرضداشت ایک address کی صورت میں پیش کی جائے کہ وہ مارشل لا کے تمام سزا یافتگان کے متعلق مرکزی حکومت اور جناب گورنر جنرل صاحب بہادر سے یہ استدعا کریں کہ وہ اپنے اختیارات خصوصی استعمال کرتے ہوئے مارشل لا کے تمام سزا یافتگان کو بالعموم اور خان عبدالستار خان نیازی و مولانا مودودی کو بالخصوص رہا کر دیں —

جناب والا ۔ ایسے حالات میں جب کہ ہمارے صوبے کی عدالت عالیہ کے چیف جسٹس صاحب اور ہائی کورٹ کے ایک فاضل جج نے یہ متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ مارشل لا کے مطابق دی ہوئی تمام سزائیں در حقیقت غیر قانونی سزائیں ہیں اور ان کو مارشل لا کے خاتمے کے ساتھ ہی ختم تصور کرنا چاہیئے تھا ۔ اس بات کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نظر نہیں آتا کہ مذکورہ سزا یافتگان کو قید و بند میں رکھا جائے ۔ کل بھی اس معزز ایوان میں ایک ایسا قانون زیر بحث لایا گیا تھا جس میں ان کے متعلق کسی وکیل ۔ اپیل یا دلیل کی گنجائش نہ تھی اور آج بھی ہم اسی قسم کے ایک مسئلہ کو زیر بحث لا رہے ہیں ۔ مارشل لا کا مسئلہ

درد و غم کی ایک حکایت خون چکاں ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس کا ذکر کرنے سے دل لرزتا ہے۔ ص

پھر پرسش جراحت غم کو چلا ہے عشق
سامان صد ہزار نمکداں کئے ہوئے

حضور والا۔ حقیقت یہ ہے کہ بعض لوگوں نے اپنی ہوس اقتدار اور اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر اس صوبے کے لوگوں۔ بلکہ سارے پاکستان کو ایک ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے نہ صرف ان لوگوں کے خاندان جو اسیر و قتیل ہوئے۔ آج تک مصائیب و آلام میں گرفتار ہیں بلکہ انہوں نے پاکستان کے وقار کو دنیا میں ناقابل تلافی نقصان اور سخت صدمہ پہنچایا ہے۔ یہ اس قسم کا جرم ہے جسے تاریخ معاف نہیں کر سکتی اگرچہ اب کہا یہ جاتا ہے کہ وہ لوگ جو اس ظلم و تشدد کے ذمہ دار تھے بہت زیادہ پشیمان ہیں اور آئندہ کے لئے تائب ہو چکے ہیں۔ مگر افسوس کہ — ص

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

میں سمجھتا ہوں کہ ان تمام مظالم کے متعلق جو مارشل لا کے سلسلے میں عوام پر ڈھائے گئے ایک چیز باعث اطمینان ہے۔ وہ یہ کہ اتنی زیادہ قیمت ادا کرنے کے بعد اس صوبہ کے لوگوں کو اس وزارت ضالہ و مضلہ سے نجات ملی۔

حضور والا۔ مولانا عبدالستارخاں نیازی کی Habeas Corpus Petition کے سلسلے میں عدالت عالیہ کے فاضل ججان نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ میں چاہتا ہوں اس معزز ایوان کے سامنے اس فیصلے کے چند اقتباسات پیش کروں۔ فاضل ججان نے اس مسئلہ پر بڑا جامع اور مفصل تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ مارشل لا کی دی ہوئی تمام سزائیں در حقیقت غیر قانونی سزائیں ہیں اور ان کو مارشل لا کے اختتام کے فورا بعد ختم تصور ہونا چاہیئے تھا۔ انہوں نے اپنی معذوری کا اظہار فرماتے ہوئے یہ فرمایا۔

"The question is whether this confirmatory provision conflicts with the principle that when Martial Law is withdrawn and civil power fully restored, all orders passed by the military must expire on such withdrawal. In England no such confirmatory provision appears ever to have been passed since the time of Edward III, though there have been more than a dozen Indemnity Bills in the history of that country. In Ireland and colonies also there have been several such bills without any confirmatory provision. In fact in pure Anglo-Saxon system of law the setting upon Military Tribunals to exercise what in substance are judicial powers is not recognised at all."

حضور والا ۔ اس ایوان کے معزز ممبران کو معلوم ہے کہ ہمارے گورنر جنرل صاحب بہادر نے ایک آرڈیننس جاری کیا جسکے ماتحت مارشل لا' کے دوران میں تمام کی گئی کاروایوں کی صحت و جواز کی تصدیق و توثیق کر دی اور اسکے بعد مرکزی اسمبلی نے اسکو ایک بل کی صورت میں پاس کیا ۔ اور اسکے جواز کے لئے طرح طرح کے حیلوں سے کام لیا ۔ البتہ اس میں اس امر کی گنجائش ضرور رکھ دی گئی کہ مارشل لا' کے دوران میں سزا یافتگان میں سے اگر کوئی آدمی چاہے تو وہ اپنی درخواست مرکزی حکومت کو بھیج سکتا ہے ۔ وہ درخواست فیڈرل کورٹ کے جج کے سامنے پیش کی جائے اور' فاضل جج حکومت کو مشورہ دینگے کہ آیا سزا قابل تنسیخ یا قابل ترمیم ہے یا نہیں ۔ حضور والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ مارشل لا' ہر قسم کے حقوق و آزادی کو چھین لیتا ہے ۔ جہاں مارشل لا' نافذ کیا جاتا ہے وہاں کے باشندوں کی شہری آزادی اور انکا عزت و احترام خاک میں مل جاتا ہے اور عدل و انصاف کے تمام دروازے بند ہو جاتے ہیں ۔ نظم و نسق بالکل معطل ہو جاتا ہے اور لوگ فوج کے رحم و کرم پر ہو جاتے ہیں ۔ ظاہر بات ہے کہ ایسی صورت میں نہایت معمولی سی باتوں پر بھی غیر معمولی اور سخت سے سخت سزائیں دی جاتی ہیں اور دی گئی ہیں اور' بعض لوگ ابھی تک سزائیں بھگت رہے ہیں ۔ جب ان سزاؤں کے جواز کے لئے کوئی قانونی پہلو نہیں نکل سکتا تو قانون کے ذریعے سے انکی تصدیق و توثیق کرنا ایک بالکل غلط بات ہے ۔

حضور والا ۔ ہمنے اس سلسلے میں سوالات پیش کئے ۔ تحریک التوا پیش کی اور قرار دادیں پیش کیں ۔ یہ آخری حربہ ہے جو ہم ان سزاؤں کو منسوخ کرانے کے لئے استعمال کر سکتے تھے ۔ یہ حقیقت ہے کہ صرف درخواست کا حق عطا کرنے سے ان سزاؤں کی نوعیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ آپ جانتے ہیں کہ عام قانون کے ماتحت ایک آدمی کو اپنی صفائی کے لئے تمام قانونی سہولتیں میسر ہوتی ہیں ۔ پہلے آپ اسکو اپیل کا حق دیتے ہیں ۔ پھر نگرانی کا حق دیتے ہیں اور اپیلوں میں تمام قانونی اور تمام واقعاتی پہلوؤں کو زیر بحث لایا جاتا ہے ۔ اسکے بعد نگرانی میں correctness, propriety اور legality کو زیر بحث لایا جاتا ہے ۔ سزا کی صحت اور قانونی جواز اور موزونیت پر بحث کی جاتی ہے ۔ لیکن ان سزاؤں کے معاملے میں مرکزی اسمبلی نے فیڈرل کورٹ کے اختیارات نہایت بری طرح سے اور سختی سے محدود کر دیئے ہیں ۔ فاضل جج مسئلہ پیش نظر کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد اپنی رائے کو نہ حکم

کی صورت میں پیش کر سکتا اور نہ اسکے نفاذ کا اہتمام کر سکتا ہے۔ وہ مرکزی حکومت کو صرف اپنا مشورہ دے سکتا ہے۔ حضور والا۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو انتہائی طور پر عدیم المثال ہے۔ تاریخ میں مختلف اوقات میں اس قسم کے واقعات پیش آئے جب کہ مارشل لا' بصورت اضطرار لگانا پڑا لیکن اسکے بعد جونہی کہ مارشل لا' ختم ہوا تمام دی ہوئی سزائیں اور دوسری تمام لعنتیں ساتھ ہی ختم ہو گئیں۔ لیکن یہاں باوجود عدالت عالیہ کے فاضل جج کے ایک نہایت واضح اور غیر مبہم فیصلے کے ہم مجبور و بے بس ہیں۔ ہم میں سر مو فرق نہیں آیا۔

حضور والا۔ میں نے اس قرار داد کے ذریعے سے یہ استدعا کی ہے کہ یہ اسمبلی گورنر صاحب بہادر سے درخواست کرتی ہے کہ وہ اپنے اختیارات خصوصی استعمال کرتے ہوئے اس مسئلہ کو مرکزی حکومت کے ساتھ زیر بحث لائیں اور اسکے بعد مارشل لا' کے تمام سزا یافتگان کی رہائی کے احکام مرکزی حکومت سے حاصل کریں اور خصوصیت کے ساتھ ان دو جلیل القدر ہستیوں کی رہائی کے احکام حاصل کریں جن کی خدمات اتنی زیادہ ہیں کہ کسی بیان کی محتاج نہیں۔ اس ایوان کا ہر ممبر بلکہ اس ملک کا بچہ بچہ ان سے واقف ہے۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ موجودہ حکومت اس بات کو تحریہ طور پر پیش کر سکتی ہے کہ تحریک کے سلسلے میں بہت سے لوگوں کو اور بالخصوص مجلس عمل کے ڈکٹیٹروں کو رہا کر دیا گیا ہے لیکن میں ساتھ ہی یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ مارشل لا' جو درحقیقت ایک صوبائی مسئلہ تھا اس سلسلے میں آپ ان چند گنے چنے افراد کو ہی پیش نظر نہ رکھیں بلکہ ان تمام لوگوں کو پیش نظر رکھیں جو اس مصیبت کا شکار ہوئے ہیں اور جو اس سے بری طرح سے مجروح اور متاثر ہو رہے ہیں۔ ملک میں انتہائی بے چینی اور اضطراب ہے۔ یہ ایک گھن ہے جو معاشرے کو اندر ہی اندر کھائے چلا جا رہا ہے۔ حضور والا۔ اس سلسلے میں میں فاضل ججان کے فیصلے کا یہ اقتباس آپکے سامنے پڑھنا ضروری سمجھتا ہوں۔

''اس معنی میں مارشل لا' برطانوی اور امریکی آئین مملکت کے لئے بالکل ہی اجنبی چیز ہے۔ اور خود ہمارے دستور میں بھی کوئی دفعہ ایسی نہیں ہے جو فوج کو در آنے اور سول اقتدار کی جگہ خود سارے اختیارات سنبھال لینے کا مجاز کرتی ہو۔ اگرچہ زمانہ قریب میں چار مرتبہ لوگوں کو مارشل لا' کے نیچے پسنے یا اس کی نعمت سے مستفید ہونے کا موقع نصیب ہو چکا ہے۔''

حضور والا ۔ میں اس سلسلے میں خصوصیت کے ساتھ ان شخصیتوں کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنکی سزاؤں کے متعلق نہ صرف یہ صوبہ پنجاب اور سارے ملک میں اضطراب کی لہر دوڑ چکی ہے بلکہ تمام دنیائے اسلام اس کے خلاف شدید احتجاج کر رہی ہے ۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں خاص طور پر استدعا کرونگا کہ چونکہ وہ مرکزی اسمبلی کے ایک رکن ہونے کی حیثیت میں اس صوبے کے لوگوں کے حقوق کے سر براہ ہیں اور انکے نمائندہ ہیں انکو چاہئیے کہ وہ بھی اس معاملے میں پوری دلچسپی سے کام لیں ۔ جہاں تک اس قرار داد کا تعلق ہے میں یہ خطرہ محسوس نہیں کرتا کہ اس ایوان کے معزز ممبران اسکی مخالفت کرینگے کیونکہ اس سے پیشتر ۱۳۶ ممبران اسی موضوع پر ایک تحریری عرضداشت پر دستخط کر چکے ہیں اور مجھے یہ بھی امید ہے کہ جہاں تحریک عدم اعتماد کے سلسلے میں انہوں نے انتہائی بے اصولی کا مظاہرہ کیا تھا وہ کم از کم اس جرأت کا ثبوت ضرور دینگے کہ انہوں نے علیٰ وجہ البصیرت اس نیک کام میں عمداً اور قصداً حصہ لیا ہے اور اس قرار داد کی تائید و حمایت میں کھڑے ہونگے بجائے اسکے کہ کسی سیاسی مصلحت کی بنا پر اسکی مخالفت کریں ۔

Mr. Speaker: Motion moved is—

That under Rule 142 of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure the following communication from the Assembly may be addressed to His Excellency the Governor, namely:—

"MAY IT PLEASE YOUR EXCELLENCY:

That on the 3rd July 1953 a Full Bench of the High Court of Judicature at Lahore expressed an opinion on a *Habeas corpus* petition moved on behalf of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, a Member of the Legislative Assembly, that the convictions by the Martial-Law Courts were not tantamount to sentences passed by regular courts of law and should be considered as having terminated simultaneously with termination of the Martial Law. But as the Indemnity Act has the force of regularising these convictions, this Assembly begs to address to Your Excellency an appeal to move the Central Government and His Excellency the Governor-General of Pakistan to exercise their powers of Clemency and Amnesty to set aside the convictions of all the Martial Law convicts, specially those of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, Member, Punjab Legislative Assembly and Maulana Maudoodi."

قاضی مرید احمد — (شاہ پور ۔ م مسلم) — حضور والا ۔ جناب محمد افضل صاحب چیمہ نے جو قرار داد پیش کی ہے ۔ میں اس میں حسب ذیل ترمیم پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ ''گورنر جنرل بہادر——————— کی سزائیں معاف کر دیں کی بجائے یہ عبارت ثبت کی جائے ۔

''گورنر جنرل بہادر پاکستان کو یہ تحریر کریں کہ وہ عدالت عالیہ کے ججوں پر مشتمل ایک کمشن کی تشکیل کریں جو مارشل لاء کے قیدیوں اور سزا یافتگان کے مقدمات کو ان کے کوائف کی بنا پر قانون کے مطابق فیصل کریں

جیسا کہ ۱۹۱۹ میں حکومت برطانیہ نے مارشل لاء کے بعد رائل کمشن کے ذریعہ ایسے قیدیوں اور سزا یافتگان کے لئے کیا تھا۔،،

حضور والا۔ پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے جس کے اسلامی ہونے کا آئینی طور پر فیصلہ ہو چکا ہے۔ اس لئے صرف میں ہی نہیں بلکہ ہم سب یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں اسلامی قوانین رائج ہونگے۔ حضور والا۔ جہاں تک میں نے اسلام کو سمجھا ہے اور جہاں تک اس معاملہ کا اسلامی قوانین سے تعلق ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اسلامی قانون کی کوئی شق یہ اجازت نہیں دیتی کہ کسی ملزم کو صفائی پیش کئے بغیر چودہ سال کی سزا دی جائے۔ ابھی پرسوں کی بات ہے قائد ایوان نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ چونکہ اس ہنگامہ و فساد میں وطن دشمن عناصر نے ملک کا تختہ الٹنے کی کوشش کی تھی۔ اس لئے میں ایسے لوگوں کی امداد کرنے کے لئے قطعاً تیار نہیں ہوں،،۔ حضور والا۔ جہاں تک قائد ایوان کے اس ارشاد کا تعلق ہے میں اس کے سامنے سر تسلیم خم کرتا ہوں۔ میں نے اس قرار داد میں یہ ترمیم اسی لئے پیش کی ہے کہ اسیران مارشل لاء میں سے کسی نے اگر فی الواقعہ پاکستان کا تختہ الٹنے کی کوشش کی تھی اور اس کا یہ جرم ثابت ہو جائے تو میں سب سے پہلا شخص ہوں گا جو اپنے ہاتھ سے ایسے شخص کے گلے میں پھانسی کا پھندا ڈالوں گا خواہ وہ شخص عبدالستار خاں نیازی ہو یا مولانا مودودی۔

میں نے چیمہ صاحب کی قرار داد میں جو ترمیم پیش کی ہے وہ عین انصاف ہے۔ اس میں یہی کہا گیا ہے کہ ایک تحقیقاتی ٹریبونل مقرر کر دیا جائے جس طرح کہ ۱۹۱۹ء میں نافذ شدہ مارشل لاء کے بعد ایک کافر اور غیر ملکی حکومت نے ہندوستان کے ہندوؤں سکھوں اور مسلمانوں کے لئے ایک رائل کمشن مقرر کیا تھا تا کہ کوئی بے گناہ مارشل لاء کی زد میں آ کر پس نہ جائے۔ کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ لاالہ الااللہ کہنے والے حکمران لاالہ الااللہ کہنے والے مسلمانوں کو ۱۴-۱۴ سال کی سزا دے دیں جبکہ عدالت عالیہ کے چیف جسٹس نے یہ فیصلہ دے دیا ہو کہ موجودہ مارشل لاء کی سزائیں آئینی طور پر غلط ہیں۔

Minister of Agriculture: On a point of order, Sir. I think this motion is not according to the Rule. The rule is —

"The motion must not relate to a matter on which resolution could not be moved".

And about a resolution, in Rule 114 (c), it is given as follows —

"It shall not relate to any matter which is not primarily the concern of the provincial Government".

The matter is not primarily the concern of the provincial Government; on the other hand it primarily relates to the Central Government. Therefore, this motion, under the rules, cannot be brought before the House.

Mr. Speaker: I am afraid I have to over-rule this point of order. This is a motion made under a particular Rule which provides for recommendations to be made from the Assembly to the Governor and, is, therefore, not covered by Rule 114.

قاضی مرید احمد — جناب والا - میں نے انڈمنٹی ایکٹ کا مطالعہ کیا ہے - میرے نزدیک اس کی حیثیت ایک سراب سے زیادہ نہیں جو دور سے پانی کی طرح دکھائی دیتا ہے لیکن اس کی حقیقت محض ایک دھوکا ہے -

صاحب سپیکر — آپ اسے زیر بحث نہیں لا سکتے -

قاضی مرید احمد — حضور والا - یہ ہو سکتا ہے کہ مارشل لاء کے قیدیوں میں کوئی گناہ گار ہو لیکن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی بھی گناہ گار نہ ہو - اسی لئے میں نے یہ گذارش پیش کی ہے کہ ایک ٹریبونل مقرر کیا جائے تا کہ حقیقت سامنے آ جائے -

حضور والا - اس ہاؤس میں بعض چھوٹے چھوٹے معاملات کے لئے اسلام اور قران کریم کی آڑ لی جاتی ہے - لیکن سینکڑوں مظلوموں پر قانون و انصاف کے دروازے بند کر کے قرآنی احکام کی سراسر خلاف ورزی کی جا رہی ہے - قرآن میں اس طرز عمل کا ذکر ان الفاظ میں آیا ہے -

افتومون ببعض‌الکتاب و تکفرون ببعض -

ان حالات میں قرآن کریم کی تعلیمات کے مطابق میرا یہ اسلامی فرض ہے اور مسلم لیگ پارٹی کے رکن کی حیثیت سے میری یہ ذمہ داری ہے کہ ہر وہ فیصلہ جو قرآن کے احکام کے خلاف ہو اسے برملا ٹوک دوں کیونکہ قرآن کریم نے تین مرتبہ اعلان کیا ہے - ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاو لئک ھم‌الظالمون - ومن لم یحکم بما انزل‌اللہ فاؤلئک ھم الفاسیقون و من لم یحکم بما انزل‌اللہ فاؤلئک ھم الکافرون،

یعنی جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے احکام کے تحت اپنے معاملات اور مقدمات کا فیصلہ نہیں کرتے وہ ظالم ہیں وہ فاسق ہیں اور وہ کافر ہیں -

حافظ خواجہ غلام‌سدیدالدین — پوائینٹ آف آرڈر - جناب والا - ہم روز یہاں ایسے فیصلے کرتے ہیں جو اللہ کے احکام کے تحت نہیں ہوتے تو کیا ہم وہ تینوں کے تینوں ہیں ؟ (قہقہہ)

قاضی مرید احمد — حضور والا - پچھلے سیشن میں اس ہاؤس کے ۱۳۶ معزز ممبران نے جو یقیناً اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ وہ قوم کے سامنے جوابدہ ہیں اور سب سے زیادہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے دربار میں جوابدہ ہو

سکتے ھیں سوچ سمجھ کر یہ کہا تھا کہ مارشل لاء کے اسیروں کو رہا کیا جائے۔ میں سمجھتا ھوں کہ کم ازکم میں نے سوچ سمجھ کر اور اپنے قلم سے دستخط کئے تھے (ھو سکتا ھے کہ بعض اصحاب نے دستخط کرتے وقت دوسروں کے قلم استعمال کئے ھوں) اب میرا ضمیر اور ایمان مجھے یہ اجازت نہیں دیتا کہ جس حقیقت کو میں دسمبر ۱۹۵۳ میں صحیح اور اسلامی سمجھتا تھا اسے آج فروری ۱۹۵۴ میں غلط سمجھوں۔ آج ھمیں ضرور اپنی حکومت کا اس کافر حکومت کے ساتھ مقابلہ کرنا چاھیئے جسے ھمارے ساتھ کوئی ھمدردی نہ تھی۔ نیز یہ دیکھیں کہ آج کے مارشل لاء کے حالات کیا ھیں اور اس وقت کے حالات کیا تھے۔ اس کافر گورنمنٹ کے زمانے میں دو مرتبہ مارشل لاء نافذ کیا گیا۔ ۱۹۱۹ کا مارشل لاء اور ناگپور کا مارشل لاء۔ میں کہتا ھوں کہ اس وقت کی کافر حکومت اگر پسند کر سکتی تھی کہ اس کی رعایا کے کسی فرد پر بھی مارشل لاء کی وجہ سے کوئی ناجائز ظلم نہ ھو تو کیا وجہ ھے کہ ھماری اسلامی حکومت اس چیز کا لحاظ نہ رکھے۔ اس حکومت نے ایک رائل کمشن مقرر کیا اور نہایت رواداری کے ساتھ بلکہ ایمانداری کے ساتھ مارشل لاء کے قیدیوں کی رھائی کے لئے ایک راہ جواز اور ایک ''شارٹ کٹ،، پیش کر دیا۔ میں پوچھتا ھوں کہ آج ھماری راہ میں کونسی رکاوٹ ھے جو ھمیں ایسا اقدام نہیں کرنے دیتی۔ ھم مرکز کی خدمت میں نہایت مودبانہ طور پر اور عجزو انکسار کے ساتھ .....

Mr. Joshua Fazl-ud-Din: On a point of order. The honourable member has referred to the British Government as '*kafir* Government'. Do I take it that the British Government is 'kafir Government'?

Mr. Speaker: The honourable member should not use this word.

قاضی مرید احمد — میں غیر مسلم گورنمنٹ کہوں گا۔ حضور والا۔ میں یہ گذارش کر رھا تھا کہ اگر غیر مسلم گورنمنٹ یہ پسند کر سکتی تھی کہ کسی فرد پر بے جا ظلم نہ ھو تو ایک مسلم حکومت پر قرآنی نقطہ نگاہ سے سب سے پہلا فرض یہ عائد ھوتا ھے کہ اگر کہیں بے جا ظلم ھونے کا احتمال ھو تو وہ اسے روکنے کے لئے تساھل نہ کرے۔ میری سمجھ میں تو وہ وجوھات نہیں آتیں جو مرکز کی خدمت میں یہ اپیل اور التجا کرنے میں حائل ھو سکتی ھوں اگر ھم کشمیر اور مہاجرین کے معاملہ میں اس قسم کی التجا کر سکتے ھیں تو کیا وجہ ھے کہ ھم اسیران مارشل لاء کے سلسلہ میں ایسا نہ کریں۔ کیا آپ پسند کرتے ھیں کہ

درجنوں بے گناہ مظلوم قید و بند میں تڑپتے رہیں ؟ کیا ہمارا ایمان اور ضمیر ہمیں اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ ہم ایک بے گناہ اور مظلوم سے چشم پوشی کرکے گزرجائیں - پارٹی میٹنگ میں قائد ایوان نے فرمایا تھا کہ بعض اوقات prestige کا سوال پیدا ہو جاتا ہے - میں نے پارٹی میٹنگ میں بھی عرض کیا تھا (کیونکہ میں جیل کی تاریک کوٹھڑی دیکھ چکا ہوں) اور اب پھر کہوں گا کہ کسی بڑے سے بڑے لیڈر کی prestige کسی مظلوم قیدی کی زندگی کے ایک منٹ کے سامنے بھی کوئی حیثیت نہیں رکھتی - اسلئے میں نہایت ادب کے ساتھ اس ایوان کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ آج سینکڑوں گھر برباد ہیں - سینکڑوں مظلوم مسلمان ان تاریک کوٹھڑیوں میں رات بھر ٹھنڈی آہیں بھرتے ہیں اور ہم سے انصاف کی درخواست کر رہے ہیں میں - نے پہلی وزارت کو کہا تھا کہ کافر عادل حکومت قائم رہ سکتی ہے لیکن ظالم حکومت قائم نہیں رہ سکتی - (ایک معزز ممبر - پیش گوئی کی تھی ؟) پیش گوئی نہیں تھی میرا اندازہ تھا اور وہ بالکل درست نکلا - میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس معزز ایوان کو یہ احساس نہیں ہے کہ اس وقت سینکڑوں مظلوم ہماری جیلوں میں تڑپ رہے ہیں اور ان کے خاندان تباہ و برباد ہو رہے ہیں ؟- اگر اس ایوان نے ان مظالم کا سد باب نہ کیا اور ان مظلوموں کی داد رسی کیلئے حکومت نے کوئی اقدام نہ کیا تو ایک خطرناک تغافل ہوگا حضور عربی نے فرمایا ہے مظلوم کی امداد ہاتھ سے کی جائے یہ نہ ہو سکے تو زبان سے اسکی داد رسی کی جائے - اگر اسکی بھی ہمت نہیں تو مجھے ڈر ہے کہ کہیں میری پیش گوئی جو میں نے پچھلی حکومت کے لئے کی تھی پھر درست ثابت نہ ہو - اس لئے میں نہایت ادب کے ساتھ قائد ایوان کی خدمت میں اور معزز اراکین کی خدمت میں اور خصوصاً ان اصحاب کی خدمت میں جن کے نام آج اشتہارات میں بڑے جلی حروف میں شائع ہوئے ہیں جن میں ملک قادر بخش - بیگم شاہنواز - اور میاں ممتاز محمد کے نام شامل ہیں عرض کرونگا کہ وہ ان مظلوموں کی داد رسی کے لئے بہت جلد کوئی اقدام کریں - نیز وہ ۱۳۶ ممبران جن میں سے ہر ممبر ایک ایک لاکھ کا نمائندہ ہے کان کھول کر سن لیں کہ کیا وہ اپنی قوم کے سامنے دوبارہ جانے کے لئے تیار نہیں ؟ کیا ان کو یقین نہیں کہ انہیں خدا کے دربار میں حاضر ہونا پڑیگا ؟ اسلئے میں نہایت ادب کے ساتھ التجا کرتا ہوں کہ میری ترمیم کو قبول کیا جائے اور ایک ایسا ٹریبونل مقرر کیا جائے جو عدالتی معیار پر نئے سرے سے اسیران مارشل لا کے مقدمات کی تحقیقات کرے -

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is—

That in line 11 of the proposed communication for the words "to exercise their powers of Clemency an Amnesty to set aside the convictions of all Martial Law convicts, specially those of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, Member, Punjab Legislative Assembly, and Maulana Maudoodi" occurring after the word "Pakistan", the following be substituted:—

"for forming a Commission of the Judges of the High Court to try the cases of the prisoners and convicts of Martial Law on merits and in accordance with law, as it was done in 1919 by the British Government after Martial Law with such prisoners and convicts through the Royal Commission".

Does the Honourable mover of the original motion accept this amendment ?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: No, Sir, I do not accept it. But I want to give reasons for not accepting it.

Mr. Speaker: I do not want any reasons.

The question is—

That in line 11 of the proposed communication for the words "to exercise their powers of Clemency and Amnesty to set aside the convictions of all Martial Law convicts, specially those of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, Member, Punjab Legislative Assembly, and Maulana Maudoodi", occurring after the word "Pakistan", the following be substituted:—

"for forming a Commission of the Judges of the High Court to try the cases of the prisoners and convicts of Martial Law on merits and in accordance with law, as it was done in 1919 by the British Government after Martial Law with such prisoners and convicts through the Royal Commission".

The motion was lost.

***Mian Muhammad Shafi:** (Montgomery VII, Muslim, Reserved Seat): Sir,.....

Mr. Speaker: If the honourable member wants to speak in English, he must first declare that he can express better in English.

Mian Muhammad Shafi : Am I supposed to make a declaration every time ?

Mr. Speaker: Yes.

Mian Muhammad Shafi: I declare that I can express myself better in English. But I can also speak in Punjabi which is my national language.

Mr. Speaker: Go on with your speech.

Mian Muhammad Shafi: Sir, the Martial Law in the Punjab as it was imposed by the Central authorities was the biggest farce in the history of Punjab since the establishment of Pakistan. I want to recall the attention of this House to the recent happenings in Calcutta. Do you know what happened there ? Teachers went on strike and that strike assumed the foam of little demonstration and it led to further trouble. The police was called in and they used teargas to disperse the processionists. The processionists came back and resisted it. Then they had to call army into support of civil administration. Sir, thousands of people were injured and a few dozens were killed. Trams were looted and burnt and everything possible that could be thought of in terms of lawlessness took place in that part of the world. Glaring and flaring headlines appeared in the columns of Indian papers regarding this trouble.

What happened for six days in Calcutta was never heard of in the history of West Bengal. But the authorities there did not run or gave an S. O. S. to the Central Government to impose Martial Law upon their city. All that happened was that the good men of that city, nice people, honourable men in that State, came to intervene and secure a settlement of the dispute. Today they say the city is normal.

What happened here? I was one of those people who were victims and I had to pay a very heavy price for that untold suffering, incarceration, intimidation,

*Uncorrected speech.

closing of my paper with all the consequent financial losses for which I think my friend Mr. Daultana was responsible. Sir, I know that nothing had happened here at a scale at which it happened in Calcutta. The demonstrators peaceful people winding their ways in the streets of Lahore and coming and dispersing at this place, till you brought your Police Force, were provoked and then there were, I agree, certain mischievous people spreading false rumours that the Quran was burnt and the situation was worsened, and a Deputy Superintendent Police was murdered and later on, the Honourable Speaker knows it personally.....

Mr. Speaker: Order please. The Speaker should not be dragged into this discussion.

Mian Muhammad Shafi: Right Sir. On the 6th of March when passions had run high, when the people's feelings had reached a stage where they were not tactfully handled, certain incidents had taken place and a few had been man-handled, shops had been burnt, some men here pulled the wire at Karachi. I know it is a very sordid story, it is a very painful story because people have been demoralised. The truth will be known one day. It had not been fully told before the Inquiry Committee. When the whole story is told, then, it will be known that there was a conspiracy behind the whole thing. The idea was to spread a red carpet for the coming of certain people.

Sir, everyone in this House who was a member of the Muslim League Party knows that I hold no brief for the people who went out, but I as a humble citizen of this State, as a humble member feel that it is my duty to speak the truth. The truth is that the whole thing was done under a plan. It is possible that the Honourable Chief Minister may have been an innocent tool in the game, but he would not have been the Chief Minister today if this conspiracy had not taken place. Some petty strategist, some paid intriguers went into contact with the Central Authorities and when the whole atmosphere was getting calm, they said the City of Lahore would be burnt to ashes, nothing would be left and that the whole of the Punjab would be engulfed. A Minister of the Central Government told me that without consulting the Central Government he got in touch with the Military Authorities and clamped upon this unfortunate city Martial Law with all its gravities. Sir, I have seen the Army-days when I was in the Borstal Jail. They would put innocent men on the tick-tick from boys of 16 to old men of 60 and give stripes on the bare back and these people would say اور یا رسول اللہ لا الہ الا اللہ and then those Johneys would sit down and have a drink of bastard beer and whisky. Sir, I saw all these things....

Chief Minister: How is it relevant ?

Mian Muhammad Shafi: I saw all these things I swear....

Mr. Speaker: Order please.

Mian Muhammad Shafi: Mr. Niazi, an honourable member of this House is a victim of this conspiracy. He used to be a personal friend of the present Leader of the House. Maulana Maudoodi....

Mr. Speaker: We are not considering individual cases.

Mian Muhammad Shafi: We are to address a communication in which these individuals have been specially mentioned.

Mr. Speaker: Merits of individuals do not come in at all.

Mian Muhammad Shafi: He was not a member of the *Majlis-e-Amal*. He was not taking any prominent part when the Police started firing. On the 3rd March he went to the Wazir Khan Mosque in order to control the masses, in order to pacify them. When one of their officers was killed, they went of their heads, they went mad. Some of their officers took oath on the Quran, on the Bible—I could tell you their names but I will not, because they cannot defend themselves here. The then D. I. G., C. I. D. came to me, looked into my eyes and

asked a few questions. I told him that he could not frighten me. I refused to be cowed down....

Mr. Speaker: How is the personal case of the honourable member relevant to this issue ?

Mian Muhammad Shafi: All right Sir. They got hold of Mr. Niazi and he was put to the worst possible torture and the D.S.P. of the Police abused him ماں کی گالی and then Mr. Niazi gave him a slap on his face which he will never forget. Mr. Niazi was sentenced to death—on what charge ? Not of murder, but under Section 124 (*a*). Sir, the charge of the death of the D. S. P. was completely proved to be false by Chaudhri Nazir Ahmad, M. C. A. It was proved to be utterly false. Then, there is Maulana Maudoodi—that venerable Alam of this country who was invited to this country by no less a person than Hazrat Allama Iqbal. There were posters from the 6th of March that Maulana Maudoodi has run away. Muslims accused him of being a person who did not take interest in the movement. These men got hold of him because there was a pamphlet on Ahmadyat. Sir, he was dragged into the Martial Law Court and sentenced to death on issues that are religious controversies. It is you who have brought about this situati, Every one of you right from the top to the lowest strata shouted Islam, Islam, ہُو *Parho*, *Darood Lailaha IllAllah* (*Laughter*). No one should laugh. Everyday have got to say something about every one of you—a former Minister or a present Minister. Sir, I was the only man in the humbly weekly paper Iqdam who in a way gave a rationale to that demand. I was the only man who had the courage of conviction and the former Minister, Mr. Chatha remembers it that the Leader of the Party was dealing with the movement on a Police level. I told him that it did not become him as a publicman and that he should go to the people and either support the movement or oppose it. Then, there was a statement in the *Civil and Military Gazette* of the 4th of March. I hope you will bear me out that I was like Mr. Niazi, a victim of conspiracy. The then rulers of this Province were liquidated. And all this was done to make way for new people, with larger international contacts. I say, that one day the people of this Province, the people of this State, the people of Asia will know the role which they played. It did not become us. Men like Mr. Daultana were supposed to be a little progressive. He was talking in terms of tenants and masses. He issued a statement which I saw was splashed in the *Times of London*. It was attributed to him, that we should get out from the U. N. because we cannot expect any fairness from it. At that time I knew that this man was in trouble or was inviting trouble. Since then a number of events have taken place culminating in Martial Law. Our Muslim Army was used against the Muslim people and the people said, "Is this the Pakistan Army for which we have shouted 'Zindabad' and it is killing us". You may think whatever you like of General Azam Khan, but he has done incalculable harm to the prestige and dignity of the Army by employing it for petty purposes, for petty personal intrigues and you forgot the higher interests of the nation.

Sir, I want to say that men who had been implicated in the Martial Law and awarded sentences of death and imprisonment are all innocent persons. They must all be released and I respectfully ask the Leader of the House and his colleagues that they give their unqualified and unflinching support to the motion that a communication from the Assembly may be addressed to His Excellency the Governor of the Punjab to move the Central Government and His Excellency the Governor-General for the unconditional release of all these people who had been suffering for the last 11 months behind bars. They are all innocent people.

Chief Minister: (THE HON'BLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON) : Sir, a great deal of heat has been brought into this debate and at times perhaps the heights of oratory have carried some members of the Opposition beyond the limits of relevancy. So far as the resolution is concerned, the question is a very simple one. Martial Law was declared in Lahore in order to restore law and order. The

Martial Law Courts convicted certain persons, rightly or wrongly we are not concerned with it, of certain offences and punished them with imprisonment....

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. The Honourable Chief Minister has said, "Rightly or wrongly we are not concerned with it"....

Mr. Speaker: This is no point of order.

Mr. C. E. Gibbon: The Honourable Chief Minister has said this on the floor of the House. We are the representatives of the people and we are concerned with this and we intend to make ourselves concerned with this.

Mr. Speaker: Order please.

Chief Minister: Sir, I was just stating, before the honourable member felt it his duty to take a chance of making a speech which he did not make a few minutes ago....

Mr. C. E. Gibbon: I can make a speech now, Sir.

Mr. Speaker: Order please.

Chief Minister: Some persons were convicted by the Martial Law Courts and sentences of various terms of imprisonment were awarded. Thereafter the Central Legislature had to pass an Indemnity Act by which the sentences imposed by the Martial Law Courts were confirmed. Let us be quite clear about one thing and that is this that there is an impression in the country that Martial Law is some kind of Military Law which comes into force when the ordinary Civil Government breaks down. That is not the case. Martial Law is no law at all....

Mr. C. E. Gibbon: *"Shabash"*.

Chief Minister: It is a negation of law (*Cheers from the Opposition Benches*) and, therefore, as soon as the Martial Law period ends and the Civil Administration is restored, anything done by the Martial Law Courts, during the period when they were in possession of the situation, was done under no law at all and, therefore, in order to regularise things which were done under no law at all, the Assembly, which in this case is the Central Assembly, passes an Act confirming the sentences passed by the Martial Law Courts. If the Central Assembly had not passed that Act all the persons would have had to be released. Now, your representatives in the Central Legislature have provided in that Indemnity Act that a Judge of the Federal Court shall be appointed to go through all the records and make recommendations with regard to all those persons who have been convicted under the Martial Law. Now, if the Federal Court Judge says that they were wrongly or unjustly punished or that they have undergone sufficient punishment, then, those persons will be released by His Excellency the Governor-General under his general powers of clemency. In addition to this provision in the law, every Martial Law prisoner is also entitled to put in a petition of mercy with the Governor-General for his release if he considers himself unjustly committed. Therefore, it is quite open to all the persons who have been convicted under the law that exists to seek their release through two channels, namely, (1) through the recommendation of a Federal Court Judge, who will revise all the cases and (2) by a direct appeal to the Governor-General, which every person is entitled to make.

How what does this resolution do? The mover of this resolution knows quite clearly that many people have filed their mercy appeals and all prisoners' cases will be considered by the Federal Court Judge. Honourable members know fully well that the case of every prisoner is going to be revised by the Federal Court Judge. They also know fully well that persons have filed petitions of mercy with the Governor-General for their release. But unfortunately *sifarish* has become a part and parcel of our nature in this country. The members of the Opposition, who are always so loud in condemning *sifarish* in civil cases, have now come forward and indulged in *sifarish* on such a large scale as to involve the whole legislature.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. There has been a serious breach of the privileges of the members of this House.

Mr. Speaker: What is the point of order ?

Mr. C. E. Gibbon: It is this that there is no question of *sifarish*. Under the rules we have every right to make recommendations from the Assembly.

Mr. Speaker: This point of order is over-ruled.

Mr. C. E. Gibbon : It cannot be over-ruled. Please listen.

Mr. Speaker: I have listened and over-ruled this point of order.

Mr. C. E. Gibbon: You have over-ruled something which you have not heard.

Mr. Speaker: I have heard everything. Will the honourable member kindly resume his seat ?

Chief Minister: Sir, I am glad that the shoe has pinched where it should pinch, and I am glad that some members of the Opposition do have certain amount of conscience of which Mr. Gibbon has given proof of the existence of that conscience that they do not believe in *sifarish*. But unfortunately their conduct in bringing forward this resolution is likely to give an impression to the poeple that the question of *sifarish* has become the very part and parcel of the very narrow of the bones of some people in this country and not content with this ,they try to get signatures of hundreds of people asking, 'please release the uncle or the nephew of such and such who has stolen and sold a cow or murdered a man '. Now, the honourable mover of this resolution has come forward to implicate the whole House on a grand scale of *sifarish* saying 'This House recommends to the Governor-General to release all prisoners, whether they are murderers, traitors or rebellious people, whether they have committed any crime or not'. If the resolution had been that we want to recommend that their cases should be considered and innocent persons should be let off, there would have been some sense. But a wholesale resolution that every prisoner who had been convicted by Martial Law Courts must be released irrespective of the fact whether he was guilty or not , has no sense. We must not forget that Martial Law was brought in when some people of our own country had created a situation which threw us into that rebellion where a brother was pitted against a brother, where a Muslim was fighting against a Muslim and a Pakistani against a Pakistani, and had weakened this country to such an extent that if the Government had not called in the force of army, this town would have been burnt into ashes and innocent women would have been abducted. Houses had been marked, as they were marked by chalk at the time of the last disturbances by Hindus and Sikhs, that that house would be burnt by so and so. All the goondas were going to have a rule in this Province. It was at that time that the army was called in. I say if there were any countrymen of ours who indulged in that rebellion which was almost inviting foreigners to come in and invade your country and take away all your liberty, then those people were the traitors and if they were punished, they were punished rightly. It has been said that this is an Islamic State and must follow Islamic principles. I tell you that if in the days of the Holy Prophet such things were organised against Muslims by Muslims within the Muslim State, then the heads of all of them would have been chopped off and there would have been nobody here to move such resolutions or to file appeals for mercy. The work of the Government is difficult. It has a responsibility towards its people. We have got to guarantee peace in this country and a very heavy responsibility rests on the shoulders of the members of this House who represent the public and whose duty is to see that innocent persons are released and guilty ones are punished, so that they may not pick up courage in future. Therefore, I suggest that it is against the dignity of this House to start recommendations of this nature which under the law are not necessary.

Secondly, for this House it is not necessary to make recommendations to the Governor. You can pass a resolution and then ask the Honourable Speaker to convey it to the Government. Why trouble the Governor and why make appeals for mercy. This is below the dignity of this House. Therefore, I strongly recommend to this House to reject this resolution out of hand.

*میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۵ مسلم) — جناب صدر۔ وزیر اعلیٰ نے اس تجویز کے خلاف جو ارشادات فرمائے ہیں ان میں جذباتی رنگ پایا جاتا ہے۔ میں اس سے قطع نظر واقعات کی بنا پر یہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ موجودہ طرز عمل جو پنجاب کی حکومت اور مرکزی حکومت نے اسیران کے متعلق اختیار کر رکھا ہے وہ غلط اور خلاف مصلحت ہے۔ ان کا پہلا ارشاد اور دلیل یہ تھی کہ مرکزی حکومت نے انڈیمنٹی ایکٹ کے ذریعہ ان سب فیصلوں کو صحیح قرار دیدیا ہے جو مارشل لا کے دوران میں کئے گئے تھے۔ انہوں نے مسلم سٹیٹ اور ''مسلم،، کے لفظ کا جو استعمال کیا ہے کہ یہ مسلم سٹیٹ ہے تو میں ان سے یہ درخواست کرونگا کہ مسلم سٹیٹ کا اس زمانہ میں ذکر نہ کیا کریں کیونکہ اس طرح اسلام کی توہین ہوتی ہے اس میں جو چیز اسلام سے منسوب کی جاتی ہے وہ فی الواقع اسلام میں نہیں ہوتی مگر لوگ خواہ مخواہ اسلام کا نام لے دیتے ہیں۔

حضور والا۔ میں آپ کی وساطت سے یہ دلیل پیش کرتا ہوں کہ اس ایوان میں کئی حضرات ایسے موجود ہیں جو اس تہذیب کی پیداوار ہیں اور جن میں ہمارے وزیر اعلیٰ بھی شامل ہیں۔ غالباً ان کو وہ واقعات یاد ہوں گے جو انگریز کی حکومت کے ساتھ وابستہ تھے۔ انگریزی حکومت کے وہ واقعات۔ مارشل لا کے واقعات کب رونما ہوئے تھے؟ شائد بعض لوگ بھول گئے ہوں مگر میں بتا دوں کہ مارشل لا کے وہ واقعات مارچ ۱۹۱۹ میں رونما ہوئے تھے۔ میں چیف منسٹر صاحب سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا اس غیر ملکی حکومت نے جس کو اس ملک کے عوام کے ساتھ قطعاً کوئی ہمدردی نہیں تھی آپکی طرح کوئی Indemnity Act پاس کیا تھا؟ اس غیر ملکی حکومت نے تو مارشل لا کے فیصلوں کا جواز ثابت کرنے کی بھی کوئی کوشش نہ کی (وزارتی ارکان ۔ کی تھی)

Chief Minister: The honourable member is wrong. An Indemnity Act was passed.

میاں عبدالباری — وہ صرف قلیل عرصے پر عبور حاصل کرنے کی غرض سے کیا گیا تھا مگر اسکے فوراً بعد عام معافی کا اعلان کر دیا گیا

*Uncorrected speech.

تھا ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کے عہد میں مارشل لاء کو ختم ہوئے کتنا عرصہ گذر چکا ہے ۔ انگریز کے زمانے میں تو Indemnity Act کے جلد بعد ایک کمشن مقرر کیا گیا تھا ۔ مگر آپ کے مارشل لاء کے بعد اب تک کتنا عرصہ گذر چکا ہے ؟ مارشل لاء کب نافذ ہوا تھا ؟ اسکے نفاذ کے بعد اسے ختم ہوئے بھی ایک طویل عرصہ گذر چکا ہے ۔ مگر انگریزی حکومت کے زمانے میں مارشل لاء کے چند ماہ بعد ہی ایک کمشن مقرر کیا گیا تھا جس نے یہ سفارش کر دی تھی کہ مارشل لاء کے سارے قیدیوں کو رہا کر دیا جائے ۔ کیا آپ اس کا بھی انکار کرتے ہیں ؟ آئیے اس بات کا بھی انکار کیجئے ؟ الغرض اس وقت ایک کمیشن مقرر کیا گیا تھا جس نے مارشل لاء کے تمام قیدیوں کی رہائی کی سفارش کر دی تھی حالانکہ ان قیدیوں میں ایک بھی انگریز قیدی شامل نہیں تھا مگر پھر بھی انہوں نے ایک فراخدلانہ پالیسی اختیار کی ۔ کیا آپ ہنٹر کمیشن جتنی ہمدردی بھی اپنی قوم کیساتھ روا نہیں رکھتے جو کہ اس نے ایک غیر قوم اور ایک غلام اور بے بس قوم کے حق میں ظاہر کی ۔ (آوازیں — یہ سب ہنٹر ہیں ۔ قہقہے) ذرا غور تو فرمائیے کہ ہنٹر کمیشن نے یہ سفارش کس کے لئے کی تھی کہ ہر قیدی کو فوراً چھوڑ دیا جائے ۔ اور بغیر کسی شرط عائد کرنے کے سارے قیدیوں کو چھوڑ دیا جائے اور حکومت نے بھی تمام قیدیوں کو غیر مشروط طور پر چھوڑ دیا تھا ۔ آخر ایک قوم نے ایک غیر ملکی قوم کے ساتھ یہ ہمدردانہ سلوک کیوں روا رکھا ؟ اسکی وجہ یہ ہے کہ انگریزوں کو ایک طویل عرصہ تک حکمران رہنے کے باعث لوگوں کی سائیکالوجی سے واقفیت ہو گئی تھی مگر آپ لوگ اگرچہ بظاہر انگریز نما انگریز صورت اور انگریزی لباس میں ملبوس ہیں مگر ۲۰۰ سال کی غلامی کی وجہ سے آپ کی ذہنیت اور فہم و شعور کھویا گیا ہے ۔ انگریز جانتا تھا کہ عوام کے دلوں سے مارشل لاء کے بارہ میں غیض و غضب اور کدورت نکالنے کے لئے ہمدردانہ سلوک ممد و معاون ہوگا ۔ مگر آپ میں شائد یہ بات سمجھنے کی استعداد ہی نہیں ۔ آپ فیڈرل کورٹ کے جج پر بھی کامل اعتماد نہیں رکھتے کہ وہ مارشل لاء کی سزاؤں کی جانچ پڑتال کر کے آخری اور قطعی فیصلہ کر سکے ۔ میں سچ عرض کرتا ہوں کہ جب میں نیازی صاحب سے جیل میں ملا اور میں نے ان سے کہا کہ آپ فیڈرل کورٹ کے جج کے روبرو اپیل کیوں نہیں کرتے تو انہوں نے جواب میں جو کچھ فرمایا میں نے اس سے اتفاق کیا انہوں نے غصے میں آکر انگریزی میں فرمایا I am the Architect of Pakistan ان کی عادت ہے کہ غصے میں آئیں تو با آواز بلند انگریزی

میں بولنا شروع کر دیا کرتے ہیں اور آپ کو تو معلوم ہی ہے کیونکہ وہ آپکے (چیف منسٹر کے) زبردست supporter تھے۔ تو خیر انہوں نے فرمایا کہ میں پاکستان کو کسی طرح تباہ نہیں کرنا چاہتا۔ میں صرف اسکی اصلاح کرنا چاہتا ہوں۔ میں فیڈرل کورٹ میں بھی درخواست دینے کو تیار ہوں بشرطیکہ آپ صرف دو شرطیں گورنمنٹ سے منظور کرانے کی ضمانت دیں ایک تو یہ کہ میرے خلاف جتنے کاغذات ہیں وہ فیڈرل کورٹ کے سامنے پیش کر دیئے جائیں اور دوسرے یہ کہ فیڈرل کورٹ کو آخری اور قطعی فیصلہ صادر کرنے کا پورا اختیار دے دیا جائے اور گورنمنٹ اس فیصلے میں دخل اندازی نہ کر سکے اور یہ نہ ہو کہ فیڈرل جج کے فیصلے کو سنٹرل گورنمنٹ چاہے تو مانے اور چاہے تو ایک فرعون بے سامان کی طرح ٹھکرا دے۔ نیازی صاحب نے فرمایا کہ قومیں اس طرح نہیں بنا کرتیں۔ قومیں حقوق کی بنا پر ڈٹ جانے والے افراد کی قربانیوں سے بنا کرتی ہیں۔ رہبران قوم کو یہ اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ ان کے کندھوں پر ایک بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ میں مولانا مودودی صاحب کا ذکر نہیں کرتا البتہ مولانا نیازی صاحب کیطرف سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ ہمارے منسٹر صاحبان سے بھی پہلے کے پختہ مسلم لیگی ہیں۔ انہوں نے اس وقت مسلم لیگ اور پاکستان کے جھنڈے کو اٹھایا تھا جبکہ آجکل کے اکابرین لیگ ابھی اغیار کے دامن میں تھے۔ بعد میں بھی نیازی صاحب کے اعمال پر پاکستان کی ہمدردی کے سلسلے میں کوئی شخص بھی شک و شبہ نہیں کر سکا۔ اگر ان کو اس امر کی ضمانت دی جائے کہ چیف جج صاحب کا فیصلہ آخری اور قطعی ہوگا اور اسکو مرکزی حکومت مطمئن ہوکر مان لیگی اور فیڈرل کورٹ کے فیصلے میں دخل انداز نہیں ہوگی تو وہ درخواست دینے کو تیار ہونگے۔ اور اگر عدالت کے فیصلوں میں یونہی دخل اندازی ہوتی رہی تو قوم کی بنیادیں متزلزل ہو جائینگی۔ حکومت کے حواریوں کو بھی سوچ سمجھ کر ووٹ دینا چاہئے۔ ہر غلط اور ناجائز چیز کی اندھا دھند حمایت کرنے سے قوم کا مزاج بگڑ جائیگا۔ ہر جابر حاکم کی متابعت کرنے والی قومیں تباہ ہو جایا کرتی ہیں۔ اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ معزز ارکان زیر غور قرار داد کی تائید کریں گے۔ و آخر دعونا ان الحمد للہ رب العالمین۔

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ سب سے پہلے میں وزیر اعلیٰ صاحب کے ارشادات کو ملحوظ رکھتے ہوئے جواب دینے کی کوشش کرونگا۔

صاحب سپیکر — جوابی تقریر صرف آپ ہی نے کرنی ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ وزیر اعلےٰ صاحب نے سب سے پہلے یہ فرمایا ہے کہ Courts Martial نے خواہ درست یا نا درست طریق پر جو سزائیں بھی دیں ان سے ہمارا کوئی تعلق نہیں۔ میں ان کے الفاظ من و عن پیش کرنے کی کوشش کرونگا۔ تا کہ غلط فہمی کا امکان ہی نہ ہو۔ میں نے ان الفاظ پر پوری توجہ سے غور کیا ہے۔ مارشل لاء سے ان کی ہمدردی اور اس کے ماتحت دی ہوئی سزاؤں کے جواز میں صرف ایک بات ہی نظر آئی ہے یعنی یہ کہ شاید یہ اسی مارشل لاء کے فیوض و برکات کا نتیجہ تھا کہ اس وزارت عظمیٰ کی مسند خالی ہوئی جسے پر کرنے کے لئے انہیں بیرون ملک سے در آمد کرنا پڑا۔

Mr. Speaker: Why cannot the honourable member resist the temptation of being irrelevant ? He made quite a relevant speech in the beginning.

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ درست یا نا درست جو سزائیں بھی دی گئی ہیں ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ حقیقت ہے جس کا اظہار جناب وزیر اعلےٰ صاحب نے کیا ہے جناب والا۔ اگر وہ واقعتاً اس صوبہ کے عوام کے نمائندے ہوتے تو ان کا انتخاب آزادانہ طور پر ہوتا۔ ہوا یہ کہ پہلے آپ کو وزیر اعلیٰ بنایا گیا اور اس کے بعد رسمی طریق سے وزارت عظمیٰ کے عہدے کی برکت سے آپ اس اسمبلی کے بلا مقابلہ ممبر بنے۔

Mr. Speaker: How is that relevant again ? Please do not refer to the election of the Chief Minister.

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ میری عرض یہ ہے کہ اس لاہور میں جو صوبے کا دارالخلافہ ہے اگر وہ یہاں کے لوگوں کے حقوق کی حفاظت کرنے سے قاصر رہے ہیں تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ کیا انہوں نے ان مظالم کا ذکر کراچی کی اسمبلی میں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ صحیح معنوں میں عوام کے نمائندے ہوتے تو کبھی ان کا ذکر کرنے سے نہ چوکتے۔ اور یہ ذکر بحیثیت وزیر اعلیٰ نہیں بلکہ عوام کا نمائندہ ہونے کے کرتے۔ اس صورت میں ان کا فرض اولین یہ تھا کہ Indemnity Act کی مخالفت کرتے۔ اس کی مخالفت نہ کرکے انہوں نے اپنے فرض سے کوتاہی کی ہے اور عوام کے اعتماد کو نہ صرف ٹھیس پہنچائی ہے بلکہ اب اس کے جواز کے دلائل پیش کرکے ظلم پر توہین کا اضافہ کیا ہے۔

حضور والا ۔ پھر یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ دوسرے ممالک میں جہاں مارشل لاء کا نفاذ ہوتا ہے ۔ وہاں اس کے بعد اسی نوعیت کے Indemnity Acts یعنی قانون برأت منظور کئے جاتے ہیں ۔ ان کو در اصل ان حکام اور عمال کی کارروائیوں کے جواز یا عدم جواز کو عدالتی مواخذہ سے بچانے کے لئے منظور کیا جاتا ہے جن کے ہاتھوں میں مارشل لاء کے دوران میں متعلقہ علاقے کا نظم و نسق رہا ہو ۔ ان کا مقصد وحید یہ ہوتا ہے کہ ان حکام کو قانونی گرفت سے محفوظ کیا جائے جنہوں نے نظم و نسق سنبھالنے کے دوران میں جائز یا نا جائز کاروائیاں کی ہوں ۔ میں challenge کرتا ہوں کہ جس طریق سے آپ نے Indemnity Act منظور کیا ہے اس کی مثال یا نظیر تاریخ میں ڈھونڈے سے نہ ملے گی ۔ جن lines یا خطوط کے مطابق آپ اس کا مطلب نکالتے ہیں وہ مجھے اس ایکٹ سے نکال کر دکھائیے ۔ جہاں یہ درج ہو کہ مارشل لاء کے ختم ہونے کے بعد بھی Court Martial کی دی ہوئی سزائیں بحال رکھی جا سکتی ہیں ۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ Indemnity Act کا دائرہ عمل کس حد تک وسیع ہوتا ہے ۔ آپ مارشل لاء کے حکام کو مواخذے سے بچانے کی بجائے ان کی دی ہوئی سزاؤں کو صحیح اور جائز قرار دیکر بہت بڑی غلطی کے مرتکب ہو رہے ہیں ۔ آپ کو مرکزی اسمبلی میں حق نمائندگی دیا گیا ہے ۔ وہاں پر بھی آپ نے جس طرح سے اس حق کو نبھایا اور اپنی فرض شناسی کا مظاہرہ کیا وہ سب پر روز روشن کی طرح عیان ہے ۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ صوبے کی عدالت عالیہ کے فیصلہ کے صادر ہونے کے بعد مرکزی حکومت سے مارشل لاء کے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کرتے ۔ کیا دیگر جمہوری ممالک میں بھی اس قسم کے نظائر دیکھنے میں آتے ہیں جہاں اس قسم کے ایکٹ منظور کرکے بے گناہ لوگوں کو قید و بند میں ڈالا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ آئینی اعتبار سے جب یہ معاملہ مرکزی اسمبلی میں پیش ہوا تو بجائے اس کے اس صوبے کے نمائندے بے گناہ عوام کی مدد کرتے ۔ انہوں نے اس ایکٹ کو جوں کا توں رہنے دیا اور اس صوبے کے عوام کے حقوق کو مجروح کیا اور اس کی ذمہ داری ان نمائندوں پر عائد ہوتی ہے ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے مارشل لاء کے قیدیوں کو یہ حق عطا کرکے بڑی بہادری کی ہے کہ اسیران مارشل لاء اپنی سزایابی کے سلسلے میں مرکزی حکومت کو درخواستیں دے سکتے ہیں ۔ ان درخواستوں کے وصول ہونے پر مرکزی حکومت فیڈرل کورٹ کے کسی جج کو مقرر کریگی کہ وہ ان کے متعلق حکومت کو مشورہ دے کہ انہیں قید و بند

میں رکھا جائے یا رہا کیا جائے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ اس مشورے کے بعد حکومت پر یہ لازم نہیں کہ وہ لا محالہ اسے قبول کرے۔

حضور والا۔ محترم قائد ایوان نے پھر یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ ان کا قصور نہیں۔ وہ بجا فرماتے ہیں۔ یہ تو اس فضا اور ماحول کا قصور ہے جس میں انہوں نے وقت گذارا ہے۔ حقوق آزادی کا پورا احترام اور شہری آزادی کا تصور ان کے ذہن میں آ ہی نہیں سکتا۔ ورنہ وہ اس قسم کے Indemnity Act کی پر زور حمایت نہ کرتے بلکہ اس کے برعکس اس صوبہ کے عوام کی شہری آزادی کو بحال کرنے کی غرض سے اس کی پر زور مخالفت کرتے۔

حضور والا۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے بکمال شفقت سفارش کرنے کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ میں نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں عرض کرونگا کہ اگر آپ میری اس قرار داد کا بغور مطالعہ فرمائیں تو آپ دیکھینگے کہ اس میں سفارش کے متعلق ایک لفظ بھی موجود نہیں۔ اور بالفرض اگر ہو بھی تو سفارش کا لفظ ہمیشہ نا جائز معنوں میں ہی تو استعمال نہیں ہوتا۔ جائز معنوں میں بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ میں نے اس قرار داد میں recommendation کا لفظ استعمال نہیں کیا۔ میں نے تو صرف یہ لکھا ہے کہ مرکزی حکومت کو move کیا جائے۔ جناب وزیر اعلیٰ فرماتے ہیں کہ سفارش کا لفظ اچھا نہیں میں ان سے پوچھتا ہوں کیا انہوں نے زیادہ تر سفارشات مانتے ہوئے وکلا میں سے مجسٹریٹ مقرر نہیں کئے۔ میں جانتا ہوں کہ انہوں نے سفارشات ماننے کی وجہ سے پیدا شدہ complex کے بوجھ کو ہلکا کرنے کیلئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے۔ نفسیاتی طور پر بھی یہ ایک قدرتی بات ہے۔ اور مجرم ذہن اپنے آپ صفائی پیش کرنے کی غرض سے استعمال کرتے ہیں۔ اسے نفسیات کی اصلاح میں Defence Machanism کہا جاتا ہے۔ کیا آپ نے اس آنریبل ممبر کے متعلق سفارش قبول نہیں کی جو آپ کے پیچھے بیٹھے ہوئے ہیں؟ کیا آپ نے مسٹر جعفری جھرلو سابق ڈپٹی کمشنر لاہور کے متعلق سفارش قبول نہیں کی؟

Mr. Speaker: Order please. سفارش is not under consideration.

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ انہوں نے پورے پانچ منٹ سفارش کرنے کی برائیوں پر ہی صرف کر دئے جو بالکل غیر متعلقہ چیز تھی۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کیا مجسٹریٹوں کا انتخاب من و عن پبلک سروس کمیشن کی سفارشات کے مطابق کیا گیا ہے؟ کیا پبلک سروس کمیشن

کی پیشکردہ ترتیب کو قبول کیا گیا ہے ؟ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس ترتیب کو بحال نہیں رکھا گیا بلکہ اپنی مرضی کے مطابق اس میں رد و بدل کیا گیا ہے ۔

Chief Minister: Sir, I must protest against that mis-statement of facts. The Public Service Commission sent us 40 names and the first 20 were taken according to the list submitted by the Public Service Commission. With regard to the rest the Government selected people in order to bring in better men into the service. For us all Punjabis are exactly the same.....

Mr. C. E. Gibbon: What about Chaudhri Abdul Karim ?

Syed Amir Hussain Shah: What about Chaudhri Abdul Ghani ?

چودھری محمد افضل چیمہ — حضور والا۔ میں وزیر اعلیٰ صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے indirect طور پر اور ذرا لطافت سے میرے اعتراض کو تسلیم کر ہی لیا ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ حزب اختلاف کے ممبران ان لوگوں کی رہائی کا مطالبہ کر رہے ہیں جنہوں نے بڑے سنگین جرائم کا ارتکاب کیا ۔ میں ان سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شاید انہوں نے ان لوگوں کے متعلق صحیح حالات دریافت کرنے کی زحمت گوارا نہیں فرمائی یعنی یہ کہ انکی تعداد کتنی ہے ۔ انکے جرائم کی نوعیت کیا ہے اور کیا ان جرائم کی نوعیت کے ساتھ ان سزاؤں کو کوئی مناسبت بھی ہے یا نہیں ۔ میں انکی اطلاع کیلئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سنٹرل جیل اور ملتان جیل میں ایسے لوگ بھی مقید ہیں جن کو اذان دینے کی پاداش میں پانچ پانچ سال قید کی سزائیں دی گئیں ۔ اگر آپکو اسکا علم نہیں ہے تو آپ اسکے متعلق مزید تصدیق فرما لیں ۔ آپ مطمئن ہو جائینگے اور میرے ساتھ اتفاق کریں گے ۔ میں آپکی اطلاع کیلئے یہ بھی عرض کر دوں کہ پتوکی کا ایک غریب حجام جو کہ فیروز پور کا ایک نہایت ہی غریب مہاجر ہے اسکو پکڑ کر جیل میں بند کر دیا گیا ہے اور وہ جیل میں لوگوں کی حجامتیں کر رہا ہے (قہقہہ) یہ ہنسنے کا مقام نہیں ہے ۔ آپ بھی قید و بند کی مصیبتوں کو جانتے ہیں ۔ حضور والا ۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی لیگ ایجی ٹیشن کے دوران میں چند دن لہو لگا کر اپنا نام شہیدوں میں شامل کر لیا تھا ۔ انہوں نے ساتویں ہی دن جینکنز کو خط تحریر فرما دیا کہ ہمیں بچاؤ (قہقہہ) ۔

Mr. Speaker: It is again irrelevent.

چودھری محمد افضل چیمہ— سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس معاملے میں بلا استثناء ایک sweeping قسم کا r mark فرما دینا کہ وہ سب لوگ بلا امتیاز بڑے خطرناک قسم کے ملزم تھے ۔

Chief Minister: Sir; the honourable member is telling so many—I must not use un-Parliamentary language—that if he were outside the House I would tell him what I feel about it. (*Interruptions*).

Mr. C. E. Gibbon: Is that a threat ? (*Interruptions*) You are a coward to threaten an honourable member.

Mr. Speaker: Will the honourable member withdraw that word ?

Mr. C. E. Gibbon: I will not withdraw that word. He is a coward.

Mr. Speaker: Order please. The honourable member should withdraw the word.

Mr. C. E. Gibbon: I shall not withdraw that word. He is a coward.

Mr. Speaker: Then, withdraw from the House.

(*At this stage the honourable member withdrew from the House*)

چودھری محمد افضل چیمہ— مجھے افسوس ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ میری تحقیق ناقص ہو۔ میں نے اپنی طرف سے غلط بیانی کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اس وقت جو واقعات تھے میں اپنے خیال کے مطابق انہیں مبنی بر صداقت تصور کرتا ہوں۔ میں نے انہیں اس ایوان کے سامنے پوری ذمہ داری کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ بیشک آپکے اختیارات بڑے وسیع ہیں لیکن اپنی پیش رو حکومت کے اختیارات سے کچھ عبرت حاصل کیجئیے۔ جس منصب کے نشے میں آپ چور ہو رہے ہیں۔

صاحب سپیکر - آپکا وقت ختم ہو چکا ہے۔

The Assembly then Adjourned for Asar prayers

The Assembly reassembled after Asar prayars. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker: The question is—

That under Rule 142 of the Punjab Legislative Assembly Rules of Procedure, the following communication from the Assembly may be addressed to His Excellency the Governer, namely,—

MAY IT PLEASE YOUR EXCELLENCY.

That on the 3rd July 1953, a Full Bench of the High Court of Judicature at Lahore expressed an opinion on a *habeas corpus* petition moved on behalf of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, a Member of the Legislative Assembly, that the convictions by the Martial Law Courts were not tantamount to sentences passed by regular courts of law and should be considered as having terminated simultaneously with termination of the Martial Law. But as the Indemnity Act has the force of regularising these convictions, this Assmembly begs to address to Your Excellency an apeal to move the Central Government and His Excellency the Governor-General of Pakistan to exercise their powers of Clemency and Amnesty to set aside the convictions of all the Martial Law convicts, specially those of Khan Abdus Sattar Khan Niazi, Member, Punjab Legislative Assembly and Maulana Maudoodi.

The motion was lost.

ALLOPATHS REGISTRATION BILL

Mian Muhammad Shafi: (MONTGOMERY VII, MUSLIM, RESERVED SEAT): Sir, In view of the assurance given to me by the Honourable Minister of Health that his Department was considering the matter I do not want to introduce the Punjab Allopaths Registration Bill.

(**Voices :** The Honourable Minister has not given the assurance in the House)

Minister of Health: I assure the House that my Department is considering the matter.

RESOLUTIONS

TRANSLATING SECTION IN THE ASSEMBLY

*میاں عبدالباری (لائلپور نمبر ۷ مسلم) — جناب صدر میں اجازت چاہتا ہوں کہ ایوان میں حسب ذیل ریزولیوشن پیش کروں۔

"یہ ایوان حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ مجلس قانون ساز پنجاب میں ایک شعبہ ترجمہ قائم کیا جائے جو "مے" (May) کی "پارلیمنٹری پریکٹس" (پارلیمانی دستور) جیسی تمام اہم کتب حوالہ اور جملہ پارلیمانی اصطلاحات اور محاورات کا ترجمہ کرے تاکہ مجلس کی کاروائی اردو زبان میں انصرام دینے میں آسانی ہو جائے"۔

جناب صدر اس معزز ایوان میں یہ مطالبہ کہ اس کی ساری کاروائی اردو میں کی جائے جس شکل میں کئی بار پیش ہو چکا ہے اس سے حضور اچھی طرح واقف ہیں۔ جناب کو یہ بھی علم ہے کہ اس مطالبہ پر ایک دفعہ اس ایوان کے معزز اراکین کی ایک کافی تعداد واک آوٹ بھی کر چکی ہے۔ جناب کو یہ بھی علم ہے کہ اس معزز ایوان کی ایک کافی تعداد زبان انگریزی کو نہیں سمجھتی اور ایسے اصحاب تو بہت کم ہیں جو زبان انگریزی میں اچھی تقریر کر سکتے ہیں۔ یہ سب حقائق ہیں۔ لیکن ان حقائق کے ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ انگریز کے دو سو سالہ عہد غلامی میں زبان انگریزی یہاں کے ہر ایک شعبے میں داخل ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جمہوریت کے متعلق بہترین قسم کا لٹریچر زبان انگریزی میں موجود ہے جو اس وقت ہماری لائبریری میں بھی موجود ہے۔ اگرچہ یہ ایک افسوسناک امر ہے کہ جمہوریت کی ابتدا کرنے والی قوم "مسلم" جس کی بہترین جمہوریت کا زمانہ خلافت راشدہ کا دور ہے اور جس کی مثال آج ہمیں دنیا کے کسی ملک میں نہیں ملتی اسکی آج یہ کیفیت ہے کہ اس کے عوام آمریت اور ملوکیت کی زد میں گرفتار اور جمہوریت اور آمریت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔

*Uncorrected speech.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I rise on a point of order. Before this House adjourned for Asar Prayers, when I was speaking in reply, the Honourable Chief Minister did not quite relish what I was saying and he held out a threat.

Mr. Speaker: What is the point of order ?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: In fact it is a point of privilege. He held out a definite threat and as an humble member of this Honourable House I presonally feel that howsoever highly he may be placed as a Leader of the House, the Honourable Chief Minister has absolutely no right to hold out threats.

Mr. Speaker: This is no point of order.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: It is a breach of the privilege of the House.

Mr. Speaker: The honourable member rose on a point of order. If he considers anything as the breach of the privilege of the House, then he should give the motion in writing.

میاں عبدالباری— انگلستان آج بھی جمہوریت کا علمبردار ہے اور اسکی جمہوریت دنیا کی ساری جمہوریتوں میں مسلمہ ہے اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار نہیں ہو سکتا ۔ آج ہمارا یہ فرض ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کی وہ ساری خوبیاں فراہم کریں جو اس وقت انگلستان کی جمہوریت میں موجود ہیں ۔ اس سلسلہ میں جب تک انگریزی کی Reference Books اور دیگر پارلیمانی اصطلاحات کا ترجمہ اردو زبان میں نہیں ہوگا اسوقت تک اراکین ایوان کو ان کے متعلق پورا علم نہیں ہو سکتا اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے میں نے یہ قرار داد پیش کی ہے ۔ ایک طرف تو ملی تقاضا یہ ہے کہ اس ایوان کی زبان اردو ہو اور دوسری طرف وقتی تقاضا یہ ہے کہ وہ ساری خوبیاں جو انگریزی جمہوریت میں ہیں وہ ہمارے پاس زبان اردو میں موجود ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ دونوں تقاضے اس وقت اکٹھے ہو گئے ہیں ۔ اور میں یہ عرض کرونگا کہ جس طرح آج ہوائی جہاز اور دیگر نئے اسلحہ جات ملکی دفاع کے لئے یورپ سے حاصل کرنے ضروری ہیں اسی طرح جمہوریت کے اصولوں کو پوری طرح سمجھنے کے لئے اور ان پر عمل کرنے کے لئے ان کی بہترین کتابوں کا بھی اردو میں ترجمہ ہونا ضروری ہے ۔ تا کہ ان چیزوں سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جا سکے اور جب تک ہم یہ نہیں کرینگے اس وقت تک ہم ان چیزوں کا زبان اردو میں استعمال نہیں کر سکتے ۔ اس کے علاوہ حضور والا میں صرف ایک اور چیز بیان کرنا چاہتا ہوں ۔ اس مسئلہ پر کسی لمبی چوڑی تقریر کی ضرورت نہیں ہے اسکی اہمیت سے سب واقف ہیں ۔ وہ چیز زبان کا مسئلہ ہے ۔ زبان کا مسئلہ جناب والا ہمارے ملک میں ایک فتنہ کی صورت اختیار کرتا جا رہا ہے اور یہاں ملکی زبان

کے نفاذ میں تاخیر کرنا ایک نہایت خطرناك چیز ہے ۔ اصل بات یہ ہے کہ اس مسئلہ کی اہمیت کو صحیح طور پر سمجھنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔

جناب والا ۔ زبان ملک کی اثاث ہے ۔ قومیت کی اثاث ہے ۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جو قوموں کو ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دیتی ہے اور قوموں کو مجتمع بھی کر دیتی ہے ۔ اس کے علاوہ سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ زبان عزت قوم پیدا کرتی ہے ۔ جو قومیں اپنی زبان پر ناز کرتی ہیں اور جو قومیں اپنے معاشرہ پر ناز کرتی ہیں انکا وقار بہت اونچا ہوتا ہے ۔ جو قومیں اپنی زبان اور معاشرے سے نفرت کرتی ہیں وہ اپنا وقار کھو بیٹھتی ہیں ۔ میں پھر اس چیز کو دھراؤنگا کہ بد قسمتی سے دو سو سال کی غلامی سے ہمارے ملک میں یہ چیز پیدا ہو چکی ہے کہ اپنی زبان کے استعمال میں ہم خفت محسوس کرتے ہیں یا کم از کم کمزوری محسوس کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ کاش ہم انگریزی کی طرح اردو میں بھی ساری کاروائی کر سکیں ۔ تو جناب والا ۔ ان ساری چیزوں کو پورا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ یہ مقتدر ایوان جو عوام کی نمائندگی کر رہا ہے وہ زبان کے مسئلہ میں بھی پوری دلچسپی لے ۔

لیکن وہ کسطرح کیا جائیگا ۔ اصل ٹرمینالوجی کو لیجئے مثلاً ''جناب صدر،، ''مسٹر پریزیڈنٹ،، کا اردو ترجمہ ہے مگر ''سپیکر،، کے لفظ میں ایک لوچ ہے اور ''واك آوٹ،، کے الفاظ میں ایک ایسا مزہ ہے کہ انگریزی دان اصحاب اس کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ غلط سلط ترجمہ کرکے کام چلا لیا جائے کیونکہ اس طرح کہیں وہی بات نہ ہو جائے کہ ''پڑھا کوآن دا کوٹھا،، کی طرح ترجمہ کر لیا جائے (قہقہہ) لیکن میں اتنی ضرور گذارش کرونگا کہ قانون سازی کی تمام ضروری Terminology اور مصطلحات کا اردو ترجمہ مکمل کرکے اسمبلی کی لائبریری میں مہیا کر دینا چاہئے اور تمام کتب حوالہ جات کا اردو ترجمہ جلد از جلد مکمل کرانا چاہئے ۔ میرے خیال میں ہماری اسمبلی کے ترجمے نہایت اچھے اور عمدہ ہوتے ہیں کیونکہ سیکرٹری صاحب خاص طور پر نہایت ہی بلند پایہ شخصیت کے مالک اور اونچے درجے کے ادیب ہیں ۔ وہ اس کام کو بدرجہ اتم سر انجام دے سکتے ہیں ۔ ایک اعتراض کیا جا سکتا ہے اور مجھے احساس ہے کہ حکومت کیطرف سے کہا جائیگا بھئی اتنا خرچ کہاں سے کیا جائے ۔ میری عرض ہے کہ خرچ تو ضرور ہوگا اور ضروری کاموں پر خرچ کرنا پڑتا ہے ۔ میں خود اسراف بے جا کے خلاف آواز بلند کرکے تھک گیا ہوں مگر میری کوئی شنوائی نہیں ہوئی ۔ ایک سٹیشنری

کے خرچ کو ھی لیجئے ۔ ممبران کے الاؤنس کا معاملہ تو الگ رھا ۔ مجھے پاکستان میں اس قسم کے اسراف کو دیکھکر بڑا دکھ ھوتا ھے ۔ اس ایوان میں ایک ایک موضوع کے متعلق دو دو تین تین اور چار چار مطبوعہ نقول ارسال کی جاتی ھیں اور ھم موصول کرتے رھتے ھیں ۔ میں پہلے بھی کئی بار کہہ چکا ھوں کہ ایک اطلاع کا ممبر کے گھر پر پہنچا دینا کافی ھوگا اور اگر دوبارہ کسی ممبر کو ضرورت پڑ جائے یعنی پہلا اطلاعی کاغذ گم ھو جائے تو وہ خود دفتر سے مطالبہ کرکے فراھم کرلے مگر یہ نہیں ھونا چاھئے ایک ھی قسم کے کاغذات مہیا کرنے کا ایک لامتناھی سلسلہ چلا جائے اور اس طرح سٹیشنری ضائع کی جائے اگر کفایت مقصود ھو تو اس ایک مد میں ھی ھزاروں روپے بچائے جا سکتے ھیں میرے خیال میں اسمبلی کے سیکرٹری صاحب میری تائید کریں گے ۔ اگرچہ اس ترجمہ کے کام پر زر کثیر صرف ھوگا مگر چونکہ وہ ایک بلند پایہ کے مترجم ھیں اس لئے وہ اس کام کی فوراً ابتدا کرکے اسکو پایہ تکمیل تک پہنچا سکیں گے ۔ اگر ان کی تھوڑی بہت خدمت بھی کر دی جائے تو وہ ایک دو آدمیوں کی امداد سے یہ کام بخوبی سر انجام دے سکتے ھیں اور دو سال کے اندر اندر اسکی تکمیل کر سکیں گے ورنہ جس طرح اس کام کو معرض التوا میں ڈالا گیا ھے اگر اسی طرح مزید کچھ عرصے تک اس طرف توجہ نہ دی گئی تو ظاھر ھے کہ نتیجہ کیا ھوگا ۔ لہذا میں ایوان کے ارکان کی خدمت میں التماس کرونگا کہ وہ اس مشترکہ اور جائز کام کی تکمیل کے لئے قرار داد پیش نظر کی تائید فرمائیں ۔

Mr. Speaker: Resolution moved is—

This Assembly recommends to the Government to establish a Translating Section in the Punjab Legislative Assembly to transact all important books of reference like May's Parliamentary Practice and all Parliamentary terms and phrases to facilitate the transaction of the business of the Assembly in Urdu language.

***وزیر زراعت** (آنریبل سردار عبدالحمید خان دستی) ۔ جناب والا ۔ اس امر سے کسی کو انکار نہیں ھو سکتا کہ ھمارے لئے اردو زبان کی تعلیم لازمی ھے مگر جو لمبی تقریر آنریبل قائد حزب اختلاف نے فرمائی ھے (ایک آواز ۔ انکی تقریر تو آج حیرت انگیز طور پر مختصر تھی) میں کہہ رھا تھا کہ اس موضوع پر کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا کہ اردو کی تعلیم ھمارے لئے لازمی ھے اور انگریزی کی ضروری اصطلاحات کا ترجمہ ضرور اردو میں ھونا چاھئے مگر میں معزز قائد حزب اختلاف کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ واقعہ یہ ھے کہ ترجمہ کا ایک محکمہ پہلے سے ھی معرض

*Uncorrected speech.

وجود میں آ چکا ہے ۔ کام جاری کیا جا چکا ہے ۔ اور نہ صرف جاری ہو چکا ہے بلکہ کافی کام کیا بھی جا چکا ہے اور ہزارہا اصطلاحات کے اردو ترجمہ کی ایک کتاب چھپ کر شائع ہو چکی ہے جس کا ایک نسخہ آج ممبران کو پہنچا بھی دیا جا چکا ہے ۔ میں اسکے ثبوت میں اس کتاب کو اٹھا کر معزز قائد حزب اختلاف کو سارے ہاوس کے سامنے دکھا رہا ہوں ۔ ان کی میز پر بھی اس کا ایک نسخہ ضرور پہنچ چکا ہوگا ۔ یہ ثبوت شاہد ہے کہ ترجمہ کا کام شروع کیا جا چکا ہے ۔ اور کچھ تو ہو بھی چکا ہے اس میں کوئی تاخیر نہیں کی گئی ۔ اس کا ایک حصہ پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے البتہ اگر معزز قائد حزب اختلاف اپنی طرف سے کوئی ہدایت فرمانا چاہیں یا کوئی خامی رہ گئی ہو تو وہ اسکی اطلاع ہمیں دے سکتے ہیں ۔ ویسے ترجمہ کی ایک Standardizing Committee پہلے سے مقرر شدہ ہے جس نے ہزاروں اصطلاحات کا ترجمہ مکمل کر لیا ہے ۔ اسکے علاوہ اسمبلی کی کتب حوالہ جات کے ترجمہ کے متعلق عرض ہے کہ ان کا ترجمہ ان کے پبلشروں کی اجازت کے بغیر کرنے سے قانون کی گرفت لازم آتی ہے اور اجازت حاصل کرنے کے لئے وقت درکار ہوتا ہے ۔ مزید برآں پبلشروں کو معاوضہ دینا پڑتا ہے ۔ ان کتابوں کی قیمت کے طور پر ایک معتدبہ رقم ادا کرنی پڑے گی یہ لاکھوں روپے کی لاگت کا کام ہے ۔ ان بڑی کتابوں کو چھوڑ کر باقی ضروری امور مثلاً قواعد و ضوابط اور آئینی دستور العمل وغیرہ کا ترجمہ پہلے ہی کر لیا گیا ہے ۔ آفیشل لینگویج کمیٹی اپنے ڈھب پر کام کر رہی ہے ۔ اگر کسی معزز رکن کو اپنے خیال اور اپنے فہم کے مطابق کسی خاص کتاب کا ترجمہ زیادہ ضروری محسوس ہو یا وہ کسی اور طریق پر کام کرانا چاہیں تو وہ ہمیں اطلاع دے سکتے ہیں تا کہ وہ معاملہ کمیٹی مذکور کے پیش کر دیا جائے ۔

ان حالات میں میرے خیال میں معزز قائد حزب اختلاف بھی میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ اگرچہ وہ اسراف کے خلاف ہمیں اکثر تنبیہ کرتے رہتے ہیں تا ہم آج ان کی قرار داد منظور کرتے ہوئے اگر ترجموں کے اتنے شعبوں کے علاوہ جو پہلے سے موجود ہیں اور سرکاری زبان کی کمیٹی کے علاوہ جس کی ہستی اور کار کردگی کا تذکرہ میں پہلے ہی کر چکا ہوں ایک اور ترجمہ برانچ اسمبلی میں قائم کی جائے گی تو اسراف بڑھ جائیگا ۔

میاں عبدالباری — وہ کونسی کمیٹی ہے ؟

وزیر زراعت — میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کر دوں کہ یہ ایک سرکاری کمیٹی ہے جس نے آج تک جو کام بھی کیا ہے اس کا ثبوت آپ کے سامنے موجود ہے ۔ اس کے علاوہ دو تین اور کمیٹیاں بھی ہیں جو اسی کام میں مصروف ہیں اور بہترین ادبی اور سائینٹیفک کتابوں کے ترجمے بڑی سرعت سے کر رہی ہیں جن کا آپ کو علم نہیں ۔ مجھے آپ کی اس بات سے اتفاق ہے کہ بعض کتابیں ایسی ہونگی جن کے ترجمے کا انتظام ابھی تک نہیں کیا گیا ۔ اگر آپ کے نزدیک ایسی کتابیں یا رسائل ہوں تو آپ ہمیں ان کی اطلاع دیں ہم ان کے متعلق مشورہ کرکے ان کمیٹیوں سے ان کے ترجمے کرانے کی کوشش کرینگے ۔ چونکہ ترجمہ کرنے کی غرض سے کمیٹیاں پہلے ہی موجود ہیں اس لئے ایک نیا محکمہ کھولنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں امید کرتا ہوں کہ معزز قائد حزب الاختلاف اس مطالبہ پر مزید زور نہ دینگے اور اپنی قرار داد واپس لے لینگے ۔

میاں عبدالباری — جناب صدر ۔ آنریبل وزیر زراعت نے جو ارشادات فرمائے ہیں ۔ میں ان کی بھی وہی کیفیت دیکھتا ہوں جو ہر ایک صحیح مسئلے کے بارے میں دیکھنے میں آتی ہے اور جو ہماری طرف سے پیش کیا جاتا ہے ۔ جس سے انکار تو ہو نہیں سکتا اور نہ ہی تردید کی جا سکتی ہے ۔ تاہم ان کو رد کرنے کے لئے جس قسم کے حیلے بہانے ڈھونڈے جاتے ہیں ۔ اسی قسم کے حیلے بہانے اس قرار داد کے سلسلے میں پیش کئے جا رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے تمام ریزولیوشن جن کے متعلق کاروائی انگریزی میں ہوتی ہے ۔ ان کے اردو ترجمے بھی ایوان ہذا کے معزز ممبران کو مہیا کئے جاتے ہیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ یہ اردو ترجمے اچھے ہی ہوتے ہیں برے نہیں ہوتے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارے سیکرٹری صاحب جن کی زیر نگرانی یہ ترجمے ہوتے ہیں ۔ وہ بھی ترجمے کے متعلق بہت واقفیت رکھتے ہیں ۔ اور پھر یہ بھی نہیں کہ یہ ترجمے باہر سے ہو کر آتے ہوں ۔ مجھے معلوم ہے کہ اس کیلئے اس دفتر میں ایک سیکشن موجود ہے جو یہ سارے ترجمے کرتا ہے ۔ تو پھر حکومت یہ کیوں سمجھ بیٹھی ہے کہ اس مقصد کے لئے ایک علیحدہ محکمہ ضرور ہونا چاہیئے ۔ لہذا سوال صرف یہ ہے کہ اس نظریئے کے ساتھ تو کوئی ترجمہ نہیں کیا جا رہا جو میں نے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے اس لئے اس چیز کی وضاحت کرنے کی بجائے اسے محض یہ کہہ کر نظر انداز کیا جا رہا ہے کہ یہ صرف ایک کتاب کا معاملہ

ہے ۔ اسے صریحاً ٹالنے کی کوشش کی جا رہی ہے ورنہ یہ کتاب تو میں نے مثال کے طور پر پیش کی ہے ۔ یہ کتاب ضخامت اور ادبی حیثیت کے علاوہ اپنے باوثوق ہونے کے لحاظ سے بھی سب سے زیادہ مقتدر سمجھی جاتی ہے ۔ اور یہ کتاب May's Parlimentary Practice ہے ۔ میرا مقصد و مدعا اس قرار داد کے پیش کرنے سے جیسا کہ ظاہر ہے یہ ہرگز نہیں کہ کوئی Paid Translation Section قائم کیا جائے ۔ بلکہ میں نے تو یہ لکھا ہے کہ Legislature کے متعلق ضروری قسم کی اصطلاحات اور کتابوں کے زیادہ سے زیادہ تراجم کے لئے ایک سیکشن قائم کیا جائے ۔

وزیر زراعت— وہ تو پہلے ہی قائم ہے ۔

میاں عبدالباری— ہوگا ۔ لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ مجوزہ Translation Section قائم کریں جو سب سے پہلے اس امر کا فیصلہ کرے کہ کن کن کتابوں کے ترجمے اس وقت درکار ہیں ۔ اور اس کے بعد باقاعدہ طور پر ترجمے کا کام شروع کیا جائے اس وقت جو کچھ بھی میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں نیک نیتی اور خلوص دل سے پیش کر رہا ہوں ۔ یہ ایک تعمیری تجویز ہے جس پر عمل کرنے سے بہت فائدہ ہو سکتا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ حکومت اس نیک صلاح پر عمل کرکے اس مفید کام کو سر انجام دینے کی جلد از جلد کوشش کرے گی ۔

جناب والا ۔ وزیر زراعت صاحب فرماتے ہیں کہ کتاب مذکور کا ترجمہ کرانے کے سلسلے میں Copy Right کی اجازت درکار ہوگی ۔ یہ تو معمولی بات ہے ۔ اگر یہ وزارت یہ اجازت بھی حاصل نہ کر سکے تو حیف ہے اس پر مجھے جناب وزیر کی زبان سے یہ بات سن کر تعجب ہوا کہ ایک ایسی کتاب جو Bible of Lagislatures سمجھی جاتی ہو اس کے Copy Right کی اجازت حاصل کرنے کو اس قدر دشوار کام تصور کیا جاتا ہے ۔ اگر یہ حقیقت ہے تو میرے نزدیک گذشتہ وزارت اور موجودہ وزارت میں کوئی فرق نہیں ۔ بہر حال یہ تو جملہ معترضہ تھا ۔ اصل چیز یہ ہے کہ اگر آپ مجھے اس امر کا یقین دلا دیں کہ آپ ایک Translation Section باقاعدہ اور منظم طور پر قائم کرینگے اور اس کی ذمہ داری کسی پر ڈالیں گے خواہ یہ ذمہ داری آپ یہاں کے سیکرٹری صاحب پر ڈالیں ۔ کسی وزیر پر ڈالیں ۔ ان چودہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں میں سے کسی ایک پر ڈالیں یا کسی اور موزوں شخص پر ڈالیں ۔ اس چیز کے لئے کسی شخص کا ذمہ دار ہونا نہایت ضروری ہے جو Translation Section قائم ہونے پر متعلقہ کتابیں منتخب کرکے ان کا ترجمہ شروع کرائے اور اسے جلد از جلد مکمل کرانے کی کوشش

کرے ۔ جسے اس چیز کا انتظار کرنا نہ پڑے کہ کب عبدالباری ہمیں کتابوں کے نام لکھکر بھیجے اور ہم ان کا ترجمہ شروع کریں ۔ یہ کہنا بالکل مہمل ہے کہ ہمیں کتابوں کے نام بتاؤ ۔ ہم آپ کو ان کے ترجمے کرا دیں گے ۔ جب تک آپ اس اہم کام کی اہمیت کو محسوس نہیں کرتے اس وقت تک میں سمجھتا ہوں آپ۔اپنے آپ کو قانون سازی کے اہل کہنے کے حقدار نہیں ۔ آپ دوسروں کی کاسہ لیسی کی غرض سے غیر ذمہ داری سے کام نہ لیں ۔ یہ ایک نہایت اہم معاملہ ہے جس پر پوری توجہ سے غور کرنا چاہیئے ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اگر آپ کی کوئی ایسی کمیٹی پہلے سے موجود ہے تو آپ پوری آزادی سے مجھے یقین دلا دیں کہ وہ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے بہت جلد اس کتاب کا ترجمہ شروع کر دیگی ۔ اس صورت میں میں اپنی قرار داد واپس لینے کیلئے تیار ہوں ۔ ورنہ میں اسے اس ایوان کے سامنے پیش کرونگا اور آپ بڑی خوشی سے اسے reject کر دیں ۔ مجھے ہرگز گلہ نہ ہوگا ۔ اب فرمائیے ۔ کیا آپ مجھے پوری ذمہ داری سے یقین دلاتے ہیں ۔

وزیرزراعت— آپ جس چیز پر زور دے رہے ہیں وہ کام تو عرصے سے ہو رہا ہے ۔ بلکہ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ وہ تو چھپ کر شایع بھی ہو چکا ہے ۔ آج بھی ہو رہا ہے اور آئندہ اس سے بھی زیادہ ہوگا ۔ چنانچہ آپ کی اطلاع کے لئے میں یہ بھی عرض کر دوں کہ حکیم احمد شجاع بحیثیت سیکرٹری اسمبلی نہیں بلکہ ایک ادیب اور اصطلاحوں کے بہترین ترجمہ کرنے والوں میں سے ایک ہونے کی حیثیت سے اس کے سیکرٹری ہیں ۔ چنانچہ ان کی ہدایت کے مطابق جن اصطلاحات کی فوراً ضرورت تھی ایوان ہذا کے سامنے ایک کتاب کی صورت میں پیش کی گئی ہیں ۔

میاں عبدالباری— میرا مقصد صرف اصطلاحات کا ترجمہ ہی نہیں بلکہ Literature کا ترجمہ بھی ہے ۔

وزیر زراعت — انہوں نے ہزاروں کی تعداد میں اصطلاحات ترجمہ کروا کر شایع بھی کروا دی ہیں ۔ مجھے معلوم تھا کہ میری گذارش پر اعتبار نہ کیا جائیگا ۔ کیونکہ ان کے ہاں نہ صرف اعتماد کی کمی ہے بلکہ اعتقاد کی بھی کمی ہے ۔ اور اس کمی کو پورا کرنے کی غرض سے اصطلاحات کی یہ جلدیں تقسیم کروا دی گئیں ۔ تا کہ آنکھوں سے دیکھ لی جائیں ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ اس میں شک و شبہ کی قطعاً گنجائش نہیں کہ اس کام میں جو ضروری ۔ اہم اور قدرے مشکل ہے کسی قسم کی کوتاہی یا تساہل سے کام لیا جا رہا ہے ۔ اگر قائد حزب الاختلاف محسوس کریں تو فوراً ہمارے

نوٹس میں لائیں ۔ ہم ان کی تسلی کرنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں ۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ہمیں اعتماد ہے ۔ جو کام ہو رہا ہے صحیح اور تسلی بخش طریق پر ہو رہا ہے ۔ لیکن چونکہ آپ نے مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں اعتماد دلایا جائے ۔ اس لئے یہ وضاحت ضروری سمجھی گئی ۔

میاں عبدالباری — جناب صدر ۔ آنریبل وزیر زراعت کے یقین دلانے پر کہ اس قرار داد کا مقصد باقاعدہ اور منظم طریق پر پورا کیا جائیگا ۔ میں اپنی قرار داد واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker: Is it the pleasure of the House that the honourable member be allowed to withdraw the Resolution ?

(*Voices*-Yes.)

The Resolution was by leave withdrawn

LABOUR DEPARTMENT

***Mian Muhammad Shafi** (MONTGOMERY VII, MUSLIM, RESERVED SEAT): Sir, I beg to move—

> That this Assembly recommends to the Government that a Committee consisting of eight members of the Assembly, representing all parties, be appointed to inquire into and report on the present condition of the administration of the Labour Department.

Sir, most respectfully and most forcefully I want to draw the attention of the House to the state of affairs in the Labour Department. This Department which is under the Minister of Industries is in a state of rotten affairs which can be proved by the fact that they sent one of their officers, Shahzada Alamgir, to acquire training abroad in this particular branch, and dfter spending money to the tune of about Rs. 50,000 and some of his precious years abroad when he came back, rather than being appointed or posted as Labour Commissioner, he was shunted out of Lahore and was appointed as Deputy Commissioner in Sialkot. Sir, they then got hold of a favourite, who is a personal friend of mine, and appointed him as the Labour Commissioner. This meant putting a square peg in a round hole. Another Officer of theirs-Mr. Mahmood....

Mr. Speaker: No names please.

Mian Muhammad Shafi: All right, Sir. It is very well known that labour and capital tussle is age-old tussle. It is very well known that employers and their employees are constantly busy fighting for their rights and privileges. It is the Government which plays the role of a dis-interested person, it does not take sides. It does only one thing, namely, to adjudicate on matters of controversy between the contending factions. But what has happened in the Punjab is in keeping with their traditions. The Labour Department in the Punjab particularly is playing a very partial game in support of the employers but not the employees their; case goes by default.

We know, Sir, that Pakistan is a member of I. L. O., which means the International Labour Organization, and as such we are pledged to respect certain fundamental privileges and rights of the labour. But in the Punjab, particularly, all that we are doing is to respect those privileges by defaulting them and that being so, we are guilty of the breach of the privileges and the rights of the labour. Now, Sir, they have passed on several occasions a number of Acts which ensure to the employees certain fair deals, but we know in the Punjab they have never been adhered to. Firstly, because the employers are in a position to corrupt the officials of the Labour Department-the whole organization in this Department is particularly corrupt from top to toe and they are always amenable to receive favours from the employers.

---

*Uncorrected speech.

Sir, with the industrialization of the Province, which is going on at a fair pace, the question of the labour is going to assume an important position and unless the Ministerialists, the Government in power, are prepared to respect their own enactments, there shall be troubles, strikes, lock-outs and demonstrations all over the Province. As an instance of what is the state of affairs in that Department, I give you an example. The Sutlej Cotton Mill in Okara is an Indian concern on which they have got for the sake of show a Muslim Director. I have in my hand their report for the year 1953. According to their report they show a net profit, after meeting all the preliminary expenditure, of over Rs. 50 lakhs. The employees have been clamouring for a long time that they be given bonus out of this huge profit, but I assure you, Sir, that in spite of the best efforts, the management have done nothing so far, although I read a few days ago that the management are now thinking in terms of giving them the bonus.

Then, Sir, there is another very important right of the workers. That right is to form trade-unions. The Labour Department does not bother one little bit about this right of the labour. It takes them a long time to recognise them as registered trade-unions. Sir, I can quote any number of instances to prove that the Labour Department are not giving a fair deal to those who are working in the interest of labour. Therefore, in order to do justice to the labour who are a part and parcel of our nation and if I may with your permission quote, "Al Kasibo Habibullah" the labour are the friends of God-you should do something for them. If you want to respect the labour and you want to clean the Department and you are sincere in this behalf, I suggest that you kindly agree to this proposition that you appoint a Committee, the majority of which will, of course, come from your side, who shall go and make a detailed check of the affairs of the Labour Department. This will give satisfaction to labour and this will also afford to the Government an opportunity to know first-hand information as to its affairs.

(*b*) the routes proposed to be nationalised during the year 1954-55?

آنریبل سردار محمد خان لغاری – یہ غلط ہے کہ حکومت نے صوبہ میں ٹرانسپورٹ کو قومی ملکیت بنانے کی پالیسی کو ترک کر دیا ہے اصل صورت یہ ہے کہ یہ پالیسی فی الحال قرضہ اور غیر ملکی زر مبادلہ کافی مقدار میں نہ ملنے کی وجہ سے گورنمنٹ کو ملتوی کرنی پڑی ۔ مگر اس کے باوجود گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ صوبہ بھر میں تمام نئی پختہ سڑکوں

پر ٹرانسپورٹ بورڈ ھی کی بسیں چلائی جائینگی۔ اور اس پالیسی پر عملدر آمد شروع کر دیا گیا ھے۔

(الف) کسی روٹ کو ۱۹۵۳ میں قومی ملکیت نہیں بنایا گیا۔

(ب) سال رواں میں بھی کوئی روٹ متذکرہ بالا وجوھات کی بنا پر قومی ملکیت نہیں بنایا جائیگا۔

Syed Amir Hussain Shah: Is it a fact that this policy has been held in abeyance because the Directors of Road Transport Companies financed Muslim League elections?

Minister: Certainly not.

چودھری محمد عبدالله جاٹ — کیا آنریبل وزیر کو یہ علم ھے کہ ھانسی بس کمپنی منٹگمری نے آپ کے روڈ ٹرانسپورٹ نیشنلائیزیشن بورڈ کے خلاف ایک سول سوٹ دائر کر کے اس قسم کا فیصلہ حاصل کر لیا ھے کہ روڈ ٹرانسپورٹ نیشنلائزیشن بورڈ کے ذریعہ جو سروس چلائی جا رھی ھے وہ نا جائز ھے ؟

وزیر — مجھے اس فیصلے کا علم نہیں لیکن اتنا مجھے معلوم ھے کہ اس بورڈ کے خلاف ایک دعویٰ دائر ھے اور بورڈ مذکور اس کی پیروی کر رھا ھے۔

شیخ محمد امین— جناب والا۔ اس سوال کا پورا جواب نہیں دیا گیا۔

Mr. Shameem Ahmad Khan: Sir, the Honourable Minister has not replied to part (*a*) of the question—"the routes nationalised during the year 1953".

وزیر — جناب والا۔ ۱۹۵۳-۵۴ میں کوئی روڈ ٹرانسپورٹ روٹ نیشنلائز نہیں ھوا۔

DISTRIBUTION OF CROWN LAND ON BARA CONDITIONS

***2615. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the detailed particulars of Crown land distributed on Bara conditions in the Province during 1953;

(*b*) the names and particulars of persons to whom the land mentioned in (*a*) has been allotted?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: Sir, I am sorry to say that the reply to this question is not ready.

LANDLESS TENANTS AND PETTY LAND-HOLDERS

***2616. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the steps, if any, taken so far by Government to improve the conditions of the landless tenants and petty land-holders in the province

(*b*) whether there is any Scheme under consideration of the Government to distribute Crown land to the landless tenants and petty land holders in the Province?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) and (*b*) with a view to providing temporary relief to the displaced local and refugee tenants and small land-owners, Government has prepared a scheme for the allotment of Crown land at the rate of 8 acres irrigated and 12½ acres un-irrigated per family to the following classes of refugees and non-refugees who but for this allotment have no means of subsistence in the following order of priority:—

(*i*) tenants who might loose their tenancies as a result of the recent Agrarian Legislation permitting the reservation of the areas for Khudkasht by landowners;

(*ii*) landless refugee tenants holding temporary allotments of evacuee land, including allottees of two acres or less under the Rehabilitation Settlement Scheme, who have in respect of the excess area become tenants of other allottees under the Rehabilitation Settlement Scheme;

(*iii*) prepartition tenants of evacuee land whose holdings were reduced to 8 acres irrigated and 12½ acres un-irrigated or less and who have not been able to secure more land for cultivation since partition.

2. Government has also decided that reclamation leases should be granted to:—

(1) landless self cultivating refugee or local tenants who will have to be shifted from their present tenancies under the Rehabilitation Settlement Scheme; and

(2) self-cultivating owners whose holdings have been reduced to less than 400 units on account of the action of *sem* and *thur*.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, the Honourable Minister has referred to a particular scheme. He has been pleased to say that the Government has prepared a scheme. May I know when was the scheme prepared and when this is going to be enforced? We have been hearing this for a very long time.

Minister: The first question was about the steps taken by Government "to improve the conditions of the landless tenants and petty land-holders in the Province". The position is that we have prepared a scheme and as applications are coming to us from these landless tenants or other refugees who have come over from the other side, we are trying to absorb them either on the Crown land or in Thal.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, you have been pleased to refer to the receipt of applications; may I know whether you have actually invited applications?

Minister: No, we have instructed our Deputy Commissioners that when some landless refugees have got to be disturbed to meet the claims of refugees they should see that landless tenants are shifted to some other place and settled there.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon: May I ask whether this scheme was given any publicity so that people who want Crown lands or who want to be settled, could apply to the Deputy Commissioners?

Minister: The question of people wanting land does not arise. As I have already pointed out the position is that these people who have been shifted from the land—who already had land—we are trying to provide them straight-away.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon: My question is whether the Honourable Minister gave any publicity to this

scheme? If not, will the Honourable Minister consider giving publicity to this scheme so that those people who are shifted from the land, can apply to the Deputy Commissioners.

Minister: Sir, these are the orders of Government and the Deputy Commissioners and people concerned with the rehabilitation all know these instructions and we keep on getting figures of all such people to whom Government land or other land which is available is given.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon: Sir, so far as the question of these instructions being in possession of the Deputy Commissioners and other officers is concerned, we do not dispute it. But I have asked a particular question. Whether Government will consider giving publicity to this scheme? Will you consider that proposal?

Minister: I am willing to consider it. But my answer is that enough publicity has been given during the last session when I answered questions on the subject.

رانے نصر اللہ خان — کیا یہ درست ہے کہ حکومت ان کاشتکاروں کی جن کو وہ چھ یا آٹھ ایکڑ رقبہ چھ گنا لگان پر دیتی ہے دو ایکڑ سے کم ملکیتی زمین کاٹ لیتی ہے ؟

وزیر — گورنمنٹ کسی کی ملکیتی زمین نہیں لیتی بلکہ اصل بات یہ ہے کہ جن کاشتکاروں کی دو ایکڑ سے کم زمین آتی ہے ان کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تھل یا کہیں اور چلے جائیں گورنمنٹ ان کو اس سکیم کے ماتحت سیٹل کرنے کے لئے تیار ہے بشرطیکہ ان کا جو دو ایکڑ سے کم رقبہ ہے اس کو وہ چھوڑنے کے لئے تیار ہو جائیں ۔ اگر وہ ایسا کریں تو گورنمنٹ ان کو اس کے بدلے میں تھل میں آٹھ یا بارہ ایکڑ اراضی دینے کے لئے تیار ہے ۔ دونوں چیزیں بیک وقت نہیں ہو سکتیں کہ وہ دو ایکڑ اراضی کہیں اور لے لیں اور ۱۲ ایکڑ کہیں اور ۔

MAKHDUMPUR AND KHANEWAL COTTON GINNING FACTORIES

***2629. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister for Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Makhdumpur Cotton Ginning Factory after the cancellation of its allotment to the Co-operative Department has been reallotted to a local;

(*b*) whether it is a fact that Khanewal Cotton Ginning Factory after the cancellation of its allotment to the Co-operative Department was reallotted but has since been sealed by the Government; if so, the reasons thereof?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) Yes for one season upto the 31st May, 1954 in lieu of the Japan Cotton Factory, Mandi Baha-ud-Din which has to be relinquished by the allottees for transfer to the Japanese owners.

(*b*) No.

Sir, the position was this. These factories were allotted in the beginning some years ago for a certain specified period. As they were owned by the Japanese, under the war laws they had been taken over by the Pakistan Government. Now, the Pakistan Government has come to

some terms with the Japanese after the Peace Treaty and the latter were entitled to get back all the property which had been confiscated during the war. Under that agreement those factories now belong to the Japanese but it was considered that it would be very unfair to these people who had those factories—people with specified period of allotments—that these allotments should be cancelled. In those cases where owners were the Japanese it was decided that we could meet the just claims of allottees by allowing them another year as in the case of other allottees. The question whether those allottees were locals or refugees does not arise. As their allotment was cancelled before time, some other factory was given over to these people for one extra year.

Mr. Speaker Question hour is over. Before proceeding to other business I want to make one point clear and that is that Question No. *2347 standing in the name of Chaudhri Ghulam Rasul Tarar has been answered. But I find that on account of some mistake in the Urdu version of the list of questions, this question was put against the name of Chaudhri Ghulam Sabir and Chauhdhri Ghulam Rasul Tarer wanted to put supplementary questions on this question. As he was absent at that time and was also misled by this mistake, I will allow him to do so to-morrow. Honourable Minister of Agriculture will kindly be ready with the answer to Question No. *2347 to-morrow.

UNSTARRED QUESTIONS AND ANSWERS

TUBERCULOSIS

448. Chaudhri Ali Sher Khan: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether he is aware of the fact that Tuberculosis is on the increase at a very rapid pace throughout the Province.

(*b*) the number of doctors in the Province already specialised in tuberculosis treatment, the places of their postings and the number of doctors now sent abroad for specialising in the treatment of this disease;

(*c*) whether it is a fact that as frequent contacts of Doctors and Nursing staff with the tuberculosis patients involve a certain amount of risk of contracting the disease the medical personnel are reluctant to serve in Tuberculosis clinics if so, the action Government intend to take in the matter.

The Honourable Makhdumzada Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) The ratio of patients diagnosed to be suffering from tuberculosis in relation to other diseases diagnosed in the Punjab Hospitals and Dispensaries during the last ten years has shown an increase over the previous years. But the evidence is not very conclusive on the point as to whether this increase in the disease is apparent or real.

(*b*) The number of doctors who have obtained Diploma in Tuberculosis Diseases from King Edward Medical College, Lahore and have obtained training abroad during the last three years is thirty three. The doctors in question were from all over the country and it is not possible to give their place of posting as some of them are private practitioners. The number of doctors who are at present abroad for training in Tuberculosis is two.

(*c*) No.

MOBILE DISPENSARIES IN JHELUM DISTRICT.

449. Malik Abbas Khan Seth: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of mobile dispensaries in Jhelum district;

(*b*) the number of places visited and patients treated by these dispensaries in the Pind Dadan Khan tehsil during the last year.

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) None

(*b*) Does not arise.

CIVIL DISPENSARIES IN PIND DADAN KHAN TEHSIL.

450. Malik Abbas Khan Seth: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number and names of villages in Pind Dadan Khan tehsil where Civil dispensaries exist;

(*b*) the number of those dispensaries amongst them where doctors are posted at present ;

(*c*) whether it is a fact that there is an acute shortage of medicines in rural dispensaries of Pind Dadan Khan Tehsil; if so, the steps Government intend to take in the matter ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: (*a*) 1. Pind Dadan Khan.

2. Jalalpur.
3. Choa Saidan Shah.
4. Lilla.

(*b*) Three (named at 1, 2 and 3).

(*c*) There is shortage of medicines in the rural dispensaries in Pind Dadan Khan tehsil which is due to the paucity of funds. Financial position of the District Board is not sound and as such the budget provided for the purchase of medicines and other aquipment is inadequate. The matter has already been referred by the District Health Officer, Jhelum, to the District Board and the Deputy Commissioner, Jhelum.

DISTRICT BOARD, JHELUM

451. Malik Abbas Khan Seth: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the date on which the elections to the District Board, Jhelum were last held;

(*b*) the mileage of roads which were being maintained by the District Board Jhelum, on the eve of the last elections to that District Board, along with the number of trees along these roads;

(*c*) the number of trees auctioned out of those mentioned in (*b*) above, and the amount of money realised therefrom;

(*d*) the number of trees standing along the above roads at present;

(*e*) the amount of money spent on the planting of new trees on the aforesaid roads and the results achieved threfrom in the tahsils of Jhelum, Chakwal and Pind Dadan Khan, respectively?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: (*a*) 1937.

(*b*) (*i*) 995 miles approx.

(*ii*) Number of trees not available in the absence of record prior to 1946.

(*c*) No record has been kept by the District Board.

(*d*) 13953.

(*e*) Rs. 32,279 (including amount spent on maintenance of old trees).

Results:—6,156 new plants successful. Tehsilwise details are not available in the District Board, Jhelum.

SHORTAGE OF DRINKING WATER IN PIND DADAN KHAN TEHSIL

452. Malik Abbas Khan Seth: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of villages in Pind Dadan Khan tehsil were acut shortage of drinking water exists;

(*b*) the number of village amongst them where water is available at a radius of one mile from the villages concerned ;

(*c*) the number of those villages amongst them where water is available at a radius of more than one but less than three miles from the villages concerned;

(*d*) the number of those villages amongst them where water is available at a radius of more than three but less than five miles from the villages concerned;

(*e*) the number of villages which have to use brackish water.

(*f*) the number of those villages amongst them where the Soda Factory, Khewrah, got the rights of water supply reserved to itself?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: (*a*) 46.

(*b*) Nil.
(*c*) 19.
(*d*) 27.
(*e*) 26.
(*f*) 1.

ROADS CONSTRUCTED IN PIND DADAN KHAN TEHSIL UNDER SIX YEARS ROAD DEVELOPMENT PLAN.

453. Malik Abbas Khan Seth: Will the Hon'ble Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the mileage of roads constructed uptil December, 1953, in Pind Dadan Khan tehsil under the present 6 Years Road Development plan

(*b*) whether it is a fact that the Kachha roads :—
(*i*) from Choha Saidan Shah to Kallar Kahar,
(*ii*) from Choha Saidan Shah to Chakwal, and
(*iii*) from Choha Saidan Shah to Basharat are included in the above mentioned plan

(*c*) whether it is a fact that traffic on the aforesaid roads gets dislocated during the rains thereby cutting off communications with the villages served by these roads; if so, whether the Government intends to get these roads metalled ?

آنریبل سردار محمد خان لغاری—(ا) ۴۵ میل۔

(ب) (۱) جی ہاں۔ ۵۶-۱۹۵۵ء میں۔

(۲) جی ہاں۔ اس سڑک کو سال رواں میں ہی تعمیر کر لیا جاتا۔ لیکن مالی مشکلات کی وجہ سے اسکی تعمیر ملتوی کرنا پڑی۔

(۳) جی ہاں۔ لیکن ابھی تک یہ بجٹ میں شامل نہیں کی جا سکی۔

(ج) جی ہاں۔ جب مالی حالت بہتر ہو جائے۔

SALINE WATER IN TEHSIL PIND DADAN KHAN.

454. Malik Abbas Khan Seth: Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that due to the saline water which flows out from the salt hills in Tehsil Pind Dadan Khan, District Jhelum, a considerable area of arable land has become unfit for cultivation;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any scheme for the control of the above saline water to facilitate irrigation is under the consideration of the Government; if not, the reasons therefor ?

آنریبل سردار محمد خان لغاری — (الف) کھاری پانی جو نمک کی پہاڑیوں سے بہ کر آتا ہے ۔ پنڈ دادن خاں تحصیل کی زمینوں پر پھیل جاتا ہے ۔ اور اس طرح زمین کی زرخیزی پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ پانی کا یہ عمل سالہا سال سے جاری ہے ۔

(ب) تقسیم پنجاب سے قبل جلال پور نہر کی تجویز بنائی گئی تھی ۔ جس میں پنڈ دادن خاں تحصیل کا رقبہ بھی شامل تھا ۔ لیکن اقتصادی لحاظ سے یہ سکیم ناموزوں ہونے کی وجہ سے عمل میں نہ آ سکی ۔ اب پھر مزید تحقیقات جاری ہے ۔

ECONOMY COMMITTEE

455. Qazi Murid Ahmad: Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Government have recently appointed an Economy Committee to suggest ways and means to effect 25% reduction in expenditure in the various Government Departments;

(*b*) whether it is a fact that the said Committee has recommended retrenchment of several posts on the existing cadre of the Provincial Health Services.

The Honourable Makhdumzada syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani:

(*a*) Yes to the extent of 15%.

(*b*) Yes; the detail in respect of this retrenchment is given below :—

Designation		*No. of posts*
P. H. S. Class I	..	1
P. H. S. Class II	..	3
Subordinate Service	..	78

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following telegram from Mian Dost Muhammad Khan, M. L. A. :—

"Brother died excuse attendance from 22nd February up to 28th February 1954".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

Mr. Speaker: We now proceed to the General Discussion of the budget. Before I call upon the Honourable Leader of the Opposition to open the discussion, I would like to make one point clear and that is that various honourable members of this House are anxious to speak, and, quite naturally, to take part in this discussion. I calculated that we have altogether 9 hours at our disposal. Out of these 9 hours, one hour will be appropriated by the Honourable Leader of the Opposition and another hour by the Honourable Leader of the House in reply. That leaves us with 7 hours only. In view of large number of honourable members anxious take part in the debate, I have decided that every other honourable member will get 15 minutes.

*میاں عبدالباری (لائلپور-۷-مسلم) — جناب صدر- آنریبل وزیر اعلیٰ نے اپنی بجٹ تقریر میں ان مشکلات کا ذکر فرمایا ہے جو صوبہ پنجاب کو اس وقت در پیش ہیں- اور ان مشکلات کے ازالہ کے لئے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ قوم تنظیم اتحاد اور ایثار کو عمل میں لا کر ان پر عبور حاصل کرے-

جناب والا- یہ ایک حقیقت ہے اور تاریخ عالم اسکی شہادت سے بھری پڑی ہے کہ جب کوئی ملک نیا قائم ہوا یا جب کسی قوم نے اپنے ارتقا کی ابتدا کی تو اسے ضرور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا- اور ہر ایک قوم کو اپنے ابتدائی دور میں مصائب پیش آئے- مجھے اس بات میں وزیر اعلیٰ صاحب سے پورا پورا اتفاق ہے کہ ابتدائی دور میں ان مشکلات پر صرف انہی صفات سے کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے- لیکن سوال اس وقت یہ ہے کہ تنظیم اتحاد اور ایثار کس طرح دوبارہ پیدا کئے جائیں- کس طرح یہ کیفیت پیدا کی جائے جس سے پاکستان بالعموم اور صوبہ پنجاب بالخصوص ان مصائب پر قابو پا سکے جن کا ذکر انہوں نے فرمایا ہے اور جن کا ذکر انہوں نے نہیں فرمایا کیونکہ وہ بجٹ تقریر کے دائرہ سے باہر تھیں- جناب والا- یہی ایک چیز ہے جسکے متعلق میں ابتداً عرض کرنا چاہتا ہوں- کیونکہ جب تک صحیح تشخیص نہ ہو اس وقت تک مرض کا صحیح علاج نہیں ہو سکتا- اور جب تک دوا حاصل کرنے کا صحیح طریقہ معلوم نہ ہو جائے اس وقت تک مرض کو دور نہیں کیا جا سکتا-

جناب والا- انسانی معاشرہ کی تاریخ سے یہ بات ثابت ہے کہ جب کسی قوم کو اچھے لیڈر میسر آ گئے تو پست ترین اخلاق کی قوموں نے بھی ان صفات سے مزین لیڈروں کے طفیل بہت ترقی کر لی- اور جب کسی قوم کے لیڈروں کے اپنے اخلاق گر گئے تو اس وقت وہ قوم باوجود

*Uncorrected speech.

ان خوبیوں کے جو اس میں پہلے موجود تھیں قعر مذلت میں گر گئی۔ تاریخ عالم میں اس قسم کی مثالیں موجود ھیں کہ بد ترین اخلاق والی قومیں صحیح راھبر مل جانے سے بام ترقی کی منزلیں طے کرتے ھوئے اوج ثریا پر پہنچ گئیں۔ لیکن اس قسم کی مثال ایک بھی نہیں ملتی کہ جب کسی ملک کے راھنماؤں اور بر سر اقتدار لوگوں کے اپنے عادات و خصائل خراب ھو گئے ھوں اس وقت انکی قوم کسی قسم کی مشکلات پر عبور حاصل کر سکی ھو۔ اس لئے میں سمجھتا ھوں کہ ایثار۔ تنظیم اور اتحاد آج اس نازك وقت میں پیدا کرنے کے لئے یہ نہایت ضروری ھے کہ بر سر اقتدار اصحاب جن کے ھاتھ میں حکومت کی زمام ھے اور جن کے ھاتھ میں عوام کی قسمت کا فیصلہ کرنے کا اختیار ھے وہ پہلے خود ایسی مثالیں قائم کریں جنہیں دیکھکر قوم بھی اپنے آپ کو ان صفات سے متصف کر سکے۔

جناب والا۔ میں اپنی تقریر کے ابتدا میں یہ عرض کرونگا کہ اگرچہ حضور کے حکم کی تعمیل میں میں سر تسلیم خم کرتا ھوں اور میں کوشش کرونگا کہ مقررہ وقت کے ختم ھونے سے پہلے ھی اپنی تقریر کو ختم کر لوں لیکن میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ پرانی روایات کے بر عکس آپ نے اس افتتاحی تقریر کےلئے جو کہ حزب اختلاف کی طرف سے ھو گی ایک گھنٹہ وقت مقرر کر دیا ھے۔ اگرچہ پہلے ایسا نہیں کیا جاتا تھا لیکن ''این ھم اندو عاشقی بالائے غم ھائے دگر''۔ بھر حال میں اس بحث و تمحیص میں وقت ضائع نہیں کرنا چاھتا اور آپ کے اس حکم کو ان معروضات کے ساتھ (جو میں ابھی پیش کر چکا ھوں) قبول کرتا ھوں۔ اب یہ صفات یعنی اتحاد۔ تنظیم اور ایثار (جن کا ذکر ھمارے معزز وزیر اعلیٰ نے فرمایا ھے) ایسی ھیں جن سے ھم موجودہ مصیبتوں سے بھی بچ سکتے ھیں اور آئندہ مصیبتوں سے بھی نجات حاصل کر سکتے ھیں۔ جو ان سے بھی بڑی ھو سکتی ھیں کیونکہ ابتدائی دور کی مصیبتوں کی کوئی انتہا نہیں ھوتی۔ اس کے لئے میں نے عرض کیا ھے کہ اگر وہ اصحاب جن کے ھاتھ میں حکومت کی باگ ڈور ھے وہ پہلے ان صفات سے اپنے آپ کو مزین کریں تو عوام بھی ان کی پیروی کرینگے اور اگر ایسا نہیں ھوگا تو پھر مشکل ھے۔ لہذا میں وزراء اور ان معزز اراکین کی خدمت میں جو سامنے کی بنچوں پر بیٹھے ھوئے ھیں یہ درخواست کرونگا اس فریضہ ملی کی بنا پر جس پر کہ میرا ایمان اور اعتقاد ھے اور ملکی ضروریات کے پیش نظر یہ درخواست میں ان کی خدمت میں پیش کرنا ضروری سمجھتا ھوں ورنہ ان سے میرے ذاتی تعلقات دوستانہ ھیں۔ اور اگر میں اپنے اس فرض سے کوتاھی نہ کروں اور حقائق

کو ان کے سامنے پیش کروں تو وہ اسے ذاتی مخالفت پر مبنی نہ سمجھیں بلکہ یہ سمجھیں کہ یہ حقیقت ہے اور اسے صحیح تسلیم کریں۔

جناب والا۔ اب میں وزارت کے اس میزانیہ اور طریق کار کے متعلق چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اس وزارت کو باوجود اسکے کہ قدرت نے گذشتہ سال اسے بہت بڑا موقعہ دیا کہ اس صوبہ کی اس طریق سے رہبری کریں کہ یہ تینوں چیزیں اس میں پیدا ہو جائیں لیکن یہ وزارت قطعی طور پر اس چیز میں نا کام رہی ہے۔ ایسے بہت کم مواقع اور سہولتیں کسی حکمران طبقے کو میسر آئی ہیں جتنی کہ موجودہ اصحاب اقتدار کو میسر آئی ہیں۔ لیکن انہوں نے ان سے قطعی طور پر فائدہ نہیں اٹھایا۔ جناب والا۔ پہلی چیز جو میں اس میزانیہ اور انکے طریق کار سے ثابت کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ موجودہ مالی پریشانی میں اس وزارت نے کوئی ایسی مثال قائم نہیں کی جس سے عوام میں ایثار اور دیانت پیدا ہو۔ دوسرے میں یہ ثابت کرونگا کہ انہوں نے وسائل کی موجودگی کے باوجود کوئی ایسا کام نہیں کیا جس سے مفلوک الحال عوام کو آسائیش مہیا ہو سکے۔ تیسری چیز یہ ہے کہ ان کا طریق کار ایسا ہے جو عوام میں اعتماد پیدا نہیں کر سکا۔ چوتھے میں یہ ثابت کرونگا کہ اکثر رفاہی محکموں کو گذشتہ سال کی نسبت بہت کم رقوم دی گئیں اور موجودہ میزانیہ ہمارے عہد غلامی کے میزانیوں کا ایک چربہ ہے جو انہی لائینز پر بنایا گیا ہے۔ انگریز کے زمانہ میں رفاہی محکموں کے لئے اس لئے روپیہ نہیں دیا جاتا تھا کہ عوام ان محکموں سے مستفید نہ ہو سکیں بلکہ انہیں دھوکہ دینے کے لئے یہ رفاہی محکمے قائم کئے گئے تھے۔ اس چیز کو ثابت کرنے کے لئے میں جناب کی خدمت میں اعداد و شمار پیش کرتا ہوں۔ سب سے پہلے میں جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان کے سامنے ان محکموں کی آمدنی اور خرچ پیش کرنا چاہتا ہوں تا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ حقیقتاً رفاہی کاموں کے لئے جو خرچ کیا گیا ہے وہ کتنا ہے۔ اگر صرف کل اخراجات کو دیکھا جائے اور آمدنی کو نہ دیکھا جائے تو اس سے وہ حقیقی خرچ واضح نہیں ہو سکتا جو ان محکموں پر ہوا۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے :—

محکمہ صحت (ہیلتھ سروسز) —

	روپے
خرچ	۱,۳۵,۳۱,۶۰۰
آمدنی	۳۱,۲۸,۹۰۰

	روپے
بقایا خرچ بذمہ حکومت ..	۱,۱۳,۰۲,۷۰۰
پبلک هیلتھ —	
خرچ	۲,۷۱,۷۰۰
آمدنی	۳۳,۷۰۰
بقایا خرچ بذمہ حکومت ..	۲,۳۸,۰۰۰
زراعت —	
خرچ	۶,۸۷,۶۰۰
آمدنی	۳۶,۰۸,۵۰۰
بقایا خرچ بذمہ حکومت ..	۲۳,۷۹,۱۰۰
ویٹرنری —	
خرچ	۲۳,۵۱,۸۰۰
آمدنی	۸,۱۵,۷۰۰
بقایا خرچ	۱۵,۳۶,۱۰۰
محکمہ امداد باهمی —	
خرچ	۱۳,۵۹,۶۰۰
آمدنی	۴,۷۰,۶۰۰
بقایا خرچ	۸,۸۹,۰۰۰
صنعت —	
خرچ	۶۳,۱۴,۰۰۰
آمدنی	۳۸,۲۲,۶۰۰
بقایا خرچ	۲۴,۹۱,۴۰۰

تو اگر ان ساری رقوم کو جمع کیا جائے اور خرچ میں سے آمدنی نکال کر باقی خرچ ان چھ محکموں پر جو حکومت کے ذمہ رہ جاتا ہے وہ ۱,۹۰,۳۶,۳۰۰ روپیہ ہے ۔ تعلیم پر ۴,۸۸,۹۴,۴۰۰ روپیہ خرچ ہے اور ۳۰,۱۳,۹۵۰ روپیہ آمدنی ہے ۔ اس میں سے بچت ۳,۴۸,۸۰,۴۵۰ روپیہ ہے۔ اگر ان چھ محکموں کی رقوم کو مع محکمہ تعلیم کے خرچ کے جمع کریں تو ۵,۹۹,۱۶,۷۰۰ روپیے بنتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس مقصد کے لئے میں عدلیہ

کو بھی موجودہ دور میں اسی قدر اہمیت دیتا ہوں جتنی اہمیت کہ beneficient محکموں کو حاصل ہے اسلئے میں نے یہ بھی دیکھنا ہے عدلیہ پر خرچ کتنا آ رہا ہے اور اس سے آمد کس قدر ہے۔ پس حضور والا اس پر ۴۰,۳۹,۶۰۰ روپیہ خرچ آتا ہے اور اس سے آمد ۱۶,۷۵,۲۰۰ روپے ہوتی ہے۔ اب یہ ہیں وہ محکمہ جات جن کو رفاہی محکمے کہا جاتا ہے۔ اب میں نے دعویٰ یہ کیا تھا کہ حکومت نے اپنے اس نئے میزانیہ میں کوئی ایسا اقدام نہیں کیا جس کو مثال کے طور پر پیش کیا جا سکے یا جس کے نقش قدم پر چل کر عوام میں اس ایثار اور اس قربانی کا مادہ پیدا ہو سکے جس کا ذکر آنریبل چیف منسٹر صاحب نے اپنی کل کی تقریر میں کیا تھا کہ حکومت کو اور عوام کو موجودہ مجبوریوں کے پیش نظر ایثار اور قربانی کرنے کی ضرورت ہے مگر خود حکومت نے اس ایثار اور قربانی پیش کرنے کی کوئی مثال قائم نہیں کی۔ میں تو خیر رفاہی محکموں کے سلسلے میں کوئی نکتہ چینی نہ کرتا اور نہ ہی میری عادت ہے کہ اس رسمی قسم کے محکموں کے متعلق کچھ کہوں۔ البتہ آنریبل وزیر اعلیٰ کے دعویٰ کے پیش نظر کچھ نہ کچھ کہنے پر مجبور ہوں۔ انہوں نے چھ رفاہی محکموں پر ۱,۹۰,۳۶,۳۰۰ روپے صرف کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور ان چھ رفاہی محکموں میں ہر ایک محکمے کے لئے گذشتہ سال کی بہ نسبت کم خرچ رکھا ہے۔ لیکن جنرل ایڈمنسٹریشن کے محکمے پر مزید خرچ کرنا چاہتے ہیں۔ وہ چھ رفاہی محکمہ جات یہ ہیں زراعت۔ حیوانات۔ امداد باہمی۔ صنعت و حرفت۔ عدلیہ اور ہیلتھ کا محکمہ۔ ان سب محکموں کے لئے مجموعی طور پر بھی اور فرداً فرداً بھی کم خرچ رکھا گیا ہے۔ صرف تعلیم کے اخراجات میں چند لاکھ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ باقی تمام رفاہی محکمہ جات کے اخراجات میں کمی کی گئی ہے اور میں ہر ایک محکمے کے متعلق الگ الگ بتاؤں گا کہ کتنی کتنی کمی کی گئی ہے یعنی زراعت امداد باہمی۔ صنعت و حرفت۔ عدلیہ اور ہیلتھ کے محکمہ میں ہر ایک میں کتنی کتنی کمی کی گئی ہے۔ لیکن ان سب کے مقابلے میں جنرل ایڈمنسٹریشن میں ۱۱,۸۹,۲۰۰ روپے کی زیادتی کی گئی ہے۔ حضور والا۔ جنرل ایڈمنسٹریشن کا وہ محکمہ ہے جس میں وزرائے کرام شامل ہیں ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری اور پرائیویٹ پارلیمنٹری شامل ہیں۔ ان سب کی تنخواہیں اور الاؤنس اور سفر خرچ وغیرہ شامل ہیں۔ اس اکیلے محکمے میں ۱۱,۸۹,۲۰۰ روپے کی زیادتی کی گئی ہے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس زیادتی میں یہ چیز بالخصوص شامل ہے کہ پانچ نئے پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کا دم

چھلا ایزاد کیا گیا ہے اور جب اس ایوان میں چیف منسٹر صاحب مالی مشکلات اور کفائت شعاری کا ذکر کر رہے تھے تو اسی کے ساتھ ہی اس دن انہوں نے ان پانچ پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے تقرر کا فیصلہ بھی صادر فرمایا تھا۔ (قطع کلامیاں)

سابقہ زمانے میں ان آسامیوں کو اس طرح استعمال کیا جاتا تھا کہ صاحب اثر اراکین مجلس کی ہمدردیاں خریدنے کیلئے انہیں پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدے پیش کئے جاتے تھے۔ تقسیم سے پہلے بھی یہی قبیح رسم رائج تھی اور تقسیم کے بعد بھی اس کا اعادہ کیا جا رہا ہے۔ اس نظریے کے ثبوت کے طور پر یہ امر پیش کیا جا سکتا ہے کہ بعض معزز ارکان نے ان عہدوں سے استعفیٰ دے دیا تھا اور انہوں نے اس کی سب سے بڑی وجہ بھی یہی بتائی تھی کہ ان عہدوں کی مطلقاً ضرورت نہیں کیونکہ ان کے لئے کوئی کام نہیں ہوتا ہے مگر اس کے باوجود اس بے مصرف پرانی رسم کو ہماری حکومت نے زندہ کر دیا ہے اور پرائیویٹ سیکرٹری رکھ لئے گئے ہیں۔ جن کا کوئی کام نہیں ہوگا سوائے اپنی ہمدردی بیچنے اور وزارت کو طاقت پہنچانے کے۔ ان فریب کاریوں کی بنا پر غیر ملکی حکومت بھی با رسوخ اشخاص کی ہمدردیاں خریدنے کے لئے اس قسم کے عہدے دیا کرتی تھی۔ کیا یہ صریح بد دیانتی اور مصرف بے جا نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ اس طرح سیاسی بد دیانتی کا بیج پھیلانے کی کوشش کی گئی ہے۔ جس budget speech میں مالی دشواریوں اور دیگر مجبوریوں اور مصیبتوں کا رونا رویا گیا تھا اسی تقریر کے ساتھ ساتھ ان پانچ پرائیویٹ سیکرٹریوں کے تقرر کا فیصلہ کیا جا رہا تھا۔ اس کے بعد عوام کو تلقین کی جاتی ہے کہ تنظیم۔ اتحاد اور ایثار کیا جائے۔ یہ کیا ہی اچھے ایثار کی مثال قائم کی گئی اور عملی نمونہ پیش کیا گیا ہے کہ پانچ ممبروں کو پرائیویٹ سیکرٹری مقرر کر کے ان کی ہمدردیاں خریدنے کا انتظام کر لیا گیا ہے حالانکہ کوئی سرکاری کام ان کے بغیر نہیں رکا ہوا تھا۔

Chief Minister: Question.

Mian Abdul Bari: What question ?

Chief Minister : It is wrong to say that they sell themselves for getting these posts.

Mian Abdul Bari: Facts cannot be denied by mere denials.

حضور والا - اسی کے لئے میں نے پہلے ہی معذرت کر دی تھی یہ تلخ حقائق ہیں ان سے انکار تو نہیں ہو سکتا البتہ ان سے چیف منسٹر صاحب دل برداشتہ اور ناراض نہ ہوں - اگر ناراض نہ ہوں تو بہتر ہے ورنہ ناراض ہونے کا کوئی فائدہ بھی نہیں ہوگا - سچی بات کچھ ایسی ہی ہوا کرتی ہے - آپ بے شک کوئی غیر جانبدار جج مقرر کر دیں جو یہ فیصلہ صادر کرے کہ آیا میری معروضات صحیح ہیں یا نہیں - مجھے یقین ہے کہ آپ بھی ان کو حقیقتاً درست سمجھتے ہیں اور سارا ایوان ان کو سچ سمجھتا ہے بلکہ تاریخ بھی شاھد رہے گی کہ آپ نے جو پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدے بحال کئے ہیں میں پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدوں کی بات نہیں کرتا ان کی تو اب tradition بن چکی ہے - میں صرف پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی بات کرتا ہوں کہ ان پر اسراف بیجا کیا گیا ہے ملک میں سیاسی بد دیانتی کی بنیاد رکھی گئی ہے ان کا کوئی حقیقی مفاد اور کام نہیں اور یہ تقرریاں دیانت پر مبنی نہیں ہیں (آپوزیشن کی طرف سے آوازیں (Shame shame.)

دوسرا دعویٰ میں نے یہ کیا تھا کہ چیف منسٹر صاحب نے کوئی بھی ایسا کام نہیں کیا جس کی موجودگی مفلوک الحال عوام کی بہتری اور آسائش کا موجب ہو -

قرآن پاک میں ارشاد ہے -

وبلو نھم بالسیات و الحسنات . . . . الخ

یعنی ہم نے ان کو بھلائیوں اور سختیوں سے آزمایا . . . . . مجھے پریشانی ہوتی ہے کہ ہمارے روبرو بر سر اقتدار لوگوں کو خواہ وہ گورنمنٹ میں ہوں یا باہر جب ان کو آسائش ملتی ہے تو بھی اور جب ان پر کوئی سختی آتی ہے تو بھی وہ صحیح راستہ اختیار نہیں کرتے - اللہ ہی ہمارے ملک پر رحم فرمائے -

جس وقت ہماری موجودہ وزارت معرض وجود میں آئی تو مجھے یاد ہے اس وقت اس کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ گندم کی فراہمی کا تھا - سابقہ وزارت جو اپنی سیات کی وجہ سے نیست و نابود ہوگئی اور جس کی وجہ سے اس صوبہ پر سب سے بڑا عذاب خداوندی نازل ہوا یعنی یہ کہ صوبے بھر میں روز بروز گندم اس قدر مہنگی ہونی شروع ہو گئی کہ اس مہنگائی کی وجہ سے ہر ایک شخص قدرتی طور پر ان کو لعنت ملامت کرنے لگا اور وہ وزارت اس صوبے میں اپنا وقار اور ہر دلعزیزی بالکل کھو بیٹھی - مگر موجودہ وزارت پر قدرت نے اس طرح مہربانی کی کہ اس کے معرض وجود میں آتے ہی

بہت سی گندم باہر سے آ گئی اور ساتھ ہی بارش اچھی ہو جانے سے اجناس خوردنی کی فصلیں بھی اچھی ہوئیں - اور

و بلونهم بالسیات والحسنات

کے مصداق موجودہ وزارت کا عہد اس صوبے کو حسنات سے پکارنے والا تھا - مگر اس سلسلے میں ایک چیز میں خاص طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں - وہ یہ کہ میں نے آج تک کوئی adjournment motion پیش نہیں کی سوائے اس کے جو میں گندم کی مفت تقسیم کے بارہ میں لایا تھا - مگر اس پر یہ کہا گیا کہ یہ کیا لائے ہو - میں نے اس وقت بھی کہا تھا کہ ملک کو بھکاری بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے - ارے اب تو بارش بھی اچھی ہو گئی ہے اور صوبے بھر میں گندم کی قیمت دس یا گیارہ روپے من تک آ گئی ہے - آپ بھی ڈپوؤں وغیرہ میں اس کی قیمت اور سرکاری قیمت گھٹائیے - تا کہ آپ کا یہ اقدام لوگوں کی مشکلات کے حل کے لئے ان کا سہارا بن سکے - اگر قیمت زیادہ رہی تو غریب عوام کی تکالیف اور بڑھ جائینگی -

اس کے علاوہ میں نے یہ بھی کہا کہ آپ کے پاس جو ذخائر ہیں ان کو مناسب طریق پر پھیلا دیجئے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا کہ ان بیروزگار لوگوں - شہروں میں رہنے والے چھوٹے چھوٹے ملازمین اور ان مفلوک الحال لوگوں کی حالت آج سے یقیناً بہتر ہوتی جن کو آج نہ پیٹ بھر کر روٹی کھانے کو میسر آتی ہے اور نہ ہی تن ڈھانپنے کو کپڑا - میں ان خیالات کا اظہار غریبوں کے ساتھ محض زبانی ہمدردی کے طور پر نہیں کر رہا بلکہ اس معزز ایوان کے سامنے ایک حقیقت پیش کر رہا ہوں تا کہ معزز ممبران محسوس کریں کہ جس مقصد کے لئے وہ یہاں تشریف لاتے ہیں اسے کس حد تک پورا کرتے ہیں - اس حقیقت سے قطعی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جناب وزیر اعلیٰ کو صوبے میں غذائی بحران کے وقت عوام کی حالت کا ہم سے بہتر طور پر علم تھا - اگر علم تھا تو پھر کیا یہ ان کا فرض نہ تھا کہ عوام کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے وہ فوری طور پر کوئی اقدام کرتے -

جناب والا - ہمارے صوبے کی بہتری اسی میں ہے کہ کاشتکار کو اس کی کاشت کی بہتر قیمت وصول ہو - یہ سراسر غلط بیانی ہے کہ اگر غلے کی قیمتیں موجودہ قیمتوں سے کم کی گئیں تو اس سے کاشتکاروں کو بہت زیادہ نقصان ہوگا - مجھے اچھی طرح سے یاد ہے کہ گزشتہ لڑائیوں میں اگرچہ

انگریزوں نے ہماری گندم ساری دنیا میں اپنی فوجوں کو پہنچائی اور اس کے علاوہ بھی کئی جگہ پھیلائی تاہم ہمارے ہاں اس کا بھاؤ سات۔ آٹھ یا ساڑھے آٹھ روپے فی من سے بڑھنے نہ پایا۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں اور کاشتکاروں کے متعلق مجھے یہ ذاتی تجربہ ہے۔ ممکن ہے وزیر اعلیٰ صاحب کو جو عمر بھر بڑے بڑے کاموں میں مصروف رہے ہیں۔ نہ ہو کیونکہ ذاتی طور پر انہوں نے اس طرف زیادہ توجہ نہیں دی۔ یعنی اگر کاشتکار کو آٹھ روپے فی من قیمت وصول ہو تو اسے کوئی خسارہ نہیں ہوتا اور وہ اپنا گذارہ بخوبی کر سکتا ہے۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں اور انہیں ماننا پڑے گا کہ ہمارے صوبے میں چھوٹے کاشتکاروں یعنی چار۔ پانچ۔ چھ۔ آٹھ یا دس ایکڑ کے مالکان کی تعداد جنہیں گندم مول لینا پڑتی ہے۔ چند بڑے بڑے زمینداروں کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ اس کے باوجود شان تعلی ملاحظہ ہو کہ جب اس گدی پر تشریف فرما ہوئے تو باوجود عوام کی چیخ و پکار اور اخبارات کے توجہ دلانے کے کہ گندم کی خرید بوجہ قیمت کی زیادتی بہت مشکل ہو گئی ہے اور خصوصاً غریب اتنی زیادہ قیمت ادا نہیں کر سکتے۔ ابھی تک کچھ نہیں کیا گیا۔ میں کہتا ہوں۔ آپ آٹھ روپے من تک قیمت لا کر نیک نامی اور عوام کا اعتماد حاصل کیجئے۔ اور اپنے آپ کو حسنات کے مترادف ثابت کیجئے۔ اس غرض سے میں نے خود ان نشستوں پر جا کر یہ عرض داشت پیش کی تھی کہ اس وقت عوام کی سب سے بڑی ضرورت سستی گندم کی فراہمی ہے۔ مگر جواب یہ ملا کہ اس وقت صوبے کی development ہمارے درپیش ہے جس کے پیش نظر اس تجویز کو عملی جامہ پہنا کر ہم خسارہ اٹھانے کے قابل نہیں ہیں۔ لیکن آج میں یہ عرض کر دوں کہ منظم قومیں۔ ایثار سے بھری ہوئی اور مطمئن قومیں ایک development چھوڑ ہزاروں developments کر لیا کرتی ہیں (تالیاں)۔ میں یہ بھی واضح کر دوں کہ آج ہماری قوم اپنے حکمرانوں سے مطمئن نہیں ہے۔ ہمارے حکمران اس حکومت کو عوام کی خدمت کرنے والے ادارے کی بجائے بنیئے کی دوکان سمجھے ہوئے ہیں۔ حالانکہ وہ اس امر کے ہرگز حقدار نہیں کہ عوام کو تنگدستی کی حالت میں رکھکر خزانہ میں روپیہ اکٹھا کریں۔ میں اس معزز ایوان کے سامنے اسلامی بیت المال کی مثال پیش کرتا ہوں جس کے متعلق حکم یہ ہے کہ حکمران کو اس وقت تک خزانے میں روپیہ جمع کرنے کا کوئی حق اور اختیار نہیں جب تک عوام کو ابتدائی ضروریات زندگی پوری طرح میسر نہ آ جائیں۔ آپ بیت المال کے اس اصول کے ساتھ اپنے اصول کا مقابلہ کیجئے۔ کیا آپ عوام کی خدمت کی

غرض سے حکومت کر رہے ہیں یا بنیئے کی دوکان چلا رہے ہیں۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ آپ general administration کے اخراجات میں کچھ کمی کر کے چھوٹے خسارے پورے نہیں کر سکتے۔ آپ اپنی تنخواہ سے ایک کوڑی کم کرنے کے لئے تیار نہیں۔ میرا خیال تھا کہ اس دفعہ اس مد کے اخراجات میں کچھ کمی کی جائیگی مگر اس بجٹ کے مطابق معاملہ بالکل الٹ ثابت ہوا۔ کہیں پانچ پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹری ہیں اور کہیں وکلا' میجسٹریٹ اور اسی طرح اور بہت سے اخراجات ان کی تنخواہوں پر لکھو کھہا روپیہ خرچ کرنے سے حکومت کو کوئی دریغ نہیں۔ مگر جب کہا جائے کہ ایک یا ڈیڑھ کروڑ سے گندم سستی کر کے عوام کی مدد کیجئے اور ان کی دعائیں لیجئے تو اس وقت ان کو economy یاد آ جاتی ہے۔ آپ عوام کے نمائندے ہیں۔ آپ نے عوام سے وعدے کر رکھے ہیں۔ کیا آپ کو اپنے وہ وعدے یاد ہیں۔؟ میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے ان میں سے کتنے وعدے پورے کئے ہیں۔ آپ نے قرآن کریم کا یہ حکم نظر انداز کر رکھا کہ۔

یایھا الزین امنولا تقولون مالا تفعلون

یعنی وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر عمل نہیں کرتے۔ یہ حکم سورہ صف میں آیا ہے۔ آپ اپنی جماعت کا نام خواہ کچھ ہی رکھیں۔ خواہ یہ مسلم لیگ ہو یا کوئی اور جماعت۔ اس حکم کی خلاف ورزی سے آپ کو اس کا نام ہرگز نہ بچا سکے گا۔ جو حکمران ''ہیرا پھیریاں،، کرے جو حکمران اس قسم کی جسارت کرے کہ اپنی گدی بر قرار رکھنے کی خاطر عوام کی خدمت کو نظر انداز کر دے اور جس وقت دوسروں کی ہمدردیاں خریدنے کی ضرورت ہو تو ان کے لئے posts create کر دے۔ وہ کبھی سر بلند نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اس کے بر عکس زوال کی طرف رجوع کرتا ہے۔

جناب والا۔ میرا دوسرا دعویٰ یہ تھا کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے گذشتہ اجلاس اسمبلی میں جو وعدہ کیا تھا وہ ابھی تک پورا نہیں کیا گیا۔ گندم کے متعلق تو میں نے وعدہ یاد دلادیا ہے۔ یہ وعدہ کھانڈ کی نقل و حرکت پر پابندیوں کے متعلق ہے۔(ایک آواز۔ وہ وعدہ کھانڈ کے متعلق نہیں بلکہ گڑ کے متعلق تھا)۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ کھانڈ کی نقل و حرکت پر عائد شدہ پابندیاں دور کر دی جائینگی۔ اجناس خوردنی پر لگائی ہوئی پابندیاں ختم کر دی جائینگی۔ مگر آج تک اس سلسلے میں کوئی اقدام نہیں کیا گیا۔ غلہ لے کر گزرتے وقت سڑکوں پر عجیب

کیفیت ہوتی ہے۔ جڑانوالا سے لائلپور جانے کا اگر آپ کو اتفاق ہو تو آپ دیکھیں گے۔ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی واگھہ کی سرحد عبور کر رہا ہو۔ چپے چپے پر کیمپ اور چوکیاں ہیں۔ کہیں ویسے ہی سپاہی کھڑے ہیں۔ ہر ایک لاری یا ٹرک کی جو گزرتا ہے اکثر مقامات پر سختی سے تلاشی لی جاتی ہے۔ بہت کم مقامات ایسے ہونگے جہاں تلاشی آرام سے لی جاتی ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ اس تلاشی کے دوران میں لاریوں کو بعض اوقات بلا وجہ دیر تک روک لیا جاتا ہے۔ جس سے مسافروں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ جو شخص چاول وغیرہ لاتا ہے وہ عموماً ختم کی نیت سے اور خدا واسطے پکا کر تقسیم کرنے کی غرض لاتا ہے۔ اور یہ امر میں حضور والا کی وساطت سے پوری ذمہ داری کے ساتھ جناب وزیر اعلیٰ اور دیگر وزراء صاحبان کی خدمت میں عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں لوگ زیادہ تر گندم کھاتے ہیں۔ چاول ان لوگوں کے لئے کبھی کبھی خوشی سے کھانے کی چیز ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ جب کبھی کوئی شخص خدا واسطے کھانا کھلاتا ہے تو وہ چاولوں کی دیگ پکانے کو ہی ترجیح دیتا ہے۔ ان اغراض کے لئے چاول پر اس قدر پابندیاں اور محاسبے کے لئے اتنی چوکیوں کی کیا ضرورت ہے۔ اکثر یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ جو لوگ ان اغراض کے لئے چاول لاتے ہیں ان سے چوکی والے تھوڑے بہت چاول لے کر ہی انہیں گزرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

جناب والا۔ اس کے علاوہ ایک چیز اور جو میں حکومت کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ بلیک مارکیٹ والے جو ٹرک لاتے ہیں وہ پولیس کو دو سو یا اڑھائی سو روپے فی ٹرک دے کر بہت بڑی مقدار میں بغیر کسی پابندی کے چاول لاتے ہیں۔ لیکن ان کے مقابلے میں غریب زمینداروں پر چاول کی نقل و حرکت کے سلسلے میں بڑی سختی سے کام لیا جاتا ہے۔

جناب والا۔ انہوں نے ارشاد فرمایا تھا کہ حکومت اس کی نقل و حرکت پر سے پابندی ہٹا دیگی۔ انہوں نے اپنی تقریروں اور بیانات کے ذریعے یقین دلانے کے باوجود بھاؤ کو بڑھانے کی کوشش کی۔ بارشیں اچھی ہو گئیں اور فصل کی حالت اچھی رہی لیکن انہوں نے گندم کی قیمت کو اونچا رکھا۔ مگر اسکے باوجود دیہات میں گندم کی قیمت کم ہوتی رہی۔ اگر آج آپ ساری پابندیوں کو اٹھا دیں تو میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اسکی قیمت کم ہو جائے گی۔ ہر شخص جانتا ہے کہ جب کسی چیز پر

کنٹرول عائد کیا جاتا ہے۔ تو ہر قسم کی بد عنوانیوں اور بددیانتیوں کی وجہ سے اسکی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ گذشتہ سشن میں ہم نے وزیر اعلیٰ صاحب سے درخواست کی تھی کہ ملوں کے کپڑے کی قیمت کم کی جائے۔ میں پوچھتا ہوں کہ انہوں نے اس معاملے میں کیا کوشش کی ہے۔ آج ان ملوں کے مالک تین تین چار چار سو فیصدی منافع کما رہے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ دیہات اور شہروں کے غربا کو کپڑا میسر نہیں آتا۔ پچھلے دن صاحب موصوف جب یہ بیانات دے رہے تھے کہ آبیانہ میں اضافہ کیا جائے گا اور دو آنے فی روپیہ سیس لگایا جائے گا تو مجھے یہ خیال آ رہا تھا کہ کاش ان لوگوں کو ساتھ لے جا کر دیہات کے ان غربا کی کیفیت دکھائی جائے جن کا یہ ذکر کر رہے ہیں۔ ان کی عورتوں کو کپڑا میسر نہیں آتا۔ انکے جسم کئی جگہوں سے ننگے ہو رہے ہیں۔ آپ ملوں کے مالکوں کو مجبور کریں کہ وہ کم قیمت پر کپڑا فروخت کریں۔ اس کے بعد میں عرض کرونگا کہ پنجاب میں ایک لاکھ ۸۰ ہزار کھڈیاں ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس بات میں کونسی چیز حارج ہے کہ آپ ملوں والوں کو مجبور کریں کہ وہ زیادہ سوت پیدا کریں۔ اتنا زیادہ سوت تیار کریں جو تمام کھڈیوں کے لئے پورا ہو جائے اور کنٹرول کی کوئی ضرورت باقی نہ رہے۔ میں ایک چیز جناب کی وساطت سے انکی خدمت میں عرض کر دوں اگرچہ بعد میں cut motions کے موقع پر اس چیز کے متعلق مفصل واقعات پیش کرونگا اور وہ یہ ہے کہ سوت کی تقسیم بالکل غلط طریق پر ہو رہی ہے۔ یہ ملوں والوں کو مجبور نہیں کرتے کہ وہ اس سے زیادہ سوت تیار کریں اور دوسرے تقسیم کی خرابی کی وجہ سے کھڈی والوں کو بے حد تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر کھڈی کے کام کو فروغ دیا جائے اور اس امر کی کوشش کی جائے کہ کھڈی والے اپنی پوری قیمت حاصل کر لیں۔ انہیں جتنے سوت کی ضرورت ہو اتنا مہیا کیا جائے تو اس ملک میں کپڑا درآمد کرنے کی ضرورت نہ رہے لیکن یہ کیونکر ہو جب تک ہم اپنے نفس کو اس بات پر آمادہ نہیں کرتے کہ ہم کھڈی کا کپڑا پہنیں۔ جب تک ہم خود نہ پہنیں گے اس وقت تک ہم دوسروں کو کیسے مجبور کر سکتے ہیں کہ وہ کھڈی کا بنا ہوا کپڑا پہنیں اور اس وقت تک ہمیں غریبوں سے کیا ہمدردی ہو سکتی ہے۔ ایک لاکھ ۸۰ ہزار کھڈیوں کو سوت تقسیم نہیں ہو رہا۔ یہاں تک کہ دسمبر کا کوٹہ انہیں ابھی تک نہیں ملا۔ ضلع لائلپور میں جہاں پنجاب کی ½ حصہ کھڈیاں ہیں وہاں دسمبر کا کوٹہ

ابھی تک تقسیم نہیں ہوا اور اس وجہ سے اکثر کھڈیاں بند پڑی ہیں۔ یہ سب قواعد و ضوابط سکھوں کے وقت کی باتیں یاد دلاتے ہیں (قہقہہ) ہماری سمجھ میں تو کچھ نہیں آتا۔ جناب والا۔ کھڈیوں والے بیکار ہو رہے ہیں۔ اور عوام کو سستا کپڑا نہیں مل رہا۔ جناب وزیر اعلیٰ اور وزیر صنعت اتنی تکلیف گوارا فرمائیں کہ صوبے کی ملوں کو مجبور کریں کہ جب تک وہ مطلوبہ سوت تیار نہ کر لیں ایک گز کپڑا تیار نہ کریں۔ اگر اتنی بات بھی ان سے نہ ہو سکے تو ہمیں ان سے اور کیا توقعات ہو سکتی ہیں۔

میرا تیسرا دعویٰ یہ تھا کہ قدرت نے ان کو ایسے حالات میں اس گدی پر بٹھایا جب یہ عوام میں اپنا اعتماد پیدا کر سکتے تھے (وزیر اعلیٰ۔ الحمدللہ) آپکو ایسے مواقع میسر رہے اور آپ اس وقت تشریف لائے جبکہ یہ صوبہ ایک طوفان میں سے گزر چکا تھا جس طوفان کی کیفیت میں وزیر اعلیٰ کی خدمت میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ وہ ایک آندھی تھی اور جو اسکی زد میں آیا اسے اپنے ساتھ اڑا کر لے گئی۔ اس میں اختیاری معاملہ ہی نہ تھا۔ اگر وزیر اعلیٰ یہاں ہوتے اور انکو چند دوست مجبور کر کے شاہی مسجد میں لے جاتے اور انکو کہا جاتا کہ اس تشدد کو روکئیے تو آپ بھی اسی طرح قید خانے میں بند ہوتے جس طرح آج نیازی بند پڑا ہوا ہے۔ میرے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا کہ لائلپور میں دو بجے رات لوگ میرے پاس آئے اور کہا کہ سخت تشدد ہو رہا ہے۔ میں صبح کو انکے ساتھ مسجد میں پہنچا۔ ابھی باہر ہی تھا کہ مجھے کہا گیا کہ خبردار اندر مت جاؤ۔ اس وقت مسجد کے اندر صدر سٹی مسلم لیگ تھے۔ میرے ساتھ میری پارٹی کے چار دوست بھی تھے۔ صدر سٹی مسلم لیگ کے گلے میں ہار پہنا کر انکو جلوس کے ساتھ لے جایا گیا اور آخر وہ قید خانے میں پہنچ گئے۔ اس وقت یہ کیفیت تھی۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے دن رات محنت کر کے پاکستان بنایا اور انکی اتنی قربانیاں ہیں کہ تمہاری قربانیاں انکی جوتیوں پر قربان ہیں۔ (ہیر۔ ہیر) انکو رہا کر کے عوام کا اعتماد اور اپنے لئے نیک نامی حاصل کرنے کی آپکو توفیق نہ ہوئی۔ اگر آپ کو حکمرانی کا تجربہ ہے تو مجھے معلوم نہیں کہ کیوں آپ میں آج تک غلامی کی صفات موجود ہیں۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا آپ توقع کر سکتے ہیں کہ جس ملک میں چھ چھ مہینے اور آٹھ آٹھ مہینے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ رہے وہ ملک کبھی سلامتی کی منزل تک پہنچ سکتا ہے (شیم۔ شیم) میں پوچھتا ہوں کہ عوام کو گندم مہیا کرنے میں عوام

کو کپڑا مہیا کرنے میں اور عوام کی بہتری کے لئے اور انکی اصلاح کیلئے آپ نے کونسا اقدام کیا ہے۔ جناب والا۔ مجھے لائلپور سے کل تک کوئی ۲۰ تاریں موصول ہو چکی ہیں اور میں پوری ذمہ داری کے ساتھ جناب کی وساطت سے اس ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ ان میں سے میں صرف ایک دو آدمیوں کے نام جانتا ہوں۔ باقی کسی کے نام نہیں جانتا۔ انہوں نے مجھے لکھا ہے کہ دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ضلع لائلپور میں غیر موزوں اور برا ہے۔ اسکو فوراً ختم کیا جائے۔ وغیرہ وغیرہ۔ صرف لائلپور میں ہی نہیں بلکہ پنجاب کے اکثر اضلاع میں ابھی تک دفعہ ۱۴۴ لگی ہوئی ہے۔ اگر آپ اسی طرح حکومت چلانا چاہتے ہیں تو کیا آپ نے کبھی غور کیا کہ اسکے نتائج کیا ہونگے۔ یہ بڑھتی ہوئی آگ ہے جو کسی برتن میں ڈھکی ہوئی ہو۔ آخر وہ برتن پھوٹے گا اور جب پھوٹے گا تو پاس پڑی ہوئی سب چیزیں پاش پاش اور جل کر خاکستر ہو جائیں گی۔ اس لئے میں آپ کی خدمت میں یہ التماس کرتا ہوں کہ تنظیم اور ایسے دوسرے معاملات کے متعلق محض قیل و قال کی بجائے عمل کرنا چاہئیے۔ ہم جانتے ہیں کہ ایوان میں ایسی گفتگو یا ایسی چیزیں محض تمسخر کرنے کے لئے پیش کی جاتی ہیں۔

جناب والا۔ میں یہ پہلے عرض کر چکا ہوں کہ جب تک قائدین ملت اپنے اعمال، اپنے ایثار، اور اپنی تنظیم سے یہ ثابت نہ کر دیں کہ وہ کردار کے بہترین نمونہ ہیں اس وقت تک دنیا میں کوئی قوم طاقت ور نہیں بن سکتی۔ آپ کو معلوم ہے کہ حضرت موسیٰ اور ہارون فرعون کی غلامی میں رہ کر بھی بہترین کردار کے مالک تھے۔ ان کی قومی خدمات اور ان کے ایثار نے بڑی سے بڑی طاقت کو شکست دی۔ ایسی کئی اور مثالیں موجود ہیں۔ مثلاً ترک قوم جب انحطاط پذیر ہو چکی تھی۔ عوام تو درکنار سلطان تک بد دیانت اور رشوت خور تھے۔ وہ لوگ غیر حکومتوں سے مل جاتے تھے۔ ان کی حالت اتنی بدتر تھی اور وہ اس قدر سست تھے کہ کوئی حد و حساب نہ تھا لیکن جب ان میں ہی عصمت انونو اور اتا ترک ایسے با کمال لوگ پیدا ہو گئے تو انہوں نے قوم کی کایا پلٹ دی۔ میں زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا لیکن اتنا ضرور عرض کروں گا کہ ان کے پاس کوئی اسلحہ نہ تھا، نہ روپیہ تھا، نہ دولت اور نہ کوئی خزانہ صرف ہمت، جرأت، دلیری اور ان کا صحیح جذبہ خدمت تھا جس کے باعث وہ کامیاب ہوئے۔ قسطنطنیہ اور انگورہ کے واقعات سب کو معلوم ہیں۔ جس وقت دوسرے یورپین ممالک کے رہنے والوں نے ترکوں پر چڑھائی

کی تو مصطفیٰ کمال نے انہیں ایسی شکست دی اور سلطنت کی ایسی مضبوط بنیاد رکھی کہ ترک قوم آج تک کامیاب ہوتی چلی آ رہی ہے۔ اگر ہم میں جذبہ خدمت نہیں تو جناب والا میں عرض کروں گا کہ پھر ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ہم ایک پارلیمنٹ بنائیں۔ پھر ان وزارتوں کی بھی کیا ضرورت ہے۔

جناب والا۔ ہمارا مقصد یہاں کام کرنا ہے اور ایسا کام جس سے ہم کوئی صحیح قومی خدمت کر سکیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ رفاہی محکموں کے کام میں کئی غلطیاں ہیں۔ در اصل ایسے محکموں کو انگریز نے اپنے مقاصد کے حصول کے لئے بنایا تھا۔ مثلاً ہیلتھ کا محکمہ انگریز نے اسلئے بنایا تھا تا کہ چند ایک ایسی ایجنسیز مقرر کی جائیں جن کے ذریعہ ان کی تیار کردہ دوائیں یہاں بک سکیں۔ چنانچہ اس نے شہروں میں ہسپتال بنائے۔ اس کا مقدم مقصد اپنی دواؤں کو یہاں بھیجنا تھا۔ یہ ٹھیک ہے کہ ساتھ ہی ساتھ شہری عوام کی ضرورت بھی پوری ہوتی گئی۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اس سے قطعاً کوئی نمایاں فائدہ نہیں ہوا۔ یہ محکمہ اسی مصلحت کی بنا پر بنایا گیا تھا۔ پھر زراعت کا محکمہ ہے۔ اس محکمہ کی واقعی ملک کو ضرورت تھی اور اس سے ملک کا تھوڑا بہت کام چلتا جاتا تھا مگر اصل بات اس میں بھی پیدا نہ ہوئی۔ اس کے علاوہ امداد باھمی کا کا محکمہ ہے۔ میرا خیال تھا کہ اس کی رقم کم کر دی جائیگی مگر افسوس ہے کہ وہ رقم ابھی تک بدستور قائم ہے۔

ملک محمد اکرم — جناب والا۔ میں گذارش کروں گا کہ مولوی صاحب کو ایڈوائزر بنا دیا جائے اس طرح ان کی تسلی ہو جائے گی۔

ایک آواز۔ چکیاں۔

میاں عبدالباری — جناب والا۔ چکیوں کے لفظ سے مجھے ایک مضمون یاد آ گیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ وزیر اعلےٰ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ گندم کی قلت کی وجہ سے ملیں اور دیگر صنعتی ادارے بند تھے لیکن جب کثیر مقدار میں گندم آ گئی تو ملیں چلنے لگیں۔ ہم خوش ہیں کہ اس طرح ان کے لئے ہمدردی کے بہت سے مواقع پیدا ہو گئے۔ مگر بد قسمتی سے عام لوگ اس سے استفادہ نہ کر سکے۔ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہر چیز کے متعلق آپ کی یہی پالیسی کار فرما ہوتی ہے کہ امیر کو زیادہ امیر بنایا جائے لیکن چھوٹے طبقہ کے لوگوں سے بہت کم ہمدردی ہے۔ اس وقت میں نے ملوں کا ذکر کیا ہے لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ گندم پیسنے کے سلسلہ میں چکیوں کا ذکر بھی لازمی ہے۔

میرے پاس چند چکی والے آئے انہوں نے مجھے کہا کہ پیسنے کے لئے گندم میسر نہیں ہوتی نہ ہی کہیں سے ملتی ہے ۔ ؟پوؤں کو سارے کا سارا آٹا ہی دیا جاتا ہے اگر وہاں گندم ہی رکھ دی جائے یا آدھا آٹا اور آدھی گندم ہو تو پھر وہاں سے آٹا پیسنے کا کام کچھ تو مل سکتا ہے ۔ اس لئے میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ نے ان کے متعلق بھی کچھ خیال کیا ہے ۔ میری گذارش ہے کہ ان کے متعلق آپ ضرور خیال رکھیں اس سلسلے میں میں محکمہ زراعت کی طرف وزیر زراعت (جو بار بار مجھے متوجہ کر رہے ہیں) کی خاص توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ کیا انہوں نے کبھی اس امر کے متعلق غور و فکر کیا اور محکمہ کو بہتر بنانے کے متعلق سوچا ۔ میں چاہتا ہوں کہ اپنے کام کو وہ اس طرح چلائیں کہ ہر ایک کی حوصلہ افزائی ہو جائے اور مراعات سے کوئی محروم نہ رہے ۔ اس وقت تو سارے چھوٹے چھوٹے طبقوں کو جس طرح انگریزی حکومت و اقتدار میں تھا ابھی تک محروم رکھا جاتا ہے ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ چھوٹے طبقوں کے لوگوں کے لئے جو اس مہنگائی کے زمانہ میں گذر اوقات بھی نہیں کر سکتے ۔ کچھ نہ کچھ ضرور کرنا چاہئے اور ان کو کسی نہ کسی طرح بہترین طریقہ پر adjust کریں آخر یہ غلامی کی ذہنیت کب تک رہیگی ۔ یہ پالیسی اور یہ کیفیت کب تک رہیگی اگی یہی صورت رہی تو یہ آزاد حکومت کس طرح استوار ہو سکے گی ۔ اس میں طاقت اور مضبوطی اسی وقت پیدا ہو گی جب آپ کی ذہنیت بدل جائے گی اور یہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ آپ پرانی کیفیت کو revise کریں اور اسے حسب ضرورت بدلیں ۔ آپ کو شاید علم نہیں کہ اس وقت جو لوگ کسی محکمہ میں research کا کام کرتے ہیں یا جو لوگ فیلڈ میں کام کرتے ہیں انہیں کوئی الاؤنس نہیں دیا جاتا ۔

جناب والا ۔ حزب مخالف کے حقوق کی حفاظت کرنا میرا فرض ہے اور اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے میں مجبور ہوں کہ اپنے نزدیک تر عوام کے متعلق عرض کروں ۔ مجھے ان حضرات سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے جن کو میں مخاطب کر رہا ہوں ۔ آخر میں اپنی تقریر کے خاتمہ پر میں آپ کی خدمت میں یہ پروٹسٹ کرتا ہوں کہ مجھے کم وقت دیا گیا ہے ۔ اس سے پہلے یہ tradition رہی ہے کہ قائد حزب اختلاف کو معین وقت سے زیادہ وقت دیا جاتا تھا بلکہ بعض اوقات تو اس کا وقت غیر معین ہوتا تھا ۔ ایسا بھی ہوا ہے اور یہ ہاؤس کی tradition ہے کہ قائد حزب اختلاف کو پورا دن دے دیا گیا ۔

جناب میں صرف اس لئے یہ عرض کر رہا ہوں .... -

صاحب سپیکر — آپ کتنا وقت اور چاہتے ہیں -

میاں عبدالباری — میں اور وقت نہیں چاہتا کیونکہ یہ میرا ذاتی سوال نہیں ہے - میں صرف اس لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ جو قاعدہ ہے ....

(شور اور آوازیں ایک گھنٹہ اور دیدیا جائے)

اگر آپ ہماری بات خاموشی سے نہیں سنیں گے تو ہم بھی آپ کی بات خاموشی سے نہیں سنیں گے - حضور والا — میں نے اپنی تقریر کو جناب کے دئے ہوئے وقت میں ملخص کرنے کی کوشش کی ہے ورنہ اس میں کئی ایسے معاملات ہیں جن کو اگر میں تفصیل سے بیان کرنے لگوں تو سارا دن صرف ہو جائے اور یوں بھی جناب اسے تکرار ٹھہرائیں گے - لہذا میں ایوان کا اور وقت نہیں لینا چاہتا اور نہ جناب کو مزید تکلیف دینا چاہتا ہوں اور اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں -

جہاں آرا بیگم شاہنواز (بیرونی لاہور - مسلم - خواتین) — صدر محترم - میں اس وقت اس ایوان میں ایک handicap کے تحت کھڑی ہوئی ہوں اور وہ یہ ہے کہ جہاں حزب الاختلاف کے قائد کو آپ نے ایک گھنٹہ وقت دیا تھا وہاں مجھے صرف پندرہ منٹ ملے ہیں اور پندرہ منٹ میں تو انسان ایک بجٹ کی fringe کو بھی ہاتھ نہیں لگا سکتا -

صدر محترم — مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس ایوان میں آج یہ عرض کروں کہ جہاں تک اس بجٹ کا تعلق ہے جن حالات میں اور جس ماحول میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں اس میں اس سے بہتر بجٹ ہو نہیں سکتا تھا - (خوب - خوب) میں آپ کی توجہ اس چیز کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ جس وقت گذشتہ سال کا بجٹ پیش کیا گیا تو اس وقت یہ معلوم ہوتا تھا کہ نئے ٹیکس اگر کوئی نہ ہوں تو صرف ارسٹھ لاکھ کی کمی ہو گی - مگر اس کے برعکس جب revenue receipts اور تمام آمدنی دیکھی گئی تو اس میں چار کروڑ ستاون لاکھ کی revenue receipts میں کمی ہوئی - اگر ہم اس چیز کو مد نظر رکھیں تو یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ جس وقت یہ بجٹ بنایا گیا اس وقت ان چار کروڑ ستاون لاکھ کو بھی پورا کرنا تھا اور اس کے علاوہ رفاہ عامہ کے کاموں میں بھی زائد روپیہ دینا تھا - میری ناقص رائے میں اگر قائد حزب اختلاف اس

چیز کو مد نظر رکھ لیتے تو آج انہوں نے اپنی تقریر کے پہلے حصے میں جو کچھ فرمایا ہے وہ نہ فرماتے۔

صدر محترم — اگرچہ میرے پاس وقت کم ہے لیکن میں آج ایک چیز کی وضاحت ضرور کروں گی خواہ اس کے لئے مجھے بعض دوسرے ضروری امور کو چھوڑنا ہی کیوں نہ پڑے۔ اور وہ ہے پارلیمنٹری سیکرٹریوں کا معاملہ۔ صدر محترم — معاف کیجیئے اگر میں یہ کہوں کہ آج تک میرے معزز بھائی یہ سمجھ ہی نہیں سکے کہ پارلیمنٹری سیکرٹری کس لئے ضروری ہیں اور کیوں ہونے چاہئیں۔ اور انہیں کیوں مقرر کیا جاتا ہے۔ برٹش پارلیمنٹ میں منتخب شدہ ممبران میں سے پارلیمنٹری سیکرٹری اس لئے مقرر کئے جاتے ہیں کہ جہاں تک محکمہ جات کے کام کا تعلق ہے وہ تمام تر صرف افسران کے ہاتھ میں نہ رہے بلکہ جو elected representatives ہیں یا منتخب شدہ ممبران ہیں ان کا افسران کے اوپر ایک قسم کا check رہے اور وہ ان کے کام کو ایک طرح سے inspect کرتے رہے۔ اور جب سوالات دریافت کئے جائیں تو فائلز ان کے ہاتھوں میں آئیں اور وہ ان کو دیکھیں اور ان کا مطالعہ کریں کہ آیا متعلقہ افسران اپنے اپنے محکموں میں انصاف کر رہے ہیں یا نہیں؟ (خوب۔ خوب) اور یہی وجہ ہے کہ جہاں ہمارے یہاں کہا جاتا ہے کہ پارلیمنٹری سیکرٹری کیوں مقرر کئے جاتے ہیں وہاں پارلیمنٹ میں لوگ کہتے ہیں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری زیادہ کیوں نہیں بنائے جاتے اس لئے اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے وزراء صحیح کام کریں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ افسران پر اور محکمہ جات پر آپ کے منتخب شدہ ممبران کا ایک قسم کا check ہو اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے سوالات کے صحیح جواب ملیں تو آپ کو کہنا چاہئیے کہ پارلیمنٹری سیکرٹری بہت زیادہ ہونے چاہئیں اور وہ وہ کام سر انجام دیں جو پرماننٹ سیکرٹریز کیا کرتے تھے تا کہ وزراء اور افسران کے پاس زیادہ وقت ہو اور وہ آپ کو زیادہ وقت دے سکیں۔ میرے پاس وقت نہیں ہے کہ اس موضوع پر مزید روشنی ڈالوں ورنہ میں اس ایک چیز پر ایک گھنٹہ تقریر کر سکتی ہوں۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ وقت بہت کم ہے اور ابھی کئی ضروری باتوں کا جواب دینا ہے۔

صدر محترم — اس کے بعد میرے معزز بھائی نے جب گندم کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ گندم ساڑھے آٹھ روپے من بکنی چاہئیے تو مجھے بڑی حیرانی ہوئی کہ قابل اور تعلیم یافتہ ہوتے ہوئے میرے بھائی نے یہ

بات کیسے کہدی ۔ درآنحالیکہ وہ بخوبی جانتے ہیں کہ ہر اس چیز کی قیمت آج ساڑھے چار سو فیصدی زائد ہو گئی ہے جو کاشتکار اور زمیندار کو خریدنا پڑتی ہے ۔ اسے بیج خریدنا پڑتا ہے ۔ کپڑا خریدنا پڑتا ہے اور کئی روز مرہ کی ضرورت کی چیزیں خریدنا پڑتی ہیں ۔ تو اس صورت میں وہ اپنے زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے جو آپ نے اسے دئے ہوئے ہیں کس طرح گذارہ کر سکتا ہے جب اسے دس روپے سے زائد کے حساب سے قیمت نہ ملے ۔ آپ کی سب سے بڑی صنعت زراعت ہے لیکن اس صنعت میں آپ جب تک زمیندار کو ایسی قیمت نہ دیں گے جس سے وہ اپنا گذارہ کر سکے اور زراعت کو اپنا ذریعہ معاش بنا سکے اس وقت تک آپ کی یہ صنعت فروغ نہیں پا سکتی ۔

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ کپڑے کی قیمتیں کم نہیں کی گئیں ۔ شائد ان کو معلوم نہیں کہ یہ پروونشل سبجکٹ نہیں ہے ۔ اس کے برعکس یہ سنٹرل سبجکٹ ہے ۔ اس میں کسی صوبہ کا کوئی وزیر کچھ نہیں کر سکتا ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ مجھے اجازت دیجئے کہ میں چند ضروری باتوں کی طرف وزارت کی توجہ مبذول کراؤں ۔ میں اس وقت خاص طور پر یہ عرض کروں گی کہ کاش میرے حزب اختلاف کے قائد ان چیزوں کو لیتے اور وزارت کی توجہ ان کی جانب مبذول کراتے ۔ بہر حال میں وزارت کی خدمت میں گذارش کرتی ہوں کہ بیشک آپ نے جو کچھ کیا حتی الامکان اچھا کیا جس کی وجہ سے آج صوبہ کی حالت اس حالت سے بہتر ہے جو کہ گذشتہ سال تھی مگر اصل بات یہ ہے کہ اس سوال کا جو خاکہ یہاں آتا رہا ہے اس سے نہ غریبوں کا معیار زندگی بلند ہو سکتا ہے اور نہ ان کی پرچیزنگ پاور بلند ہو سکتی ہے اور نہ اس صوبہ کی حالت بہتر ہو سکتی ہے ۔ میں عرض کروں گی کہ بنیادی چیزوں کی طرف توجہ دینا زیادہ ضروری ہے ۔ جناب والا ۔ میرے پاس زیادہ وقت نہیں ورنہ میں ان کو ایک ایک کرکے لیکر ان پر بحث کرتی ۔ حالت یہ ہے کہ جس وقت پنجاب ۔ پنجاب ہی نہیں بلکہ جس وقت پاکستان سے بعض اشخاص چلے گئے اور بعض آ گئے اس وقت ۸۰ تا ۹۰ کروڑ فلوئڈ کیپٹل ایسا تھا جو کسی نہ کسی طرح یہاں سے جاتا رہا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو جانے والے تھے وہ ۶۰ یا ۷۰ فیصدی اپنے ساتھ لے گئے ۔ جو کیپٹل پنجاب سے گیا اس کے مقابلہ میں جو آیا وہ کتنا آیا ۔ ۷۰ تا ۹۰ کروڑ ۔ مگر کہاں آیا کراچی میں ۔ لاہور یا پنجاب

میں نہیں آیا ۔ اب آپ خود خیال فرمائیے کہ ہمارے پاس سے ۸۰ تا ۹۰ کروڑ چلا گیا اور کراچی سے ۱۰ تا ۲۰ کروڑ گیا لیکن ہمارے پاس صرف ۱۰ تا ۲۰ کروڑ آیا اور باقی سارا کراچی میں چلا گیا ۔

اس کے علاوہ جہاں تک سرحد پار تجارت کا تعلق ہے وہ اس وقت ختم کر دی گئی ہے ۔ کراچی میں جو تاجر بیٹھے ہیں وہ نہیں چاہتے کہ یہاں سرحد پر تجارت ہو اور لاہور اور پنجاب کی تجارت کو پھر فروغ حاصل ہو کیونکہ اگر تجارت پھر شروع ہو جائے تو اس سے پنجاب کے تاجروں کو زیادہ نفع حاصل ہوگا ۔ چنانچہ میں اپنی وزارت کی خدمت میں استدعا کروں گی کہ وہ اس سوتیلی ماں کے سے سلوک کے تدارک کے لئے کچھ کرے ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گی کہ آپ کو اپنی قوم کو بچت کی عادت ڈالنی چاہئے ۔ میرے پاس اعداد و شمار موجود ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کتنا بچا رہا ہے ہماری سالانہ قومی آمدنی ۵۰۰ کروڑ ہے اس میں سے پاکستان صرف ۲ یا ۳ فیصدی بچا رہا ہے ۔ برعکس اس کے ہندوستان ۶ یا ۷ فیصدی بچا رہا ہے ۔ برطانیہ ۱۲ فیصدی بچا رہا ہے ۔ جاپان ۱۸ فیصدی ۔ امریکہ ۱۸ فیصدی بچا رہا ہے ۔ روس ۳۲ فیصدی بچا رہا ہے اور ہم صرف پندرہ کروڑ ۔ اس کے برعکس ہم ceremonial occasions پر ۶ فیصدی قومی آمدنی میں سے خرچ کر رہے ہیں ۔ اور اگر کوشش کی جائے اور اس میں سے آدھا بچا لیا جاوے تو یہ پندرہ کروڑ ۷۵ ہزار آدمی کا کفیل ہو سکتا ہے ۔ اس وقت ۳۰ کروڑ روپیہ سالانہ بے جا رسوم پر ضائع ہو رہا ہے اگر آپ کوشش کریں تو کم از کم ۱۵ کروڑ اس میں سے بچ سکتا ہے ۔ اور اس طرح ہم اپنی بچت کو بجائے ۱۵ کروڑ کے ۳۰ کروڑ کر سکتے ہیں ۔

صدر محترم — مجھے تین چار منٹ اور دیجئے تا کہ میں اس بڑی اقلیت کے متعلق جس کا نمائندہ ہونے کا مجھے فخر حاصل ہے تھوڑے اعداد و شمار پیش کر سکوں (ایک آواز ۔ اقلیت نہیں ۔ اکثریت) جی نہیں اقلیت ہے عورتیں مردوں سے پانچ لاکھ سے زیادہ کم ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گی کہ سارے پاکستان میں ہماری بہنوں سے سوتیلی ماں کا سا سلوک ہو رہا ہے ۔ بہر حال اس بارہ میں پنجاب کے متعلق میرے پاس اعداد و شمار موجود ہیں جو میں آپ کی وساطت سے وزارت محکمہ تعلیم کی خدمت میں پیش کرتی ہوں ۔ اس وقت مردوں کے لئے پرائمری سکول ۶,۰۲۷ مڈل سکول ۷۹۷ اور ہائی سکول ۳۳۵ ہیں اس کے برعکس عورتوں کے لئے پرائمری سکول

۱,۹۳۵ مڈل سکول ۱۴۹ اور ھائی سکول ۷۷ ھیں مرد ٹیچر ۲۷,۱۱۰ اور عورتیں ۸,۵۳۳ ھیں - کل خرچ جو مردوں پر ھوتا ھے ۳ کروڑ ھے اور اور عورتوں پر ۷۱ لاکھ - آپ خود خیال فرما لیں کہ عورتوں کے ساتھ انصاف ھو رھا ھے یا نہیں - یہ کل رقم کا چھٹا حصہ ھے - یہ تعلیمی حالت اس طبقہ کی ھے جس نے آپ کی نئی پود کی مائیں بننا ھیں -

اب آپ میڈیکل کو لیجئے - آپ کے ۱۶ اضلاع ھیں اور ان ۱۶ اضلاع کے لئے ۱۵ لیڈی ڈاکٹر ھیں سارے ضلع مظفر گڑھ میں ایک بھی لیڈی ڈاکٹر نہیں - وزیر ھیلتھ اس بات کو اچھی طرح نوٹ فرما لیں - اس وقت کیفیت یہ ھے کہ کسی زچہ کو ھسپتال میں لایا جاتا ھے تو اس کے لئے وھاں جگہ نہیں ھوتی اور اس طرح اس کو باھر ھی سڑک پر رکنا پڑتا ھے - اس وقت پنجاب میں ۴,۸۰۰ بڈز ھیں - آپ کے ولنگڈن میٹرنٹی ھسپتال میں صرف ۱۰۰ بڈز ھیں اور یہ ۱۰۰ بڈز آج آٹھ سال سے چلی آ رھی ھیں - ڈاکٹر کو عورتیں تکلیف میں واپس کرنی پڑتی ھیں اور زچگان کو بوقت ضرورت وھاں جگہ نہیں ملتی - خدا کے لئے آپ اتنا تو کیجئے کہ ولنگڈن میٹرنٹی ھسپتال میں ۱۰۰ بڈز کی بجائے ۲۰۰ بڈز جلد دے دینے جاویں ؛

میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں نے اور بہت سی باتیں کہنی تھیں بھر حال صدر محترم مجھے ایک دو منٹ دیجئے تا کہ میں ایک ضروری بات کے متعلق کچھ عرض کر سکوں - وہ یہ ھے کہ میں نے پہلے سال مرکزی اسمبلی میں یہ گذارش کی تھی کہ ھم اور کوئی قانون نہیں چاھتیں بلکہ ھم یہ چاھتی ھیں کہ شرع اسلام نے جو کچھ عورتوں کو دیا ھے وہ ھمیں دیدیا جائے اور اس سے زیادہ ھمیں کچھ نہ دیا جائے - جو اسلامی قانون یہاں رائج ھے وہ رسم رواج کے قوانین سے اتنے پر ھیں کہ عورتوں کے حقوق پائمال ھو رھے ھیں - اس لئے میں نے مرکزی اسمبلی میں گذارش کی تھی کہ تمام اسلامی قوانین شرع اسلام کے مطابق بنا دیئے جاویں - چنانچہ حکومت کی طرف سے یہ کہا گیا تھا کہ لا کمشن یہ کام کریگا - آج آٹھ سال ھو چکے ھیں اور اب بھی وھی حالت ھے ؟ یہاں پر میرے بہت سے بھائی اسلامی شرع سے واقف ھیں ان کی اطلاع کے لئے میں یہ بتانا چاھتی ھوں کہ راولپنڈی میں ایک میجسٹریٹ نے ایک کیس میں یہ فیصلہ دیا کہ وہ عورت جو خاوند کے مرنے کے بعد اپنے حصہ جائیداد کی وارث ھوتی ھے اگر اس کا بچہ نہ ھو تو اس کی ساری جائیداد کولیٹرلز کو چلی جاتی ھے - آج کل یہ ھے حالت - ایسا ایک فیصلہ ایک سول جج نے دیا ھے - اس کے علاوہ اگر کوئی بہن درخواست دے کہ اس

کا خاوند اس پر سخت ظلم کرتا ہے اور خلع کے نیچے اسے طلاق ہو جانی چاہئے لیکن سوائے اسکی کورٹ میں مٹی پلید ہونے کے اور کوئی چارہ نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ قوانین شرع کے مطابق نہیں ہیں۔ اس لئے میری درخواست ہے کہ اس اقلیت جس کا نمائندہ ہونے کا مجھے فخر حاصل ہے کو اس ظلم سے بچائیے۔ تا کہ وہ بھی یہ کہہ سکیں کہ اسلام نے انہیں یہ حقوق دئے ہیں وہ ان کو دیدئے گئے ہیں۔ اس سے زیادہ میں آپ کا وقت نہیں لینا چاہتی۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں اس بجٹ پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور وزارت سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ planning کریں اور نظام کو up-to-date بنانے کی کوشش کریں اور انتظام بہتر کریں خواہ وہ پٹواریوں یا فائیلنگ کے ضمن میں . . . . .

جناب سپیکر— آپ کا وقت ختم ہو چکا ہے۔

شیخ محمد سعید (جھنگ ۔ مسلم)— جناب والا۔ آج ہم اس بجٹ پر بحث کرنے کے لئے اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ اس پر کچھ تعمیری اظہار خیال کرکے ہم اس کو اور زیادہ بہتر بنانے کے لئے تجاویز پیش کریں۔ جناب والا ایک ایسے ملک میں جہاں تعلیم کی کمی ہو۔ جہاں جمہوری قدروں کا فقدان ہو۔ جہاں عوام کو جمہوریت کے اصل تقاضوں کا علم نہ ہو اس ملک میں عوام عام طور پر اپنی حکومت سے بہت زیادہ امیدیں اور توقعات وابستہ رکھتے ہیں۔ عام صورت میں جبکہ ملکوں میں آزادی زیادہ ہو اور جمہوریت زیادہ دیرینہ ہو اس وقت ان ملکوں کے عوام اپنی تکالیف کا مداوا خود کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔ لیکن اس ملک میں جہاں عوام بے حد پسماندہ ہوں انکی بہت سی توقعات اپنی حکومت کے ساتھ وابستہ ہوتی ہیں۔ چنانچہ اس ملک میں جہاں حکومت کو نظم و نسق کا انتظام کرنا پڑتا ہے وہاں تجارت کے لئے بھی عوام کی راہنمائی کرنی پڑتی ہے۔ یہاں ابتدائی اور دوسری تعلیم کے لئے بھی عوام حکومت کی امداد پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ ایسی صورت حال میں حکومت کی ذمہ داریاں اور بھی بڑھ جاتی ہیں۔ اور انہیں اپنے بجٹ میں عامۃالناس کے ان نظریاتی اصولوں کو مد نظر رکھنا پڑتا ہے۔ اگر اس لحاظ سے موجودہ بجٹ کا بنظر غائر ملاحظہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ پیچھے کی طرف ایک قدم ہے۔ (اپوزیشن کی طرف سے تالیاں)۔ اس سے یہ خواہش نظر آتی ہے کہ حالات ترقی نہ کرنے پائیں بلکہ پیچھے کی طرف جائیں۔ ایک ترقی پسند اور آزاد قوم کے لئے ضروری ہے کہ وہ سرمایہ کو ایک جگہ جمع نہ ہونے دے۔ اور امیر اور غریب کے تفاوت کو کم از کم کر دے۔ اور غریبوں کے لئے

روزگار مہیا کرنے کا انتظام کرے۔ غریب عوام سامان تعیش کے خواہشمند نہیں بلکہ صرف نان جوین کے متمنی ہوتے ہیں۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ انہیں مزدوری کرنے کی اجازت دے دی جائے۔ اور روزی کمانے کے مواقع مہیا کئے جائیں ہمارا یہ فرض تھا کہ ہم انکے لئے روزگار کا کچھ انتظام کرتے مگر اس بجٹ میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بجائے اسکے کہ سرمائے کو نیشنلائز کر دیا جائے یا کارخانوں کو قومی ملکیت میں لے لیا جائے یا زمینوں کو عامۃالناس میں اس طرح تقسیم کر دیا جائے کہ چھوٹے کاشتکار بھی اقتصادی طریقہ سے ان پر ہل چلا کر ان سے اپنی روزی کما سکیں الٹا غریب سفر کرنے والوں کے کرایوں میں ساڑھے بارہ فیصد کا اور اضافہ کر دیا گیا ہے۔ کرائے میں یہ اضافہ صرف سرکاری بسوں کے ضمن میں ہی نہیں کیا گیا بلکہ پرائیویٹ بس چلانے والے بھی اپنے کرایوں میں فوراً اتنا اضافہ کر دینگے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ روز مرہ سفر کرنے والے غریب عوام جو زیادہ کاریں رکھنے کی توفیق نہیں رکھتے مجبور ہو جائینگے کہ اپنی معمولی نقل و حرکت کے لئے لاری والوں کو ساڑھے بارہ فیصد زیادہ ٹیکس ادا کریں۔ مشکل یہ ہے کہ اسکا بہت معمولی حصہ گورنمنٹ کے خزانے میں جائیگا اور بہت زیادہ حصہ ان لوگوں کی جیبوں میں جائیگا جو پرائیویٹ لاری اونر ہیں۔ ہم نے ٹرانسپورٹ سروسز کے سرمائے اور منافع میں عوام کو شریک کرنے کی بجائے عوام کا روپیہ ان سروسز کے مالکان کی جیبوں میں پہنچانا شروع کر دیا ہے۔ اسکے ساتھ ہی ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ کارخانے والے اور زیادہ محفوظ ہو جائیں۔ زیادہ سرمایہ اکٹھا کرنے والوں کو ہم نے اور زیادہ رعائتیں دے دی ہیں۔ ہم نے اس اسمبلی میں ایسے قوانین پاس کر دئے ہیں کہ ہم ملوں اور کارخانہ داروں کو سستے داموں زمینیں مہیا کرکے دینگے۔ لیکن اسکے معاوضہ میں ہم نے عامۃالناس کے لئے ان سے کچھ بھی حاصل نہیں کیا۔ مرکزی حکومت کی پالیسی کے مطابق پانچ سال تک ان سے کوئی انکم ٹیکس بھی وصول نہیں کیا جائیگا۔ دوسری طرف یہ ملوں والے کروڑوں روپے عوام کی جیبوں سے لے جا رہے ہیں۔ اگر انکے کپڑے پر کچھ ڈیوٹی لگا دی جائے تو نہ صرف یہ کہ اس سے صوبے کے خزانے میں کروڑوں روپے آ جائے بلکہ اس سے کھڈیوں کا کپڑا بھی کچھ زیادہ داموں پر بک جاتا اور وہاں مزدوری کرنے والے لوگوں کی مزدوری میں کچھ اضافہ ہو جاتا اور وہ اپنے بال بچوں کا پیٹ زیادہ آسانی سے پال سکتے۔

جناب والا ۔ میں نے یہ بھی دیکھا ھے کہ ھم نے اس بجٹ میں اپنی صنعت و حرفت کو بڑھانے کے لئے بھی کوئی زیادہ کوشش نہیں کی ۔ (ایک آنریبل ممبر ۔ کیا میں پوچھ سکتا ھوں آیا شیخ صاحب نے بھی کوئی کھڈیاں لگا رکھی ھیں)

جناب والا ۔ میں نے تو کوئی کھڈیاں نہیں لگا رکھیں لیکن اگر آنریبل ممبر کی کوئی کھڈیاں ھوں تو وزیر صنعت انکی مدد فرما سکتے ھیں ۔ مگر میں اتنا ضرور عرض کرونگا کہ میرے شہر میں اس قسم کے تیس ھزار مزدور ھیں جو کھڈیوں پر مزدوری کرکے اپنے بال بچوں کا پیٹ پالتے ھیں ۔ اور میں اپنا فریضہ سمجھتا ھوں کہ میں یہاں انکی نمائندگی کروں اور انکا دکھ درد یہاں بیان کروں ۔ بجائے اسکے کہ وزیر صاحبان سے اپنے لئے کچھ مانگوں یا اپنے کسی عزیز کے لئے سفارش کروں ۔ یہ ۳۰ ھزار لوگ نان جوین کے محتاج ھیں ۔ انہیں سوت کے ایک بنڈل کے لئے در در کی خاک چھاننی پڑتی ھے اور ڈی ۔ ایف ۔ سی کے دفتر کے کئی چکر کاٹنے پڑتے ھیں ۔ اگر میں انکی شکایات یہاں بیان نہ کروں تو میں سمجھتا ھوں یہ جمہوریت کی حق تلفی ھے ۔

جناب والا ۔ اس بجٹ سے ظاھر ھوتا ھے کہ ھماری حکومت نے ایک بہت اچھا قدم اٹھایا ھے اور وہ عدلیہ اور انتظامیہ کی علیحدگی ھے ۔ لیکن میں نے یہ دیکھا ھے کہ اگرچہ اس علیحدگی سے صوبہ پر تیس اور میجسٹریٹوں کا بار گراں ڈال دیا گیا ھے لیکن عملاً اسکا یہ اثر ھوا ھے کہ صوبہ میں ایک افرا تفری اور ابہام کی صورت پیدا ھو گئی ھے ۔ اور صوبہ میں گذشتہ تین ماہ سے مقدمات کے فیصلے معطل ھیں ۔ آج ضلعوں میں یہ حالت ھے کہ اھلکار دفتروں میں بالکل بیکار ھاتھ پر ھاتھ دھرے بیٹھے ھیں اور مقدمات کے فائل بڑھتے ھی چلے جاتے ھیں ۔ وہ افسران جنہوں نے یہ سکیم بنائی تھی انکی یہ کوشش ھے کہ اسے کامیاب نہ ھونے دیا جائے بلکہ اسے پہلے مرحلہ پر ختم کر دیا جائے ۔ اگر حکومت نے عدلیہ اور انتظامیہ کو علیحدہ کرنا ھی تھا تو اسے یہ سکیم بہت پہلے تیار کرنی چاھئے تھی ۔ صرف اسلئے کہ بجٹ سشن سے پہلے یہ اعلان ھو جائے حکومت نے یہ سستی شہرت حاصل کر لی ورنہ عملی طور پر یہ دونوں ابھی تک متحد ھیں اور انکی علیحدگی کا سوال ھی پیدا نہیں ھوتا ۔ میں نے اسکے متعلق ایک کٹ موشن دے رکھی ھے ۔ انشاالله اس موقع پر اسکے متعلق کچھ مزید عرض کرونگا ۔

ہمارے لئے یہ ضروری تھا کہ اپنے صوبہ کی صنعت کی بقا کے لئے اور اسے فروغ دینے کے لئے مرکز سے اپنے حقوق منوائے۔ مگر آج یہ حال ہے کہ ایک طرف تو مرکزی حکومت ہماری صنعتوں میں اجارہ داری حاصل کر رہی ہے اور دوسری طرف امپورٹ پالیسی اور لائیسنس دینے کا سارا کام مرکزی حکومت کے ہاتھ میں ہے۔ ''پاور لومز،، کے لئے ۲۰ کھڈیوں کی منظوری دینے کا اختیار صوبائی حکومت کے ہاتھ میں ہے۔ مگر جب پنجاب میں کھڈیوں کے لئے کوٹا دیا جاتا ہے تو مرکزی حکومت اسکو نصف کوٹا دیتی ہے۔ اسکے برعکس جن کھڈیوں کی منظوری مرکز سے ملتی ہے ان کو دوگنا کوٹا دیا جاتا ہے۔ تو اس کام میں بھی مرکز کی اجارہ داری ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ صوبائی حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ روئی تو ہم پیدا کرتے ہیں اور لائیسنس کراچی سے ملتے ہیں۔ اسکے علاوہ روز مرہ کے استعمال کی اشیاء کی کھپت پنجاب میں مقابلتاً زیادہ ہے مگر جہانتک منافع اور لائیسنسوں کا تعلق ہے یہ کام مرکز کے ہاتھ میں ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ ہم مرکز کو مجبور کریں کہ صوبائی صنعتوں کی بقا کے لئے ہر قسم کے اختیارات صوبائی حکومت کو دیئے جائیں۔

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس بغرض نماز عصر ۴ بجے تک کے لئے ملتوی ہوا۔

The Assembly re-assembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the chair.

ملک فتح شیر جھمٹ (میانوالی—م—مسلم) —جناب والا۔ سب سے پہلے میں اس معزز ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں ہم لوگوں کی سادگی پر وہ سیاستدان جن کے ہم سیاسی مزارع ہیں طعنے دیتے ہیں۔ معزز ایوان بجائے طعنے دینے کے اپنی علمی 'دماغی اور بلند اخلاق مہذب صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور غور سے سماعت فرمائے۔

صاحب سپیکر— آپ تقریر پڑھ نہیں سکتے ہیں آپ زبانی ارشاد فرمائیں۔

ملک فتح شیر جھمٹ— جناب والا۔ میں اس ایوان کو اس امر کی طرف متوجہ کرتا ہوں کہ معزز اراکین ہماری تقریر پر طعنہ زن نہ ہوں بلکہ ایک قابل اور اعلیٰ سیاستدان ہونے کی حیثیت سے حکومت کے کارناموں کی طرف اپنی خاص توجہ مبذول فرمائیں۔ جناب والا۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا تھا اور صبح و شام پریس میں بھی اس

کا اظہار ہوتا رہتا ہے کہ غلاقہ تھل کو گل و گلزار اور جنت نشان بنایا جا رہا ہے مگر مجھے افسوس ہے کہ کسی محسن نے اس منصوبہ تھل کو بہ نظر غائر ملاحظ نہیں فرمایا۔ Colonization Act کے ماتحت جس طرح سارا پنجاب دیسی طریقوں سے آباد کیا گیا ہے اس کے پیش نظر آباد شدہ اضلاع کی ترقی کا یہ عالم ہے کہ وہاں پیداوار ۴۰ من فی ایکڑ بر آمد ہوئی۔ پاکستان بننے پر ایک طرف تو ہم قلم و دوات تک کے محتاج تھے مگر دوسری جانب صاحب اقتدار اور با اثر حضرات نے بے حد اسراف والے منصوبے تیار کئے اس سلسلہ میں غریب پرور انہوں نے تھل کے لئے چند ملازمین پر مشتمل ایک اتھارٹی کی تشکیل کر دی۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ غیر آباد اور بنجر علاقہ کو آباد کر دیا جائے اور اسے مثل جنت بنا دیا جائے۔ مگر حکومت کی طرف سے جو تھل اتھارٹی مقرر کی گئی اس نے عوام الناس یعنی مالکان تھل کے معاشی حالات بگاڑ دئیے۔ ان کے آباشی رقبہ جات صدیوں کے آباد Acquire کر لئے اور ان acquire کردہ رقبہ جات کے مالکان کے استحقاق ملکیت رقبہ کو پس پشت ڈال دیا اور یہ کہا گیا کہ تھل کے سارے رقبہ کو بہترین پیداوار دینے والا علاقہ بنا دیا جائے گا مگر یہ کام زیادہ محنت طلب تھا۔ اب اس اتھارٹی نے قوم کو مقروض بنانے اور دوسروں کے رحم و کرم پر موقوف رکھنے کے لئے امریکہ سے اربعوں روپیہ کی مالیتی مشینری حاصل کی ہے۔ ہمارے ضلع میں تجرباً ۵ سال کے لئے ایک سکیم بنائی گئی۔ ضلع میانوالی میں ۹ رکھوکھ جن کا رقبہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ ایکڑ ہے وہاں اس کی ابتدا ہوئی۔ سکیم سے پہلے وہاں اوسط پیداوار ۱۶ من فی کنال بر آمد ہوتی تھی مگر آج جبکہ ہر قسم کا آباشی کا انتظام ہے ۸ من فی ایکڑ بر آمد ہو رہی ہے۔ تھل اتھارٹی نے بلاک بندی میں مالکان تھل کا تقریباً بیس لاکھ ایکڑ رقبہ لے لیا ہے۔ جس پر بہ تناسب ۱۵ ایکڑ فی کنبہ ۱۳۳,۳۳۳ کنبہ جات کا انحصار تھا جنہیں بے خانماں کر دیا گیا ہے علاوہ ازیں ۱,۷۰۶,۹۷۵ ایکڑ رقبہ رکھوکھ سرکاری کے رقبہ جات کو صوبہ پنجاب اور پاکستان کے مقتدر اور صاحب اختیار لوگوں میں تقسیم کیا گیا اس رقبہ پر قریباً ۸ لاکھ مہاجرین یا ڈیڑھ لاکھ کنبے آباد ہو سکتے تھے لیکن جناب والا۔ ایسا نہیں ہوا بلکہ وہ علاقہ جات با اثر با اختیار اور مرکز کے سیاست دانوں اور مقتدر حضرات نے اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کر دئے۔ جب صاحب اختیار طبقہ خود چیر مین اتھارٹی کے کرم پر موقوف ہے تو ہماری کون سنے۔

جناب والا ۔ ہم نے دیکھا ہے کہ جب ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب ۱۸-۱-۵۴ کو علاقہ تھل میں تشریف لے گئے تو انکی آمد پر بے حد خوشیاں منائی گئیں اور ان کی خدمت میں جملہ تکالیف اور غیر قانونی کاروائیاں اتھارٹی پیش کی گئیں۔ محترم وزیر اعلیٰ صاحب نے موقع پر جا کر محسوس کیا اور انہوں نے مہربانی فرما کر اعلان کیا کہ ان تمام غیر قانونی کاروائیوں کی اصلاح ہو گی۔ مگر بدستور سابق جب وہ لاہور میں تشریف لائے تو تمام امیدوں پر اوس پڑ گئی اور وہ محو خواب ہو گئے جتنے وعدے تھے وہ بیکار ثابت ہوئے اور ان کے متعلق کوئی کاروائی نہ کی گئی۔ حالانکہ یہ نہایت موزوں موقع تھا۔ اگر وہ چاہتے تو عوام کے مفاد کے پیش نظر اس پر غور و خوض فرماتے۔ کیونکہ وہاں بے حد اسراف ہو رہا ہے۔ اس محکمہ کو در اصل کسی مفاد کی بجائے چند افراد کی جیبیں پر کرنے کے لئے ایک ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ کنسٹریکشن سب ڈویژن لیہ میں لکڑی کے سلسلہ میں ۴۰ ہزار روپیہ کا غبن ہوا اور جب اس غبن کی ذمہ داری عائد کرنے کا سوال پیدا ہوا تو ذمہ دار افسر کو اس محسن حکومت نے یورپ بھیج دیا۔ اس کے علاوہ Construction Division قائد آباد میں ۸۰ ہزار روپیہ کا غبن ہو چکا ہے مگر جب اس غبن کی ذمہ داری سٹور انچارج پر آئی تو معلوم ہوا کہ وہ غیر ملکی ملازمت اختیار کر چکے ہیں۔ فدا حسن انسپکٹر پولیس تفتیش پر مامور ہوا جوہر آباد میں ایک غبن کا ارتکاب ہوا۔ احمد علی پبلک ہیلتھ آفیسر کی چھبیس ہزار کی ضمانت ہو چکی ہے۔ اسی طرح کئی مقتدر حضرات نے اس سلسلہ میں جد و جہد کی۔ اب جبکہ یہ حالت ہے تو آپ ملاحظہ فرمائیں کہ لاکھوں روپیہ کا غبن کس طرح پورا ہوگا۔

پھر جناب والا ۔ اس اتھارٹی کے ماتحت جتنے ٹھیکیدار کام کرتے ہیں ان غریبوں کے فائینل بل ۱۹۵۰ سے ۱۹۵۳ تک کے ابھی تک یونہی پڑے ہیں کسی ایک کی بھی ادائیگی نہیں ہوئی۔ محض اس لئے کہ غبن کی وجہ سے جو خسارہ ہوا ہے اسے کسی طرح سے پورا کیا جائے۔

اس کے علاوہ اس وقت جوہر آباد میں متعینہ ٹرانسپورٹ افسر میٹرک پاس ہے اور اس سے قبل جب وہ میکینیکل انجینئر تھا اس وقت کی سرکاری رقوم کے بقایا جات آج تک واجب الادا ہیں اور ادا نہیں ہوئے۔ لیکن دوسری پوسٹ اس کو دی جاتی ہے آٹھ سو روپیہ ماہوار کی۔ اور ایک انسپکٹر تین سو پچھتر روپے ماہوار پر رکھا جاتا ہے جو کہ قبل ازیں اومنی بس سروس لاہور میں اسی روپے لیتا تھا اور تعلیم آن حضور کی دستخطوں تک محدود ہے۔ ان دونوں افسروں کی تنخواہ اور ڈیپارٹمنٹ کے دیگر اخراجات

ماهوار چودہ ہزار روپے ہیں مگر پچھتر ٹرکس میں سے صرف پچیس ٹرکس قابل استعمال اور زیر کار ہیں جن کے لئے یہ چودہ ہزار روپے صرف ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اسی ڈیپارٹمنٹ میں بارہ ڈیزل ٹرک ساڑھے ستائیس ہزار روپیہ فی ٹرک کے حساب سے ایک کمپنی سے خریدے گئے ہیں۔ چھوٹے ملازمین نے صاحب اختیار طبقہ کو مطلع کیا کہ یہ سیکنڈ ہینڈ ٹرک ہیں اور پالش کئے ہوئے ہیں لیکن ان کی کون سنتا ہے ان کی کسی نے پرواہ نہ کی اور اب وہ ٹرک ورکشاپ میں بے کار پڑے ہوئے ہیں اس کے علاوہ پانچ پٹرول انجن ڈیزل انجنوں میں لاہور کی ایک فرم سے تبدیل کرائے گئے اور ان پر نو ہزار سات سو پچاس روپے فی انجن لاگت آئی اور جو پانچ پٹرول انجن تھے وہ خورد برد کر دیئے گئے۔ ان کا علم نہیں کہاں گئے۔ اور دو آسٹن وین۔ دو ٹرک جن کی اسی لاہور میں ایک کمپنی سے مرمت کرائی گئی تھی وہ اب جوہر آباد میں بیکار کھڑے ہیں۔ اس سے مقصد یہ بتانا ہے کہ جو روپیہ گورنمنٹ خرچ کر رہی ہے وہ کس طریق سے خرچ ہو رہا ہے اور صاحب صدر—یہ عرض کرنے سے مقصد یہ ہے کہ دیگر محکمہ جات میں بھی جو کوئی مسند اقتدار پر تشریف لاتا ہے وہ ایک نیا ڈیپارٹمنٹ کھڑا کر دیتا ہے۔ اور اس میں کئی ملازمین آ جاتے ہیں۔ لیکن اس بات کا کبھی کسی کو خیال نہیں آیا کہ عوام پر جو بوجھ ہے اسے کسی طریق سے ہلکا بھی کیا جائے۔ اگر اس طرف سوچ بچار کیا جائے تو اسلامی تاریخ میں اس کی مثالیں عام مل سکتی ہیں کہ کس طرح اخراجات میں تخفیف کی جا سکتی ہے۔ مگر تخفیف کا سوال تو اس وقت پیدا ہو سکتا ہے جب صاحب اقتدار لوگ اس طرف رجوع کریں۔

قاضی مرید احمد (شاہ پورنمبر—م—مسلم) —صدر محترم—پیش نظر بجٹ دیکھنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ بجٹ دیکھتے وقت اس کے کم از کم تین پہلو سامنے رکھنے چاہئیں۔ سب سے پہلا یہ کہ اس بجٹ میں تعمیری و ترقی کی جھلک بھی موجود ہے یا نہیں۔ کیا کیا مثبت اور معقول ذرائع ہیں جن سے آمدنی حاصل کی گئی ہے۔ اور تیسرا یہ کہ حاصل شدہ آمدنی (جو اس بجٹ کی ساڑھے چوبیس کروڑ بتائی گئی ہے اور جو ایک قومی امانت ہے) کس طرح خرچ کی گئی ہے۔

جضور والا۔ جہاں تک بجٹ کی مجموعی حیثیت کا تعلق ہے میں یہ اعتراف ضرور کروں گا کہ اس میں بعض بعض مگر خال خال تعمیری چیزیں نظر آتی ہیں۔ جن میں زراعت کی ترقی۔ بجلی کی پیداوار۔ علاقہ تھل کے

منصوبے اور بعض چھوٹی چھوٹی نئی بستیوں کے منصوبے شامل ہیں۔ ایک اور اچھا پہلو یہ بھی ہے کہ بجلی کی شرح کو گھٹا دیا گیا ہے۔ چپڑاسیوں کی تنخواہوں میں نا قابل ذکر قسم کا اضافہ کیا گیا ہے۔ لیکن جہاں تک ملک کے ضروری مسائل کا تعلق ہے وہ ویسے کے ویسے ہی ہیں اور یہ ایسے مسائل ہیں جن کے متعلق میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر گورنمنٹ نے وہی رواجی تساہل برتا جو اسے ورثہ میں ملا ہے تو وہ تاریک تصور جو اس تساہل کو دیکھکر میرے دماغ میں پیدا ہوتا ہے۔ میں اس سے کانپ اٹھتا ہوں۔ تعمیری ترقی کے لئے بے روزگاری اور بے کاری دور کرنے کے لئے غریب مہاجر کی بحالی کے لئے اگر یہ کہدوں تو مبالغہ نہ ہوگا کہ اس بجٹ میں ایک تنکا بھی نظر نہیں آتا جس کے سہارے وہ کسی کنارے پر پہنچ سکے۔ حضور والا۔ میں یہ گناہ سمجھتا ہوں کہ اپنی قوم کی بربادیوں کے سامان دیکھوں اور انہیں بیان نہ کروں۔

چو می بینی کہ نا بینا و چاہ است
اگر خاموش بہ نشینی گناہ است

اور بقول علامہ مرحوم مجھے ہے حکم اذان لاالہ‌الا‌اللہ

لہذا میں کوشش کروں گا کہ جو بات اس بجٹ میں اچھی دیکھوں اسے سامنے لے آؤں اور جو خرابیاں سامنے آئیں ان پر خاموش نہ رہوں۔

وہ ضروری مسائل جن کی طرف ذمہ دار گورنمنٹ کو توجہ کرنی چاہئے تھی ان کی طرف توجہ نہیں کی گئی۔ بیکار۔ بیروزگار۔ مزدور۔ کسان اور چھوٹے زمیندار کی حالت یہ ہے کہ آج اگر صرف دفتر روزگار کے اعداد و شمار کو دیکھا جائے تو ایک منصف مزاج آدمی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ قوم کی یہ امین گورنمنٹ جس کے پاس یہ دولت امانتاً اور نیابتاً رکھی گئی ہے اس نے اس دولت کو کس طرح خرچ کیا ہے۔ یعنی یہ کہ ساڑھے چوبیس کروڑ کی قومی امانت کو ہماری امین گورنمنٹ نے کس طرح حق بہ حق دار رسید کے مصداق اپنی قوم تک پہنچایا ہے۔ اس ضمن میں میں چند امور جناب والا کی وساطت سے ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ سب سے پہلے میری نظر پبلک سروسز کمیشن پر پڑی۔ ایک لاکھ اور ۸۳ ہزار روپیہ پبلک سروسز کمیشن کی نذر کیا جاتا ہے۔ یہ سفید ہاتھی قوم کے خزانہ کو اس طرح لوٹ رہے ہیں کہ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ علاوہ ازیں متحدہ پنجاب میں (جس میں ۲۹ اضلاع تھے) صرف ایک فنانشل کمشنر ہوا کرتا تھا لیکن

آج اس نصف پنجاب میں جس کے اب ۱۶ اضلاع ہیں تین فنانشل کمشنر ہیں (وزیر مال۔ تیسرے کا نام لیجئے) اور یہ بیچارے وصول کیا کرتے ہیں۔ سات لاکھ اور سترہ ہزار روپیہ۔ یہ تنخواہ ان کو اس قوم کے خزانہ سے ملتی ہے جس کی بیٹیوں کو بقول میاں عبدالباری صاحب ستر پوشی کے لئے کپڑا بھی میسر نہیں ہے۔ یہ تین فنانشل کمشنر اس قوم کے سر پر سوار ہیں جو بلحاظ غربت اپنی مثال صرف آپ ہے (وزیر مال۔ تیسرا کونسا ہے) (ملک غلام نبی۔ اس کا نام پبلک سروسز کمیشن کے پاس گیا ہوا ہے) اس کے بعد کمشنرز کا محکمہ ہے۔ جہاں تک ایڈمنسٹریشن کا تعلق ہے پنجاب میں تین ڈویژن اور تین کمشنر موجود ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر دیانتداری کے ساتھ اور قومی امین بنکر سوچا جائے تو ہم ایک بہت بڑی کفائیت شعاری کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں میں یہ کہنے کے لئے تیار ہوں کہ اگر کمشنروں کو ختم کر دیا جائے تو اس سے پنجاب کے ایڈمنسٹریشن میں کوئی فرق نہیں آ سکتا۔ تنخواہوں میں تفاوت ملاحظہ ہو جس صوبہ کا چپڑاسی ۲۰ روپے ماہوار تنخواہ لیتا ہے اور اس کو تین روپیہ دیکر حاتم کی قبر پر لات ماری گئی ہے اسی صوبہ کا گورنر اور اس کا عملہ تین لاکھ چوسٹھ ہزار روپیہ تنخواہ وصول کر رہا ہے اور الاؤنس الگ۔

صاحب سپیکر — آپ گورنر کے اخراجات کو زیر بحث نہیں لا سکتے۔

قاضی مرید احمد — اس کے بعد میں منتخبہ نمائندوں یعنی وزراء اور ان کے عملے کے اخراجات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وزراء اور ان کے پارلیمنٹری سیکرٹری جن کے فرائض کے متعلق بیگم شاہنواز صاحبہ نے پر زور تقریر فرمائی اور شریعت کا واسطہ بھی دیا۔ الحمد للہ کہ اب شریعت کا نام لینے والے بھی اس ہاؤس میں پیدا ہو گئے ہیں میں اسے شریعت کا واسطہ دیکر اسی شریعت کے عاملوں کا ایک نمونہ ان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ حضرت عمرؓ سے جب پوچھا گیا کہ آپ ہمارے خلیفہ ہیں آپ کی ضروریات کیا ہیں تو آپ نے فرمایا کہ حلتہ لی الصیف و حلتہ لی الشتاء۔ یعنی میرے لئے دو جوڑے کپڑوں کے چاہئیں۔ ایک گرمیوں کے لئے اور ایک سردیوں کیلئے۔ لیکن ہمارے وزراء کی شاہانہ زندگی ملاحظہ ہو کہ ان کی صرف تنخواہ تین لاکھ اور ۹۷ ہزار روپیہ ہے۔ الاؤنسز اس کے علاوہ ہیں تین ہزار کم چار لاکھ روپیہ اس

قوم کے نمائندوں کی تنخواھیں ھیں - جس قوم کے بے شمار بچے روٹی کے بغیر سوتے ھیں۔ اور لاکھوں مہاجر خاندانوں کی صبحیں رات سے زیادہ تاریک ھیں - میں نے یہ سارے اعداد و شمار اس لئے پیش نہیں کئے کہ مجھے کسی کمشنر یا کسی وزیر پر حملہ کرنے کی ضرورت تھی - میں جو چیز آپ کی وساطت سے یہاں پیش کرنے والا ھوں وہ یہ ھے کہ اس وقت پنجاب میں فیس کی جو رقومات غریب بچوں سے وصول کی جاتی ھیں ان کا میزان ۲۶ لاکھ روپے سالانہ کے قریب ھے - میں چاھتا ھوں اور حضور والا میں نے ممتاز منسٹری میں بھی یہ گذارش کی تھی کہ جب تک ھماری قوم تعلیم یافتہ نہیں ھوگی اس وقت تک ھمارا ملک ترقی نہیں کر سکتا - ۲۶ لاکھ روپیہ غریب بچوں سے فیس کی صورت میں لیا جاتا ھے اگر اس کفائت شعاری کو جو میں نے پیش کی ھے یعنی پبلک سروسز کمیشن کو ختم کر دیا جائے - غیر ضروری فنانشل کمشنروں اور تین کمشنروں کو اڑا دیا جائے۔ گورنر کی تنخواہ میں تخفیف کی جائے اور اسی طرح وزرا کی تنخواھوں میں ڈیڑھ لاکھ کی بچت کر لی جائے تو اس طرح بڑی آسانی سے ۱۷ لاکھ کی بچت ھو سکتی ھے بجٹ میں پانچ لاکھ کی بچت موجود ھے مذکورہ سترہ اٹھارہ لاکھ کی بچت ھو سکتی ھے اور دس لاکھ روپیہ وظائف کی صورت میں دیا جاتا ھے - یہ ساری رقم اگر فیس کی مد میں پیش کر دی جائے تو پوری ھو سکتی ھے حضور والا—اس وقت ۱۵ لاکھ بچے ایسے ھیں جن کے لئے تعلیم کا کوئی انتظام نہیں اور وہ آوارہ پھر رھے ھیں - جس قوم کے ۱۵ لاکھ بچے یعنی آنیوالی نسل لاکھوں کی تعداد میں تعلیم سے بے بہرہ ھو اور جو پڑھتے ھیں ان کے پاس پڑھنے کا سامان نہ ھو فیس دینے کے لئے پیسہ نہ ھو کیا مظلوم قوم کو اس مصیبت سے بچانے کے لئے وزرا صاحبان توجہ نہیں فرمائینگے - میں عرض کرتا ھوں کہ یہ اٹھارہ لاکھ روپیہ بغیر کسی ایڈمنسٹریشن کی خرابی کے بچایا جا سکتا ھے - حضور والا— وظائف کے لئے جو رقم رکھی گئی ھے اس کا مصرف بھی درست نہیں ھے - زیادہ تر وظائف رکھتے ھی اس لئے جاتے ھیں تا کہ وزراء صاحبان کسی کو ممنون کر لیں۔ کسی کو دوست بنا لیں۔ مستحقین کو نظر انداز کر دیا جاتا ھے - اس لئے وظائف دینے کی بجائے ھمیں یہ اعلان کر دینا چاھئے کہ کالج کے درجہ تک تعلیم مفت دی جائیگی - محولا بالا بچتوں سے انتظام میں کوئی خرابی پیدا نہیں ھو گی - میں کیا عرض کروں کہ کفائت شعاری کیوں نہیں کی جاتی - اور چند بڑوں کو یہ بڑی بڑی تنخواھیں کیوں دی جاتی ھیں - یہ سب ایک ھی طبقہ کو بلند کرنے کے منصوبے ھیں - دیہاتوں میں حالت یہ ھے کہ دو آنے ماھوار ایک غریب آدمی نہیں دے

سکتا لیکن ڈائریکٹر تعلیم کو دیا جاتا ہے ۳۱ ہزار سالانہ الاؤنسز اس کے علاوہ ہیں۔ ایک طرف تو اتنی دولت دھکیلی جا رہی ہے اور اتنا خرچ ہو رہا ہے کہ تن اسانی کے باعث وہ نڈھال ہو رہے ہیں اور دوسری طرف اتنے پیسے بھی نہیں کہ وہ اپنے بچوں کو ابتدائی تعلیم بھی دلا سکیں۔ اس لمبی چوڑی داستان کے لئے کافی وقت چاہئے تھوڑے سے وقت میں میں یہ گذارش ضرور کروں گا کہ تنخواہوں کا یہ تفاوت عہد غلامی کی یادگار ہے۔ مجھے یہ تسلیم کرنے میں قطعاً باك نہیں کہ ہمارے یہاں تنخواہوں کا تفاوت ایک اور دو سو چالیس کا ہے یعنی اگر چپڑاسی کو ۲۵ روپے تنخواہ دی جاتی ہے تو دوسری طرف گورنر کو ۶,۰۰۰ تنخواہ ملتی ہے۔ ببیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا۔

صاحب سپیکر— گورنر صاحب کے متعلق آپ کچھ نہیں کہہ سکتے۔

قاضی مرید احمد — میں اب صرف وزرا کے متعلق عرض کرونگا۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب نے فرمایا ہے کہ گورنر صاحب کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ کیا وہ

لا یسئل عما یفعل ولھم یسئلون

میں آتے ہیں۔

صاحب سپیکر — یہاں صرف قواعد کی پابندی کافی ہے۔

قاضی مرید احمد— اگر چھوٹی سے چھوٹی تنخواہ پانے والے سرکاری ملازم کا موازنہ وزیر صاحبان سے بھی کیا جائے تو انکی تنخواہوں کی نسبت ایک اور ایک سو پندرہ کی بنتی ہے۔ یعنی وزیر صاحبان ایک چھوٹے سرکاری ملازم سے ایک سو پندرہ گنا تنخواہ وصول کرتے ہیں۔ جب کہ غریب طبقہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے۔

چودھری فیض احمد (شاہ پور۔ ۹۔ مسلم)— صدر محترم۔ جہاں تک اس میزانیہ کا تعلق ہے اس پر تو کوئی ماہر مالیات ہی زیادہ روشنی ڈال سکتے ہیں۔ میں صرف دو باتوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ان کا تعلق حکومت کی آئندہ سال کی پالیسی کے ایک پہلو سے ہے۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جو میزانیہ پیش کیا گیا ہے موجودہ حالات میں اس سے بہتر میزانیہ شاید پیش نہیں کیا جا سکتا تھا۔ (تالیاں)

بہر حال وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں جو تحصیلوار مجسٹریٹ نگانے کے فیصلہ کا ذکر کیا ہے مجھے اسکے متعلق کچھ تھوڑا سا عرض

کرنا ہے ۔ میں یہ باتیں اسلئے نہیں کہہ رہا کہ میں خود وکیل ہوں ۔ (قہقہے اور قطع کلامیاں) ۔ مجھے اپنا نکتہ نظر پیش کرنے کی اجازت تو دیجئے ۔ پسند آئے تو مانئے نہ پسند آئے تو نہ مانئے ۔ میری رائے میں تحصیلوار مجسٹریٹ مقرر کر دینے سے ضلعوں میں وہ مرکزیت نہیں رہ جائیگی جو آجکل ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ وکلا کے خلاف یونہی ایک تعصب سا پایا جاتا ہے ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ میری بات سن تو لیجئے ۔ اچھی ہو تو قبول فرمائیے ورنہ فیصلہ تو ہو ہی چکا ہے ۔

آجکل ضلعوں میں بار ایسوسی ایشین جو فیصلے متفقہ اور متحدہ طور پر کرتی ہیں انکا اثر وہاں کے مجسٹریٹوں پر ہوتا ہے ۔ لیکن اگر یہ مجسٹریٹ ضلعوں سے دور چلے گئے تو پھر ان پر بار کے فیصلوں کا کچھ اثر نہیں ہوگا ۔ بلکہ وہ پولیس کے زیر اثر آ جائینگے ۔ ہمارا مقصد صرف یہی نہیں کہ مقدمات جلد فیصل ہوں اور پبلک کا روپیہ بچے بلکہ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ لوگوں کو انصاف ملے ۔ مثال کے طور پر قتل کے مقدموں میں جو شہادت نچلی عدالتوں میں ہوتی ہے اسی پر آئندہ سارے مقدمے کا دارو مدار ہوتا ہے ۔ وہی عدالت سیشن میں جاتی ہے ۔ اس لئے کم از کم یہ ضرور کر دینا چاہئے کہ اہم مقدمات کی سماعت تحصیلوں میں نہ ہو بلکہ صدر میں ہو ۔

علاوہ ازیں ہر ضلع کے صدر مقام میں مفاد عامہ کمیٹی موجود ہے جو ضلع بھر کی تکلیفات کا خیال رکھتی ہے اور جس میں ضلع کے اہلکاروں کے متعلق شکایات پیش کی جاتی ہیں ۔ اس سے بھی بد عنوانیوں پر ایک چیک رہتا ہے ۔ اگر تحصیلوں میں مجسٹریٹ مقرر کر دئے گئے تو وہاں ان پر اس قسم کا کوئی چیک نہیں ہوگا ۔ اور ضلع میں کسی کو معلوم نہیں ہو سکیگا کہ وہ وہاں کیا کر رہے ہیں اور کیا نہیں کر رہے ۔

تحصیل میں پولیس کی زیادہ خرابی ہوگی ۔ اور مقدمات میں زیادہ اقبال ہوا کرینگے ۔ اکثر ملزمان سے اقبال کرایا جائیگا اور وہ کر لیا کرینگے ۔

ایک اور پہلو بھی قابل غور ہے ۔ فرض کیجئے ایک ضلع میں چار تحصیلیں ہیں ۔ مثلاً گجرات کو لیجئے ۔ اس ضلع کی تحصیل پھالیہ میں فوجداری مقدمات کی تعداد زیادہ ہوتی ہے ۔ اگر اس تحصیل میں ایک مجسٹریٹ کر دیا گیا تو ضلع میں پریکٹس کرنے والے اکثر وکیل بیکار ہو

جائینگے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اگر حکومت اپنی پالیسی کو تبدیل نہ کر سکتی ہو تو بھی اتنا ضرور کر دے کہ اہم مقدمات مثلاً قتل وغیرہ کے تحصیلوں کی بجائے ضلعوں میں پیش ہوں ۔ کیونکہ جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں ان مقدمات میں ابتدائی شہادت پر ہی سارے مقدمے کا دارو مدار ہوتا ہے اور یہ شہادت ضلعوں ہی میں مناسب طور پر دی جا سکتی ہے ۔ بس میری یہی گذارش ہے کہ حکومت اپنی اس پالیسی میں اتنی سی ترمیم کر دے ۔

آخر میں میں ایک اور بات عرض کرونگا ۔ بجٹ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں تک زراعت کا تعلق ہے اسکیے خرچ میں کوئی خاطر خواہ چیز دکھائی نہیں دیتی ۔ حالانکہ یہ ماننا پڑتا ہے کہ جو زمیندار ہیں وہ اس صوبے کے ریڑھ کی ہڈی ہیں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اس ریڑھ کی ہڈی سے سب سے اچھا اور فیاضانہ سلوک ہوتا ۔ مگر اس بجٹ میں کوئی ایسی چیز معلوم نہیں ہوتی جو زراعت کی اصلاح یا ریسرچ کے لئے ہو ۔

میں ایک بار پھر وزیر خزانہ کو اس بجٹ پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

Sheikh Mahbub Ilahi: (Lyallpur I, Muslim, Reserved Seat): Sir, as the budget giving various facts and figures is furnised in English, I may be permitted to speak in English.

Mr. Speaker: Provided the honourable member declares that he can express himself better in English.

Sheikh Mehbub Ilahi: Sir, though I am a Punjabi, I can speak better in English.

Sir, on page 25 of the budget speech it is said as follows :—

"Another scheme which deserves mention relates to the purchase of casing pipes and modern boring machinery by the Department of Agricultural for the installation of tube-wells at an estimated cost of nearly Rs. 9 lakhs".

In this connection I would refer you to page 248 of the net Expenditure, items 14 and 15, where it is said that a sum of Rs. 4,30,000 as grant will be given and Rs. 8,69,370 will be given in addition. But there is no mention of regrant in this book. This amount of Rs. 4,30,000 should be given otherwise it will be forgotten. The total amount should be given as Rs. 8,69,000 *plus* Rs. 4,30,000, that is, Rs. 12,99,000. This total must be shown in the budget.

Another point which I shall raise is with regard to purchasing of well-boring machinery; purchase of stainers and purchase of pipes for irrigation in Pakistan. With regard to this I would refer to page : 69. The total amount shown there is hardly Rs. 60,000 and this is hardly enough, I would like to say that it is just a drop in the ocean because this amount is for the current year upto the 31st March, 1955. The total amount of Rs. 60,000 for the purchase of these three articles will not suffice and the result will be that there will be practically no work as has hitherto been during the past years. The amount should be at least 4 times than what has been provided. The progress is held up because these materials are not available in the market and the

Department of Agriculture is simply unable to provide to the zamindars and the people who have to instal tube-wells. Even for ordinary wells zamindars have only 7" boring pipe, but they also require 3" or 4" lowering pipe. Unless the Department provides it to them, it will be slaughtering that population of which you are proud and about which every day you say that they are the real backbone of the province.

On the whole the budget for Agriculture is very poor. Last year the budget for agriculture was Rs. 55 lakhs and this year, although it is shown Rs. 60 lakhs, but out of this, Rs. 9 lakhs which was provided last year and was not expended shall have to be paid for the boring machinery, casing pipes etc. This year we have only Rs. 51 lakhs. The proposed budget of Rs. 51 lakhs for the entire Department of Agriculture, the so-called beneficent department, for the people who make up a proportion of almost 90% (85 to 87% of population), is much too small and should in my opinion be increased at least to double, if the Government really means to do any good to the zamindars of the province. I quite agree that one has to cut his coat according to the cloth available, but at the same time it does not mean that one should not try to find out more from somewhere else.

Now I come to another thing. You have provided during the year, 3 mechanic borers, 3 assistant mechanic borers and 6 mates. Every mechanic and assistant mechanic carries with him one mate. They are almost half-fed, half-clothed. They are paid probably less than your peon. It is said that this establishment is provided only for one year. If people know that they have been appointed for one year, or for six months, you can yourself imagine what will they do in the department. They will simply wile away their time and run away. I would request that this establishment should be employed on a permanent basis and that this thing should not be shown in the budget to discourage these people. When you advertise for such jobs people working in certain workshops or somewhere else give up their jobs and come to your department, becuause they think that Government jobs are more secure and protective. This must be borne in mind that if we employ people just for a specific peirod, then they cannot be best utilised. If this establishment is provided for one year on a temporary measure it would hardly be of any good. This should be made permanent so that these people may do some work. As I said before, the budget for agriculture is small and possibly you will not be able to do very much good.

Now I come to what my honourable friend, Maulvi Sahib has said in his speech and various demands which he has made. I would like to point out that in your beneficent departments you have reduced the grant almost after taking into account your income and you have to pay them which would hardly suffice for these departments. After all beneficent departments are not really like the Irrigation Department yielding income. But at the same time somehow or other we can always make these two ends meet. The Government can cut down extra expenditure and give it specially to the Agriculture Department because a good deal of prosperity of this country depends upon our good agriculture. We have to provide implements, we have to provide manure and various other things and last but not the least water which is a very essential factor. You would have noticed how miserably we have lived all these years without water. Similarly is the case with tube-wells. Big zamindars can pay for it. But for small land-holders it is not possible. You will find that the number of bigger zamindars is very small. So unless you increase water, it will not be beneficial to the province.

Now, Sir, I come to other thing. It is said that there are 1,80,000 khaddis, which probably means manual labour and that yarn is not given to them and they have to go without it. That is not a fact. The fact is

that the quota of yarn is not under the control of either the Minister of Industries or in the hands of the Honourable Chief Minister. There seems to be a tendency or feeling that the Chief Minister can jump up the sky and can also come down at the same time. This is not correct. He has got certain limitations and his Cabinet and his Government has also got certain limitations. The people, if not most of them, at any rate, some of them think that they have control over the entire textile mills in the province. I may tell you that the textile mill owners do not care for any Cabinet. The Central Government tell that our Minister of Industries should mind his own business. They do not care for him at all. When they do not care for him why should he ask them to do anything. They are poor fellows. But at the same time our objective should be that we tell them either there should be textile mills under the provincial Government, they should have their own yarn and supply it to the manual labourers of khaddi or ask the Central Government to do something for them. To give you a concrete instance, I may tell that in December last there was a big meeting at which it was decided that every boy, girl and poor people should be given enough cloth to clothe themselves. It was in the papers. There was a great row. They said that out of the production, every textile mill should give 40 per cent to fair price shops. It was in the papers. We thought that 40 per cent would be sufficient . Later on somehow or other the textile people managed to prevail over the Central Government and they said that it would not be 40 per cent of the production but 20 per cent should be enough for the present. If we were given 40 per cent for the fair price shops by all the textile mills it would have just sufficed to meet the demand of the people appreciably.

Unfortunately my honourable friend, Maulvi Sahib, is not here. Sir, I wanted to tell him that at present *latha* has come down by Annas 12 and other qualities have been reduced by Annas 5 per yard and they are available if you make an effort.

As regards *gur*, there is no restriction except in Gujranwala District where production is very small and the Deputy Commissioner himself controls that commodity. (Voices. What about sugar)? Sugar is not our property. It comes from the Centre and is available at the depots. (*Interruptions*). You can manufacture it yourself. (*Interruptions*). I will give you the machines.

Recently the Central Government placed an order of Rs. 4 crores worth of cloth from abroad. Next year they are going to increase it to 10 crores. The Central Government gave the promise that when situation becomes better they will do something more. As you know it is not easy to get exchange. It is not in their power but they are now adjusting themselves. But whatever is produced here its price has been reduced appreciably.

***Mian Muhammad Shafi** (Montgomery VII, Muslim Reserved Seat)—

Mr. Speaker: Sir, I will open my speech with a couplet from Iqbal—

اوروں کا ہے پیام اور ۔ میرا پیام اور ہے
عشق کے درد مند کا طرز کلام اور ہے

Sir, I have listened with raptest possible attention to the speech by the Honourable Leader of the House and I have been carefully probing into these heavy bulky voluminous books to find out the truth of his statement and I have also listened very carefully to other speeches made on the floor of this House; but to my utter dismay I could not discover the faintest reflection

*Uncorrected speech.

of what is claimed by the Ministerialists either in the budget speech or in the voluminous books which I have just pointed out to you.

Sir, with Your Honour's permission I want to fortify myself with one thing, viz., the provision of the procedure of the Rules of this House which allows discussion of the principles involved in a budget. Therefore, Sir, leaving the task of dealing with the figures, which is a difficult task and which a *Bania* can do, to my honourable friend, Mr. Gibbon, I will only analyse the principles that govern the administration and study the Punjab budget and the rest of it in their light.

Sir, I shall respectfully take this august House to the conception of Pakistan. We asked for Pakistan for two things democracy and Islam. Sir, who does not know that in the united Punjab in united India the Muslims were 56%. We should have been assured complete majority in the Punjab and we would have been the rulers of this province, but we said, "nothing doing", we want an independent sovereign state for the Muslims to do two things. Firstly, to safeguard democracy and secondly to bring into our life Islam with all its implications. You know the heavy price that had to be paid for it. There is one Honourable Minister on the other side who being a refugee can bear me out that a ghastly tragedy was enacted in what used to be our home-land before partition came. You know, Sir, we had to leave graves of our dead, mosques, mausoleums, properties, everything that a man holds dear and honourable in one's life. To do what? To establish a State-an Islamic State. a democratic Islamic State and who does not know that 56 lakhs of people in a few days' time were flooded into this land. The Honourable Nawab of Mamdot, who himself was a victim of this partition and whose services to the cause of the establishment of Pakistan are well-known, will bear me out that when he was the Chief Minister of this Province, when people plundered and looted in East Punjab, Muslims maimed and moth-ridden with blood oozing out of them were crossing Wagha Border and shouting 'Pakistan Zindabad', 'Islam Zindabad'; in spite of the night-mare of horror, in spite of un-paralleled suffering which our people had to pass through, their morale was very high and a strong urge to build Pakistan after their hearts' desire remained uncurbed when they came to this promised land.

Sir, it is a unique thing in the history of the world. No nation can show that courage which was displayed by our people. Fortitude, determination, courage and sense of sacrifice-these people were the embodiment of these things. They came to the camps here. but I will now skip over these past six years. What has happened is a tragic story. I shall not touch upon that. What is the position today? I want you to visualise the state of affairs. Frustration is writ large on the faces of the people. It has gone deep into the hearts of people. There is a sense of complete frustration which permeates not only the ranks but the upper leadership. There is not a single individual who will tell me that there is nothing to worry about, that we shall go through these difficulties with a brave heart. Sir, the reason lies in the kind of leadership that was foisted upon the Province of Punjab and the rest of the Provinces of Pakistan. Sir, I want, to make it perfectly clear that neither partisanship, nor petty-fogging, nor any base considerations move me when I make an observation. I only want to put my point of view as respectfully and as forcefully as possible. I want to tell you what is the malady from which we suffer. Sir, our leadership has failed our masses, our people, under whose banner we marched to jails, for whom we shouted 'zindabad'. These are the people who failed us. Sir, why have they failed us? Are they inherently bad? Are they intrinsically bad? Nothing of the kind. According to me the whole thing can be summed up in the class complexion of the leadership. Sir, this leadership, which

was created originally in 1921 by that great statesman of the Punjab, Sir Fazl-e-Husain and under whose shadow all these people-Sir Sikandar, Sir Firoz Khan Noon, Sir Khizar Hayat, Sir Shahab-ud-Din, Sir this and Sir that-walk.

Chief Minister: Sir Muhammad Shafi. (*Laughter*).

Mian Muhammad Shafi : Sir Muhammad Shafi including. These are the men, Sir, who were created by the British imperialists. They were blessed by the British with Knighthood, estates and positions; while in India tiny little Gandhi was fighting against British Imperialism. His people stood up with him to fight the challenge of the British; while our people, our men high up-I am not talking of the Khilafat Movement-had entered into a conspiracy with the British Imperialism to perpetuate the British Raj. The Unionist Party came into existence solely with this purpose. The Honourable Leader of the House will recall, because he is one of the oldest members of this House, he is one of those men who are the architects of the History of Punjab, India and Pakistan. Therefore, he will bear me out that when Montague Chelmsford Reforms brought forward so much for the Muslims what did these people do? They at once divided the Muslims into two camps, urban and rural. Whatever rights had been given to the Muslim people as such, these clever people to keep the rural masses immune from enlightenment divided them from the urban people Artificial barriers were raised between the Muslims of the Punjab in the form of rural and urban tussle and what has been happening? A Sir Jamal Khan Leghari, a Sir Muzaffar-Ali Khan Qizilbash, a Sir Khizar Hayat Khan Tiwana, a Sir Sikandar Hayat Khan, were representing the Muslim masses. The electorates of their constituencies were their tenants. Now, this is like Tata or Birla saying "I will represent the interests of the employees in the legislature." They entered into an alliance with Sir Chhotu Ram. He was the owner of two squares in Hariana.

An Honourable member 17 squares.

Mian Muhammad Shafi: As he went up, his masses went up because he was the representative of the masses, but when a Sir Firoz Khan Noon or a Malik Sir Khizar Hayat Khan, went up, their people proportionately went down because they did not represent their people. It was only with a view to keeping their friendship with the British that they said that they represented the Muslims of the Punjab, the martial Punjab. They never allowed the Muslim intelligentia to come in the fore ranks and monopolised the leadership. This is the class that rules even today in the name of Islam. Then they ruled in the name of rural masses; today they rule in the name of democracy, Islam and Muslim people. This is all hypocracy because, Sir, if you were to see what has happened in the Punjab for the last six years you will find that nothing has been done. (*Interruptions*). I am one of those who have been with them for the last 16 years. The Nawab of Mamdot will bear me out (*Interruptions*). If you went to jail for 28 days, I went to ajail for six months. The Nawab of Mamdot will bear me out that I whole-heartedly stood at your back. For six years that you ruled this Punjab. you have ruined this Province economically, socially, politically, intellectually and morally. (*Voices from the Opposition Benches*: Shame, shame).

Here is a confession of what the Honourable Chief Minister and his predecessors have achieved. He has been in office for the last year and he himself confesses a colossal failure. He says—

> "We need no reminder that we are passing through difficult days and the occasion demands that we pool our resources to meet the challenge which the future holds before us with courage and resolution."

And then he refers to the situation in these words :—

"It will be recalled that when the present Ministry entered office in April 1953, the civil administration had almost completely broken down and the Provincial Capital was directly governed by the Martial Law Administration. The Province was also in the grip of a distressing food crisis.

How un-realistic and how undemocratic are their ways can be proved from the fact that East Punjab, which had started as a deficit province, has become surplus area; whereas they have turned a surplus province into a deficit one and now they are getting aid from America to prop up their decadent position.

Syed Amir Hussain Shah: Will the Honourable Minister please state whether it is a fact that these tenants are made to pay 50 : 50 instead of 60:40 ?

Minister : Not to my knowledge.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is the Honourable Minister aware of certain cases in which some influential allottees on approaching the authorities concerned got the refugee tenants ejected in a very illegal manner ?

Minister : It has not come to my notice and if there were such cases, the courts of law were there and the people so ejected could have applied to them.

Mr. C. E. Gibbon : Arising out of the answer given to part (*b*) can the Honourable Minister say why his Department acted against the instructions of the Central Government by snatching away land from the Christian Sepis and tenants and giving it to others ?

Minister : I have already replied that we are not doing anything contrary to the instructions of the Central Government (*Interruptions*). I will certainly look up but I am more or less certain that there are none.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker : I have received the following application from Khan Muhammad Amin Khan Kanjun, M. L. A.

''گذارش ہے کہ ۲۰ فروری ۱۹۵۴ء سے بیمار ہوں سرٹیفکیٹ ڈاکٹر صاحب لف ہذا ہے ۔ سیشن ٹائم کے لئے شروع تا آخیر رخصت منظور فرمائی جاوے''۔

The question is—

That the leave asked for be granted

The motion was carried

Mr. Speaker : I have to inform honourable members that according to the Punjab Legislative Assembly (Allowance of Members) Act, 1942 the mere fact that an honourable member is on leave will not save him from the forfeiture of his compensatory allowance if he fails to attend at least 90 per cent of the sittings of the House.

SUPPLEMENTARY ESTIMATES

Chief Minister: Sir, I beg to present the Supplementary Estimates for the year 1953-54.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

Mr. Speaker : We now proceed with the General Discussion of the Budget for the year 1954-55.

ملک غلام نبی—(کارپوریشن شہر لاہور-۱ - مسلم مخصوص نشست) - جناب والا ۔ آنریبل وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں جس تشویشناک صورت حال کا ذکر فرمایا ہے مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے ۔ قرضہ جات جو ہمارے ذمہ واجب الادا ہیں یقیناً وہ ایک بہت بڑی رقم ہے اور یہ رقم آن Un-productive Schemes پر خرچ کی گئی تھی جن سے صوبہ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکا - آنہوں نے یہ بھی فرمایا

ہے کہ وہ آئندہ Productive Schemes تیار کرنا چاہتے ہیں - میں انہیں اس میں کامیاب دیکھنا چاہتا ہوں - لیکن جہاں انہوں نے یہ کہا ہے کہ حکومت کو قرضہ کم لینا چاہئے مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے - کیونکہ قرضے لے کر کام چلانے سے ہمیں دو بڑی سہولتیں میسر آتی ہیں ایک تو یہ کہ ہم زیادہ سکیمز پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں اور دوسرے The living generation pays for the services consumed کا مسلمہ اصول تسلیم کر لیا جاتا ہے -

جناب والا - بجٹ کا پہلا اصول یہ ہوتا ہے کہ Capital Receipts کو Ordinary Expenditure پر خرچ نہیں کرنا چاہئے بلکہ اسے Capital پر ہی خرچ کرنا چاہئے تاکہ ایک قوم اور ملک کے مستقبل کے Assets قائم رہیں - مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے اس بات کو محسوس کیا ہے مگر انکی پوزیشن اس شرابی کی سی ہے جو شراب آج ہی پی رہا ہے مگر توبہ کل کریگا - وہ فرماتے ہیں کہ اس سکیم پر عمل آئندہ برس میں کیا جائیگا - اور چار برسوں میں اسے پایہ تکمیل کو پہنچا دیا جائیگا - میری گذارش یہ ہے کہ اچھے کام میں دیر کرنا گناہ ہوتا ہے - بہتر تھا کہ آپ اسے اسی سال سے شروع کر دیتے - ستم بالائے ستم یہ ہے کہ Commercial Sites کو بھی ساتھ ہی ساتھ بیچا جا رہا ہے - ایسا کرنے سے جناب والا ہم اپنے صوبہ کو مستقل ذرائع آمدنی سے محروم کر رہے ہیں - جسکا بوجھ مستقبل کی نسل پر پڑیگا - اگر ہم نے اپنی آمدنی کو بڑھانے کے لئے ساری کراؤن لینڈز کو بیچ ڈالا تو پھر ہمارے پاس کیا باقی بچے گا -

جناب والا - یہ ایک ادھورا اور نا مکمل قسم کا بجٹ ہے جسے نامکمل طریق پر پیش کیا گیا ہے - معلوم ہوتا ہے کہ وزیر خزانہ صاحب کو بھی اس بات کا احساس ہے - وہ فرماتے ہیں کہ آئندہ وہ چینی اور گندم کا حساب باقی حسابات سے بالکل علیحدہ رکھینگے - کیونکہ انہیں حسابات میں گڑبڑ دکھائی دے رہی ہے - میری ان سے صرف اتنی گذارش ہے کہ وہ اس حساب کو علیحدہ رکھیں یا کسی اور طرح رکھیں - حساب آخر حساب ہی ہوتا ہے - مگر خدارا اسے باقاعدگی سے رکھئے - جناب والا - یہ میزانیہ بتا رہا ہے کہ اسے پیش کرنے میں جو مالی دقتیں تھیں ان پر ایک نرالے طریقے سے عبور حاصل کیا گیا ہے - جس خسارہ کا اس بجٹ میں امکان تھا اسکا بار

سال رواں پر ڈال کر ایک متوازن سا بجٹ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ مثلاً منظور شدہ تخمینہ جات ۵۴-۱۹۵۳ کے مطابق ہمارے پاس جو ۲۴ کروڑ ۶ لاکھ ۳۶ ہزار روپے کی فاضل رقم ۵۵-۱۹۵۴ کے میزانیے کے خرچ کے لئے موجود ہونی چاہئے تھی اس کو وہ ایسی ہوشیاری کے ساتھ ہضم کر گئے ہیں جسکا جواب نہیں Closing Balance میں ۹ کروڑ ۶۷ لاکھ ۸۰ ہزار روپے کی رقم دکھلائی گئی ہے ۔ یعنی ۳۳ کروڑ ۷۴ لاکھ ۱۶ ہزار کی رقم حساب میں کہیں نظر نہیں آرہی ۔ یہ رقم کہاں خرچ کی گئی ہے کس سے واجب الوصول ہے اس کا کوئی ذکر اس میزانیہ میں موجود نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ اگر اس بجٹ کو اس نظر سے بھی دیکھا جائے کہ وہ حسابات جو ۵۲-۱۹۵۱ اور ۵۳-۱۹۵۲ کے اس بجٹ میں شامل ہیں اگر ان سے جائزہ لیا جائے تو ہماری حالت اسطرح بیان کی جا سکتی ہے کہ منظور شدہ میزانیہ ۵۴-۱۹۵۳ کے مطابق ہم پر ۲۳ کروڑ ۷۵ لاکھ ۲ ہزار کا بار واجب الادا تھا مگر ترمیمی بجٹ ۵۴-۱۹۵۳ کو اگر سامنے رکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ۱۲ کروڑ ۳۴ لاکھ ۳۰ ہزار کی رقم اب ہمیں قابل وصول ہے ۔ کس سے اور اس کی تفصیلات کیا ہیں یہ میزانیہ بالکل خاموش ہے جس طرح یہ وزارت ایک گڑ بڑ کے دور کی یادگار ہے اسی طرح یہ میزانیہ بھی ایک گڑ بڑ کی پیداوار ہے ۔

جناب والا — وزیر اعلیٰ نے جس نظریئے کا اظہار صفحہ ۹ پر فرمایا ہے کہ جب تک ہم اپنے عوام کو بھوک ۔ افلاس اور بیماری سے نجات نہ دلائیں اس وقت تک ہم کامیاب نہیں ہو سکتے مجھے ان سے پورا پورا اتفاق ہے لیکن مجھے جناب والا افسوس ہے کہ انہوں نے ان امراض کو دور کرنے کے لئے کوئی موثر اقدامات نہیں کئے ۔

جناب والا— مرکز کے متعلق ''جناب شیخ کا نقش قدم یوں بھی ہے اور یوں بھی،، کچھ کچھ تعریف بھی ہے اور شکوے بھی ۔ کھل کر بات کریں تو شائد ہم بھی کچھ کہہ سکیں اور سب سے زیادہ پنجاب کے نیک نام کو بٹہ لگانے کی کوشش صفحہ ۲۸ کے ان الفاظ سے کی گئی ہے کہ غیر تقسیم شدہ اور تقسیم شدہ علاقوں کی تقسیم کو بحال رکھا جائے ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں میری معروضات یہ ہیں کہ جب مسلمانان ہندوستان نے پاکستان کا نعرہ بلند کیا تو اس

وقت مختلف الخیال لوگوں نے اپنی اپنی سمجھ اور خیال کے مطابق پاکستان کی تشریح کی - ہندوؤں نے کہا کہ پاکستان ہندوستان کے کے دو ٹکڑے نہیں بلکہ گاؤ ماتا کے بھی دو ٹکڑے کرنے کے مترادف ہوگا یہ بھی کہا کہ یہ ایک دیوالیہ ملک ہوگا وغیرہ وغیرہ اور مسلمانوں کے ایک حلقہ خیال کے لوگوں نے یہ کہا کہ یہ ایک ایسا ملک ہوگا جہاں گورے اور کالے کی کوئی تمیز نہیں ہوگی جہاں سب بھائی بھائی ہونگے اور ہر ایک کو پھلنے اور پھولنے کے ایک جیسے مواقع میسر آئینگے - مزدوروں نے کہا کہ ہم سوسائیٹی کے ہر شعبے میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جائینگے - زمینداروں اور جاگیرداروں نے یہ سمجھا کہ ان کی جاگیریں اور زمینداریاں قائم رہینگی مذہبی پیشواؤں نے یہ سمجھا کہ اس ملک میں خدا اور رسول کی عظمت کے ڈنکے بجینگے اور کچھ خاندانی پیشہ ور لیڈروں نے یہ سمجھا کہ سٹیٹ بطور ورثہ کے انہیں ملے گی جہاں وہ اپنی من مانی کاروائیاں کرینگے اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہوگا اور کچھ ایسے علاقے بھے تھے جن کے بسنے والے مسلمانوں نے یہ کہہ کر پاکستان کے مطالبے کی حمایت کی کہ وہ ایک ایسی جنت کے لئے لڑ رہے ہیں جس میں انہیں کبھی جانا نہیں ہوگا اور انہوں نے بے شمار قربانیاں بھی کیں آج جناب والا وزیر اعلیٰ نے اس بات کا اعلان کرکے اس وحدت کو پارہ پارہ کرنے کی کوشش کی ہے جو پاکستان کی سب سے بڑی اساس ہے اور یوں بھی پنجاب نے ان علاقوں کے مسلمانوں کو نوکریاں الاٹمنٹیں وغیرہ کرنے میں کوئی بخل سے کام نہیں لیا بلکہ بڑھ چڑھ کر ان لوگوں کی خدمت کی ہے اور آج اس پالیسی کا اعلان کرکے ہم نے ایک ایسا کلنک کا ٹیکہ لگا لیا ہے جو مدتوں دھل نہیں سکے گا -

حضور والا— آپ نے اُن ملازمین کے لئے جو مقررہ معیاد ملازمت سے پہلے ہی مر جاتے ہیں ایک مستحسن فیصلہ فرمایا ہے اور ان کے پسماندگان کی امداد کے لئے سر دست ایک لاکھ روپیہ کی رقم سے ایک ادارے کے کھولنے کا وعدہ کیا ہے - یقیناً یہ آپ کا ایک مبارک قدم ہے - اس سلسلے میں میری یہ تجویز ہے کہ اگر آپ جبری بیمہ کی سکیم کو نافذ فرماویں تو اس سے ایک تو حکومت کاروبار کر سکتی ہے اور دوسرے ایسے ملازمین کے لواحقین مستقل طور پر محفوظ ہو جائینگے -

جناب والا—ایگریکلچر جس سے ہم زرمبادلہ زیادہ حاصل کر سکتے ہیں اسکی ترقی کی طرف بہت ہی کم توجہ دی گئی اور جنگلات کو اس بری طرح سے ختم کیا جا رہا ہے کہ چند برسوں کے بعد ہمیں اپنی اس دولت کے ضائع ہو جانے پر افسوس کرنا پڑیگا۔ وقتی طور پر آمدنی کو بڑھانے کے لئے immature trees کو کاٹ کاٹ کر بیچا گیا یہ ایک ایسا اقدام ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے—

دوسرے انڈسٹریز کو self-sufficient ہونا چاہئیے لیکن ان دو محکموں پر بہت ہی کم ''ایلوکیشن،، کی گئی ہے —

Depreciation کی مدات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ باقائدگی سے کٹوتیاں نہیں ہو رہی ہیں کہیں کچھ ہے کہیں کچھ ہے۔ اس کے برعکس اسے یونیفارم ہونا چاہئیے تھا —

حضور والا—آخر میں میری یہ درخواست ہے اور میں بڑی شدت کے ساتھ یہ تنبیہ کرتا ہوں کہ اگر آپ نے اپنے نظریات میں تبدیلی پیدا نہ کی تو آپ ان گڑیوں پر تو ممکن ہو سکتا ہے کہ کسی سازش کی وجہ سے براجمان رہ سکیں لیکن آپ اپنے لوگوں کے دلوں پر حکومت تو کیا ان کے قریب بھی نہیں پہنچ سکیں گے۔ آج جب کہ لوگوں کی ضروریات زندگی اس قدر بڑھ چکی ہیں اور انکی قوت خرید بالکل ختم ہو چکی ہے آپ کس طرح یہ توقع کر سکتے ہیں کہ عوام آپ کو چین سے بیٹھنے دینگے یہ کچھ وقت کی بات ہے اور اگر آپ نے انکی ضروریات زندگی کی طرف توجہ نہ دی ان کے لئے کپڑا اور روٹی میسر نہ کی تو آپ کو ان پر حکومت کرنے کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔ جناب والا—گندم کو ہماری معاشیات میں بڑا دخل ہے اور یہ ایک بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ کہیں بہتر ہوتا اگر آپ اپنی گندم اور امریکن گندم کو ملا کر بیچتے تاکہ بھاؤ پانچ یا چھ روپیہ من پر آجاتا اور ہر شخص اسے خرید سکتا اس کے برعکس آپ نے مفت کی ناہموار تقسیم سے قوم کو ایک بھیک منگوں کی قوم بنا دیا ہے دیکھیں کہ کس طرح وہ قطاروں میں کھڑے آپکی شان و شوکت پر ایک بد نما داغ نظر آرہے ہیں۔ اور پھر یہ مفت کی گندم جس سے سوائے اس کے کہ آپ الیکشن میں ووٹ حاصل کریں اس سے کچھ زیادہ اسکی حیثیت نہیں ہے—

مسٹر محمد امین (لاہور کارپوریشن نمبر ۲ مسلم مخصوص نشست)۔ جناب والا—بجٹ پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کوئی حقیقت پسند بجٹ نہیں ہے بلکہ یہ بجٹ بھی سابقہ بجٹوں کی طرح

ایک بجٹ ہے - توقع تھی کہ وزیر اعلیٰ عوام کی بہتری کے لئے کوئی ٹھوس تجاویز پیش کریں گے لیکن مجھے بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس بد قسمت صوبے کی power پالیٹکس نے انہیں اس طرف توجہ دینے کی مہلت ہی نہیں دی اس صوبے میں اقتدار کے لئے جو رسہ کشی ہو رہی ہے جب تک وہ ختم نہ ہوگی اسکی بہتری نہیں ہو سکتی - جناب والا-میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کے معزز ممبران کی خدمت میں اس صوبہ کی مالی حالت کے متعلق صحیح پوزیشن پیش کروں کیونکہ عوام کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان پر بعض ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں - تقسیم ملک کے وقت ہماری پوزیشن یہ تھی کہ چھ کروڑ چالیس لاکھ روپیہ کی ہمارے پاس invested securities تھیں اور ۸۸ لاکھ روپیہ ہمارے پاس ''کلوزنگ بیلنس'' تھا اسکی میزان ۷ کروڑ ۲۸ لاکھ روپیہ بنتی ہے - لیکن آج ہمارے پاس ۷ کروڑ ۲۸ لاکھ روپیہ جمع ہونے کی بجائے ۶ کروڑ ۶۷ لاکھ روپیہ ہمارے نام لگ رہے ہیں - جوں جوں حکومت کو روپیہ کی ضرورت پیش آتی رہی وہ اس میں سے خرچ کرتی رہی اور ۱۹۵۰-۵۱ میں انہوں نے ۳ کروڑ ۲۰ لاکھ روپیہ کا پہلا قرض حاصل کیا - میں یہ بھی عرض کردوں کہ اسکے علاوہ ۳۱ کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ غیر منقسم متحدہ پنجاب کا قرضہ موجود تھا - اور ۵۵ کروڑ روپیہ قرضہ تقسیم کے بعد لیا گیا ہے - ۵۵ کروڑ اور ۳۱ کروڑ ملا کر ۸۶ کروڑ روپیہ بنتا ہے - اور آج آپکے صوبہ کا یہ حال ہے کہ جو آپکے پاس اثاثہ تھا وہ تو ختم ہوگیا اور ۵۵ کروڑ روپیہ کے قرضے کا نیا بوجھ ہمارے صوبہ پر پڑ گیا ہے تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اسقدر قرضہ جو لیا گیا کیا اسکے مقابلہ میں اس صوبہ کے لئے کوئی ایسی ڈویلپمنٹ سکیم بھی بنائی گئی ہے جس سے ہماری آمدنی میں بھی کم و بیش کوئی اضافہ ہو - کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ قرضہ لے کر کوئی کاروبار کیا جائے تو اس سے ہماری آمدنی میں ضرور کوئی اضافہ ہونا چاہئیے اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۵۲-۱۹۵۱ میں ہمارے صوبہ کی آمدنی ۲۵ کروڑ ۹۹ لاکھ روپیہ تھی لیکن ۵۳-۱۹۵۲ میں وہ آمدنی ۲۱ کروڑ ۵۹ لاکھ روپیہ ہوگئی - بجائے اسکے کہ قرض لینے سے ہماری آمدنی بڑھتی ہماری آمدنی میں ۵ کروڑ روپیہ کم ہو گیا - اب ۵۵-۱۹۵۴ کی آمدنی ۲۳ کروڑ ۹۱ لاکھ روپیہ ہے- یعنی اس بجٹ میں بھی آمدنی اس حد تک نہیں آئی جتنی ۵۲-۱۹۵۱ میں تھی - یہ چیز کسی لحاظ سے بھی قابل تعریف نہیں سمجھی جا سکتی - میں پہلے بھی دو دفعہ بجٹ کے موقعہ پر یہ عرض کر چکا ہوں کہ ہمیں اس چیز کی طرف توجہ دینی چاہیئے

کہ ہمارے غیر ضروری اخراجات بڑھنے نہ پائیں مگر میرے اس کہنے پر آج تک کسی نے توجہ نہیں کی ۔ قرض بڑھتا گیا ۔ آمدنی کم ہوتی گئی مگر اخراجات میں پھر بھی اضافہ ہوتا چلا گیا ۔ مثال کے طور پر ۱۹۵۱-۵۲ میں اخراجات ۲۲ کروڑ ۸۹ لاکھ روپے تھے مگر ۱۹۵۳-۵۴ میں ۲۶ کروڑ ۱۷ لاکھ ہوگئے ۔ یعنی قرض بڑھ گیا ۔ آمدنی کم ہوگئی مگر پھر بھی اخراجات کو کم کرنے کی کوشش نہ کی گئی بلکہ اخراجات اور بھی بڑھ گئے ہیں ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ بڑھتے ہوئے قرض اور گھٹتی ہوئی آمدنی کے پیش نظر اخراجات میں زبردست تخفیف کی جاتی مگر اسکے برعکس خرچ بڑھتے چلے جارہے ہیں ۔ سوچنے کی بات تو یہ ہے کہ کسی زیادہ آمدنی اور فائدے کی خاطر ہی قرضے لئے جاتے ہیں مگر ہماری آمدنی گھٹ رہی ہے ۔ جس قرضے سے آمدنی نہ بڑھ سکے ایسے بے فائدہ قرضے سے باز رہنا چاہیئے ۔ ہمیں غور کرنا چاہیئے آخر یہ صورت حال ہمیں کہاں پہنچائے گی ۔ اخراجات کیوں اور کسطرح بڑھتے جا رہے ہیں ۔ میں مثال کے طور پر ایک دو آئیٹم پیش کرتا ہوں ۔ سول ایڈ منسٹریشن کو لیجئے ۔ سال ۱۹۵۱-۵۲ میں سول ایڈ منسٹریشن پر ۵۰ کروڑ ۷۴ لاکھ روپے خرچ آئے تھے مگر ۱۹۵۲-۵۳ میں یہی اخراجات بڑھکر ۶ کروڑ ۱۳ لاکھ تک پہنچ گئے ہیں ۔ دوسری مثال اوی گیشن (آبپاشی) کے محکمے ہیں ۔ مجھے اس کا تجربہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں کام کرنے سے ہوا ہے ۔ جتنی دھاندلی اور تباہی اس محکمہ Irrigation میں مچ رہی ہے اس کی مثال مشکل سے مل سکیگی ۔ کروڑوں روپیہ Repairs اور متفرق مدات وغیرہ کے بہانے خورد برد کیا جارہا ہے ۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں اس مد کا خرچ ۲۳ لاکھ ۴۰ ہزار روپیہ تھا مگر اب اس سے بڑھکر یہ خرچ امسال ۷۳ لاکھ ۲۸ ہزار ہو گیا ہے ۔ It is three times as much as it was before یعنی یہ ۱۹۵۱-۵۲ کی بہ نسبت اب تین گناہ زیادہ ہو گیا ہے ۔۔ (سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی ۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی) ظاہر ہے کہ یہ صورت حال افسوس ناک ہے اور سوچنا چاہیئے کہ یہ صورت حال کب تک یونہی رہے گی ۔ اور یہ آخر کب تک رہ سکتی ہے اخراجات بڑھ رہے ہیں ۔ قرضے بڑھ رہے ہیں ان پر سود بڑھ رہا ہے ۔ آمدنی کم ہو رہی ہے صرف قرضوں کا بوجھ ہی ۸۵ کروڑ روپے تک پہنچ چکا ہے ۔ جو کہ تقسیم کے وقت ۳۱ کروڑ روپے کے قریب

تھا ہمیں یہ قرضہ سب غیر ضروری اخراجات بند کرکے ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے تب کہیں جا کر کئی سالوں کے بعد یہ قرضہ ختم ہو سکتا ہے اور اگر کچھ نہ کیا گیا تو (ایک آواز۔سارا بھٹہ ہی بیٹھ جائیگا) سخت تباہی آئے گی۔ آج جو بچہ بھی پیدا ہوتا ہے وہ پیدا ہوتے ہی 42½ روپے کا مقروض ہو جاتا ہے کیونکہ یہ قرضہ صوبے کی آبادی کے لحاظ سے 42½ روپے فی کس تک پہنچ گیا ہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ قرضہ کیوں بڑھ رہا ہے۔ اسکی وجہ کیا ہے۔ میں بتاتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ جو صاحب بھی پنجاب میں حکومت کی گدی پر بیٹھتا ہے وہ مرکزی حکومت کی خوشنودی حاصل کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ کیونکہ یہاں چند شخصیات میں سیاسی اقتدار کی رسہ کشی جاری ہے اور مرکز کی خوشنودی (سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی ! کرسی کی خوشنودی) کے حصول میں پنجاب کے لیڈر پنجاب کے مالی حقوق کی خاطر کوئی stand نہیں لیتے۔ بلکہ ایک دوسرے کی لات کھینچنے میں مصروف رہتے ہیں (مہر محمد صادق۔ آپ صرف سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی کی طرف نہ دیکھئے۔ اور ممبران بھی ایوان میں موجود ہیں) اس کے لئے کوئی بر سر اقتدار لیڈر مرکز سے اپنے جائز مالی مطالبات منوانے کی کوشش بھی نہیں کرتا۔ مثال کے طور پر Refugees کی بحالی پر پنجاب نے دس کروڑ بلکہ ۱۳ کروڑ روپے تک خرچ کئے حالانکہ یہ ایک سنٹرل چارج تھا اور سنٹرل گورنمنٹ کو ادا کرنا چاہئے تھا Partition کے بعد پاکستان بننے سے جو انٹر ڈومینین مسئلہ پیدا ہوا اور اسکے نتیجہ میں جو مہاجرین یہاں آئے انکی بحالی کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر تھی صوبائی حکومت کو یہ خرچ مرکزی حکومت سے مانگنا چاہیئے۔ پھر اب تک مہاجروں پر بار بار اخراجات برداشت کئے جا رہے ہیں۔ یہ اخراجات بھی مرکزی حکومت کو برداشت کرنے چاہئیں ملک کی تقسیم کے باعث جو لاکھوں لوگ بے خانمان ہوکر آئے ان کی بحالی سنٹرل گورنمنٹ پر عائد ہوتی تھی۔ اس پر پنجاب نے جو ۱۳ کروڑ روپیہ خرچ کیا ہے اسکا مطالبہ مرکز سے کرنا چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ غیر منقسم پنجاب کا قرضہ جو ۹ کروڑ ۸۵ لاکھ روپے تھا وہ بھی ہندوستان اور پاکستان کے جھگڑے کی بنا پر عائد شدہ ہے اور مرکزی حکومت کو ادا کرنا چاہیئے۔ اسی طرح بارڈر پولیس کا خرچ بھی صوبائی حکومت کی بجائے سنٹرل گورنمنٹ کو ادا کرنا چاہیئے۔ پھر سول ڈیفینس کے اخراجات کی ذمہ واری بھی مرکزی حکومت کو برداشت کرنی چاہیئے۔

سب سے بڑی چیز جو پاکستان اور ہندوستان کے جھگڑوں کے باعث پنجاب میں ہوئی وہ یہ ہے کہ پنجاب کی نہروں کا پانی بند کیا گیا یا کم کر دیا گیا تو ہمیں ہیڈ بمبانوالہ۔بیدیاوالہ۔بلوکی اور مرالہ راوی سے علی الترتیب ۶ کروڑ روپے، ۸ کروڑ روپے اور مزید ۸ کروڑ روپے کے خرچ سے نئی نہریں کھودنی پڑیں جن پر مجموعی طور پر ۲۲ کروڑ روپے خرچ آچکے ہیں اور ابھی ان نہروں کو چلا کر کوئی آبپاشی بھی نہیں کی گئی - یہ ۲۲ کروڑ روپے کا خرچ پنجاب کو کرنا پڑا ہے - مجھے شکایت اس امر کی ہے کہ ہماری حکومت مرکز کی ناراضگی کے ڈر سے یہ روپیہ سنٹرل گورنمنٹ سے مانگتی ہی نہیں حالانکہ یہ مل ملا کر چالیس کروڑ کی رقم بن جاتی ہے جسکا جائز مطالبہ مرکزی حکومت سے کرنا چاہیئے . . . .

بیگم شاہ نواز— Hear, hear پنجاب کی حکومت یہ مطالبہ کرے تو ہم اسکے ساتھ ہیں - یہ روپیہ لازماً ہمیں ملنا چاہیئے —

مسٹر محمد امین - حضور والا—اب میں چند ایک تعمیری Suggestions پیش کرنا چاہتا ہوں کیونکہ نکتہ چینی وہی اچھی ہوتی ہے جسکے ساتھ ساتھ عملی تجاویز بھی بتائی جائیں - میری سب سے پہلی Suggestion تو یہ ہے کہ حکومت اپنے غیر ضروری اخراجات کو فوراً کم کردے — اس سلسلے میں حکومت اکثر تخفیف کیلئے اپنے چند انسران کی کمیٹی مقرر کیا کرتی ہے ایسی کمیٹی صحیح طور پر کام نہیں کر سکتی - میری تجویز یہ ہے کہ اس کام کیلئے ایوان ہذا کے ممبروں پر مشتمل ایک تخفیف کمیٹی ہاؤس کی طرف سے مقرر کی جانی چاہیئے جو غیر ضروری اخراجات کم کرنے کے سلسلے میں تحقیقات کر کے سفارشات کرے دوسری تجویز جو میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ محکمہ ری ہیبلی ٹیشن کو یکسر بند کر دینا چاہیئے - میں اس Re-habilitation کے محکمہ کو Re-habilitation کا محکمہ یعنی برباد کاری کا محکمہ سمجھتا ہوں اس سے قطعاً کوئی فائدہ نہیں ہے اسے بند کر دینا چاہیئے - حکومت نے جو ایگزیکٹو اور جو ڈیشری (انتظامیہ اور عدلیہ) کو الگ کردیا ہے اس سے ڈپٹی کمشنر کے کام میں کافی تخفیف ہو گئی ہے اس لئے آباد کاری کا کام ڈپٹی کمشنروں کے سپرد کر دینا چاہیئے جس کو وہ بخوبی سر انجام کر سکیں گے اس آباد کاری کے محکمہ کو بند کرنے سے ۴۵ لاکھ روپے کی بچت فوراً ہو سکتی ہے - اور ایک کروڑ روپیہ مہاجرین کا مقدمات وغیرہ پر خرچ ہوتا ہے وہ ان کو بچ جاویگا—

دوسرے ٹرانسپورٹ کو نیشنلائز کرنے کیطرف فوراً قدم بڑھانا چاہیئے جسے سیاسی وجوہات کی بنا پر روکا گیا ہے - ٹرانسپورٹ کو نیشنلائز نہ

کرنے سے جو روپیہ صوبائی حکومت کے ہاتھوں سے باہر چلا گیا ہے وہ آئندہ کے لئے فوراً اپنے ہاتھ میں کرلینا چاہیئے —

تیسرے سنٹرل گورنمنٹ نے صوبے کے کئی وسائل آمدنی اور محاصل پر خود ہی قبضہ جما رکھا ہے مثلاً انکم ٹیکس—سیل ٹیکس—وغیرہ ہمیں ان کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہیئے - پھر Evacuee مکانات کا کرایہ بھی شائد حال ہی میں مرکزی حکومت نے پنجاب سے ہتھیا لیا ہے میں کہتا ہوں کہ ریزمین اوارڈ (Raisman Award) کے ذریعے پنجاب سے سخت بے انصافی کی گئی ہے اور اس سے ہماری سخت حق تلفی کی گئی ہے - یہ سراسر غیر منصفانہ ہے اسکے خلاف ہمیں پروٹسٹ کر کے اسکی نظر ثانی کرانی چاہیئے تاکہ مرکز اور پنجاب کے مابین ذرائع آمدنی کی دوبارہ تقسیم کی جائے --

بیگم جہاں آرا شاہ نواز—یہ بھی دریافت کرنا چاہیئے کہ بنگال پر مرکزی اخراجات کا کتنے فیصد خرچ کیا جارہا ہے —

مسٹر محمد امین—میں بنگال کے اخراجات کو grudge نہیں کرتا— میں صرف اتنا کہتا ہوں کہ ریزمین اوارڈ بالکل غلط ہے - اس فیصلے میں پنجاب کے محاصل اور پنجاب میں استعمال ہونے والے Consumer goods کا پورا پورا اندازہ نہیں لگایا گیا اور ہمارے جائز و مناسب حصے سے کہیں کم تر رقم ہمیں دی گئی ہے - حکومت پنجاب اور خاص کر چیف منسٹر صاحب کو ریزمین اوارڈ (Raisman Award) کی نظر ثانی کیلئے کوشش کرنی چاہیئے —

اگر آپ صحیح طور پر بجٹ تیار کرتے تو لازمی طور پر یہ ایک Deficit Budget ہی ہوتا جس کی بنا پر آپ مرکزی حکومت سے کہہ سکتے کہ ہمارا اس سے کام نہیں چلتا - لہذا ہمیں اور روپیہ ملنا چاہئے - نیز مرکزی حکومت کو move کیا جائے کہ Raisman Award ہمارے خلاف ہے - اس سے ہمارے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے اسے درست کیا جائے -

جناب والا — میں ایک گذارش اور کرنا چاہتا ہوں جو یہ ہے کہ اگر وزیر اعلیٰ صاحب اس بجٹ میں سے Repair Contingencies Miscellaneous Expenditure جو محض فضول خرچی ہے ایک برس یا چھ ماہ کیلئے بند کر دیں تو آپ کے پاس کروڑوں روپے کی بچت ہوسکتی ہے -

علاوہ ازیں پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے اخراجات میں بھی کمی کی کافی گنجائش ہے گنگا رام ہسپتال کی سالانہ سفیدیوں وغیرہ پر پانچ ہزار روپے خرچ ہوتے رہے ہیں ۔ مگر حقیقت میں وہاں کچھ بھی نہیں کیا جاتا رہا ۔ پی ۔ڈبلیو ۔ ڈی کے کاموں کا آپ کو پتہ ہے کہ P.W.D. percentage مقرر ہوتی ہے ۔ یہی سفیدیاں وغیرہ اب انہوں نے کی بجائے خود کرائی ہیں اور اس پر صرف ۲۳۸ روپے خرچ ہوئے ہیں اور سفیدیاں بھی پہلے سے بہتر ہوئی ہیں ۔ اس محکمے کے اخراجات میں کھانے پینے کا معاملہ بہت زیادہ ہے اس لئے اس کے اخراجات میں سے بہت سا روپیہ ضائع ہو جاتا ہے جو بچایا جاسکتا ہے ۔

زینت جہاں بیگم — (مسلم خواتین — راولپنڈی شہر) جناب والا — صوبائی میزانیے پر بحث کا وقت نہایت اہم موقع ہوتا ہے ۔ یہ ایسا وقت ہوتا ہے جب کہ ہم اپنی اقتصادی اور معاشی حالت پر غور و فکر کرتے ہیں ۔ اپنی سماجی اور سیاسی سرگرمیوں پر عمیق نظر ڈالتے ہوئے اور اس امر کا تجزیہ کرتے ہیں کہ ہمارے صوبے کی آمدنی کس حد تک صوبے کی بہتری و بہبودی پر صرف کی جارہی ہے ۔ یہ ایک ایسا وقت بھی ہوتا ہے جب کہ اس مقتدر ایوان کے معزز ممبران اپنی سمجھ کے مطابق پوری ذمہ داری کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں ۔ چنانچہ اسی احساس کے پیش نظر آج میں اپنی گذارشات اس مقتدر ایوان کے گوشگزار کرنا چاہتی ہوں ۔

جناب والا—تنگی وقت کی وجہ سے میں اس میزانیے پر بالتفصیل تبصرہ نہ کر سکوں گی ۔ لیکن اس قدر ضرور کہوں گی کہ اس میزانیے کے مطالعہ سے جو چیز واضح طور پر نمایاں ہوتی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ صوبے کو ترقی کی راہوں پر چلانے کے لئے ہماری حکومت نے ہر ممکن کوشش کی ہے — (تالیاں) رفاہ عامہ کے کاموں کے لئے باوجود نامساعد حالات اور غیر معمولی مشکلات کے ایک معقول رقم مقرر کی گئی ہے ۔

غذائی مسئلے کو بھی حکومت نے بطریق احسن سلجھایا ہے ۔ اور اس سلسلے میں حکومت نے جو منصوبہ بندی کی ہے وہ بھی بہت حد تک تسلی بخش کہی جاسکتی ہے ۔

جناب والا — چونکہ زراعت ہماری سب سے بڑی صنعت ہے — اس لئے اس کے فروغ کے ساتھ ہی سیم اور تھور کے انسداد کے لئے حکومت نے مناسب اقدام کئے ہیں ۔

صنعت و حرفت کے میدان میں بھی ہمارا صوبہ ترقی کر رہا ہے — اگرچہ اس میدان میں ہماری ترقی کی رفتار قدرے سست ہے — جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس سست رفتاری کی وجوہات پر ہماری حکومت پورے طور پر قابو نہیں پاسکتی — اس کے باوجود بھی یہ امر طمانیت بخش ہے کہ تقسیم ملک کے بعد سے اب تک ہمارے صوبے میں رجسٹر شدہ کارخانوں کی تعداد دگنی ہوگئی ہے اور اب ہمارے صوبے میں کافی مقدار میں کپڑا بنا باجارہا ہے - اور میں وثوق سے کہہ سکتی ہوں کہ وہ وقت دور نہیں جب ہم اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد اپنے ملک کے دوسرے حصوں کی ضروریات کی کفالت بھی کرسکیں گے —

صنعت و حرفت کے ضمن میں یہ امر بیجانہ ہوگا اگر میں اس معزز ایوان کی توجہ بجلی کے ان تمام منصوبوں کی طرف دلاؤں جن کا ذکر وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے — ان منصوبوں کی تکمیل سے ہمارے صوبے کی صنعت و حرفت کے فروغ میں بڑی مدد ملے گی — کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ ہماری صنعت و حرفت کو تقویت دینے کے لئے ضروری ہے کہ ہمیں بجلی سے پیدا کردہ طاقت مہیا کی جائے -

جناب والا — سال گزشتہ مالی مشکلات سے پر تھا - ان مشکلات پر قابو پانے کے لئے جناب وزیر اعلیٰ نے ہر ممکن کوشش کی — اس سلسلے میں میں اس مقتدر ایوان کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کراؤں گی کہ ہمارے صوبے کی طرف سے مرکزی حکومت کے ذمے بہت سی رقوم واجب الاداہیں یہ جناب وزیر اعلیٰ کی مسلسل و پیہم کوششوں کا نتیجہ ہے کہ فی الحال مرکزی حکومت نے پونے چار کروڑ روپے کی ایک رقم واجب الادا تسلیم کرلی ہے - اس سے ہمیں اپنی مشکلات کے حل میں بہت مدد ملے گی —

جناب والا — اس کے بعد میں آپ کی توجہ میزانیے کے ان پہلوؤں کی طرف دلاؤں گی جو دیکھنے میں معمولی نظر آتے ہیں مگر دراصل وہ بڑے دور رس نتائج کے حامل ہوں گے — مثلاً چپڑاسیوں کی تنخواہوں میں اضافہ — بجلی کے نرخوں میں کمی اور سرکاری ملازمین کے دوران ملازمت یعنی پنشن حاصل کرنے سے پیشتر فوت ہو جانے کی صورت میں ان کے لواحقین کے گزارہ کے لئے مناسب الاؤنس کا دیا جانا گو بظاہر معمولی چیزیں معلوم ہوتی ہیں لیکن حقیقت میں ایک نہایت ہی اچھے

رجحان کی غمازی کرتی ہیں - میں اسی سلسلے میں جناب وزیر اعلیٰ کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں گی کہ سرکاری ملازمین کے لواحقین کو مزید تقویت پہنچانے کی غرض سے ان کے لئے لازمی انشورنس کی سکیم بھی تیار کی جائے —

جناب والا — اس معزز ایوان کے مقتدر اراکین نے اپنی تقریروں میں اس صوبے کے افلاس کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرائی ہے — یہ واقعی بڑا ضروری مسئلہ ہے - جس کی طرف حکومت کو فوری طور پر توجہ دینی چاہئے - مگر معزز اراکین نے اسے حقیقی رنگ میں پیش کرنے کی بجائے جذباتی رنگ میں پیش کیا ہے - اس کے متعلق میں صرف اس قدر عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ افلاس ہمارے ہاں موجود ہے بلکہ یہ ہمارے ملک کا سب سے بڑا المیہ ہے اور ہمارے معاشرہ کی بھی سب سے زیادہ دکھتی ہوئی رگ ہے . مگر اس کے متعلق حقائق ہر حالت میں پیش نظر رکھنے چاہیئیں - یہ افلاس کسی خاص شخص - جماعت یا حکومت کا پیدا کردہ نہیں - بلکہ یہ تو صدیوں سے ہمارے ہاں چلا آتا ہے - ہم جانتے ہیں کہ افلاس کے نتائج کبھی ملک کی آزادی کے لئے جنگ سے بھی زیادہ مہلک ہوا کرتے ہیں - جناب والا — جنگیں تو چند سالوں تک ہی رہتی ہیں - اور ان کے اثرات بھی کچھ عرصہ کے بعد ختم ہو جاتے ہیں لیکن افلاس ایک ایسا مرض ہے جو کہ مسلسل چلتا ہے اور جس سے چھٹکارا حاصل کرنا اتنا آسان نہیں جتنا لوگ سمجھتے ہیں - اسے جذباتی رنگ میں پیش کرنا اور یہ کہنا اسے چند سالوں میں دور کیا جاسکتا ہے — غلط ہے اس موقع پر میں یہ عرض کر دوں گی کہ افلاس کو دور کرنے کے لئے پیداوار کو بڑھانے کی ضرورت ہے — پیداوار بڑھانے کے لئے بہت سے عناصر کی ضرورت ہوتی ہے — مثلاً سرمایہ کا ہونا ماہرین کی موجودگی — تربیت یافتہ کارکنوں کا مہیا ہونا — بجلی سے پیدا کردہ طاقت کی موجودگی وغیرہ وغیرہ — ان عناصر کی جیسا کہ سب جانتے ہیں ہمارے ملک میں بہت کمی ہے — لیکن ملک میں دولت پیدا کرنے کے لئے سب سے زیادہ اہم عنصر جو ہے وہ ہے کام کرنے والوں کا کام کے متعلق رویہ اور ان میں احساس ذمہ داری کا ہونا — یہ بہت ضروری چیزیں ہیں - یہ ایک ایسا عنصر ہے جس پر ہم کلی طور پر حاوی ہوسکتے ہیں — جناب والا — جب تک کام کرنے والوں کا کام کے متعلق صحت مند رویہ اور ان میں احساس ذمہ داری موجود نہ

ہو ۔ ملک میں خواہ کتنی ہی منصوبہ بندی کیوں نہ ہو اور ترقی کے لئے خواہ کتنی ہی آہ و پکار کیوں نہ کی جائے اور غیر ملکی امداد خواہ ہمیں کتنی مہیا کیوں نہیں ملک کبھی ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا ۔ آج اس چیز کی ہمارے ملک میں بہت زیادہ ضرورت ہے جس کے لئے حکومت کے علاوہ اس مقتدر ایوان کے معزز اراکین بھی حصہ لے کر اس چیز کو پیدا کرسکتے ہیں —

اس چیز کو پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ لوگوں کے سامنے ایک نصب العین ہو — میرا تجربہ یہ ہے کہ ملک کی تقسیم کے بعد عورتوں اور مردوں میں بہت زیادہ جوش و خروش تھا اور وہ جوش و خروش اس نصب العین کا نتیجہ تھا جس کے ماتحت ہم نے اس ملک کو حاصل کیا تھا — اس جذبے کے تحت ہم نے پچھلے چار پانچ سال بہت کام کیا اور بہت سی مشکلات کا خندہ پیشانی اور کامیابی سے سامنا کیا ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ جوش و خروش بتدریج کم ہو رہا ہے بلکہ بہت حد تک سرد پڑچکا ہے — میں آپ کی وساطت سے اس مقتدر ایوان کے ممبران کی خدمت میں خصوصیت کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کیونکہ یہ عوام کے نمائندہ ہیں اور ان کے ذمے یہ کام ہے کہ وہ عوام کو ایک نصب العین دیں اور وہ نصب العین میرے نزدیک وطن پرستی اور ملک کی محبت سے زیادہ بہتر اور کیا ہوسکتا ہے ۔ آپ لوگوں کے راستے میں کوئی چیز مانع نہیں کوئی وجہ نہیں کہ آپ لوگوں میں یہ جذبہ پیدا نہ کریں ۔

قاضی مرید احمد — پوائنٹ آف آرڈر — بیگم صاحبہ نے قوم کے لئے وطن پرستی نصب العین قرار دیا ہے ۔ اسلام میں خدا کے سوا کسی دوسرے کی پرستش نہیں ہوسکتی (قطع کلامیاں)

زینت جہاں بیگم — جناب والا — کل ایک معزز رکن نے اپنی تقریر frustration کی طرف اشارہ کیا تھا ۔ frustration ہمارے ہاں بے شک موجود ہے ۔ لیکن ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ یہ کس طرح پیدا ہوئی ۔ اس کی وجوہات کیا ہیں ۔ frustration اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ہم اپنے ذاتی مفاد کو ملکی مفاد کے ساتھ الجھا دیتے ہیں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) جب اپنی ذاتی شکست کو پاکستان کی شکست سمجھنے لگتے ہیں اور جب ہمارا اپنے آپ پر سے اعتبار اٹھ جاتا ہے تو پھر ملک پر بھی اعتماد نہیں کرتے ۔ اس نظریے کو صحیح اور درست

کرنے کی ضرورت ہے اور یہ ان حضرات کے ہاتھوں میں ہے جو عوام کے نمائیندے ہیں -

جناب والا — اس کے علاوہ میں اس معزز ایوان کی توجہ دو تین اور چیزوں کی طرف دلانا چاہتی ہوں اور وہ یہ ہیں اخلاقی اقدار کی طرف رجحان اور اپنے آپ میں فراخدلی اور وسیع النظری کا پیدا کرنا اخلاقی اقدار سے ہم دن بدن دور ہوتے چلے جارہے ہیں - مثال کے طور پر میں یہ کہوں گی کہ اگرچہ ہم سب یہ مانتے ہیں کہ سچائی کو جھوٹ پر فوقیت ہونی چاہئے - لیکن اپنی روزمرہ کی زندگی میں ہم اس پر اتنا عمل نہیں کرتے جتنا کہ کرنا چاہئیے - جناب والا - اس طرح فراخ دلی اور وسیع النظری کی بھی ہماری روزمرہ کی زندگی میں بہت ضرورت ہے - اب مثلا اگر کوئی شخص کج روی اختیار کرے تو اس کو برا بھلا کہنے کیلئے بہت سے لوگ پیدا ہو جائیں گے لیکن اگر کوئی شخص نیک کام کرے تو اسکی تعریف کرنے میں ہم ہمیشہ بخل سے کام لیتے ہیں - (ہیئر - ہیئر) جناب والا - یہ فطرت انسانی کا تقاضہ ہے - اس میں کسی کا قصور نہیں - برائی سے ہم متاثر ہوتے ہیں لیکن نیکی سے متاثر نہیں ہوتے - اس چیز کو شیکسپیر نے اس طرح بیان کیا ہے -

Men's evil deeds live in brass.
Their virtues we write in water.

یعنی کہ ہم برے کاموں کو ضرور یاد رکھتے ہیں لیکن نیکی کو بھول جاتے ہیں - نیک کام کرنے والے کی تعریف کرنے سے اس شخص کی ہمت افزائی ہوتی ہے اور آئندہ کے لئے وہ زیادہ اچھے کام کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے -

جناب والا — ایک خوشگوار انقلاب پیدا ہو سکتا ہے اگر ہم اپنے آپ میں حب الوطنی میں وطن پرستی نہیں کہوں گی — قاضی مزید احمد — (جزاک اللہ) اور ذمہ واری کا احساس پیدا کریں - اس احساس کو پیدا کرنے کے لئے ہمیں آخر کس نے روکا ہوا ہے - ہم آزاد ہیں اپنے خیالات کا اظہار کرسکتے ہیں - اپنے حلقہ انتخابات میں ہر معزز رکن اس چیز کو عام کرسکتے ہیں اور لوگوں کو ایک نصب العین دے سکتے ہیں جس کے ماتحت ہم اپنے ذاتی مفاد کو پاکستان کے مفاد کے ساتھ الجھانے سے باز رہیں اور ملک کی ترقی میں مدد و معاون ثابت ہوسکیں (ہیئر ہیئر — تالیاں)

چوہدری محمد احسن— (گجرات نمبر ۱ مسلم) - جناب والا - سب سے پہلے میں اپنے دوست میاں محمد شفیع کے چند فرمودات کے متعلق گذارشات کرونگا - ان کی تقریر کو میں نے صحیح طور پر پرکھا ہے۔ افسوس کہ میاں محمد شفیع اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں - میرے معزز دوست نے کل فرمایا تھا کہ اس ملک میں بہت سے سر تھے - ان سروں کو میرے معزز دوست نے بہت مطعون کرنے کی کوشش کی - میں انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ یہ بات بھول گئے کہ کن حالات میں میاں سر محمد شفیع نے اور میاں سر فضل حسین نے قوم کی خدمت کی تھی (قطع کلا میاں)

وہ یہ بھول گئے کہ سر سید بھی ان سروں میں سے تھے - باوجود اسکے وہ ان کا نام لینا بھول گئے - پھر سر محمد اقبال بھی ان سروں میں سے تھے جن کی دیدہ خونابہ بار کے اشک پیہم کے طفیل - آج ہم آزادی سے ہمکنار ہیں وہ یہ بھول گئے کہ سر سکندر حیات نے قائداعظم کے اشارہ پر تعمیل حکم میں ڈیفینس کونسل کی ممبری سے استعفےٰ دیدیا تھا (شور) وہ یہ بھول گئے کہ سر فیروز خان نے جو آج چیف منسٹر ہیں انگریز کے زمانہ اقتدار میں اس سر کے خطاب پر لات ماری اور عطائے توپہ بقائے تو کہہ کر واپس کیا اور جیل گئے (ہیئر—ہیئر) میاں محمد شفیع اور آپوزیشن کے لیڈران کی توجہ میں ایک اور حقیقت کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ آپوزیشن کے لیڈر جناب فضل الحق نے قائداعظم کے حکم کی تعمیل سے انکار اور قوم سے غداری کی - (قطع کلا میاں —شور) آج وہی جناب فضل الحق و سہروردی صاحب اور پنجاب کے چند آپوزیشن کے لیڈر کیا کر رہے ہیں - اس مرد مجاہد قائداعظم نے جس نے سر کے خطاب جس خطاب پر وہ اعتراض کر رہے ہیں کو لات ماری - جس نے گورنری کے عہدہ کو ٹھکرایا اور ہمیں پاکستان لے کے دیا - آج اس کے پاکستان سے وہ کیا وفا کر رہے ہیں - (قطع کلا میاں) مسلم لیگ کو شکست دینے کی خاطر پاکستان کو خطرے میں ڈال رہے ہیں (شور) یہ خادمان قوم اور یہ انکی خدمات -

حیف ان بردہ فروشوں پہ کہاں کے بھائی
بیچ ڈالینگے جو یوسف سا برادر ہو گا

(قطع کلامیاں—شور)

جناب والا— میں آنریبل ممبران کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں -

قاضی مرید احمد—پوائنٹ آف آرڈر - جناب - والا آنریبل ممبر کو لاؤڈ سپیکر پر بولنے کی اجازت نہ دی جائے اس سے چھت گر جائیگی - (قہقہہ)

چودھری محمد احسن— جناب والا— آنریبل ممبران کی توجہ خاتون پاکستان کی حالیہ تحریر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو انہوں نے مسلم لیگ سے تعاون کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کی ہے اب بھی اگر آپ اس طرف توجہ نہ دیں گے تو پھر کس کا قصور ہے -

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

جناب والا— اس بجٹ کے متعلق میں آنریبل وزیر اعلےٰ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں - انہوں نے پہلے بجٹوں کے مقابلہ میں یہ ایسا بجٹ پیش کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اونچے حلقوں سے اتر کر متوسط طبقوں میں آگئے ہیں اور یہ ایک بہت اچھا اقدام ہے- لیکن اس کے ساتھ ہی میں یہ گذارش کرونگا کہ اس بجٹ میں چند ایک خامیاں بھی ہیں - جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں -

جناب والا - ان خامیوں کا ذکر کرنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی ہے تا کہ آئندہ کے لئے حکومت کی توجہ اس طرف رہے- بجلی کے ٹیکس میں جو کمی کی گئی ہے اس کی بجائے اگر چھوٹے زمینداروں اور کاشتکاروں کا کوئی ٹیکس معاف کر دیا جاتا - تو وہ اس سے کہیں زیادہ بہتر تھا اور یہ اقدام نہایت ہی اچھا ہوتا - چھوٹے زمینداروں اور کاشتکاروں کی

حالت پہلے ہی بہت بری ہے اور وہ ٹیکسوں کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ ٹیکسوں میں کمی کے زیادہ مستحق یہ زمیندار اور کاشتکار لوگ ہیں کیونکہ شہروں کے لئے اگر بجلی میں کمی نہ ہوتی تو کوئی حرج نہیں تھا۔ بجلی تو زیادہ تر سامان عیش و عشرت اور رقص گاہوں کی شان کا باعث بنتی ہے۔ اس سے سرمایہ داروں سینما گھروں اور رقص کاہوں کو فائدہ پہنچے گا نہ کہ غریب کو۔

جناب والا۔ اس حقیقت سے انکار نہیں ہو سکتا کہ گورنمنٹ کے ٹیکسوں کا ۹۰ فی صدی بوجھ ڈائرکٹ یا ان ڈائرکٹ طریق پر انہی دیہات کے غریب زمینداروں یا کاشتکاروں پر پڑتا ہے میں چاہتا ہوں کہ آئندہ کے لئے ان غریبوں کے بوجھ کو ہلکا کرنے کے لئے کوئی مناسب قدم اٹھایا جائے۔

جناب والا۔ حکومت نے چھوٹے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے۔ یہ بات قابل مبارک باد ہے اور یہ بے حد مستحسن اقدام ہے۔ اس طرح آئندہ کے لئے یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ زمیندار اور کاشتکار کے متعلق بھی سوچا جائے ان کے لئے کم از کم معیار زندگی مقرر کر دیا جائے۔ میں نے پچھلے اجلاس میں بھی ایوان کی توجہ اس طرف دلائی تھی کہ آمدن اور ذرائع آمدن کو محدود کیا جائے۔

اس کے بعد جناب والا۔ اس حقیقت سے بھی کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ رشوت بد دیانتی خویش پروری بہت زیادہ ہے۔ اگرچہ حکومت نے اس کے تدارک کے لئے ہر ممکن کوشش کی ہے مگر ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی،،

اور جب کبھی کوئی ایسا معاملہ سامنے آیا تو کوئی نہ کوئی سفارش اثر انداز ہو گئی اور اصل شخص گرفتار ہونے سے بچ گیا۔ نیز راشی افسران نے کارخانہ داروں اور بد دیانت تاجروں کے ساتھ ایک سازش کی جس کے باعث یہ بات اور زیادہ بڑھ گئی۔ مثل مشہور ہے۔ کہ ''خر پزہ از خرپزہ رنگ گیرد،،

جناب والا۔ ان حالات میں یہ نہایت ضروری ہے کہ اس کا علاج کیا جائے اور میرے نزدیک اس کا واحد علاج یہ ہے کہ آمدن اور ذرائع آمدن کو محدود کیا جائے اور کم از

کم آمدنی ہر شخص کو میسر ہو سکے تا کہ کوئی شخص بیکار نہ رہے اور نہ کوئی بھوکا اور ننگا ہو ۔

سردار معین اعظم خان مزاری- جناب والا- کیا اس تقریر کا ترجمہ بھی کیا جائے گا ؟ (قہقہے)

چودھری محمد احسن - پھر جناب والا- سیم اور تھور زدہ علاقہ کے متعلق میری یہ گذارش ہے کہ ایک کروڑ ۲۱ لاکھ روپیہ .و ذیلی بستیوں کے لئے ہے یا اس میں سے سیم اور تھور زدہ علاقوں کے لئے ۲۱ لاکھ روپیہ علیحدہ کیا جائے تو بہتر ہوگا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ سیم اور تھور کی وجہ سے جن غریبوں کے مکان گر چکے ہیں اگر یہ امداد ان کو دی جاتی تو وہ اپنے کچے مکان ہی بنوا سکتے یا مرمت کر کے غریب دیہاتی ان میں رہائش رکھ سکتے ۔ گجرات کے سیم اور تھور زدہ اور دریا برد دیہات کو ایسی ایسی مالی امداد دینے اور مطالبات سرکار میں مناسب کمی کرنے کی طرف توجہ دلانا بھی ضروری ہے ۔ نیز یہ غلط ہے کہ نالیاں درست رکھی جا رہی ہیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ تباہ حال علاقہ کی خاص امداد کی جائے ۔ اس کے بعد میں ضروریات زندگی خصوصاً کپڑے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی طرف حکومت کی خاص توجہ مبذول کراؤنگا ۔

Mr. Speaker : The hon'ble member's time is up.

سید شمیم حسین قادری— (کارپوریشن شہر لاہور ۳ مسلم مخصوص نشست) جناب صدر— اس تقریر کے بعد اگرچہ میرے لئے اپنے ناقص خیالات کا اظہار کرنا از حد دشوار ہے لیکن میں کوشش کرونگا کہ اپنے فریضہ کو ادا کروں ۔ جناب صدر- میزانیہ پیش کرنے والی کسی حکومت کے سامنے اس کا خرچ اور اس کی آمدن ہوتی ہے ۔ آج کسی حالت میں بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ہمارے صوبہ کی حالت اتنی اچھی ہے کہ ہم اپنے اخراجات کو موجودہ وسائل کے پیش نظر پورا کر سکیں ۔ ان حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک طرف تو ہماری یہ خواہش ہے کہ صوبہ کی حالت بہتر ہو اور ہم اعلےٰ تعلیم دوسرے وسائل اور ضروری چیزیں حاصل کر سکیں لیکن دوسری طرف جیسا کہ ایک معزز رکن نے فرمایا ہے اور آنریبل وزیر اعلےٰ

نے خود بھی کہا ہے ، ہماری پوزیشن یہ ہے کہ صوبہ پر قرضہ کا اب اتنا بار گران ہے کہ اور زیادہ قرضے نہیں لئے جا سکتے اس لئے ذرائع آمدن کے لئے ٹیکسیشن کے سوا کوئی اور صورت باقی نہیں رہتی جس سے اخراجات پورے کئے جائیں ۔

جناب صدر — مجھے تو کوئی صورت نظر نہیں آتی کہ کونسا طریقہ اختیار کیا جائے ۔ البتہ جو کچھ اس وقت میری سمجھ میں آرہا ہے وہ آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

حضور والا — اگرچہ اس ملک کی آمدنی فی کس نہایت ہی قلیل ہے اور اس وقت ہماری پروڈکشن نہایت ہی تھوڑی ہے اور ہمارے وسائل بہت ہی کم ہیں لیکن ہمیں ہمت نہیں ہارنی چاہئے ۔ ہمیں ہمت بلند رکھنی چاہئے۔ اور آج سے یہ تہیہ کر لینا چاہئے کہ ہمارے موجودہ وسائل جو بھی ہیں ان کی موجودگی میں ہم تن دہی سے اپنا کام کریں گے اور مجھے یقین ہے کہ اگر الولعزمی کے ساتھ ہم نے قدم بڑھایا تو ہمیں اس قدر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے کہ ہمیں ڈر ہو کہ معاذ اللہ خاکم بدھن ہمارا پاکستان یا ہمارا صوبہ ختم ہونے والا ہے۔ ہر ملک پر اور ہر قوم پر آفتیں آیا کرتی ہیں لیکن وہ قومیں جن کے حوصلے بلند ہوتے ہیں ان سے گھبرایا نہیں کرتیں ۔

حضور والا — سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے ۔ اس میں وہ کاشتکار یا وہ مزدور جو زراعت میں حصہ لیتے ہیں سال بھر میں میرے خیال کے مطابق صرف تین مہینے کام کرتے ہیں اور باقی نو مہینے حقہ پینے یا دوسرے کھیل تماشوں میں ضائع کر دیتے ہیں ۔ آج اگر ہم ایسے وسائل پیدا کریں اور ایسے حالات پیدا کریں کہ ہم ان کے لئے کوئی کام مہیا کر سکیں تو یقیناً ان کا معیار زندگی بلند ہو سکتا ہے اور اس کے لئے میری ناقص رائے میں ہمیں امداد باھمی کے طریقوں پر پولٹری فارمنگ ۔ ڈیری فارمنگ اور ایسی کاٹیج انڈسٹریز وغیرہ کو رواج دینا چاہئے ۔ جو زراعت سے متعلق ہوں ۔ ان کے متعلق ہم دیہات میں پروپیگنڈا کریں اور لوگوں کو رغبت

دلائیں بلکہ مجبور کریں کہ وہ اس طرف آئیں اور انہیں بتائیں کہ جب تک تم اپنی آمدن نہ بڑھاؤگے تب تک تم یہ توقع نہیں کر سکتے کہ اچھے کپڑے پہنو - یا اپنے بچوں کو تعلیم دلا سکو - یا تمہارے مکان اچھے بن سکیں یا تمہاری صحت اچھی ہو جائے - آخر گورنمنٹ کے وسائل محدود ہوتے ہیں کوئی بھی گورنمنٹ ہو اس طرف کی ہو یا اس طرف کی ہو وہ یہ نہیں کر سکتی کہ اس کے پاس قارون کا خزانہ آ جائے اور وہ اپنے لا متناہی وسائل سے تمام مطالبات کو پورا کرتی رہے - عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ لوگ انڈے بیچتے ہیں لیکن ان کو مرغیاں پالنے کا طریقہ بھی سکھایا نہیں جاتا - اگر ہم امداد باھمی کے طریقے پر پولٹری فارمنگ کے طریقے لوگوں کو سمجھائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ زیادہ مرغیاں پالیں گے اور زیادہ پیسے کمائیں گے- پھر دوسری صورت بھیڑ بکریاں پالنے کی ہے- اگر لوگ بھیڑ بکریاں پالیں تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ کھیت جن میں عام طور پر فصل کم ہوتی ہے زیادہ پیداوار دیں گے کیونکہ اگر ان کھیتوں میں بھیڑ بکریاں رکھی جائیں تو کھاد کی بھی ضرورت نہیں رہے گی - اور پالنے والوں کی آمدنی میں بھی خاصہ اضافہ ہوگا - تیسری چیز جو میری نظر میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ ہمیں کچھ وقت تک اس کی ترویج کرنی چاہئے کہ ہم جہاں تک ہو سکے پاکستان کی بنی ہوئی اشیاء یا ہاتھ کی بنی ہوئی چیزیں کپڑا وغیرہ استعمال کریں - حضور والا - میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ موجودہ حالات میں کفایت شعاری سے کام لیں روپیہ کی بچت کریں اور روپیہ productive چیزوں پر استعمال کریں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ فی کس آمدنی بڑھ جائیگی اور پھر اس قسم کے اخراجات کی گنجائش نہ رہے گی کہ حکومت نے یہ نہیں کیا اور حکومت نے وہ نہیں کیا -

دوسری بات حضور والا یہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک صحت اور تعلیم کا تعلق ہے یہ دونوں چیزیں پالیسی سے تعلق رکھتی ہیں - ہم اپنی موجودہ طرز تعلیم اور موجودہ حالت صحت کو بہتر بنانے میں اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتے جب تک ہم ان کے متعلق اپنی پالیسی میں تبدیلی نہ کریں یہ حکومت

کا فرض ہونا چاہئے کہ ہمارے دیہات میں کم از کم پرائمری تک تعلیم مفت جاری کی جائے اور لوگوں کو باقی ایسی سہولتیں مہیا کی جائیں جن کی وجہ سے وہ اپنے بچوں کو سکولوں میں بھیج سکیں یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کے لئے پیسہ کہاں سے آئیگا میں سمجھتا ہوں کہ آپکی جو مساجد دیہات میں موجود ہیں آپ ان میں ایک ایسا عالم رکھیں جو اپنے گاؤں کی مسجد میں بطور امام بھی کام کرے اور بچوں کو تعلیم بھی دے۔ لوگوں سے اپیل کی جائے کہ وہ اپنے بچوں کو امام مسجد کے پاس بھیجیں اور حکومت اس عالم کی کچھ نہ کچھ خدمت کرے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر گاؤں کے بچے اپنے اپنے گاؤں میں آسانی سے تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ صحت کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ آج ہم نے یونانی طرز علاج کو بالکل بالائے طاق رکھ دیا ہوا ہے اور ڈاکٹروں اور دوسرے لوگوں نے اسے ہوا بنا رکھا ہے۔ کہ دیکھنا اگر حکیم کے پاس چلے گئے تو وہ لوٹ لے گا ہمیں اس بغض کو چھوڑ کر ایک ایسا بورڈ بنانا چاہئے جس میں ڈاکٹر بھی شامل ہوں اور حکماء بھی حکماء سے کہا جائے کہ آپ کے پاس کونسی ایسی چیزیں اور کونسے ایسے نسخے ہیں جو قابل قبول متصور ہو سکتے ہیں انکے خاندانی نسخے لے کر انکو پیسے دئیے جائیں۔ انکو رائلٹی دی جائے لیکن یہاں شفا خانے وغیرہ جاری کرنے کے لئے روپیہ کا مسئلہ در پیش ہوگا آج دیہات میں Quacks بیس سے تیس روپے تک روزانہ پیدا کر رہے ہیں کیونکہ وہاں کوئی کوالیفائڈ ڈاکٹر موجود نہیں ہیں۔ اگر آپ گاؤں کے لوگوں سے کہیں کہ وہ ایک روپیہ فی کس دیں اور اس روپیہ سے پانچ ہزار نفوس کے لئے ایک چھوٹا سا ہسپتال مہیا کر دیں جس میں ایک ایسا ڈاکٹر ہو جو سندیافتہ ہو تو اس مسئلہ کا حل ہو سکتا ہے۔ بہت بڑی ڈگریوں والے ڈاکٹر نہ سہی کیونکہ اس وقت ابتدائی علاج کے لئے ایسے ڈاکٹر کی ضرورت ہے جو تپ کا پیٹ درد کا اور اس کی معمولی بیماریوں کا علاج کر سکتا ہو مرہم پٹی کر سکتا ہو اور اس کو آپ کچھ اس پانچ ہزار روپیہ میں سے اور کچھ اپنی طرف سے دیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ کا یہ کام باقاعدہ طریقہ پر چل جائیگا۔

حضور والا۔ یہ پالیسی کے معاملات ہیں جب تک آپ اپنے بنیادی اصولوں کو نہ بدلیں گے اور ان امور کی طرف نہیں آئیں گے جن سے قوم کا

کیریکٹر اور قوم کا معیار زندگی بلند ہو تب تک آپ کو کامیابی حاصل نہیں ہو سکیگی ۔

شیخ ظفر حسین— دوائیوں کی بجائے تعویزوں کا سسٹم سستا نہیں رہے گا ۔ (قہقہہ)

سید شمیم حسین قادری— میری ناقص رائے میں اگر آپ ان پالیسیز کو پیش نظر رکھتے ہوئے عمل کرنے کا تہیہ کر لیں تو اس میں شک نہیں کہ آئندہ بجٹ میں آپ کو کچھ رقم اپنے پاس سے دینی پڑے گی لیکن آپ پر یہ اعتراض نہیں آ سکے گا کہ تعلیم کا انتظام نہیں ہے شفاخانے نہیں ہیں اور جب تک آپ یہ بنیادی تبدیلیاں عمل میں نہ لائیں گے تب تک آپ اس ملک میں کوئی ترقی نہیں کر سکیں گے ۔

Syed Amir Hussain Shah : (GUJRAT IV, MUSLIM): Sir, what the Honourable Chief Minister has introduced hardly looks like a budget-not like the budget of a progressive country any way. It is more like the balance sheet of a dwindling joint stock company which has fallen into the hands of incompetent Managers. Sir, the General Manager of that Company in his Budget speech has tried very hard to explain the sad state of affairs. But, Sir, let me convey my regrets to that General Manager that he has failed to convince us. It appeared that the General Manager himself was tired of it all and was in a hurry to get back to the warmth and quiet of his home.

Budget is not just an income and expenditure account. It is, Sir, more than a mere feat of book-keeping because any Chartered Accountant on the Mall could do that job. A Budget is a report of what the Government has done and what the Government intends to do. It is a statement of policy. From that point of view, Sir, the Budget is most disappointing. It marks another betrayal of the promises made and the assurances given to the people who fought and died for Pakistan. Sir, for six years we have had Budgets of this nature—surplus or balanced Budgets. And for six years we have rapidly drifted towards ruin and chaos. Sir, the tragedy with us is our leaders. These are the men who have never taken part in any mass movement for any political objective. These are the men, Sir, who have attained these high positions without any struggle or sacrifice. These are the men, who have never been close enough to the people to study their problems or to find solution for those problems.

Chaudhri Muhammad Ahsan : On a point of order, Sir. May I point out the sacrifices and . . . . .

Mr. Speaker : That is no point of order.

Syed Amir Hussain Shah : Sir, if he thinks that that short picnic of one month in jail was a sacrifice, then, I think something is wrong with him mentally.

Sir, they have not had the occasion of developing the vision and outlook of national leaders. Their vision and outlook are the vision and outlook of feudal Nawabs and British bureaucrats. They can produce excellent horse shows to raise the standard of horse-breeding, but they cannot and will not produce a planned national economy to raise the standard of the common man.

Sir, there is enough wealth in this Province to go round, but only it is not faicly distributed. It is produced by the toils and sweat of the labourers and it

is consumed by the feudal class, that incompetent and demoralised class which is so fully represented on the opposite benches. The remedy lies not in additional taxes, not in levying a surcharge or a development cess, but it lies in a more equitable distribution of wealth. This is where you could find enough money to develop your Province, this is where you can find money enough to raise the living standard of the common man. But this is the step which this Ministry will never take. They would instead of being disloyal to their class be rather disloyal to their nation. They would rather go and sell their country to a foreign imperialist power for a few bags of wheat rather than do something about planned economy (*Voices from the Opposition Benches: Shame, shame*).

Sir, to give you an instance of how their mind works I would refer you to the speech the Honourable Chief Minister made the other day about Martial Law convicts. Even a British bureaucrat, like Sir Michael O'Dwyer, would have thought twice before making those observations, and, y t this Chief Minister, who is supposed to be a popular representative, got up and explained to us for half an hour the meanings. of Martial Law and the purpose of the Indemnity Act and went on calmly to conclude that asking for the release of martial law convicts was tantamount to "*sifarish*". Sir, I ask him, now do all the Muslim League Governments, whether in the Centre or in the Provinces, function ? Sir, they function on one big "*sifarish*". I ask him, how do they come in power ? By rigging elections which is worse than "*sifarish*". I ask him, how do they stay in power ? By distributing loaves and fishes which is again worse than "*sifaris'*". And I incidentally ask him, how did he get himself elected the Leader of the House ? On the "*sifarish*" of Khwaja Nazim-ud-Din. (*interruptions*). Sir, we are here not as legal representatives to discuss the technicalities of the Acts regarding Martial Law convicts, we are here as political representatives of the people, and to us more important than the technicalities of their Acts is the back ground of their Acts and this is the back ground. The Martial Law convicts are the innocent victims of a hoax played on their emotions by another great Muslim League Leader, Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana and, therefore, Sir, they should be released forthwith. If there are any criminals amongst them, let them be tried under the ordinary law of the land.

Sir, I would now give you a few instances of criminal bunglings on their part—bunglings which could have been avoided without even seriously prejudicing the feudal class. Number one is the destruction of the cottage industry which produced cloth. There are enough khaddis in this Province to produce enough cloth for the whole of the population of West Pakistan, if only there can be enough yarn. But these khaddis were allowed to remain idle because the big mill-owners, instead of producing yarn to feed the cottage industry, instead of producing superior cloth to compete with the foreign producers and thus save exchange, were allowed to produce coarse cloth and allowed to compete with the cottage industry, which they ultimately ruined. This Government could very well have issued directions restricting the big mill-owners to the production of superior cloth and to the production of yarn. (*Voices : Hear, hear*). Sir, this is a step which they did not take. I know, Sir, the Honourable Minister of Industries will get up and say, "I don't know anything ; this is the job of the Centre." True enough, he does not know anything about his Department and true enough that this is the job of the Centre, but what is he after all ? Isn't he a Minister of the Province? Is it not possible for him to get reasonable things done from the Centre ? Sir, he cannot get things done from the Centre because not only he, but all his colleagues look to the Centre's backing which gives them chances to keep their *gaddies*. They are here not as the representatives of the people but as nominees and stooges of the Central Government, set upon us to ruin this Province.

Sir, the next thing is the problem of *sem* and *thur*. There are thousands of acres of good land which are annually rendered useless because of the action of *sem*. I cannot describe to you the miseries of the people who are living there.

Not only are they starving because their means of livelihood have been taken away from them but their living conditions are wretched and un-healthy because the marshes around their villages have become hot bed of disease. The Muslim League Government passed the Soil Reclamation Act, and then, they thought that perhaps by passing the Act they have out-lawed the *sem* from the Province and then went to sleep. I ask them; What happened to the Board which was constituted two years ago? Will the Minister concerned shake up that Board?

Now, I would like to say something about rehabilitation. Sir, this is a Department where chaos reigns supreme. Sir, it appears that this Department has been created in order to find work for the Rehabilitation Commissioner(General). There is a cycle of allotments and de-allotments going on and the Government cannot make up their mind as to who deserves to be alloted and who deserves to be de-allotted. Why cannot they make up their mind and have done with it and wind up the Rehabilitation Department and leave whatever is left of the management of the evacuee property in the hands of the Custodian.

Sir, I would now like to make a couple of suggestions. One of these suggestions has already been made by Begam Shah Nawaz and I would like to endorse it. The suggestion is about bringing trade and commerce back to Lahore. There are two ways in which you can do it. Number one is that we open up the Gandasinghwala, Khem Karan and Wagha routes to trade with India and number two, that we ask the Central Government to fix a definite quota of imports for this Province and authorise the local Import and Export Office with full powers to issue licences.

In the end I would like to add a sort of slight note of warning. Let not the Honourable Chief Minister be led away with the praise showered on him by Begam Shah Nawaz. Sir, in the last Sessions when we were dicussing the Budget she congratulated Mian Mumtaz Daultana and said—

"کہ جب میں نے بجٹ کا مطالعہ کیا اور میاں ممتاز دولتانہ صاحب کی بجٹ تقریر پڑھی تو میرے منہ سے بے ساختہ نکلا کہ خدا برخوردار کی عمر دراز کرے ....." لیکن دوسرے دن ہی برخوردار کا بیڑا "بیہ" گیا۔—(قہقہہ)

The Assembly then adjourned for Asar prayers

The Assembly re-assembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the chair.

خدیجہ بیگم جی - اے - خان ۔(مسلم زنانہ لاہور بیرونی مخصوص نشست)۔ جناب والا۔ جناب وزیر خزانہ نے بجٹ پیش کرتے ہوئے صوبے کی مالی مشکلات اور اقتصادی پیچیدگیوں کو نہایت وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے۔ ایسے مشکل حالات میں بجٹ کو متوازن کرنا اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے کاموں میں رکاوٹ نہ آنے دینا بلکہ مزید ۱۶ لاکھ روپے کی رقم رفاہی کاموں پر صرف کرنا اور کوئی نیا ٹیکس نہ لگانا قابل ستائش امر ہے (ہیئر۔ہیئر)

جناب والا — جناب وزیر خزانہ نے تعلیم کے متعلق اپنی تقریر میں جو اعداد و شمار دیئے ہیں وہ اس قدر اہم ہیں اور صوبے

کی تعلیم کی ترقی کی رفتار ظاہر کرتے ہیں اس لئے میں مناسب سمجھتی ہوں کہ انہیں اس وقت دہراؤں ۔

۱۹۴۸-۴۹ میں پرائمری ایجوکیشن کے ادارے ۴,۷۸۰ تھے اور طلبا کی تعداد ۳۱,۵۹۲ تھی ۔ مگر اس سال پرائمری ایجوکیشن کے ادارے ۷۹۷۲ ہیں اور طلبا کی تعداد ۷۲۴,۱۶۱ ہے ۔ مڈل و ہائی کلاسز میں بھی طلبا کی تعداد اسی تناسب سے بڑھ گئی ہے ۔ مجھے خوشی ہے کہ وزیر خزانہ نے تعلیم کی اہمیت کا احساس کرتے ہوئے ساڑھے چار کروڑ روپے کی رقم تعلیم کیلئے رکھی ہے ۔ تقسیم ملک سے پہلے جب کہ صوبہ ۲۹ اضلاع پر مشتمل تھا تو اس وقت بھی تعلیم پر اس قدر خرچ نہیں ہوتا تھا جتنا کہ اب ہوگا ۔ اس سے زیادہ تسلی بخش امر یہ ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم کی ترقی کے اخراجات پر تخفیف کا کلہاڑا نہیں چلایا گیا بلکہ اس کی رفتار کو تیز تر کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ مجھے اپنی محترم بہن بیگم شاہنواز صاحبہ سے پورا اتفاق ہے کہ خواتین صوبے کی آبادی کا نصف حصہ ہیں اور تعلیم کے میدان میں بہت پیچھے ہیں ۔ ملک کی ترقی کیلئے ضروری ہے کہ انہیں زیور تعلیم سے آراستہ کیا جائے اور تعلیم حاصل کرنے کے مواقع بہم پہنچائے جائیں ۔ مگر میں اُنکی تسلی کیلئے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ ہماری حکومت نے لڑکیوں کی تعلیم کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن کوشش کی ہے ۔ ملک کی تقسیم کے بعد لڑکیوں کے تین اور کالج کھولے گئے ہیں ۔ تین اینگلو ورنیکولر سکولوں کو ہائی سکول کیا گیا ۔ پچھلے سال دس لاکھ روپیہ جو وظائف کیلئے دیا گیا تھا اس میں سے ۳۳ فیصدی وظائف لڑکیوں کو دیے گئے ہیں ۔ رلیف کمیٹیاں ہر ضلع میں لڑکیوں کے وظائف کیلئے درخواستوں پر زیادہ ہمدردی سے غور کرتی ہیں ۔ بی ٹی ۔ سی ۔ ٹی ۔ جے وی ۔ اور ایس وی کی تمام طالبات کو وظائف دیئے جاتے ہیں ۔ تاکہ لڑکوں میں ٹیچر بننے کا شوق پیدا ہو ۔ اس سال لڑکوں کے صرف دو ٹیکنیکل سکول کھولے گئے مگر لڑکیوں کے چار سکولوں کو ہائی کیا جائیگا ۔ اور ایک اور زنانہ کالج کھولا جائے گا تین کالجوں کے ساتھ ایف ۔ ایس ۔ سی طبی کلاسز کھول دی جائیں گی ۔ جناب والا ۔ ایوان کے ایک اور معزز ممبر نے تعلیم کو free کرنے کیلئے یہ تجویز پیش کی تھی کہ ۱۳ لاکھ روپے کی رقم بچا کر اسکی مدد سے تعلیم کو free کیا جائے ۔ میری یہ گذارش ہے کہ پرائمری تعلیم اپریل ۱۹۵۳ سے

free کر دی گئی ہے (ہیئر-ہیئر) - اور ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کیلئے مستحق طلبا یعنی جو ذہین ہوں اور جنکی مالی حالت کمزور ہو انکو وظائف دیئے جاتے ہیں - میں انکی اطلاع کیلئے یہ بھی عرض کر دینا چاہتی ہوں کہ صرف پرائمری تعلیم کو صوبے میں لازمی قرار دینے کیلئے نو کروڑ سے زیادہ رقم درکار ہے - جناب والا - فاطمہ جناح میڈیکل کالج کے کھل جانے سے لڑکیوں کیلئے ڈاکٹر بننے کے امکانات روشن ہو گئے ہیں - مگر چونکہ ایف - ایس - سی میڈیکل کلاسز صرف چند کالجوں کے ساتھ تھی اسلئے بڑی دقت تھی اور والدین یہ چاہتے تھے کہ مقصل کالجوں کے ساتھ بھی ایف - ایس - سی میڈیکل کلاسز کھول دی جائیں میں خواتین کی طرف سے وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے یہ قدم اٹھا کر ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے - ٹیکنیکل کالج کھولنا ایک اچھا آغاز ہے - جناب والا - اس وقت ہماری تعلیم میں خرابی یہ ہے کہ ہمارے بچے بغیر سوچے سمجھے کالجوں میں داخل ہوجاتے ہیں - بعض طلبا اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے معیاری درجے سے بہت نیچے ہوتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ ٹیکنیکل تعلیم کا بندوبست کیا جائے تاکہ صرف قابل اور ذہین طلبا ہی اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے عوام کی صحیح خدمت کر سکیں - میں آپکے توسل سے اس ایوان کے معزز ممبران کو یہ بتانا چاہتی ہوں کہ حکومت نے کیا اقدام کئے ہیں جن سے اس آزاد مملکت کے نو نہالوں کی تعلیم ملک اور قوم کی خواہش کے مطابق ہو سکے - نومبر ۱۹۴۷ میں حکومت پاکستان نے ایک تعلیم کانفرنس بلائی اور یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ تعلیم کو اسلامی رنگ دینے کیلئے ضروری ہے کہ سکولوں میں دینیات پڑھائی جائے اور سلیبس میں مناسب تبدیلیاں کی جائیں - چنانچہ اس صوبے کے محکمہ تعلیم نے فوراً احکام جاری کر دیئے کہ سکولوں میں صبح کے وقت کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہو - اور آیات کا ترجمہ بھی سنایا جائے دینیات پڑھائی جانے لگی اور سلیس میں مناسب تبدیلیاں کی گئیں - مثلاً اسلام کی ممتاز ہستیوں کے حالات کتابوں میں شامل کر دیئے گئے - تاریخ کے کورس میں تاریخ اسلام شامل کردی گئی - فرسٹ ایڈ ہوم نرسنگ اور امور خانہ‌داری کی تعلیم کو لڑکیوں کیلئے لازمی قرار دیا گیا - ۱۹۵۲ میں پھر سوچا گیا کہ سلیبس کو دھرایا جائے تاکہ قوم کے بچے اور بچیاں اس قسم کی تعلیم حاصل کر سکیں جو ایک آزاد اسلامی ملک کے شہریوں کیلئے ضروری ہو - اس مقصد

کیلئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی جس نے نہایت کاوش کے ساتھ تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور شہریت کی تعلیم بھی سلیبس میں شامل کر دی گئی ہے۔ یہ سلیبس مڈل کلاسز کیلئے ۱۹۵۵ میں اور پرائمری کلاسز کیلئے ۱۹۵۶ میں نافذ کر دیا جائے گا۔ شیعہ اور سنی علماء پر مشتمل ایک کمیٹی نے دینیات کیلئے دوبارہ سلیبس تیار کیا اور وہ اپریل ۱۹۵۶ سے نافذ کر دیا جائیگا۔ ہمارے وزیر تعلیم چاہتے تھے کہ بچوں میں لباس کی سادگی کی عادت ڈالی جائے۔ تعلیم کا خرچ کم کیا جائے اور امیر و غریب کا امتیاز نہ رہے۔ اس لئے سکولوں سے کہا گیا کہ طالبعلموں کیلئے ایک قسم کی یونیفارم (uniform) رائج کی جاوے۔ کپڑا سستا اور پاکستان کا بنا ہوا ہو گذشتہ سال چونکہ کپڑے کی قلت تھی اسلئے یہ کومیل دے دی کہ جہاں کپڑا مل سکے وہاں اس پر فوراً عمل کیا جائے۔ یہ کہتے ہوئے مجھے مسرت ہو رہی ہے کہ صوبے کے متعدد سکولوں میں یونیفارم رائج ہو گئی ہے۔ امید ہے کہ آئندہ سال تک تمام سکولوں میں اس پر عمل ہو جائے گا ثانوی اور اعلیٰ تعلیم میں حکومت خاطرخواہ تبدیلیوں کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔ یونیورسٹی بل حکومت کے زیر غور ہے۔ جناب والا۔ تعلیم کے میدان میں ہمیں بہت کچھ کرنا ہے۔ قوم کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور تمناؤں کے سامنے یہ اقدام سمندر میں قطرے کی مانند ہیں مگر ان سے یہ امید بندھتی ہے کہ ہمارے قدم صحیح راستے کی طرف اٹھ رہے ہیں۔

جناب والا۔ وزیر اعلیٰ کو مہاجرین سے بہت ہمدردی ہے۔ وہ انکی مشکلات کو سمجھتے ہیں اور انکے نقطہ نگاہ کو اہمیت دیتے ہیں۔ اس لئے میری انکی خدمت میں یہ گزارش ہے کہ وہ شہری مہاجرین کی آبادکاری کی سکیم کو جلد از جلد نافذ کریں۔ میں جناب کے توسل سے وزیر اعلیٰ صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ذیلی بستیوں کی سکیم میں "ڈی" قسم کے گھروں کو شامل کر کے غریب مہاجرین کی دعائیں لی ہیں۔ آپ نے یہ قدم اٹھا کر اور چپڑاسیوں اور اس قسم کے دوسرے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ آپ کم آمدنی والے طبقے کی ضروریات کا بھی احساس کرتے ہیں۔

میں حزب اختلاف کے ممبران کو یقین دلاتی ہوں کہ ہمیں عوام کی تکالیف کا ان سے کم احساس نہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا ۔ خدا کرے صوبہ کی مالی حالت بہتر ہو جائے تا کہ اس سے زیادہ وسیع قدم اٹھایا جائے ۔ ترقع ہے اگر نئی فیکٹریاں کھل گئیں تو بہت سے لوگوں کو کام مہیا ہو جائے گا اور بیکاری کا ایک حد تک انسداد ہو جائے گا جناب والا ۔ میں آپ کے توسل سے اس معزز ایوان کی توجہ دو بنیادی مسائل کی طرف دلاتی ہوں اچھے رہائشی مکانات اور کپڑا ۔ مکانات کی قلت کا مسئلہ ہمہ گیر ہے اور لوگ بڑے پریشان ہیں اگرچہ حکومت نے (D) قسم کے مکانات ذیلی بستیوں میں شامل کر کے بہت اچھا قدم اٹھایا ہے مگر میری گذارش یہ ہے کہ اس قلت کے پیش نظر مکانات کی تعداد میں اضافہ کیا جائے تا کہ غریب آدمیوں کو سر چھپانے کے لئے کوئی جھونپڑا میسر آسکے :

جناب والا ۔ وزیر اعلیٰ نے جو ٹکوں کی تعداد بتائی ہے ۔ وہ بہت دل خوش کن ہے اور مزید جو اگلے دو سالوں میں لگ رہے ہیں ۔ وہ بھی حوصلہ افزا ہیں اور یہ وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ اس سے صوبہ میں آئندہ سالوں میں کپڑے کی تمام ضروریات پوری کر سکے گا لیکن اس وقت کپڑے کی قیمت عوام کی قوت خرید سے بے حد زیادہ ہے کار خانہ جات کے مالکان کی نفع اندوزی بھی روز افزوں ہے اس لئے ضروری ہے کہ قیمتوں پر موثر کنٹرول کرنے کے لئے مرکزی حکومت کی فوری توجہ اس طرف مبذول کرائی جائے ۔ جناب والا ۔ حفظان صحت کا مسئلہ عوام کے لئے بہت اہم ہے ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آدمیوں اور عورتوں کے ہر گاؤں میں طبی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں ۔ لیکن چونکہ اس وقت یہ نا ممکن امر ہے ۔ حکومت کے وسائل اسکی اجازت نہیں دیتے اس لئے میری درخواست ہے کہ ہر گاؤں میں سند یافتہ یعنی ٹرینڈ دائیوں کا انتظام کیا جائے ۔ کیوں کہ عورتوں کی زچگی کے باعث انڈو پاکستان (sub-continent) کی شرح اموات دنیا بھر میں سب سے زیادہ ہے ۔ اس لئے جتنا الا مکان کم کرنے کے لئے کوشش کرنا ہمارا فرض ہے ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب والا — ایک اور گزارش کروں گی کہ مرکز اور صوبوں میں ٹیکسوں کی تقسیم صوبائی نکتہ نگاہ کے مطابق بے انصافی پر مبنی ہے اور صوبائی آمدنی کے ذرائع بہت محدود ہیں ۔ بر عکس اس کے صوبائی اخراجات بوجہ تقسیم اور صحت عامہ کے دن بدن بہت بڑھ رہے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ مرکز سے درخواست کی جائے کہ یہ تقسیم زیادہ احسن طریقہ سے کی جائے تا کہ صوبہ کی آمدنی میں اضافہ ہو اور بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کیا جا سکے ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتی ہوں ۔

حافظ خواجہ غلام سدید الدین — (ڈیرہ غازی خاں ے مسلم)

جناب والا ۔ ''تن همه داغ داغ شد پنبه کجا کجا نهم''

سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ تعلیم کی حالت روز بروز بد سے بدتر ہوتی جاتی ہے اور اصل بات تو یہ ہے کہ تعلیم کے بغیر انسانی زندگی نا مکمل رہتی ہے اس سے ہی انسان اور حیوان کے درمیان فرق ہوتا ہے انسان تعلیم کے باعث ہی ذی شعور کہلاتا ہے ۔ اس کے بغیر وہ پس افتادہ رہتا ہے اور یہ ایک ایسی شق ہے جس سے انسان کی زندگی کا معیار بلند ہو جاتا ہے مگر اس وقت یہ حالت ہے کہ تعلیم کے حصول کی طرف قطعاً کوئی توجہ نہیں دی جاتی ۔ آج کل نہ تو کتب ملتی ہیں اور نہ ہی اچھے استاد ۔(ایک آواز ۔ یہ غیر ملکی چیزیں ہیں)۔ (قہقہہ)

جناب والا ۔ اس ضمن میں میں ڈسٹرکٹ بورڈوں کے متعلق عرض کرونگا ۔ یہ ایسے ادارے ہیں کہ ان کے ماتحت کام کرنے والے استادوں کو کئی کئی مہینے تک تنخواہیں نہیں ملتیں ۔ نیز کاغذ کی کم یابی کے باعث کتب بھی نہیں ملتی ہیں اور امتحانات میں delay ہو جاتی ہے ۔ اب آپ ہی خیال فرمائیں کہ جب استادوں کو تنخواہیں نہیں ملیں گی ان بچاروں کا کیا حال ہو گا ۔ وہ کس طرح اطمینان کا سانس لے سکیں گے اور بچوں کو کیسے تعلیم دیں گے ۔ پھر کتابوں کے بغیر کیونکر تعلیم حاصل ہو سکے گی ۔ اس لئے ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کو اس طرف خاص توجہ دینی چاہئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر تعلیم کی طرف خاص توجہ نہ دی گئی تو یہ ایک بہت بڑی فروگذاشت ہو گی ۔ اس کے بعد میں یہ گذارش کروں گا کہ وزراء کے محکموں میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ بالکل غلط طریقہ پر ہو رہا ہے اور کہا یہ جاتا ہے کہ ان محکموں کی حالت سدھارنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے ۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ یا ایہاالذین امنو لم تقولون ما لا تفعلون ۔ تعجب ہے کہ اس میدان میں بھی عمل پیرا ہونے کی کوشش نہیں کی جاتی ۔ جناب والا ۔ ہمارے لئے تو یہ فرمایا گیا ہے '' انی جاعل فی الارض خلیفه،، مگر ہم خلافت کی اہمیت کو نہیں سمجھتے اسی خلافت میں بقاء سلطنت ہے ۔ حیرانی کی بات ہے کہ اس طرف کوئی توجہ ہی نہیں دیتا ۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم سب ایک عجیب کشمکش میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ ہمارے وزراء

صاحبان اپنے آپ کو نا مکمل اور نا مستحکم کیوں سمجھتے ہیں - ان کی حالت تو اس وقت ایسی ہے -

یا راں چہ قدر راہ دو رنگی دارند
مصحف با بغل دیں فرنگی دارند
پیوستہ باہم چوں مہرہ ہائے شطرنج
در دل ہمہ فکر خانہ جنگی دارند

اس لئے انہیں اس طرف کافی توجہ دینے کی ضرورت ہے - معلوم ہوتا ہے کہ ان میں عدم اثر اور عدم رعب ہے اور جو احکام وہ صادر کرتے ہیں وہ ماتحت عملہ پر بے اثر ہوتے ہیں - میرا خیال ہے کہ ماتحت عملہ کے پاؤں کچھ نہ کچھ ضرور مستحکم ہوں گے مگر وزراً صاحبان کا مقام توکرہٗ ہوا پر کسترده ہے - اس لئے میری درخواست ہے کہ وہ اصلاح کے لئے ایسا قدم اٹھائیں جس سے یہ تمام خرابیاں دور ہو جائیں - اس کے بعد جناب والا رفتار جرائم کے متعلق کچھ عرض کروں گا - ہم دیکھتے ہیں کہ جرائم روز بروز بڑھ رہے ہیں اور حالات زیادہ خراب ہوتے جا رہے ہیں - اس وقت تو ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی،، والا معاملہ ہے - یا

ہر کسے روز بہی می طلبید ز ایام
علت آن است کہ ہر روز بتر می بینم

ہمارا خیال تھا کہ جو روز بروز ملک کی حالت خراب ہوتی جا رہی ہے کبھی تو درست ہو گی اور حکومت کو کبھی تو ضرور خیال آئے گا کہ وہ اپنی اور قوم کی بقا کے لئے کوشش کریں مگر ہم سمجھتے ہیں کہ یہ غلط ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ سوالات کے لئے ایک گھنٹہ کا وقفہ ہوتا ہے جس میں وزراً صاحبان کو اپنے اپنے محکمہ کے متعلق کچھ نہ کچھ بتانا ہوتا ہے - اس تھوڑے سے وقت میں وہ اتنا گھبرا جاتے ہیں کہ مسلسل تین ضمنی سوالات کے جواب نہیں دے سکتے اور پھر یہ طریقہ شروع ہو جاتا ہے - ''کانہم حمر مستنفرہ فرت من قسورہ،، حالانکہ یہ نہایت ضروری ہے کہ جب کسی سوال کا جواب دریافت کیا جائے تو وہ جواب اتنا جامع اور مکمل ہو کہ دوسرا سوال کرنے کی ضرورت ہی نہ رہے -

جناب اس کے بعد میں نظم و نسق کے حالات عرض کرتا ہوں - بازار میں کوئی چیز نہیں ہے جو بلیک مارکیٹ کے بغیر مل سکے - مصیبت

تو یہ ہے کہ جو لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ کنٹرول ریٹ پر دیدو تو وہ کہتے ہیں کہ ہمیں کنٹرول ریٹ پر ملے تو ہم دیں ۔ اس خرابی کی جڑ یہ ہے کہ جن لوگوں کو پرمٹ دئیے جاتے ہیں وہ شروع ہی سے بدعنوانیاں شروع کر دیتے ہیں۔

خشت اول چون نہد معمار کج تا ثریا می رود دیوار کج

اگر حالت یہی رہی خدا تو معلوم کیا ہوکر رہے گا ۔ ہمارے رہنمایان قوم ایسے ہیں کہ جن کے متعلق اپک شاعر نے فرمایا ہے

اذاکان الغراب دلیل قوم سیہد یھم طریقا الھالکین

اگر یہی طریقہ رہا تو یہ خود تو ڈوبنے کے مستحق ہیں ہی ۔ ڈر ہے کہ یہ کہیں ہمیں بھی نہ لے ڈوبیں ۔

اس کے بعد میں صحت اور ڈاکٹروں کے متعلق عرض کروں گا ۔ انسان کا سب سے بڑا لوازمہ صحت ہے۔ اگر صحت نہیں تو انسان زندہ نہیں بلکہ زندہ درگور ہے

صائبا زندگیم درگلو افتادہ است شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن

یعنی زندگی گلے پڑی ہوئی ہے اسے بھگتنا ہی پڑے گا ۔ میں نے تجربہ سے دیکھا ہے کہ اکثر ہسپتال ایسے ہیں کہ جو سنسان پڑے ہوئے ہیں وہاں ڈاکٹر ہی نہیں ہیں ۔ خدا معلوم وہاں فرشتگان یا جنات علاج کرتے ہیں اور پھر اگر ڈاکٹر ہیں تو ان کے پاس نہ آلات ہیں نہ ادویات ۔ کونین جیسی چیز نہیں ہے اور چرائتہ کرایتہ وغیرہ سے کام لیتے ہیں یا مریضوں کو کہتے ہیں کہ ادویات بازار سے لاؤ ۔

جناب میں آخر میں اپوزیشن کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اسے خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس نے اس مطلق العنان اور ہامان کی قائمقام منسٹری کو راہ راست پر لانے کا ذمہ اٹھایا ہوا ہے ۔ جزاک اللہ خیرالجزا

Mr. Joshua Fazal-ud-Din (Pakistani Christian and Anglo Pakistani, IV): Sir, I seek your permission to speak in English. There are two ways of looking at this budget. One is to look at it from its intrinsic value, its own merit: and from that point of view, I would at once say, that I find it quite satisfactory, for which I congratulate the Muslim League Parliamentary Party, the Ministery and the Honourable Chief Minister particularly. But, Sir, there is another way of looking at this Budget also and that is from the view point of the circumstances and the back-ground. From that point of view I cannot but help going back to the past year and with your permission, recount what has been going on in our beloved Punjab. It is well known that at the advent of this Ministry the civil administration had practically been suspended. There was Martial Law and general distress. I would even go to the length of saying that even the law-abiding citizens did not find courage to go to the authorities to report against the so-called high-

handedness of some of the Martial Law officers. I am, of course, quite conscious of the great services that the Martial Law authorities rendered. But at the same time I cannot help saying that it was not an unmixed blessing. Taking into view the economic conditions of the period when this Ministry took-over, we cannot ignore the facts of the soaring prices and non-availability of wheat or the apprehension of that. The economic distress had forced the Government to divert its foreign exchange to get such commodities as would alleviate the distress in the country and that further necessitated the control of the imports rather suspension to some extent, of some of the commodities. This led to a vicious circle, because from food, the economic distress came to trade and commerce and industries. Thus there was, if I may be permitted to say, almost collapse of the public morale in the Punjab when this Ministry took over. Sir, from that point of view I cannot help saying that this budget is almost the best budget, rather the most heroic budget that could be presented. Sir, yesterday I came here with a clean slate and that is what is expected of any independent member. I listened to the speech of the Leader of the House and I also listened to the reply made by the worthy Leader of the Opposition. But I am very sorry to say that in the criticism of the worthy Leader of the Opposition I have not been able to find much light. Some of the points that he made, I will state in this House, so that I may be corrected if I have wrongly recorded them. My source of information is of course, 'The Pakistan Times'. But it is quite possible that even 'The Pakistan Times' which is more available to the Opposit on might not have reported the reply of the Leader of the Opposition correctly. If there is any discrepency I shall feel obliged if I am corrected. The Leader of the Opposition said that there was lack of superior leadership in the ruling party. As an humble Chiristian, and as an humble indepen ent member of this House, what I find here is that it is not the lack of leadership but the lack of loyal and faithful followers.

Yesterday I was talking to an honourable member of this House and quite in a jocular way I said to him, "One thing I have failed yet to understand; where do the Opposition Benches end and where do the Treasury Benches begin"? I find, Your Honour, that the waters of loyalty in the ranks of the Muslim League Parli mentary Party are very very shallow indeed. I beg to be excused for this remark, but I cannot help saying that. Since I have stated before you my reactions as a Christian, I would further substantiate these reactions.

My humble submission before this House is that from the point of view of independent members, it would be much better if there were some purge in the Muslim League Parliamentary Party. (*Interruptions*). Those members who do not honestly believe in the present leadership of the Ministry should walk over to the other side. They would be doing a thousand times better service to the country. This policy of hunting with the hounds and running with the hare never helps anybody.

Incidently, last evening when I was reading the Holy Bible with my children the verse that came to me from the Book of Revelation was that in which the Spirit of God sends a message to a certain church in Syria. The words were, "Thou are neither cold nor hot. I would like thou wert cold or hot. So then because thou art luke-warm, and neither cold nor hot, I will spue thee out of my mouth". This is the present situation. I am telling you the reactions of a man who does not belong to the Muslim League, who does not belong to the Opposition. What this House needs is, 'good, honest, faithful and loyal followers'. From loyal following you can easily get good leadership.

Then again, Your Honour, the learned Leader of the Opposition has said that this Budget is a device of equalising expenses. Personally, I think it is not a device of equalising expenses because it is a deficit Budget. Deficit Budgets are not equalised Budgets. Budgets are of three types—deficit, balanced and surplus and

of all these three types, I humbly beg to say that a deficit Budget is the most honest. The most faithful and the most straight-forward and the most progressive. You can easily produce a balanced Budget by cutting down expenses; surplus, by cutting down a little more; but it requires a great deal of moral courage to say, "We want to attain this much progress; but our finances are not enough. Given proper finances we shall go up to that." It requires moral courage to produce a deficit Budget which is not at all a device of equalising expenditure; rather it is an invitation for getting co-operation from all sections of the society.

Then, again I was very much surprised to hear the learned Leader of the Opposition say that there had been reduction in the expenditure on beneficent departments like Education, when compared with the last year. This statement I have tried to verify from the reports but unfortunately I have not been able to get any justification for these remarks.

Mian Abdul Bari : Question.

Mr. Joshua Fazal-ud-Din : I shall be reading from the speech of the Honourable Mian Mumtaz Muhammad Khan Daultana which he delivered on the 29th of February 1952. On page 7 he says, "Out of the total figure of Rs. 23·73 crores shown as expenditure in the course of next year, as much as a sum of Rs. 7·26 crores is proposed to be spent on the Beneficent Departments". This was the position in the Budget of 1952-53. Then I come round to the speech which he delivered on the 16th March 1953, while presenting the Budget for 1953-54. On page 13 he says. "It is noteworthy tha' out of a total expenditure of Rs. 22·71 crores which is to be incurred in the course of next year no less than Rs. 7·49 crores is earmarked for the Beneficent Departments." Now I come, Sir, to the speech delivered by the Honourable Chief Minister of this Ministry. While intorducing this Budget he said on page 23 of his speech, "It is noteworthy that out of a total expenditure of Rs. 24,54 lacs which is to be incurred in the course of the next financial year no less than Rs. 764 lacs is earmarked for Beneficent Departments. This compares favourably with a provision of Rs. 748 lacs in the current year's Budget. There is thus an increase of Rs. 16 lacs in the expenditure on Beneficent Departments over the current years provision." Then I thought that it is quite possible that the Honourable Leader of the House has made some mistake and I referred to the Memorandum of he Budget 1954-55, on which the speech is based, rather, which the speech introduced. Under the heading "Beneficent Departments" on page 5 of the Memorandum it is clearly stated, "Budget Estimate, 1954-55 Rs. 7,64 lakhs". Then in the Budget Estimates, 1953-54 it is given "Rs. 7,48 lakhs" and like that. I do not know from where the Honourable Leader of the Opposition got the idea that on Beneficent Departments less has been spent than last year. It is quite possible that he could not verify his speech.

Mian Abdul Bari : You have detailed eight Beneficent Departments.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. Yesterday I heard you observe that nothing, connected directly or indirectly or suggestively, could be said about His Excellency the Governor or any expenditure attached thereto. I do not know if it was a ruling....

Mr. Speaker : The point of order does not arise today anyhow.

Mr. C. E. Gibbon : We intend to make certain observations.

Mr. Speaker : The honourable member can raise that question at the proper time and I will decide the point. It does not arise now.

Minister of Revenue : (THE HON'BLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH): Sir, I have been listening to the speeches of the honourable members of the Opposition today and yesterday. We were hoping that this Budget would bring along some constructive criticism from the Honourable Leader of the Opposition and from other speakers; but I must admit, Sir, that we were disappointed at their speeches. Two or three speeches which were made specially by the

Leader of the Opposition, Mian Muhammad Shafi and Syed Amir Hussain Shah were more political than any thing else. They were not constructive speeches. For the purpose that we are gathered here—trying to fix up the Budget for the next year—very few constructive suggestions were put forward or criticism made. I must also admit that Mian Muhammad Shafi made a political speech and his purpose was served. His real purpose was not to impress this House, not to give any constructive suggestions, but his real purpose was to get a few head-lines in the Press, which he managed to get. I saw in the Pakistan Times that a couple of sentences of his were given in the headings—"Present leadership blamed for ruining Punjab" and all that. Then, Sir, Syed Amir Hussain Shah made another speech as if he only represents the poor masses and there is nobody else. It is a pity, Sir, that he is not here. I would like to ask him a question, "How many people were returned on the ticket of the party that he represents? "It is all very well to sit here, live in big palaces, hold more land than anyone of us has on this side and then be the champion of the poor (Cheers). I assure you, Sir, that the masses of our country are not going to be hoodwinked just by making these speeches and getting headlines. They are not working in the right direction. When there are elections again, you will see what the results are and who represents the poor and the masses. I do not want to give any reply to the political speeches because that time is coming when we will reply to them in public speeches and we will show to the electorate what the Muslim League has done in this Province. At the moment I have got to reply to the criticism of the honourable members of the House who have said that we have done nothing for the poor. I take first what the Leader of the Opposition has said. I am very glad that one point which I was going to raise myself has already been raised by Mr. Joshua Fazal-ud-Din. He has already explained to the Leader of the Opposition that more has been given to the Beneficent Departments. I whole heartedly support Mr. Joshua Fazal-ud-Din that it appears the statement of the Leader of the Opposition was not based on facts.

Mian Abdul Bari : They were based on figures.

Minister of Revenue : Mr. Speaker, I now come to the criticism made by other honourable members. First I take the suggestion made by one of our members—Qazi Muria Al maq. In a very simple way he suggested how we can save 26 lakhs of rupees. He said that the amount spent on Public Service Commission was a waste of money. In my opinion this is one of the biggest checks on any Government. It is a check so that the Government cannot do favouritism. Every case goes to the Public Services Commission. I just want to point out to you that this is how irresponsible suggestions are made. The other suggestion made was about the Financial Commissioners, that they are a great burden and it was also said that the Commissioners are a great burden and that is how he came to the conclusion that 26 lakhs would be saved by getting rid of them. If this point of view is taken to the logical conclusion, then, I think there will be a saving of 22 crores of rupees (*laughter*) by closing all the Departments.

Another suggestion was that we should employ Ministers who get very small salaries. This reminds me of a story of pre-partition time. I would not name the State, but a certain gentleman was offered the Chief Ministership of one of the East Punjab States. After four or five days he was interviewed by the Ruler and when the gentleman asked him what are going to be his duties, the Ruler replied that he was going to be his Chief Minister. The gentleman further asked him, "What is going to be my salary?". The Ruler stopped for a minute and asked, "What salary?" The gentleman asked, "The salary of the Chief Minister?". The Ruler replied, "Oh! We pay no salary, we leave it to you to collect whatever you can," (*Laughter*). I tell you, Sir, that even in this House if you offer Ministership without any pay, there will be quite a few who will be only too glad to accept it and, then, Sir, we know what is to be the result. It is very essential that even the poorest man of Pakistan may be able to be in the position of a Minister and then he should be able to keep up that position. Otherwise, it will not be possible for

the poorer sections of our society to occupy these positions, and only people who have got their own sources will be able to give their time. Imagine the position of a man who has been voted into power by a popular vote and has got no other source of income . My own view is that this suggestion is not even worth consideration.

I dare say that there were certain good suggestions too which we are going to accept and we are going to see that they are enforced in the coming year.

Now, Sir, one of my honourable friends, Sheikh Muhammad Saeed also said something. I was rather surprised to hear that he attacked the separation of the judiciary from the executive. This is one of the steps of which, I say, this Government is proud. It is the first Government in the whole of Pakistan which has taken this thing up. And what is more, it is a progressive step. There is no person who can say that this is a retrograde step. But my honourable friend tried to make out that what we have done is nothing else but just to get some *shabash*. I tell him that for so many decades we have had governments here under which this system has flourished. But we are the first to take this step and I am sure we will succeed. But it is going to take some time before this thing can be made to work . We have separated the magistrates; we have given them separate work. As the Honourable Chief Minister has said, for this work he is going to appoint magistrates in tehsil headquarters also. All this will show what is at the back of the mind of this Ministry. We have come forward and amended the Safety Act. We were trying to amend the Goondas Act, but the honourable members opposite wanted it to be circulated for public opinion and we welcomed it and circulated it for public opinion. I tell you that we have got no skeletons in our cup-boards. We are not ashamed of anything. Our purpose is one and it is this that we want to remove all restricitons on personal freedom and remove the fear of the individual from the executive. We do not want the Government to have any such power by which they can vicitmise anybody in the Opposition or any other person. We want to do it slowly and gradually. Firstly, it was said that through District Magistrates Government can put people in prison. I say we have now separated the judiciary and in the long run when this starts working satisfactorily. I assure you that the whole thing will be under the High Court. Have some patience. Give us time to do something. We have no Allal.din's lamp that over-night you want results from us. We are doing our best. We are not orators like those sitting on the oppoiste benches. I take my hat off to some of the members who are wonderful orators and beautiful actors. They really convince you with their speeches as if what they are saying is real, the whole earth is coming to an end and that they are the only champions of the poor. But when you sit back after that magic is gone and beautiful acting is over and think over all the points patiently, what do you find. There is nothing except sentimental appeals to the gallery. Therefore, I want you, Sir, and through this House, the public, to see what is at the back of the mind of this Ministry and what we are aiming at. All this we want to do one by one. We want to give freedom to the individual and you will see that it will not be long before all such Acts which are curbing the freedom of the citizen are slowly and gradually amended and powers are taken from the executive and given to the judiciary.

Not only that. I have got to say what we have done for the poor. They say that they are the champions of the poor. But the poor know them well. If I read out the facts and figures, to which I will come later, they will show what this Ministry of the Muslim League in the last so many years has done and how many people they have settled and what are their schemes and how they wish to implement those schemes. One of my honourable friends opposite talked about feudal landlords and Nawabs. The myth of these slogans has been exploded. Nobody listens to these things. People want results. People want to see what they can get. Such slogans do not now appeal to the people who judge everybody by

his deeds. We are a free country. We are all free. British have gone. We have got to stand on our feet and show results to the people. We should be united and strong. I am sorry to say that my honourable friend Mian Muhammad Shafi is still suffering from British phobia; he still thinks in the same terms. Now is the time not to make such frivolous remarks against the Government. It is your own Government. May be, one day one of you will be sitting here and I will be glad if the public and the masses have confidence in you. We are a democratic form of Government. Anybody who has majority can sit here. But wait, have patience. Your time may come, if only you prove that you are honest men and what you preach to others you are willing to live up to it yourself.

I was saying a minute ago that I am going to show you by facts and figures what we have done. I will give you some facts and figures about tenants. We are dubbed as big landlords who want to do nothing for tenants. I may tell you that whether you are a zamindar or a tenant or whether you come from the countryside-we have been brought up in rural areas and our economy is agriculture—whether we may be landlords or whether we may be tenants or whether we may be labourers, our economy is united. One part of it cannot be happy and cannot prosper unless others also prosper and are happy. We are a happy family and we have got to remain so. Therefore, as they know, we are doing our level best to give the tenan s security of tenure. Now, what do they suggest. Every time they say, 'what can you do, you are big landlords, they are poor'. I say tha they are neither poor nor are they champions of the poor. I do not wish to be personal or give instances. But what I want to tell you is that we are trying to make Punjab prosperous and to make it happy. We have got to improve our agricultural economy. Therefore, what we have been doing is based on improving the economy of agricultural masses. I will tell you what we have done in the temporary phase of rehabilitating those landless people. We have made allotments of evacuee land roughly of about 3 lakh acres. That has been just one part of it. Then we have made schemes, that is apart from landless refugees huge areas were held by local tenants. During our temporary phase of rehabilitation operations out of huge area we gave 14 lakh acres to those people who were locals but were tenants that of evacuee land-owners. All the Crown land we have given to refugees and landless tenants. All these things show that we are doing everything for the poor and not for the fat-bellied landlords. Let the Opposition, I challenge, stand up and point out to us a single instance where we have helped big vested insterests. Most of our schemes are aimed at improving the lot of the poor landless people. I say this because at the back of our mind we have this feeling that unless everybody ishappy we cannot prosper. After all how many big zamindrs are would ask the Leader of the Opposition and other members of the Opposition, there? I have they ever worked out the figures? They have not the least idea. They are not even a fraction of the whole. Where are you ? Every individual has a right to live and to be a useful member of the society. We must make a society in which the humblest and the poorest will get the same chances as anybody else who is big and well-born. That is what we want to produceand we want to bring about such a society where the humblest can rise to the highest. But that will take time. Just in these few years they want the Muslim League Government to produce results.We are doing our best. Take the case of America, take the case of Germany or England or any other country. Read their history. How long it took them before they could really stand on their feet, before they could really be called first class nations in the comity of nations. So it takes years and years.

Now, Sir, some honourable member stands up and says in an irresponsible way, 'why not give free education to every body'. I am with him; I am all for it. But where is the money to come from. Has he every worked out in his mind what is going to be the cost if free education is given? Has he got in his mind how long has it taken for other countries to give free education? They just stand up being in the Opposition and free of all responsibilities and obligations and make these

wild allegations. We are not worried about by these wild allegations because we are here in a responsible position and we know our job. We have got to produce results. Masses have got to take us not on what we say but on what we do and on what results we produce. A lot of honourable members have spoken about education today. I have worked out the income per capita of our people and compared it with other countries who have got free education. Some other honourable member stood up and said that we should have free dispensaries in every village. I agree that is what a welfare state should be.

(*Expunged vide decision of the House dated 3rd March*, 1954).

Sir, we all want free education. I agree with them. But what is the position in Pakistan. I feel that in a country like Pakistan with its undeveloped economy, but great potential wealth, the more prudent course would be to subsidise talent from among the poorer people by giving them free education. This is what I say should be our beg nning. We should start and try to develop our economy and unless we increase our income we cannot get the things that America and other countries have got. Therefore, we should make a beginning like other countries. But what is our position today. The national wealth of Pakistan is Rs. 238 per capita per annum as against Rs. 2,500 of the United Kingdom and Rs. 4,500 of U. S. A. Just imagine the difference. My point is this that we wi l to get to the same welfare State as they are and do all we can to achieve it. But it will take time. We have got to develop our industries; we have got to develop all our resources and when our income gets more and steady, we will reach that stage. Our whole budget is Rs. 22 crores and if you give free education our Rs. 12 crores will be taken away. What will we do with the balance. There are roads, health, general administration and there are many other things.

Having said that. I must say one or two other things also. As the time is not very much, I would not like to say anything to day about the Rehabilitation Department. Luckily that Department has also been given one day for its discussion and I will deal with it on that day.

I would just like to say something about the price of wheat. This is a thing which is flunged at us every now and then and everybody stands up and says 'here they are, they do not want the price of wheat to be reduced'. I tell you, Sir, we would greatly welcome if the price went down. We will welcome it more than anybody else. But it cannot come down by itself. There are so many other factors which have got to come into play before the prices of certain things go down. If you just ask us to reduce the price of wheat, how can we reduce it if the puchasing power of your currency is such that the same farmer has got to sell his wheat to buy his cloth and he has got to pay Re. 1-8-0 or Rs. 2 per yard for his cloth and it is not in our hands to reduce the price of these things. There are lot of factors which are working. I tell you we are doing our level best, as the Honourable Chief Minister pointed out some time ago. Some months ago we reduced the price and the Government lost about two crores on that reduction. It was more or less a subsidy which we gave to the people. I tell you that as soon as the prices of other necessary things, which our farmer and the zamindar needs, come down you will find that the price of wheat will come down automatically. It is one economy and therefore you cannot just take one thing and reduce its price without other circumstances that go along with it. They always stress this point, they want the poor man to feel that this is a Government which wants to keep the prices up. I assure you that we do not want to keep the prices high but we have to consider all the aspects of the question.

Sir, I would now come to something which my friend said about the agreed and non-agreed areas. I think his was a solitary voice in the whole of the Punjab and in this House which said, while I was not present that this distinction should be removed.Sir, I wonder if he has ever thought over the *pros* and *cons* of this proposition; if he has ever really looked into the fact that if this distinction was removed and everybody was allowed to come in the Punjab what will happen? If

he had thought over this problem, he would not have made the suggestion. (A voice: What about your Muslim brotherhood)? Have patience, I am coming to that. There is a little difference between the people of the agreed and the non-agreed areas. The people of the agreed areas were thrown out of India. What were the circumstances under which they were thrown out? They were not given a chance to think whether they would like to come to this side or remain there; they were not given a chance to be able to sell their goods; they were not given a chance to sell their properties; they had to run for their lives. They have, therefore, a prior right on Pakistan. I have always felt that Pakistan was created with the united efforts of all the Muslims, that other people have also suffered , they have also got a right, there is that great Muslim-brotherhood. (*Interruptions*). The resolution which we have passed is the unanimous verdict of this House and we are going to stick to it. I could not but agree with Mr. Muhammad Amin when he said that the Rehabilitation Department should be wound up. I agree with him that the quicker we finish up with this work and wind up the Department the better for everybody concerned, otherwise this cycle of applications, allotments and de-allotments will continue in perpetuity. Therefore, Sir, I have been pressing the Centre that we must have a scheme for the urban areas on the same lines as we have for the rural areas. We must give some sort of a settlement to the urbanites-people who have left property in India. After that the Department could be wound up. (*Interruptions and Noise*).

Mr. Speaker : Order, Order.

(*Interruptions and loud noise*)

Mr. Speaker : Order please, order.

جناب والا ۔ On a point of order-Sir, صوبیدار راجہ امیر علی خان

عرض یہ ہے کہ جب سے ہم اس ایوان میں حاضر ہو رہے ہیں ۔ ہم یہی سمجھتے رہے ہیں کہ صاحب سپیکر اس معزز ایوان کے لیڈر ہیں لہذا ان کے ہر حکم کی تعمیل کرنی چاہیئے ۔ چناچہ آپ نے دیکھا ہو گا کہ آپ کے آرڈر ۔ آرڈر یا sit down کہنے پر ہم پوری طرح عمل کرتے ہیں ۔ لیکن آج دیکھنے میں آیا ہے کہ اپوزیشن والے آپ کے احکام پر عمل کرنے سے انکار کرتے ہیں ۔ اگر یہ چیز ہے تو آپ ہمیں اجازت دیں تاکہ ہم انہیں آپ کا حکم ماننے پر مجبور کریں

Chief Minister : Mr. Speaker, Sir, I have just seen an Act of the Legislature, which was passed in 1939. To assist the Honourable Speaker in keeping order in the House there is a provision in that Act for the appointment of a Sergeant-at-Arms and this Government proposes to take immediate steps. From tomorrow you will have a Sergeant-at-Arms and two Deputies to carry out your orders against unruly members.

The Assembly then adjourned till 1 *p. m. on Wednesday, the* 3*rd March,* 1954.

38 PLA—450—3-1-55—SGPP Lahore



PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

EIGHTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Wednesday, 3rd March, 1954

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p. m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

Recitation from the Holy Quran.

EXPUNCTION OF CERTAIN PROCEEDINGS

میاں عبد الباری — On a point of explanation, Sir, جناب صدر ۔ گذشتہ شب اپنے فرائض کی ادائیگی میں اور حزب اختلاف کے حقوق کے تحفظ کی کوشش میں جناب سے خطاب کرتے ہوئے چند ایسے الفاظ میرے منہ سے نکلے جو میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس کی dignity کے مطابق نہیں تھے ۔ (ہئیر ہئیر کی آوازیں) ۔ انسانی طبیعت ہے ۔ کسی وقت جب حضور والا بہت زیادہ سختی سے خطاب کرتے ہیں تو اس وقت ایسے الفاظ منہ سے بے اختیار نکل جاتے ہیں ۔ لیکن میں ان پر اظہار تاسف کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ جناب والا اور یہ معزز ایوان اس واقعہ کو بھول جائینگے ۔ (تالیاں اور ہئیر ہئیر کی آوازیں) ۔

Chief Minister: Sir, I would like to take this opportunity of warmly congratulating the Honourable Leader of the Opposition because he has upheld the dignity of members and of this Honourable House. By making this statement he has risen very high in our estimation. (*Voices : Hear, hear*). The Leader of the Opposition is a gentleman who is well-known to us and with whom we have worked for many years and he is one of the foremost men in our community, (*Voices: Hear, hear*) and from men of that position we expect the character and the beautiful mind of which he has given the proof just now. (*Voices : Hear, hear*).

صاحب سپیکر — مجھے معزز قائد حزب اختلاف کے الفاظ سن کر بہت مسرت ہوئی ہے اور میں اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں مبارک باد پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ مجھے بیحد خوشی ہے کہ انہوں نے ان چند الفاظ کو جو ان کے منہ سے نکل گئے تھے محسوس کیا اور اس سے زیادہ ان کی اخلاقی جرأت پر میں انہیں مبارک باد دیتا ہوں جس نے انہیں یہ بیان دینے پر آمادہ کیا ۔ مجھے یقین ہے کہ معزز اراکین اسمبلی

ایک چیز کو ہمیشہ پیش نظر رکھینگے اور وہ یہ کہ کسی طرح بھی کنایتاً یا صراحتاً اس ہاؤس کے وقار میں کسی قسم کا فرق نہ آنے دیں۔ (ہئیر ہئیر) ۔ میں بحثیت ایک ''سرویئنٹ آف دی ہاوس،، کے اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اس ہاوس کے وقار کو بالا کروں ۔ اور مجھے اس چیز کی بڑی خوشی ہے کہ بالعموم اس ہاوس کے معزز اراکین میرے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ وہ ہمیشہ تعاون کرتے رہینگے۔ میری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ جب کبھی کوئی ایسا مسئلہ اس ایوان میں پیش ہو جس پر قائدان حزب اقتدار و اختلاف میں کوئی اختلاف ہو تو میں اپنے lights کے مطابق وہ کروں جو میں صحیح سمجھوں۔ مجھے یقین ہے کہ معزز اراکین اسمبلی اس بات میں مجھ سے متفق ہونگے ۔ اب جیسا کہ معزز قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے اس ''چیپٹر،، کو بالکل ختم کر دیا جائے۔ اور میں ہدایت کرتا ہوں کہ ہاوس کی منظوری سے کاروائی کے اس حصہ کو expunge کر دیا جائے۔

(معزز اراکین اسمبلی نے بہ اتفاق رائے اسے منظور فرمایا)

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

*2670. (Not asked, honourable member being absent).

AGRICULTURAL INCOME-TAX

***2717. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Hob'ble Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total amount of Agricultural Income-tax realised in the Province prior to the enforcement of Agrarian Reforms;

(*b*) the total amount of Agricultural Income-tax realised in the Province from the date of the enforcement of Agrarian Reforms to date ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش — (الف) مبلغ دو کروڑ نو لاکھ نو ہزار آٹھ سو ستائیس روپے دوران چار سال قبل ازنفاذ زرعی اصلاحات بطور زرعی انکم ٹیکس وصول ہوئے ۔

(ب) مبلغ انہتر لاکھ تیرہ ہزار تین سو نوے روپے بعد از نفاذ زرعی اصلاحات تا جنوری ۱۹۵۴ بطور زرعی انکم ٹیکس وصول ہوئے ہیں ۔

ACTION TAKEN AGAINST EMPLOYEES OF REHABILITATION DEPARTMENT ON REPORT OF CHECKING COMMITTEE.

***2718. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state the number of officials employed in the Rehabilitation Department against whom action has so far been taken on the reports of the Checking Committee and the punishment awarded in each case ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش—(الف) تعداد ملازمین جنکے خلاف چیکنگ سٹاف کی رپورٹ کی بنا پو فرد الزامات مرتب کی گئیں - (ب) تعداد ملازمین جن سے چیکنگ سٹاف کی رپوٹ کی بنا پر جواب طلبی کی گئی -

	پٹواری	قانونگو	نائب تحصیلدار	تحصیلدار	اے - آر - سی و ڈی - آر - سی
	۱۳۲	۹۰	۱۳۸	۲۲	۳
	۱۶۵	۱۳۳	۱۰۳	۳۵	۹
میزان	۲۹۷	۲۲۸	۲۵۱	۵۷	۱۳

(ج) یہ اطلاع کہ ان ملازمین کو سزائیں دی گئیں سردست گورنمنٹ کے پاس موجود نہیں ہے اور مقامی افسران سے فراہم کیجا رہی ہے -

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon: Is it a fact that persons paying Agricultural Income Tax are required to take the permission of the Deputy Commissioner before making any sales of land ?

Minister : Yes.

خواجہ حافظ غلام سدید الدین — کیا متعلقہ وزیر صاحب ارشاد فرمائینگے کہ افسران یا ملازمین کے خلاف ایسے سنگین الزامات کی شکایات موصول ہوتی ہیں اور جن کے خلاف خود حکومت نے بھی کارروائی کی ہے ان کو کتنی کتنی سزا دی گئی ہے ؟

وزیر—سزا کا انحصار تو اس امر پر ہو گا کہ انہوں نے کس کس قسم کا جرم کیا ہے ؟ اسی مناسبت سے سزادی جائے گی ابھی تحقیقات جاری ہے - ظاہر ہے کہ یہ قبل از وقت بتانا مشکل ہے کہ ان کو کیا کیا سزا ملے گی -

---

***2725. Ch. Aziz Din :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total number of (1) cinemas, (2) roller flourmills, (3) cotton factories, (4) oil mills, (5) ice factories, (6) textile mills and other registered concerns owned and left by the refugees settled in the Punjab in the prescribed areas in India ;

(*b*) the total number of (1) cinemas, (2) roller flour mills, (3) cotton factories, (4) oil mills, (5) ice factories (6) textile mills and other registered concerns owned and left by the evacuees in the Punjab ;

(*c*) whether all the refugee owners settled in the Punjab have been allotted such concerns in lieu of their concerns left in India; if not, the reasons thereof.

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش — (الف) یہ اطلاع دستیاب نہیں ہو سکی اور اسکا دستیاب کرنا بھی مشکل ہے -

(ب) رجسٹرڈ شدہ متروکہ صنعتی اداروں کی تعداد یہ ہے :-

سینما	۵۵
رولر فلور ملز	۱۱
کپاس کی فیکٹریاں	۱۳۷
تیل کی ملیں	۱۲
برف کے کارخانے	۳۸
کپڑے کے کارخانے	۱۱
دوسرے ادارے	۲۵۷

غیر رجسٹرڈ شدہ متروکہ صنعتی اداروں کے متعلق اطلاع دستیاب نہیں ہو سکی اور ڈپٹی کمشنرز بحالیات سے اکٹھی کرنا پڑے گی۔

(س) اطلاع دستیاب نہیں مگر گمان یہی ہے کہ ایسا ہی ہوا ہے۔

Rana Gul Muhammad Noon: Is it a fact that some of these evacuee concerns are in a very bad state of affairs ?

Minister : I would not be dogmatic and say that most of them, but some of them are definitely so because the allottees do not spend any money on them and try to get as much benefit as they can.

Rana Gul Muhammad Noon: Is he satisfied with the dogmatic policy adopted by the Government ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister please state whether large sums were placed at the disposal of the Public Works Department for the repairs, etc., of these factory buildings; if so, what has happened to those sums ?

Minister : For the evacuee buildings, yes. We have got certain policy laid down, for instance, if a man is paying less than Rs. 25 as rent, then Public Works Department undertake repairs to the buildings. If there is a bigger building, then the Deputy Rehabilitation Commissioner is allowed to sanction repairs up to say Rs. 2,000. But if it is more than Rs. 5,000 or Rs. 10,000-I do not remember the exact amount-then it comes before the Government for sanction. There is some money which is collected in the form of rents etc., which is being utilised for repairs of those buildings.

SETTLEMENT OF CLAIMS FOR URBAN AND SUB-URBAN AREAS IN MUNICIPALITIES OF EAST PUNJAB.

***2750. Mr. Ahmad Masud Said :** Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state the action taken in the matter of settlement of claims for lands abandoned by Muslims in the Urban and Sub-Urban areas in 1st and 2nd class municipalities of the East Punjab ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش — شروع میں یہ احکام جاری کئے گئے تھے کہ جو شہری اراضیات کے کلیم تصدیق ہوچکے ہیں اُن کو عارضی طور پر زیادہ سے زیادہ آٹھ ایکڑ اراضی

الاٹ کر دی جائے۔ لیکن چونکہ کلیمز بغیر کسی ایسے امتیاز کے تصدیق ہوچکے تھے کہ آیا رقبہ مصدقہ دیہاتی ہے یا شہری۔ اس وجہ سے کئی ایک ۔ اجرین جو کہ ہندوستان کے مخصوص علاقہجات میں شہری اراضیات کے مالک تھے کو دیہاتی علاقوں میں زمین تقسیم ہو گئی۔ ایسے مہاجرین نے اب صرف شہری اراضیات کے کلیم دئے ہیں جن کی تصدیق بحیثیت شہری کی جارہی ہے

دیہاتی بندوبست اسکیم کے تجربہ کی بنا پر صاحب اب کمشنر بہادر آباد کاری (اراضیات) نے فیصلہ کیا ہے کہ شہری اراضیات کی تقسیم صرف اُسی وقت کی جائے جس وقت کسی خاص علاقہ کے تمام کلیم تصدیق ہو جائیں اگر ایسا نہ کیا جاتا تو ممکن تھا کہ کئی ایک شہری اراضیات کے بڑے بڑے حق داروں کو بوجہ تاخیر تصدیق کلیم ہائے میں نقصان پہنچتا۔

ALLOTMENT OF URBAN AND SUB-URBAN AREAS IN LYALLPUR

*2751. **Mr. Ahmad Masud Said:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state whether the practice adopted by the present Additional Deputy Commissioner, Lyallpur regarding the allotment of land in the urban and sub-urban areas in settlement of claims in respect of lands abandoned in the rural areas has been approved by the Government ; if not, the action intended to be taken in the matter ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خان قزلباش—آبادکاری کی سکیم بندوبست میں مضافاتی رقبہ کی اصطلاح استعمال نہیں ہوتی اور دیہاتی زمین کے کلیم کے عوض میں شہری زمین الاٹ نہیں کی جاتی (L. R. C.) نے کچھ ہدایات جاری کی ہیں جسکے مطابق شہری تصدیق شدہ کلیم کے عوض شہری زمین الاٹ کی جائیگی مگر ان ہدایات کے تحت ابھی شہری زمینیں الاٹ ہونی شروع نہیں ہوئیں۔ عارضی الاٹمنٹیں جو بحالیات کے ڈپٹی کمشنروں نے لائلپور اور دوسری جگہ کی ہیں وہ کسی منظور شدہ سکیم کے تحت نہیں کی گئیں۔ جو تازہ الاٹ منٹیں کرنے کا ارادہ ہے وہ بھی عارضی نوعیت کی ہونگی۔

Mr. C. E. Gibbon: Is it within the knowledge of the Honourable Minister that a number of houses allotted to Christians in the Lyallpur town have now been taken away from them and given to other refugees.

Minister : I am afraid it has not come to my notice.

Mr. C. E. Gibbon: Will he be prepared to inquire into this matter and take suitable action ?

Minister : If the honourable member would write to me, I am certainly willing to find out. I must make it clear that if these Christians were not refugees and anybody else who is a refugee and claims a house, then there may be cases where they had to be thrown out and the houses given to refugees. That is happening also with the Muslims.

Mr. C. E. Gibbon : What is actually happening is this that they were occupying those houses before partition.

Mr. Speaker : The honourable member can bring such cases to the notice of the Minister concerned.

LYALLPUR DISTRICT BOARD ELECTIONS

*2726. **Chaudhri Aziz Din :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is fact that the last Lyallpur District Board Elections were held in November, 1935 ; if so, the reasons for not holding fresh elections so far ;

(*b*) the number of elected members in the present District Board and their percentage among the total number of present members;

(*c*) whether it is a fact that the dates for the Lyallpur District Board Elections were fixed in April, 1953 and were postponed due to the Khatam-i-Nabuwat agitation; if so, the reasons for not holding fresh elections after the agitation was over ?

آنریبل مخدوم زادہ سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی —

(الف) جی ہاں ۔ پہلے تو جنگ کے باعث انتخابات نہیں ہو سکے بعد میں قیام پاکستان کے سلسلے میں حالات کی نا ساز گاری کے باعث نہیں ہو سکے۔

(ب) موجودہ ڈسٹرکٹ بورڈ میں منتخب شدہ ارکان کی تعداد ۲۰ ہے اور اُن کی تعداد موجودہ کل ارکان کے مقابلہ میں ۵۰ فی صد ہے۔ کل تعداد ارکان ۴۰ ہے۔

(ج) جی ہاں ۔ حکومت سے عرضداشت کی گئی تھی کہ بورڈ کے حلقہ ہائے نیابت میں نمایاں نقائص اور منصفانہ انتخابات کے تیقن کے لئے ضروری ہے کہ حلقہ جات کی جدید بندی کی جائے ۔ اس سلسلے میں جدید تجاویز مرتب کر لی گئی ہیں اور انتخاب جلدی منعقد کیا جائے گا ۔

Syed Amir Hussain Shah: In answer to part (*a*) the Honourable Minister has said that elections could not be held because of the conditions prevailing at the time of partition. Will he please state how the elections to the Provincial Legislative Assembly could be held despite the fact that similar conditions were prevailing at that time ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon: Will the Honourable Minister please state whether the constituencies have been delimited ?

وزیر — انتظامات بہت حد تک ہو چکے ہیں۔

Rana Gul Muhammad Noon : For how long Government has been looking into this matter and how long they will take to delimit the constituencies?

وزیر — انتخابات بہت جلدی ہو جائیں گے ۔ میں نے جواب دے دیا ہے۔

Rana Gul Muhammad Noon : That is not the answer to my question. I have asked how long the Government has already taken in looking into the affairs of delimiting the constituencies.

Mr. Speaker : Disallowed.

HOSPITALS IN LYALLPUR DISTRICT

*2727. **Chaudhri Aziz Din :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the total population of the Lyallpur district at present and the total number of refugees in this district ;

(*b*) the number of hospitals with the number of beds for indoor patients in each of the hospitals run by the Government in the Lyallpur district ?

آنریبل مخدوم زادہ سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی —

(الف) (۱) کل آبادی ۲۱,۵۲,۸۶۳

(۲) مہاجر آبادی ۹,۸۶,۲۳۶

(ب) حکومت کے چھوٹے اور بڑے ہسپتالوں کی تعداد ۹

(۲) مندرجہ ذیل ہسپتالوں میں اندورنی مریضیوں کے بیڈز کی تعداد یہ ہے ۱۸

نمبر شمار	نام	تعداد بیڈز
۱	پولیس ہسپتال لائلپور	۱۴
۲	کنال ڈسپنسری لائلپور	-
۳	,, ,, ترکھانی	-
۴	,, ,, جڑانوالہ	-
۵	,, ,, بھگت	-
۶	,, ,, کنیا	-
۷	,, ,, کوٹ خدایار	-
۸	پنجاب زارعتی ڈسپنسری لائلپور	-
۹	سرکاری ڈسپنسری پیرمحل	۴
	میزان -	۱۸

Syed Amir Hussain Shah : Will the Honourable Minister please state whether there is any proposal to increase the number of beds under the new allocations in the budget in the Lyallpur hospital ?

وزیر — لائلپور میں نیا ہسپتال زیر تعمیر ہے - فی الحال اس میں ۱۲۵ بستروں کا بندوبست کیا گیا ہے جنہیں بڑھا کر ۲۵۰ کر دیا جائیگا -

---

YARN

***2406. Chaurhdi Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the total quantity of cotton yarn produced by the mills in the Punjab ;

(*b*) the value of the said yarn ;

(*c*) the manner in which this yarn is distributed.

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) — (الف) اگر پنجاب کے تمام کپڑے کے کارخانہجات روزانہ تین شفٹ (shifts) کام کریں تو ایک دن میں سوت کی تقریباً ۵۰۰ گانٹھیں تیار ہوتی ہیں۔

(ب) بیس سنگل سوت کی ۵۰۰ گانٹھوں کی قیمت بحساب ۱۲-۱۸ روپیہ فی پڑہ (bundle) جس کا ۱۰ پونڈ وزن ہوتا ہے تقریباً ۳,۷۵,۰۰۰ روپیہ ہوتی ہے۔ یہ قیمت گورنمنٹ کے مقرر کردہ نرخ کے مطابق ہے۔

(ج) چونکہ کپڑے کے کارخانے مرکزی حکومت کے تحت ہیں اس لئے سوت کی تقسیم ٹیکسٹائل کمشنر صاحب حکومت پاکستان کراچی کرتے ہیں۔ پنجاب میں سوت کی تقسیم کے لئے باقاعدہ راشن کارڈ رائج ہیں۔

CLOTH PRODUCED BY TEXTILE MILLS

***2410. Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the total yardage of cotton cloth produced by the various Textile Mills in the Punjab during the current year ;

(*b*) the total value of the cloth produced by the said mills;

(*c*) whether the Government have any control over the price and distribution of the cloth produced by these mills ; if not, why ?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) تقریباً بارہ کروڑ گز سالانہ۔

(ب) تقریباً بارہ کروڑ روپے۔

(ج) ان ملوں کے تیار کئے ہوئے کپڑے کی قیمت اور تقسیم پر کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ یہ بات مرکزی حکومت کے اختیار میں ہے۔

EMPLOYMENT EXCHANGES IN THE PROVINCE

***2625. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the number of Employment Exchanges in the Province;

(*b*) the number of persons registered with the various Employment Exchanges during the year 1953;

(*c*) the number of persons who got employment through the Exchanges during the year 1953;

(*d*) the action, if any, taken by Government to check unemployment in the province;

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) - (ب) اور (ج) تعداد حسب ذیل ہے :—

نمبر شمار	ایمپلائمنٹ ایکسچینج کا نام	تعداد رجسٹری ۱۹۵۳	تعداد ملازمین ۱۹۵۳
۱	لاہور ,, ,,	۳۹۶۰۵	۳۶۳۲
۲	سیالکوٹ ,, ,,	۱۰۰۸۲	۱۱۷۵
۳	راولپنڈی ,, ,,	۱۶۹۷۷	۱۷۸۶
۴	لائلپور ,, ,,	۹۳۶۸	۱۳۰۵
۵	ملتان ,, ,,	۱۱۹۷۴	۲۰۷۲
۶	جہلم ,, ,,	۷۲۸۷	۶۰۴
۷	سرگودھا ,, ,,	۶۴۲۸	۹۴۱
۸	منٹگمری ,, ,,	۴۷۲۳	۸۰۶
	کل تعداد	۱۰۶۴۴۴	۱۲۳۲۱

علاوہ ازیں گوجرانوالہ میں ایک ایمپلائمنٹ ایکسچینج کا دفتر بہت جلد کھولا جارہا ہے جو ۱۵ مارچ ۱۹۵۴ سے کام شروع کردیگا -

(د) نئے شہر بسانے - کارخانے اور ملیں اور محکمہ تعمیرات عامہ کے کاموں کو چلانے کی بہت سی تجاویز حکومت پنجاب کے زیر غور ہیں - ان کے بروئے کار آنے سے ملازمتوں کے لئے بہت سے نئے راستے عنقریب کھل جائیں گے-

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین - کیا روزگار کا دفتر حکومت نے ڈیرہ غازی خان میں بھی کھولا ہے یا نہیں-

وزیر - ابھی تک نہیں -

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین - کیا وہاں اس کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی گئی یا اس کے لئے کوئی میعاد مقرر ہے -

Mr. Speaker : Disallowed.

ملک مدد حیات خان - جناب والا - اسمبلی کا اجلاس ڈیرہ غازی خان میں کب ہوگا -

Mr. Speaker : Disallowed.

وزیر - نئے شہر بسانے - کارخانے اور ملیں اور محکمہ تعمیرات عامہ کے کاموں کو چلانے کی بہت سی تجاویز حکومت پنجاب کے زیر غور ہیں - ان کے بروئے کار آنے سے ملازمتوں کے لئے بہت سے نئے راستے عنقریب کھل جائینگے-

Rana Gul Muhammad Noon : For how long these schemes have been under the consideration of the Government?

وزیر - دو تین برس سے -

Rana Gul Muhammad Noon : When does the Government propose to finalise these schemes?

Minister : They are being finalised.

Rana Gul Muhammad Noon : How many of them have been finalised so far ?

وزیر - بہت سے کارخانے اس سال میں چل پڑینگے اور چند کارخانے دو تین سال میں -

Rana Gul Muhammad Noon : How many of these schemes were finalised during the last year ?

Mr. Speaker : Disallowed.

الحاج میاں حکیم خورشید احمد قریشی- کیا وزیر متعلقہ کسی کارخانے کا نام بتا سکتے ہیں جو اس سال میں جاری ہوا ہو -

Mr. Speaker : Disallowed.

الحاج میاں حکیم خورشید احمد قریشی- کیا وزیر متعلقہ کو معلوم ہے کہ بعض محکمے ایمپلائیمنٹ ایکسچینج کو مطلع کئے بغیر ہی ملازم بھرتی کر لیتے ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

TEXTILE MILLS OWNED BY NON-PAKISTANIS

***2411. Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the number of Textile Mills working in the Province owned by Non-Pakistanis ;

(*b*) the total yardage of cloth produced by each one of them ;

(*c*) the annual profit earned by each one of them during the year 1952-53?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) دو-

(ب) لائلپور کاٹن ملز لائلپور — تین کروڑ پانچ لاکھ انیس ہزار آٹھ سو چوبیس گز -

ستلج کاٹن ملز اوکاڑہ — دو کروڑ چھیاسی لاکھ انیس ہزار سات سو اکتیس گز -

(ج) لائلپور کاٹن ملز — چوالیس لاکھ اٹھاسی ہزار سات سو چورانوے روپے انکم ٹیکس وضع کرنے کے بعد منافع -

ستلج کاٹن ملز — ایک کروڑ پندرہ لاکھ روپے منافع جس میں سے انکم ٹیکس وضع کیا جاتا ہے -

CONTROL ON PRICES OF LOCALLY MANUFACTURED TEXTILES

*2637. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Hon'ble Chief Minister be please to state :—

(*a*) the steps taken by Government to control and reduce the prices of locally manufactured textiles, besides the offer of voluntary reduction by manufacturers ;

(*b*) whether it is a fact that the promised reduction in prices has not been effected in respect of the cloth being manufactured in the Province ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی): (الف) کیونکہ کپڑے کے کارخانہ جات مرکزی حکومت کے ماتحت ہیں - اسلئے وہی حکومت سودیشی کپڑے پر کنٹرول اور اس کی قیمتوں میں کمی کرنے کی مجاز ہے - حکومت پنجاب مرکزی حکومت سے پر زور مطالبہ کرتی رہی ہے- کہ سودیشی کپڑے کی قیمت اور تقسیم پر پورا پورا کنٹرول کیا جاوے -

(ب) جی نہیں - ٹیکسٹائل کمشنر - حکومت پاکستان - وزارت صنعت - سودیشی کپڑے کی قیمتیں اس حساب سے مقرر کر رہے ہیں - جو کہ ۱۹۵۳ء کی پہلی سہ ماہی میں رائج تھیں -

---

DISTRIBUTION OF QUOTA OF COTTON YARN

*2738. **Sheikh Muhammad Saeed :** Will the Hon'ble Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the date on which quota of cotton yarn for the month of November 1953, was distributed among—

(*i*) the Co-operative Societies of the Jhang District ;

(*ii*) individual loom owners of Jhang District;

(*b*) the quantity of cotton yarn due to those mentioned in (*a*) above per mensem, and the quantity issued to them;

(*c*) the reasons for delay; if any, in the supply of cotton yarn to the local weavers of the Jhang district and the action Government propose to take to prevent such delays in future?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی): (الف) ضلع جھنگ کے کواپریٹو سوسائٹی کے ممبران اور غیر ممبران کو ماہ نومبر کے سوت کا کوٹہ دسمبر میں تقسیم کرنا شروع کیا اور فروری ۱۹۵۴ء کے شروع میں ہی مکمل کر دیا گیا جس مہینہ کا کوٹہ تقسیم ہونا ہو اسے مکمل کرنے میں عموماً ایک - دو ماہ صرف ہو جاتے ہیں - ٹیکسٹائل کمشنر کراچی سارا مہینہ سیلز آرڈر (Sales Order) بھیجتے رہتے ہیں - پنجاب - بہاول پور- خیر پور کی ملوں اور کراچی کے درآمد کرنے والوں سے یہ کوٹہ اٹھایا جاتا ہے اور پھر پنجاب کے مختلف اضلاع میں بھیج دیا جاتا ہے- اور پھر کچھ وقت تقسیم کے انتظامات کرنے میں ضلع میں درکار ہوتا ہے نومبر ۱۹۵۳ء میں جھنگ کے خریداروں نے سوت کی اس قسم کو جو کہ اس

جگہ موجود تھی خریدنا منظور نہ کیا اور پھر انتظامیہ اور مالی مشکلات کی وجہ سے کواپریٹو بنک جھنگ تمام کوٹہ وقت پر نہ اٹھا سکا لہذا نومبر کے مہینے کی تقسیم نے تمام وقت سے کچھ زیادہ وقت لیا -

(ب) کواپریٹو سوسائٹیوں کے ممبران کی ہر مہینہ کی ضرورت ۵۰ء گانٹھیں ہیں اور غیر ممبران کی ماہانہ ضرورت ۲۲۵ گانٹھیں ہیں ان کی پوری مقدار تقسیم کر دی گئی -

(ج) تاخیر کی وجہ اوپر بیان کر دی گئی ہے اور آئندہ تاخیر کو روکنے کے لئے کواپریٹو بنکوں کو ہدایت کر دی ہے کہ کوٹہ اٹھانے میں عجلت سے کام کرلیں -

شیخ محمد سعید : کیا حکومت اس امر پر غور کرنے کے لئے تیار ہے کہ کواپریٹو بنکوں کی بجائے کسی اور کو کوٹا دے دیا جائے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : ضرور -

شیخ محمد سعید : کیا حکومت ایسی صورت میں سوت کو decontrol کرنے کے لئے مرکزی حکومت سے سفارش کرنے کو تیار ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : ضرور -

EMOLUMENTS PAID TO CHAUDHRI FAZAL ILAHI COUNSEL IN PUNJAB DISTURBANCES COURT OF INQUIRY

***2740. Sheikh Muhammad Saeed :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state whether the total amount of emoluments paid or payable up to 20th February, 1954, to Chaudhri Fazal Ilahi counsel for the Punjab Government in the Punjab Disturbances Court of Inquiry ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) : چودھری فضل الٰہی وکیل پنجاب گورنمنٹ تحقیقاتی عدالت کی کل تنخواہ ادا شدہ یا قابل ادائیگی از یکم جولائی ۱۹۵۳ء تا ۲۰ فروری ۱۹۵۴ء مبلغ ۳۶,۷۷۰/- روپے ہے -

قاضی مرید احمد : کیا ان کو ماہوار تنخواہ دیجاتی ہے یا پیشی کے حساب سے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : مفصل جواب دیدیا گیا ہے -

Mr. Speaker : The hon'ble member wants to know whether it is his salary or he has been paid on the basis of daily fee ?

پارلیمنٹری سیکرٹری : جہاں تک مجھے معلوم ہے پیشی کے حساب سے دیجاتی ہے -

قاضی مرید احمد : یومیہ کتنے روپے دئے جاتے ہیں؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : یہ مجھے معلوم نہیں - دریافت کرنے پر بتایا جا سکتا ہے -

الحاج میاں حکیم خورشید احمد قریشی : کیا انہیں حکومت کا وکیل مقرر کرنے سے پہلے ہی ان سے اس امر کا فیصلہ کر لیا گیا تھا کہ انہیں اتنی رقم دیجائیگی ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

قاضی مرید احمد : چودھری فضل الٰہی کتنے دن عدالت میں پیش ہوتے رہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری : آپکو اچھی طرح معلوم ہے-

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین : کیا آئندہ سشن میں آپ مفصل طور پر بتا سکتے ہیں کہ —

صاحب سپیکر : جو کچھ آپ مفصل پوچھنا چاہتے ہیں اس کا نوٹس دیجئیے -

شیخ محمد سعید : اس معاوضے میں ان کی کون کونسی خدمات شامل ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, what were the qualifications which were considered by the Government when he was appointed counsel for the Crown?

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Amir Hussain Shah: Is it a fact that he was appointed a Government counsel because he changed side at the right time ?

Mr. Speaker : Disallowed.

TERMINATION OF THE SERVICES OF CERTAIN EMPLOYEES OF PUNJAB COLD STORAGE, BAGHBANPURA

***2636. Mian Abdul Bari:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state whether it is a fact that 30 employees of the Punjab Cold Storage, Baghbanpura were served with notices for the termination of their services from the 31st December 1953; if so, the reasons therefor ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Yes, because the term of allotment of this storage in favour of the Agriculture Department expired on the 31st December, 1953.

ELECTRICITY AT CHICHOLKI MALLIAN

***1868. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*)whether any scheme for generating electricity at Chichoki Mallian was submitted for approval to the Centre; if so, the date of its submission;

(*b*) the date when approval to the said scheme was received?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) : (الف) جی ہاں ۔ چیچوکی ملیاں ہائیڈرو الیکٹرک سکیم کا تخمینہ مرکزی حکومت کو مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۵۳ء کو بھیجا گیا تھا ۔

(ب) مرکزی حکومت کی منظوری مورخہ ۱۸ نومبر ۱۹۵۳ء کو موصول ہوئی ۔ یہاں ایک ڈویژن کھول دیا گیا ہوا ہے ۔ جو اس پراجیکٹ کے ابتدائی کاموں کی تکمیل میں مشغول ہے۔

BUND ON RIVER 'CHENAB' AT AKHNOOR

***2739. Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether the Government is aware of the fact that Indian Government have constructed a Bund on River 'Chenab' at Akhnoor ;

(*b*) whether the Government have studied the effects and implications of such a Bund on Chenab; if so, its direct effect on the Punjab (Pak) Canals;

(*c*) the measures adopted to meet the adverse effect of this construction ;

(*d*) whether the Punjab Government have requested the Federal Government of Pakistan to take up this matter with the Indian Government; if so, the results thereof ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) : (الف) بمقامی اخبارات میں اس قسم کی ایک خبر شائع ہوئی تھی ۔ اس کے علاوہ اور کسی ذریعے سے گورنمنٹ کو یہ خبر موصول نہیں ہو سکی ۔ اصل صورت حال معلوم کرنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

(ب) جواب الف کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) جواب الف کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(د) جواب الف کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

شیخ محمد سعید : کیا گورنمنٹ نے اس خبر کی تصدیق کرنے کے لئے خود کوئی اقدام نہیں کیا ؟

وزیر : عرض کر دیا گیا ہے کہ مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

Syed Amir Hussain Shah : Is it a fact that if the Government takes such a long time in verifying this; the damage may have been done by the time they verify it ?

وزیر : اخبارات میں صرف یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ سیالکوٹ کے ضلع میں ایک بند بنایا گیا ہے ۔ جو صرف لکڑی کو روکنے کے لئے بنایا گیا ہے کسی اور مقصد کے لئے نہیں بنایا گیا ۔

شیخ محمد سعید : کیا وزیر متعلقہ کو معلوم ہے کہ اس بند کی تعمیر سے ہمیں کیا نقصانات ہونگے ؟

وزیر : پہلے یہ دریافت کیا جاتا ہے ۔ کہ آیا اس قسم کا بند بنایا بھی گیا ہے جس سے ہمیں نقصان ہو ۔

Syed Amir Hussain Shah : Sir, why cannot the Honourable Minister for Public Works be definite about it? This is such an important matter.

Mr. Speaker : About what ?

Syed Amir Hussain Shah: About whether the bund has been constructed or not. He has said that probably it is this and probably it is that.

Minister : I have said that we are trying to find out.

Rana Gul Muhammad Noon *Alias* Rana Abdul Aziz Noon : When did it come to the notice of the Government that this bund was being constructed ?

Minister : We only read it in the papers.

CROPS DAMAGED BY WATER-LOGGING IN MIANA GONDAL POLICE STATION

***2766. Chaudhri Wali Muhammad Bosal** : Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) the number of cultivators in Sanda, Lokri Mussallian, Gotian and Chak No. 49 villages situated in the south of Miana Gondal Police Station in Phalia tehsil of the Gujrat district whose standing Kharif crops of sugarcane, cotton, Jowar, millet, etc., were damaged by waterlogging caused due to heavy rains during the last summer seasons and the action taken on the applications made and the information supplied by them to the authorities of the Department concerned ;

(*b*) whether it is a fact that the houses situated in villages and 'deras' of several persons collapsed due to waterlogging and collecting of rain water in the low lying areas ; if so, their number;

(*c*) whether the Government is taking any steps to reclaim the waterlogged lands and to prevent lands from being waterlogged in future in the above mentioned villages which are situated adjacent to the Lower Jhelum ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) : (الف) ہر دیہہ کے لئے مطلوبہ اعداد دو شمار کا گوشوارہ میز پر رکھدیا گیا ہے ۔ البتہ مجموعی طور پر سب دیہات میں ۶۳۲ ایکڑ کے لئے معافی کی درخواستیں دی گئیں ۔ جن میں سے ۴۵۵ ایکڑ یعنی ۷۲ فی صد رقبہ کو معافی دی گئی ۔ اس طرح کل ۲۶۸ کاشتکاروں نے معافی کے لئے درخواستیں دیں جن میں سے ۱۹۶ یعنی ۷۳ فیصد کاشتکاروں کو معافی دی گئی ۔ کل رقم معافی ۴,۳۴۹/-/- روپے ہے ۔

(ب) اس قسم کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی - اطلاع مہیا کی جا رہی ہے -

(ج) اس علاقہ کی اصلاح کے لئے ایک پمپ میانہ گوندل میں تقریباً ۲۵,۰۰۰/- روپے سالانہ کے خرچ پر چلایا جا رہا ہے - گذشتہ سال اس پمپ کی عمدہ کارکردگی کے باعث اس علاقہ کو کافی فائدہ پہنچا -

---

CANAL IRRIGATED AREA IN THE PROVINCE

***1869. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total canal irrigated area in the Province;

(*b*) the area irrigated by perennial canals;

(*c*) the area irrigated by non-perennial canals;

(*d*) the area irrigated by inundation canals ?

آنریبل مسٹر مظفر علیخاں قزلباش : (الف) صوبے کا کل رقبہ نہری آبپاشی - ۱۳,۱۵,۱۳,۶۲۹ ایکڑ

(ب) دوامی انہار کے زیر آبپاشی رقبہ - ۹,۷۳,۳۳,۷۲۷ ایکڑ

(ج) غیر دوامی انہار کے زیر آبپاشی رقبہ - ۱۱,۳۳,۸۰۸ ایکڑ

(د) طغیانی انہار کے زیر آبپاشی رقبہ - ۶,۳۶,۳۳۹ ایکڑ

یہ رقبہ جات برائے سال ۵۳-۱۹۵۲ء ہیں —

AREA OF CROWN LANDS IN THE PROVINCE

***1870. Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total area of crown lands in the Province;

(*b*) the crown land area irrigated by perennial canals;

(*c*) the crown land area irrigated by non-perennial canals;

(*d*) the crown land area irrigated by inundation canals;

(*e*) the Barani crown area of land ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: I am sorry, Sir, the answer is not ready.

EJECTMENT OF TENANTS

***2721 Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total number of tenants ejected by the landowners in the Province since the enforcement of Agrarian Reforms;

(*b*) the number of tenants mentioned in (*a*) above who have so far been settled elsewhere and the time by which the remaining tenants are likely to be settled by Government ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : I regret the †answer to this question is not yet ready.

---

†See answer at page 544, Vol. VIII, No. 9.

OPENING OF ACCOUNTS SHOWING INCOME AND EXPENDITURE OF ABANDONED PROPERTIES

***2734. Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Rehabilitation Department have opened accounts in almost all the districts showing the income and expenditure of the abandoned properties of non-muslims in the rural areas of the Province;

(*b*) if the answer to (*a*) above be in affirmative, whether similar accounts have also been opened in respect of the abondoned properties in rural areas of the Gujrat district; if not, the reasons therefor ?

آنریبل مسٹر مظفر علیخان قزلباش : (الف) ہاں —
(ب) پہلا حصہ ۔ ہاں
دوسرا حصہ ۔ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

ALLOTMENT OF CROWN LAND TO LOCALS AND REFUGEES

***2769 Maulvi Muhammad Islam-ud-Din :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total area of arable Crown land in the Province and the district-wise total area thereof allotted to Muslim refugees ;

(*b*) the district-wise total area of crown lands allotted to local Muslim tenants ;

(*c*) the district-wise total area of Crown land allotted to Christian tenants;

(*d*) the district-wise total area of Crown land allotted to Co-orperative Farming Societies in the Punjab ;

(*e*) the total area of Crown land allotted in the Province under the eight acres per family scheme and the district-wise total thereof?

(*f*) the total area of Crown land allotted at the rate of 12½ acres per pair of bullocks, under the supervision of the Farming Societies ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: I regret the †answer is not ready.

TRANSFER OF CLAIM-FORMS TO TEHSIL VEHARI

***2770. Maulvi Muhammad Islam-ud-Din :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the total number of claim-forms transferred to Tehsil Vehari from other districts and the total area allotted in consequence thereof ;

(*b*) the total number of claim-forms of the allottees and non-allottees belonging to Tehsil Vehari against which no area has been allotted ;

(*c*) the total number respectively of claim-forms against which :—

(*i*) partial allotment of land has been made in Tehsil Vihari ;

(*ii*) full allotment has been made in the same Tehsil, and

(*iii*) no allotment has been made at all ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خان قزلباش : مجھے افسوس ہے
کہ اس کا جواب ابھی تیار نہیں ہوا ۔

†See answer at page 544, Vol. VIII, No. 9.

BUILDING OF JARANWALA GOVERNMENT HIGH SCHOOL

***2540. Mian Abdul Bari :** Will the Hon'ble Minister of Education be pleased to state the reasons for stopping the construction of the Building of Jaranwala Government High School after raising the walls to a height of only three or four feet from the ground plinth ?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (خدیجہ بیگم جی - اے - خان) : محکمہ تعمیرات عامہ نے مطلع کیا ہے کہ تعمیری کام میں کچھ تکنیکی وجوہات کی بنا پر تعطل پیدا ہو گیا تھا - جو رفع ہو گیا ہے اب کام بدستور جاری ہے اور وقت مقررہ پر ختم ہو جائیگا -

Syed Amir Hussain Shah: What were those technical obstacles she has mentioned?

وزیر : محکمہ پی - ڈبلیو - ڈی نے تھوڑے عرصہ کیلئے کام بند کر دیا تھا - مولوی صاحب نے سمجھا شاید ہمیشہ کیلئے بند کر دیا گیا ہے وہاں اب کام جاری ہے -

قاضی مرید احمد : محکمہ پی - ڈبلیو - ڈی نے کس لئے کام بند کیا تھا ؟

CHRISTIAN EMPLOYEES OF THE EDUCATION DEPARTMENT

***2715. Mr. C. E. Gibbon :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state the names with designations and the number of years of service of the Christian employees of the Education Department, Punjab, who have resigned the service from August, 1947 to date, and the reasons given in each case ?

پارلیمنٹری سیکرٹری خدیجہ (بیگم جی - اے - خاں) : مجھے افسوس ہے کہ اس سوال کا جواب ابھی تیار نہیں ہے -

---

PLAN FOR THE IMPROVEMENT OF MENTAL AND MORAL HEALTH OF YOUNGER GENERATION

***2752. Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether the Government have drawn up any plan for the improvement of mental and moral health of the yonger generation ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی - اے - خاں) : مدارس میں بچوں کے نصاب تعلیم پر اسطرح سے نظر ثانی کی گئی ہے کہ ایسے مضامین شامل کئے جائیں جن میں طلبا کی ذہنی و اخلاقی ترقی پر زور دیا گیا ہو - اسی طرح دیگر مشاغل اور جسمانی تعلیم کا بھی اہتمام ہو جو بچوں کے زمانہ تدریس کا نمایاں جزو ہیں مقصد یہ ہے کہ انکی ذہنی اور اخلاقی صلاحیتوں کو اجا گر کیا جائے

DEPARTMENT OF ISLAMIAT, PUNJAB

***2768. Maulvi Muhammad Islam-ud-Din :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state :—

(*a*) whether the Government intend to abolish or intorduce changes in the Department of Islamiat, Punjab ;

(*b*) the total expenditure incurred by this department up-to-date on propagation of Islamic learning and compilation and translation of the works thereon;

(*c*) the total number of books published so far by this department?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی - اے - خان) (الف) محکمہ اسلامیات میں بعض ضروری تبدیلیاں کی گئی ہیں اور اس کی اصلاح آئندہ بھی جاری رہے گی -

(ب) - بنیادی اصولوں کی کتابیں فراہم کرنے پر ۳۰,۰۰۰,۰۰ روپیہ اور کتابوں کے ترجمہ پر ۱۸,۸۳۰ روپیہ خرچ کیا جا چکا ہے -

(د) - محکمہ نے پانچ پمفلٹ مفت تقسیم کئے ہیں -

مولوی محمد اسلام الدین : کیا محکمہ اسلامیات میں تبدیلیاں نشرو اشاعت کی وجہ سے ہوئی ہیں -

Mr. Speaker : Disallowed.

CHANGING THE NAME OF NISHTAR HOSPITAL, MULTAN TO FIROZ KHAN NOON HOSPITAL

***2639 Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that the name of the Nishtar Hospital at Multan has been changed or is proposed to be changed to Feroz Khan Noon Hospital ; if so, the reasons for the change or proposed change ?

آنریبل مخدوم زادہ الحاج پیرسید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی : جی نہیں - ہسپتال ہنوز زیر تعمیر ہے اس لئے اس کو منسوب کرنے کا سوال فی الحال پیدا نہیں ہوتا تا ہم نشتر میڈیکل کالج کی ایڈ وائزری کمیٹی نے ایک ریزولیشن کے ذریعہ اسی ہسپتال کا نام فیروز خاں نون ہسپتال تجویز کیا تھا مگر عزتمآب وزیر اعلےٰ پنجاب نے اس ہسپتال کو اپنے نام سے منسوب کرنے کی اجازت نہیں دی -

Syed Amir Hussain Shah : Sir, would it not be better if this hospital were named the Chief Minister's Hospital so that the need for changing the name after every change of Ministry does not arise ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister of Health be pleased to state whether there is any hospital in Multan which is to be named the Firoz Khan Noon Hospital?

Minister : No.

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون : مینڈا سائین میکو ڈسے سون (قہقہہ)

صاحب سپیکر : ملتانی میں بولنے کی اجازت نہیں ۔ آپ انگریزی یا اردو میں سوال پوچھئے ۔

HOSPITALS FOR WOMEN IN LYALLPUR DISTRICT

***2728. Chaudhri Aziz Din :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state the number of hospitals for women in the Lyallpur district run by the Government ?

آنریبل مخدوم زادہ الحاج پیر سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی : ضلع لائل پور میں حالصتاً گورنمنٹ کا کوئی ہسپتال موجود نہیں شہر لائل پور میں دو پرائیویٹ ہسپتال موجود ہیں جن کو گورنمنٹ گرانٹ دیتی ہے علاوہ ازیں پانچ اور ہسپتالوں میں علیحدہ زنانہ سیکشن کام کر رہے ہیں ۔ یہ پانچ ہسپتال گورنمنٹ کی امداد سے چل رہے ہیں۔ گورنمنٹ بھی ایک بڑا ہسپتال لائل پور میں بنا رہی ہے جس میں شروع میں ۱۲۵ Beds ہوں گے ۔ جو بعد میں اڑھائی سو تک بڑھا دئے جائیں گے اس ہسپتال میں باقاعدہ زنانہ وارڈ ہوں گے ۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین : جناب والا ۔ جو اعداد و شمار ہسپتالوں کے بنانے کے لئے پیش کئے گئے ہیں کیا یہ مغربی پاکستان کے لئے مکتفی ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

BUILDING OF JARANWALA HOSPITAL

***2129. Chaudhri Aziz Din:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state whether it has been brought to his notice that the building of the Jaranwala Hospital is not in a good condition ; if so, whether any steps have so far been taken for its reconstruction and if no steps have been taken, the reasons therefor?

آنریبل مخدوم زادہ الحاج پیر سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی : جڑانوالہ میں دو ڈسپنسریاں ہیں ۔ ایک محکمہ نہر کی اور دوسری ڈسٹرکٹ بورڈ کی ۔ نہری ڈسپنسری کی بلڈنگ بوسیدہ ہے محکمہ نہر اس ڈسپنسری کو بہتر بنانے کیلئے شہر کے باہر منتقل کرنے کی تجویز پر مناسب کارروائی کر رہا ہے ڈسٹرکٹ بورڈ کی ڈسپنسری ایک تنگ دکان میں واقع ہے ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ کو تاکید کی گئی ہے کہ اس کو ایک کشادہ مکان میں منتقل کر دیا جائے ۔

ADMISSION TO KING EDWARD MEDICAL COLLEGE, LAHORE, NISHTAR MEDICAL COLLEGE, MULTAN, AND THE MEDICAL SCHOOL, LAHORE

***2749. Chaudhri Aziz Din :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the district-wise number of students admitted in the first year classes in (*i*) King Edward Medical College, Lahore ; (ii) Nishtar Medical College,

Multan; and (*iii*) the Medical School, Lahore, during 1953 and 1954 with their qualifications and marks obtained by them in their last University Examination and the qualifications and marks obtained by the other applicants who were refused admission in these institutions ;

(*b*) whether it is a fact that district-wise quotas were fixed for admission of students to the Nishtar Medical College, Multan and the Medical School, Lahore ; if so, the details of such quotas and the reasons for doing so ?

آنریبل مخدوم زادہ الحاج سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی : کوائف ۔ مطلوبہ فراہم کئے جارہے ہیں ۔ تیار ہو جانے پر آنریبل ممبر کو بھیج دئے جائیں گے ۔

PROGRAMME FOR PLANNED PARENTHOOD

***2753. Mian Manzoor Hassan** : Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the rate of infant mortality in the Province ;

(*b*) whether the Government have promoted any programme for planned parenthood in this Province, in order to reduce infant mortality in the Punjab, if not, the reasons therefor;

(*c*) whether it is a fact that most of the school-going children are suffering from one or the other malady ;

(*d*) whether the Government have drawn up a scheme for medical inspection and relief for every school-going child in the Punjab ; if not, the reasons therefor?

آنریبل مخدوم زادہ الحاج پیر سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی :(الف) شرح اموات اطفال برائے ۱۹۵۲ء ۱۰۹ ہے ۔ یعنی ایک ہزار اطفال میں جن کی عمر ایک سال تک تھی ۱۰۹ اموات واقع ہوئیں ۔

(ب) بچوں کی منظم پرورش اور دیکھ بھال کے لئے کوئی لائحہ کار زیر عمل نہیں البتہ زچہ و بچہ کی بہبودی کے لئے ایک ایسا نظام موجود ہے ۔

انتہائی قدامت پسندی (کوتاہ نگاہی) کے باعث عوام ایسی تحریک کو بخوشی لبیک کہنے کو تیار نہیں ۔ پاکستان فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن نے جو تھوڑے عرصے سے قائم ہوئی ہے ۔ اس اقدام کے لئے عوام میں ساز گار ماحول پیدا کرنے کا کام شروع کر دیا ہے ۔ جسکے حصول پر حکومت اس ضمن میں حتی‌الوسیع امداد دینے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

(ج) یہ درست نہیں ۔

(د) یہ درست ہے ۔ متعلقہ منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے ۔ اس منصوبہ کی کار کردگی میں UNICF بین الاقوامی بچوں کے ہنگامی فنڈ کے شعبہ کے بھی پورے تعاون کا وعدہ کیا ہے ۔ یہ منصوبہ صوبائی حکومت کے ذریعہ ناظم تعلیمات

عام کو روانہ کر دیا گیا ہے ۔ تاکہ ناظم مذکور منصوبے پر اخراجات کا اندازہ کرے اور جب یہ منصوبہ تیار ہو جائے ۔ تو ناظم محکمہ صحت کی نگرانی میں اس پر عمل درآمد ہو—

میاں منظور حسن : منصوبہ کی منظوری کی کب تک توقع ہے ؟

وزیر : کوشش کی جا رہی ہے جلدی ہی ہو جائیگی ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdul Aziz Noon** : Will the Honourable Minister of Health please say whether it is a fact that most of the diseases in the Province are particularly due to mal-nutrition ?

وزیر : یہ کسی حد تک صحیح ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdul Aziz Noon** : What steps the Government has taken to overcome the problem of mal-nutrition ?

وزیر : اس کے لئے ایک سکیم تیار کر رہے ہیں ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdul Aziz Noon** : What is that scheme.

Mr. Speaker : That requires fresh notice.

LADY DOCTORS

***2754. Mian Manzoor Hassan** : Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the number of qualified lady doctors in the Province;

(*b*) the number of lady doctors in Government employment;

(*c*) the number of qualified lady health-visitors in the Punjab and the number of those among them who are in Government Service ;

(*d*) whether the strength of lady doctors or health-visitors is sufficient to cope with the needs of the public; if not, the steps the Government propose to take in this direction ?

آنریبل مخدوم زادہ سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی :

(الف) ۲۲۸ - (ب) ۷۰ - (ج) (i) ۱۲۱—(ii) ۹۸—

(د) گورنمنٹ ملازمت میں لیڈی ڈاکٹروں کی تعداد منظور شدہ تعداد کے مطابق ہے ۔ اور ہر آسامی پر تقرری ہو چکی ہے ۔ لیکن یہ تعداد کل آبادی کے لئے ناکافی ہے ۔ لڑکیاں کافی تعداد میں صوبہ کے طبی کالجوں میں زیر تربیت ہیں اور توقع کی جاتی ہے کہ چند سالوں میں یہ کمی پوری ہو جائے گی ۔

۲ — لیڈی ہیلتھ وزیٹروں کی تعداد صوبہ کے عوام کی ضروریات پورا کرنے کے لئے ناکافی ہے ۔ گورنمنٹ کوشش کر رہی ہے کہ جونہی مالی حالت اجازت دے ۔ پنجاب میں اور زیادہ زچہ اور بچہ کیلئے معاون صحت مراکز کھولے جائیں اور ان میں لیڈی ہیلتھ وزیٹروں کو تعینات کر دیا جائے ۔

جہاں آرا بیگم شاہنواز : آنریبل وزیر صاحب نے ابھی ارشاد فرمایا ہے کہ وہ اس امر سے اتفاق کرتے ہیں کہ لیڈی ڈاکٹروں کی تعداد کم ہے ۔ اس لئے میں یہ پوچھتی ہوں کہ کیا یہ ضروری نہیں کہ باہر سے تین سال کے Contract پر لیڈی ڈاکٹرز منگوا لی جائیں کیونکہ عورتوں کو طبی امداد نہ ملنے کے باعث بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

وزیر : ہمارے فنڈز اتنی اجازت نہیں دیتے کہ ہم باہر سے امپورٹ کریں ۔

NON-PAKISTANI LIMITED CONCERNS

*2412. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema** : Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state the number of non-Pakistani Limited concerns, other than Textile Mills working in the Punjab and their specifications ?

آنریبل شیخ مسعود صادق : (الف) — ۱۷۲

(ب) —

کلاس	نمبر
۱—بینکنگ	۲۰
۲—انشورنس	۳۰
۳—تجارت و خانہ داری	۷۹
۴—ملیں اور پریس	۳
۵—کان کنی وغیرہ	۸
۶—جائیداد زمین و عمارت	۲
۷—ہوٹل ۔ تھیٹر و تفریحات	۲۲
۸—متفرق	۸

۱۷۲

WOOLLEN TEXTILE MILLS

*2413. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema** : Will the Hon'ble Minister of Industries be pleased to state the number of woollen textile mills working in the Punjab at present and their total annual output ?

آنریبل شیخ مسعود صادق : (الف) — ۵

(ب) ۱,۲۰,۰۰۰ کمبل یا ۳,۰۰,۰۰۰ گز کپڑا — جرابیں ۔ سویٹر — دھاگہ — وغیرہ جسکی قیمت تقریباً ۱۲,۰۰,۰۰۰ روپیے سالانہ ہوتی ہے —

TERMINATION OF SERVICES OF INDUSTRIAL WORKERS

***2635. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state the number of industrial workers of various industrial concerns in the Province under the direct control of the Government, who were served with notices for the termination of their services during the current year and the reasons therefor?

آنریبل شیخ مسعود صادق : جواب تیار نہیں — تیار ہونے پر آنریبل ممبر کی خدمت میں پیش کر دیا جائے گا —

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker : I have received the following application from Mr. Muhammad Yar Khan, M. L. A. :—

> "Respectfully I beg to submit that today I received an urgent call from home and I am leaving Lahore today. It will be very difficult for me to come back. So please grant me leave for the remaining days of the present Session".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ADJOURNMENT MOTION

Mr. Speaker : I have received notice of an adjournment motion by Mr. C. E. Gibbon. But according to the rule that I have already laid down, no adjournment motion can be moved in the budget session. So it is ruled out of order.

Mr. C. E. Gibbon : May I draw your attention to Rule 132 (5)? It reads as follows :—

> "On the last day fixed for the voting of demands for grants the consideration thereof shall not be anticipated by a motion of adjournment or be interrupted in any other manner whatsoever, nor shall any dilatory motion be moved in regard thereto."

It is quite clear from this rule that it presupposes that adjournment motions are being moved and are allowed to be moved right up to the last day of the budget session. I request you to give your kind consideration to this rule.

Mr. Speaker : I have considered it and at present I do not see any reason for changing my ruling.

BUDGET—GENERAL DISCUSSION

Minister of Revenue (The Hon'ble Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash): Sir, I want to make a statement. Sir, I had not finished my speech yesterday when the House adjourned. I do not wish to take any more time of the House today. There were certain criticisms and certain points which were raised by honourable members and it should not be understood that they have gone unanswered. I would give a reply to them on the day which is meant for the Rehabilitation Department.

سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی (راولپنڈی — نمبر ۳ — مسلم) : جناب والا ۔ آنریبل وزیر خزانہ نے جو بجٹ پیش کیا ہے میں نے اس پر مختلف نقطہ ہائے نگاہ سے غور و فکر کیا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اس بجٹ میں جس کی آمدنی تئیس کروڑ بانوے لاکھ خرچ چوبیس کروڑ باون لاکھ اور خسارہ باسٹھ لاکھ بتلایا گیا ہے —

اس بجٹ میں مجھے اس سے بحث نہیں اور نہ ہی عوام کو اس کے ساتھ کوئی تعلق ہے کہ الفاظ کی جادو گری سے یا جمع تفریق کی شعبدہ بازی سے ملک کی قومی امنگوں کو پورا کیا جائے — بلکہ بجٹ کو دو تین پہلوؤں سے دیکھا جاتا ہے اور میں سب سے پہلے اس کے مستحسن پہلوؤں کا ذکر کروں گا — جس کے اندر وزیر خزانہ نے سیالکوٹ میں گورنمنٹ زنانہ کالج — راولپنڈی میں زنانہ کالج — ٹیکنیکل ہائی سکول جوہر آباد اور لائل پور مظفرگڑھ ہائی سکول تپ دق کا ہسپتال سرگودھا شاہدرہ میں فالین کی فیکٹری — یہ سب ایسے ادارے ہیں کہ جو عوام کے لئے مفید ہیں اور میں ان کے لئے گورنمنٹ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا — لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ گزارش کرونگا کہ ہمارے آنریبل وزیر خزانہ نے عنان اقتدار سنبھالتے ہی اپنے صوبہ کے عوام کے ساتھ کچھ وعدے کئے تھے۔ آنریبل ملک فیروز خان نون نے اپریل ۱۹۵۳ء میں برسراقتدار آتے ہی عوام کے ساتھ حسب ذیل وعدے کئے تھے اور عوام نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا تھا اور ہم نے انہیں خلوص قلب کے ساتھ اشتراک عمل کا اور تعاون کا یقین دلایا تھا اور آج تک اس پر عمل کر رہے ہیں :—

۱— پہلا وعدہ یہ تھا کہ حکومت صوبہ کو خوراک کے اعتبار سے خود کفیل بنائیگی —

۲—دولتانہ گورنمنٹ کی زرعی اصلاحات کو شریعت کے مطابق بنا کر ان کا نعم البدل عوام کے سامنے پیش کریگی —

۳—عمدہ فصل کے ساتھ ساتھ گندم کی قیمتوں میں کمی کی خوش خبری سنائیگی —

۴—جبری وصولی کی سکیم ختم کرکے بڑے زمینداروں سے گندم رضاکارانہ طور پر فراہم کی جائے گی —

۵—جو شخص ربیع یا خریف کی زیادہ فصل کاشت کریگا اس کو آبیانہ اور مالیہ معاف کر دیا جائیگا —

۶—کپاس کے زیر کاشت رقبہ میں دس فیصدی کمی کر دی جائیگی اور اس رقبہ میں اناج بویا جائے گا —

۷—عارضی پٹہ پر دی ہوئی زمینوں کا نیلام کیا جائیگا اور ان میں ٹیوب ویل لگائے جائینگے —

۸—بنجر زمینوں کو زیر کاشت لایا جائے گا —

۹—ریلوے لائینوں کے ارد گرد کی زمینیں ایک سال کے عارضی پٹہ پر دی جائینگی —

۱۰—ناجائز غلہ برآمد کرنے والوں کو گولی مار دی جائیگی۔

۱۱—غیر مزروعہ زمینوں کی کاشت نہ کی گئی تو حکومت انہیں اپنے قبضہ میں لیکر وہاں خود اناج کاشت کریگی۔

جناب والا—میں سب سے پہلے خوراک کا مسئلہ لیتا ہوں۔ میں اس حقیقت کا بہ صمیم قلب اعتراف کرتا ہوں کہ آنریبل ملک فیروز خاں نون وہ خوش بخت انسان ہیں کہ ان کے اقتدار کی باگ ڈور سنبھالتے ہی رحمت خداوندی کا سلسلہ شروع ہو گیا اور موسلا دھار بارشیں شروع ہو گئیں۔ مجھے اس حقیقت کا بھی احساس ہے کہ امریکہ کے آسمان سے بھی گندم برسنی شروع ہو گئی اور اس فراوانی سے برسی کہ بقول آنریبل وزیر خزانہ ہمارے خزانے بھربور ہو گئے اور ان میں مزید گندم رکھنے کی جگہ نہ رہی۔ بلکہ مرکزی گورنمنٹ سے ہماری گورنمنٹ نے یہ کہکر اور گندم لینے سے انکار کر دیا کہ ہمارے صوبے میں خوراک کی بڑی فراوانی ہے — لیکن اس کے باوجود اس صوبہ کے عوام اتنے بدنصیب ہیں کہ وہ باوجود اس فراوانی کے در مجلس کے اندر شدید صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں کہ گندم کی قیمت میں کمی کی جائے — اخبارات میں ''اناج سستا کیجئے،، کے چوکھٹے شائع ہوتے ہیں — لیکن ہمارے آنریبل وزیر خوراک ٹس سے مس نہیں ہوتے ان کے دل میں ذرہ بھر درد پیدا نہیں ہوتا — انہیں عوام کی مشکلات کا قطعاً احساس نہیں ہوتا۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ ان کے سینے کے اندر دل نہیں بلکہ پتھر کی سل ہے —

جناب والا۔ وزیر خزانہ یہ جانتے ہیں کہ ہمارے صوبہ کی عام اکثریت جو شہروں اور دیہات کے اندر آباد ہے اس کو تیرہ روپے پانچ آنے تین پائی کی قیمت کا کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ بلکہ اس

قیمت کا انہیں فائدہ پہنچتا ہے جو گندم فروخت کرتے ہیں - لیکن جو خرید کر کھاتے ہیں اور جنکی نوے فیصدی آبادی دیہات میں ہے اور چھ یا سات فیصدی شہروں میں ہے وہ اس قیمت کو ناقابل برداشت تصور کرتے ہیں — اس کے بعد دوسرا معاملہ —

ایک آواز—تعلیم کیلئے کاغذ کا بھی ذکر کر دیجئے —

سید غلام مصطفے شاہ خالد گیلانی — میرے دوست کہتے ہیں کہ تعلیم کے لئے کاغذ کا بھی ذکر کر دیجئے - بہت بہتر - جناب والا - آنریبل وزیر خزانہ نے اس بجٹ کے اندر تعلیم کیلئے ساڑھے چار کروڑ روپیہ وقف کیا ہے - تمام حضرات جو تھوڑا سا بھی شعور رکھتے ہیں جانتے ہیں کہ اس ساڑھے چار کروڑ کی رقم کا ۷۰ فیصدی حصہ صرف انتظامی امور پر خرچ ہوتا ہے اور باقی ۳۰ فیصدی تعلیم پر خرچ ہوتا ہے - تعلیم کا نقشہ میں ابھی آپ کے سامنے پیش کروں گا - کہ آپ اپنی لوکل باڈیز کی وساطت سے اور اپنے محکمہ تعلیم کی وساطت سے تعلیم پر اتنی کثیر رقم خرچ کرتے ہیں جس پر آپ اس قدر اتراتے ہیں لیکن حالت یہ ہے کہ دیہات کے اندر مڈل فیل اور مڈل تک تعلیم رکھنے والے اساتذہ ہماری نئی پود کے مستقبل کو تاریک کرنے کے ذمہ دار ہیں - عمارتوں کی حالت یہ ہے جیسا کہ لاہور کی مثال آپ کے سامنے ہے کہ دو سکولوں کی چھتیں گر گئیں اور بہت سے بچے ان سے شدید طور پر زخمی ہوئے - الغرض عمارتوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے - عملہ کی حالت ناگفتہ بہ ہے - اور تعلیم کے نتائج اتنے حوصلہ شکن اور اتنے افسوس ناک ہیں کہ ہماری حکومت ساڑھے چار کروڑ روپے کی رقم خرچ کرنے کے بعد بھی اس پر فخر نہیں کرسکتی - اس لئے جب تک اس طریقہ تعلیم کے اندر - جب تک نصاب کے اندر تبدیلی نہیں کی جائیگی - جب تک تعلیم کیلئے عمارتیں مہیا نہ کی جائیں گی - جب تک اساتذہ کیلئے آسانیاں مہیا نہ کی جائینگی اور جب تک طلباء اور طالبات کیلئے ضروریات تعلیم مہیا نہ کی جائینگی اور تجربہ کار اساتذہ مہیا نہ کئے جائینگے یہ تمام رقم سالہا سال تک ضائع کرتے رہنے سے بھی ہمارے ملک میں تعلیمی ترقی نہیں ہوگی - (خوب-خوب) اگر آپ ابتدائی تعلیم کو مفید اور جبری کردینگے تو میرے خیال میں ایک ضرورت پوری ہو سکتی ہے لیکن وہ بھی اس صورت میں کہ اس کا انتظام حکومت اپنے ہاتھ میں رکھے اور اسے خوش اسلوبی سے چلائے —

اس کے علاوہ میں عدلیہ اور انتظامیہ کے متعلق یہ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ جب ہمارے وزیر اعلےٰ نے یہ اعلان کیا تو اس سے سارے صوبہ کے اندر مسرت اور انبساط کی لہر دوڑ گئی۔ لیکن جب ٹھنڈے دل سے اس کا جائزہ لیا تو ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہ عدلیہ اور انتظامیہ کی علیحدگی کا ڈھونگ اس وقت تک ایک سراب کی حثیت رکھتا ہے اور یہ ایک عظیم‌الشان سکینڈل اور دھوکا ہے جب تک اس کو کاپیتا ھائی کورٹ کے ماتحت نہ کر دیا جائے۔ آج کیفیت یہ ہے کہ ہمارے ارباب اختیار کی ٹیلیفونیں ان کے فرائض کی انجام دھی میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں جو افسران ان کی ٹیلیفونوں کی تعمیل نہیں کرتے خواہ وہ کسی ہی محکمہ سے کیوں نہ تعلق رکھتے ہوں۔ خواہ وہ کتنے ہی ایماندار اور دیانتدار اور فرض شناس کیوں نہ ہوں ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا جاتا۔ (قطع کلامیاں)۔

ایک آواز — جناب والا۔ ان کی آواز بہت کمزور ہے اس لئے ان کو مائیکروفون دیدیا جائے —

صاحب سپیکر — آرڈر۔ آرڈر —

سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی — آپ بھی کھایا پیا کریں۔ اس سے آواز بلند ہوتی ہے۔ بہر کیف اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو دیانتدار افسر ہیں ان کی حوصلہ افزائی اس رنگ میں ہوتی ہے کہ ان کو ہر وقت بوریا بستر باندھے تبدیلیوں کے لئے، کمر بستہ رہنا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس جو افسران بد دیانت ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے —

صاحب سپیکر — آپ کا وقت ختم ہوچکا ہے —

سید غلام مصطفےٰ شاہ خالد گیلانی — میں صرف یہ کہہ کر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ

ظالم ظالم کیلئے وحہ فنا ہوتا ہے
زیردستوں کا مددگار خدا ہوتا ہے

صوبیدار رانا امیر علی خان — جناب والا۔ کیا میں آپ کی وساطت سے وزیر اعلےٰ سے ایک سوال پوچھ سکتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کیا انہوں نے اس سال بھی بلیک مارکیٹ سے کاغذ خریدنے کیلئے بجٹ میں کوئی گنجائش رکھی ہے ؟

چودھری محمد شفیق (منٹگری - ۳ - مسلم - مخصوص نشست) :
جناب صدر - اس بجٹ پر کچھ کہنے سے پیشتر میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر حزب اختلاف کی طرف سے اس بجٹ کو ذرا باریک بینی سے دیکھا جاتا تو ان کو اس میں ایک آزاد ملک کے بجٹ کی کچھ جھلک ضرور نظر آ جاتی (خوب — خوب) (آوازیں — آپ اپنی پہلی باتیں بھول گئے ہیں) جناب والا - میں نے اس بجٹ کیلئے لفظ جھلک استعمال کیا ہے — یہ مکمل طور پر تو ایک آزاد ملک کا بجٹ نہیں ہو سکتا لیکن یہ ضرور ہے کہ اس میں کچھ اُمیدیں دکھائی دے رہی ہیں — سب سے پہلے میں ان چند باتوں کا ذکر کروں گا جنکی بنا پر اس بجٹ میں امیدوں کی جھلک دکھائی دیتی ہے اور اسکے بعد اس کی خامیوں کا ذکر کروں گا — (شور)

صاحب سپیکر—میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ جو معزز ممبر صاحبان آپس میں گفتگو کرنا چاہیں ان کو لابی میں چلے جانا چاہئے — یہ حال اس مطلب کے لئے نہیں ہے —

چودھری محمد شفیق—جن کا دور کیا جانا ضروری ہے — اور ان کے بارہ میں کچھ تجاویز بھی ایوان کے سامنے پیش کروں گا — اس بجٹ میں جو اچھایاں نظر آتی ہیں مثلاً بجلی کے ریٹ میں جو تخفیف کی گئی ہے — چھوٹے ملازمین کو جو ریلیف دی گئی ہے اور وہ ملازمین جو پنشن پانے سے پہلے مر جاتے ہیں ان کے لئے جو گنجائش رکھی گئی ہے یہ اگرچہ بڑی باتیں نہیں ہیں تاہم کم از کم حکومت نے غریبوں کو سہولتیں بہم پہنچانے کا آغاز تو کیا ہے — (خوب — خوب) میں یہ نہیں کہتا کہ ان غریبوں کو جو ریلیف دی گئی ہے وہ بڑی ہے — اُن پر ٹیکس بھی لگائے گئے ہیں جن کا میں آگے چل کر ذکر کروں گا — مگر انہوں نے ایک اچھی ابتدا کی ہے جو آج تک پہلے کسی بجٹ میں نہیں کی گئی تھی —

جناب صدر - اسکے علاوہ ترقیاتی سکیموں کے متعلق آبپاشی اور بجلی کے متعلق نواحی بستیوں کے متعلق ٹیوب ویلوں اور کنوؤں کے متعلق اس بجٹ میں ایک جھلک نظر آتی ہے — میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ آیا اسطرف کوئی قدم اٹھایا بھی گیا ہے یا نہیں — مگر معلوم یہ ہوتا ہے کہ ہماری حکومت اس راہ پر گامزن ہو رہی ہے — اسکے علاوہ جناب والا میں آپکی توجہ بجٹ کے اس پہلو کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت نے جو

روپیہ نئے اخراجات کے تحت رکھا ہے وہ کن مدات کیلئے رکھا ہے — مفاد عامہ کیلئے رکھا ہے یا نظم و نسق عامہ کیلئے — میں تفصیل میں پڑے بغیر صرف اتنا عرض کرونگا کہ نئے اخراجات کیلئے ۶۲،۵۴،۶۱۰ روپے کی رقم رکھی گئی ہے جس میں سے صرف ۷ لاکھ نظم و نسق عامہ پر صرف ہونگے اور باقی ۵۴،۹۴،۱۱۰ روپے مفاد عامہ کے محکموں پر خرچ کئے جائینگے — (ہیئر — ہیئر) —

جناب صدر - اسکےعلاوہ سب سے بڑی چیز جسکا اس بجٹ میں آغاز کیا گیا ہے وہ دیہاتی ترقی کے متعلق سکیم ہے — آنریبل وزیر اعلےٰ نے اس ایوان میں چارج لینے سے پہلے اپنی ایک تقریر میں اس بات کا ذکر کیا تھا — جسکے متعلق میں نے اس ایوان میں دوسری طرف بیٹھے ہوئے یہ کہا تھا — میرے خیال میں اس دن آنریبل دستی صاحب وزارتی بنچوں پر موجود تھے — کہ آنریبل وزیر اعلےٰ سے کہہ دیجئے کہ جو کچھ انہوں نے دیہاتی ترقی کیلئے فرمایا ہے اس پر ضرور عمل پیرا ہوں — یہ الفاظ صرف کہنے کیلئے نہ ہوں — آج مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ پہلی بار دیہاتی ترقی کی طرف ایک قدم اٹھایا گیا ہے —

اب جناب والا میں اس بجٹ کی خامیوں کے متعلق کچھ عرض کرونگا سب سے پہلے مہاجر سیس کو جو ڈیویلپمنٹ سیس میں تبدیل کیا گیا ہے اور ٹرانسپورٹ پر جو سرچارج لگایا گیا ہے اس کو لیجئے - اسکا بوجھ اونچے درجے کے لوگوں کی نسبت غریب عوام پر زیادہ ہو گا — اگر آپ اس کی بجائے ملوں پر ایکسائز ڈیوٹی لگا دیتے یا پراپرٹی ٹیکس کی شرح میں اضافہ کر دیتے تو صوبہ کے غریب عوام پر بوجھ ڈالے بغیر آپکو اتنی رقم حاصل ہو سکتی تھی — اگر اس سیس کو برقرار رکھنا تھا تو بیس پچیس یا پچاس روپے معاملہ دینے والوں کو اس سے مستثنےٰ کیا جا سکتا تھا — اس سے بھی غریب عوام پر سے یہ بوجھ کم کیا جا سکتا تھا —

بہت سے ایسے اخراجات بھی تھے جنہیں کم کیا جا سکتا تھا — مثال کے طور پر بہت سی آسامیاں ایسی ہیں جو خواہ مخواہ پیدا کی جا رہی ہیں — پہلے ہم سنا کرتے تھے کہ محکموں کے لئے سیکرٹری ہوتے ہیں - ڈپٹی سیکرٹری ہوتے ہیں مگر اب تو ان کا ایک لا متناہی سلسلہ پیدا ہو

گیا ہے ۔ ڈپٹی سیکرٹریوں کے بعد انڈرسیکرٹری ہیں — انکے نیچے اسسٹنٹ انڈر سیکرٹری ہیں اور پھر یہ سلسلہ اسی طرح نیچے تک چلا جاتا ہے ۔

(ایک آواز — پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے متعلق کیا خیال ہے —)

انہیں بھی اسی میں شامل کر لیجئے — اگر ان پوسٹوں میں تھوڑی سی دانائی سے چیکنگ کی جاتی تو ان میں کافی کمی کی جا سکتی تھی — نئے اخراجات کے تحت جن میں سال بسال توسیع کی جاتی ہے بہت سی ایسی شقیں تھیں جن کی اگر ذرا چھ نگ ہوتی تو معلوم ہو جاتا کہ وہ توسیع کے قابل نہ تھیں — مثلاً ہماری تحصیلوں کے حسابات چیک کرنے کیلئے یہ خاص آڈیٹرز مقرر کئے گئے ہیں — میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمارے تحصیلدار اور نائب تحصیلدار تحصیلوں کے حسابات چیک کرنے کیلئے کافی نہیں ہیں تو وہ نا اہل ہیں — اس کام کیلئے نئے عملہ کی کیا ضرورت تھی —

جناب صدر ۔ ہمارے صوبہ کی ۸۰ فیصد آبادی دیہات میں بستی ہے — اسلئے جناب والا اس صوبہ کے بجٹ کو جانچتے وقت ہم کو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ اس میں دیہات میں بسنےوالوں کیلئے کیا کیا گیا ہے — یہ ہمارے دیہات ہی ہیں جنہوں نے پاکستان کی تحریک کو کامیاب کیا تھا ۱۹۳۷ میں مسلم لیگ نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ سب سے پہلے دیہات کی ترقی کی طرف توجہ دیگی —

چودھری محمد حنیف — جناب والا — پریس گیلری تو خالی پڑی ہے — معزز ممبر اپنی تقریر کسے سنا رہے ہیں (طویل قہقہہ)

صاحب سپیکر — معزز رکن اس بات کا جواب دینے میں اپنا وقت ضائع نہ کریں —

چودھری محمد شفیق — بہتر جناب — جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے دیہاتی عوام میں قومی شعور پیدا کریں — اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ دیہاتوں میں قومی شعور پیدا کرنے کیلئے ہمیں سب سے پہلے اپنے محکمہ تعلیم کو وسیع کرنا ہو گا — اگرچہ موجودہ بجٹ میں تعلیم کیلئے زیادہ روپیہ رکھا گیا ہے مگر یہ زیادہ روپیہ دیہاتی علاقوں پر خرچ نہیں کیا گیا بلکہ سارے کا سارا شہروں پر خرچ کر دیا گیا ہے — اسکے علاوہ دوسری چیز جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ

ہے کہ ہم نے دیہاتی علاقوں کیلئے جو ترقیاتی سکیمیں شروع کی ہیں انکو ہمیں جلد از جلد پورا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے - آخر میں میں اپنے ضلع منٹگمری کے متعلق چند الفاظ حکومت کی خدمت میں کہنا چاہتا ہوں - اس تمام بجٹ میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک ضلع منٹگمری کیلئے ایک پیسہ بھی مخصوص نہیں کیا گیا — نہ وہاں کی سڑکوں کیلئے نہ کارخانوں کیلئے نہ کسی اور سکیم کیلئے — حالانکہ حکومت کو ریونیو دینے کے لحاظ سے یہ ضلع پنجاب میں دوسرے درجہ پر ہے — ترقیاتی سکیموں کے لحاظ سے بھی اسے خاص طور پر پیچھے چھوڑا گیا ہے — (قطع کلامیاں) اس لئے میں حکومت سے استدعا کرونگا کہ وہ اس ضلع کی طرف بھی کچھ توجہ دینے کی کوشش کریں —

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائلپور نمبر۹-مسلم) حضور والا — میں نے اس سیشن کے منعقد ہونے سے بہت عرصہ پیشتر اخبارات میں وزیر اعلیٰ صاحب کی طرف سے ایک اعلان پڑھا کہ ان کا موجودہ بجٹ پہلے بجٹوں کی نسبت بالکل مختلف نوعیت کا ہوگا — چنانچہ جب یہ بجٹ پیش ہوا تو میں نے بنظر غائر اسکا مطالعہ کیا مگر مجھے انتہائی مایوسی ہوئی جب میں نے دیکھا کہ یہ بجٹ انہی پرانی فرسودہ اور پامال رسوم کی پابندیوں کا مظہر ہے — مجھے اس میں کسی بنیادی اور انقلابی طرز فکر یا انداز فکر کی جھلک نظر نہ آئی — بلکہ وہی قلب و نظر کا فساد تھا جس میں معاشی حالات و مقتضیات کو قطعی طور پر نظر انداز کر دیا گیا ہے — حضور والا — ہمیں ان بزرگوں سے اس کے سوا اور توقع بھی کیا ہو سکتی تھی ؟ جس ماحول اور فضاء میں انہوں نے پرورش پائی ہے اس کے پیش نظر ان سے کسی جدت فکر کی توقع عبث ہے ؟

جہاں تازہ کی افکار تازہ سے ہے نمود
کہ سنگ و خشت سے ہوتے نہیں جہاں پیدا

حضور والا — ان پتھر کی مورتیوں سے ہمیں کیا توقع ہو سکتی ہے — وہی تنخواہوں کا ناانصافانہ نظام اور وہی ساٹھ ساٹھ ہزار روپیہ کے خرچ سے آراستہ و پیراستہ کوٹھیاں — وہی ناقہ مستیاں اور وہی سگ پرستیاں — حضور والا — میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ درحقیقت یہ روپیہ جو ہمارے خزانہ میں آتا ہے یہ غریب عوام کے عرق جبین اور خون جگر کے قطروں سے ٹپک ٹپک کر حاصل ہوتا ہے — سب سے پہلے میں اس امر کی ضمانت چاہتا ہوں کہ جب یہ اخراجات اس معزز ایوان

میں باتفاق رائے منظور ہو جائیں تو انہیں اور کسی مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جائیگا کیونکہ جناب والا ہمارا یہ تجربہ و مشاہدہ ہے کہ جب ایک ڈیمانڈ یہاں پر باتفاق رائے منظور ہو جاتی ہے تو بجائے اسکے کہ وہ ایک متعینہ مقصد پر صرف ہو اسے سیاسی مقاصد کے لئے دوسروں مدوں میں صرف کیا جاتا ہے — حضور والا - یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ اس پرانی وزارت کا کارنامہ ہے لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ اب بھی تنظیم وہی ہے — ذہن وہی ہے — اسی نوعیت کے لوگ اس مسند پر تشریف فرما ہیں بلکہ وہ اس وزارت کا ایک حصہ ہیں اور وزارت جدیدہ کی تعمیر و تشکیل میں کچھ پرانے ملبے کو بھی استعمال کیا گیا ہے - اب آپ ہی فرمائیں کہ ان سے کیا توقع ہو سکتی ہے ؟ حضور والا - میں یہ عرض کر دوں کہ تعلیم بالغان کے لئے ۱۹۴۹—۵۰ میں ڈھائی لاکھ پھر دس لاکھ — اسکے بعد ۶ لاکھ اور پھر چھ لاکھ روپیہ منظور ہوا — مگر اس میں جس طرح سے خیانت کی گئی اور جن مقاصد کے لئے اسے استعمال کیا گیا اسکا سب کو علم ہے — لہذا جب تک ہمیں یہ یقین نہ دلایا جائے کہ آئندہ اس قسم کی کوئی حرکت نہیں کی جائیگی اس وقت تک ہم عوام کے اس روپیہ کے صحیح طور پر امین اور اپنے فرائض کے انجام دہی سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے —

حضور والا — میں اسکے بعد یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ کی حکومت اور یہ مملکت قرار داد مقاصد کے نکتہ نگاہ سے ایک آئینی اور مثالی حکومت ہے — اور اسکی رو سے انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنے کی ضرورت ہے — آپ کا مقصد یہ ہے کہ اسلامی معاشرہ کی تکمیل کی جائے — میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ نے اسلامی معاشرہ کی تکمیل کے لئے اور اس مقصد وحید کے حصول اور تکمیل کے لئے کونسا اہتمام اور کیا انتظام کیا ہے - اس مقصد کے لئے آپ نے ایک پائی بھی ,,ریزرو،، نہیں کی - میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ آپ اسلام کے نام سے بدکتے ہیں اور آپ میں وہ اخلاقی بحران ہے جو آپ کے معاشرے کو گھن کی طرح اندر ہی اندر کھائے جا رہا ہے — تاوقتیکہ آپ اس قسم کا ماحول پیدا نہیں کرتے جس سے نیک سیرت اور صالح قسم کے فرض شناس لوگ پیدا ہوں اس وقت تک آپ کو کسی قسم کی بہتری اور اصلاح کی توقع نہیں ہونی چاہئے — حضور والا — آپ نے تعلیم کے متعلق بڑے دعوے کئے ہیں کہ آپ نے تعلیم کے مصارف میں اضافہ کر دیا ہے — جہانتک مدرسوں کی تعداد میں اضافہ کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی بات

ہے کہ آپ نے تعلیمی ضروریات کے پیش نظر مدرسوں میں اضافہ کر دیا ہے مگر تعلیم صحیح خطوط و صحیح لائینز پر نہیں ہو رہی ۔ نظام تعلیم کے متعلق کسی صاحب نے بھی ذکر نہیں فرمایا ۔ صرف ایک محترمہ نے یہ ذکر کیا کہ سکولوں میں پڑھائی قرآن پاک کی تلاوت سے شروع کی جاتی ہے — یا یہ کہ دینیات کو نصاب تعلیم میں شامل کر دیا گیا ہے — مگر کسی نے یہ نہیں فرمایا کہ نظام تعلیم میں کس قسم کی بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے — اور وہ کس حد تک ہو رہی ہیں —

حضور والا — اس کے علاوہ صحت عامہ کے لئے آپ نے ۵۴ — ۱۹۵۳ سے بھی کم رقم مخصوص کی ہے — آپ کو شائد اس وجہ سے غلط فہمی ہوئی ہو کہ ہمارے وزیر صحت کی اپنی صحت ماشا اللہ قابل رشک ہے — میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کی صحت قوم کی صحت کی نمائندگی کرتی تو وہ ایک نحیف و ناتواں ۔ انسان کیا ایک کمزور مشت استخوان ہوتے — مگر ایسا نہیں ہے — آپ کو ان کی اپنی صحت سے غلط فہمی ہوئی ہے — ان کی صحت قومی صحت کی نمائندگی نہیں کرتی —

حضور والا ۔ اب زراعت کی طرف آئیے ۔ یہ تو مسلمہ امر ہے کہ ہمارا ملک زیادہ تر ایک زرعی ملک ہے اور یہ بھی سب کو معلوم ہے کہ ابھی حال ہی میں ہمارا صوبہ ایک بہت بڑے اور سخت قسم کے غذای بحران سے دو چار رہا ہے اور اب بھی امریکہ کی دی ہوئی بھیک پر گذارہ کر رہا ہے) مگر ان تمام باتوں کے باوجود زراعت کی ترقی کی طرف کما حقہ توجہ نہیں کی گئی ۔ خوش قسمتی سے لائل پور کا زراعتی کالج اور زرعی ریسرچ کا شعبہ ہماری حکومت کو ورثہ میں ہی مل گیا تھا جو غیر ملکی انگریزی حکومت نے قائم کر رکھا تھا مگر نہ تو اس سے کما حقہ استفادہ کیا گیا ہے اور نہ ہی زراعت کا کوئی خاص ڈویلپمنٹ ادارہ اور نہ ہی کوئی Peasant Welfare Fund باقاعدہ طور پر قائم کیا گیا ہے جس سے صوبے میں کاشتکاروں کی امداد اور راہنمائی ہوتی اور جس سے زرعی خوشحالی کے نتائج پیدا ہوتے اور آج حکومت ان کو بطور ثبوت پیش کر سکتی جو زرعی تحقیق اور ریسرچ کا ادارہ بھی کوئی نمایاں خدمت کرنے سے قاصر ہے کیونکہ مناسب عملے کی کمی تھی اور لائل پور کے زراعتی کالج میں بھی عملہ پورا نہیں تھا ۔ یہ ناجائز تخفیف تھی جو زراعت کے ان شعبوں میں کی گئی ۔ چاہئے تھا کہ زراعت کی ریسرچ کے شعبے میں توسیع کی جاتی اور گاؤں گاؤں میں ایک ایک زراعتی ماڈل

فارم قائم کیا جاتا جس سے بے علم اور جاہل کسانوں کی راہنمائی ہوتی حکومت کی Grow More Food کی مہم کو تقویت پہنچتی اور زرعی ریسرچ کے شعبے کے مفید نتائج عملی طور پر کسانوں کے fields میں پہنچ جاتے -

پور حضور والا- سیم اور تھور کی پھیلائی ہوئی بربادی کے اعداد و شمار ملاحظہ فرمائیے - ہر سال ۲۳ لاکھ ایکڑ زرعی اراضی کا رقبہ سیم اور تھور سے تباہ و برباد ہو رہا ہے مگر اصل میں سیم اور تھور کی تباہ کاری اس سے بھی زیادہ ہوگئی ہوگی کیونکہ یہ اعداد و شمار تین سال کے پرانے ہیں جو کسی سابقہ وزیر کی مہربانی سے جمع کئے گئے تھے اسکے بعد کسی نے تازہ اعداد و شمار جمع کرنے کی زحمت ہی گوارہ نہیں فرمائی اور خطرہ ہے کہ ان میں بے حد اضافہ ہوچکا ہوگا اور اب ہر سال ۴۰ ہزار ایکڑ مزید اراضی سیم و تھور کے ہاتھوں تباہ ہو رہی ہوگی - اسکے باوجود ریسرچ کے شعبے میں صرف Part-time یعنی نصف وقت کیلئے کام کرنے والے اشخاص مامور ہیں حالانکہ اس ضروری ریسرچ کے شعبے میں ہر وقت whole-time ٹیکنیکل اور فنی قابلیت رکھنے والے سکالر مقرر کرنے چاہئیں مگر اس کے صدر چیف انجنیر انہار مقرر کئے گئے ہیں اور ظاہر ہے کہ انہیں اپنے دیگر فرائض منصبی سے فرصت ہی نہیں مل سکتی لہٰذا وہ اس کام پر دماغ سوزی کرنے سے قاصر ہیں - اب اس محکمے میں خاص طور پر ۱۳۵۹۶۰۰ روپے رقم کی تخفیف کرکے اس کام کو قریباً نظر انداز کر دیا گیا ہے -

حضور والا - تمام جمہوری ممالک میں تحریک امداد باہمی کی طرف خاص توجہ دی جاتی ہے مگر ہمارے ہاں کوآپریٹر سوسائٹیز کے محکمے کو قطعاً درخور اعتناء نہیں سمجھا جاتا حالانکہ حکومت کو عوام سے رابطہ پیدا کرنے کیلئے یہ محکمہ بڑا مفید ہوتا ہے مگر اسکے زریعہ ہماری حکومت نے عوام سے کوئی رابطہ قائم نہیں کیا گیا - ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے کی کوشش تک نہیں کی گئی اور نہ ہی ان میں عزت نفس اور خود داری کے جذبات کی پرورش کی گئی ہے - ان امور کے منصوبے بنانے کے بر عکس اس محکمے کا محض رسمی کام چلانے کیلئے بھی کوئی اچھا انتظام نہیں کیا گیا یہاں تک کہ سابقہ چھ سال کے عرصہ میں سات رجسٹرار یکے بعد دیگرے تبدیل کئے گئے اور اس محکمہ میں کسی ناکام ٹھکرائے ہوئے یا راندے ہوئے افسر کو آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی یا انچارج مقرر کر دیا جاتا ہے-

حضور والا—ہمارے وزیر اعلیٰ نے اپنی بجٹ تقریر میں عوام کو صبر و استقلال اور عزم و ثبات کی زبردست تلقین فرمائی تھی اور کفائت شعاری کا سبق دیا تھا اور بعد ازاں ہمارے وزیر مال صاحب نے لوگوں کو صبر کرنے اور مزید صبر کرنے کی دعوت دی تھی - حضور والا - اس سلسلے میں مجھے ایک واقعہ یاد آگیا ہے کہ ایک بہت بڑا عالم مرغن غذائیں اپنے پیٹ میں ٹھونس کر کسی دارالعلوم میں طلباء کو خطبہ دینے گیا اور غذا کے Pressure کے ماتحت جب وہ طلبا کو سادگی کی تلقین فرما رہے تھے تو فکر و ناقہ کا ذکر کرتے ہوئے کہنے لگے کہ اصحاب صفہ بھوک کی شکایت کرنے پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیٹ سے کپڑا اٹھا کر پیٹ پر بندھے ہوئے پتھر کو دکھایا ... مگر جب مولوی صاحب غذا کے دباؤ میں پتھر کے لفظ کو زبان سے نکالنے لگے تو ''ڈکار'' کی آواز زور سے نکل گئی اور طلبا پر مولوی صاحب کے پیٹو ہونے کا راز افشار ہو گیا او انہوں نے زور سے نعرہ تکبیر بلند کردیا (قہقہہ) یہی حال ہمارے چیف منسٹر صاحب اور ان کی حکومت کا ہے - یہ بھی بھوکے اور ننگے لوگوں سے تعاون مانگتے ہیں مگر خود اپنی عیاشیوں اور بسیار خوریوں کو نہیں دیکھتے -

حضور والا - جب غریب اور مفلوک الحال عوام کا ذکر آتا ہے تو خزانے کا روپیہ اونے پونے کرکے سکنڈ نائب سکنڈ - انڈر سکنڈ نجی سکنڈ - پارلیمان سکنڈ غیر پارلیمانی سکنڈ وغیرہ کے بہانے بے شمار روپیہ خود ہی ہضم کر جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی بدعت تو پہلے سے ہی موجود ہے میں کہتا ہوں کہ اسمبلی کی لائبریری آئینی کتب سے بھری ہوئی ہے مجھے ان میں سے کسی ایک میں اس بدعت کا سراغ نہیں ملتا - ایک لفظ بھی پرائیویٹ سیکرٹریوں کے متعلق کانسٹی ٹیوشن کی کتابوں میں درج نہیں ہے - معلوم نہیں انہوں نے اس tradition (روایت) کو کیوں قابل تقلید قرار دے لیا ہے جبکہ بہتر قسم کی روایات کو یہ عموماً چھوڑ رہے ہیں اور نظر انداز کرتے جاتے ہیں - اصل میں پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدے بے سود ہیں — اور جسطرح آج ہی ایوان میں بتایا گیا ہے کہ چودھری فضل الٰہی صاحب کی سیاسی خدمات کا معاوضہ دینے کے لئے انہیں ۳۶ ہزار روپے سے متجاوز رقم کسی بہانے سے ادا کی جا چکی ہے - اسی طرح پرائیویٹ سیکرٹریوں کو بھی سیاسی خدمات کا معاوضہ دینے کے لئے یا ان عہدوں کے بدلے میں ان سے سیاسی خدمات لینے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے -

کیا یہ بات سیاسی رشوت کی حیثیت نہیں رکھتی - یقیناً یہ تنخواہیں عوامی خزانہ پر ناجائز بوجھ ہیں - اس لئے میں حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ صوبائی خزانہ لوگوں کے گاڑھے پسینہ کی کمائی سے بھرا جاتا ہے اس کمائی کا اس قدر بے دردی سے استعمال نہ کیا جائے بلکہ اسے ایک امانت سمجھ کر کفائت شعاری سے خرچ کیا جائے - ان میں اکثر خدا کے فضل سے کھاتے پیتے لوگ ہیں - قوم کی خدمت کم تنخواہ پر مفت بھی کر سکتے ہیں - مگر یہ تو اس کے برعکس غریب عوام کو دن دھاڑے لوٹ رہے ہیں -

اب حضور والا میں آنریبل وزیر اعلیٰ کے اس ارشاد گرامی کی طرف آتا ہوں جس میں انہوں نے مرکز کا ذکر مشفقانہ انداز میں کیا ہے - اصل میں حکومت پنجاب محدود اور مفلوج قسم کے اختیارات رکھتی ہے اور اس پر مرکز بری طرح مسلط ہے - اسی کے ایما پر یہاں وزارت بنتی اور اسی کے ایما پر وزارت ٹوٹتی ہے - چنانچہ ہماری وزارت تو ایک غلام قسم کی وزارت ہے - لہذا یہ وزارت اس قسم کے ماحول کی پیداوار ہونے کی وجہ سے مرکز سے اپنے مطالبات منوا نہیں سکتی اور اپنے صحیح حالات بھی مرکز کے روبرو پیش کرنے کی جرأت نہیں کر سکتی - مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا ہے ایک آدمی نے اپنے آقا و مالک سے جب کے ہاں وہ بلا تنخواہ نوکر تھا اپنی تنخواہ کا مطالبہ پیش کرنے جرات کی ''اور کہا کہ حضور مجھے تنخواہ دیجئے ورنہ تو مالک نے تیش میں آکر غضبناک آنکھیں دکھاتے ہوئے ایک ہاتھ جوتے کی طرف بڑھاتے کہا ''ورنہ؟،، نوکر بچارا ڈر سے کانپ اٹھا اور جھٹ پکار اٹھا،، ورنہ حضور میں مفت ہی کام کرتا رہوں گا،، (قہقہہ) یہی بات ہمارے عزت مآب چیف منسٹر صاحب کی ہے - یہ کوئی پنجاب کی خدمت کے لئے صحیح مطالبہ مرکز سے کر ہی نہیں سکتے کیونکہ یہ خود مرکز کے اشارہ چشم و ابرو کے محتاج ہیں اور جس طرح ''درآمد،، کئے گئے تھے اسی طرح پنجاب سے لمحے بھر میں ''برآمد،، بھی کئے جاسکتے ہیں - ان کی گردن پر مرکز کا ہاتھ ہے - یہ پنجاب کے مطالبات اور حقوق مرکز سے ہرگز ہرگز منوانے کی جرأت نہیں رکھتے

حضور والا — اب ذرا وزیر مال کے اس ارشاد کی طرف توجہ مبذول فرمائیے کہ ہم سرکاری ملازمین اور وزراء کی تنخواہیں کس طرح کم کرسکتے ہیں - مجھے اور انہوں نے ایک ریاستی وزیر کی تنخواہ کا واقعہ سنایا ہے مجھے مثال کے طور پر ایک واقع یاد آگیا ہے ایک دیہاتی گنوار کا

''تہ بند،، ڈھیلا ڈھالا تھا اور پاؤں کے ٹخنوں سے نیچے آکر زمین کے ساتھ گھسٹ رہا تھا - کسی شریف آدمی نے اشارہ کیا کہ صاحب زادے ذرا تہ بند کو سنبھالئے تو اس نے تہ بند کو بالکل کھول دیا اور کہا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے (قہقہہ) ..... تو خیر حضور والا — ہمیں تو ان ارباب اقتدار کی ذات سے کوئی خوش فہمی نہیں ہے اور نہ ہی ان سے یہ توقع ہے کہ یہ قومی بھلائی اور بہتری کا کوئی جامع منصوبہ بنا کر اسے عملی جامہ پہنانے کی اہلیت رکھتے ہیں - ان کو تو ملک اور قوم کی ہمدردی کی ہوا تک نہیں لگی - غلامی کی پیداوار اور سفارش کی تخلیق ہونے کیوجہ سے ان کی ذہنیت اور دل و دماغ میں کسی انقلابی طرز فکر کی ہلکی سی لہر بھی پیدا نہیں ہو سکتی - لیکن ہم ان کو صرف اتنا سا احساس دلانا چاہتے ہیں کہ حضور آپ صرف کثیر سے تو نہیں رک سکتے مگر اپنے اخراجات میں'' اسراف و تبذیر،، میں تھوڑی سی کمی ہی کر دیجئے - یعنی ضروری اخراجات کروڑوں روپوں تک کرتے رہئے مگر اتنا سا کھٹکا تو دل میں رکھئے کہ فضول خرچی اور بیجا مصرف میں حد سے نہ بڑھ جائیے - اس میں ذرا سی تخفیف اور تھوڑی سی کمی کر دیجئے - بس یہی گذارش ہے تین سال کا عرصہ گذر چکا ہے ہم یہی التجا کر رہے ہیں کہ اسراف و تبذیر میں قدرے تخفیف کر دیجئے ورنہ ہم آپ سے یہ توقع تو نہیں رکھتے کہ آپ قومی خدمت کے جذبات سے سرشار ہوکر اپنی ذات اور املاک کو وقف کر دیجئے - اگرچہ ایسے امرا کی قوم میں کمی نہیں اور خاص طور پر اموال و املاک کے لحاظ سے ہمارے وزرائے کرام میں بھی ہمارے جیسے دو ایک ٹٹ پونجیوں کو چھوڑ کر باقی سب اچھے معقول اور مال دار ہیں جو کم تنخواہ پر یا بلا تنخواہ بھی قوم کی خدمت کے فرائض سرانجام دے سکتے ہیں مگر افسوس کا مقام ہے کہ وہ قومی خدمت کے لئے قلیل تنخواہوں پر کام کرنے کی بجائے سیاسی خدمات کا معاوضہ لینے دینے کے لئے پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی کھیپ کی کھیپ بھرتی کر رہے ہیں -

اگر آپ ان لوگوں کو اور خصوصاً ایسے لوگوں کو جن کے ذمے کوئی خاص کام نہیں ہٹا دیں تو آپکو کافی بچت ہو سکتی ہے - میں جانتا ہوں کہ فرائض تو وزراء صاحبان خود سرانجام دیتے ہیں اور ان لوگوں کو قوم کی خدمت کے فرائض میں سے کوئی بھی سپرد نہیں کیا گیا - بات دراصل یہ ہے کہ ان کو اپنے ساتھ رکھنے میں مصلحت صرف یہ ہے کہ ان کے بغیر ان کو اپنی گدیوں کے متعلق خطرہ محسوس ہوتا ہے —

مولوی محمد ذاکر (جھنگ نمبر ۹—مسلم) : جناب والا—زیر بحث بجٹ کے مختلف پہلوؤں پر مختلف حیثیتوں سے معزز ممبران نے اظہار خیال فرمایا ہے۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کے تمام پہلوؤں کے متعلق کچھ عرض کرنے کی بجائے میں اس کے ایک پہلو تک ہی اکتفا کرونگا جو میرے خیال میں سب سے زیادہ ضروری اور اہم ہے۔ یہ پہلو اس قدر اہم اور بنیادی ہے کہ اگر اس کو سارے بجٹ کی جان کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ مجھے حیرت ہے اور صرف حیرت ہی نہیں بلکہ افسوس ہے کہ اس اہم پہلو کو جو بنیادی حیثیت رکھتا ہے کیوں نظر انداز کیا گیا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی مجھے اس چیز کا بھی افسوس ہے کہ اس معزز ایوان کے بعض معزز اراکین نے ضمناً اور اجمالاً اس کی طرف اشارہ فرمایا۔ لیکن بالتفصیل اس پہلو پر کسی صاحب نے تبصرہ نہیں فرمایا—

جناب والا—اس پہلو کے متعلق میں یہ بھی عرض کردوں کہ اگر ہم اس پر دور اندیشی اور ٹھنڈے دل سے غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے متعلق کسی صورت میں بھی ایک لمحہ کیلئے بھی کوتاہی برداشت نہیں کی جا سکتی۔ گزشتہ پچیس یا تیس برس کی سرگرمیوں کا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے۔ نہ صرف پچیس یا تیس برس کا بلکہ تقریباً ایک صدی کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ آج ہمارے سامنے پاکستان کی شکل میں موجود ہے۔ کیونکہ میرے نزدیک پاکستان کی بنیاد نہ صرف مسلم لیگ نے اس صدی کے شروع میں ڈالی بلکہ اس کی بنیاد اس زمانے میں ڈالی گئی جسے لوگ غدر کا زمانہ سمجھتے ہیں لیکن میں ۱۸۵۷ء کو جہاد کا زمانہ کہتا ہوں۔ اگر ہم نہایت فراخدلی اور متانت سے سوچنے کی کوشش کریں تو اس کی بنیاد ہمارے اسلاف نے اس سے بھی پہلے ڈالی تھی۔ چنانچہ اس زمانہ سے ہمارا ایک خاص نصب العین چلا آیا ہے جس کے حصول کا موقع خوش قسمتی سے مسلم لیگ کو ملا خدا کرے کہ مسلم لیگ اس مبارک چیز کو اس نصب العین کے مطابق اپنانے میں کامیاب ہو جس سے ہمارا ملک غلامی اور محکومیت کی وجہ سے صدیوں تک محروم رہا۔

جناب والا—قیام پاکستان کے بعد آج تک وہ مقصد جس کے حصول کیلئے یہ ملک معرض وجود میں آیا ہمارے سامنے پورا ہوتا دکھائی نہیں دیا جس کے پیش نظر حکومت کی موجودہ بے بسی کی حالت دیکھ کر پریشانی کی انتہا نہیں رہتی۔ قیام پاکستان کے بعد سب سے زیادہ توقعات

جو مسلمانوں کو۔ نہ صرف ہندوستان اور پاکستان کے مسلمانوں کو بلکہ دنیائے اسلام کے مسلمانوں کو بالعموم اس نئی مملکت سے تھیں وہ اس نئے تصور اور رجحان کو دیکھ کر ختم ہو رہی ہیں ۔ آج بیرون ملک کے مسلمانوں کی پریشانی انتہا کو پہنچ گئی ہے جسے مایوسی کہا جائے تو بجا نہ ہوگا ۔ لیکن ہمیں بالکل مایوسی نہیں ہوئی کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ جس مالک کریم نے یہ ملک بنایا ہے وہ خود ہی اس کی تکمیل بھی فرمائیگا ۔ ہمارا فرض صرف یہ ہے کہ ہم اس کی تکمیل کے نصب العین کے پیش نظر صحیح معنوں میں اور زیادہ سے زیادہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ۔ محض اعلانوں اور نعروں تک ہی اکتفا نہ کریں کیونکہ ان سے یہ کام پورا نہ ہو سکے گا ۔ نعروں سے ملک تو معرض وجود میں آ گیا لیکن اس کی تکمیل کا مقصد پورا نہ ہو سکے گا ۔

جناب والا—اس ایوان کے ایک معزز رکن نے فرمایا ہے کہ وہ پہلو جس کے متعلق میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ کونسا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ان کو پوری تسلی اور اطمینان سے کام لینا چاہیئے وہ مقصد ایسا نہیں جس کی آج ضرورت پیش آئی ہو ۔ شروع سے اس کی ضرورت چلی آئی ہے اور اس وقت تک رہے گی جب تک یہ پورا نہیں ہو جاتا ۔ میں اس کے متعلق وضاحت کردوں کہ بعض معزز اراکین اجمالاً اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں ۔ میں اس ایوان کے سامنے اس لئے بھی پیش کرنے سے کچھ گریز کرتا ہوں کہ اس کے سامنے بولنا بالکل بے سود اور آواز بلند کرنا بالکل بیکار ہے ۔ اور یہ اس لحاظ سے بیسود اور بیکار ہے کہ جب سے مجھے اس ایوان میں آنے کا اتفاق ہوا ہے میں نے دیکھا ہے اور میرا ذاتی تجربہ ہے کہ یہاں بعض معزز ممبران نے بہتر سے بہتر اور مفید سے مفید مشورے پیش کئے جن کو ہماری حکومت نے درخوراعتنا نہ سمجھا اور محض پارٹی بازی کی بنا پر مسترد کر دیا ۔ ہمارے لئے یہ نہایت ہی افسوس کا باعث ہے ۔ لیکن اس کے باوجود بھی میں واضح کردوں کہ ہم ہرگز مایوس نہیں ہیں کیونکہ ہمیں اس مالک کریم سے پوری توقع ہے جس نے پاکستان کو قائم کیا ۔ وہی اس کے مقصد کو پورا کریگا اور یہ مقصد پورا ہوکر رہیگا —

جناب والا—زیر بحث بجٹ میں جو سب سے بڑی خامی میں محسوس کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس میں ناقص تعلیم کا علاج کرنے اور صحیح

قسم کی تعلیم کو رائج کرنے کو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے جس کی وجہ سے میں نے اسے بیجان بجٹ کہا ہے۔ (ایک آواز—آپ نے ابھی تک وہ بات بیان نہیں فرمائی جسے آپ سب سے زیادہ اہم اور ضروری سمجھتے ہیں—) جی میں وہی تو عرض کر رہا ہوں۔ وہ تعلیم کا مسئلہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں۔ جب تک کسی ملک یا قوم کی تعلیم مکمل نہ ہو اور اس کیلئے وسیع انتظامات نہ کئے جائیں اس وقت تک وہ ملک یا قوم تعمیری حیثیت سے قطعاً ترقی نہیں کر سکتی۔ ہر ملک اور ہر قوم کا تعلیم کے متعلق ایک خاص نظریہ ہوتا ہے۔ اور اس سلسلے میں پاکستان کا نظریہ دوسرے ممالک سے مختلف ہے۔ آپ کسی ترقی یافتہ ملک کی مثال لے لیجئے۔ انگلینڈ کو دیکھئے۔ آپ دور کیوں جاتے ہیں اپنے پڑوسی ملک ہندوستان کو ہی لیجئے۔ اس نے اس سلسلے میں کیا کچھ کیا ہے۔ اور ملک کی تعلیمی حالت کو بہتر بنانے کیلئے کس قدر منصوبہ بندی کی ہے۔ آزاد ممالک کا معیار تعلیم اس معیار سے بالکل مختلف ہوتا ہے جو اس وقت پاکستان میں ہے۔ آزادی حاصل کرنے کے بعد اپنا نصب العین متعین کرنے کے باوجود بھی آپ نے اس کی طرف کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا تعلیم کے لئے اس بجٹ میں ۳۲ لاکھ روپے یا اس سے کم و بیش رقم جو بھی رکھی گئی ہے وہ صحیح تعلیم کا مقصد پورا کرنے کیلئے کوئی نمایاں چیز نہیں اور نہ ہی اس قابل سمجھی جا سکتی ہے جس سے پاکستان کا مقصد پورا ہو سکے—

آپکی ہمسایہ بھارتی حکومت نے اس سلسلے میں جو اقدامات کئے ہیں اور جو اس قدر وسیع پروگرام انکے سامنے ہے اسکے مقابلے میں ہمارے اس بجٹ میں جو رقم مخصوص کی گئی ہے وہ بہت معمولی ہے۔ اسکے علاوہ سب سے زیادہ کمی جو میں محسوس کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس میں اسلامی تعلیم کیلئے کوئی اہتمام نہیں کیا گیا -- میرے ان دوستوں کو اس بات کے معلوم کرنے کا بہت انتظار تھا کہ ہماری کمزوری کی کیا وجہ ہے اور یہ بجٹ بے جان کیوں کہا جاتا ہے۔ اگر میں یہ کہوں تو بیجا نہ ہو گا بلکہ میں چیلنج کرتا ہوں کہ مخصوص شدہ رقم میں اسلامی تعلیم کیلئے کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی۔ اگر اس سلسلے میں آپکا کوئی پروگرام ہوتا تو قوم کی بہت حوصلہ افزائی ہوتی۔ عوام اسکا خیر مقدم کرتے اور وہ آپکو دعائیں دیتے۔ تاریخ میں آپکا نام رہتا اور یہ امر تسلیم کیا جاتا کہ پنجاب نے ایک بڑا کارنامہ کیا ہے۔ پنجاب کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ یہ پاکستان کا دل ہے۔ پنجاب کے لوگ زندہ دلان پنجاب کے

نام سے یاد کئے جاتے تھے لیکن اگر ان زندہ دلان پنجاب کو اس چیز کا پورا احساس ہے کہ ہماری روایات کے مطابق ہی ہمارے متعلق یہ جملہ مشہور ہے تو میرے خیال میں اب انہوں نے نہایت بزدلی سے کام لیا ہے اور اب یہ زندہ دلان پنجاب نہیں بلکہ مردہ دلان پنجاب ثابت ہو رہے ہیں جناب والا—قبل ازیں اسلامی تعلیم کے متعلق حکومت کی طرف سے کچھ اقدامات ہوئے تھے - مثلاً ۱۹۴۸ء میں ایک اسلامی اکیڈیمی کا قیام عمل میں لانے کا اعلان کیا گیا تھا جسکے لئے ایک لاکھ روپے کی منظوری دی گئی تھی اسکے بعد متعدد دفعہ اس کی رقم کی منظوری ہوئی لیکن آج اگر دریافت کیا جائے کہ کیا اسلامی اکیڈمی موجود ہے تو انکے پاس اسکا کیا جواب ہے - اِس طرح یہ کہا گیا تھا کہ ایک دارالعلوم کی تجویز زیر غور ہے - سابق گورنر سردار عبدالرب نشتر نے بھی ایک دفعہ اسکے متعلق فرمایا تھا - ایک سب کمیٹی بنائی گئی - جگہ کا انتخاب بھی ہوگیا - لیکن اسکے باوجود دارالعلوم کا قیام عمل میں نہ آسکا - اسکے بجائے حکومت نے اپنے ڈھب کا اور اپنی منشا کے مطابق ایک محکمہ اسلامیات بنا دیا اور اسے محکمہ تعلقات عامہ کے ساتھ منسلک کر دیا گیا - افسوس کہ اب اسکو بھی اڑا دیا گیا ہے (قطع کلامیاں—)

ایک معزز رکن—محکمہ اسلامیات موجود ہے—

مولوی محمد ذاکر—محکمہ اسلامیات مین جو خامیاں تھیں انکی اصلاح ہوسکتی تھی - ان خامیوں کو دور کرنے کا طریقہ یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ اسکو ختم ہی کر دیا جائے—جب اسلامی اکیڈمی نہیں بن سکی دارالعلوم قائم نہیں ہوسکا اور نہ ہی محکمہ اسلامیات قائم رہ سکا تو اسکے بعد کیا توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ حکومت اس سلسلہ میں کوئی نیک ارادے رکھتی ہے

صاحب سپیکر—آپکا وقت ختم ہوچکا ہے

مولوی محمد ذاکر—ریاست بہاول پور میں اس ضمن میں جس قسم کے انتظامات ہوئے ہیں اگر حکومت چاہے تو یہاں بھی ہوسکتے ہیں—

مہر محمد صادق (لائلپور نمبر ۴ مسلم)—جناب والا - اس میزانیہ پر تین دن سے بحث و تمحیص ہو رہی ہے - اس دوران میں حزب اختلاف کے ممبران نے اور اس طرف سے بعض اصحاب نے جو بڑی پر جوش تقاریر فرمائی ہیں انکا جواب دیتے ہوئے کل آنریبل وزیر مال نے ایسی تقریر کی جس سے

ان صفوں میں کھلبلی مچ گئی (ہیئر ہیئر—حزب اختلاف کی طرف سے شور) میں صرف اس امر کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے تمام اعتراضات کا جواب اس قدر استدلال سے دیا کہ اب اس موضوع پر مزید کچھ کہنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی (قطع کلامیاں)

صاحب سپیکر - آرڈر - آرڈر —

مہر محمد صادق—جناب والا - اس میزانیے پر سب سے بڑا اعتراض جو حزب اختلاف کی طرف سے کیا گیا ہے اور جو بات بار بار کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ جو امیدیں ہمیں اپنی حکومت اور اسلامی حکومت اور پاکستانی حکومت اور مسلم لیگی حکومت سے تھیں وہ پوری نہیں ہوئیں یا کچھ بھی نہیں ہوا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یاس والم کی شدت کا سبب حکومت کی ناکامی نہیں ہے بلکہ اسکا راز اس بات میں مضمر ہے کہ پاکستان بناتے وقت ہم نے اور آپنے ناقابل عمل تصورات اپنے سامنے رکھے تھے کہ شاید پاکستان بنتے ہی اس سرزمین پر جنت وفردوس اتر آئیگے (حزب اختلاف کی طرف سے اوازیں - شیم - شیم) یہ نہایت ہی وہمی قسم کے تصورات تھے اور آپکو اور ہمیں معلوم ہونا چاہئیے کہ جب تک تعمیری پروگرام کو مسلسل صبر اور حوصلے سے جاری نہیں رکھا جائے گا کسی قسم کے انقلابی نتائج حاصل نہیں ہو سکتے - (شور)

صاحب سپیکر—آرڈر—آرڈر

مہر محمد صادق—جناب والا—بہت سے دوستوں کو یہ توقع تھی کہ پاکستان بنتے ہی ان کے خیال کے مطابق مسکراتی ہوئی صبحیں اور جگمگاتی ہوئی شامیں میسر آئیں گی - انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ جس عالمگیر اور بین الاقوامی اضطراب نے پاکستان کو وجود میں لانے میں مدد کی تھی وہی اب ہمیں انقلابی ترقی کرنے سے روکے ہوئے ہیں ہمیں ہر قدم نہایت سوچ سمجھ کر اٹھانا چاہئے

ایک آنریبل ممبر—یہ ترقی کب تک ہوتی رہیگی—

مہر محمد صادق—جناب والا—ان حالات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ہم کو کوئی عاجلانہ کاروائی نہیں کرنا چاہئے تاکہ ایسا نہ ہو کہ یہ ہمیں منہ کے بل گرادے—

جناب والا—پچھلے چھ سالوں میں جتنے میزانیے تیار ہوئے ہیں ان کے مقابلہ میں یہ پہلا میزانیہ ہے جس میں کچھ تعمیری کاموں کی طرف

توجہ دی گئی ہے۔ ایک معزز رکن نے کہا تھا کہ اصل میں پہلی وزارت کا قصور ہے مگر میں یہ نہیں کہوں گا کیونکہ یہاں تو جب سے پاکستان بنا ہے مسلسل مسلم لیگ ہی کی وزارت رہی ہے۔ اس لئے موجودہ وزارت ہی اس کی ذمہ دار ہے۔ بلکہ اس وقت جب کہ مسلم لیگ میں قائد حزب اختلاف کا طوطی بولتا تھا اور وہ صدر مسلم لیگ تھے ان کے عہد صدارت میں حکومت کے چند مشیر برسر اقتدار آئے موجودہ حکومت اس عہد کی ذمہ داری سے بھی گریز نہیں کرے گی۔

اس کے بعد جناب والا—دوسرا الزام یہ تھا کہ یہ بجٹ انگریز کے بجٹ کی نقل ہے۔ یہ بات کہنا تو بڑا آسان ہے مگر کسی نے کبھی غور کیا کہ اگر انگریز کے بجٹ میں اتنے ہی نقائص تھے تو ہم زندگی کے دوسرے شعبوں مثلاً معاشی اخلاقی اور اقتصادی امور میں مغرب کی تقلید کیوں کرتے ہیں اور ان کی طرز عمل کو کیوں پسند کرتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ پھر فرق ہی کیا رہ جاتا ہے اور پھر آپ کونسی نئی طرز لانا چاہتے ہیں اور کونسی ترقی حاصل کرنا چاہتے ہیں جس سے آپ کی منصوبہ بندی پایئہ تکمیل تک پہنچے اور جو ہمارے لئے حوصلہ مندی کا باعث ہو۔ ایک طرف تو ہر بات میں آپ انگریز کی نقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ یہ بجٹ انگریز کے بجٹ کی نقل ہے۔ جب اپ انگریز کے ہر کام کی تقلید کرتے ہیں تو یہ اعتراضات بالکل بے محل اور بے معنی ہیں—

جناب والا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر خزانہ صاحب نے اس بجٹ میں بڑی صاف گوئی سے کام لیا ہے۔ انہوں نے ہماری معاشی زندگی کے اضطرابی پہلوؤں کو چھپانے کی کوشش نہیں کی بلکہ اس کی تمام کمزوریوں کو تسلیم کیا ہے اور تمام کوتاہیوں کا اقرار کیا ہے۔ ان کی تقریر سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے خود ستائی سے کام نہیں لیا اور غیر معمولی ستائش کی طرف توجہ نہیں کی۔ بلکہ نا مساعد حالات اور نا قابل عبور مشکلات میں ایسا بجٹ مرتب کیا ہے اور ایسی مشکلات اور اتنی بڑی خامیوں کے باوجود اس سال ایسا بجٹ تیار ہوا ہے جو پچھلے ۶ سالوں میں بھی نہیں ہوا۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ افادی اور رفاہ عامہ کے شعبوں کے لئے اس بجٹ میں پہلے سے زیادہ روپیہ وقف کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اور بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن کے متعلق معزز ارکان اسمبلی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں۔ اس لئے ان کا اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ محکمہ ہیلتھ کی طرف کئی معزز ارکان نے توجہ فرمائی ہے اور

ارشادات فرمائے ہیں ۔ مجھے ان کے خیالات سے اتفاق ہے ۔ طبی امداد ایک بہت بڑا کام ہے اور ہمارے لئے صحت عامہ کے متعلق اہتمام کرنا نہایت ضروری ہے اس محکمہ میں بڑی کمزوریاں ہیں اور معزز ارکان میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ یہاں زیادہ سے زیادہ مستند ڈاکٹر اور مستند ورکرز ہونے چاہئیں اس وقت ہمارے صوبہ میں تین میڈیکل کالج ہیں ۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج ۔ نشتر میڈیکل کالج اور فاطمہ جناح میڈیکل کالج ۔ فی الحال ان میں ۳۰ طلبا کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ ایک آنریبل ممبر نے ارشاد فرمایا تھا کہ نشتر میڈیکل کالج کی بجائے اگر اسے میڈیکل سکول بنا دیا جاتا تو زیادہ بہتر ہو تا اس طرح چھوٹے ڈاکٹر وہاں تعلیم پا کر صوبہ کے مختلف مقامات پر بھیجے جا سکتے تھے اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ ان کی خواہش کے مطابق ایک میڈیکل سکول کھولا گیا ہے جس میں ۱۰۰ طالب علم بہ یک وقت تعلیم پا سکیں گے اور طبی تعلیم سے لیس ہوکر دیہاتی آبادی میں کام کر سکیں گے ۔ جناب والا ۔ طبی راستہ میں یہ پہلی منزل ہے کہ دیہات میں کام کرنے والے ڈاکٹروں میں اضافہ کیا جا رہا ہے اس سے عوام کو بہت فائدہ پہنچے گا ۔ پھر مڈوائفری کے کام کی طرف بھی توجہ دی گئی ہے ۔ ایک سال کے عرصہ میں ترقی کی طرف یہ ایسا قدم اٹھایا گیا ہے جو بڑا ہی حوصلہ مند اور امید افزا ہے ۔ اس سے کئی ایک مشکلات پر قابو پایا جائے گا ۔

اس کے علاوہ بجٹ میں چپڑاسیوں کی تنخواہوں میں اضافہ اور قبل از پنشن وفات پا جانے والے سرکاری ملازمین کی فیملیز کی امداد کے لئے بجٹ میں گنجائش رکھنا یہ دو ایسی چیزیں ہیں جو بظاہر بڑی معمولی سی باتیں معلوم ہوتی ہیں لیکن اگر غور سے دیکھیں تو یہ بہت ہی عظیم الشان ہیں اور ترقی کے لئے بڑی داغ بیل ہیں ۔ ہیلتھ کے لئے اور بہت سی تجاویز زیر غور ہیں جو عملہ کے لئے بے حد مفید ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ وزیر موصوف تہنیت اور بہجت کے مستحق ہیں ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ بجٹ کے متعلق جہاں میں نے اس کے اچھے پہلوؤں کا ذکر کیا ہے ایک بات کے متعلق احتجاج کرنا ضروری خیال کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ہر سال آبیانہ اور مالیہ پر ایک سیس مہاجر سیس کے نام سے لگایا جاتا رہا ہے اس سال اس ٹیکس کو ڈیولپمنٹ سیس کے نام سے نافذ کیا گیا ہے ۔ اس سلسلہ میں میں یہ کہونگا کہ حکومت کو خواہ کتنی شدید ضرورت ہو خواہ ایسا ٹیکس میزانیہ کو متوازن کرنے کے لئے ہی کیوں نہ لگایا ہو مگر اس بات کے لئے حکومت تک ہرگز حق بجانب نہیں

کہ ایک سال کا لگایا ہوا ٹیکس سال بہ سال چھ سال تک لگاتی رہے اور اب اسے بالکل مستقل کر دیا گیا ہے اور اس آبادی پر اس کا بوجھ ڈالا گیا ہے جو بالکل گونگی اور بہری ہے جو پہلے ہی بے حد ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے۔ میں حیران ہوں کہ ہمارے ماہرین ایسی تجویز کیوں پیش نہیں کرتے کہ مالیہ یا آبیانہ پر مزید ٹیکس لگانے کی بجائے امیر لوگوں پر ایجوکیشن یا ہیلتھ کے سلسلہ میں ٹیکس لگایا جائے۔ میرا خیال ہے کہ ایسا ٹیکس شاید اس لئے نہیں لگایا جاتا کہ اس میں بہت سی مشکلات در پیش ہوتی ہیں۔ بہر حال میں گذارش کرونگا کہ ۶ سال سے یہ سیس جو غریب دیہاتیوں پر لگایا جا رہا ہے حکومت اس کے نفاذ میں کسی طرح بھی حق بجانب نہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

اس کے بعد خوراک کے متعلق صرف اتنا عرض کرونگا کہ ایک آنریبل ممبر نے فرمایا ہے کہ وزیر اعلےٰ صاحب نے چھ سات وعدے کئے تھے ان کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ اگر وہ غور فرمائیں تو انہیں معلوم ہو گا کہ تمام وعدے پورے ہو چکے ہیں اور خوراک کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔

مولوی محمد اسلام الدین — (ملتان نمبر ۸ — مسلم — مخصوص نشست) جناب والا۔ اس بجٹ پر تین دن سے تقریریں مختلف اطراف سے اس کی تائید و حمایت میں اور اس کی مخالفت میں ہو رہی ہیں۔ میں جناب کی وساطت سے . . . . . .

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. The honourable member should not be allowed to speak while sitting. He should be asked to stand up.

Mr. Speaker : It is a frivolous point of order.

مولوی محمد اسلام الدین — جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے یہ بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ بجٹ جو ہے وہ ایک آمد و خرچ کا تخمینہ ہوتا ہے۔ اور اس تخمینہ کے حساب سے یہ بجٹ تیار کیا جاتا ہے۔ (خوب۔ خوب) آمد میں ہم نے سب سے پہلے یہ دیکھنا ہے کہ ہماری آمد کن اصولوں پر مبنی ہے اور ہم نے آمد کس طریق سے اور کن ذرائع سے حاصل کی ہے اور ہم نے یہ آمد حاصل کرنے میں کوئی ظلم و تعدی کا طریقہ تو اختیار نہیں کیا اس کے بعد ہمارے لئے ضروری ہوتا ہے کہ آمد کے اعتبار سے خرچ کا تخمینہ تیار کریں اور ہمارے ہاں مثل بھی مشہور ہے کہ جتنی گدڑی ہو اتنے پیر پسارنے چاہئیں ۔ اگر ہم اپنی آمد سے کئی گنا زیادہ بجٹ میں خرچ دکھا دیں تو بعد میں اس کی ذمہ داری۔ اس کی کفالت کس طریق سے اور کس کے سر ہو گی۔

اس کا لازماً نتیجہ یہیں ہوگا کہ ٹیکسیشن کے ذریعہ اور روپیہ حاصل کیا جائے - تو پھر حزب مخالف کی طرف سے شور و غل ہوگا کہ ٹیکس لگائے جا رہے ہیں اور حکومت ٹیکس لگا کر ہم لوگوں کو تباہ کر رہی ہے -

پھر جناب والا یہ تنظیم و اتحاد کا نعرہ جو لگایا جا رہا ہے یہ در حقیقت اچھی چیز ہے لیکن ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ وہ تنظیم و اتحاد اور وہ ایثار کہاں ہے جس کی نغمہ سرائی کی جاتی ہے اور جس کی آڑ لے کر اپوزیشن گیاری کو خوش کرنا چاہتی ہے (شور) میں جناب والا کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نبی کریم صلعم نے جب آواز حق بلند کی اس کوہستان میں - اس جنگل اور ریگستان میں - اس عرب کے خطہ میں تو اس سچی آواز پر لبیک کہنے والے بہت کم نکلے اور نہ ماننے والے کہتے تھے نعوذباللہ آپ مجنوں ہیں - وہ یہ کہتے تھے اور ان کے اوپر کنکر پھینکتے تھے اور ان پر اوجھڑیاں ڈالی جاتی تھیں اس لئے کہ وہ حق کی آواز کو بلند کرتے تھے - اور نہ ماننے والے ان کو ہر طرح کی اذتیں دینے کے لئے کمر بستہ رہتے تھے - جناب والا - یہی سب سے پہلی چیز ہمارے آقا و مولا سرکار مدینہ نے کہی تھی کہ اتحاد بے انتہا اچھی چیز ہے - لیکن ہم نے دیکھنا یہ ہے کہ ہم میں سے کتنے آدمی ہیں جو ایثار کرتے ہیں - جو متحد ہیں - جو ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور اخوت سے پیش آتے ہیں -

اس کے بعد میں جناب کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک معزز ممبر نے یہ فرمایا کہ اس ہاؤس میں میرا بات کرنا عبث ہے اور بیکار ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان کے نزدیک یا ان کے ہم خیال لوگوں کے نزدیک یہاں بات کرنا بیکار ہے تو پھر ان کا یہاں آنا بھی بیکار ہے (خوب—خوب) میرے نزدیک یہ بات بڑی غلط ہے کہ وہ اس ہاؤس میں بات کرنا بیکار سمجھتے ہیں جو اس سارے صوبے کیلئے اس کی بہتری اور فلاح و بہبود کیلئے اس کی ترقی کیلئے اور اس کو بام عروج تک پہنچانے کیلئے اصول بناتا ہے اور قانون وضع کرتا ہے—

ایک اور معزز ممبر نے یہ فرمایا کہ اس وزارت نے بڑے بڑے وعدے کئے تھے - مگر انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ کتنے پورے بھی کئے ہیں - ایک اور معزز ممبر نے فرمایا کہ اس نئی وزارت میں بہت سے پرانے ملبے بھی لئے گئے ہیں اور یہ بھی فرمایا گیا کہ بہت سے نئے ملبے بھی لئے گئے ہیں ان ملبوں کے متعلق میں کسی اور موقع پر وضاحت کروں گا (آوازیں

ابھی کیجئے) لیکن اس وقت یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس حکومت نے حتی المقدور حتی الامکان— اپنے تخیلات کے اعتبار سے - اپنی دماغی فراست - قابلیت اور ذہانت کے اعتبار سے جو کام کئے ہیں وہ قابل ستائش اور قابل قدر ہیں (خوب—خوب) جناب والا - ایک ممبر نے فرمایا کہ جس وقت وزیر اعلیٰ نے عنان حکومت سنبھالی تو اس وقت ابر باران برسلہ میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ابر باران خدا وند کریم کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے اور وہ ایک نیک فال تھی - میں اس ہاوس کے ممبران کی .....

چودھری محمد افضل چیمہ — پوائینٹ آف آرڈر جناب! پوائینٹ آف آرڈر یہ ہے کہ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں حضور سے کیونکہ آپ آنریبل ممبر سے برا راست دریافت کرسکتے ہیں کہ وہ خود بول رہے ہیں یا ان کے اندر الاٹمنٹیں بول رہی ہیں (قہقہہ)

Mr. Speaker : It is again a frivolous point of order.

مولوی محمد اسلام الدین — جناب والا - میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر ان کا خیال ہے کہ میں الاٹمنٹوں کی وجہ سے بول رہا ہوں تو وہ میری الاٹمنٹیں ثابت کریں - (شور) اور میں یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ مجھ سے زیادہ الاٹمنٹیں آپوزیشن کے ممبران کے پاس ہیں (شور) میں یہ گذارش کروں گا کہ اس ایوان نے جنہیں اپنا لیڈر منتخب کیا ہے اور اپنا رہنما تسلیم کیا ہے انہیں وقت دینا چاہئے اور مہلت دینی چاہیئے کہ وہ کچھ سوچ بچار کرسکیں یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ ادھر انہوں نے وزارت سنبھالی اور ادھر عدم اعتماد کی ووٹیں شروع ہو گئیں اس صورت میں یہ کہنا کیسے جائز ہے کہ وہ کام کرنے کے اہل نہیں ہیں - یا ان کے اندر کام کرنے کی صلاحیت نہیں ہے - میں سمجھتا ہوں کہ دراصل آپوزیشن پارٹی کے ممبران کو یہ یقین ہے کہ وزیر خزانہ ملک فیروز خاں نون کے دل میں خلوص ہے - ان کے دل میں اخوت ہے - ہمدردی ہے - آپوزیشن پارٹی کے ممبران دل میں ان کی خوبیوں کے قائل ہیں - تو اس صورت میں وہ جو نکتہ چینی کرتے ہیں وہ میرے خیال میں بیکار محض ہے ان کو چاہئے کہ وہ وزیر خزانہ کو وقت دیں اور اس کے بعد اگر ان کی رہنمائی ثابت نہ ہو تو پھر اعتراض کریں—

آخر میں میں آنریبل وزیر خزانہ کو اس بجٹ پر جو انہوں نے پیش کیا ہے مبارک باد پیش کرتا ہوں—

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس نماز عصر کے لئے نصف گھنٹہ تک ملتوی ہو گیا)—

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

Mr. C. E. Gibbon : (PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO-PAKISTANI, (III): Sir, if ever the Honourable Chief Minister spoke the truth it was when he observed in his budget speech that a democratic Government is sustained by the measure of confidence and co-operation which it receives from the public. Sir, this Government so far has received no co-operation from the public and the reason for that is that the public has no confidence whatsoever in the leadership. (Voices from Treasury Benches: Question). That has been brought about by the Honourable Chief Minister himself in certain explanations given to the New Items of Expenditure. I ask you to kindly cast your eyes on page 123 of the New Expenditure. It reads thus :—

> "Notwithstanding the present financial stringency it would not be possible to affect any reduction whatsoever in the strength of these staff without seriously jeopardising the security of the province and the internal Law and Order situation".

Here 'these staff' mean 'police force'.

"The political parties, most of whom are antagonistic to the present Government, continue building this up and it is extremely important that the existing Intelligence set up should be maintained at least at its existing strength if it cannot be revitalized and enlarged". Here comes the admission from the Government that we are gradually moving towards a police State ; here comes the admission from this Government that we are gradually moving towards totalitarianism; here comes the admission from this Government of its failure to gain the confidence of the people to maintain itself in office. Now, Sir, in the same sense I go on to read from this document of the Government the most incriminating part of its policy. On the same page it says as follows:—

> "Other factors which are pertinent to be noted in this respect are continuous year to yea increase in population, economic stringency, unemployment, which is furth e bound to increase with the recent decision of retrenchment in varius departments of Government specially the army, and political unrest".

As I had observed in my opening remarks, it is probably the first time in history that the Chief Minister of this province has spoken the truth. He has, no doubt, dug his own grave; his political grave in that existing circumstances and all the prevailing conditions have compelled him to admit at least that there is a serious political unrest in the country. And the reason for that serious political unrest is want of confidence of leadership. If there had been confidence, if there had been a sense of justice, if the people felt that their future was in safe hands, then there would have been no need for you to record in this official document your sense of fear and apprehension. Strong leadership need have no fear. Strong leadership is built up on the confidence and on the strength of the people. You can without fear, let or hinderance mix among the massess, which are hungry and unclothed. If you belong to that type of leadership, you are a part of the people. But your own candid admission is that you are not a part of the common man; that you are part of the people that have foisted you into leadership, that you intend to maintain your grip on the masses by an army and police force and by laws which deprive the citizen of his liberty and his fundamental rights.

Now, Sir, you go on further in your admission in order to make it still more clear how thoroughly unpopular you are by saying on page 129 of the same document. It reads thus :

> "Creation of the Police Staff for protective duties with the escort car to accompany the Hon'ble Chief Minister in and outside Lahore".

And for it you are asking this Assembly to give you Rs. 8,210.

The explanation given is as follows :—

> "Although the establishment of Pakistan is a sufficient guarantee of the removal of the barriers once existing between the rulers and the ruled yet the assassination of the late Premier Khan Liaqat Ali Khan proved beyond doubt the existence of elements who hold nothing dearer to them than their own selfish ends".

May I put you a question ? Why have you failed to publish the report regarding the assassination of the late Khan Liaqat Ali Khan? The reason for it is

this that the assassinators of this great man are sitting in the ranks of the Muslim League. I charge them on the floor of this House and the whole nation charges them with the assassination of that great man.

Chief Minister : Question.

Mr. C. E. Gibbon : This is a thoroughly ignominious organisation and they once again put into the minds of the people and into their hearts and try to make out that in this fairy land of ours there exist certain people who are the Ministers of the State and that they are trying to give them reasonable opportunity to defend themselves in a properly recognised court of law; though they cripple them and throw them behind the prison bar and deprive them of their liberty and when the nation starts to rise up against them they hurry forward to release the leaders the real sons of the soil of whom one is Khan Abdul Ghaffar Khan. Do yon not feel sometimes a pang of conscience; does it not strike you at times where your guilt is leading to? Are you so insane as not to see....

Chief Minister : On a point of order. I may point out that this Government has nothing to do with Khan Abdul Ghaffar Khan. It is irrelevant.

Mr. C. E. Gibbon : I am rather glad that the Honourable Chief Minister has made that observation. He seems to forget that this great son of Pakistan was imprisoned in the Rawalpindi Jail and he was put to the most excruciating torture by the officials of the Punjab Government. (Voices from the Treasury Benches : No it is wrong). He was incarcerated and kept in solitary confinement. He was deprived of writing letters for a long period to his friends and relatives. He was not given newspapers to read except those newspapers which the Government selected for him. He was not allowed to have his own cook to cook his food. It was only-and you had the impertinence to refer to me the other day and you said that I carry British blood; though I said that I do not carry that blood-but nevertheless, it was only the English Deputy Commissioner, mind you, it was not a Muslim, not even a non-Muslim citizen of Pakistan, but it was a foreigner, who was serving you, it was that foreigner who went to the jail, because he knew how to treat his prisoners , and he ordered that he be given everything which is required under the regulations. Sir, as far as your own countryman was concerned, you held him down in the jail.

Now, Sir, I wish to tell you that there is one point, which I have to make to day. The Honourable Minister of Revenue said the other day that there was no skeleton in his cup-board. I have no time today to pull the skeletons out of his cup-board—I will do so during the discussion of cut motions when I will take the skeletons out of the cup-board which the Honourable Minister of Revenue put there—but I will start with one skeleton, that is, the skeleton of the Honourable Chief Minister. That is the skeleton which I will take out of your cup-board, and that is, how you have been foisted by the Centre upon this province and in order to hold your grip how immediately you shifted the political chess-board and in that chess-board you found pawns, kings and queens and others to play your dirty game. We know this game of politics. We will play you at exactly the same game.

مسٹر احمد سعید کرمانی — (لاہور کارپوریشن حلقہ نمبر ۰ مسلم) ۔ جناب والا ۔ آج ایوان کا ماحول خوشگوار دیکھکر مجھے کچھ وصلہ ہوا ہے ۔ اس لئے میں اپنی تقریر ایک شعر سے شروع کر رہا ہوں ۔

امیر جمع ہیں احباب حال دل کہہ لے
پھر التفات دل دوستاں رہے نہ رہے

جناب والا — میں سمجھتا ہوں کہ کسی بجٹ پر غور کرنے کے لئے ہمیں چار اصولوں کو ذہن میں رکھنا چاہئیے — اول یہ کہ اس میں

کتنے نئے ٹیکس تجویز کئے گئے ہیں اور وہ کن کن لوگوں پر لاگو ہونگے۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ اس بجٹ میں کتنے پرانے ہٹا دئے گئے ہیں — اور اگر ہٹا دئے گئے ہیں تو کن لوگوں پر سے ہٹا دئے گئے ہیں — تیسرا اصول یہ ہے کہ ہماری صوبائی حکومت کس حد تک مرکز سے رفاہ عامہ کے کاموں کے لئے روپے کی صورت میں مناسب امداد حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔ چوتھی بات جو ہمیں دیکھنی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری حکومت کو صوبے میں جتنی آمدنی ہوئی ہے اس میں سے کتنا حصہ ہماری حکومت سمجھتی ہے کہ رفاہ عامہ کے کاموں پر خرچ کرنا چاہئیے —

جناب والا — اگر آپ ان چار اصولوں کی روشنی میں اس بجٹ پر نگاہ ڈالیں تو لا محالہ آپ یہ پائینگے کہ حکومت نے کئی نئے ٹیکس لگائے ہیں لیکن بد قسمتی سے ان لوگوں پر بوجھ ڈال دیا گیا ہے جو پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ سے دبے ہوئے ہیں اور ان سے نالاں ہیں — دوسری بات یہ ہے کہ اس حکومت نے کوئی بھی پرانا ٹیکس نہیں ہٹایا حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ شہر لاہور کے باشندوں نے کئی بار اس حکومت سے التجا کی ہے کہ وہ شہری جائداد کے ٹیکس کو منسوخ کرے کیونکہ یہ لوگ اسکے علاوہ اور بہت سے ٹیکس ادا کر رہے ہیں لیکن مقام افسوس ہے کہ حکومت نے اس سلسلے میں کوئی قدم نہیں اٹھایا (شور) -

صاحب سپیکر — آرڈر — آرڈر ؟

مسٹر احمد سعید کرمانی — ایک فاضل ممبر نے نہایت واضح طور پر بڑے پتے کی بات کہی کہ ہماری حکومت کو بڑی جرأت کے ساتھ مرکزی حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہئیے کہ وہ Raiseman Award کو منسوخ کرے اور ہمارے صوبے کو مزید روپیہ دے تاکہ یہ حکومت رفاہ عامہ کے کاموں میں مزید روپیہ صرف کر سکے —

جناب والا — قلت وقت کے پیش نظر میں اختصار کے ساتھ چند باتوں کی طرف اشارہ کرونگا جن کا تعلق شہر لاہور کی آبادی سے ہے — آپ جانتے ہیں کہ تقسیم ہند سے پہلے لاہور نہ صرف ایک کمرشل سنٹر تھا بلکہ ایک کلچرل سنٹر بھی تھا لیکن آج اس حقیقت کو ماننا پڑھتا ہے کہ تقسیم کے بعد اس شہر کی یہ دونوں حیثیتیں روز بروز کم ہو رہی ہیں - حکومت کو چاہئیے کہ وہ اپنی پہلی فرصت میں سنٹرل گورنمنٹ پر دباؤ ڈالے تاکہ ہندوستان کے ساتھ یہاں کے لوگ براہ راست تجارت کر سکیں —

اس سے لاہور کو پھر وہی حیثیت حاصل ہو جائے گی — جو اسے تقسیم سے پہلے حاصل تھی —

جناب والا — میری دوسری گذارش یہ ہے کہ حکومت پنجاب کو چاہئیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ روپیہ ان اداروں کو دے جو لاہور میں ثقافتی سرگرمیاں جاری رکھتے ہیں — ساتھ ہی مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ میں شاید اپنے حلقہ انتخاب سے ناانصافی کرونگا اگر میں اس موقع پر اپنی حکومت کے سامنے نہایت دیانتداری کے ساتھ ان جذبات کا اظہار نہ کروں جو اس وقت شہر کے لوگوں میں موجود ہیں — شہر کے لوگ اس لحاظ سے آپ کے مشکور ہیں کہ آپ نے محسوس کیا کہ پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ میں ترمیم ہونی چاہئیے لیکن وہ ترمیم اس قسم کی ہے کہ شہر کا فہمیدہ طبقہ اس کو ایک دھوکا سمجھتا ہے (ہیئر ہیئر) اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ اس میں ایسی ترمیم ہونی چاہئیے کہ جس سے واقعی شہری آزادی محفوظ ہو سکے — اسی لاہور شہر میں بیسیوں ایسے گھرانے ہیں جن کو چلانے والے اس وقت مارشل لاء کی عدالتوں کی سزائیں بھگت رہے ہیں اور جیل میں بند ہیں (قطع کلامیاں — شور) وزیر اعلیٰ نے فرمایا ہے کہ وہ اس قابل نہیں ہیں کہ مرکزی حکومت سے سفارش کریں کہ ان کو رہا کر دیا جائے — کاش میرے پاس الفاظ ہوں کہ میں وزیر اعلیٰ صاحب کا دل نرم کر سکوں — انہیں یقین دلا سکوں کہ ایسے لوگ بھی ہیں جو ناحق بے گناہی کے جرم میں دھر لئے گئے تھے — وزیر اعلیٰ کو بڑی فراخدلی کے ساتھ اُن لوگوں کی امداد کرنی چاہئیے — البتہ میں ان لوگوں کی امداد کا ہرگز مطالبہ نہیں کرتا جنہوں نے اس صوبے اور اس شہر کے امن و سکون کو تباہ و برباد کیا — میری گذارش صرف ان لوگوں کے متعلق ہے جو وقتی طور پر مذہبی جذبے کے تحت مارشل لاء کی عدالتوں کی زد میں آ گئے —

میاں منظور حسن — (گوجرانوالہ نمبر ۱ مسلم) جناب والا — کسی قوم اور ملک کے مستقبل کا راز وہاں کی نئی پودکی تربیت اور تعلیم میں مضمر ہے — میں جناب کے سامنے بچوں کی تعلیم کے متعلق اعداد و شمار پیش کرتا ہوں — اس بد قسمت صوبے میں ۷۷ فیصدی بچے تعلیم حاصل نہیں کرتے اور ۸۰ فیصدی عورتیں تعلیم حاصل نہیں کر رہی ہیں۔ اس صوبے میں صرف چھ ہزار دیہات میں تعلیم کا انتظام ہے۔ ان حالات کے پیش نظر جب ہم اس مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں تو ہمارے آنریبل وزیر مال کے اپنے بائیں ہاتھ کے ساتھ بحث کے دروازے

بند کرنے کے لئے یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہم finances کے لحاظ سے خود مکتفی نہیں ہیں ۔ مگر میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ہم چاہیں تو انہیں فنانسز سے تعلیم کا بہتر انتظام ہو سکتا ہے ۔ مثلاً اگر ہم چاہیں تو دیہات کی مساجد اور دائروں میں کم خرچ کے سکول جاری کر سکتے ہیں ۔ اگر ہم چاہیں تو ان سکولوں کو Double Shift Schools بنا سکتے ہیں اور ان اساتذہ کو جو Double Shift Schools میں کام کریں ہم انہیں bonus اور Insurance کی رعایت دے سکتے ہیں انکی retirement age ساٹھ سال تک بڑھا سکتے ہیں ۔ اگر حکومت چاہے تو ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں سے مطالبہ کر سکتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے علاقوں میں لازمی تعلیم رائج کریں ۔ حضور والا ۔ خرچ بچانے کا ایک اور طریقہ بھی ہے کہ تعلیمی اداروں میں فضول خرچیوں کو بند کیا جائے ۔ چیف کالج گورنمنٹ کالج اور نیا حسن ابدال سکول جہاں صرف امرا کے بچے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں عوام کے حوالے کر دئے جائیں تاکہ ان میں عوام کے بچے تعلیم حاصل کر سکیں اور وہاں کے اخراجات غریب بچوں کے والدین برداشت کر سکیں ۔ جناب والا — ایجوکیشن کو فناس بہم پہنچانے کی ایک ترکیب یہ ہے کہ تمام درسی کتب کو نیشنلائیز کر لیا جائے — اس طرح حکومت کو لاکھوں روپے کا فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔ یہ درست ہے کہ ایسا کرنے سے چند بڑے بڑے کتب فروش اور بڑے بڑے پریس حکومت سے برہم ہو جائیں گے —

جناب والا — ایک اور بات جسکی طرف حکومت کو سب سے زیادہ توجہ مبذول کرنی چاہئیے وہ اس صوبے کی صحت ہے — آج ہی ہمیں بتایا گیا ہے کہ ایک ہزار نوزائیدہ بچوں میں ۱۵۰ بچے عدم توجہی اور طبی امداد نہ ملنے کی وجہ سے مر جاتے ہیں ۔ حضور والا — اگر ہمارے صوبے میں لوگوں کا تقدیر پر اعتقاد نہ ہوتا کہ جو کچھ ہوتا ہے وہ روز ازل سے لکھا ہوا ہے — تو وہ انہیں ان گدیوں پر موجود نہ رہنے دیتے ۔ ڈاکٹروں کی کمی کے سبب عوام کو گورنمنٹ کے اداروں کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے اور ڈاکٹروں کی فیسیں اس قدر گران ہیں کہ عوام ان سے فائدہ حاصل کرنے کے اہل نہیں لیکن وہ ایسے حیلے بہانوں سے کام لیتے ہیں کہ لوگوں کو ان سے پرائیویٹ طور پر مشورہ لینا پڑتا ہے ۔ حکومت کو چاہئیے کہ ڈاکٹروں کی فیسوں کو جبراً محدود کر دے اور اپنے ملازم ڈاکٹروں کو زیادہ الاؤنس اور bonus دیکر انہیں پرائیویٹ پریکٹس کرنے سے منع کرے ۔ اس کے علاوہ حکومت vaccine اور دوسری ادویات گران

قیمتوں پر باہر سے درآمد کرنے کی بجائے انہیں مقامی طور پر تیار کرنے کی کوشش کرے۔

جناب والا۔— ایک اور معاملہ کی طرف میں اس ہاؤس کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ ہے جیلوں کے متعلق — جنہیں reform کیا جا رہا ہے — ہم دیکھتے ہیں کہ روس جاپان اور جرمنی کے قیدیوں کی طرح یہاں بھی اصلاحی کام ہو رہا ہے۔

صاحب سپیکر — آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے —

نواب زادہ چودھری مہدی علی خان — (گجرات ؛ مسلم) جناب والا — مجھے اتنا کم وقت دیا گیا ہے کہ میں کوئی بات بھی تفصیل سے بیان نہیں کر سکوں گا اس لئے میں اپنی تقریر کے چند عنوانات ہی بیان کرونگا۔ جناب والا ۔ گذارش ہے کہ جلالپور کے دواڑے پر پل بنانے کے متعلق تو روپیہ منظور کیا گیا ہے مگر موضع بھولے کے دواڑہ پر پل کے لئے کوئی رقم منظور نہیں کی گئی حالانکہ یہ دونو پل ایک ہی سڑک پر ہیں اور ان میں سے ایک کا نامکمل ہونا بدستور لوگوں کی تکلیف کا باعث رہتا ہے اسی طرح گجرات میں اوان شریف کی سڑک پر دو پل بنانے کی فوری ضرورت ہے بلکہ جو اضلاع جموں ریاست کی سرحد کے ساتھ ملتے ہیں مثلاً سیالکوٹ ۔ جہلم ۔ گجرات وغیرہ وہاں ایسے پلوں کا بنانا بے حد ضروری ہے ۔ مفاد عامہ کمیٹیاں تب ہی مفید کام کر سکتی ہیں جب افسران ضلع پوری توجہ دیں اور ممبران کی سفارشوں کو نا پسند کریں ۔

رشوت بدستور قائم ہے بلکہ زیادہ ہے اور رشوت لینے والے لوگ سمجھتے ہیں کہ رشوت کا یہی وقت ہے۔ کوئی محکمہ اس سے خالی نہیں ۔ ہر وقت یہ کہا جاتا ہے کہ اس کے انسداد میں کافی دیر لگے گی اور ہم نے کمیٹیاں بنا رکھی ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ سب کچھ اپنی جگہ ٹھیک ہوگا لیکن یہ تمام چیزیں بہت دیر کے بعد کسی نتیجہ پر پہنچے گی ۔ اس کا ایک فوری علاج یہ ہے کہ جس افسر کا ماتحت رشوت لیتا ہو اسے بر طرف کر دیا جائے یا کم از کم اسے سخت خمیائش کر دی جائے ۔ نیز ۱۹۴۷ء کے بعد جو رئیس اور لاکھ

پتی بنے ہیں ان کے مواخذہ کے لئے آج تک کوئی بل نہیں بنایا گیا اس کی طرف فوری توجہ کرنی چاہئے تا کہ یہ اندازہ ہو سکے کہ ان لوگوں نے کس ذریعہ سے اتنی دولت حاصل کی ہے اور جب وہ تسلی بخش تفصیلات بہم نہ پہنچا سکیں اور حکومت کو یقین ہو جائے کہ ان کی حاصل کردہ دولت ناجائز ہے تو یہ روپیہ بحق سرکار ضبط کیا جائے تا کہ اس سے ملک کے کارخانوں اور دوسری صنعتوں کو ترقی دی جا سکے۔

اس وقت جناب والا— سوت کی کھڈیوں کی ناجائز سوسائٹیاں بنی ہوئی ہیں جو مطلقاً کپڑا تیار نہیں کرتیں صرف سوت حاصل کر کے بلیک کرتی ہیں۔ ایسی سوسائٹیاں فوراً بند کر دینی چاہئیں۔

پھر جناب والا— مقامی لوگ مہاجر بنے ہوئے ہیں اور اس طرح انہوں نے مکانات اور زمین الاٹ کرا رکھی ہیں۔ اس امر کی طرف کئی بار حکومت کی توجہ دلائی گئی ہے مگر آج تک اس پر عمل نہیں کیا گیا۔

مقامی اخبارات کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ اس قسم کے بعض اخبارات ہیں جن کا شیوہ ہی نفرت پھیلانا اور شریفوں کی پگڑیاں اچھالنا ہے۔ ایسے اخبارات ہر وقت ایک اجرتی قاتل کی طرح عوام کو ذلیل کرنے کے درپے رہتے ہیں اس لئے میری گذارش یہ ہے کہ ایسے اخبارات کے ڈیکلریشن فوراً منسوخ کر دئے جائیں۔

جناب والا— یہ ٹھیک ہے کہ اس وقت صوبہ میں ڈاکٹروں کی کمی ہے مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جو شخص ڈاکٹری سے قطعاً نا آشنا ہو اور اس کے پاس کسی قسم کی کوئی ڈگری نہ ہو اسے برملا پریکٹس کی اجازت دی جائے۔ میری گذارش ہے کہ ایسے لوگوں کو جب تک وہ سند حاصل نہ کریں پریکٹس کی اجازت نہ دی جائے۔

زرعی ٹیکس صرف ہمارے صوبہ میں ہے یا اغلباً بہاولپور میں — پاکستان کے کسی اور صوبہ میں یہ ٹیکس نافذ نہیں ہے۔ میں حیران ہوں کہ اسے کیوں بدستور قائم رکھا گیا ہے —

جناب والا—یہ ٹیکس ہر ایک کے لئے خواہ وہ کتنا ہی بڑا زمیندار کیوں نہ ہو ناقابل برداشت ہے - چھوٹے مالکان اراضی کا تو ذکر ہی کیا ہے—

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is it a fact that in his Budget Speech the Honourable Chief Minister said, "As a matter of fact the Centre is encroaching upon....."

Chief Minister: The honourable member does not know the difference between 'encroachment on Provincial sphere of taxation' and 'loan' . I regret to say that althogh the Agricultural Income Tax is a Provincial subject, the Tobacco Tax is levied by the Centre. It has been the view of this Government that any tax which is levied on standing crop is a tax on agricultural income and is in the sphere of the Provincial Government. Now the Excise Duty on Tobacco imposed by the Central Government, instead of being imposed on shops where tobacco is sold, is at the moment being imposed in the villages on standing crop where the Central Government Excise Inspectors go and ask how much is the tobacco acreage and then estimate that the tobacco will be so much and therefore so much Tobacco Excise Duty is due and they levy that amount on the farmer. I personally feel that this is an encroachment on Provincial sphere of taxation in the matter of agricultural produce.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Then, that means that the Honourable Chief Minister has agreed with me that this is an encroachment.

Chief Minister : But you quoted my speech.

MEASURES TO BRING DOWN PRICES OF CLOTH

***2647. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state whether Government have adopted any measures to bring down the prices of cloth in the Province: if so, with what results ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)- انشل سپلائز (ٹمپریری (پاورز) ایکٹ ۱۹۴۶ کے ماتحت مرکزی حکومت کو بھی کپڑے پر کنٹرول کرنے کا مجاز ہے ۔ اس لئے حکومت پنجاب کپڑے کی قیمتوں کو کنٹرول نہیں کر سکتی ۔

(۲) مرکزی حکومت نے کپڑے کی قیمت کم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل اقدام اٹھائے ہیں ۔ مالکان کارخانہ جات کے ساتھ ایک معاہدہ کیا گیا ہے ۔ جس کے ماتحت ۔

(الف) پاکستان کارخانہ جات کے بنے ہوئے کپڑے کی قیمت اس حساب سے مقرر کی جائیگی جو کہ ۱۹۵۳ کی پہلی سہ ماہی میں رائج تھی ۔

(ب) ملوں سے کپڑا باہر بھیجنے سے پہلے ہر قسم کے کپڑے پر قیمت فروخت کی مہر لگائی جائیگی ۔

(ج) پاکستانی ملوں کا بنا ہوئے کپڑے کا ۱۰ فیصدی حصہ فیر پرائس شاپ (Fair Price Shop) پر فروخت ہوا کریگا۔ یہ دوکانیں حکومت کی نگرانی میں قائم ہونگی۔

(د) پاکستانی ملوں میں بنے ہوئے کپڑے کا خاصہ بڑا حصہ کارخانہ دار اپنے پرچون ڈپو کھول کر براہ راست عوام میں تقسیم کرینگے۔ ایسے ڈپو ملک کے ہر حصے میں کھلیں گے۔

(۳) معاهدہ کی مندرجہ بالا شرائط پر گذشتہ ماہ سے عمل درآمد ہونا شروع ہو گیا ہے۔ حکومت پنجاب نے Fair Price Shop کھولنے کے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ عوام کو کپڑا راشن کارڈ پر ملا کرے گا۔

(۴) حکومت پاکستان نے ۴ کروڑ روپے کا کپڑا باہر سے اپنے خرچ پر منگوایا ہے۔ جس سے ابھی ابھی اطلاع آئی ہے کہ ۲ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے کا کپڑا ہمارے صوبے کو ملا ہے۔ حکومت پنجاب نے البتہ ایک جامع قسم کی سکیم اس کپڑے کو تقسیم کرنے کی بنائی ہے۔ جونہی کپڑا پنجاب میں وصول ہوگا اس کی تقسیم کا کام فوراً ہاتھ میں لیا جائے گا۔

(۵) مندرجہ بالا اقدامات کے پیش نظر کپڑے کی قیمتیں اور زیادہ بڑھنے سے رک گئی ہیں۔ امید کی جاتی ہے۔ کہ جس وقت مندرجہ بالا انتظامات پر پورے طور پر عمل ہونا شروع ہو گیا تو کپڑے کی قیمت میں خاطر خواہ کمی واقع ہو جائیگی۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, the Honourable Parliamentary Secretary has referred to some very comprehensive scheme. Is it possible for him to give on the floor of the House just some of the salient features of the scheme.

Chief Minister : With regard to the distribution of imported cloth, the proposal is under consideration. The quantity which is to be imported comes to about a yard per head in the whole of the Province and, therefore, to distribute it to everybody who is entitled to it is almost an impossible task and one yard is difficult to distribute. The proposal is that in the cities this cloth should be distributed on the ration cards at the rate of one or two yards per head. But the problem regarding distribution in villages still remains. The difficulty is to find a method of distributing it fairly in the villages, which are in many respects much more short in cloth supply than the towns. Some sort of a haphazard scheme has to be worked out for the distribution of this cloth to the poor people in the villages but the scheme has not yet been finalised. If there is any brilliant suggestion by which we can make the imported cloth available to the village people, we will give it a very favourable consideration.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : Will the Honourable Chief Minister please state whether the cloth which is intended

to be imported is going to be of superior quality or ordinary quality, cheaper than the cloth being sold by the mills in Pakistan?

Chief Minister : I do not know about the cheapness but it is a cloth which may be suitable for the poor classes and not for the rich people. But I cannot give the comparative prices.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdiul Aziz Noon :** Will the Government of the Punjab take into consideraton the fact that people in the rural areas are much poorer than the people in towns and cheaper type of cloth should be made available in the villages rather than in the towns where people are already getting cloth—comparatively ?

Chief Minister : We will consider it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, the Honourable Parliamentary Secretary while referring to the opening of Fair Price Shops said that the Punjab Government has completed all arrangements with regard to the opening of such shops. I would like to know that if all arrangements have been completed, where is the hitch ?

Parliamentary Secretaty : The cloth has not yet been received.

SCHEME FOR DISTRIBUTION OF IMPORTED CLOTH

***2648. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) whether any scheme has been formulated for the proper distribution of imported cloth in the Province; if so, the details thereof ;

(*b*) the total quantity of foreign cloth to be imported on Government Account which has been allocated to the Punjab and the date by which it is likely to reach the Province.

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوھدری سلطان علی)—(ا) مرکزی حکومت کی ھدایات کے مطابق سوتی کپڑا جو کہ حکومت کے خرچ پر در آمد کیا گیا ھے ۔ اور جس سے ھمارے صوبے کو ۲ کروڑ دس لاکھ روپے کا ملا ھے وہ صرف شہری علاقوں میں تقسیم کیا جائیگا ۔ حکومت پنجاب نے اس لئے کپڑے کی تقسیم کی ایک جامعہ سکیم بنائی ھے ۔ جس کے مطابق یہ کپڑا صرف ان شہروں میں تقسیم کیا جائیگا ۔ جن کی آبادی پانچ ھزار یا اس سے زیادہ ھے ۔ کپڑا موجودہ راشن کارڈ برائے گندم وغیرہ پر تقسیم کیا جائیگا ۔ دیہات میں شادی وغیرہ جیسے تقریبات کے لئے کپڑے کا خاص کوٹہ دیا جائیگا ۔ جیسا کہ گذشتہ کنٹرول کے زمانے میں ھوتا تھا ۔

اس کپڑے کی تقسیم مستحق دکانداروں کی کمیٹیوں کے ذریعے عمل میں لائی جائے گی یہ کمیٹیاں مناسب جگھوں پر کپڑے کی پرچون فروخت کے لئے ڈپو کھولیں گی ۔

(ب) حکومت پاکستان سے تحقیقات کی جا رھی ھے ۔ کہ کل کتنا کپڑا پنجاب کو دیا جائیگا ۔ اور وہ کب تک یہاں پہنچ جائیگا ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* **Rana Abdul Aziz Noon:** Is it a fact that there is greater shortage in the villages than in the towns?

Chief Minister : Yes.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: May I know the reason for this step-motherly treatment towards the rural population? Why are they being deprived of their share?

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ غلط ہے کہ دیہات کے ساتھ Step-motherly سلوک کیا گیا ہے۔

میاں عبدالباری — سوال نمبر ۲۶۳۷ کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے سوال نمبر ۲۶۰۸ کا جواب ان سے مختلف ہے۔ ان دونوں میں سے کس کو صحیح سمجھا جائے۔ وزیر اعلیٰ کے خیالات کو یا پارلیمنٹری سیکرٹری کے جواب کو؟

وزیر اعلیٰ — اصل میں پہلے دفتر سے آیا ہوا جواب پڑھ کر سنا دیا گیا تھا جس کی اصلاح یا درستی میں نے کر دی ہے۔ اب صحیح جواب وہی ہے جو میں نے عرض کیا ہے۔

میاں عبدالباری — کیا باقی وزیر بھی جو کچھ کہہ دیں صحیح متصور ہوگا۔

وزیر مال — جو ہم کہتے ہیں وہ قانون ہے۔ (قہقہہ)

TRIAL OF OFFICIALS OF POLICE DEPARTMENT FOR ABUSE OF POWERS AND BRIBERY

*2735. **Chaudhri Ghulam Rasul Tarar :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state the number and designations of officals of the Police Department tried for abuse of powers and bribery during the last year and the number of those among them who were (*i*) convicted and (*ii*) acquitted by the courts ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چوہدری سلطان علی) —

انسپکٹر پولیس	سارجنٹ	سب انسپکٹر	اسسٹنٹ سب انسپکٹر	ہیڈ کانسٹیبل	کانسٹیبل
۱	۱	۳	۹	۱۵	۶۳
,,	,,	,,	,,	۱	۱
,,	,,	۲	۲	۲	۲۳

(باقی مقدمات ابھی زیر تجویز ہیں)

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon. : Does the list just given by the Honourable Parliamentary Secretary include any people from the Anti-Corruption Department?

Parliamentary Secretary : I cannot say that.

LIBRARY OF AGRICULTURAL COLLEGE, LYALLPUR

*2642. **Mian Abdul Bari:** Arising out of the answer given to my starred question No. 2135, will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether 2,500 half burnt books and 1000 periodicals requiring rebinding have been got rebound by now, if not, the reasons therefor.

(*b*) whether the requisite number of alimirahs have been secured and books properly placed in them, if not, the reasons therefor ;

(*c*) the time likely to be taken to make good the deficiency of burnt scientific books and providing new books to make the library up to date in Scientific Literature with the annual grant of Rs. 7337 ;

(*d*) whether the 8085 books received free of cost are of the same scientific standard and on the same subjects as those burnt ;

(*e*) the names of donors of 8085 books and periodicals to the Library of the Agricultural College, Lyallpur.

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) The entire stock of half burnt books and periodicals could not be rebound in one instalment for want of funds, and gradual action had to be taken to rebound them from out of the yearly grant. Upto this time, most of them have been brought into a fit condition.

(*b*) Sufficient almirahs have been got manufactured in the Agricultural College Workshop, Lyallpur, and books have been placed in them properly. This number is not, however, adequate to cope with the ever increasing number of Library books and arrangements are being made to correspondingly increase the number of alimirahs.

(*c*) Besides the annual recurring grant, a six yearly plan for the rehabilitation of the Agricultural College Liberary has been formulated, and it is hoped that with the advent of next financial year the College Library will be placed on a considerably sound footing. The Burmah Shell have donated a sum of Rs. 3,000 which will go a long way in the rehabilitation of the Entomological side of the Library.

(*d*) This cannot obviously be so. Some are and some are not of the same standard.

(*e*) The list is laid on the table.

LIST OF DONORS

1. Khan Abdul Rahman, B. Sc. Agricultural (Edin)., Ph. D. (Cantab)., Director of Agriculture, Punjab.
2. Malik Amanat Khan Esquire, Joint Director of Agriculture, Punjab.
3. High Commissioner for Pakistan, London.
4. Director of Public Relation, Punjab, Lahore.
5. Director Hansard Society, London.
6. Deputy Director of Agriculture, Lyallpur.
7. Deputy Custodian, Lyallpur.
8. Deputy Commissioner, Montgomery.
9. British Council at Karachi and Lahore.
10. Dr. S. M. Ishaq, Biochemist, Baluchistan.
11. Various Universities and Institutions of England and U.S.A.
12. Dr. P. E. Lander, Ex-Princiapl, Punjab Agricultural College, Lyallpur.
13. Agricultural Extension Adviser to Government of Pakistan, Karachi.

14. Malik Ghulam Muhammad Khan, Retired, Deputy Inspector of Schools, Lyallpur.

15. American Consulate General, Lahore.

16. Mr. Akbar Ali Chohan, Assistant Agricultural Chemist, Lyallpur.

17. Ch. Sultan Ali, Deputy Director of Agriculture, Multan.

18. Dr. A. G. Riaz, Soil Conservation Advisor to Government of Pakistan, Quetta.

19. Khan Musahib-ud-Din, Assistant Professor of Horticulture, Punjab Agriculture College, Lyallpur.

20. Dr. Atiqur Rhaman, Public Health Entomologist, Lahore.

21. Ch. Abdur Rashid, Khan, Vegetable Botanist, Punjab Agricultural College, Lyallpur.

22. Khan Sardar Khan, Cerealist, Punjab Agricultural College, Lyallpur.

23. Ch. Muhammad Afzal.

24. Ch. Allah Bux, Chief Conservator of Forests (Retired).

25. M. Alaf Sani, retired Agricultural Assistant.

26. Food and Agriculture Organizing of the United Nations, Washington.

27. Mian Muhammad Afzal.

28. Ch. Fateh Muhammad.

میاں عبدالباری -- کیا آنریبل وزیر زراعت صاحب ارشاد فرمائینگے کہ گزشتہ تقریباً چار پانچ ماہ میں اتنی غفلت کیوں روا رکھی جس کے باعث کتابوں کی جلد بندی نہ کی گئی اور ان کو الماریوں میں مناسب حفاظت سے نہ رکھا گیا جس کے نتیجے میں وہ کرم خوردہ ہو کر خراب ہو گئیں ۔ کیا اس کے یہ معنے نہیں کہ آپ اس پہلو سے ارادتاً غافل ہیں ؟

وزیر -- جو روپیہ اس کام کے لئے مقرر کیا جاتا ہے وہ Annual Grant کے تحت آتا ہے ۔ لیکن یہ Annual Grant کی رقم اس نقصان کی تلافی کے لئے مکتفی نہیں ہوتی ۔ امسال ایک چھ سالہ منصوبہ تیار کیا گیا ہے ۔ جس کے لئے آپ کے موجودہ بجٹ میں بھی سالانہ گرانٹ کے علاوہ پانچ ہزار روپے کی ایک رقم اس مد کے لئے مخصوص کی گئی ہے تا کہ اس سلسلے میں عجلت سے کام لیا جا سکے ۔

میاں عبدالباری — کیا میں وزیر زراعت سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس مد کا نام کیا ہے ؟

وزیر — اس کا نام لائلپور ایگریکلچرل کالج لائبریری ہے ۔

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر زراعت ارشاد فرمائینگے کہ اس سے پہلے وہ کونسی مد تھی جس میں سے لائبریری کے متعلق انتظام کیا جاتا تھا ؟

وزیر :- میں نے عرض کیا ہے کہ کالج کی Annual Grant میں سے کالج کے بر سراقتدار افسران مختلف کاموں کے لئے جو رقم چاہتے ہیں نکال لیتے ہیں - میں نے یہ بھی عرض کیا ہے کہ امسال اس Annual Grant کے علاوہ خصوصیت سے پانچ ہزار روپے کی ایک رقم اس لائبریری کے لئے مخصوص کر دی گئی ہے تا کہ اس کام کو صحیح طور پر کیا جا سکے -

Rana Gul Muhammad Noon : Where were these burnt books kept ? For How long it took the Government to make the library upto-date ?

Minister : It has not been asked in the question ?

Rana Gul Muhammad Noon: When was the library made up-to-date ?

Minister : I do not know the exact date.

Rana Gul Muhammad Noon : Does the Department know the approximate number of books burnt down ?

Minister : I have given the number in answer to a previous question. Probably half-burnt books were 2,500 and 1,000 periodicals.

Rana Gul Muhammad Noon: What was the total number of books actually burnt ?

Minister : I cannot tell off-hand.

Syed Amir Hussain Shah : Is it a fact that there was sufficient money under the grant for taking care of these burnt books and whether it had been spent wisely by the officers concerned ?

Mr. Speaker : Disallowed.

PRINCIPAL, AGRICULTURAL COLLEGE, LYALLPUR.

***2643. Mian Abdul Bari :** Arising out of the answer given to parts (*a*) and (*b*) of my starred question No. 2133, will the Hon'ble Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the reasons for not providing a wholetime Principal for the Punjab Agricultural College, Lyallpur

(*b*) the reasons for entrusting the field and touring duties of the office of Deputy Director of Agriculture, Lyallpur Circle, to the Principal, Agricultural College, Lyallpur.

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : (*a*) The duties of the Principal are not enough to keep him occupied for the whole day, and his services are, therefore, better utilised in teaching his particular subject as well.

(*b*) The present Principal is also the Professor of Agriculture and Rural Economics. It is, therefore, necessary to keep him directly in touch with the practical knowledge in the field, so that he may be in a position to impart up-to-date knowledge in Agriculture to the students. He is entrusted with the duties of Deputy Director for the benefit of the institution and the students. This job is limited to the small circle of Lyallpur, where he is helped by an Extra Assistant Director.

Rana Gul Muhammad Noon: May I know the duties of the Principal of the Punjab Agricultural College, Lyallpur, which are not heavy enough to keep him occupied throughout the year ?

Minister : The question was that why a wholetime principal is not kept for that college. I have submitted the information to the House that to keep the man merely as a principal would be a burden on the exchequer because

the duties of the principal, who is not a teacher, are not enough to keep him occupied for the wholetime and, therefore, we are using his services as a teacher also so that it would be of benefit both to the institution and the students and will also save the money.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: The question is that besides his duties as the principal he is also expected to give lectures and do some instructional work, why has he been entrusted with the duties of the Deputy Director of the circle ?

Minister : That I have also explained. He is entrusted with the duties of the Deputy Director of Agriculture of a small circle of Lyallpur in order that he may have upto-date knowledge of agriculture in the field and having an upto-date knowledge in the fileld, he may be in a position to impart that knowledge to the students in the college while he is teaching the subject of agriculture. If any principal, who is not a professor of agriculture, is a professor of some other subject, then Government will see that that Principal is also made a Deputy Director of Lyallpur circle or not so that other duties connected with the Deputy Director of Lyallpur circle do not suffer. We have also given him an Extra Assistant Director of Agriculture as a helper.

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر زراعت ارشاد فرمائینگے کہ پرنسپل صاحب کے ذمے جو ڈپٹی ڈائرکٹر کی duties لگائی گئی ہیں وہ کیا ہیں ؟ کیا کسی اور صوبے میں یا کسی اور کالج میں بھی ایسا ہو رہا ہے جہاں teaching اور administration کی duties کے علاوہ کوئی اور duties بھی دی گئی ہوں ؟

صاحب سپیکر — آپ صرف اس صوبے کے ایگریکلچرل کالج کے متعلق سوال کر سکتے ہیں ۔

میاں عبدالباری — کیا اس صوبے میں نوئی اور ایگریکلچرل کالج بھی ہے ؟

وزیر — جی نہیں۔ ہمارے صوبے میں صرف ایک ہی ایگریکلچرل کالج ہے ۔میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ڈپٹی ڈائرکٹر آف ایگریکلچرل کو فصلوں کی کاشت وغیرہ کو مطالعہ کے نقطہ نظر سے دیکھنے کیلئے موقع پر جانا ضروری ہوتا ہے ۔ اگر اس کے ذمے ڈپٹی ڈائرکٹر آف ایگریکچر کے فرائض نہ سونپے جائیں اور اسے یہ مواقع بہم نہ پہنچائے جائیں کہ وہ زراعت سے متعلق ان کاموں کا جو باہر کھیتوں میں ہو رہے ہوتے ہیں مطالعہ اور معائنہ کر سکے تو ظاہر ہے کہ اس کے عملی علم میں کمی رہ جانے کا امکان ہے ۔ لہذا اس عملی علم کو پورا کرنے کی خاطر یہ قدم اٹھایا گیا ہے ۔ اگر وہ زراعت کے مضمون کا پروفیسر نہیں ہوتا تو اسے ڈپٹی ڈائرکٹر آف ایگریکلچر نہیں بنایا جاتا۔

میاں عبدالباری — کیا جناب وزیر زراعت ارشاد فرمائینگے کہ وہ بیس - تیس یا چالیس مربعے کا فارم جو زراعتی کالج کے ساتھ ہے ان کی واقفیت کے لئے کافی نہیں ہے ؟

وزیر — اگر بجٹ کیلئے اس امر کو نہ چھیڑا جائے تو میں یہ بھی عرض کرونگا کہ اس کے متعلق پروفیسروں کو پہلے ہی کافی علم ہوتا ہے - لیکن باہر دیہات میں جو کسان کاشت وغیرہ کرتے ہیں اس میں جو خامیاں رہ جاتی ہیں اگر یہ ڈپٹی ڈائرکٹر ان کا مشاہدہ نہ کریں تو وہ طالب علموں کو ان خامیوں اور کمزوریوں سے آگہ نہیں کر سکتے جن کو ان چیزوں کا بتایا جانا لازمی امر ہوتا ہے -

میاں عبدالباری - وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ لائلپور کے سرکل میں جو کاشتکار غلطیاں کرتے ہیں وہی طلبا کو بتائی جانا ضروری ہیں - تو کیا وزیر موصوف فرمائیں گے باقی اضلاع میں کاشتکاروں سے جو غلطیاں ہوتی ہیں وہ بھی طلبا کو بتائی جانا ضروری خیال کی جاتی ہیں یا نہیں !

Mr. Speaker : Disallowed.

مسٹر محمد امین — کیا پرنسپل کو extra duties کے عوض میں کوئی الاؤنس بھی دیا جاتا ہے ؟

وزیر — یہ اطلاع اس وقت میرے پاس موجود نہیں ہے -

Sheikh Mehbub Ilahi: Is the Honourable Minister aware that he gets Rs. 150 as an allowance as Principal ?

Minister : Yes, otherwise he is the professor of agriculture.

Rana Gul Muhammad Noon: May I ask the Honourable Minister what are the teaching qualifications and experience of the Principal, Agricultural College, Lyallpur ?

Mr. Speaker : Disallowed.

قاضی مرید احمد — کیا آنریبل وزیر زراعت بتا سکتے ہیں کہ پرنسپل نے گذشتہ سال کتنے دورے کئے ؟

Mr. Speaker : Give a fresh notice.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is the Honourable Minister aware that because of combining these two jobs and giving them to one person, instructional knowledge is suffering and the principal has not been able to give a single lecture ?

Mr. Speaker : Disallowed.

REMUNERATION PAID TO KH. BASHIR BAKHSH TO CONDUCT ENQUIRY INTO THE AFFAIRS OF CO-OPERATIVE DEPARTMENT

***2746. Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Minister of Agriculture be pleased to state the remuneration, if any, paid to Kh. Bashir Bakhsh, former Managing Director, Australasia Bank, Limited, Lahore, to conduct an enquiry into the affairs of the Punjab Co-operative Department and place a copy of his report on the table of the House ?

The Honourable Sardar Abdul Hamid Khan Dasti : Kh. Bashir Bakhsh was appointed as Honorary Adviser to the Co-operative Department for the scrutiny of commercial loans advanced by the Central Co-operative Banks and not for conducting an inquiry into the affairs of the Co-operative Department. He has not yet submitted his report.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Will the Honourable Minister be pleased to state whether this officer has been given any honorarium ?

Mr. Speaker : Disallowed.

---

*2755. **Mian Manzoor Hassan:** Will the Hon'ble Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the rate at which the Rahwali Sugar Mill purchased sugar-cane before the 31st of March, 1953 ;

(*b*) the rate at which the said Mill is purchasing sugar-cane during the present sugar cane season ;

(*c*) the ex-Mill price per maund of sugar manufactured by the Mills during the years ending March, 1953 and the current year ;

(*d*) whether there has been a decrease in the ex-Mill price of sugar corresponding to the decrease in the sugarcane price paid by the Mill, if not, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)—(الف) مل کے دروازے پر ایک روپیہ ۴ آنے فی من اور مراکز پر ایک روپیہ ۱۰ آنے فی من ۔

(ب) مل کے دروازے پر ایک روپیہ ۸ آنے فی من اور مراکز پر ایک روپیہ ۴ آنے فی من ۔

(ج) سال مختتمہ مارچ ۱۹۵۳ء اور سال رواں میں چینی کی ایکس مل قیمت ۴۰ روپے فی من آبکاری ڈیوٹی رہی ہے ۔

(د) نہیں ۔ پاکستان میں ہر ایک چینی کے کارخانے کی ایکس مل قیمت ہر سال شوگر کنٹرولر حکومت پاکستان چینی کی لاگت کی بناء پر مقرر کرتے ہیں اس موقعہ پر یہ بتا دینا بھی مناسب ہوگا کہ ۵ مارچ ۱۹۵۳ء سے مرکزی حکومت نے آبکاری ڈیوٹی ۲ روپے ۱۰ آنے فی من کے حساب سے بڑھائی ہوئی ہے ۔ جو کہ مل ہی کو ادا کرنی پڑتی ہے ۔

سردار ممتاز علی : کیا وزیر زراعت فرمائیں گے کہ کتنے لاکھ من گنے خریدے گئے ؟

وزیر زراعت : اسکے لئے نوٹس چاہئیے ۔

میاں منظور حسین : گنے کی قیمت میں کمی کی کیا وجوہات ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — اگر گنے کی پیداوار زیادہ ہو تو قیمت کم ہو جاتی ہے اور اگر کم ہو تو قیمت زیادہ ہو جاتی ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon: May I ask the Honourable Minister whether sugar-cane was more abundant than it was previously.

Minister: I will find out the figures.

Rana Gul Muhammad Noon: What was the criterion on which the prices have been reduced.

Mr. Speaker: Disallowed.

Sardar Mumtaz Ali: Is this mill running at a loss or getting any profit?

Minister: We are getting profit.

مسٹر محمد امین: کیا یہ امر واقع ہے کہ اس علاقے میں صرف یہی ایک مل ہے اور وہ قیمت کم کرکے منافع اندوزی کر رہی ہے ؟ پہلے قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے فی من تھی اور اب ایک روپیہ چار آنے فی من ہے ۔ کاشتکار کو چار آنے من کم دیکر مل منافع اندوزی کر رہی ہے ۔

الحاج میاں خورشید احمد قریشی: کیا حکومت گندم کی طرح گنے پر بھی کنٹرول کرنے کے لئے تیار ہے ؟ کبھی اسکی قیمت زیادہ ہو جاتی ہے اور کبھی کم ہو جاتی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری: یہ ایک سال کیلئے مقرر ہوتی ہے ۔

میاں منظور حسن: کیا گنا خریدنے والی ایجنسی حکومت کی اپنی ہے یا حکومت کے ماتحت کام کرتی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری: راھوالی مل والوں نے ایک بورڈ بنایا ہوا ہے جسکے مراکز مختلف اضلاع میں ہوتے ہیں ۔

***2649. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state whether there are any scheme under the consideration of the Government to afford lift irrigation facilities to the sub-mountainous areas of the Province if so.

(*i*) the names of the Ilaqas where the schemes ar proposed to be started,

(*ii*) the area to be irrigated in each case.

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر): اس مسئلہ میں ابھی تحقیق کی جا رہی ہے ۔ کوئی واضح سکیم ابھی تک تیار نہیں ۔

(۱) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

(۲) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

***2742. Sheikh Muhammad Saeed:** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state :—

(*a*) whether there is any land outside the Pond area of the Trimmu Headworks, lying waste on account of lack of the means of irrigation, if so, the acreage of such land,

(*b*) whether there is any proposal under the construction of the Government to allow irrigation of this land from outlets from the Pond areas under the

"Grow More Food Campaign" if so, since when it is pending and whether decision has been taken by the Government in this proposal.

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر) : (ا) جی ہاں ۔ ترسوں ہیڈ ورکس کے مارجینل بندھوں کی حدود سے باہر ایسا کافی رقبہ ہے جو محکمہ انہار کی حدود سے باہر ہے اسکا رقبہ اگر معلوم کرنا ہو تو آنریبل وزیر مال سے پوچھا جائے ۔

(ب) جی ہاں ۔ ان بندھوں میں موگوں کی تعمیر کے ذریعے تقریباً سات ہزار ایکڑ رقبے کو سیراب کرنے کی ایک سکیم جنوری ۱۹۵۴ء سے زیر غور ہے ۔ امید ہے اس موسم گرما میں تقریباً ۴۰۰۰ ایکڑ اراضی کو آبپاش کیا جا سکیگا اور بقایا رقبہ آئندہ سال آبپاش ہو سکیگا ۔

شیخ محمد سعید : کیا یہ درست نہیں کہ یہ سکیم چار سال سے pending ہے ؟

وزیر : اسکے متعلق میں نے چیف انجینیئر سے آج صبح ہی دریافت کیا ہے اور میں نے ہی یہ تجویز پیش کی ۔ جب میں جھنگ کے دورے پر گیا تو وہاں غالباً آپ نے ہی اسکے متعلق فرمایا تھا کہ یہ رقبہ آبپاش ہو سکتا ہے ۔ چنانچہ جنوری سے یہ سکیم زیر غور ہے ۔

شیخ محمد سعید : کیا یہ درست ہے کہ اتنا فاضل پانی موجود ہے کہ بہت سا رقبہ آبپاش ہو سکتا ہے ؟

وزیر — اب تک سات ہزار ایکڑ رقبہ آبپاش ہو سکا ہے اور امید ہے کہ اس سال مزید چار ہزار ایکڑ رقبہ آبپاش ہو سکے گا ۔

DEMAND FOR GRANT

GENERAL ADMINISTRATION

Chief Minister : (THE HONOURABLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON) : Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 1,44,91,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of General Administration.

Mr. Speaker : Demand moved is —

That a sum not exceeding Rs. 1,44,91,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of general Administration.

Parliamentary Secretaries

Mr. C. E. Gibbon (PAKISTANI CHRISTIAN AND ANGLO PAKISTANI III): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 51,000 on account of Head of Province—Ministers—Parliamentary Secretaries be omitted

Sir, I had an occasion to point out during the last Budget Session, which unfortunately came to a collapse, that this particular appointment or appointments that is of Parliamentary Secretaries were nothing more or less than waste

of public funds in as much as they were political appointments the qualifications for which were the extent to which an individual could rise to the qualities of being a sycophant. You might remember, Sir, that in the Daultana Ministry there were no doubt a number of Parliamentary Secretaries and it was at the time of that Ministry that I made those observation. Since then I have found no reason whatsoever to change my views on this particular subject. There is not a man in the street who does not know that the appointment of a Parliamentary Secretary in this country, at least, is nothing else but a political bribe, nothing else but the ways and means of attracting to themselves, i.e., to the Ministers, a whole class of persons whose entire fortune rests on their momentum of sycophancy, that is inshort the amount of praise by way of poem or prose that they can place before a particular Minister or somebody highly placed. Strangely enough, Sir, history has recorded that sycophancy is always to be found on the side of power and there has so far been no exception to the rule. In former ages when power was on the side of the few, the sycophants were there. They flattered the king, they flattered the prince, they even flattered the jirga that was found in the palace of the king or the prince and their main purpose in life was to gain something for themselves at the cost of the whole of mankind. The balance of power has now changed. It is no longer, Sir, in the hands of the few, but it has now passed into the hands of the many. But whatever change might have taken place in the transfer of power from the hands of the few into the hands of the many there has been no radical change in the mentality of the sycophant—that is the Parliamentary Secretary.

Chief Minister : Order, order. That is defamation.

Mr. C. E. Gibbon : I repeat, Sir, that there has been no change whatsoever in the mind or in the mental make up and psychology of the sycophant-that is the Parliamentary Secretary.

Chief Minister : Sir, the word 'sycophant' is un-parliamentary, specially when he is using it against his collegues in the House.

Mr. C. E. Gibbon : I have not used the word against my colleagues, but since the Honourable Chief Minister has thrown open the flood gates, I think it is time he should know that the fire which he kindles for his enemies more often than not burns himself more than it does the enemy. Yesterday the Honourable Chief Minister was pleased to observe that some honourable members on this side of the House and in particulra myself had only just waken to the fact that we represent the masses.

Mr. Speaker : Is this an occasion to reply?

Mr. C. E. Gibbon : I am not replying.

Mr. Speaker : Why not go on with your own arguements.

Mr. C. E. Gibbon : That is exactly what I am coming to. I am going to show to him that it is not un-parliamentary.....

Mr. Speaker : It is not necessary.

Mr. C. E. Gibbon : There is a counter-part for a Parliamentary Secretary. These two go together—Parliamentary Secretary and sycophant, sycophant and Parliamentary Secretary. Now these two are so closely reated and so intimately connected that ...(*interruptions*). Has the Honourable Chief Minister some pangs of conscience.....

Mr. Speaker : I must ask the honourable member to confine himself to his own motion.

Mr. C. E. Gibbon : I am trying to show to you, Sir, and the House how absolutely useless it is to have these posts of Parliamentary Secretaries. (*Interruptions*).

Chaudhri Muhammad Shafiq : On a point of order, Sir, I would like to know Your Honour's ruling on the point whether the use of the word 'Juggler' for a member of this Honourable House is un-Parliamentary or not ?

Mr. Speaker : It was not used here; I did not hear it.

Mr. C. E. Gibbon : I will take you back to about the years 1945, '46 or '47 and we find that while the Honourable Chief Minister was sitting on the *gaddi* of the Executive Council some of us were suffering in jails for the freedom of our country; while he was being knighted by the foreign rulers....

A Voice : That he resigned.

Mr. C. E. Gibbon : And not only that, Sir, but he played, he most ostensibly played with the whole of us, with the whole nation and gave a practical example of what it is to be a sycophant (*interruptions*).

Mr. Speaker : The Honourable Chief Minister is not under discussion nor is his previous career. The honourable member must confine himself to the Parliamentary Secretaries.

Mr. C. E. Gibbon : In the words of the Qaid-i-Azam, he is not up to much, so, therefore, we will confine ourselves to the Parliamentary Secretaries who seem to worship him in order to see what they can get out of him. Let me tell them that they are not going to get very much out of the present Ministry except the *galees* and abuses of the man in the street and that they have had in full measure. All that now remains is to get a *chabak* on their bottoms and that they are going to get in greater measure.

Now, Sir, you will notice that during the last Ministry I made it quite clear that I do not like the idea of having Parliamentary Secretaries. I notice that in the last Ministry there were only six Parliamentary Secretaries and in this Ministry there are eight and I think that if the Honourable Chief Minister were to dangle a few more carrots and put up more advertisements for allotments etc. he might find it necessary to increase the number to ten and by the end of the next Budget Session he might increase the number to 20 and we might one day be sitting in this House with members of the Opposition on this side and the whole strength of Ministers, Ex-Ministers and Parliamentary Secretaries on the otherside who have sold their consciences for an old bit of shoe leather. I hold, Sir, that these sycophants, these Parliamentary Secretaries,these ignorant persons are of absolutely no use to themselves or to the society.

We have seen, Sir, that these Parliamentary Secretaries cannot even answer questions on the floor of the House. I can assure you that a Junior Clerk drawing sixty rupees a month could give a better answer to these questions than any one of these Parliamentary Secretaries.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 51,000 on account of Head of Province—Ministers—Parliamentary Secretaries be omitted.

Mr. Muhammad Amin : Sir, I beg to move....

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. I would like to know Your Honour's ruling on the point that if any honourable member wishes to support a particular cut motion whether he is entitled to do so or not ?

Mr. Speaker : Yes.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I stood up to support Mr. Gibbon's cut motion but Your Honour did not allow me to do so.

Mr. Speaker : But I must first allow all the members in whose names the motions stand under the same Head. Before raising a point of order the honourable member must see the order paper.

As Mr. Muhammad Amin's cut motion is similar in nature to the motion before the House, he can discuss it without moving it. I will put the motions to vote separately.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Another point of order, Sir. Your Honour has kindly invited my attention and asked me to look through the list of business. I would like to draw Your Honour's attention to the fact that the second cut motion, in the name of Mr. Muhammad Amin, is somewhat different from the one that was moved by Mr. Gibbon.

Mr. Speaker : But the subject matter is the same; the cut motion has to be put according to rules. Since there was a difference of rupee one between the amount of Mr. Gibbon and that of Mr. Muhammad Amin and both of them related to the same item, they were treated as one and the same.

مسٹر محمد امین (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۲- مسلم-مخصوص نشست) :
جناب والا ! وزیر اعلیٰ نے کل اپنی جوابی تقریر میں صوبہ کی مالی حالت کے متعلق فرمایا تھا کہ ہمارا قرضہ پچاسی کروڑ سے ایک ارب تین کروڑ ہو گیا ہے - میں محسوس کرتا ہوں اور میں حیران بھی ہوں کہ اس معزز ایوان کے ممبران بالکل خاموش بیٹھے ہیں اور یہ نہیں سمجھتے کہ یہ کتنی تشویش ناک صورت پیدا ہو گئی ہے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اسمبلی کا اجلاس سال میں ایک یا دو دفعہ ہوتا ہے اب جبکہ ہم اکھٹے ہوئے ہیں ہمیں اس صورت حال پر بڑی اچھی طرح اور پوری سنجیدگی سے غور کرنا چاہیئے اور اس کا کوئی حل تلاش کرنا چاہیئے ورنہ حالات اگر اسی طرح رہے اور ہماری خاموشی کا یہی عالم رہا تو یہ قرضہ بڑھتا چلا جائیگا اور اس سے جو نتائج برآمد ہوں گے وہ سب پر عیاں ہیں - میں اس ضمن میں ہمیشہ یہ عرض کیا کرتا ہوں کہ ہماری کوشش یہ ہونی چاہیئے کغیرہ ضروری اخراجات نہ ہوں اور حتی الامکان اخراجات کو کم کیا جائے - میں اس پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی مد کو غیر ضروری سمجھتا ہوں اور اس پر جو خرچ ہوتا ہے اسے غیر ضروری خرچ سمجھتا ہوں - میرے خیال میں پارلیمنٹری سیکرٹری کوئی کام نہیں کرتے اور ان کے ذمہ کوئی کام نہیں ہوتا - میرے علم کے مطابق ماسوائے ایک پارلیمنٹری سیکرٹری کے جس کو ہفتے ہیں تین روز دو گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے اور کسی پارلیمنٹری سیکرٹری کے ذمہ کوئی کام نہیں ہوتا - اور نہ وہ کوئی کام کرتے ہیں - چنانچہ میں اس خرچ کو بالکل غیر ضروری خرچ خیال کرتا ہوں - اپنے صوبہ کی موجودہ پوزیشن کو اور مالی حالت کو دیکھتے ہوئے میں پارلیمنٹری سیکرٹریوں سے اپیل کروں گا کہ وہ رضاکارانہ طور پر استعفیٰ دیدیں تا کہ یہ فضول خرچ بچ جائے -

میرا مقصد صرف یہ ہے کہ ہمارے اخراجات کم ہونے چاہئیں اور اسی لئے میں ان سے یہ اپیل کر رہا ہوں - اگر وہ ایسا کریں تو وہ ایک اچھی

نظیر قائم کر سکتے ہیں ۔ میں بڑے ادب سے ایک گذارش یہ بھی کرنا چاہتا ہوں کہ پارلیمنٹری سیکریٹریو کے تقرر کی وجہ سے عوام میں کچھ بد دلی سی بھی ہے ۔ ان کی بعض حد تک خطرناک بھی ہو سکتی ہیں جن کی اطلاع وزارت تک نہیں پہنچتی ۔ اس [illegible] میں میں اپ کے سامنے ایک مثال پیش کرنا چاہتا ہوں اور میں یہ [illegible] ی نہ کرتا لیکن میرا فرض مجھے مجبور کرتا ہے کہ وہ مثال پیش کروں ۔ اس دفعہ مجھے بھی مری جانے کا اتفاق ہوا وہاں میں نے دیکھا کہ ایک آنریبل پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے ایک دو منزلہ کوٹھی الاٹ کرا رکھی تھی جس کا کرایہ ۱,۳۰۰ روپے تھا ۔ (ایک آواز ۔ ۱,۳۰۰ روپیہ ماہوار نہیں بلکہ ۱,۳۰۰ روپیہ پر سیزن کے لئے لے رکھی ہوگی) ۔ ہو سکتا ہے ایسا ہو ۔ بہر کیف انہوں نے اسکا ایک حصہ ۱,۸۰۰ پر سب لٹ (sub-let) کر دیا ۔ جو کرایہ دار تھے ان میں سے ایک اس ایوان کے ایک آنریبل ممبر کا بھائی ہے ۔ میں ان کرایہ داروں کو بھی جانتا ہوں اور کرایہ کی نوعیت بھی مجھے معلوم ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ میں ان کے ساتھ ضد نہیں کر رہا ۔ میرے وہ دوست ہیں اور میں ان کی عزت کرتا ہوں مگر یہ چیز کہنی پڑتی ہے کہ یہ چیز ہمیں زیب نہیں دیتی بلکہ یہ اس اسمبلی کے کسی رکن کے شایاں شان نہیں ۔ (قاضی مرید احمد ۔ وہ کس ضلع کے ہیں؟) میں یہ بتانا مناسب نہیں سمجھتا کہ وہ کس ضلع کے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ بالکل ٹھیک ہے غلط نہیں ۔ بہر کیف یہ چیز کسی معزز رکن کو زیب نہیں دیتی ۔ (چودھری محمد افضل چیمہ ۔ اس وقت وہ پارلیمنٹری سیکرٹری نہیں تھے) ۔ جناب والا ۔ میں یہ کٹ موشن وزیر اعلیٰ کی اس تجویز کے پیش نظر جو انہوں نے کل پیش کی تھی کہ وہ اخراجات میں کمی کرنے کیلئے ایک ایکانومی کمیٹی بنا رہے ہیں ۔ میں اسے پریس نہیں کروں گا ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں اپنی اس کٹ موشن کو پریس نہیں کرتا بلکہ یہ التجا کرتا ہوں کہ وہ اس غیرضروری اصراف کو اڑا دیں ۔

بیگم جہان آرا شاہنواز (بیرون لاہور مسلم خاتون حلقہ نمبر) : صدر محترم ۔ اس بحث میں حصہ لینے کا میرا کوئی ارادہ نہیں تھا لیکن جن خیالات کا اظہار اس وقت میرے معزز بھائیوں نے کیا ہے ان کے پیش نظر مجھے اس بحث میں حصہ لینا پڑا ہے لیکن پیشتر اس کے کہ میں اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کروں میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتی ہوں کہ آپ وزرا کے ہیڈ کے متعلق اسی وقت بحث کی اجازت دینگے یا بعد ازاں ۔

صاحب سپیکر : اس وقت تو پارلیمنٹری سیکرٹریوں پر بحث ہو رہی ہے ۔ جب ٹوٹل ہیڈ زیر بحث آئیگا تو اس وقت آپ اس پر بحث کر سکتی ہیں ۔

بیگم جہان آرا شاہنواز : بہر کیف اس وقت میں چاہتی ہوں کہ پارلیمنٹری سیکریٹریوں کے جو فرائض ہیں ان کے متعلق کچھ نہ کچھ اس ایوان میں عرض کروں ۔ میں اپنے ان محترم بھائیوں کی مخالفت کرتی ہوں جنہوں نے اس وقت یہ کہا ہے کہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدے بالکل اڑا دینے چاہئیں ۔ اور اس کی وجوہ یہی ہیں ۔ میری ناقص رائے میں میرے بھائیوں کو غالباً یہ علم ہی نہیں کہ ان کے فرائض کیا ہوتے ہیں ۔ اگر آج وہ یہ کہتے کہ جو کام پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کا ہونا چاہئے وہ ان کو دیا جائے تو اس صورت میں میں ضرور ان کی تائید کرتی لیکن ان کا یہ کہنا کہ ان عہدوں کو اڑا دیا جائے میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ اس کے برعکس میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ وزیر اعلیٰ صاحب کو ایک کی بجائے دو پارلیمنٹری سیکرٹری دینے چاہئیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے جیسا کہ ایک دن پہلے بھی عرض کر چکی ہوں کہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کا کام یہ ہے کہ تمام روٹین فائلز پر جب متعلقہ افسران فیصلہ کر چکیں تو پھر وہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان کے ہاتھوں سے نکل کر آگے جانی چاہئیں کیونکہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان ہی ہیں جو قوم کے منتخبہ نمائندے ہیں اور انہیں ہر روز دفتروں میں اتنے ہی گھنٹے بیٹھ کر کام کرنا چاہئے جتنے گھنٹے کے افسران کام کرتے ہیں اور تمام وہ فائیلز جن کے بارہ افسران متعلقہ فیصلہ کریں ان کے ہاتھوں ہی میں آنی چاہئیں ۔ اس کے بعد ان کو ان فائیلوں کے متعلق چھوٹے چھوٹے نوٹ تیار کرنے چاہئیں جن سے وزرا صاحبان کی صحیح طور پر راہنمائی ہو سکے کیونکہ وہ تو بہت busy ہوتے ہیں اور ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ فائیلوں کا اچھی طرح سے مطالعہ کر سکیں ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری کا کام یہ ہے کہ وہ اپنے ان فائیلوں کے متعلق مکمل نوٹ تیار کریں جو کہ منسٹر صاحبان کے سامنے آئیں ۔ وزیر اعلیٰ صاحب جن کے عہدہ کے متعلق میں کسی دوسرے وقت پر ذکر کروں گی کو تو کسی ڈیپارٹمنٹ کا انچارج نہیں ہونا چاہئیے اور وہ ڈیپارٹمنٹ تو متعلقہ وزرا کے ہاتھ میں ہونے چاہئیں اور وہ افسر اعلیٰ کی طرح سب وزارتوں کی نگرانی کریں اور اسی لئے میں یہ کہہ رہی ہوں کہ ان کو دو پارلیمنٹری سیکرٹری دینے چاہئیں تاکہ وہ تمام فائیلوں پر نوٹ تیار کریں اور اس طرح ان کا ایک خاکہ

وزیر اعلیٰ کے سامنے پیش کریں ۔ اگر اس طرح کیا جائے تو ان کے پاس اتنا کام ہوگا کہ ان کو کسی اور کام کے لئے فرصت ہی نہیں ملے گی ۔ یہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کا کام ہے اور ان کو وہ کام دیجئے جس کے لئے ان کو مقرر کیا گیا ہے ۔ اگر ان کو یہ کام دیا جائے تو پھر ان کے پاس وقت ہی نہیں رہیگا جس کو وہ ضائع کر سکیں ۔ اور موجب ہدف و طعن بن سکیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ جیسا کہ میں نے اگلے روز بھی عرض کیا تھا کہ جو سوالات پوچھے جائیں ان کے جو جوابات محکمہ جات کی طرف سے آئیں ان کو وہ دیکھیں کہ آیا وہ صحیح بھی ہیں یا نہیں ۔ اسی ضمن میں میں یہ بھی گذارش کرنا چاہتی ہوں کہ ہماری لیجسلیچرز کو خواہ وہ سٹیٹ ۔ صوبوی یا مرکزی لیجسلیچر کیوں نہ ہو سال میں ۸ یا ۹ مہینے کام کرنا چاہئیے بصورت دیگر کام اپنی پوری مقدار میں نہیں ہو سکتا اور بہت سا کام باقی رہ جاتا ہے اگر یہ تمام کام مکمل طور پر ہو تو اس سے بہت فائدہ ہو سکتا ہے ۔ مثال کے طور پر عرض ہے کہ یونیورسٹی بل نہایت ضروری اور مفید بل ہے اور یہ بھی پاس کرنے والا ہے ۔ اگر ہماری لیجسلیچر مکمل طور پر کام کرے اور سال میں ۸ یا ۹ مہینے کام کرے تو اس صورت میں پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے پاس اتنا کام ہوگا کہ آپ کو ایک ایک کی بجائے دو دو مقرر کرنے پڑینگے ۔ بنا بریں میں یہ عرض کرتی ہوں کہ یہ عہدے غیر ضروری نہیں ہیں بلکہ ان کا ہونا نہایت ضروری ہے ۔ اگر وزراء صاحبان کے کام کو مد نظر رکھا جائے تو ان کے پاس تو اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ ہر فائل پوری طرح پڑھی جا سکے اور ہر کیس میں پورا انصاف ہو سکے اس لئے میں اپنے محترم بھائی سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اپنی کٹ موشن واپس لے لیں اور اس کی بجائے یہ کہیں کہ ان کا جو کام ہے ان کو دیا جائے ۔ اگر وہ یہ کہیں تو وہ ایسا کہنے میں بالکل حق بجانب ہوں گے ۔

شیخ محمد امین : میں نے تو اپنی کٹ موشن پریس ہی نہیں کی ۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم) : جناب والا ۔ مطلق العنان حکمرانوں کا یہ اصول تھا اور غیر ملکی ظالم اور جابر حکومتوں کا یہ معمول ہوتا تھا کہ وہ پبلک کے اموال و املاک سے بعض اشخاص کی خدمات حاصل کرنے کے لئے اور ان کی ضمائر خریدنے کے لئے اور اسطرح اپنی حیات اقتدار کو طول بخشنے کیلئے اس قسم کے حیلے اور بہانے تراشا کرتی تھیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ آج جبکہ ہم آزاد ہو چکے ہیں اور جمہوریہ

اسلامیہ پاکستان کے ایک صوبہ کی مجلس قانون ساز میں یہاں موجود ھیں ھم اس پرانی بدعت کی نہ صرف تقلید کر رھے ھیں بلکہ اس کے جواز میں طرح طرح کے دلائل پیش کرنے کی جسارت بھی کر رھے ھیں ۔ حضور والا۔ سب سے پہلے میں محترمہ بیگم صاحبہ کی خدمت میں جن کی قابلیت ۔ تجربہ اور بالخصوص قانون سازی کے متعلق تجربہ مسلم ھے عرض کروں گا کہ ھر چیز ایک قانون اور ضابطہ کے مطابق ھوتی ھے ۔ میرے پاس گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ھے ۔ اس میں جو تراسیم کی جا چکی ھیں اور اضافے اس وقت تک ھو چکے ھیں وہ سب موجود ھیں ۔ اس میں مرکزی لیجسلیچر میں سوائے وزراء یا نائب وزراء یا منسٹر آف سٹیٹ کے آپ کو کوئی اور عہدہ نہیں ملے گا ۔

جہاں تک صوبائی مجلس آئین ساز کا تعلق ھے اس میں آپکو پارلیمنٹری سیکرٹریوں اور پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کے عہدوں کیلئے کوئی گنجائش نظر نہیں آئیگی ۔ وہ یہ کہینگے کہ یہ ایک پرانی کنونشن ھے ۔ ھم رواجی طور پر ایسا کر رھے ھیں ۔ میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ بہت سی ایسی قابل تقلید چیزیں اور بھی ھیں جنہیں آپ نظر انداز کر رھے ھیں ۔ مگر آپ اس بدعت کی تقلید کر رھے ھیں ۔ آپکا ملک ایک غریب ملک ھے آپکو تو ایک ایک پائی کی کفایت کرنی چاھئے ۔ حضور والا ۔ مجھے تو اس بدعت کو اختیار اور قبول کرنا بالکل ایسا معلوم ھوتا جیسے بہت سے تن آسان لوگ قیلولہ اور حلوہ خوری کو مسنون کہہ کر انکے لئے شرعی جواز پیدا کیا کرتے ھیں ۔ حضور خیال فرمائیں اس دفعہ ۶۶ ھزار روپے کی رقم پارلیمنٹری سیکرٹریوں اور پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کیلئے منظور کی گئی ھے ۔ اگر ھم اس حکومت کے دوسرے طور طریقوں کی روشنی میں اس چیز کو دیکھیں تو یہ بات اچنبے اور تعجب کی نہیں ھے ۔ جو حکومت ایک آدمی کو ایک مقدمے میں وکیلانہ خدمات کے لئے ۳۶ ھزار روپیہ بطور معاوضہ دے سکتی ھے اس سے یہ کوئی ایسی غیر متوقع بات نہیں ۔ محترمہ بیگم شاھنواز نے پارلیمنٹری سیکرٹریز کے فرائض کی طرف اس ایوان کی توجہ دلائی ھے ۔ میرے ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ صاحب نے تحریری طور پر پارلیمنٹری سیکرٹریز صاحبان کے فرائض سے مجھے مطلع فرمایا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں انکو ایک ایک کرکے یہاں پڑھ دوں ۔

To afford opportunities to the Ministers to establish contact with the people.

یعنی وزراء کا اپنے عوام کے ساتھ رابطہ اور واسطہ رکھنے کے لئے یہ حضرات گویا ایک Missing link ھیں ۔ وزراء اور عوام کے درمیان یہ

حضرات وصل وصال کا ذریعہ ہیں ۔ انکے بغیر وزراٗ تک رسائی مشکل ہے ۔ یہ ایک درمیانی راستہ ہیں ۔ ایک *Via media* ہیں ۔

''تو برائے وصل آمدی،، آگے جا کر فرمایا گیا ہے

They are means of communication to enable the members to contact the Minister.

یعنی عوام کو تو چھوڑئیے ۔ اس ایوان کے معزز ممبران جو ہیں انکی حیثیت وزرائے کرام کی نظروں میں یہ ہے کہ انہیں ان تک رسائی کیلئے پارلیمنٹری سیکرٹریز کے ذریعہ رسل و رسائل کی ضرورت ہے ۔ اور یہ ذریعہ رسل و رسائل اور ذریعہ آمد و رفت ہیں ۔ ان پر سوار ہو کر ممبران وزراٗ تک پہنچتے ہیں ۔ (قہقہہ) ۔ یہ انکے اپنے الفاظ ہیں ۔ میں صرف پڑھ رہا ہوں راستہ دشوار ہے ۔ منزل بڑی کٹھن ہے ۔ اس میں دو چار بہت سخت مقام آتے ہیں ۔ (قہقہے) اس منزل تک پہنچنے کیلئے واقعی ایسے ذرائع اور وسائل کی ضرورت ہے ۔

حضور والا اسکے بعد دوسری چیز یہ فرمائی گئی ہے ۔

''To enlist their assistance in the formutation of various Schemes of beneficient activity which are under the consideration of the Government''.

کہ رفاہی امور کی منصوبہ بندی میں انکی امداد اور تعاون حاصل کرنے کیلئے ان میں وہ کونسی فنی قابلیت ہے کہ منصوبہ بندی میں انکے نہایت قیمتی مشوروں کے بغیر تکمیل مشکل یا نا ممکن ہو جاتی ہے ۔

حضور والا ۔ ان حضرات کی علمی استعداد آپکے سامنے ہے ۔ سوالات اور ضمنی سوالات کے جوابات تیار کرنے میں انکی علمی استعداد کا جو مظاہرہ ہوتا ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ۔ ''جی ہاں،، اور ''جی نہیں،، سے یہ آگے نہیں بڑھتے ۔ '' میں نے کہہ دیا ہے ،، اور ''میں کہہ دونگا،، اسی میں انکے سارے جوابات ختم ہو جاتے ہیں ۔ (قہقہہ) ۔ یہ تو ایوان میں اپنی جان بچاتے اور پیچھا چھڑاتے ہیں ۔ کہ خدا کے لئے ہماری جان بخشو ۔ انکی یہ حالت کسی بیان کی محتاج نہیں ہے ۔ روئش بین حالت سپرس ۔ انکے لئے صورت حال سے کہنا ضروری نہیں ۔ یہ صورت حال سے خود ہی فرما رہے ہوتے ہیں ''ہماری جان چھوڑئے،، ۔

اسکے بعد حضور والا میں یہ عرض کرونگا کہ اگر یہ واقعی عوام اور وزراٗ کے درمیان رابطہ کیلئے ہیں تو ہمیں ان سے ایک شدید خطرہ لا حق ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا نا جائز استعمال کرینگے ۔ فرض کیجئے کچھ لوگ ایسے ہیں جو سوئے اتفاق یا بد قسمتی سے انکے مقابل فریق

سے تعلق رکھتے ھیں یا ان سے ذاتی معاملات کی بنا پر اختلاف رکھتے ھیں ۔ ان سے ایسے لوگوں کی حق تلفی کا امکان ھے ۔ ان میں کئی ایسے حضرات بھی ھیں جو دور دراز بیرونی مقامات پر وکالت کرتے ھیں ۔ انکو جب انتظامیہ کے غیر ضروری فرائض تفویض کئے جاتے ھیں تو انکے ان اختیارات کے غلط استعمال کا احتمال ھو سکتا ھے اور ھوتا رھا ھے ۔ میں مشاھدہ کی بنا پر عرض کر سکتا ھوں ۔ انکی خوشنودی مزاج کیلئے غیر قانونی طور پر انکے مقدمات میں ضمانتیں منظور کر لی جاتی ھیں ۔ کیونکہ یہ لوگ میجسٹریٹوں کے تبادلے کرانے یا انہیں منسوخ کرانے میں مفید یا مضر ھو سکتے ھیں ۔ اور اس کام کیلئے انکی خدمات کو استعمال کیا جا سکتا ھے ۔ ایسا ھوتا رھا ھے اور ھمیں خدشہ ھے کہ ایسا ھوتا رھیگا ۔

حضور والا ۔ آنریبل وزیر اعلیٰ اپنی بجٹ تقریر میں فرما چکے ھیں کہ ھم ایک اقتصادی بحران اور نہایت نازک دور سے گذر رھے ھیں ۔ کیا یہ بہتر نہیں تھا کہ مالی مشکلات کے اس دور میں یہ حکومت بھی اپنی پیشرو حکومت کی طرح بہت کم رقم صرف کرکے اس کام کو سر انجام دینے کی کوشش کرتی اور ان غلط بخشیوں یا سیاسی رشوتوں کو اختیار نہ کرتی کیا صوبہ کی مالی حالت یکلخت اتنی اچھی ھو گئی ھے یا انکو اس قسم کی سیاسی مشکلات در پیش ھیں کہ یہ انکی خدمات حاصل کرنا ضروری سمجھتے ھیں ۔ یا انہیں یہ خطرہ محسوس ھوتا ھے کہ اگر انکو معاوضہ نہ دیا جائیگا تو وہ اپنی خدمات پیش کرنے سے ضرور کچھ گریز کریں گے ۔

جناب والا ۔ انکا ایک اور بڑا اھم فریضہ جو یہاں بتایا گیا ھے وہ یہ ھے ۔

"To help the administration".

میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اگر انکے فرائض یہ ھیں کہ وہ ایڈمنسٹریٹو افسران کے ساتھ انکی مدد کریں تو یہ انتظامیہ میں ایک صریح مداخلت ھے جو خلاف قانون ھے اور جس میں طرح طرح کے خدشات ھیں ۔ اسطرح کبھی انصاف نہیں ھو سکیگا ۔

حضور والا ۔ حقیقت یہ ھے کہ پارلیمنٹری سیکرٹریوں کی اس کھیپ کی کھیپ کو لانے کی ضرورت اس وقت محسوس ھوئی تھی جب اس وزارت کو تحریک عدم اعتماد کا خدشہ در پیش تھا ۔ وہ انکی خدمات حاصل کرکے اپنی مسند اقتدار کو محفوظ کرنا چاھتے تھے ۔

اسکے بعد وہ فرماتے ھیں -

To obtain co-operation of members for the Government.

جو لوگ کسی اصول کی بنا پر ان سے تعاون کرنے پر آمادہ نہ تھے انکو اس قسم کی رشوت دے کر انکا سیاسی تعاون حاصل کیا گیا -

اسکے بعد وہ فرماتے ھیں -

"To prepare speeches".

اب حضور والا یہ خود ھی فرمائیں کہ ان حضرات نے کس قسم کی تقاریر دلپزیر اس ایوان کے سامنے پیش کی ھیں - یا ان میں سے کتنے ایسے حضرات ھیں جو اس قسم کی تقاریر کی استعداد رکھتے ھیں -

حضور والا - اس ایوان کے معزز ممبران کو پتہ ھے اور ابھی گورنمنٹ بنچوں کی طرف سے بھی ایک آواز بلند ھوئی تھی کہ یہ جو پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب تقریر فرما رھے ھیں ان کے لئے ایک ترجمان مقرر کیا جائے اور مجھے خطرہ ھے کہ ان کی تقریر کی ترجمانی کے لئے ایک ترجمان مقرر کرنا پڑیگا - (قہقہہ) -

بیگم جہان آرا شاھنواز :صدر محترم - میں آپ کی اجازت سے اپنے محترم بھائی سے ایک سوال پوچھنا چاھتی ھوں - میں ان سے یہ دریافت کرنا چاھتی ھوں کہ کیا انہوں نے چیف منسٹر صاحب سے جو سوال کیا تھا اسکا جواب کسی پارلیمنٹری سیکرٹری نے تیار کیا تھا یا پرمننٹ سیکرٹری نے ؟

چودھری محمد افضل چیمہ: مجھے پتہ ھے کہ محترمہ عہد ماضی میں اس قسم کے کسی عہدہ پر فائز رہ چکی ھیں جس وجہ سے وہ ایسے دلائل دے رھی ھیں -

تو جناب والا - ان کا کام یہ ھے کہ اس ایوان کے اندر حکومت کی طرف سے سوالات کا جواب پڑھیں اور حکومت کے لئے ایوان کا تعاون اور اشتراک حاصل کرنے کی خاطر دوڑ دھوپ کریں - اس کی وجہ یہ ھے کہ آپ کو یہ خطرہ ھے کہ ان کا تعاون حاصل کئے بغیر اس ایوان کے ممبران کہیں پھسل نہ جائیں اور وہ آپ کی دسترس سے نکل نہ جائیں - آپ کو ھر وقت اس چیز کا خطرہ لگا رھتا ھے -

---

Minister of Revenue (THE HON'BLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH):Mr. Speaker, I welcomed the occasion when I found that the Parlimentary Secretaries were one of the subjects which were going to be discussed to-day. I

جناب والا۔ اس کے علاوہ ہمارے وزیر مال صاحب نے بھی یہ ارشاد فرمایا کہ تنخواہیں گھٹانے کی اگر کوئی معقول وجہ ہو تو ہم اس کے پیش نظر عملدر آمد کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ان کی حالت ملاحظہ فرمائیے۔ بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔ ان کا نظریہ یہ ہے کہ جمہوری طرز حکومت پر کامیابی سے عمل پیرا ہونے کیلئے ضروری ہے کہ تنخواہیں زیادہ ہوں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں۔ کیا ان کے نزدیک جمہوریت کا یہی تقاضا ہے کہ بڑے اور چھوٹے ملازمین کی تنخواہوں میں زیادہ سے زیادہ تفاوت ہو۔ کیا ان کے نزدیک جمہوریت اسی میں ہے کہ اس معزز ایوان میں جو دیانتدارانہ اور مفید مشورے دئے جائیں انکو ٹھکرایا جائے؟ اور اس معزز ایوان کی حیثیت ایک Debating Society سے بھی کم کر دی جائے۔ اس ایوان کی طرح تو کسی Debating Society کی بھی کیفیت نہیں۔ وہاں جو شخص جس مضمون کے متعلق تقریر کرتا ہے اسی کے حق میں ووٹ دیتا ہے۔ مگر یہاں حالت اس کے بالکل برعکس ہے۔ یہاں سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر اپنی پارٹی اور اپنے حلقہ نیابت کو خوش کرنے اور پریس سے خراج تحسین حاصل کرنے کی خاطر حکومت کے خلاف بڑی دھواں دار تقریریں کی جاتی ہیں۔ مگر بالاخر یا تو متعلقہ Cut Motions واپس لے لی جاتی ہیں یا ووٹ ان کے خلاف دئے جاتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں۔ کیا لنڈن کی پارلیمنٹ میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے؟ (قہقہہ) جناب والا۔ وقت بہت تنگ ہے۔ میں یہ حقائق اس لئے پیش نہیں کر رہا کہ میری یا میری پارٹی کی طرف سے خدا نخواستہ حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کی جائے۔ آنریبل وزراء کی خدمت میں میرا یہ دوستانہ اور مخلصانہ مشورہ ہے کہ حزب اختلاف کی طرف سے جو تعمیری تجاویز پیش کی جائیں انہیں ایسی حجتوں سے رد نہ کیا جائے جنہیں ایک عام آدمی بھی سمجھنے میں دقت محسوس کرے کیونکہ یہ پالیسی سراسر غلط ہے۔

جناب والا۔ ایوان ہذا کے بعض معزز اراکین مساوات اور کفایت شعاری کا ذکر بھی کیا کرتے ہیں۔ ان کی خدمت میں میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مثال پیش کرتا ہوں۔ مجھے بڑے افسوس سے یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے خلیفہ دوم کی مثال کی استہزا کی۔ ان کی تقریر میں تمسخر بھی تھا اور acting بھی۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں یہ چیز مذہبی نقطہ نگاہ سے نہیں بلکہ

سیاسی نقطہ نگاہ سے پیش کرتا ہوں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں اقتصادی تبدیلیاں کیں۔ جب مدینے کی state قائم ہوئی تو اس وقت وہاں مہاجرین تھے جن کی دیکھ بھال حکومت کے ذمے تھی۔ پھر اصحاب صفہ تھے جو در اصل درویش تھے اور جنہوں نے مذہب کی خدمت کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر رکھی تھیں۔ ان کیلئے روٹی اور کپڑے کا بندوبست بھی خلیفہ وقت کے ذمے تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق۔ حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضوان اللہ علیہم اجمعین کی با برکت ہستیوں کی وجہ سے اس اسلامی مملکت کی حالت بیس سال کے اندر اندر اقتصادی لحاظ سے اتنی مستحکم ہو گئی کہ وہاں زکواۃ لینے والا ایک آدمی بھی ڈھونڈے سے نہ ملتا تھا۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے تجدید کی منازل اتنی جلدی طے کرکے ملک کو اقتصادی طور پر اتنا بلند کر دیا۔ اس وقت عرب کے بدوؤں سے زیادہ شرابی اور عورتوں کے رقص و سرود کا دلدادہ کون تھا۔ کون تھا جو جوا کھیلنے۔ ڈاکہ ڈالنے۔ چوری کرنے اور لڑنے مرنے میں ان کا ہم پلہ ہو۔ یہ وہ قوم تھی جس کے دو قبیلوں میں ایک کا گھوڑا دوڑ کر دوسرے سے بڑھ جاتا تو دونوں قبیلوں میں سالہا سال تک قتل و غارت جاری رہتی۔ اس قوم کو ہمارے ان بزرگوں نے اصلاح کے بعد جس عروج پر پہنچایا آج اس کی اسلامی تاریخ شاھد ہے۔ انہوں نے اس ریاست قدوس کو نہایت ہی قلیل عرصہ میں اتنی وسعت دی کہ تاریخ اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ ایک دفعہ ایک بدو جس کا کرتہ پھٹا ہوا تھا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا جو زانو تک لمبا کرتہ پہنے ہوئے تھے۔ اس بدو نے کہا کہ آپ نے اتنا کپڑا کہاں سے لیا جبکہ میرا کرتہ چھوٹا اور پھٹا ہوا ہے۔ تو آپ نے بتایا کہ مجھے یہ کپڑا ایسے ملا اس کے بعد آپ نے فوراً خداوند تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ میری قوم میں آج ایک ایسا شخص بھی ہے جو مجھ پر تنقید کر سکتا ہے۔

مولوی محمد اسلام الدین — On a point of order جناب والا۔ پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس معزز اور مقتدر ایوان میں صحابہ کرام کا نام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بغیر لیا جا رہا ہے۔ یہ چیز اسلامی شان کے شایان نہیں ہے۔ (ہیئر۔ ہیئر)۔

میاں عبدالباری — جناب صدر۔ میں اس چیز کو صاف طور پر واضح کرنا چاہتا ہوں تا کہ یہ ایوان مغالطے میں نہ رہے۔ میں جانتا ہوں کہ

وزیر اعلیٰ نے حضرت عمر فاروق کی استہزا نہیں کی تھی انکا مقصد یہ ہرگز نہیں تھا ۔ انہوں نے اونٹ کی استہزا کی ۔ انکا مقصد یہ تھا کہ مولوی اور یہ پرانے قسم کے لوگ آج سے ۱۴۰۰ سال پہلے کی مثالیں دیتے ہیں (قہقہہ) انکا مقصد یہ تھا کہ آج اونٹ کا زمانہ نہیں بلکہ آج صنعت کا زمانہ ہے ۔ آج موٹروں اور ہوائی جہازوں کا زمانہ ہے ۔

Chief Minister: The members of the Opposition and the honourable member who is speaking should also set up a good example first before they try to ask others to do so.

میاں عبدالباری — جناب والا ۔ انہوں نے یہ نہیں کہا تھا ۔ یہ غلط بیانی کر رہے ہیں ۔ ایسے ذمہ دار شخص کو ہاؤس میں کھڑے ہو کر غلط بیانی نہیں کرنی چاہئیے ۔ انہوں نے کہا کہ آج موٹروں اور ہوائی جہازوں کا زمانہ ہے اور آج اونٹوں کی باتیں نہیں ہونی چاہئیں میں وزیر اعلیٰ صاحب سے اور وزرائے کرام سے پوچھتا ہوں کہ وہ بتائیں کہ انہوں نے گذشتہ چھ سالوں میں کیا کچھ کیا ہے ۔ آپ نے صنعت میں کیا ترقی کی ہے ۔ جس چیز کے آپ اتنے شیدائی ہیں اور اسکے لئے اتنی ایکٹنگ کرتے ہیں آپ نے اسکے لئے کیا کچھ کیا ہے ؟ آپ اونٹ کی تضحیک تو کرتے ہیں ۔ کیا آپ نے اسکے بال برابر بھی صنعت میں کوئی ترقی کی ۔ بلکہ اسکے برعکس حقیقت یہ ہے کہ ہماری صنعت دن بدن تباہ ہو رہی ہے ۔ بات ایسی کرنی چاہئیے جس پر آپ عمل کرتے ہوں ۔ یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ آپ ہماری باتوں کو ٹھکراتے ہیں ۔ انکی تضحیک کرتے ہیں اور مضحکہ اڑاتے ہیں ۔ کیا آپکو معلوم ہے اسکا نتیجہ کیا ہوگا ۔ معزز وزیر مال نے اپنی تقریر میں ایک فقرہ کہا تھا کہ خدا جانے کیا کا کیا ہو جائیگا ۔ کچھ اس قسم کا فقرہ تھا ۔ یہ سن کر مجھے بہت حیرت ہوئی ہے — مجھے یاد ہے میری پچھلے سے پچھلے سال کی میزانیہ کی تقریر کے جواب میں سابقہ وزیر مال نے بھی یہی کہا تھا کہ ہم یہ سمجھتے تھے کہ صبح اٹھیں گے تو قیامت آ جائیگی ۔ لیکن کچھ بھی نہ ہوا اور ہم سب اچھے بھلے ہیں ۔ اور پھر آٹھ نو مہینوں کے اندر وہ واقعات رونما ہوئے اور ایسا طوفان آیا جس میں وہ وزارت بہہ گئی اور میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں اور اسکی ثنا کرتا ہوں کہ اسکے ساتھ پاکستان نہیں بہہ گیا ۔ آج وہی صورت پھر یہاں موجود ہے کہ ارشاد ہوتا ہے کہ معلوم نہیں کل کیا ہو جائیگا ۔ میں خدا کو شاہد کرکے کہتا ہوں کہ ہم آپکو وقت کی اہمیت کا احساس دلا رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے عادت نہیں کہ ان پرانے ایام کی مثالیں دوں ۔ میں تو ہمیشہ مصطفیٰ کمال کی مثالیں دیتا رہا ۔ اس نے جب اپنی حکومت

قائم کی تو اقتصادی بحران پر قابو پانے کے لئے یہ فیصلہ کیا کہ کسی وزیر کی تنخواہ پانچ سو روپے سے زیادہ نہیں ہوگی اور یہ فیصلہ اس وقت تک نافذ العمل رہا جب تک اقتصادی حالت اچھی نہ ہو گئی۔ میں یہ اسلئے عرض کر رہا ہوں کہ جب تک وزرائے کرام اور بر سر اقتدار حضرات خود اپنی کوئی مثال قائم نہیں کرینگے اسوقت تک عوام کبھی انکی پیروی نہیں کرینگے۔ لیکن کیفیت یہ ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ صرف فریب اور دھوکا ہے۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون(ملتان۔مسلم)—جناب والا۔ وزیر مال صاحب نے اپنی پچھلی تقریر میں ویلفیئر سٹیٹ کا ذکر فرمایا تھا اور اس کا نقشہ کھینچا تھا۔ اس میں غذا اور کپڑے کی حالت کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار پچھلی تقریر میں کر چکا ہوں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جو نقشہ وزیر مال صاحب کے تخیل میں تھا اس کے ماتحت ہمارے ملک میں غذا اور کپڑے کے علاوہ اور کیا حالت ہے۔ مجھے یہ امر واضح کرنے کی ضرورت نہیں کہ قوم کے بیشتر اشخاص بھوک اور ننگ کے شکار ہیں کیونکہ یہ کوئی ایسی پوشیدہ بات نہیں۔ اس وقت میں چند اور پہلوؤں پر اظہار خیالات کرنا چاہتا ہوں۔

سب سے پہلے آپ صحت کو دیکھ لیجئے۔ امراض روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ ٹی بی روز بروز بڑھ رہی ہے۔ ہسپتالوں میں ادویات مفقود ہیں ان کی جگہ رنگدار پانی رکھا ہوا ہے۔ باقی ادویات کا بھی یہی حال ہے۔ آج کل تو ایسپرو ایسی معمولی سی دوائیں بھی نہیں ملتی ہیں۔ اس ویلفیئر سٹیٹ کے تخیل میں ذرا آگے چلئے۔ نظم و نسق کی حالت کو دیکھئے۔ بظاہر جوڈیشری کو ایگزیکٹو سے علیحدہ کر دیا ہے مگر جب اس کی وضاحت کے متعلق چند سوالات پوچھے گئے تو معلوم ہوا کہ جوڈیشری اب بھی چیف سیکرٹری کے ماتحت ہو گی۔ ہائی کورٹ کے ماتحت نہیں ہو گی۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرۂ خون نکلا۔

نتیجہ یہ نکلا کہ یہ ایک Division of work ہے Division of management نہیں ہے اور جوڈیشری ایگزیکٹو کے ماتحت ہی رہے گی مگر انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ جوڈیشری کو ایگزیکٹو سے بالکل علیحدہ کر دیا جائے۔ جب تک ایسا نہیں ہوگا ہم صحیح انصاف کا تصور نہیں کر سکتے۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں تعلیم کے متعلق کچھ عرض کروں گا ۔ موجودہ تعلیمی معیار کے متعلق تو غالباً وزیر تعلیم ہی کچھ روشنی ڈال سکیں گے اور شاید وہ اس سے مطمئن بھی ہوں مگر ارکان اسمبلی تو یہ جانتے ہیں کہ تعلیم کا معیار روز بروز گرتا جا رہا ہے ۔ اس وقت قوم کے لاکھوں بچے جاہل اور ان پڑھ ہیں ۔ آپ کو چاہئیے کہ آپ اپنی قوم کو ایک مضبوط اساس پر قائم کرنے کی کوشش کریں تا کہ یہی بچے آئندہ زندگی میں چل کر قوم کی فلاح و بہبود کی سکیموں میں حصہ لے سکیں اور موثر قدم اٹھا سکیں ۔

جناب والا ۔ عام انصاف کے متعلق میں صرف اتنا کہوں گا کہ اس وقت لکھوکھا فائیلیں ایسی ہیں جن کا فیصلہ ابھی تک نہیں کیا گیا اور وہ ویسی کی ویسی پڑی ہیں ۔ لوگ سالہا سال سے مقدمات کے سلسلہ میں آتے ہیں اور ناکام واپس چلے جاتے ہیں ۔ اس وقت میجسٹریٹ بھی کافی ہیں لیکن تعجب ہے کام پھر بھی ختم نہیں ہوتا ۔ اس لئے جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے جب تک جوڈیشری کو مکمل طور پر ایگزیکٹو سے علیحدہ نہ کر دیا جائے عوام انصاف سے محروم رہیں گے ۔

پھر جناب والا ۔ ہماری سب سے بڑی انڈسٹری زراعت اور جننگ فیکٹریاں ہیں کیا حکومت کو معلوم ہے کہ ان فیکٹریوں کی اب کیا حالت ہے جو قومی بہبود اور فلاح کے لئے ایک بہت بڑا asset تھیں ۔ حکومت نے ری ہیبی لیٹیشن کی غلط پالیسی کے ماتحت انہیں چلا کر تباہ و برباد کر دیا ہے ۔ ہر دو تین سال کے بعد نئے الاٹی آتے ہیں جو ان کی پوری دیکھ بھال نہیں کرتے ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ان کی الاٹمنٹیں اپنے favourites کو کی جاتی ہیں ۔ جس کی ہمیں کوئی سمجھ نہیں آتی ۔ کہ آخر یہ کیا طریق کار ہے ۔

عزت مآب وزیر مال — یہ غلط ہے ۔

رانا گل محمد خان عرف عبدالعزیز خان — سب جانتے ہیں کہ میں ٹھیک کہہ رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ فیکٹریاں اس طرح بالکل ناکارہ ہو کر رہ جائیں گی ۔ اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ حکومت نے حبیب بنک کو کئی ایجنسیز دے دی ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس کے پاس کوئی الہ دین کا لمپ ہے ۔ کیا یہ پالیسی اس الہ دین کے لمپ کے حاصل کرنے کے لئے تو نہیں اختیار کی گئی ۔ اگر واقعی ایسا ہے تو میں یہ عرض کروں

گا کہ وہ دن دور نہیں جب ممکن ہے کہ حکومت یہ ایڈمنسٹریشن بھی حبیب بنک کے حوالے کر دے۔ جس طرح ہندوستان کی حکومت کبھی ایسٹ انڈیا کمپنی کے سپرد کی گئی تھی۔ جناب والا۔ یہ نہایت ہی مضحکہ خیز بات ہے کہ حبیب بنک ایک روپیہ تک invest نہیں کرتا اور اسے لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کا کام اور Burewala Textile Mill کی ایجنسی دے دی گئی ہے۔ وہ لوگ ایک monopoly حاصل کرتے چلے جا رہے ہیں۔ یہ ایک بہت ہی بری مثال ہے کہ دو M. C. A. ریزیڈنٹ ڈائرکٹر مقرر کر دئے گئے ہیں اور وہ دن بھی دور نہیں کہ جب معزز ارکان اسمبلی ۲,۰۰۰ روپیہ پر مختلف کمپنیوں کے ڈائرکٹر مقرر ہو جائینگے۔ پھر

"خوب گذرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو"

ایک آواز — آپ کیوں اس سے گبھراتے ہیں۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون — جناب والا۔ میں تو نہیں گبھراتا مگر یہ قوم کا روپیہ دادا جی کی فاتحہ خوانی کے لئے حلوائی کی دکان کے طور پر استعمال نہیں ہونا چاہئے۔ میں نے ٹھیک کہا ہے۔ چور کی داڑھی میں تنکا ہے۔

The shoe is pinching and the members in front of me are feeling uneasy.

جناب والا۔ یہ ہے اس ویلفیئر سٹیٹ کا تخیل۔ جو وزیر مال نے ہمارے سامنے پیش کیا ہے اگر آپ عوام کی حالت دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ان کے پاس کھانے کو روٹی نہ پہننے کے لئے کپڑا ہے نہ ان کی صحت کے لئے کوئی انتظام۔ نہ ان کی تعلیم ہے اور نہ ان کو سر چھپانے کے لئے کوئی جگہ میسر ہے۔ مہاجروں کے متعلق تو کچھ کہنا زخموں پر نمک چھڑکنا ہے۔ نہ ان کے لئے انصاف ہے نہ سکون قلب۔ کیا اسی کا نام ویلفیئر سٹیٹ ہے اور اسی کا نام مملکت خدا داد پاکستان ہے۔

شیلے کے مندرجہ ذیل اشعار موجودہ حالت کی صحیح ترجمانی کرتے ہیں :

Alas, I have nor hope, nor health,
Nor peace within nor calm around,
Nor that content surpassing wealth,
The sage in meditation found,
And walked with inward glory crowned,
Nor fame, nor power, nor leisure,
Others I see whom these surround,
Smiling they live and call life a pleasure,
To me that cup has been dealt in another measure.

یہ ہے عوام کی حالت ۔ اب آپ ہی اندازہ لگائیں ۔ ''کجا رام رام کجا ٹیں ٹیں،، کجا ویلفیئر سٹیٹ کجا موجودہ حالات ۔ ارکان اسمبلی نے عوام سے بہت وعدے کئے تھے میں پوچھتا ہوں کہ کیا انہوں نے ووٹروں سے یا اپنے حلقہ ہائے انتخاب سے کئے گئے ایک وعدے کو بھی پورا کیا ہے ؟ میں پوری ذمہ داری سے اعلان کرتا ہوں کہ ہم نے ان کے وعدے پورے نہیں کئے ۔ ہم قوم اور عوام کی بہبود کے لئے کچھ نہیں کر رہے ۔ زرعی اصلاحات کے سلسلہ میں مزارعین کی کیا حالت ہوئی ہے ۔ لکھوکھا مزارعین کو بے دخل کیا گیا ہے اور حکومت ٹس سے مس نہیں ہوئی ۔ یہ نہایت ہی افسوس ناک درد ناک اور شرمناک واقعات ہیں اور ہم اس قابل نہیں کہ عوام کے نمائندے کہلائیں ۔ ہمیں اپنے ضمیر کو ٹٹولنا چاہئے ۔

جہاں آرا بیگم شاہ نواز۔(بیرون لاہور۔مسلم خواتین)۔صدر محترم ۔ چار دن سے میں اپنے قابل بزرگوں کی تقریریں سن رہی ہوں اور بار بار سوچتی رہی ہوں کہ اس خود مختیار اور آزاد ملک میں یہ کیسی فضا ہے اور جب اس کے پہلوؤں پر نظر ڈالتی ہوں تو مجھے اس کا مستقبل بہت تاریک نظر آتا ہے ۔ اگرچہ ہمیں نیا آئین ملنے والا ہے اور شہنشاہیت آنے والی ہے لیکن جب اس شہنشاہیت کے متعلق سوچتی ہوں تو دل سخت رنجیدہ ہوتا ہے اور جب اس بوسیدہ نظام کو دیکھتی ہوں جس کی وجہ سے ملک کی یہ حالت ہے تو اس سے اور زیادہ رنج ہوتا ہے ۔

صدر محترم ۔ مگر بد قسمتی یہ ہے کہ ان حالات کے باوجود ٹھنڈے دل سے کوئی نہیں سوچتا اور نہ ہی کوئی غور و خوض کرتا ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order.

Begum J. A. Shah Nawaz: I am not giving way. Sir, this time must not be counted.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, my point of order is this that the honourable lady member used twice the word 'Shahanshiat'. Does she mean that we are heading towards imperialism?

Begum J. A. Shah Nawaz: I mean sovereign people. I do not know what you say it in Urdu.

صدر محترم — دقت یہ ہے کہ میں انگریزی میں بہتر تقریر کر سکتی ہوں لیکن میں کرنا نہیں چاہتی ۔ کیونکہ میرے بہت سے بھائی سمجھ نہیں سکیں گے اور مجھے بعض نہایت ضروری باتیں کہنا ہیں ۔

صدر محترم — بات یہ ہے کہ جس وقت ہمیں آزادی ملی تھی تو چاہیئے یہ تھا کہ ہماری ذہنیت اس وقت بالکل بدل جاتی ۔ ہم اس وقت ایک ذمہ دار قوم کے ذمہ دار افراد بن جاتے اس وقت ہمیں یہ احساس ہونا

چاہیئے تھا کہ آج ایک نوزائیدہ بچہ جس کو پاکستان کہتے ہیں ہمارے ہاتھ میں آیا ہے ۔ ایسا بچہ جس کی ماں کو زخمی کر دیا گیا ہے اور کچل دیا گیا ہے اور ہمیں احساس ہوتا کہ اگر ہم نے متحد ہوکر اس کی دیکھ بھال نہ کی تو یہ بچہ زندہ نہیں رہ سکے گا ۔ اگر ہماری یہ ذہنیت ہوتی تو آج جتنے لیڈر صاحبان ہیں جنہوں نے یہ پاکستان حاصل کیا تھا اس اتحاد و اتفاق کی برکت سے جو ان کو ایک جھنڈے تلے جمع ہو کر اور ایک طاقت بن کر حاصل ہوا تھا ۔ یہ لیڈر صاحبان اس اتحاد و اتفاق کو برقرار رکھتے تو آج سہروردی صاحب یا میاں افتخار الدین یا کوئی اور بزرگ اس ماں کو مارنے کی فکر میں نہ ہوتے ۔ اور ان بچوں سے میرے بھائی سید امیر حسین شاہ یا میرے بھائی میاں محمد شفیع کی یہ تقریریں سننے میں نہ آتیں ۔ سب ایک جھنڈے تلے کھڑے ہوتے اور یہ ماں کچھ اور چیز ہوتی ۔ یہ مسلم لیگ اور چیز ہوتی ۔ اس کا رنگ کچھ اور ہوتا ۔ اس بچہ کو جگہ جگہ بھیک نہ مانگنی پڑتی ۔ لیکن جو کچھ مرد نہ کر سکے وہ عورتوں نے کرکے دکھا دیا ہے ۔ آج خاتون پاکستان کو یہ تکلیف اٹھانی پڑی ہے میں جانتی ہوں کہ ان کو گذشتہ آٹھ سال میں کتنی تکلیفیں پہنچی ہیں ۔ آج وہ پندرہ سو میل کی مسافت طے کرکے اس مسلم لیگ کو بچانے کیلئے گئی ہیں اور انہوں نے قوم کے سامنے ایک ایسا نمونہ پیش کیا ہے کہ تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی ۔ جس ماں کی بتیس سالہ بچی دو مہینے پولیس کے ہاتھوں میں رہی اس ماں نے دو اسمبلیوں کی ممبر ہونے کے باوجود ایک لفظ منہ سے نہ نکالا ۔ جس کی جائیداد کا تین چوتھائی گورنمنٹ نے کوڑیوں کے مول لے لیا ۔ اس نے ایک لفظ نہ کہا ۔ اس لئے کہ اس نے نہ تو کوئی مراعات لینی تھیں اور نہ کوئی عہدے لینے تھے ۔ سید امیر حسین شاہ کے قائد (میاں افتخار الدین) عہدوں کی جن کرسیوں پر بیٹھ چکے ہیں ان کرسیوں پر جہاں آرا نہیں بیٹھی ۔ اس نے کوئی مراعات نہیں چاہیں ۔ اس لئے کہ وہ ایک پلیٹ فارم پر کہہ چکی تھی کہ میں بچوں سے زیادہ پاکستان کو عزیز رکھتی ہوں (نعرہ ہائے تحسین) دنیا جانتی ہے کہ اگر پاکستان کو کوئی ضعف پہنچ جاتا .....

صاحب سپیکر — جو چیز ایوان کے سامنے پیش ہے آپ اس پر تقریر کیجیئے ۔

جہان آرا بیگم شاہنواز — صدر محترم — انہوں نے نکتہ چینی کی ہے مجھے اس کا جواب دینے کی اجازت دیجیئے ۔ اپنی وزارت سے مجھے

بڑی شکایت ہے مجھے بڑا گلہ ہے اور وہ یہ ہے کہ کاش وہ ایک بڑا انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ بناتے اور اس کے ذریعے اپنے عوام کو یہ تعلیم دیتے کہ وہ ایک ذمہ دار قوم بنیں۔ ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے اس ایوان میں آئیں اور جس قسم کی تقریریں اس وقت کی جاتی ہیں یہ نہ کریں۔

صدر محترم — اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اس ایوان میں ہم آکر بیٹھتے ہیں اور ہم نے گدھے چھوڑ کر تانگے چھوڑ کر موٹریں لے لی ہیں۔ کالجوں میں جاکر انگریزی تعلیم حاصل کی ہے۔ ٹیکنیکل تعلیم حاصل کی ہے ایک طرف تو ہم نے اس حد تک ترقی کی ہے اور دوسری طرف یہ حالت ہے کہ ہماری حکومت کے نظام کا رنگ ڈھنگ وہی ہے جو ۱۵۸۵ میں ٹوڈر مل کے نظام کا تھا۔ ہم جب دیہات میں جاتے ہیں اور پٹواریوں کو بلاتے ہیں تو پندرہ پٹواری آکر بیٹھ جاتے ہیں۔ لیکن جب میزان ہوتے ہیں۔ تو تین پٹواریوں کے میزان آپس میں نہیں ملتے۔ اگر ہم موٹر کاریں خرید سکتے ہیں تو کیوں بائیس ہزار کی مشین کسی تحصیل یا ضلع میں نہ دے دی جائے تاکہ لوگ اعداد و شمار سامنے رکھ کر ان کا صحیح میزان کر سکیں۔ یہاں برٹش گورنمنٹ کا وہی نظام چلا جاتا ہے جس کے تحت فائل ایک جگہ سے چلتی ہے اور جب تک وہ منزل مقصود پر پہنچتی ہے اس وقت تک اس کا مطلب ہی فوت ہو جاتا ہے۔ صدر محترم— وزیر اعلیٰ کے ساتھ جنہیں اس خاکسار نے ہی قوم کے سامنے پیش کیا تھا ہماری بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں وہ جانتے ہیں کہ نظام حکومت کیا ہوتا ہے۔ میں عرض کروں گی کہ وزیر اعلیٰ کے ہاتھ میں کوئی پورٹ فولیو نہیں ہونا چاہیئے وہ ساری وزارت کے اوپر ایک قسم کی نگرانی کریں۔ ایک اور سب سے بڑی تبدیلی یہ ہونی چاہیئے کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ سے over-riding powers بالکل لے لی جائیں۔ یہ اختیارات فنانس ڈیپارٹمنٹ کو دینے سے کام میں تاخیر ہو رہی ہے۔ اس کا کوئی حق نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ کسی ڈیپارٹمنٹ کے کام میں روڑے اٹکائے۔ اگر اس کا خرچ اپنی گرانٹ کے اندر ہو تو ہمیشہ اس کی منظوری دی جانی چاہیئے۔

ایک اور چیز یہ ہے کہ جو بھائی مطالعہ کرتے ہیں وہ جانتے ہوں گے کہ ترکش کانسٹیٹوشن میں یہ کانسٹیٹوشنل گارنٹی دی گئی ہے کہ کوئی وزیر دو محکموں سے زیادہ اپنے ہاتھ میں نہیں رکھے گا۔ میری یہ گذارش ہے کہ ایک ایک وزیر کو کئی کئی محکمے نہیں دینے چاہئیں۔ اس طرح وہ اپنے فرائض سے کما حقہ عہدہ برآ نہیں ہو سکیں گے۔ اور جو محکمے ایک وزیر کو دئے جائیں وہ ایک دوسرے سے متعلق ہوں جیسے

کہ میڈیکل اور ہیلتھ و فوڈ اور ایگریکلچر ۔ اس طرح چند heads بنانے ہونگے ۔ میں یہ تجویز کروں گی کہ ایک ایکسپرٹ بلایا جائے جو یہ بتائے کہ ماڈرن نظام حکومت کیا ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ ایک پلاننگ کمشن بنایا جائے جس کے تین ممبر ہوں ۔ ایک کامرس کیلئے دوسرا اکونومکس کے لئے اور تیسرا ایڈمنسٹریشن کیلئے ۔ اس کے صرف تین ڈائرکٹر ہوں وہ پلاننگ کرکے بتائیں کہ پانچ سال میں کیا کام ہونا چاہیئے اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر بعد میں وزارت بدل بھی جائے تو ترقی کا کام ایک پلین کے مطابق چلتا رہیگا ۔ علاوہ ازیں میں یہ تجویز کروں گی کہ صنعتوں کو فروغ دینے کی غرض سے پاکستان انڈسٹریل کارپوریشن کی طرح کی پنجاب کے لئے انڈسٹریل کارپوریشن بنائی جائے ۔ جس کے تین ڈائرکٹر ہوں اور تین ایکسپرٹ ہوں جو اس کے مشیر ہوں ۔ میں وزیر بحالیات کی خدمت میں عرض کروں گی کہ جتنے کارخانے یا سینما ہوں وہ اور جو مہاجر بھائیوں کے ہوں وہ بھی اس کے سپرد کر دئے جائیں ۔ وہ ان کا حساب علیحدہ رکھے اور یہ کارپوریشن پبلک سے روپیہ ایک لمیٹیڈ کنسرن کی حیثیت سے لے ۔ پنجاب اور قرضے کا متحمل نہیں ہو سکتا ۔ پہلے ہی بہت زیادہ قرضہ ہے اس کے متعلق ایک چیز یہ عرض کروں گی کہ جہاں تک انہار کا تعلق ہے ان کا روپیہ تو پنجاب ادا کر سکتا ہے لیکن جہاں تک لنکس بنانے کے اخراجات کا تعلق ہے وہ چالیس پنتالیس کروڑ روپیہ سنٹر کو ادا کرنا چاہیئے اور پنجاب کو اس چیز پر زور دینا چاہیئے کہ یہ روپیہ سنٹر دے جس وقت ہم اس چیز کا مطالبہ کرتے ہیں تو ہمارا قرضہ آدھا رہ جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد انہیں یہ چاہیئے کہ سیکریٹیریٹ میں جتنے سیکرٹریز ٹو گورنمنٹ ہیں ان کو وہ واشگاف لفظوں میں یہ بتا دیں کہ اگر ان میں کوئی کسی سیاسی پارٹی کا ساتھ دے گا تو اسے فی الفور برطرف کر دیا جائیگا اور اس کو عبرت ناک سزا دی جائیگی ۔ میں یہ اس لئے کہہ رہی ہوں تا کہ وہ سیاسیات میں دخل نہ دیں اور آرام سے اپنا کام کرتے رہیں ۔

اس کے علاوہ آپ کے جو سی ایس ۔ پیز ہیں ان کو کسی محکمہ کے ساتھ بطور ڈپٹی سیکرٹری کے لگا دیا جائے تا کہ وہ علیحدہ علیحدہ محکموں کے کاموں میں مہارت پیدا کریں ۔ آج کل آپ کے جتنے سی ۔ ایس ۔ پی آفیسرز ہیں وہ چوں چوں کا مربہ ہیں اور وہ حقیقتاً Jack of all trade master of none ہیں ۔ آپ کے جتنے ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ ہیں ان کے سیکریٹریز ٹو گورنمنٹ

بھی ٹیکنکل آدمی ہونے چاہیئں ۔ ان محکموں میں ان سی ۔ ایس ۔ پی افیسرز کو لگانے سے محکموں کا انتظام خراب ہو رہا ہے ۔

اس کے بعد میری گذارش ہے کہ آپ تین لاکھ روپیہ خرچ کرکے ایک مشین منگوا کر سیکریٹیریٹ میں رکھیں جو مشین آپ کو بتا دیا کرے گی کہ فلاں فائل اس وقت کہاں ہے اور فلاں کہاں ہے اور کس کے پاس ۔ اس سے آپ کے کام کی سر انجام دھی میں بہت سہولت اور تیزی آ جائیگی ۔ اگر آپ اپنے نظام حکومت کے خاکہ کو اس طرح بدلیں جس طرح کہ میں نے بتایا ہے تو تب جا کر آپ کا نظام ٹھیک ہوگا ۔ صدر محترم میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں ان کو ایک ایسی سکیم بھی بتلا سکتی ہوں جس پر عمل کرنے سے ۱۲ سال میں صوبہ لڑیٹ ہو سکتا ہے ۔ بہر کیف اگر آپ نظام حکومت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں تو آپ کو اس کے خاکے کو بدلنا پڑے گا ۔

مہر محمد صادق (پارلیمنٹری سیکرٹری) — جناب والا مجھے ۔ مختصراً صرف یہ عرض کرنا ہے کہ آج کی بحث میں سب سے پہلے معزز وحید و فرید وکن جو آزاد پاکستان پارٹی کی نمائیندگی کرتے ہیں ۔ نے اپنی تقریر کے دوران میں وزراء صاحبان کے طول و عرض اور ہیت جسمانی کی طرف بڑے اشارے کئے ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ اس کم سنی کے عالم میں بڑے تجربہ اور پتہ کی باتیں کرتے ہیں (قہقہہ) اور دل بھی چاہتا ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں عرض کروں کہ عنان حکومت کچھ دن کیلئے ان کے حوالے کر دیجئے ۔ پھر خیال آتا ہے کہ کہیں وہ اس کمسنی کے عالم میں امور حکومت سے کھیلنے ہی نہ لگیں ۔ جناب والا ۔ اپنی تقریر کے دوران میں انہوں نے کاسمیٹکس کا بڑا ذکر کیا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ کاسمیٹکس سے ان کو بڑی دلچسپی ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ وہ اس کم سنی اور کم عمری کے عالم میں واقعی بڑے تجربہ اور پتہ کی باتیں کرتے ہیں ۔ میں ان کی سیاسی زندگی کے متعلق——————————

چودھری محمد افضل چیمہ — پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ایک معزز رکن نے دوسرے معزز رکن کے متعلق جو رقیق بازاری اور سوقیانہ قسم کے الفاظ استعمال کئے ہیں وہ آداب پارلیمنٹ کے خلاف ہیں ۔

ایک آواز ۔ اس کے بغیر گذارہ نہیں ہوگا

Mr. Speaker : I wish that the tone of the debate was higher but I am very sorry to state that the pace was set by honourable members on that side.

چودھری محمد افضل چیمہ — پوائنٹ آف آرڈر۔ حضور والا نے یہ فرمایا ہے کہ اس قسم کا رواج ہم نے ڈالا ہے حالانکہ یہ امر واقعہ نہیں ہے۔

Mr. Speaker : The hon'ble member has no right to challenge what the Speaker says.

مہر محمد صادق — جناب والا۔ میں تو معزز رکن کی سیاسی زندگی اور سیاسی عمر کے متعلق ذکر کر رہا تھا۔

میاں عبدالباری— پوائنٹ آف انفرمیشن۔ کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ جس وقت اس طرف کے کسی ممبر نے اس قسم کے کوئی کلمات کہے تھے تو اس وقت جناب والا نے کیوں نہ اس کو روکا۔

صاحب سپیکر — آپ سپیکر کو چیلنج نہیں کر سکتے۔ میں نے کہہ دیا ہے کہ اس معاملہ کو یہیں ختم کر دیا جائے۔

مہر محمد صادق — میں اختصاراً.....

Mr. Speaker : Please confine your speech to the motion under consideration.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir, I would like to know whether His Excellency has appointed the Sergeant-at-Arms?

Mr. Speaker : I am not going to allow any points of order which lead to obstruction of business.

مہر محمد صادق —جناب والا۔ معزز رکن نے بار بار اس طرف توجہ دلائی ہے کہ ہم لوگ مسلم لیگ کے مینی فیسٹو پر پوری طرح عمل نہیں کرتے۔ ہمیں بڑی خوشی ہے کہ آزاد پاکستان پارٹی کے اس وحید و فرید ممبر کو ہمارے مینی فیسٹو کی بڑی فکر ہے۔ غالباً وہ اس مینی فیسٹو کو قابل عمل تصور فرماتے ہیں اور دل سے اس کے قائل ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا کہ انہیں اتنی فکر نہیں کرنی چاہئے۔ اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اس مینی فیسٹو پر عمل نہیں کر رہے تو ان کو چاہئے کہ وہ اس حکومت کے ساتھ مل کر اس مینی فیسٹو کو کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔ اس کے بعد ایک دوسرے معزز رکن نے جنہیں اپنے علم و فضل پر بڑا ناز ہے اور ان کی زیرکی کا میں بھی قائل ہوں اپنی تقریر کے دوران میں صرف یہی کہنے پر اکتفا کیا کہ فلاں عہدہ دار اور فلاں افسر کو فلاں فلاں جگہ تبدیل کر دیا گیا ہے اور فلاں جگہ تبدیل نہیں کیا گیا۔ غالباً بعض افسران جن میں ان کو دلچسپی تھی چونکہ ان کی تقرریاں اور تعیناتیاں ان کی مرضی کے مطابق نہیں ہوئیں اس لئے وہ ناراض ہیں۔ کاش وہ ان تنگ دائروں سے باہر نکل کر اہم معاملات پر بحث فرماتے۔

اس کے بعد حزب اختلاف کے محترم قائد نے ہمیں پرانی اسلامی حکومت اور اسلامی معاشرت کی طرف توجہ دلائی ۔ جناب والا ۔ ہم تو خود متمنی ہیں کہ ہم وہ دن لوٹا سکیں جنہیں خلافت راشدہ کے دن کہا جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ ابھی تک ہماری حکومت انگریزی حکومت کی طرز پر قائم ہے ۔ مگر آج انہوں نے یہ فرمایا کہ ہمیں تو برطانوی پارلیمنٹ کے اصولوں پر کام کرنا چاہیئے کیونکہ یہ بہت اچھی ہے ۔ جناب والا ۔ ایک طرف تو وہ ہمیں یہ کہتے ہیں کہ ہم انگریزی طرز پر نہ چلیں اور دوسری طرف وہ ہمیں یہ مشورہ دے رہے ہیں کہ اگر ہم برطانوی پارلیمنٹ کی طرح کام نہیں کریں گے تو ہم کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ انہیں یہ سوچ لینا چاہیئے ۔ ایک ہی وقت پر وہ دو متضاد باتیں کہتے ہیں کہ ہم انگریزی حکومت کی طرز پر چل رہے ہیں اور کہ ہم انگریزی طرز پر نہیں چل رہے ۔ ان کی یہ دلیل بیکار سی معلوم ہوتی ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — خذ ما صفا ودع ما کدر ۔

(اس کے بعد اسمبلی کا اجلاس نماز مغرب کے لئے ملتوی ہوا)

The Assembply re-assembled after Maghrib prayers. Mr. Speaker in the chair.

مسٹر احمد سعید کرمانی (لاہور کارپوریشن نمبر ۵ مسلم) — جناب والا ۔ میں پرسوں کچھ گزارشات آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا تھا لیکن وقت کی قلت کے پیش نظر میں اپنے خیالات پیش نہ کر سکا ۔ آج میں کوشش کرونگا کہ ان میں سے وہ خیالات جن کا تعلق اس کٹ موشن سے ہے آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں پیش کروں ۔

جناب والا ۔ میاں عبدالباری صاحب کی کٹ موشن یہ ہے کہ حکومت نے اپنے فرائض کو اہلیت کے ساتھ سر انجام نہیں دیا ۔ میں ان ممبران میں سے ہوں جن کی دیانت دارانہ رائے یہ ہے کہ حکومت نے کچھ فرائض سر انجام ضرور دیئے ہیں لیکن بعض فرائض حکومت نے نہ جانے کن وجوہات کی بنا پر سر انجام نہیں دیئے ۔ حضور والا ۔ میں یہاں اس چیز کا تذکرہ نہیں کرتا کہ حکومت نے کون کونسے فرائض سر انجام دیئے ہیں کیونکہ یہ وزیر متعلقہ کا کام ہے کہ وہ ان پر روشنی ڈالیں ۔

حضور والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ آج بحث کا رجحان کچھ اور ہی ہو گیا ہے اور جو کٹ موشن آپ کے سامنے رکھی گئی تھی اس کے اصل موضوع پر بہت کم تقریریں ہوئی ہیں ۔ آپ جانتے ہیں کہ حال ہی میں

ہماری حکومت نے ایک بہت اہم فیصلہ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ اس صوبہ میں عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ جناب والا۔ اگر آپ غور فرمائیں تو یہ محض ایک نعرہ ہے۔ عدلیہ کا انتظامیہ سے علیحدگی کا مقصد تو یہ ہونا چاہئیے کہ جوڈیشل افسران صرف ہائی کورٹ کے ماتحت ہوں اور انکا تقرر۔ تنزل اور ترقی وغیرہ بھی ہائی کورٹ کے ہاتھ میں ہو۔ کیونکہ جب تک ایسا نہیں ہوگا اس وقت تک یہ کہنا کہ عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کر دیا گیا ہے ایک بے معنی سی بات ہے۔

پراسیکوٹنگ سب انسپکٹروں کو سپرنٹنڈنٹ پولیس کی بجائے لیگل ریمبرنسر کے ماتحت کر دینا چاہئیے تا کہ وہ کپتان پولیس سے بے نیاز ہو جائیں اور قانون و انصاف کے تقاضے پورے کر سکیں۔ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے صوبے میں ایگزیکٹو کو جوڈیشری سے الگ کرنے کا دعویٰ کیا جاتا ہے۔ مگر اصل میں یہ دعویٰ غلط ہے۔ حقیقتاً ان دونوں محکموں کو الگ الگ نہیں کیا گیا ہے بلکہ صرف ان کا کام تقسیم کیا گیا ہے۔ کچھ مجسٹریٹ ایگزیکٹو کام پر لگا دیئے گئے۔ کچھ مجسٹریٹوں کو جوڈیشل کام سپرد کر دیا گیا ہے۔ مگر دونوں فی الحال صوبائی ایگزیکٹو کے ماتحت ہیں۔ ان کے الگ ہونے کا دعویٰ اسوقت درست ہوگا جب جوڈیشل مجسٹریٹ کلیتاً ہائی کورٹ کے ماتحت کر دیئے جائیں گے اور ان کی Appointment, Transfer Promotion, Demotion ہائی کورٹ کے ماتحت ہو جائیگی۔ نیز تحصیلوں میں ریذیڈنٹ مجسٹریٹوں کا تقرر بھی عوام کے لئے مفید ثابت ہونے کی بجائے مضرت رساں ثابت ہوگا۔ کیونکہ اول تو اور چیزوں کی ڈی سنٹرلائزیشن مفید ہو سکتی ہے مگر ایڈمنسٹریشن کی ڈی سنٹرلائزیشن نقصان دہ اور تباہ کن ہوا کرتی ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ تحصیلوں میں مقامی برادریوں اور دھڑہ بندیوں کے ہوتے ہوئے تحصیل مجسٹریٹ بھی ان پارٹی بازیوں میں شریک ہو جایا کرینگے اور انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہونگے۔ دوسرے وہ مرکزی حکام سے دور ہو جانے کے باعث من مانی کارروائیاں کرینگے۔ تیسرے Litigent پبلک کو بہترین قانونی امداد میسر نہیں آئے گی اور ضلع کے ہیڈ کوارٹر سے اچھے وکیل لانے پر خرچ زیادہ برداشت کرنا پڑے گا۔

اب میں نظم و نسق کی ایک اور خرابی کیطرف آتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ آجکل اضلاع میں اکثر Raw youth کو ڈپٹی کمشنر لگایا جاتا ہے حالانکہ انگریزی عہد میں نسبتاً زیادہ تجربہ کار افسروں کو ڈپٹی کمشنر کے عہدوں پر متعین کیا جاتا تھا آج کل یا تو بالکل نا تجربہ کار اور کم

عمر افسروں کو یا پھر بڑے بوڑھوں کو ڈپٹی کمشنر لگایا جا رہا ہے جس سے اضلاعی نظم و نسق کا معیار گھٹیا ہوتا جا رہا ہے اور اسکے دن بدن اور پست ہو جانے کا خدشہ ہے۔ درمیانی عمر کے تجربہ کار افسروں کو اضلاع میں لگانا چاہئے کیونکہ Raw youth ان فرائض کے متحمل نہیں ہو سکتے جو کہ ڈپٹی کمشنروں کو سر انجام دینے پڑتے ہیں۔ انہیں ایڈمنسٹریشن کا خاصا تجربہ ہونا چاہئے تب کہیں جا کر وہ کامیاب ہو سکتے ہیں۔

اسیطرح حضور والا۔ میری یہ بھی تجویز ہے کہ لاہور میں کسی قابل پرانے اور سینئر آئی۔سی۔ایس گریڈ کے افسر کو متعین کرنا چاہئے کیونکہ شہر کے نظم و نسق کی حالت دن بدن خراب سے خراب تر ہوتی۔ چلی جا رہی ہے (ایک آواز۔ آئی۔سی۔ایس افسر اب پاکستان میں نہیں ہوتے) پورا مطلب اس گریڈ کے برابر موجودہ سی۔ایس۔پی درجے کے افسروں سے ہے۔

اب جناب والا۔ میں ایک اور نہایت ہی ضروری امر کیطرف آتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ہمیں سیفٹی ایکٹ اور غنڈہ ایکٹ میں یوں ترمیم کر دینی چاہئے کہ لوگوں کو لیگل جسٹس مل سکے۔ آجکل صرف ایگزیکٹو جسٹس مل رہی ہے۔ دوسرے سیفٹی ایکٹ کے نظر بند اشخاص کے لواحقین کو پورا گذارہ الاؤنس ملنا چاہئے اور نظر بندوں کے لئے بھی قانونی امداد کے دروازے بالکل بند نہیں کر دینے چاہئیں۔

میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کرونگا کہ Control of Goonda ایکٹ میں اس قسم کی ترمیم کی جائے کہ بلآخر تمام اختیارات ہائی کورٹ کو سونپ دئے جائیں تا کہ جو فیصلے بھی اگزیکٹو کرے ان کی اپیل ہائی کورٹ تک جا سکے۔ ایگزیکٹو کے خلاف ایگزیکٹو کا دروازہ کھٹکھٹانا میرے نزدیک بالکل مہمل اور غیر مفید چیز ہے۔ اگر میری تجویز پر عمل کیا جائے تو اس کا ایک لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگوں کو ایگزیکٹو انصاف کے ساتھ Legal Justice بھی مل سکے گا۔ موجودہ صورت میں متعلقہ لوگوں کو ایگزیکٹو انصاف تو مل جاتا ہے۔ مگر Legal Justice سے وہ محروم رہتے ہیں۔

جناب والا۔ اگر میں اس وقت اپنے عوام کے جذبات کی ترجمانی اس معزز ایوان کے سامنے نہ کروں تو میں سمجھتا ہوں۔ میں ان سے صریحاً نا انصافی کرنے کا مرتکب ہونگا۔ آج ہمارے عوام خاص قسم کی غلط فہمیوں

کا شکار ہیں ۔ وہ سیاسی رہنماؤں کے متعلق سوچتے ہیں کہ ان کی توجہ ان کی طرف بہت کم ہے ۔ مگر برعکس اس کے ہمارے رہنما Democratic Goverament کے قیام کا ڈھنڈورہ پیٹتے پھرتے ہیں تا کہ ایک ایسی حکومت قائم کی جا سکے جس سے عوام اور انکے رہنماؤں کے مابین رابطہ قائم کیا جا سکے ۔ لیکن میری گذارش ان رہنماؤں کی خدمت میں یہ ہے کہ انہیں چاہیئے کہ جن لوگوں کی نمائندگی کا انہیں موقع ملا ہے ان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ رابطہ قائم کریں ۔ ان کو بتائیں کہ ہم فلاں کام اس لئے نہیں کرتے اور فلاں کام اس لئے کر رہے ہیں کہ اس میں انکا اور ہمارے صوبے کا یہ فائدہ ہے ۔ حالت یہ ہے کہ اس وقت ہمارے حکمرانوں اور سیاسی رہنماؤں کی ایک الگ Class ہے اور عوام کی ایک الگ Claas ہے ۔ جناب والا ۔ اگلے دن میں ایک محفل میں بیٹھا تھا جس کا ذکر یہاں پر محل نظر آتا ہے ۔ اس محفل میں بعض بڑے بڑے حضرات تھے اور کچھ چھوٹے بھی ۔ وہاں باتوں باتوں میں اس چیز کا تذکرہ ہوا کہ آج کل ہمارے رہنما عوام سے بالکل کٹ چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر اس موضوع کے متعلق میں اس محفل کے تاثرات جو بڑے دلخراش ہیں یہاں بیان کروں تو شاید آپ مجھے اس کی اجازت نہ دیں ۔ بہر حال میں اس محفل کے خیالات سامعین رہنماؤں کے متعلق بیان کرنے کے لئے اکبر الہ آبادی کے ایک شعر پر ہی اکتفا کرونگا ۔

ہو نمود اپنی تو اندھیر بھی ہوتا ہے پسند
پوچھو تاروں سے تو کہتے ہیں کہ رات اچھی ہے

ہمارے سیاسی رہنما آج ہی نہیں بلکہ شروع سے ہی اس چیز کے عادی رہے ہیں کہ عوام کے خیالات معلوم کرنے کی کوشش نہ کی جائے ۔ آخر یہ بے اعتنائی کیوں برتی جا رہی ہے ؟ کیا ہمارے رہنماؤں کا یہ فرض نہیں کہ وہ عوام تک جائیں اور ان کو بتائیں کہ یہ باتیں جو ان کے ذہنوں میں ٹھونسی گئی ہیں اور جن کا اظہار وہ گاہے گاہے کرتے رہتے ہیں ان میں کہاں تک صداقت ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی نیک نیتی اور شرافت کا سہارا لے کر چند بظاہر غیر متعلقہ باتیں بھی آپ کی اجازت سے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I am sorry I can't allow irrelvant things.

مسٹر احمد سعید گرمانی — بہت اچھا جناب والا ۔ اب میں لاہور کے عام نظم و نسق کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ لاہور کے نظم و نسق

کو بہتر بنانے کے لئے حکومت کو چاہیئے کہ دو تین اقدامات فی الفور کرے۔ اول یہ کہ لاہور کارپوریشن کو زیادہ سے زیادہ مالی امداد بہم پہنچائے۔ دوم یہ کہ لاہور کارپوریشن ایکٹ میں مناسب ترمیم کرکے کارپوریشن کو زیادہ اختیارات دے تا کہ City Life خوشگوار اور بہتر ہو اور کارپوریشن اس شہر کے لوگوں کی بہتری اور بہبودی کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کر سکے۔ اگر کسی ترمیم کے ذریعے یہ اختیارات کارپوریشن کو تفویض نہ کئے گئے تو مجھے اندیشہ ہے کہ لاہور کارپوریشن اپنے فرائض کی انجام دہی سے قاصر رہے گی۔ جس کی وجہ سے لوگوں میں نہ صرف کارپوریشن بلکہ اس وزارت کے متعلق بھی بدگمانی پیدا ہوگی۔ لہذا میری عرض یہ ہے کہ حکومت کو نہایت سنجیدگی سے اس پر غور کرکے فی الفور مناسب قدم اٹھانا چاہیئے۔

جناب والا۔ اس کے بعد میں لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے متعلق کچھ عرض کرونگا۔ اس محکمے میں مناسب تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ کیونکہ اس کی سکیموں کی وجہ سے غریب لوگوں کو بہت سی تکالیف کا سامنا ہے۔ اس کے افسران مختلف سکیموں کے نقشے تیار کرتے وقت اس امر کا خیال نہیں رکھتے کہ ان سے غریب لوگ متاثر ہونگے اور انہیں فائدے کی بجائے نقصان پہنچے گا۔ حکومت کو چاہیئے کہ اس کے افسران کو ہدایت کرے کہ ن لوگوں کے مکانات وغیرہ سکیموں میں شامل کئے جاتے ہیں انہیں متبادل جگہ مہیا کئے بغیر سکیموں پر عملدار آمد شروع نہ کیا جائے۔ میرے نوٹس میں ایسے بہت سے لوگ آئے ہیں جو اس محکمے کی بیشتر سکیموں سے متاثر ہوئے ہیں اور وہ بے چینی۔ بے اطمینانی اور غم و غصے کا اظہار کر رہے ہیں۔

***Minister of Revenue :** (The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash): Mr. Speaker, the other day in my speech I had replied to lot of criticism which had been levelled at the Government and at the Budget. I find most of the things have been just repeated to-day. I thought I might have forgotten what was said the other day, so I got of my book in which I had taken notes and found that mostly the same things have been repeated *ad nauseum* over and over again and specially one of my friends from this side, who did not get an opportunity to speak the other day, said practically everything to which I had replied but I do not blame him for this.

People are still talking about the separation of judiciary that we have done. do not know what new points they have made because I made it clear the other day that we are making an experiment: we have started with it. A tradition of centuries is going to be broken and we have made a beginning and we are proud of it. If some of the honourable members have repeated the same arguments, I do not think I should waste the time of the House in trying to reply to the question of the separation of the Judiciary, but I will point out one thing

*Uncorrected speech.

that I said the other day also. Our aim is to bring the judiciary under the High Court. If that was not our intention we would not have done this. I tell you that whatever we are doing is with a set purpose. The other day I was trying to point out that this Ministry is working all the time with one aim. May be our Information Department is not good, our propaganda is not good, we have not been able to get to the people and impress them what we are doing. There can be mis-understanding. All our actions for the last one year since we took over have been with a set purpose and that set purpose is this. We must give complete freedom to the individual. This power of the executive must go from his mind. He must sleep with a sound sleep and have no fear of the executive .All our actions are based on that single purpose.The separation of Judiciary from the Executive, the amending of the Safety Act and the Goonda Act and all those Acts which you may call repressive Acts of an alien Government: we are amending all those Acts but then they do not ask themselves why nobody had done all these things before. We have started these things, we have set the ball rolling. What they say is that these things are being done to do some propaganda.

Public know them fully well. They know what is behind their mind. They also know that we are doing good work; they know that these things are appealing to the masses. They know that everybody understands what we are doing for them and we are getting credit for it.

These honourable members talk of a welfare State. The honourable member from Multan shouted, 'we want welfare State'. Has he read about a welfare state? I am afraid he has never taken the trouble to find out what is a welfare State and how long does it take to develop a welfare State. If he had done so, he would have not said as to what we have done during these years. Does he know what were the conditions during these six years? We were not let with a single industry to develop our country. We had nothing here. Everything was to be imported because British goods had to be purchased here. Where was the money going to come from? I was really surprised to hear that. I thought he was an intelligent man. I always thought, when he used to ask these questions in the House that he knew the subject. But I am sorry to know today that my hopes have been shattered in me for the way in which he has spoken on that matter. However, it was not a constructive speech. He tried to play to the galleries and tried to criticise the Government. What he said was that the Revenue Minister talks about a welfare State. I do, Sir. That is exactly what our aims are. But how can we get a welfare State? I ask this question from him. For a welfare State the first thing is the freedom of the citizens. He must be able to sleep free and should have no fear of the magistracy or that of the executive. He must know that he can only be subjected under the criminal law of the country and he must abide by it. He must get something to eat and to clothe himself. Then you come to education, roads and all these things.

He talks about education, he talks about the people who are roaming about and who have not been educated. I am surprised he does not care to look into the budget. He made a speech for the sake of making a speech. Unfortunately you did not give him permission before, so he came to these things, and began to talk about these things when we had finished. If he had looked into the budget, he would have found that we have opened this year 300 schools and we are going to open 300 schools more. But, Sir, that requires money. On the one hand they shout, 'Do not tax people', and on the other they want free education. We do not want to tax the people. All that we did was to have a development tax. And these very gentleman strarted shouting where is the money going to come from. We should not talk in excitement. We should think ahead and really try to understand the budget and then give constructive suggestions and ideas. But we do not do these things. What we do is that either we keep our eyes at the press people on the top or we go running to them and say, 'you did not publish full version of my speech, you did not publish what I spoke'. Their main object

is this. Others have got to do it, but my honourable friend, Syed Amir Hussain Shah, has not got to worry about it; whether he says anything or he does not, *The Pakistan Times* is there to give him big headlines. The *Pakistan Times* is run by capitalists like him, who shout from the top of their voice that they are the real representatives of the poor in Pakistan. I will just ask him one question. What are his sources of income? Are they different from other people in this House? He is one of us. He is one of the biggest landlords, yet he condemns landlords. He has got the biggest amount of shares in the *Pakistan Times*. And what is more is that he comes from the line of the Holy Prophet. He is a Syed and with it there is Piri, Muridi. He gets money from there also. Whereas, the whole time we are being attacked on what? On just one thing as to what do you expect of these rich people sitting on this side of the House, they have no love for the people; and this or that. Today I was shocked to hear from him that he called our country 'the wretched Pakistan'. I was really sorry when I heard that. May be his interests are in Mecca, may be his loyalties are somewhere else, but to call your own free country of which you should be proud, the wretched Pakistan, really hurt me. I did not believe my ears when he said it. I asked my honourable colleagues here that I heard something of the kind, whether these words were said. They said that they heard these words. Even then I was not sure and asked the press whether those words were said. They said, 'Yes, we have got them here'. I am really sorry to hear that. Our love for our country should be the greatest. We have just become free and we have become happy. I tell you what does he want. He always poses as a champion of the masses. If his Party is the champion of the masses, I would like to see how many representatives of his party are sitting in this House.

Syed Amir Hussain Shah : Have fair elections.

Minister of Revenue : We had elections a few years ago and we are going to have them again and may be, again I may see our Pir Syed Amir Hussain Shah as a member. He says that we have been returned by the help of the police and the magistracy. This is one of his allegations. May I ask him how did he return? He returned on the strength of his money which was distributed. I know exactly how he fought his election. Why did not anybody else of the Azad Pakistan Party, the so called popular organisation of which he claims to be a representative, return to a legislature; yet he claims to be the champion of the masses and stands up here day in and day out just giving one theme and only one theme, nothing new and says the samething in different ways which gets different headlines every day in the *Pakistan Times*. What I am trying to come to is this that it is all very well that certain thing like that should be said and we must get the praise of the people. But he is a wolf in the garb of a sheep; he is one of the same; whereas we stand by certain ideas and we go almost with those ideas, we have to tell them that we are to give equal opportunities to all. This is one of the main principles of a welfare State that everybody should get to the highest position (*Interruptions*). I did not shout at you nor would I like to be shouted at. I would like to have the same courtesy from you which I showed to you. What I was saying was that talking of these things is all very well, but calmly and collectively we should think. It is our own country. We have started by making a beginning. The first thing that the Honourable Leader of the House has done is that he has very kindly invited the Honourable Leader of the Opposition to get him nearer to the administration and with that object he has nominated him on a very important Committee, so that he may kindly give his ideas. We want this sort of co-operation and we want to extend this co-operation to other honourable members of the Opposition and also we want to bring them nearer to the administration. The Opposition in a democratic form of Government is a very very important factor. I dare say they have got a very difficult task to perform. They must try and get on these benches. But, Sir, looking at the hotch-potch Opposition I do not see any hope. Now, Sir, what did

I say? I said nothing. I just said I would wish the masses would return them, but as the things are, I find that there is very little hope. I would go little further and say that the party in power at once sober down those responsibilities, which fall on them, of keeping law and order, of collecting taxes, of seeing that they are properly spent, that sobers the man down. It is just like a boy whose father is living. He is the most irresponsible; he does not know where the money is to come from but he wants to spend it. He says, 'give me a beautiful car, give me this give me that'; not knowing what the finances of the family are. The head of the family always tries to keep everybody together. But the difficulty arises when the father goes away and he takes his place and occupies that position. Then there is vast difference between him at present and what the fellow was before the death of his father. I find the same thing is happening here. They shout of education, they shout of welfare State within 6 years. They want that section 144 should not be there. What about section 144? They say it is not essential. Do you want to have the same state of affairs which you had when this Ministry took over? Do you want again the same sort of thing which happened in all the towns of Punjab? I can assure the House that till this Ministry and its Chief Minister is here, we are not going to allow a thing like that to happen again. Whatever cost we are not going to make any changes, we are not going to allow anybody to play with the sentiments of the people. We have to face facts. One fact is that for the safety of the people and for the safety of future generations we are not going to allow things like that to happen, whether there is section 144 or not, but we will never allow these things again. Those gentlemen who shout about peace the whole time, want the same state of affairs; they want chaos. In such conditions they really thrive, but others do not. We want a healthy State. I agree with my honourable friend from Multan who says that we must work for a welfare State. But we must create conditions which bring about a welfare State. As I have said already we have just made a beginning. We are starting on those lines. I admit that we have not yet built it up. You cannot build it in a day? It takes decades before you get that position.

Talking about education they said that there is not enough education and there are thousands of people going about without education. They say, 'look at these younger generations who are going about but they have no education and they are going to be our people tomorrow'. What about it? Have you ever thought in your mind how many schools we would require to have even primary education for everybody? They have not thought of it at all. It is just a slogan, just press headlines and nothing more. I will tell you how much money we require. An annual recurring expenditure of Rs. 9 crores is required just for primary schools. Now, Sir, take the other thing. How much non-recurring expenses we require just to start with? That is another Rs. 9½ crores. Here is your Punjab; its income is Rs. 22½ crores. We will welcome it. But tell us the ways of raising more money to give more schools. We want schools just as much as you want. But you are not on responsible benches. You do not know the position. You are like that boy who wants money for a car and for every other thing when his father is in great difficulty for finding food for his family and keep them together. We want all these things too. We certainly want vast amount of money. I say let us build our country; let us get the best talent. This is another thing which this Government wants to do. We want to get the best talent from whichever quarter it may come, may be from giving scholarships to the poor and sending them out for becoming technicians, engineers, etc. Unless you raise the standard of living and income *per capita* this thing cannot be a achieved.

Now, Sir, there are certain other things which were said by some of my honourable friends and which I might reply to. For instance, I was sorry to see that my honourable friend Chaudhri Muhammad Afzal Cheema brought in the officers in his speech. He might have heard of a certain officer here and a certain officer there. Well, we as Government have got to think of lot of things

according to them jobs are given, but we have to see that no injustice is done to anybody. Just to stand up and say that this was not done here or that was not done there, not even knowing the facts, I do not think is good politics. It does not good to the man, and I am sure it does no good to the officer concerned. Why bring him lower in this mud of politics. I know that whatever he said was a very honourable intention. I do not impute anything else. But I would request him that let us leave the officers out as somebody else suggested that these officers should be taught not to have anything to do with the political party. I think it is very very essential that they remain free; otherwise if one day they are used for the benefit of a party, tomorrow the same thing will be used against it. It is playing with fire, it is finishing with the services. One thing that this Government has tried to do under very very difficult circumstances indeed, I tell everybody here, who is just thinking of the interferance with the administration, is that the very first day we were sworn in as Ministers in front of the Governor, the Chief Minister made a speech and said to the Governor that to day we all have been sworn in and if any of my Ministers does any wrong you have power to dismiss him, you have power to PRODA him and if anybody does wrong I advise you that the law of the country must apply to him as nobody is above law. That thing is still ringing in our ears.We see that it is there and we must keep to that word what the Chief Minister had promised. But I tell you it is a very very difficult problem. That is what I am trying to tell you. That is another part of a Welfare State—no interference from the Ministers in the administration. But what they want to do is to try and press this interference on the Ministers. Thank God, today I can stand up in this House and tell them that we have not fallen a prey to this practice. One honourable member said that transfers are made on *sufarish*. These gentlmen have got hold of the word *sufarish* because the Honourable Chief Minister used this word in connection with one of their resolutions. The Honourable Syed Amir Hussain Shah, it appears, is very fond of that term. He said that the Honourable Chief Minister was here on a *sufarish*. He does not realise that our Party is different from his Party. He is the sole President, Secretary, follower, and everything of his Party. His Party in the whole of Pakistan just depends on one or two persons in the Party. They have no central organisation, no provincial organisation, and therefore, he has forgotten that the provincial organisation is under the central organisation The orders of the central organisation are binding on the former. We are all one; there is no *sufarish* from the top or order from the top. It is the constitution of this Party under which we have to act and we are bound by the discipline. But what difference does it make to you? What have you got to do to challenge these things? You are not a member of this Party. You should think of your own Party and look after your interests.

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جے ۔ اے ۔ خاں)—(الف) ڈی۔بی ہائی سکول ستیانہ کے نظم و نسق کی ذمہ داری ڈسٹرکٹ بورڈ لائل پور کے ذمہ ہے۔ بورڈ نے انتظامی اختیارات سرکل انسپکٹر آف سکولز کے سپرد کر دئے ہیں جو اُن کو چیئرمین ڈسٹرکٹ بورڈ کی منظوری کے ساتھ استعمال کرتا ہے۔ اس طریق کار کے مطابق تقرری کی تجاویز سرکل انسپکٹر کی طرف سے پیش کی جاتی ہیں ۔ لیکن ان تجاویز کی آخری منظوری کا انحصار چیئرمین ڈسٹرکٹ بورڈ کی رضامندی پر ہے۔

(ب) ستیانہ سکول کے ہیڈ ماسٹر کا انتخاب جولائی ۱۹۵۳ء سے انسپکٹر آف سکولز اور چیئرمین کے درمیان زیر بحث ہے ۔ اس تقرری کے فیصلہ کی جلد توقع ہے ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : We are hearing of quite a new designation 'circle inspector'. What does the Honourable Minister exactly mean by it?

وزیر تعلیم — سرکل انسپکٹر ڈویژنل انسپکٹر آف سکولز کو کہتے ہیں ۔

میاں عبدالباری — کیا وزیر تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ اس سکول میں ہیڈ ماسٹر مقرر نہ کرنے سے طلبا اور عوام کو جو نقصان پہنچا ہے اور پہنچ رہا ہے آپ اس کا انسداد کریں گے؟

وزیر — گورنمنٹ کو واقعی اس کا شدید احساس ہے اور اسکو دور کرنے کی تراکیب پر غور کیا جا رہا ہے ۔

میاں عبدالباری— کیا اتنے طویل عرصے تک ہیڈ ماسٹر مقرر نہ کرکے سکول کو نقصان نہیں پہنچا ؟

وزیر— یہ سسٹم بہت پرانا چلا آ رہا ہے مگر جب تک ڈپٹی کمشنر ہی ڈسٹرکٹ بورڈ کا چیئرمین بھی ہوا کرتا تھا اس وقت کوئی دقت پیش نہیں آتی تھی اب جب سے غیر سرکاری چیئرمین مقرر ہونے لگے ہیں اس وقت سے اختلاف اور روکاوٹیں پڑ گئی ہیں اور حکومت غور و فکر کر رہی ہے کہ کسطرح ان کا سد باب کیا جائے ۔

میاں عبدالباری— کیا وزیر تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ جولائی ۱۹۵۳ء سے اسوقت تک گورنمنٹ نے ان کے انسداد کیطرف کیوں توجہ نہیں دی اور اس ذمہ داری کی پوسٹ کو کیوں پر نہیں کیا گیا ؟

وزیر— میں نے اصل وجوہات کی وضاحت پہلے ہی جواب میں کر دی ہے کہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ملازمین کی تقرریاں خود ڈسٹرکٹ بورڈوں کے اختیار میں ہیں ۔ سرکل انسپکٹر تو صرف معائنہ کرتے اور تبدیلی کی سفارشات کرتے ہیں ۔ اصل اختیار ڈسٹرکٹ بورڈ کو حاصل ہے ۔

میاں عبدالباری— کیا وزیر تعلیم اس کا فوری تدارک و انسداد کرنے کو تیار ہیں ؟

وزیر — بہت جلد ۔

مسٹر محمد امین— کیا وزیر تعلیم نے غیر سرکاری چیئرمین کیطرف جو اشارہ کیا ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ غیر سرکاری چیئرمین صحیح کام نہیں کرتے اور سرکاری چیئرمین بہتر کام کرتے تھے ؟

صاحب سپیکر — یہ تعبیر صحیح نہیں ہے اور اس سوال کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔

میاں عبدالباری— کیا آنریبل وزیر غیر سرکاری چیئرمین اصحاب کے اختیارات محدود کر دینا چاہتے ہیں تا کہ روز مرہ کے واقعات پیدا نہ ہوں ؟

وزیر— کونسے روز مرہ کے واقعات ؟

میاں عبدالباری — اسی قسم کے واقعات جن کا آج ذکر ہو رہا ہے ۔

وزیر— آپ روز مرہ کی تشریح کریں ۔

Rana Gul Muhammad Noon : Has the Government any power to see that the district boards carry out the instructions of the Government?

Mr. Speaker : Disallowed.

DEATH OF A STUDENT OF GOVERNMENT HIGH SCHOOL, GUJRANWALA BY ROLLER.

***2680. Mian Abdul Bari :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) whether any inquiry was held into the incident of the death of a student of the Government High School, Gujranwala who was crushed by a heavy roller during the school time; if so, what are the findings of that inquiry, if not, why not;

(*b*) whether it is fact that the students who operated the roller were ordered by a teacher of the school to do so on the grounds of the school;

(*c*) the particulars of the parents of the student who was crushed to death by the operation of the roller by the students of the said school?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جے ۔ اے ۔خاں) — (ا) جی ہاں ۔ وقوعہ کے فورا بعد محکمہ پولیس کے افسروں نے تفتیش کی جن کی رائے میں وقوعہ مذکور صرف ایک حادثہ ناگہانی تھا۔بعد ازاں انسپکٹر مدارس لاہور ڈویژن نے بھی محکمانہ تفتیش کی اور وہ بھی اسی نتیجہ پر پہنچے ۔

(ب) طلبا نے رولر کو ڈرل ماسٹر کے علم اور اجازت سے چلایا تھا ۔

(ج) طالب علم مرحوم کے والد خورشید احمد خاں وفات پا چکے ہیں اور اسکی والدہ زندہ ہے ۔ یہ لوگ راجپوت قوم سے تعلق رکھتے ہیں اور بطور پناہگزیں موضع سنسارہ گورایا میں آباد ہیں جو کہ سکول سے چار میل کے فاصلے پر ہے ۔

میاں عبدالباری — کیا وزیر تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا استاد اس بے احتیاطی کے ساتھ ''رولر،، کو چلواتے ہیں کہ وہاں بچہ کچل کر مارا گیا ؟ کیا اس بے احتیاطی کا نوٹس لیا جائیگا ؟

وزیر تعلیم — یہ محض ایک حادثہ تھا ۔ کہ جس وقت ''رولر،، چلایا جا رہا تھا دوسری طرف سے ایک بچہ آ گیا اور بد قسمتی سے اس اتفاقیہ حادثے کا شکار ہو گیا ۔ اس میں استاد کی بے احتیاطی کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر تعلیم ارشاد فرمائینگے جیسا کہ انہوں نے ابھی فرمایا ہے کہ یہ ایک اتفاقیہ حادثہ تھا اور وہ لڑکا استاد کی اجازت سے رولر چلا رہا تھا ۔ کیا گراؤنڈ کو ہموار کرنا بھی لڑکوں کے ذمے ہوتا ہے ۔ یہ تو ایک چیز تھی ۔ دوسرے یہ کہ جب یہ رولر استاد کی اجازت سے چلایا گیا تو اس نے یہ احتیاط کیوں نہ برتی کہ یہ یتیم بچہ اتنے بڑے رولر کے پاس جا کر یہ کام نہ کرے ؟

وزیر — واقعہ در اصل یوں ہوا کہ چند لڑکے رولر چلا رہے تھے ۔ یہ بچہ جو اس کے نیچے آ کر ہلاک ہوا دوسری طرف سے اپنے دھیان بھاگا ہوا آ رہا تھا اتفاقاً گرا اور یہ رولر اس کے اوپر سے گزر گیا ۔

SUPPLEMENTARY DEMANDS

LAND REVENUE

Minister of Agriculture (The Hon'ble Sardar Abdul Hamid Khan Dasti) Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 5,75,060 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Land Revenue.

The motion was carried.

PROVINCIAL EXCISE

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,16,060 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Provincial Excise.

The motion was carried.

FORESTS

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,35,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Forests.

The motion was carried.

REGISTRATION

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 1,760 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Registration.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. Is it not necessary under the rules-I should say, is it not obligatory under the rules-that these demands should be moved by the Finance Minister himself?

Mr. Speaker : Which rule is the honourable member referring to?

Mr. C. E. Gibbon : Rule 1 (5) says:—

"'Finance Minister' means the Minister to whom the business of Finance has been allotted by the Governor or if owing to absence or any other reason such Minister is unable to act, then another Minister appointed by the Governor to perform the functions of the Finance Minister under these rules".

Mr. Speaker : This definition is not relevant unless the Hon'ble member tells me the rule under which the Finance Minister is to move these demands.

Mr. C E. Gibbon: The function of the Finance Minister is to present the Budget and, therefore, it follows that it is his function to move the demands.

Mr. Speaker : It does not follow that it is his function to move the demands. The point of order is over-ruled.

OTHER TAXES AND DUTIES

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 45,630 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of other Taxes and Duties.

The motion was carried.

IRRIGATION (WORKS)

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 40,26,550 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Irrigation (Works.)

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 40,26,550 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Irrigation (Works).

I consider it necessary to point out, in order to remind honourable members, the restricted scope of discussion at this stage. Section 79 of the Government of India Act, 1935 (As adapted for Pakistan) says:—

"So much of the estimates of expenditure as relates to expenditure charged upon the revenues of a Province shall not be submitted to the vote of the Legislative Assembly....."

The policy with regard to the main estimates cannot, therefore, be brought under discussion. Campion says:—

"Debate on the Supplementary Estimates is more strictly financial in character than on the Main Estimates owing to the narrow limits within which it is confined by the rule of relevancy....."

Honourable members will kindly keep this in mind.

Maintenance and Repairs

Mr. Muhammad Amin : (Corporation of the City of Lahore II, Muslim Reserved Seat) Sir, I beg to move:—

That the item of Rs. 27,74,410 on account of maintenance and repairs (i)-Total A—(i)—Productive be reduced by Re. 1.

جناب والا — Irrigation Department کے متعلق یہ cut motion پیش کرکے میں اس معزز ایوان کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ یہ اہم محکمہ غیر ضروری اخراجات کرنے کا عادی ہو گیا ہے ۔ اگر یہ demand منظور کی گئی تو اسے حسب سابق غیر ضروری کاموں پر خرچ کیا جائیگا ۔

صاحب سپیکر—پیشتر اس کے کہ آپ اس پر بحث کریں ۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ اس کا جواز جو حکومت نے پیش کیا ہے ۔ وہ صفحہ ۱۲ پر ہے ۔ لہذا آپ اس کے مطابق تقریر فرمائیں ۔

مسٹر محمد امین— جناب والا ۔ میں صرف اس قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ اخراجات پہلے بھی غلط طور پر کئے گئے ہیں اس لئے آئندہ بھی مجھے خطرہ ہے کہ یہ اخراجات نا جائز اور غلط طور پر کئے جائینگے ۔ میں سابقہ غلط اخراجات کی مثالیں اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں جن سے میں یہ ثابت کرونگا کہ واقعی یہ اخراجات ناجائز طور پر کئے جا رہے ہیں ۔

صاحب سپیکر— میں نے پچھلے بجٹ کے اجلاس میں بھی اس خیال کا اظہار کیا تھا ۔ کہ جو supplementary demands اس ایوان میں پیش

کی جاتی ہیں ان کا دائرہ بہت محدود ہوتا ہے ۔ وہ اس لئے کہ بجٹ اور supplementary demands میں زمین' آسمان کا فرق ہوتا ہے ۔

مسٹر محمد امین۔ جناب والا — میں Maintenance and Repairs کے متعلق عرض کرونگا ۔ اریگیشن ڈیپارٹمنٹ پر سال زیر بحث کا خرچ ۱۳ کروڑ ۵۵ لاکھ روپے ہے ۔ Maintenance and Repairs کے سلسلے میں اس محکمے نے جو کار گزاریاں کی ہیں انکے متعلق اس ہاؤس کی اطلاع کے لئے میں دو چار مثالیں آپکے سامنے پیش کرونگا ۔ اس محکمے نے ۱۹۴۹-۵۰ میں ۲۹۶ کام ایسے کئے جنکا estimate تیار نہیں کیا گیا تھا ۔ گویا محکمے نے estimate تیار کئے بغیر ایک کروڑ ۸۵ لاکھ روپے کا کام کیا ۔

Minister of Public Works: You are referring to the year 1949-50.

مسٹر محمد امین— میں اسکی مثالیں دے رہا ہوں ۔ اس محکمے نے Maintenance اور Repairs کے سلسلے میں ہمیشہ چور دروازے سے روپیہ خرچ کیا ۔

صاحب سپیکر — آپ ۱۹۵۳-۵۴ء کے متعلق بات کیجئیے ۔

مسٹر محمد امین— اسی کی تو ڈیمانڈ put کی ہے ۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ محکمہ کس طرح ہمیں برباد کر رہا ہے ۔ اس محکمے نے ۲۹۶ کام ایسے کئے جنکا estimate تیار نہیں کیا گیا تھا اور ان پر ایک کروڑ ۸۵ لاکھ روپے خرچ کئے گئے ۔

میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ کس طرح یہ روپیہ برباد کیا گیا تا کہ آئندہ اس طرح روپیہ برباد نہ کیا جائے ۔ قاعدے کے مطابق محکمے والے ہر کام کا estimate تیار کرتے ہیں اور اسکی منظوری حاصل کرنے کے بعد کام شروع کیا جاتا ہے ۔ میں ایک بڑی مضحکہ خیز مثال آپکے سامنے پیش کرتا ہوں جس میں انہوں نے ٹھیکیداروں کو excess payment کر دی ۔ اس میں انہوں نے Hardness Allowance کا حوالہ دیا ہے ۔

Minister of Public Works : On a point of order, Sir. The honourable member is referring to the proceedings of the Public Accounts Committee Report. The report of that Committee has not been finalised so far and that will come before the House when finalised.

Mr. Muhammad Amin : It does not debar me to refer to it. I want to give instances.

میرے عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ محکمہ نے تین لاکھ ۵۰ ہزار کیوبک فیٹ estimate تیار کیا اور ادائیگی ۶۱ لاکھ کیوبک فیٹ

کی یہ انکے اختیار میں ہے کہ Hardness Allowance کسی کو دیں یا نہ دیں یا خود رکھ لیں ۔ہم اسکے متعلق احتساب نہیں کر سکتے ۔ہم Dearness Allowance اور Travelling Allowance کو تو جانتے ہیں لیکن Hardness Allowance کا نام کم از کم میں نے کبھی نہیں سنا ۔ انہوں نے اصل estimate سے ۱۷ گنا زیادہ ادائیگی کی ۔

اسکے علاوہ ایک case میں انہوں نے double payment کر دی اس کے متعلق وہ لکھتے ہیں کہ ہم نے خود کام کیا ہے ٹھیکیدار نے نہیں کیا ۔ پھر ٹھیکیدار صاحب آ گئے انہوں نے کہا کہ وہ کام ہم نے کیا ہے ۔ اس پر چھوٹے افسر نے لکھا کہ ٹھیکیدار نے کام نہیں کیا بلکہ محکمے نے خود کام کیا ہے ۔ لیکن دو بڑے افسر لکھتے ہیں کہ یہ بوڑھا آدمی ہے ۔ شریف معلوم ہوتا ہے ۔ ضرور اس نے یہ کام کیا ہوگا لہذا اسکو payment کر دی جائے ۔ چنانچہ double payment ہو گئی اور یہ ریکارڈ پر موجود ہے ۔ (حزب اختلاف کی طرف سے آوازیں ۔ ہیئر ۔ ہیئر) اب دیکھنا یہ ہے کہ وہ کام کس نے کیا ۔ ظاہر ہے کہ اگر ٹھیکیدار نے کیا ہے تو محکمے نے نہیں کیا اور اگر محکمے نے وہ کام کیا ہے تو ٹھیکیدار نے نہیں کیا ۔

ایک معزز رکن— یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دونوں میں سے کسی نے بھی نہ کیا ہو ۔ (قہقہہ)

مسٹر محمد امین— جناب والا ۔ یہ ہیں اس محکمے کی کارگزاریاں Public Accounts Committee نے اس پر اعتراض کیا تھا لیکن محکمہ نے کوئی کاروائی نہیں کی ۔ اگر یہی کچھ ہونا ہے تو پھر ہمارا جو حشر ہوگا وہ سب پر واضح ہے ۔ اس لئے میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ یہ روپیہ محکمے کو اس طرح نہ دیا جائے ۔ ابھی آپ نے فرمایا کہ صفحہ ۲ پر justification میں یہ لکھا ہے کہ نہریں بہت بری حالت میں تھیں اور ایک منٹ کے لئے بھی انتظار نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ اگر ہم انتظار کرتے تو یہ برباد ہو جاتیں کیونکہ بڑی مدت سے انکو neglect کیا جا رہا تھا اس لئے ہم نے انکی repairs کی ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اگر نہریں بری حالت میں تھیں تو کس نے منع کیا تھا کہ بجٹ میں ان کی مرمت کے لئے provision نہ رکھو اور demand پیش نہ کرو ۔ اب یہ گنجائش Supplementary demands میں کیوں رکھی گئی ہے ۔ وہ ایک رات میں تو برباد نہیں ہو گئی تھیں ۔ جیسا کہ ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے ۔

"Due to constant neglect for years and lack of sufficient funds the channels have been deteriorated to such an extent that the same cannot be postponed further without any leakages and breakages."

جناب والا ۔ گذارش یہ ہے کہ میں اس کا مطلب یہ سمجھتا ہوں کہ یہ neglected نہیں تھیں نہ ہی ان کی حالت ایسی تھی جیسی کہ بیان کی گئی ہے ۔ غالباً مطلب کا ٹھیکیدار نہیں ملتا ہوگا اس لئے اس معاملہ کو pending رکھا گیا اور جب مل گیا تو سب کچھ جائز ہو گیا ۔ اس لئے یہ مطالبہ Supplementary Demands میں لا کر پیش کر دیا۔جناب والا ۔ سالہا سال سے یہ کام pending چلا آ رہا تھا اگر کوئی بھی قابل افسر ہوتا تو وہ لازمی طور پر اسے پہلے Original Estimates میں put کرتا ۔ اب اسے back door سے لا کر یہاں پیش کرنا پڑا ہے ۔ ان گذارشات کے بعد میں اس demand کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 27,74,410 on account of Maintenance and Repairs (*i*)—Total A (i)—Productive be reduced by Re. 1.

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائل پور-۹ مسلم) — حضور والا ۔ آنریبل ممبر نے جو تحریک تخفیف پیش کی ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے صوبہ کی خوشحالی اور فاوغ البالی کا دارو مدار اور انحصار بڑی حد تک سلسلہ انہار پر ہے اور آبپاشی کو صحیح حالت میں قائم رکھنے کے لئے یہ لازمی ہے کہ تمام انہار کو خواہ وہ بڑی ہوں یا چھوٹی ان کو اچھی حالت میں رکھا جائے اور ان کو بر وقت مرمت کیا جائے تا کہ پانی جس کا ایک ایک قطرہ آبپاشی کے لئے اس قدر قیمتی ہے کسی طرح ضائع نہ ہو ۔

حضور والا ۔ بحیثیت ایک معمولی زمیندار ہونے کے میں اس کام کی غیر معمولی اہمیت کو بڑی اچھی طرح سمجھتا اور محسوس کرتا ہوں لیکن ساتھ ہی ساتھ میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہمارا صوبہ ان اعداد و شمار کے مطابق جو وزیر اعلیٰ صاحب نے اس ایوان کے سامنے پیش کئے ہیں ایک ارب روپے سے زیادہ رقم کا مقروض ہے ۔ ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے ۔ ہمارے عوام معیار زندگی کے لحاظ سے اور ضروریات زندگی بہم نہ پہنچنے کے نکتہ نگاہ سے انتہائی افسوس ناک صورت میں جہالت ۔ علالت اور غلاظت سے زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ یہ چیزیں ایسی ہیں جو واقعی بڑی افسوس ناک اور درد ناک ہیں ۔

حضور والا ۔ میں حضور کی وساطت سے آنریبل وزیر تعمیرات کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے محکمہ کا

تعلق ہے اس میں ایک پرانی بدعت چلی آ رہی ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں اس کا اظہار کرتے ہوئے میں کسی راز سر بستہ کا انکشاف نہیں کروں گا اور وہ یہ ہے کہ ٹھیکیداروں کے ذریعہ بڑی بڑی رقمیں خرد برد کی جاتی ہیں ۔ اس محکمہ کے افسروں کے باقاعدہ حصص مقرر ہوتے ہیں اور ان کی کمشنوں کی percentage باقاعدہ طور پر تعین چلی آ رہی ہے ۔ یہ ایسی چیز ہے کہ سالہا سال کے عمل اور پیروی سے شاید اس کے جواز کی ایک صورت پیدا ہو گئی ہے ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ بات ہر ذمہ دار شخص کو بہت کھٹکتی ہے ۔

حضور والا ۔ چاہئے تو یہ تھا ۔ کہ قیام پاکستان کے بعد بر سر اقتدار لوگ اس قسم کی تمام خرابیوں کو یکسر ختم کرتے ۔ خواہ عقل و دانش کے ساتھ یا ڈنڈے کے ساتھ ۔ مملکت کے تحفظ اور عوام کی خدمت کے لئے ایک ایک پائی کی کفایت شعاری کرتے اور اپنی فرض شناسی سے کام لیتے ۔ مگر افسوس ہے کہ جب آپ نے سالانہ بجٹ میں تمام پیش نظر تعمیرات کے منصوبوں کے لئے کچھ رقم مخصوص کر لی تھی ۔ تو اس کے بعد عدل کا تقاضا یہ تھا کہ صرف یہ امر مجبوری کچھ حصہ رقم کا Supplementary Budge میں اہتمام کرتے اور یہ نہ کہتے ۔

"Moreover masonary works of bridges are in a very poor condition and need immediate attention towards their repair and maintenance."

جہاں تک پلوں کا تعلق ہے ان کی حالت پہلے ہی بہت خستہ ہے ۔ اس سے مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ ایسا کونسا لازمی امر تھا کہ معاً اسکا انکشاف ہوا اور اس کے لئے ایک خطیر رقم خرچ کرنا پڑی ۔

حضور والا ۔ یہ بڑی اہمیت کی باتیں ہیں اگر ہمارے افسران دیانتداری سے کام کریں تو روز مرہ کے مشاہدات میں ایسے معاملات بھی ان کے سامنے آ جاتے اور اس طرح معاملہ زیر بحث کو ملتوی کرتے ہوئے اس قسم کی ضرورت پیش نہ آتی ۔ میں وزیر محترم سے خاص طور پر استدعا کرتا ہوں کہ تمام channels کو اچھی حالت میں رکھنے ان کے درست کرنے اور ان کی مرمت کرنے کے معاملہ کو ضرور نگاہ میں رکھیں ۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ واضح کر دوں کہ مروجہ معمول کے مطابق انتہائی بے حسی کے ساتھ بڑی بڑی رقمیں اس طرح خرد برد کی جاتی ہیں کہ افسران اعلیٰ کو محسوس تک نہیں ہوتا اس لئے اگر وزیر محترم اس بدعت کا خاتمہ کریں تو یہ ان کا ایک سنہری کارنامہ ہو گا ۔

وزیر تعمیرات عامہ (آنریبل سردار محمد خان لغاری):- جناب والا - شیخ محمد امین صاحب کی اس تحریک کے متعلق کہ Maintenance and Repairs کی ۲۷,۷۴,۴۱۰ روپیہ کی رقم میں بقدر ایک روپیہ تخفیف کی جائے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ معزز رکن کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے - محکمہ انہار نے پچھلے سال ابتدا اس مد میں ۱,۳۵,۷۲,۸۷۰ روپیہ مانگے تھے تا کہ سڑکوں اور پٹریوں کو درست کرنے اور distributaries میں مٹی کی کمی کو دور کرنے کا کام کیا جائے - ان کو یہ علم نہیں کہ محکمہ انہار نے اس مد میں کس قدر رقم مانگی تھی - اس دفعہ ۱,۰۸,۲۵,۵۹۰ روپیہ کی رقم محکمہ انہار کو ملی ہے - پچھلے سال اپریل میں اس حکومت نے جب کام سنبھالا تو آنریبل وزیر اعلیٰ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ جس قدر جلد ممکن ہو صوبہ میں خوراک زیادہ پیدا کرنے کی طرف توجہ کی جائے - چنانچہ ان کے اس حکم کے مطابق فیصلہ کیا گیا کہ تمام نہریں طغیانی کے دنوں میں یعنی جب دریاؤں میں پانی زیادہ آ جائے ۱۰ فیصدی سے ۲۵ فیصدی تک زیادہ چلائی جائیں -

جناب والا ! آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ جون سے لیکر اگست کے آخر تک بارش کی وجہ سے ہمارے دریاؤں میں طغیانی ہوتی ہے اور ان دنوں میں پانی کی بہتات ہوتی ہے - چنانچہ ہم نے کوشش کی ہے کہ ہم اس پانی کو حتی‌الوسع استعمال کر سکیں جو دریاؤں میں موجود ہو اور اس کام کیلئے نہروں پر مٹی ڈالنے کے لئے پہلے سے جو رقم رکھی گئی تھی وہ ہم نے محسوس کیا کہ کافی نہیں ہے اس لئے ستائیس لاکھ روپے کا ضمنی مطالبہ پیش کیا گیا ہے اور میں اس سلسلہ میں جناب کی اطلاع کے لئے پچھلے پانچ سال کے اعداد و شمار پیش کرنا چاہتا ہوں جن سے یہ معاملہ واضح ہو جائے گا اس ہیڈ میں مینٹیننس اینڈ ریپئرز کے اوپر ۱۹۴۸-۴۹ میں کل ایک کروڑ پینتیس لاکھ اکانوے ہزار نو سو نوے روپے خرچ ہوئے - ۱۹۴۹-۵۰ میں ایک کروڑ بہتر لاکھ اناسی ہزار نو سو چوراسی روپے - ۱۹۵۰-۵۱ میں ایک کروڑ چوبیس لاکھ باسٹھ ہزار ایک سو تہتر روپے - ۱۹۵۱-۵۲ میں ایک کروڑ اکتیس لاکھ پینسٹھ ہزار تین سو بارہ روپے ۱۹۵۲-۵۳ میں ایک کروڑ چوالیس لاکھ چھیانوے ہزار آٹھ سو اناسی روپے خرچ ہوئے - سال رواں میں ہم جو خرچ کر چکے ہیں وہ ایک کروڑ چھتیس لاکھ روپے ہے - یعنی پچھلے سال کی نسبت آٹھ لاکھ روپے کم خرچ ہوا ہے اس عرض کرنے سے میرا مطلب یہ ہے کہ اس سال کوئی غیر معمولی خرچ نہیں ہوا - اور جس قدر آبپاشی ہوئی ہے اس کے لحاظ سے

پچھلے سالوں کے مقابلے میں خرچ بہت کم ہے۔ میں جناب کی خدمت میں خریف گذشتہ میں جس قدر رقبہ آبپاش ہوا ہے اس کے اعداد و شمار بھی پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پچھلے سال کے مقابلہ میں خریف ۱۹۵۳ میں تین لاکھ اڑتیس ہزار تین سو تریسٹھ ایکڑ زیادہ اراضی آبپاش ہوئی ہے جس میں سے دو لاکھ سولہ ہزار سات سو ستانوے ایکڑ اراضی چاول۔ جوار۔ مکی اور دیگر خوردنی اجناس کے زیر کاشت لائی گئی اور ربیع موجودہ میں ہم نے پانچ لاکھ ستر ہزار سات سو تیس ایکڑ زائد آبپاشی انہار کے ذریعہ کی ہے۔ عام طور پر ہمارے دریاؤں میں پانی بہت کم ہوتا ہے۔ موسم ربیع میں اس سال خدا کے فضل سے بارش بہت کافی ہوئی اور ہمارے دریاؤں میں پانی پہلے سالوں کی نسبت زیادہ مقدار میں رہا ہے۔ اس لئے ہم زیادہ رقبہ آبپاش کر سکے ہیں۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے پچھلے سال کی نسبت اس سال نہروں کی مرمت پر ہمارا خرچ آٹھ نو لاکھ روپے کم ہے۔ مگر ہمارا آبپاش شدہ رقبہ سارے سال کا اس کے مقابلہ میں قریباً نو لاکھ ایکڑ زیادہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ آبپاشی نے یہ ایک ایسا کام کیا ہے کہ جس پر ہمیں فخر کرنا چاہیئے بجائے اس کے کہ اس مد پر تحریک تخفیف پیش کی جائے اور یہ ظاہر کیا جائے کہ یہ خرچ بے جا ہو رہا ہے۔

جناب والا۔ میرے محترم دوست مسٹر محمد امین نے ایک کروڑ پچاسی لاکھ روپے کا ذکر کیا ہے اور انہوں نے غالباً ۱۹۰۹-۵۰ کی اکاؤنٹس کمیٹی رپورٹ کا حوالہ دیا تھا۔ لیکن یہ خرچ اس مد کے سلسلہ میں نہیں ہے یہ کسی اور مد میں ہے۔

مسٹر محمد امین — یہ اسی مد میں ہے۔

وزیر تعمیرات عامہ — یہ اس مد میں نہیں ہے میں نے ابھی پانچ سال کے اعداد و شمار پیش کئے ہیں۔ ایک کروڑ پچاسی لاکھ کبھی maintenance and repairs پر خرچ نہیں ہوا۔

جناب والا! میرے دوست چودھری محمد افضل چیمہ صاحب اور محمد امین صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ نہر کے افسران وقت پر کام نہیں کراتے اور وہ انتظار کرتے رہتے ہیں کہ انہیں ایسے ٹھیکیدار ملیں جو ان کو زیادہ پرسنٹیج دے سکیں اور جب اس قسم کے ٹھیکیدار ملتے ہیں تو پھر کام شروع کرتے ہیں۔ میں نے جو اعداد و شمار جناب کی خدمت میں پیش کئے ہیں ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ maintenance and repairs

کی مد میں جو خرچ ہوتا رہا ہے وہ پانچ چھ سال سے ایک کروڑ بیس لاکھ سے اوپر ہی رہا ہے اور اس میں کمی بیشی آٹھ نو لاکھ کی سالانہ ہوتی رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے جنرل ریمارکس کہ افسران ٹھیکیداروں کی انتظار میں رہتے ہیں یہ بہت زیادتی ہے ۔ ایک ایسے محکمہ کے متعلق اس قسم کے ریمارکس میرے خیال میں بہت نا واجب بات ہے ۔ جو ہماری خوراک کی مشکلات پر قابو پانے کے لئے اور صوبہ بھر میں جہاں تک ممکن ہو سکے آبپاشی کے وسائل بہتر کرنے کے لئے اتنی تن دہی اور سرگرمی سے کام کر رہا ہے ۔ یہ ریمارکس مجھے بہت گران گذرے ہیں ۔ محکمہ انہار نے پچھلے سال ''زیادہ اناج اگاؤ،، کی مہم کے سلسلہ میں جو کام کیا ہے مجھے اس پر ناز ہے ۔ میں گذارش کرونگا کہ تحریک تخفیف کو نامنظور فرمایا جائے ۔

مسٹر محمد امین (کارپوریشن شہر لاہور ۔ نمبر۲ ۔ مسلم ۔ مخصوص نشست) — حضور والا ! یہ تحریک تخفیف پیش کرنے سے میری غرض محض حکومت کی توجہ اس طرف دلانا تھی کہ یہ جو روپیہ ناواجبی طور پر خورد برد ہو رہا ہے اس کی طرف توجہ کی جائے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ باوجود اس کے کہ اس محکمہ میں غلط کام ہوتے ہیں اور بے ایمانی ہوتی ہے وہ اسے ماننے کے لئے تیار نہیں ۔ میں اس صورت میں سوائے اس کے کیا کہہ سکتا ہوں کہ

''انا للہ و انا الیہ راجعون،،

حضور والا ! میں اپنی تحریک تخفیف پر زور نہیں دینا چاہتا اور اسے واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his cut motion? (*Voices: Yes*).

The motion was by leave withdrawn

Mr. Speaker : The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 40,26,550 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Irrigation (Works).

The motion was carried.

IRRIGATION (CAPITAL)

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 28,36,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Irrigation (Capital).

The motion was carried.

GENERAL ADMINISTRATION

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

"That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,13,110 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of General Administration.

Mr. Speaker : Demand moved is—

"That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,13,110 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1954, in respect of General Administration.

Civil Secretariat

میاں عبدالباری (لائلپور - ۷ - مسلم) — جناب والا - میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں -

That the item of Rs. 1,92,560 on account of C—Secretariat and Headquarters Establishment—Civil Secretariat be omitted.

جناب والا - میں آپ کی توجہ ضمنی مطالبات زر کے صفحہ ۳۵ کی طرف مبذول کراتا ہوں - اس صفحہ پر اس ڈیمانڈ کے متعلق جو تشریح کی گئی ہے وہ بالکل ناکافی ہے - اس سے کوئی چیز واضح نہیں ہوتی - صرف یہی کافی نہیں تھا کہ اس میں یہ لکھ دیا جاتا کہ یہ رقم فلاں اسامی کیلئے ہے بلکہ ضمنی مطالبات زر میں اس کی وضاحت ہونی چاہئیے تھی کہ ان کی ضرورت کیا تھی - یہ تو میری پہلی گذارش ہے -

دوسری بات یہ ہے کہ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ ایک طرف تو ہمارے وزرائے کرام اخراجات میں تخفیف کرنے کیلئے ایک Retrenchment Committee مقرر کر رہے ہیں دوسری طرف یہ جتنی آسامیاں ہیں یہ ساری کی ساری نئی مقرر کی گئی ہیں - آسامیاں یہ ہیں -

۱—ڈائریکٹر فوڈ ڈسٹریبیوشن

۲—ڈائریکٹر سول سپلائز

۳—انڈر سیکریٹری فنانس

۴—پرسنل اسسٹنٹ ٹو دی آنریبل دی چیف منسٹر

۵—پرسنل اسسٹنٹ ٹو آنریبل دی ریونیو منسٹر -

میں صرف اس قدر سمجھنا چاہتا ہوں کہ آسامیاں کیوں لی جا رہی ہیں - یہ محکمے تو پہلے بھی موجود تھے - مثلاً سول سپلائی کا محکمہ ہے یہ پہلے موجود تھا - فوڈ ڈسٹریبیوشن کا محکمہ ہے یہ بھی پہلے موجود تھا اور کام اچھا بھلا ہو رہا تھا - اب ۷۵,۱۹۰ روپے کی اتنی خطیر رقم ان آسامیوں پر صرف کرنے کی کیا ضرورت ہے - پھر جناب والا چیف منسٹر صاحب کا پہلے بھی پرسنل اسسٹنٹ ہوا کرتا تھا اور منسٹر آف ریونیو کا پرسنل اسسٹنٹ

ہوا کرتا تھا ۔ اب وہ نئی آسامیوں کے لئے یہ کیوں رقم لینا چاہتے ہیں ۔ پہلے ہی ان کے ارد گرد حواری صاحبان موجود ہیں اب وہ یہ کیوں کہتے ہیں کہ فلاں سیکریٹری ۔ اور فلاں سیکریٹری اور فلاں سیکریٹری جن کے متعلق اس ایوان میں گفتگو ہو چکی ہے کی اب اور ضرورت ہے اور کہ دو وزراء کے دو اور پرسنل اسسٹنٹ مقرر کئے جائیں۔ میرے اعتراضات بس اتنے ہی ہیں اگر ان کے متعلق جواب دیدیا جائے کہ کن وجوہ کی بنا پر ان کو مقرر کیا گیا ہے جس سے مجھے اطمینان ہو جائے تو میں اس تحریک تخفیف کو واپس لے لوں گا اور اسے پریس نہیں کروں گا ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 1,92,560 on account of C—Secretariat and Headquarters Establishment—Civil Secretariat be omitted.

Mr. Speaker : Syed Amir Hussain Shah may also speak on his cut motion. I will put to the vote both the motions together.

General Policy

Syed Amir Hussain Shah (Gujrat IV Muslim): Sir, my cut motion is—

That the total demand on account of General Administration be omitted to discuss the unnecessary expenditure on this item.

Sir, I have moved that this demand be omitted because it is out of all proportions to the income of the Province. It represents a colossal waste of public funds and it represents the haphazard way in which we do things.

Sir, I will repeat what I have said before that what we lack is a planned economy. I press this point although I know that the Honourable Minister of Revenue will not understand me. But, Sir, that does not bother me the least because he has never understood the language of progress. Sir, I know he will get up and say, "What has been said before were all political speeches." But what has he been doing. He has said, "I believe in equal opportunities for all. What is worrying the honourable members of the Opposition I do not know." Sir, he should know that we do not rejoice in the mere fact that he thinks there is equal opportunity for all; we do not rejoice in the fact that he has the common people in his thoughts, because that is one thing to which he has no intention of giving a practical shape and that is a promise in six years of Muslim League rule in the Centre and in Provinces has not implemented. Or, Sir, he will get up and quote me out of context which is a dirty trick to which I am long accustomed. He will get up and say. "Syed Amir Hussain Shah has said, 'Pakistan is a wretched country....."'

Mr. Speaker : Please be relevant.

Syed Amir Hussain Shah : He will get up and say without referring to.....

Mr. Speaker : As I pointed out at the very beginning, the honourable member can say anything with regard to the item under discussion. But I will not allow a general talk. If the honourable member has to say anything at all about this particular demand, he should continue; otherwise I will not allow him to indulge in general rhetoric. The motion before the House is to discuss unnecessary expenditure. What the Honourable Minister will say in reply has nothing to do with the expenditure that has been asked.

Syed Amir Hussain Shah : That is what the Honourable Minister said.

Mr. Speaker : That is why I pointed out in the very beginning—because I wanted to avoid all this repetition—that honourable members when discussing this motion should only confine themselves to the item which is before the House and that no general discussion can be allowed. I will not, therefore, permit the honourable member to go on in that random fashion.

Syed Amir Hussain Shah : There is no planning. What I am trying to rub in is that there should be planning.

Mr. Speaker : I read out to you quotations from Campion and May in the very beginning saying that no general discussion can be allowed at this stage. The scope of discussion is limited to the item before the House.

Syed Amir Hussain Shah : I will not press this point about his quoting me out of context, but one of his pet answers to such an argument is always this.....

Mr. Speaker : Please be relevant.

Minister of Revenue : His speech is ready, Sir, and he may be allowed to go on.

Mr. Speaker : It is not for the Honourable Minister to give that permission. It is unfortunately my job and I cannot allow that general talk. The discussion on Supplementary grants is not intended for giving members an opportunity to reply to what was said during the General Discussion. This is a separate item altogether and has nothing to do with the General Discussion.

Syed Amir Hussain Shah : Sir, how am I to press this point of planned economy?

Mr. Speaker : I do not know.

Syed Amir Hussain Shah : With these words I submit that the total demand on account of General Administration be omitted.

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, I want to support him. The motion is that the total demand of Rs. 7,13,110 under General Administration be omitted. Sir, I have good reason to believe that the Honourable Minister of Finance made a false statement on the floor of this House the other day when he said that the demand for Rs. 10,000 for Secret Services was not included under Head 'Ministers'.

Mr. Speaker : How is that relevant?

Mr. C. E. Gibbon : It is in this demand.

Mr. Speaker : Where is it?

Mr. C. E. Gibbon : Please see 'Contingencies'—page 26; and also keep in front of you page 207 of the Budget, there is a column on the revised estimates.

Mr. Speaker : That I won't.

Mr. C. E. Gibbon : You decline to open page 207 but I will keep it before me. Now will you take the memorandum and open page 105? You will see the revised estimates.

Mr. Speaker : That memorandum is for the year 1954-55; and these demands are for 1953-54.

Mr. C. E. Gibbon : I am getting all the books of reference together. I will start from the revised estimates.

Mr. Speaker : That has nothing to do with this.

Mr. C. E. Gibbon : Goodness me! The supplementary estimates which are for sanction before the House today are given in this book.

Mr. Speaker : Show me the item.

Mr. C. E. Gibbon : I am showing the item 'Contingencies', page 26—Rs. 8,210. How has that figure been arrived at? I will show you how they

have been juggling about with these figures. Please turn to the explanatory note at page 34, item No. 7. You might remember, Sir, that yesterday before I started reading out that particular paragraph the Honourable Minister of Revenue asked us to please understand the budget.

Mr. Speaker : I have to point out once again that discussion of supplementary estimates is not intended to give honourable members an opportunity to reply to what was said in the course of General Discussion.

Mr. C. E. Gibbon : Eagles do not fight with mice!

Mr. Speaker : I am not going to allow the honourable member to indulge in that rhetoric.

Mr. C. E. Gibbon : Now, Sir, will you see the noting on exactly the same item at page 105 of the Revised Estimates for 1953-54? The increase under "Ministers" is due to "posting of Parliamentary Private Secretaries and special grant of Rs. 10,000 for Secret Service Expenditure".

Minister of Revenue : On a point of explanation, Sir. That amount of Rs. 10,000 has not been spent—not a penny—so that all the debate on this item is just academic.

Mr. C. E. Gibbon : The statement made by the Honourable Minister of Revenue is absolutely false and not based on facts.

Mr. Speaker : Will the honourable member please withdraw the word 'false'?

Mr. C. E. Gibbon : I withdraw it and say that it is not based on facts. Will you please see that for the year 1953-54 this House gave a grant of Rs. 800. This Ministry came into office in April 1952 and from April 1953 to the end of March 1954 they actually spent Rs. 14,500 under the same Head. In that Rs. 14,500, Rs. 3,800 was for contingencies and other expenses amounted to Rs. 10,700. The explanation given by the Secretary of the Finance Department in his note is that the over expenditure of Rs. 10,000 is for "Secret Service" expenditure. The amount of Rs. 10,000 by process of plus and minus, that is savings and excess, is reduced eventually to a minus of Rs. 8,210.

Mr. Speaker : From where has the honourable member got this figure?

Mr. C. E. Gibbon : Page 105, paragraph 3, at the top of the Budget Memorandum, says as follows:—

> "This increase is due to the posting of Parliamentary Private Secretaries and a special grant of Rs. 10,000 for Secret Service expenditure".

By process of taking away the savings, this Rs. 10,000 comes down to Rs. 8,210. I will show you how it is done. Under the Head 'Pay of Officers', there is an excess of Rs. 1,660; under 'Travelling Allowance of Parliamentary... Secretaries, there is a saving of Rs. 1,600. That means there is an excess of Rs. 60. Under 'House Rent for Parliamentary Secretaries', there is a saving of Rs. 890. That brings them down to the saving of Rs. 830. Contingencies are Rs. 8,210. Now, this amount of Rs. 8,210 is covered by the explanation given on page 34 of the Supplementary Estimates, under the Heading 'Contingencies (Voted)'. There it is said as follows:—

> "Excess under this item is based on actual requirements and is mainly due to carriage of office records, etc., on touring and purchase of newspapers in camp office. The expenditure under this item cannot be met from savings within the grant comes to the tune of Rs. 8,210".

So the House is going to sanction an over-expenditure of Rs. 8,210. Here they give one explanation in the Supplementary Estimates and say that it is due to mainly carrying the office records; but in the Memorandum to the Budget, they give another explanation and say that this amount of Rs. 10,000 is for "Secret Service" expenditure. I would like to know from the Honourable Minister of Revenue, who is such an expert on the budget that what is all this chikery—pockery about? On the one hand you give the explanation that it is due to the-

carriage of office records and in the note of the Finance Secretary it is for "Secret Service" expenditure. After that by process of plus and minus you cut it down to Rs. 8,210.

I charge you on the floor of this House of using public funds for bribing the people. Ministers are not entitled to have public funds at their disposal for secret service. Such secret service should be done by a department such as the C. I. D. or whatever it is and they are legitimately entitled to certain funds, may be honoraria, they may require it in the interest of the State. But no funds should be placed at the disposal of the Ministers for secret service. That means that they are bribing people in order to maintain themselves in power and then come on the floor of the House and say that we should study the budget. I think the Honourable Chief Minister made a very good point the other day. He said that we should have paid much more time to study the budget. Sir, the budget has been deliberately so arranged that we could not study the budget within the short period, and then one day was taken by Government. We were deliberately not given the time which is really required to study the budget. But even then we did our best and applied our minds to study the budget. I tell you that if this Government was honest, they should have come forward and given us a full month for the study of the budget as is done in other democratic countries and during that time we would have had ample opportunities to study the budget. This is a mere hoax.

***Minister of Revenue** (The Hon'ble Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash): Sir, the Honourable Leader of the Opposition has raised a few pertinent points and he has very kindly said that if I satisfy him as to how these new posts were created, he would not press his cut motion and withdraw it. I must also say that he was just to the point, so I will just reply to those things. He says that what are these jobs meant for. For instance, he talked about the Director of Food and Director of Civil Supplies. When there was shortage of wheat during the last year, they were required to go out and distribute food to the people and control food. At that time it was felt essential that we should have a special officer to devote his full time for the distribution of wheat to the people. Then American wheat came along and the distribution work had to be continued. We will get rid of them as soon as the emergency is over.

As far as the Under-Secretary, Finance, is concerned the work in the Finance Department has expanded immensely on account of all these new departments, such as, Purchase Department, etc., and all these moneys which we owe to the Centre and all this wheat which has been coming in. Therefore, it was felt that we should have another Under-Secretary to deal with all that extra work.

So far as the P. A. to the Honourable Chief Minister is concerned, he was a Steno before he has been raised to the post of P. A. He used to have a Secretary but now he has a P. A. and a Political Secretary and this steno has been raised to the post of P. A.

As far as my own P. A. is concerned I had to have another P. A. in order to deal with many things. There are hundreds and hundreds of applications which are sent to me every day on rehabilitation and I assure you that from morning till evening I get hundreds of applications and people come along and tell me that such and such is being thrown out of the house. People come to me sometimes even at 9 O'clock in the night and say. 'We have been thrown out, will you please stay the proceedings and do this or do that'. This is a department where you cannot say 'no' to anybody at any time. There are some genuine cases also. Therefore, I may inform the Honourable Leader of the Opposition that for this special work I had to have a P. A. who had nothing else but to deal with rehabilitation applications. He had even to go out to places where people were actually thrown out and report regarding stay proceedings and do all that. I can assure you that he was absolutely essential.

*Uncorrected speech.

As far as my honourable friend Syed Amir Hussain Shah is concerned, I do not think he said very much. So there is nothing very much to which I can reply.

As far as Mr. Gibbon is concerned, he certainly made a point about Rs. 10,000 and said that we have got it for secret service. I said at that time and I think I will made a statement and not give him the trouble or dash out all these things, I make that statement again that the amount of Rs. 10,000 has not been spent and it is there. So, therefore, the question does not arise. It was in the beginning kept for extra expenditure which did not arise and it has not been spent. By this jugglery of words he had made that point and you, Sir, rightly pointed out that how Rs. 8,000 could be included in Rs. 10,000 and it is true. It is not included there and it has got nothing to do with this sum. He has added quite a different item and came to that conclusion. I am sorry it was not fit for him to make the statement that I was giving a false statement. I assure you that it is not false and I make that statement again on the floor of the House that that money is there and with responsibility I make that statement.

میاں عبدالباری (لائل پور۔ نمبر ے ۔ مسلم) — جناب صدر ۔ آنریبل وزیر مال صاحب نے جو وجوہات بیان فرمائی ھیں میں ان سے قطعاً مطمئن نہیں ھوا ھوں ۔ اور میرے عدم اطمینان کی وجوہات حسب ذیل ھیں ۔ ایک تو سب سے پہلے یہ امر ایوان میں واضح ھو گیا ھے کہ وزیر موصوف کو بجٹ پر صحیح طور سے غور و فکر کرنے بلکہ اسے پڑھنے کی بھی فرصت نہیں ملتی کیونکہ صبح سے شام تک ان کے در پر ملاقاتیوں کا تانتا بندھا رھتا ھے (وزیر مال ۔ جب سے پی ۔ اے رکھا ھے اس وقت سے مجھے کافی وقت مل رھا ھے—میں یہ بتانا بھول گیا تھا) اور ان کو بیشمار درخواستیں موصول کرنی پڑتی ھیں ۔

قاضی مرید احمد — پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا وزیر صنعت چیف منسٹر ھو گئے ھیں ؟ وہ چیف منسٹر کی کرسی پر تشریف فرما ھیں ۔

صاحب سپیکر — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے ۔

قاضی مرید احمد — جناب والا ۔ یہ صحیح Etiquette کے خلاف ھے ۔

میاں عبدالباری — پھر جناب ایک نئی بات یہ ھے کہ چیف منسٹر صاحب لا اینڈ آرڈر کے ذمہ دار ھیں اور فنانس منسٹر بھی ھیں ۔ یہ دلائل ان کی طرف سے بھی قبول کی جائیں تو ان کو بجٹ کی اتنی بڑی بڑی کتابیں پڑھنے کی فرصت نہیں مل سکتی ھو گی خصوصاً جبکہ اس میں ھندسوں اور حساب کتاب کی باتیں ھوتی ھیں ۔ ان پر غور کرنا قدرے مشکل بھی ھے بلکہ وزیر مال کے لئے تو شائد محال ھی ھوگا ۔ اول تو ھم کو بجٹ کے مطالعہ کے لئے دو دن ملے ان میں سے بھی ایک دن چھین لیا گیا تھا ۔ پھر تین دن جو عام بجٹ کے لئے ملے تھے ان میں سے بھی ایک دن سپلیمنٹری

سٹیٹمنٹ نے لے لیا اور بھی طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے وقت کم کر دیا گیا اس سے نتیجہ یہ نکلا کہ اس اہم کام کے لئے کافی وقت نہیں ملا جس میں بجٹ کا بغور مطالعہ کیا جا سکتا۔ گورنمنٹ نے بجٹ کے پرانے نقشے پر ہی دستخط کرکے بجٹ پیش کر دیا ہے۔ اور جو کچھ پیش کیا جا رہا ہے اسکو پڑھنے کی زحمت ہی وزراء نہیں فرماتے۔ آخر اتنی بڑی کتاب کا مطالعہ کون کرے۔ یقیناً یہ ایک farce ہے جو پاکستان کے ایک ممتاز صوبے کے ساتھ کھیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے جو دلائل دیئے ہیں میں قطعاً ان سے مطمئن نہیں ہوا۔ سوال سیدھا سادا تھا کہ آپ نے ڈائرکٹر فوڈ ڈسٹری‌بیوشن اور ڈائرکٹر فوڈ اور ڈائرکٹر سول سپلائی کے اتنے بڑے بڑے عہدے اس تعداد میں کیوں منظور کئے ہیں اور وزیر مال نے زائد سیکرٹری کیوں رکھے ہیں۔ فوڈ کی حالت تو سابقہ دو تین سال سے اہم ہے۔ اس میں کوئی فوری اہمیت پیدا نہیں ہوئی۔ مگر اسکے لئے یہ زائد رقم خطیر ۷۵ ہزار ایک صد روپیہ کی کیوں رکھی گئی ہے۔ ڈائرکٹر ڈسٹریبیوشن اور ڈائرکٹر سول سپلائی کے دو الگ الگ عہدوں کی قطعاً ضرورت نہ تھی۔ حیرت ہوتی ہے بلا ضرورت اتنا زائد خرچ کیوں برداشت کیا جا رہا ہے۔ پھر ایک زائد انڈر سیکرٹری کی بھی کوئی ضرورت نہ تھی۔ افسر مذکور کی ذات کے خلاف کوئی اعتراض نہیں ہے وہ پرانے کارکن ہیں۔

جناب صدر! میں حیران ہوں کہ ایک طرف تو ارباب اقتدار مالی مشکلات پر عبور حاصل کرنے کے لئے Retrenchment Committee مقرر کر رہے ہیں اور مجھے بھی دعوت دے رہے ہیں کہ آؤ اس میں آکر کام کرو مگر دوسری طرف ڈائرکٹر فوڈ ڈسٹری‌بیوشن اور ڈائرکٹر سول سپلائی اور وزراء کے سیکرٹریوں کی غیر ضروری آسامیاں پیدا کر کے فضول خرچی کرتے ہیں۔ حالانکہ اُن کے بغیر کام چل سکتا تھا۔ حیرت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب ہم کو حکومت اپنی مالی مشکلات کی دوسری دلیل یہ دیتی ہے کہ ہم ۸۰ کروڑ کے مقروض ہیں مگر پھر ۱ کروڑ ۹۲ لاکھ ۶۰۰ روپے نظم و نسق پر خرچ کر کے نئے نئے سیکرٹری رکھنے اور نئے نئے عہدے پیدا کرنے کی ہمت کسطرح پڑتی ہے۔ اس لئے میں اپنی تحریک تخفیف کو Press کرتا ہوں اب میں صرف ایک اور بات کہہ کر تقریر ختم کرتا ہوں۔ آنریبل وزیر مال خود ہی Jugglery of words سے غیر ضروری عہدوں کی ضرورت ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں مگر الٹا ہمارے خلاف Jugglery of words کرنے کی الزام تراشی بھی کرتے ہیں۔ اگر وہ کوئی معقول دلیل پیش کریں تو ہم اس

پر غور کرنے کو ہر وقت تیار ہیں مگر میں ان کو پوری ذمہ داری سے یقین دلاتا ہوں کہ ہم جس چیز کو صحیح سمجھتے ہیں اسی کو پیش کرتے ہیں اور اسی کی تائید کرتے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تحریک تخفیف کی منظوری پر دوبارہ زور دیتا ہوں۔

Mr. C. E. Gibbon : Sir, before you put the question, I request you to permit me to ask the Honourable Minister a question.

Mr. Speaker : About what?

Mr. C. E. Gibbon : About the statement that he has just now made.

Mr. Speaker : No. I will not allow any questions.

Mr. C. E. Gibbon : He should satisfy us.

Mr. Speaker : Nothing will satisfy the honourable member.

Mr. C. E. Gibbon : The Honourable Minister said that the amount of Rs. 10,000 for "Secret Service" was not spent and was still there. May I enquire from him if the amount was not spent why was it not returned to Government why should it be carried on to the 1954 accounts?

Minister of Revenue : There is nothing more. I have already said that it is not spent and it has to go back in the ordinary treasury in the normal course.

Mr. C. E. Gibbon : May I put another question?

Mr. Speaker : I will not allow any cross-examination.

The question is—

That the item of Rs. 1,92,560 on account of C—Secretariat and Headquarters Establishment—Civil Secretariat be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the total demand on account of General Administration be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,13,110 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of General Administration.

The motion was carried.

ADMINISTRATION OF JUSTICE

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 2,37,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Administration of Justice.

The motion was carried.

JAILS AND CONVICT SETTLEMENTS

Minister of Agriculture : Sir, I beg to move—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 14,64,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Jails and Convict Settlement.

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 14,64,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Jails and Convict Settlements.

(The Assembly then adjourned for Asar Prayers).

(The Assembly re-assembled after Asar prayers).

Jails

Malik Ghulam Nabi (City of Corporation Lahore (Reserved Seat): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 6,52,780, on account of A—Jails—A—2—Central Jails—Other Contingencies be omitted.

That the item of Rs. 5,06,950 on account of A—Jails-A—3—District Jails—Other Contingencies be omitted.

جناب والا مجھے اس بات کا پورا پورا احساس ہے کہ موضوع زیر بحث بڑا ہی نازک ہے اور ہم سب کے جذبات اس مسئلہ سے وابستہ ہیں۔ لیکن میں جناب والا کو یقین دلاتا ہوں کہ میں قطعاً یہ کوشش نہیں کرونگا کہ معزز ممبران کے جذبات سے کھیلوں یا عوام کے جذبات کو بھڑکاؤں تاکہ وہ وزارت وقت کو ہدف طعن و تشنیع بنائیں۔ میری درخواست یہ ہے کہ ہمیں نہایت ہی ٹھنڈے دل سے اس مسئلہ پر غور کرنا چاہئیے تاکہ آئندہ ہمارے ملک اور خاص طور پر ہمارے اس صوبہ کو ایسے واقعات سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

جناب والا ان افسوسناک حالات کا آغاز آج سے ایک برس پہلے ہوا۔ جیسا کہ سب کو معلوم ہے اس مسئلہ کے دو پہلو تھے۔ ایک مذہبی اور دوسرا سیاسی۔ جہاں تک اس مسئلہ کے مذہبی پہلو کا تعلق ہے میں صرف اتنا عرض کرونگا کہ ہمارا مذہب ہماری قوم کی متاع عزیز ہے اور اس کے دو جزو ہیں۔ ایک اسلامی حمیت اور دوسرے اصلاح انسانیت کے اس آخری ظہور اکبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت۔ یہی وہ دو جذبات ہیں جس نے مسلم قوم کو بر عظیم ہندو پاکستان میں دو سو برس کی غلامی کے باوجود جب کہ وہ افلاس کی انتہائی پستیوں میں گر چکے تھے اور ساری قوم اپنی دولت۔ تجارت۔ لیاقت۔ راحت۔ فراغت۔ عزت۔ غیرت۔ محنت اور ذہنی فوقیت کا آخری سامان لٹا چکی تھی لیکن وہ ان جذبات سے کبھی تہی دامان نہ ہوئی۔ یہی وہ طاقت تھی جس سے وہ بڑے بڑے طوفانوں سے لڑ گئی اور پھر آپ نے دیکھا کہ جب ایک بے لوث مرد مجاہد نے عین اس وقت جبکہ ہم بھیڑوں کا ایک منتشر گلہ تھے ہمارا کوئی نگہبان نہ تھا۔ ہم میں نظم و ضبط نہ تھا۔ افتراق و پراگندگی کے شکار۔ مرعوبیت کے مریض۔ نہ استقلال نہ عزم نہ حوصلہ۔ نہ کوئی مقصد۔ نہ کوئی لائحہ عمل۔ نہ طلب صادق نہ عزم راسخ۔ سہمے ہوئے اپنے دلوں کی بات کہنے سے بھی عاجز اسکی عقابی نظروں نے تاڑ لیا کہ اس گئی گزری قوم میں اب بھی ایک جذبہ

ایسا ہے کہ اگر اسے صحیح طور پر استعمال کر لیا گیا تو یہ قوم بام عروج پر پہنچ جائیگی۔ چنانچہ اس نے قوم کے انہی دو جذبات سے کام لیا اور اسکا یہ نتیجہ ہوا کہ جو کام اور قومیں صدیوں میں کرتی ہیں وہ اس قوم نے چند برسوں میں مکمل کرکے دکھا دیا۔ اور ہمارا یہ ملک پاکستان وجود میں آ گیا۔

لیکن جناب والا ایک سال پہلے یہاں ہم پر سب سے بڑا ظلم یہ ہوا کہ اس وقت ہمارے انہی جذبات کو خاک میں ملا دیا گیا۔ جس طریق سے ان دنوں ان جذبات کو ابھارا گیا اور جس طریق سے انہیں ٹھنڈا کیا گیا وہ دونوں قابل مذمت ہیں۔ آپ نے اپنے ان نوجوانوں کے سینوں کو جن کی خطا صرف یہ تھی کہ ان کے لبوں پر کلمہ طیبہ اور نام رسول تھا گولیوں سے چھلنی کرکے رکھ دیا۔ ہلاکو اور چنگیز بھی اس فاتحانہ انداز میں ان مفتوح ممالک میں داخل نہیں ہوئے ہونگے جس طرح ہماری فوج اور پولیس نے اپنے ہی بھائیوں کے جسموں کو روندا۔ میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ لا اینڈ آرڈر اچھی چیز ہے مگر وہ لا اینڈ آرڈر جو قبرستان کی صورت اختیار کر جائے کسی طرح بھی قابل تعریف نہیں۔ آپ نے اس صوبہ میں جو لا اینڈ آرڈر قائم کیا ہے وہ ایسا ہے جس نے نوجوانوں کے سینوں کو امنگوں سے خالی کر دیا ہے۔ آپ نے انہیں حوصلہ عزم اور ہمت سے محروم کر دیا ہے۔ آج شاید آپکو اس نقصان عظیم کا احساس نہ ہو سکے جسکے آپ باعث بنے ہیں۔ لیکن کل اگر خدانخواستہ اس ملک پر کوئی نازک وقت آ گیا۔ اس وقت آپ کو احساس ہوگا کہ آپ کیا کر چکے ہیں۔ انہی جذبات کی مدد سے آپ نے اس ملک کو حاصل کیا تھا اور انہی سے آپ اسے بام عروج پر پہنچا سکتے تھے۔ مگر آپ نے اسے زندہ کرنے اور اس سے کوئی تعمیری کام لینے کی بجائے اسے مٹی میں ملا دیا۔ آپ کروڑوں اور اربوں روپے خرچ کرنے سے بھی وہ جذبہ پیدا نہیں کر سکتے جو اس قوم کو پیدائش سے ورثے میں ملا ہے اور یہ ایک نا قابل تلافی نقصان ہے۔ آپ نے یہاں عوام اور حکومت عوام اور فوج عوام اور پولیس میں ایسا بعد پیدا کر دیا ہے کہ اسے پاٹنا سخت دشوار ہو جائیگا۔ اگر اب بھی آپ نے سنبھالا نہ لیا تو اسکے نتائج ہماری آنے والی نسلوں کو بھگتنے پڑینگے۔ آپ نے جو روپیہ عوام سے ٹیکسوں کی صورت میں وصول کیا اسے عوام ہی کے سینوں کو چھلنی کرنے کے لئے صرف کیا۔ عوام نے آپ پر اعتماد کیا تھا مگر آپ نے انہیں دھوکا دیا۔ آپ کے عوام آپ سے مطمئن نہیں ہیں اور نہ ہونگے۔

یہاں میں آپکو ایک اور امر کی طرف توجہ دلانا بھی ضروری سمجھتا ہوں ۔ یہ بارہ تیرہ لاکھ کی رقم جو یہاں پر اس بجٹ میں دی گئی ہے آپ اسے ان مظلوم بیواؤں اور یتیم بچوں کو معاوضہ میں صرف کر سکتے تھے جن کا آج کمانے والا کوئی نہیں ۔ میں نے پچھلے اجلاس اسمبلی میں بھی آنریبل وزیر اعلیٰ کی توجہ اس اہم فریضہ پر مبذول کرائی تھی حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی مشینری کے ذریعہ پوری اطلاعات حاصل کرکے ایک جامع سکیم مرتب کرے تاکہ ان مظلومین کی تکالیف کا خاتمہ ہو سکے ۔ آپ مرکز کی تائید حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں تائید ایزدی بھی حاصل کیجئیے کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ اس طوفان نے جہاں بہت سے خاندانوں کے چراغ ہمیشہ کے لئے گل کر دیئے وہاں اس طوفان نے تمہیں وزارت کی کرسیاں بخش دیں ۔ طوفان کے ختم ہونے کے بعد تمہیں ایک پر سکون فضا میں کام کرنے کا موقع ملا اور آپ نے اپنی قوم کے افراد کو یونہی پکڑ پکڑ کے جیلوں میں ٹھونس دیا ۔ اگر یہ لوگ اتنے ہی مجرم اور قصور وار تھے تو پھر آپکو کیا ضرورت محسوس ہوئی تھی کہ چند مہینوں کے بعد آپ نے انہیں چھوڑ دیا اور آپ ان کے خلاف کوئی چیز ثابت نہ کر سکے ۔ کئی لوگ ابھی تک جیلوں میں محبوس ہیں ۔ ان لوگوں کے وہاں پر رکھنے میں آپکی مصلحتیں کار فرما ہیں ۔ جناب والا اس صوبہ کا ایک جلیل القدر انسان مولانا ظفر علیخاں جس نے برسوں صحافت کی خدمت کی اسکے صاحبزادے مولانا اختر علیخاں کو جس نے اپنے باپ کی قائم کردہ انسٹی ٹیوشن زمیندار کو زندہ رکھا خدا معلوم کن مصلحتوں کی بنا پر ۔ وزیر داخلہ کے پاکستانی میکار تھی کے کاروبار کو فروغ دینے کے لئے آج تک غیر منصفانہ اور غیر جمہوری طریق سے جیل میں رکھا ہوا ہے ۔ اگر اسکے خلاف کوئی الزام ہے تو اسے کھلی عدالت میں پیش کیا جائے ۔ لیکن یہ بڑا ظلم ہے کہ ان لوگوں کو جیلوں میں رکھ کر انکا خرچ صوبہ کے خزانے پر ڈالا جائے جو جیلوں کے مستحق نہیں ہیں ۔ ہمارے ایک معزز رفیق کار خان عبدالستار خان نیازی ایک سال سے جیل میں سڑ رہے ہیں ۔ اگر انہوں نے کوئی مجرم کیا ہے تو انکا مقدمہ عدالت میں پیش کیجیئے ۔ ان میں سے جو مجرم ثابت ہوں انہیں سزا دیجیئے ۔ جناب والا ۔ جس طرح چند روز پیشتر میں نے Agreed اور Non-agreed کے متعلق ایک تنہا آواز اٹھائی تھی آج بھی ایک Solitary voice اس ایوان میں بلند کرتا ہوں اور یہ آواز اٹھانے پر مجبور ہوا ہوں کہ ایک طرف آپ نے پاکستان کے دوستوں کو جیلوں میں ٹھونس رکھا ہے اور دوسری طرف آپ اپنی پرانی

روایات کے برعکس خاں عبدالغفار خاں سے مراسم بڑھانے میں مصروف ہیں۔ میں اس ایوان میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ یہ آپ کا سخت غلط اقدام ہے۔ آج اخبارات میں اس کی بڑھ چڑھ کر تعریفیں ہو رہی ہیں اور اسے قائد اعظم کا درجہ دیا جا رہا ہے۔ یہ چیز پاکستان کی بنیادوں پر کلہاڑا رکھنے کے مترادف ہے۔ جو لوگ پاکستان کو ایک ڈھونگ کہتے تھے وہ کبھی بھی پاکستان کے وفادار نہیں ہو سکتے۔ انہیں جب بھی موقع ملا وہ اسے غلط ثابت کرنے کی کوشش کرینگے۔ جہاں تک انہیں رہا کرنے کا تعلق ہے مجھے خوشی ہے کہ آپ نے ایک اچھا کام کیا۔ آپ اپنی ذاتی مصلحتوں اور ذاتی مفادات کی خاطر بے شک خاں عبدالغفار خاں سے ملاقاتیں کیجئیے اور انہیں استعمال کیجئیے اور ان سے دل آزار بیانات دلوائیے۔ لیکن اس بات کو یاد رکھئیے کہ ایک روز آپ کو اپنے کئے پر پچھتانا پڑے گا (بے شک۔ بے شک کی آوازیں) جناب والا۔ میں ایک جذباتی آدمی ہوں لیکن میں نے اس ایوان میں ہمیشہ جذبات سے بالا رہ کر تقاریر کی ہیں۔ میری یہ گذارش ہے کہ میری معروضات پر پوری سنجیدگی سے غور کیا جائے تاکہ پاکستان کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

جناب والا میں اپنے حلقہ نیابت سے نا انصافی کرونگا اگر میں آپکی توجہ ایک بار پھر ان لوگوں کے ورثا کی طرف منعطف نہ کراؤں جو پہلے برس اس طوفانی دور میں جان بحق ہو گئے تھے۔ ان لوگوں کا آج کوئی پرسان حال نہیں۔ اگرچہ پچھلے اجلاس میں آنریبل وزیر اعلیٰ نے مجھے ایسے لوگوں کی فہرست پیش کرنے کی دعوت دی تھی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس کام کو اپنے ہاتھوں میں لے اور اپنی مشینری کے ذریعہ سر انجام دے۔ خدا آپکو اسکا اجر دیگا۔ (تالیاں)۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 6,52,780, on account of A-Jails—A-2—Central Jails—Other Contingencies be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 5,06,950 on account of A-Jails—A-3—District Jails—Other Contingencies be omitted.

The motion was lost.

Lock-ups

خواجہ حافظ غلام سدید الدین (ڈیرہ غازی خان۔ نمبر ے۔ مسلم)۔ جناب والا۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں۔

کہ ۶۵,۱۵۰ روپیہ کی رقم بسلسلہ مد الف۔ جیل خانہ جات۔ الف۔ م۔ حوالات ہائے حذف کر دی جائے۔

جناب والا ۔ اس کے متعلق میری یہ عرض ہے کہ یہ رقم جو اس مد میں دکھائی گئی ہے ۔ اس کی تشریح نہیں کی گئی کہ یہ کس کام پر صرف کی جائیگی کیونکہ ممکن ہے کہ کسی مصلحت کی بنا پر اسے کسی اور طریق پر خرچ کیا جائے اور بجائے اصلاح کے اسے تخریبی کاموں پر صرف کیا جائے ۔

(آوازیں ۔ کچھ سنائی نہیں دیتا ۔ صاحب سپیکر نے معزز رکن کو اپنی نشست پر مائیکروں فون کے پاس آنے کی اجازت دی) ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جس مد کے لئے کسی چیز کو مخصوص کیا جائے اسی پر اسے صرف کیا جائے ۔ تو اگر اس روپیہ کو اسی کام کے لئے صرف کیا جائے تب تو ٹھیک ہے اور اگر اسے اس مقصد کے سوا کسی اور مقصد کے لئے استعمال کیا جائے تو یہ سرا سر ظلم کے مترادف ہوگا ۔ اگر کسی کو قید و بند کے اندر رکھا جائے تو ہمارا مقصد یہ ہونا چاہئیے کہ اسکی اصلاح ہو جائے اور اگر اسکی تخریب ہو تو اس رقم کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ کیونکہ ہماری کوشش یہ ہونی چاہئیے کہ اس قیدی کی اصلاح ہو نہ کہ تخریب

وزیر تعلیم ۔ On a point of order, Sir. آنریبل ممبر قیدیوں کی اصلاح اور فلاح و بہبود کے متعلق تقریر فرما رہے ہیں حالانکہ جن اخراجات کے متعلق یہ کٹ موشن پیش کی گئی ہے انکا مجرمین کی بہتری یا اصلاح سے تعلق نہیں وہ Other Contingencies. کے متعلق ہے ۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین ۔ جناب والا ۔ وہ تمام چیزیں جو اس زمرہ میں شامل ہیں یا جن کا اس سے تعلق ہے اُن کے مالہ و ما علیہ کا ذکر کر دینا ضروری ہے کیونکہ اگر اسکا غلط استعمال ہوا تو وضع شی فی غیر محلہ ہوگا ۔

صاحب سپیکر ۔ آپ کی کٹ موشن ضمنی تخمینہ کے صفحہ ۴۸ کے متعلق ہے جو Lock-ups Contingencies سے تعلق رکھتی ہے ۔ آپ صرف اس مد پر بول سکتے ہیں ۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین ۔ یہ واقعی بڑی کٹھن منزل ہے کہ جس مقصد کیلئے روپیہ منظور کیا جائے اسی مقصد پر صحیح طریقہ میں اسکو صرف بھی کرنا چاہئیے ورنہ ''وضع شی فی غیر محلہ،، کے تحت ظلم اور بے انصافی کے مترادف ہوگا ۔

صاحب سپیکر ۔ کیا آپ نے بجٹ کا صفحہ ۴۸ ملاحظہ فرما لیا ہے جسکی مندرجہ مدات کے اخراجات کو آپ نے غیر ضروری ثابت کرنے کے لئے تحریکہ تخفیف پیش کرنے کا نوٹس دیا تھا ۔

خواجہ حافظ غلام سدید الدین :- جی ہاں - جناب صدر میں انہی کے متعلق کچھ کہنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر کچھ تمہیدی اور کچھ اصولی گذارشات ضروری تھیں - جن کے پیش نظر ان مدات پر غور کرنا مقصود تھا - میں یہ اصول واضح کر رہا تھا کہ جس مقصد کے لئے روپیہ منظور کیا جائے اسے اسی مقصد پر صحیح طریقے سے خرچ کرنا چاہئیے ورنہ ظلم ہوگا اب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وزرائے کرام ہمیں تو نصیحت فرماتے ہیں کہ کفایت شعاری اور ایثار و قربانی سے کام لیجئیے مگر یہ بقول باری تعالیٰ اتا مرون الناس بالبّرو تنسون انفسکم اپنی روش کو بھول جاتے ہیں خود اپنی مثال قائم نہیں کرتے حالانکہ ''الناس علی دین ملوکھم،، کے مصداق لوگ حکومت کی روش کی ہی تقلید کیا کرتے ہیں - اس معاملہ کے مالہ وما علیہ پر غور کرنا ضروری ہے اور اسکے جملہ متعلقات پر بھی نظر مارنی پڑتی ہے اور ذات کے ساتھ صفات کو بھی دیکھنا پڑتا ہے اور مایتعلقات پر نگاہ دوڑانی پڑتی ہے ذات کے علاوہ مایتعلقات و صفات کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے - حقیقت نفس الامری جبھی واضح ہوتی ہے کہ اسکے مواجبات و صفات کو بھی بیان کیا جائے مثال کے طور پر جیل کے اندر بھی پولیس ملزمین کو فہمائش کرتی ہے کہ فلاں کے خلاف یہ گواہی دے دو یا اپنے متعلق یہ اقبال جرم کر لو - حالانکہ پولیس کو جیل کے اندر ایسی باتیں کہنے کا کوئی حق نہیں ہوتا انہیں قانون کا احترام اور تتبع کرنا چاہئیے - ان کا اصل مقصد کے خلاف عمل پیرا ہونا گناہ اور ظلم ہے اور سراسر غلط ہے - یہ تو عکس سے معکوس کی طرف جاتے ہیں - یہ قوم کے عوام سے روابط پیدا نہیں کرتے بلکہ اس پرانی رسم فراعنہ پر چل رہے ہیں جو کہ ۳۰ ہزار سال پہلے اکابرین اور جبابرین نے قائم کی تھی - ان کے وہی پرانے طریقے ہیں وہی ان کے مقاصد معلوم ہوتے ہیں جو کہ ان کے مورث اعلیٰ ولید بن ایان کے ہوتے تھے لو قطعناً ایدیکم وارجلکم من خلاف ولاصلّبنّکم اجمعین کے ہوتے تھے - وہی فرسودہ نظام

وارجلکم من خلاف ولاصلّبنّکم اجمعین کے ہوتے تھے - وہی فرسودہ نظام

حکومت اور وہی چال ڈھال ہے ہمیں یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے - اسلئے میں عرض کرتا ہوں کہ بقول حق سبحانہ ''ولا تابسوالحق بالباطل ..... ،، یعنی حق کے ساتھ باطل کو نہ ملایا کریں - میں جانتا ہوں کہ یہ تقریباً ''اولی الامر منکم،، میں داخل ہیں مگر ان کا عمل اس نصف آیت پر ہی معلوم ہوتا ہے - ''ولا تقربو الصلواۃ ..... ،، اس کے لئیے ان کے اذھان و افعال کی تشریح کرنی پڑتی ہے - یہ ہمارے سامنے ایک مد رکھتے ہیں اسکا

کچھ مقصد بیان کرتے ھیں مگر بعد میں اسکا جائز اور صحیح استعمال نہیں کرتے اس طرح لوگ ان کے افعال سے گمراہ ھوتے ھیں ۔ یہ ایک غلط طریق کا استعمال کرتے ھیں ۔ لہذا میں نہایت ادب کے ساتھ التماس کرونگا سب سے اول وہ اسلامی طریق کار اختیار کریں اور کم از کم اپنے غلط طریق کار کو ترك کر دیں اس پر نہ جائیں ۔ آج تک نوبت ھی نہیں آئی کہ وہ اسلامی طریق کار پر کار بند ھو کر دکھاتے ۔ اس لئے میں انکی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ھوں اور گذارش کرتا ھوں کہ غلط طریق استعمال نہ کیا کریں ۔

میاں عبدالباری — جناب صدر ۔ میں اپنی پارٹی یعنی حزب اختلاف کی پوزیشن کی وضاحت کرنا چاھتا ھوں اور وہ یہ ھے کہ ملک غلام نبی صاحب نے خان عبدالغفار خان صاحب کے متعلق جو چیز کہی ھے اسے ان کی ذاتی رائے تصور کیا جائے اور اسکو ھماری پارٹی یعنی حزب اختلاف کی رائے تصور نہ کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 65,150 on account of A—Jails—A-4 Lock-ups be omitted.

The motion was lost.

Jail Policy

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر۹ ۔ مسلم) — حضور والا ۔ میں یہ تحریک تخفیف پیش کرتا ھوں ۔

کہ Demand No. 10. کے تحت سارے کا سارا مطالبہ زر حذف کیا جائے ۔

حضور والا ۔ اس کے متعلق مختلف مدات پر غور کرنے سے معلوم ھوتا ھے کہ جیلوں کے اخراجات میں ۱۴ لاکھ ۶۴ ھزار اور ۷ سو روپے کا اضافہ ھوا ھے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ھے کہ حکومت کو غیر متوقع طور پر Anti-Ahmadya Movement. کے سلسلے میں بہت سے لوگوں کو قید کرنا پڑا ۔ لہذا ان کو خوراك اور دیگر آسائشیں مہیا کرنے اور سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے حکومت کو اس قدر زائد مصارف برداشت کرنے پڑے ۔

حضور والا ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت کو معلوم ھے اور اگر نہیں تو اب معلوم ھونا چاھیئے کہ اس سلسلے میں جن لوگوں نے قید و بند کی مصیبتیں جھیلیں اور جن میں سے بہت سے لوگ اس وقت بھی یہ مصیبتیں برداشت کر رھے ھیں ۔ وہ اخلاقی مجرم نہ تھے

اور نہ ھی سب کے سب معمولی شخصیتیں تھیں ۔ ان میں بہت سے تعلیم یافتہ ۔ بعض اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ان کے علاوہ علمائے کرام بھی تھے ۔ ان میں بعض ایسی مقتدر ھستیاں بھی تھیں جنھوں نے قیام پاکستان میں بڑھ چڑھکر حصہ لیا اور جن کے ایثار اور قربانیوں کی وجہ سے پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ ان میں بعض ایسی جلیل القدر ھستیاں بھی تھیں جن کے علم و فضل کا شہرہ نہ صرف پاکستان بلکہ تمام دنیائے اسلام میں ھے ۔ اور جنھوں نے اسلامی معاشرے کے قیام و تشکیل کے سلسلے میں بے انداز خدمات سر انجام دیں ۔

حضور والا ۔ میں مانتا ھوں کہ Anti-Ahmadya Movement کے سلسلے میں قید ھونے والے لوگوں میں بعض ایسے بھی ھونگے جو فی الواقع مجرم ھوں ۔ ان میں ایسے لوگ بھی ھونگے جنھوں نے اس وقت کی حکومت کے چشم و ابرو کے اشارہ پر رقص کرتے ھوئے اس قسم کی کارروائیاں کی ھوں جو ملک اور قوم دونوں کے مفاد کے خلاف ھوں اور جن کی وجہ سے انھیں قید و بند کی مصیبتیں برداشت کرنا پڑی ھوں ۔ لیکن حضور والا ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ھوں کہ ان میں سے بیشتر لوگ ایسے تھے جن کی خدمات سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور جن کے جرائم کی نوعیت ایسی ھے جسے جرائم نہیں کہا جا سکتا ۔ ان سزا یافتگان میں سے بہت سے لوگ ایسے ھیں جنھیں پانچ پانچ سال کی سزا دی گئی ۔ ان کا جرم یہ بتایا گیا کہ وہ علما کے وعظ سن کر سر ھلا رھے تھے ۔ کسقدر افسوس کا مقام ھے کہ خدا اور رسول کے نام پر لبیک کہنے پر آپ نے بے گناہ لوگوں کو جیلوں میں بھیج دیا ۔ بعض لوگوں کو صرف اس وجہ سے قید میں ڈالا گیا کہ بقول حکام مارشل لا' ۔

"You did not try your best to open the gates of the Golden Mosque when the Police were trying to open it".

چنانچہ ان لوگوں کو جنھوں نے اس موقع پر جبکہ پولیس نے سنہری مسجد کا قفل توڑ کر اندر داخل ھونے کی کوشش کی تھی ۔ پولیس کی مدد نہ کی یا اس کے ساتھ تعاون نہ کیا سخت سزائیں دی گئیں ۔ یہیں تک اکتفا نہیں کی بلکہ ان میں بعض لوگ ایسے بھی تھے جنھیں صرف اذانیں دینے کی پاداش میں پانچ پانچ سال کی سزائیں دی گئیں ۔

Chief Minister : On a point of order, Sir. All these matters have been referred to the Inquiry Commission presided over by the Chief Justice. I suggest that it is not advisible to make any reference to these matters.

چودھری محمد اڈغل چیمہ -- حضور والا ۔ اگرچہ حضور نے مجھے منع نہیں فرمایا تا ھم میں اس کے متعلق مزید کچھ نہیں کہونگا ۔

Mr. Speaker : Only two minutes more.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Why Sir?

Mr. Speaker : Because sub-section 3 of Rule 137-A says:—

"On the day or the last of such days, as the case may be, allotted under sub-rule (2), all discussion shall terminate 3/4 of an hour before the normal hour of interruption of business, and the Speaker shall forthwith put every question necessary to dispose of the demand under consideration, and shall then forthwith put one by one all the outstanding supplementary demands for grants".

Therefore we have to stop at quarter to five.

چودھری محمد افضل چیمہ — بہت اچھا ۔ حضور والا ۔ میں استدعا کرونگا کہ یہ لوگ جو اخلاقی قیدی نہ تھے انہیں صرف قید کرکے ہی ان پر ظلم نہیں کیا گیا بلکہ سب سے بڑا ظلم ان پر یہ کیا گیا کہ اس صوبہ کے نمائندوں نے مرکزی اسمبلی میں جا کر Indemnity ایکٹ جیسے قانون منظور کرانے میں مرکزی حکومت کی مدد کی اور ان غیر قانونی اور وحشت ناک سزاؤں کو قانونی سزائیں قرار دیا ۔ مگر عدالت عالیہ کے اس فیصلے کو جس میں فاضل ججان نے ان سزاؤں کو خلاف قانون تصور کیا ہے یکسر پس پشت ڈال دیا ۔ انہیں چاہیئے تھا کہ عوام کا اعتماد حاصل کرنے کی خاطر تالیف قلوب کی غرض سے ان کے احساسات کی صحیح ترجمانی کرتے ۔ افسوس کہ آپ نے عوام کے اعتماد کی بجائے پولیس کے اعتماد کو ترجیح دی ۔ جس کی وجہ سے آپ روز بروز عوام کا اعتماد کھو رہے ہیں ۔ خصوصاً آج جب کہ آپ جانتے ہیں کہ ان سزاؤں کی نوعیت جرم کو جائز اور مناسب نوعیت جرم سے کوئی مناسبت اور دور کا بھی واسطہ نہیں ۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگوں کے ساتھ وہ سختیاں کی گئیں ۔ ایسا انسانیت سوز سلوک روا رکھا گیا اور ایسی سخت قسم کی مشقتیں لی گئیں جن کے متعلق وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا ۔ حضور والا ۔ اس کے متعلق بہت سی مثالیں پیش کی جا چکی ہیں ۔ میں مزید مثالیں پیش کرنا مناسب نہیں سمجھتا ۔ صرف اتنا عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک مولوی صاحب کو Hernia کے اپریشن کے لئے میوہسپتال لایا گیا ۔ اور پا بہ زنجیر رکھا گیا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the total demand be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 14,64,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Jails and Convict Settlements.

The motion was carried.

The following Demands were then put from the Chair and carried :—

POLICE

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 53,57,120 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Police.

EDUCATION

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 34,50,070 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954 in respect of Education.

HEALTH SERVICES

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 7,38,110 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Health Services.

AGRICULTURE

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 9,13,410 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Agriculture.

CO-OPERATION

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 6,03,460 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Co-operation.

CIVIL WORKS

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 49,30,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Civil Works.

MISCELLANEOUS EXPENDITURE

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 6,79,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1954, in respect of charges on Electricity Establishment and Miscellaneous Expenditure.

SUPERANNUATION ALLOWANCES AND PENSIONS

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 6,16,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Superannuation Allowances ond Pensions.

CAPITAL OUTLAY—STATE TRADING

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 4,85,73,330 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.

ADVANCES REPAYABLE

That a Supplementary sum not exceeding Rs. 28,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Advances not bearing Interest-Advances Repayable.

IRRIGATION ESTABLISHMENT

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of charges on Irrigation Establishment.

PUBLIC HEALTH

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954 in respect of Public Health.

VETERINARY

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Veterinary.

INDUSTRIES

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Industries.

CAPITAL OUTLAY ON INDUSTRIAL DEVELOPMENT

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Capital Outlay on Industrial Development.

BUILDINGS AND ROADS

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Buildings and Roads—Establishment Charges.

CIVIL WORKS (CAPITAL)

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Civil Works (Capital).

ELECTRICITY SCHEMES

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Electricity Schemes (Capital).

MISCELLANEOUS

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Miscellaneous.

LOANS AND ADVANCES

That a Token sum not exceeding Rs. 10 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1954, in respect of Loans and Advances bearing interest.

The Assembly then adjourned till 1 p. m. on Monday, the 8th March 1954.

33 PLA—450—8-3-55 GPP Lahore.



PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

EIGHTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Monday, 8th March, 1954

The Assembly met at the Assembly Chamber Lahore, at 1 p.m. of the clock. Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

MORTALITY RATE AMONG CHILDREN

***2762. Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the mortality rate among childern due to infectious and other preventable disease in the Punjab;

(*b*) the mortality rate among childern due to malnutrition ;

(*c*) the efforts the Punjab Government are making to check infant and child mortality, due to (*i*) malnutrition, (*ii*) infectious diseases, and (*iii*) other maladies ;

(*d*) the per capita expenditure being incurred by Government on child welfare in the Province ?

Parliamentary Secretary : (Mehr Muhammad Sadiq) (*a*) The age group is not specified so it is not possible to give a reply to this question. Death rate for childern below 1 year (Infant mortality rate) is 109 per thousand children for the year 1952. This includes deaths from all causes.

(*b*) This data is not available.

(*c*) Following steps are taken:—

Mal-nutrition : Multivitamin tablets are supplied at Health Centres and to District Health Officers for free distribution.

Infectious Diseases: All anti-epidemic measures including immunisation are adopted.

Other Maladies: Treatment in Hospitals, Dispensaries and for minor ailments in Health Centres is provided.

(*d*) This is not possible to work out as, except for expenditure on maternity and child welfare, no separate record of expenditure in other institutions on this category is maintained.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : May I ask the Parliamentary Secretary whether the steps being taken by Government have reduced the rate of mortality during the last year?

Parliamentary Secretary : Fresh notice is required.

CLOTH

*1877. **Rana Gul Muhammad Noon and Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Hon'ble Minister of Development be pleased to state:—

(*a*) the total annual requirements of cloth of the Province ;

(*b*) the expected production of cloth in 1955 by Mills in the Province;

(*c*) the number of cotton bales estimated to be consumed annually by the Mills by 1955 ?

The Honourable Sheikh Masood Siddiq : (*a*) 31,38,00,000 yards.

(*b*) 20,16,00,000 yards ;

(*c*) 4,75,571 bales.

UNEMPLOYMENT

*2534. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(*a*) whether the Government are aware of the fact that acute unemployment is prevailing in Sialkot City and its suburbs ;

(*b*) the steps the Government have so far taken and further intend to take to provide employment to the unemployed in Sialkot City and its suburbs?

آنریبل شیخ مسعود صادق—(الف) ہاں۔

(ب) ایمپلائمنٹ ایکسچینج سیالکوٹ بےکاروں کے لئے ملازمتیں مہیا کرنے کی پوری کوشش کر رہا ہے۔ ماہ مئی تا اکتوبر ۱۹۵۳ء کے عرصہ میں ۵۵۱ افراد کو ملازمتیں دلائی گئی۔ سیالکوٹ کمیٹی کی حدود میں ایک نیا قصبہ بنانے کی تجویز گورنمنٹ پنجاب کے زیر غور ہے۔ جسکے بروے کار آنے سے روزگار میں اضافہ ہوگا۔ علاوہ ازیں سیالکوٹ کی صنعت کو فروغ دینے کے لئے پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ اس سے بھی حالات بہتر ہونگے۔

SKILLED AND UNSKILLED LABOUR

2535. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state whether the Government have got statistical records indicating the number of workers employed as skilled labour and the number of workers employed as un-skilled labour in the registered factories of the Punjab at present ?

آنریبل شیخ مسعود صادق— نہیں۔

REGISTERED FACTORIES

*2536. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(*a*) the number of industrial concerns running in the Province at present and the number of such concerns among them as are registered under the Factories Act ;

(*b*) the number of registered factories in the Province at present owned by the Pakistani Nationals and non-Pakistanies separately ;

(c) the number of registered Factories in the Punjab immediately before partition ;

(d) the total number of workers employed at present in the Registered Industrial concerns in the Punjab ?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) پنجاب بھر میں صنعتی اداروں کی تعداد اندازاً ۳,۲۰۰ ہے - جن میں سے ۱۷۳ فیکٹریز ایکٹ ۱۹۳۴ء کے تحت درج ہیں -

(ب) چونکہ درج شدہ فیکٹریوں کے مالکوں کی وطنیت کے کوائف محکمہ صنعت کو نہیں بھیجے جاتے - اس لئے اس کے متعلق علم نہیں -

(ج) ۱,۳۵۰ -

(د) ۹۶,۶۸۱ -

UN-EMPLOYMENT IN THE URBAN AREAS.

*2761. **Mian Manzoor Hassan** : Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state whether it is a fact that acute unemployment is prevailing in urban areas of the Province; if so, the reasons therefor and the steps the Government intend to take in the matter ?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) جی ہاں حکومت اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے -

(ب) بیکاری کی وجوہات حسب ذیل ہیں —

(۱) غیر متوازن اقتصادیات اور فروغ صنعت کی سست رفتاری -

(۲) قابل کاشت زمینوں کی قلت اور اسکے نتیجہ کے طور پر دیہاتی آبادی کا شہروں میں منتقل ہونا -

(ج) بیکاری کو روکنے کے لئے مندرجہ ذیل ذرائع ہیں -

حکومت خوراک کی پیداوار اور زود فروخت فصلوں کو بڑھانے سیم زدہ زمینوں کی بازیابی اور زیادہ زمینوں کو زیر کاشت لانے کے لئے مناسب اقدام عمل میں لا رہی ہے - سرکاری اور غیر سرکاری طور پر صنعتوں کو ترقی دینے کیلئے انتہائی کوشش کی جا رہی ہے -

میاں عبدالباری — کیا آنریبل وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ آیا حکومت اس کے سدباب کے لئے کوئی اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

وزیر — میں نے پہلے ہی بتا دیا ہے کہ حکومت خوراک کی پیداوار کے لئے اسے زیر کاشت لانے کی کوشش کر رہی ہے -

میاں عبدالباری — اور باقی امور کے متعلق کیا ارشاد ہے ؟

وزیر — حکومت مختلف صنعتوں کے لئے مرکز سے Raw Meterial حاصل کر رہی ہے ۔ حکومت سپورٹس اور ایسی صنعتوں کے لئے اسنٹر کھولنے کا خیال رکھتی ہے ۔

DELAY IN DISTRIBUTION OF YARN QUOTA

***2682. Mian Abdul Bari :** Will the Hon'ble Chief Minister be pleased to state whether it is a fact that quota of yarn for the month of November, 1953, was not distributed in some districts of the Province even during the month of January, 1954 and the quota of yarn for the month of December, 1953, was not distributed in any district of the Province even during the month of January, 1954, if so, the reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)— س مہینہ کے سوت کا کوٹہ تقسیم ہونا ہو اس میں ایک دو مہینہ کے وقت کا وقفہ درکار ہوتا ہے کیونکہ کسی خاص مہینہ کے سوت کی تقسیم کے لئے ٹیکسٹائل کمشنر صاحب کراچی وقتاً فوقتاً سیل آرڈر بھیجتے رہتے ہیں اور ان کا زیادہ حصہ مہینہ کے آخر میں وصول ہوتا ہے پھر سوت پنجاب بہاولپور خیرپور کی ملوں اور کراچی کے درآمد کرنے والوں سے لینے کے بعد پنجاب کے مختلف اضلاع میں بھیجا جاتا ہے ۔ نومبر اور دسمبر ۱۹۵۳ء کے مہینوں میں کوآپریٹو بنکوں کو مالی اور انتظامی مشکلات پیش آئیں جن کی وجہ سے وہ تمام کوٹہ وقت پر نہ اٹھا سکے لہذا ان مہینوں کے سوت کی تقسیم کے لئے قدرے دشواری پیش آئی ۔ مگر بنکوں نے اپنی مشکلات پر جلدی ہی عبور پا لیا اور پھر جنوری ۱۹۵۴ء میں بہت زیادہ سوت کا سٹاک حاصل کر لیا گیا تھا چنانچہ نومبر ۱۹۵۳ء کے مہینے کا پورا کوٹہ اور دسمبر کے مہینے کا بیشتر حصہ جنوری ۱۹۵۴ء میں تقسیم کیا گیا تھا ۔

میاں عبدالباری— اس تاخیر کی وجہ سے کھڈی والوں نے جو تکلیف اور جو نقصان اٹھایا ہے اس کے ازالہ کے لئے حکومت نے کیا تدابیر اختیار کی ہیں یا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری— معاملہ زیر غور ہے ۔

میاں عبدالباری—یہ نہایت پرانا معاملہ ہے۔ ابھی تک فیصلہ نہیں کیا گیا ۔ کب تک زیر غور رہے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری— بہت جلد ؟

Rana Gul Muhammad Noon : For how long this matter has been under the consideration of the Government ?

پارلیمنٹری سیکرٹری — جب سے کچھ اعتراضات ہو رہے ہیں ۔

Rana Gul Muhammad Noon : When did this trouble start?

Mr. Speaker : No cross-examination please.

DISTRIBUTION OF YARN

*2683. **Mian Abdul Bari :** Will the Hon'ble Chief Minsiter be pleased to state the dates on which monthly quota of yarn for each month was distributed to looms in various districts of the Province since the month of May, 1953, when the quota was fixed by the Government ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی) – سوت کی تقسیم کے آرڈر مختلف مہینوں کی مندرجہ ذیل تاریخوں میں جاری ہوئے –

ماہ جون ۱۹۵۳ء	۲۷ مئی ۱۹۵۳ء
ماہ جولائی ۱۹۵۳ء	۳ جولائی ۱۹۵۳ء
ماہ اگست ۱۹۵۳ء	یکم اگست ۱۹۵۳ء
ماہ ستمبر ۱۹۵۳ء	۱۸ ستمبر ۱۹۵۳ء
ماہ اکتوبر ۱۹۵۳ء	۲۷ اکتوبر ۱۹۵۳ء
ماہ نومبر ۱۹۵۳ء	۴ دسمبر ۱۹۵۳
ماہ دسمبر ۱۹۵۳ء	۴ جنوری ۱۹۵۴ء

جس مہینے کا کوٹہ تقسیم کرنا ہو اسکی تقسیم کے انتظامات مکمل کرنے میں عام طور پر تقریباً ایک دو ماہ کا وقفہ درکار ہوتا ہے اس تاخیر کی وجہ یہ ہے کہ ٹیکسٹائل کمشنر کراچی ہر مہینہ مختلف اوقات میں سپل آرڈر بھیجتے رہتے ہیں اور اکثر سپل آرڈر مہینہ کے آخر میں آتے ہیں - پھر سوت پنجاب - بہاولپور اور خیر پور کی ملوں اور کراچی کے درآمد کرنے والوں سے حاصل کرنے کے بعد پنجاب کے مختلف اضلاع میں تقسیم کر دیا جاتا ہے -

میاں عبدالباری – کیا وزیر متعلقہ ارشاد فرمائیں گے کہ اس تاخیر کے لئے ایسا انتظام کیوں نہ کیا جائے کہ اگر کسی مہینہ کا کوٹا نہ دیا جا سکے تو دو مہینوں کا کوٹا اکٹھا کر لیا جائے -

Mr. Speaker : No suggestions please.

میاں عبدالباری – جب تاخیر ہوگئی ہو تو اس کا ازالہ کیوں نہیں کیا جاتا اور کوٹا اکٹھا کر لیا جاتا ؟

Chief Minister : Sir, I would like to explain the position. When I went out on tour it was brought to my notice by one of the textile mill owners that a certain amount of yarn had not been lifted by the Co-operative Societies, yarn is lifted by the Co-operative Societies and then it is distributed half through the Co-operative Societies and half through the ordinary trade. Immediately I came back, I told the Food Secretary that some arrangements should be made so that there is no delay in the lifting of yarn quota. I also want to inform the House

that all these textile mill owners would like to abolish the control of yarn because yarn control fixes the prices and it has to go to certain channels—weavers in the villages—at a fixed price. If yarn control is removed, then, the price cannot be kept at the present level because of shortage of yarn in the country. I feel that it is in the interest of the weavers in the villages that the control should continue. Personally I am against all controls and would like these controls to go becuase they bring Government into disrepute. I assure honourable members of this House that as far as possible Government is trying to do everything possible to try and lift the quota. If there are any suggestions, I would be very glad to receive them in writing. Our object is the same that the yarn quota is lifted quickly and that no difficulty is felt by the weavers in rural areas. But there is propaganda also by interested people who would like to blame the distribution of yarn in order to get the control removed so that they may be able to sell yarn at any price they like.

میاں عبدالباری—کیا میں آنریبل وزیر متعلقہ سے دریافت کر سکتا ہوں کہ اس سٹیٹمنٹ کے پیش نظر جو ایک دفعہ آنریبل وزیر اعلیٰ نے یہاں ارشاد فرمائی تھی (کنٹرول کا معاملہ بیچ میں نہ لاتے ہوئے) جو بہت سی کھڈیاں اس چیز کے ساتھ بند ہوئی ہیں کیا دقت ہے کہ انہیں ایک مہینے کا کوٹا پہلے تقسیم نہ ہو جائے؟ ویسے میں کنٹرول ہٹانے کے حق میں نہیں ہوں۔

وزیر اعلیٰ—اب ایسا ہی کرینگے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :Is the Honourable Cheif Minister aware that so far as the distribution of yarn is concerned the weavers in rural areas have been ignored in most cases? Is he aware of this fact that weavers are not getting their quota of yarn in villages and they have been ignored and their khaddis are lying idle?

Chief Minister : Then where does the yarn go? If weavers are not getting quota please let me know.

SHORT DISTRIBUTION OF YARN QUOTA

*2684. **Mian Abdul Bari** : Will the Honourable Cheif Minister be pleased to state whether it is a fact that only 2 or 3 bundles of yarn per loom were distributed in all districts of the Province from May, 1953 to December, 1953 against the quota of 6 bundles of yarn per loom fixed by the Government; if so, the reasons therefor?

پارلیمنٹری سیکرٹری (چودھری سلطان علی)—ٹیکسٹائل کمشنر صاحب کراچی درآمد شدہ اور پاکستانی ملوں کا بنا ہوا سوت سپلائی کے مطابق مختلف صوبوں اور پاکستان کے دیگر یونٹوں کو سوت تقسیم کرتے ہیں ہمارے حصے تقریباً آٹھ ہزار سے دس ہزار گانٹھیں آتی ہیں جن میں گولوں اور کونوں کا سوت شامل ہوتا ہے پنجاب کے حصہ کو مد نظر رکھتے ہوئے ہماری ماہانہ راشن کی تقسیم مندرجہ ذیل ترتیب سے ہوتی ہے—

۱ کھڈی .. ۳ بنڈل

۲ کھڈی .. ۶ بنڈل

۳ کھڈی		۶ بنڈل	
۴ کھڈی	..	۸ بنڈل	
۵ کھڈی	..	۱۰ بنڈل	

صوبہ کے سوت کی سپلائی اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ پانچ کھڈیوں سے زیادہ سوت کا راشن دیا جائے۔ بہر حال جب سوت کی سپلائی بہتر ہوتی ہے تو پانچ کھڈیوں سے زیادہ [illegible] کھڈیوں تک ایک بنڈل فی کھڈی زائد دیا جاتا ہے۔

یہ درست نہیں کہ گورنمنٹ نے [illegible] کھڈی کا کوٹا چھ بنڈل مقرر کیا تھا۔ ہم ہمیشہ مرکزی حکومت سے کوٹہ بڑھانے کیلئے پر زور مطالبہ کرتے رہے ہیں اور سوت کی سپلائی کے [illegible] بہتر ہوتے ہی ہمیں بھی زیادہ سوت ملنے کی توقع ہے اور پھر ہم بھی [illegible] کے راشن کی مقدار زیادہ کر دیں گے۔

میاں عبدالباری— کیا آنریبل وزیر مہلکہ ارشاد فرمائینگے کہ اگر (جسطرح کہ آنہوں نے فرمایا ہے) چھ بنڈل کا کوٹہ مقرر نہیں کیا گیا تھا تو کتنے بنڈل کا کوٹہ مقرر کیا گیا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری— یہ تفصیل میں نے بیان کر دی ہے ایک کھڈی دو بنڈل دو کھڈی .....

میاں عبدالباری— یہ تو وہ تعداد ہے جو اس وقت تقسیم ہو رہی ہے میں کہتا ہوں کہ پہلے ایک کھڈی کیلئے ایک مہینے کی کفایت کیلئے جو تعداد مقرر کی گئی تھی وہ کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری— پہلے کب ؟

میاں عبدالباری— جس وقت آپ نے کوٹا مقرر کیا اس وقت آپ نے ایک مہینے کیلئے ایک کھڈی کی کفایت کیلئے کتنے بنڈل کوٹا مقرر کیا ؟ یعنی Basic کوٹا کیا ہے ؟

وزیر اعلیٰ— ہمیں صوبہ کے لئے سنٹر سے جو کوٹا ملتا ہے وہ ہم حصہ رسدی تقسیم کر دیتے ہیں جب کم ملتا تھا تو کم دیا جاتا تھا اب زیادہ ملتا ہے تو حصہ رسدی زیادہ دیا جاتا ہے۔ اگر آپ پوری پوری تفصیل معلوم کرنا چاہتے ہیں تو نوٹس دے دیجئے۔ معلومات مہیا کر دی جائیں گی۔

میاں عبدالباری—کیا یہ کوٹا مقرر کرنے میں اس چیز کا خیال نہیں رکھا جاتا کہ ایک کھڈی کتنے بنڈل سے باقاعدہ چلتی رہے گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری— اس کا جواب ۲۲ تاریخ کو ایک سوال کے جواب میں دیدیا گیا تھا۔

میاں عبدالباری—کیا اس چیز پر غور نہیں کیا جاتا کہ ہمارے صوبہ کی ملوں میں جو یارن پڑا ہوا ہے وہ بھی تو تقسیم ہونا چاہیئے ؟

وزیر اعلیٰ— وہ سب تقسیم کیا جاتا ہے اسے کہا کوئی نہیں جاتا جو کوٹا ملتا ہے وہ تقیم ہو جاتا ہے لیکن یہاں سے حصہ ایسٹ بنگال میں بھی جاتا ہے۔ اسلئے جو یارن بنتا ہے وہ سارے کا سارا یہیں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اس میں سے جو ہمارے حصے میں آتا ہے وہ تقسیم کر دیا جاتا ہے۔

میاں عبدالباری— کیا آنریبل وزیر اعلیٰ کو معلوم ہے کہ بہت سا یارن جو ملوں میں بنتا ہے وہ بعد میں damaged ظاہر کرکے کھلی مارکیٹ میں اور بلیک مارکیٹ میں بیچا جاتا ہے اور ملوں والے اسے باقاعدہ نہیں دے رہے۔

وزیر اعلیٰ — اگر کوئی خاص کیس آپ کے علم میں ہو تو آپ بتائیے اس کی تفتیش کی جائیگی۔

میاں عبدالباری— کوئی خاص کیس بتانے کے علاوہ کیا آنریبل وزیر اعلیٰ ایسے اہم مسئلے کے متعلق خود دریافت کرنے کی کوشش فرمائینگے ؟

وزیر اعلیٰ—ہم نے افسر مقرر کئے ہوئے ہیں اور ایسا ہوا ہے کہ لاری کی لاری رات کے وقت پکڑی گئی ہے ایسے لوگوں پر مقدمات چلائے گئے ہیں۔

میاں عبدالباری—کیا یہ حقیقت ہے کہ ایک آدھ پکڑا گیا ہے اور بہت سے نہیں پکڑے گئے ؟

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Chief Minister be pleased to state whether in addition to the yarn being supplied to Co-operative Societies, any yarn is supplied to the Co-operative Banks?

Chief Minister : No yarn is taken over by the Co-operative Banks. Co-operative Banks pay for that yarn and then they distribute it to Co-operative Societies and weavers all over the place. They are used as district agents for the purpose and they finance the scheme.

CIVIL DEFENCE

***2110. Mr. C. E. Gibbon :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the date on which the Civil Defence Department, Punjab, embarked on an ambitious programme of imparting intensive A.R.P. training to its warden service personnel throughout the Province ;

(*b*) the number of Razakars who, in addition to the general basic training, have qualified for enrolment in the Warden, Rescue, Fire Fighting and First Aid Service, respectively;

(*c*) the number of persons who have received specialised training in Fire Fighting, Rescue and Fisrt Aid; and

(*d*) the number of such First Aiders who qualified for and obtained the First Aid Certificate of the St. John Ambulance Association (Pakistan)?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Ali) : It will not be in the public inter st to furnish the information sought by the Hon'ble Member on the floor of the House.

TRAVELLING ALLOWANCE DRAWN BY EACH MINISTER FOR JOURNEYS PERFORMED.

*2112. **Mr. C. E. Gibbon** : Will the Honourable the Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the amount of travelling allowance drawn by each Minister for journeys performed in connection with their official duties, from the 3rd April, 1953 to the 15th May, 1953;

(*b*) the amount if any placed at the disposal of each Minister for purchase of motor car and house-hold furniture, fittings, etc., during this period;

(*c*) the number of official receptions if any given in honour of each Minister of the Punjab Government during this period and the cost of each reception to the Public Exchequer ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Ali) :

	Rs.	A.	P.
(*a*) Honourable Chief Minister ..	360	6	0
Honourable Minister of Agriculture ..	373	5	0
Honourable Minister of Public Works ..	700	14	0
Honourable Minister of Revenue ..	156	3	0
Honourable Minister of Education. ..	493	9	0
Honourable Minister of Health ..	1,406	13	0
Honourable Minister of Industries ..	412	2	0
(*b*) Honourable Cheif Minister ..	Nil.		
Honourable Minister of Agriculture ..	Nil.		
Honourable Minister of Public Works ..	Nil.		
Honourable Minsiter of Revenue ..	Nil.		
Honourable Minister of Education ..	Nil.		
Honourable Minister of Health ..	Nil.		
Honourable Minister of Industries ..	10,000	0	0
(*c*) Honourable Chief Minister ..	Nil.		
Honourable Minister of Agriculture ..	Nil.		
Honourable Minister of Public Works ..	Nil.		
Honourable Minister of Revenue ..	Nil.		
Honourable Minister of Education ..	Nil.		
Honourable Minister of Health ..	Nil.		
Honourable Minister of Industries. ..	Nil.		

Syed Amir Hussain Shah : The Honourable Parliamentary Secretary has said in answer to part (*b*) that no amount had been placed at the disposal of any Minister except the Minister of Industries. Is it a fac that certain amount was placed at the disposal of Honourable Minister of Education to purchase curtains ?

Minister of Revenue: That is a part of furniture.

Syed Amir Hussain Shah : Then why did he say that no amount was placed at the disposal of any Minister except the Minister of Industries?

Minister : Because this was a new house and there was no furniture at all.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : In answer to part (*c*) the Parliamentary Secretary has replied 'Nil'. May I know what is the annual expenditure of official receptions?

Mr. Speaker : That question cannot be allowed.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask whether curtains and crockery are part of furniture?

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is the Parliamentary Secretary aware that dinners, breakfasts and lunches are given almost everywhere whenever Ministers visit any place and yet he replies 'nil'.

Mr. Speaker : Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon : What are the reasons that the Honourable Minister of Health has drawn more travelling allowance than any other Minister ?

Parliamentary Secretary : He must have travelled a lot.

Rana Gul Muhammad Noon : Was it in connection with official duties?

Parliamentary Secretary : Yes.

PROSCRIPTION OF A BOOK ENTITLED "JESUS IN HEAVEN ON EARTH"

***2145. MR. C. E. Gibbon :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state:—

(*a*) the date on which the book entitled "JESUS IN HEAVEN ON EARTH" by Al-Haj Khwaja Nazir Ahmad, was proscribed by the Provincial Government;

(*b*) the number of copies of the said book which were printed at the Civil and Military Gazette Press, Lahore;

(*c*) the number of copies sold or distributed;

(*d*) the number of copies seized by the Provincial Government to date; and

(*e*) the action, if any, taken to recover the remaining copies?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Ali): (*a*) 16th April, 1953.

(*b*) 2,000 copies.

(*c*) Not known.

(*d*) 531 copies.

(*e*) If any more copies come to notice, they will be seized.

Mr. C. E. Gibbon : Is it a fact that not long ago, shortly after the onourable Chief Minister assumed office all the seized copies of this book ore returned to the publishers and printers?

Chief Minister : There is a case pending in the High Court about this book. I do not think what the Government can do.

Mr. Speaker : The matter is sub-judice.

Mr. C. E. Gibbon : That is a different matter. My question is that after the Honourable Chief Minister assumed office, did he or did he not release all the seized copies of this book to the publishers?

Chief Minister : The moment the case went to the High Court, the Government felt that it was not called upon to keep this book confiscated and the High Court will decide the case.

Mr. C. E. Gibbon : This book was banned at the request of the Christain community and the Government seized all the copies of this book. My question is that after the Chief Minister assumed office, did he or did he not release to the printers and publishers all the seized copies of this book?

Chief Minister : I do not remember. I want notice.

IRREGULAR FLOW OF IRRIGATION CHANNELS

***1561. Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(*a*) whether Government are aware of the fact that irrigation channels in the Province are not flow regularly and there have been frequent closure specially during the present season of Rabi sowing.

(*b*) whether it is a fact that closures of channels have adversely effected the timely cultivation of wheat and area under wheat clutivation has thus fallen below the area under such cultivation during the previous year, if so, the action, if any , Government propose to take in the matter.

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)— آنریبل رکن اسمبلی شاید کسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔ سال رواں اور خصوصیت سے اس موسم ربیع میں نہریں بند نہیں کی گئیں کیونکہ بارشوں کی وجہ سے دریاؤں میں کافی پانی تھا اس لئے نہروں کی بندی کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔

(ب) آنریبل رکن اسمبلی کو غالباً علم نہیں کہ فصل گندم کی کاشت پچھلے سالوں کی نسبت اس سال بہت زیادہ ہوئی ہے۔

OPERATION OF LAHORE OMNIBUS SERVICE

***2774. Mian Manzoor Hussan :** Will the Hon'ble Minister of Public Works be pleased to state:—

(*a*) the date when the Lahore Omnibus Service was allowed to operate on Lahore-Gujranwala-Sheikhupura routes;

(*b*) the total investment of the said service on this route;

(*c*) the approximate net profit which accrued to this service up to date ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)— (الف) مورخہ ۱۷-۱-۵۳ کو لاہور اومنی بس سروس کو لاہور۔ شیخوپورہ۔ گوجرانوالہ روٹ پر اپنی بسیں چلانے کی اجازت دی گئی تھی۔

(ب) تقریباً مبلغ ۳,۹۰,۰۰۰ روپے۔

(ج) مبلغ ۱,۹۳,۹۲۲ روپے۔

NATIONALIZATION OF TRANSPORT

*2775. **Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state:—

(*a*) whether a scheme of gradual nationalization of transport service was undertaken by the Government in the past;

(*b*) whether it is a fact that the above said scheme has not been implemented so far; if so, the reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)—یہ پالیسی فی الحال قرضہ اور غیر ملکی زر مبادلہ کے حصول میں مشکلات کی وجہ سے پانچ سال کے لئے ملتوی کر دی گئی ہے ۔ کیونکہ پانچ سال تک حالات کا روبہ اصلاح ہونا قرین قیاس نہیں ۔ اگر قومی ملکیت قرار دینے کی پالیسی کو سال بہ سال ملتوی کیا جائے تو نجی ٹرانسپورٹ کمپنیاں اپنے کاروبار کی ترقی کے لئے سرمایہ صرف کرنے میں ہچکچاتی ہیں ۔ اس ہچکچاہٹ کو رفع کرنے کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بجائے سال بہ سال التوا کے پانچ سالوں کے لئے ایک ہی بار التوا کر دیا جائے ۔ حکومت نے با وجود ان تمام مشکلات کے یہ فیصلہ کیا ہے کہ صوبہ بھر میں تمام نئی پختہ سڑکوں پر ٹرانسپورٹ بورڈ ہی کی بسیں چلائی جائینگی اور جلد اس پر عمل در آمد ہو رہا ہے ۔

(الف) جی ہاں ۔

(ب) آنریبل رکن اسمبلی کی توجہ سوال نمبر ۲۶۶۸ کی طرف دلائی جاتی ہے ۔

REVIVAL OF ZAILDARI POSTS

*1542. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether the Government have under consideration a proposal to revive the abolished Zaildari posts under the same or different disignations;

(*b*) if so, the reasons therefor ?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

ACREAGE OF LAND LEFT BY REFUGEES IN THE EAST PUNJAB AND PUNJAB STATES.

*1880. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Hon'ble Minister of Rehabilitation and Colonies be pleased to state:—

(*a*) the total acreage of land left by the refugees in the East Punjab and the Punjab States as determined by the Financial Commissioner, Revenue, Punjab ;

(*b*) the total acreage of canal irrigated land left by the refugees mentioned in (*a*) above ;

(*c*) the total acreage of barani land left by the refugees mentioned in (*a*) above ;

(*d*) the total acreage of Banjar Qadim left by the said refugees mentioned in (*a*) above;

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash : (*a*) East Punjab—About 45 Lakh acres.

East Punjab States—About 5 Lakh acres.

It is regretted that the particulars asked in parts (*b*), (*c*) and (d) of the question are not readily available.

THE ACREAGE OF CANAL IRRIGATED LAND ALLOTTED TO REFUGEES.

*1881. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the acreage of canal land in the Province allotted to the refugees;

(*b*) the acreage of Barani Land allotted to the refugees mentioned in (*a*) above ;

(*c*) the acreage of Banjar Qadim allotted to the said refugees mentioned in (*a*) above ;

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) 22,92,142 acres;

(*b*) 2,49,173 acres ;

(*c*) 1,46,969 acres.

ACREAGE OF LAND LEFT BY NON-MUSLIM EVACUEES CULTIVATED BY LOCAL TENANTS AT THE TIME OF THE PARTITION

*1882. **Rana Gul Muhammad Noon** *alias* **Rana Abdul Aziz Noon :** Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the total acreage of land left in the Province by non-muslim evacuee cultivated by the local tenants at the time of the partition;

(*b*) the total acreage of evacuee land in the Province cultivated by the local tenants at the end of 1952 ;

(*c*) the total acreage of evacuee land cultivated by the Muhajirs at the end of 1952?

The Honourable Mr. Muzaffar Ali Khan Qizilbash: (*a*) 18,88,556 acres;

(*b*) 14,88,743 acres;

(*c*) 23,24,110 acres.

COMPENSATION FOR LAND FOR MARALA-RAVI LINK CANAL

*2763. **Chaudhri Abdul Ghani Ghuman :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) whether the work of assessing compensation for the lands acquired for the excavation of Marala-Ravi Link Canal has been taken in hand; if so, by which D partment, by the Irrigation or the Revenue Department ;

(*b*) the time likely to be taken to finish this work and the date by which the payment of compensation is likely to be made ;

(*c*) whether it is a fact that a large number of affected landowners have informed the Government that they would not accept compensation in cash and should be given alternative agricultural lands instead ;

(*d*) whether Government have taken any decision in the matter of giving alternative lands to affected landowners, if so, the nature of the decision taken?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خواجہ محمد صفدر)—(الف) جی ہاں ۔ اراضی زیر آمدہ مراله راوی لنک کا معاوضہ ادا کرنے کے لئے محکمہ انہار میں آفیسر حصول اراضی کے ماتحت ایک دفتر کھول دیا گیا ہے ۔ اس آفیسر کے ماتحت محکمہ مال کا عملہ کام کر رہا ہے ۔

(ب) دسمبر ۱۹۵۳ء تک معاوضہ ادا کرنیکا کام ختم ہو جائے گا ۔ ویسے ماہ مارچ ۱۹۵۳ء کے دوسرے ہفتہ میں معاوضہ کی ادائیگی شروع کردی جائیگی ۔

(ج) چند درخواستیں اس بارے میں موصول ہوئی ہیں۔

(د) جی ہاں۔ جن مالکان اراضی کا باقی مزروعہ رقبہ پانچ ایکڑ سے کم رہ گیا ہے بشرطیکہ ان کی اراضی زیر آمدہ نہر ان کے کل مزروعہ رقبہ کے ایک چوتھائی سے زیادہ ہو ان میں سے ہر ایک کو تھل میں پندرہ ایکڑ اراضی دی جائیگی۔ اور انہیں اراضی کی مقررہ رقم بالاقساط ادا کرنے کے بعد حقوق ملکیت حاصل ہو جائیں گے۔

ACQUISITION OF LAND FOR EXCAVATION OF MARALA-RAVI LINK CANAL

*2764. **Chaudhri Abdul Ghani Ghuman :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the number of refugee allottees in the Sialkot District whose lands are being acquired in connection with the excavation of the projected Marala-Ravi Link Canal ;

(*b*) the number of refugee allottees from among those referred to in (*a*) above the entire land or more than one half of the lands allotted to whom have been acquired for the said purpose ;

(*c*) the number of refugee allottees who are left with less than five acres of land after acquisition of their lands for the said canal ;

(*d*) whether government have framed any scheme to allot them further lands anywhere else in settlement of their claims in respect of lands abandoned by them in the other Dominion; if so, the time by which this scheme is to be put into effect?

آنریبل مسٹر مظفر علی خان قزلباش— ضروری مواد ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے فراہم کیا جا رہا ہے۔ موصول ہونے پر فوراً پیش کردیا جائیگا۔

EVACUEE BUILDINGS UNDER OCCUPATION OF PROVINCIAL AND CENTRAL GOVERNMENT DEPARTMENTS

*2816. **Rai Nasrullah Khan :** Will the Hon'ble Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the number and location of evacuee buildings in the Punjab which are under the occupation and use of the Provincial and Central Goverment Departments respectively ;

(*b*) whether the Government intend to get all these buildings vacated for the use of deserving refugees, if not, the reasons therefor ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خان قزلباش—(الف) صوبائی اور مرکزی حکومتوں کے مختلف محکموں کے قبضہ میں جو متروکہ عمارتیں ہیں ان کی صحیح جائے وقوع سر دست معلوم نہیں ہے۔ ایک کیفیت نامہ جو مختلف سرکاری محکموں کے قبضہ میں متروکہ عمارات کی ضلع وار تعداد ظاہر کرتا ہے ایوان کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

(ب) چونکہ حکومتوں کے پاس اپنے دفاتر کے لئے کافی تعداد میں عمارات نہیں ہیں اس لئے ان عمارات کو خالی کرنا فی الحال ممکن نہیں۔ تاہم یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جب تک ممکن ہو آئندہ کوئی متروکہ عمارات سرکاری محکموں کو الاٹ نہ کی جائے۔

کیفیت نامہ بابت متروکہ جائداد (پنجاب) جو کہ صوبائی و مرکزی حکومتوں کے قبضہ میں ہے -

نمبر شمار	نام ضلع	متروکہ جائداد زیر قبضہ دفاتر صوبائی حکومت		متروکہ جائداد زیر قبضہ دفاتر مرکزی حکومت	
		قبل از تقسیم ہند (الف)	بعد از تقسیم ہند (ب)	قبل از تقسیم ہند (الف)	بعد از تقسیم ہند (ب)
۱	لاہور	۴۳	۹۸	۲۴	۳۹
۲	سیالکوٹ	۵	۸۸	۱۳	۳۰
۳	گوجرانوالہ	۱۴	۵۷	۳	۱۴
۴	شیخوپورہ	۱۰	۴۷	۳	۴
۵	راولپنڈی	۸	۹۷	۸	۷۰
۶	گجرات	۱۴	۵۱	۱۰	۱۶
۷	جہلم	۱	۳۰	۰	۷
۸	اٹک	۵	۴۶	۷	۷
۹	میانوالی	۴	۵۴	۹	۴
۱۰	سرگودھا	۱۰	۳۸	۹	۱۴
۱۱	ملتان	۲۳	۵۲	۱۰	۱۳
۱۲	مظفر گڑھ	۷	۷۷	۲	۵
۱۳	ڈیرہ غازی خاں	۱۳	۳۴	۶	۸
۱۴	جھنگ	۱۴	۳۸	۳	۲
۱۵	منٹگمری	۳۷	۶۱	۱۰	۴
۱۶	لائلپور	۱۳	۲۳	۱۱	۱۷
		۲۲۲	۸۹۱	۱۳۲	۲۵۵

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister please state whether it is a fact that the Refugee Department has issued orders that they must pay their rent or evacuate the houses ?

Minister of Revenue : But this question is about the buildings which have been taken over for Government offices.

EVACUEE HOUSES IN POSSESSION OF GOVERNMENT SERVANTS

***2817. Rai Nasrullah Khan :** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state:—

(*a*) the number of evacuee houses in the Province in the possession of the Government servants and the number of locals and refugees among them ;

(*b*) the number of such refugee Government servants who have multiple allotments of houses, *i. e.*, at the place of their permanent settlement and the place of posting ;

(*c*) what action the Government intend to take in this natter ?

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش —(الف - ب - ج) اس بارہ میں اطلاع فراہم کی جا رہی ہے - اعداد و شمار مکمل ہو جانے کے بعد ایوان کے سامنے پیش کئے جائینگے -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. You will remember that during the last session you ruled that a Parliamentary Secretary cannot put a question. Would it be also in order that a Parliamentary Secretary cannot ask a question on behalf of an other honourable member ?

Mr. Speaker : Every member of this House is entitled, to do so. Therefore, a Parliamentary Secretary, as a member of this House, can ask a question on behalf of another member.

REFUGEES FROM U. P. WHOSE PROPERTY IN BHARAT IS IN SAFE CUSTODY OF THEIR OWN RELATIVES

***2818. Rai Nasrullah Khan:** Will the Honourable Minister of Revenue be pleased to state the number of those refugees from U.P. whose property in Bharat is in the safe custody of their own relatives and to whom allotments of evacuee houses, factories and shops have also been made in this Province?

آنریبل مسٹر مظفر علی خاں قزلباش— ہمارے پاس ایسے اعداد و شمار نہیں - ایسی اطلاع جمع کرنا بھی نہایت دشوار ہے - اگر کسی کیس میں اس بات کا پتہ چلتا ہے تو درخواست دہندہ الاٹمنٹ کا مستحق نہیں سمجھا جاتا -

---

PAUCITY OF TRAINED TEACHERS

***2773. Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that there is a paucity of trained teachers in the Punjab ; if so, its extent, the factors responsible for it and the steps Government intend to take in the matter ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم - جی - اے - خاں)— جی ہاں - یہ حقیقت ہے کہ پنجاب میں اینگلو ورنیکولر اساتذہ کی کمی ہے - پنجاب کے مختلف قسم کے مدارس میں کل ۴۴۷۴ اساتذہ ہیں - جن میں سے تین ہزار

پانچ سو انسٹھ تربیت یافتہ ہیں اور بقیہ ایک ہزار دو سو پندرہ غیر تربیت یافتہ ہیں ۔ اس کمی کا باعث مختلف عوامل ہیں ۔ مثلاً غیر مسلم اساتذہ کا پنجاب سے انخلا (تقسیم سے قبل مسلمان اساتذہ کے مقابلے میں غیر مسلم اساتذہ اکثریت میں تھے) ۔ تقسیم کے بعد اینگلو ورنیکولر تعلیم میں بسرعت توسیع ۔ (تقسیم کے بعد اب تک ایک سو چوہتر سکول کھولے جا چکے ہیں) ۔ گریجوایٹ اور انڈر گریجوایٹ حضرات کا کافی تعداد میں دستیاب نہ ہونا ۔ وغیرہ ۔ وغیرہ ۔ اس کمی کو پورا کرنے کیلئے حسب ذیل اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

(۱) تربیتی کالجوں میں ٹیوشن فیس کا خاتمہ کر دیا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں زیر تربیت اساتذہ کو ماہوار وظیفہ دیا جاتا ہے ۔ بی ۔ ٹی ۔ کلاس میں ہر استاد کو مبلغ پچاس روپے اور سی ۔ ٹی کلاس میں مبلغ چالیس روپے ۔

(۲) اسکے علاوہ سی ۔ ٹی ٹیچروں یعنی ایف اے پاس طلبا کی تربیت کے لئے ایک نیا کورس شروع کیا گیا ہے ۔

مندرجہ بالا کے علاوہ ڈرائنگ اور جسمانی تعلیم نیز جونیئر سکولوں کے لئے اساتذہ کی تربیت کے لئے حسب ذیل اقدامات کئے گئے ہیں :

(۱) جسمانی تربیت کا ایک کالج کھولا گیا ہے ۔

(۲) سنٹرل ٹریننگ کالج میں فنی تعلیم کے اساتذہ کی تربیت کیلئے ایک جماعت جاری کی گئی ہے ۔

(۳) لیڈی میکلیگن ٹریننگ کالج میں جونیئر اساتذہ کی تربیت کے لئے ایک کلاس جاری کی گئی ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ — کیا تربیت یافتہ وزرا کی کمی کو دور کرنے کیلئے بھی کوئی اقدامات کئے گئے ہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

حافظ خواجہ غلام سدید الدین — جسمانی تربیت کے متعلق جو کالج کھولے گئے ہیں وہ کہاں کہاں کھولے گئے ہیں ؟

UNEMPLOYMENT IN THE PROVINCE

*1541. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(*a*) whether Government are aware of the fact that this Province is facing a serious problem of Unemployment; if so, the reasons thereof;

(*b*) action Government propose to take in the matter ?

آنریبل شیخ مسعود صادق —(الف) جی ہاں۔ حکومت اس حقیقت سے آگاہ ہے۔

خاص وجوہات حسب ذیل ہیں —

(۱) پناہگزینوں کی آمد، اور

(۲) عام اقتصادی بحران۔

(ب) نئے قصبے، کارخانہ جات وغیرہ بنانے کی بہت سی تجاویز حکومت کے زیر غور ہیں جنکے بروئے کار آنے سے ملازمت کے بہت سے راستے کھل جائینگے۔

Mr. C. E. Gibbon : May I inquire from the Honourable Minister of Industres whether it would not have been in the fitness of things for him to surrender the 50,000 rupees which he took from the Government to furnish his house in order to relieve un-employment ?

Mr. Speaker : Disallowed.

TRADE UNIONS

***2537. Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(*a*) the number of industrial workers organised into Trade Unions registered under the Trade Unions Act 1926 on 1st November, 1953 ;

(*b*) the number of registered Trade Unions in the Province on 1st November, 1953 ;

(*c*) the number of registered Trade Unions recognised by the management of their respective factories ;

(*d*) the number of members of each of the said unions;

(*e*) the number of said unions affiliated to the Pakistan Trade Unions and the confederation of labour ?

آنریبل شیخ مسعود صادق—(الف) ۲,۱۳,۱۹۳

(ب) ۱۲۹

(ج) انتظامیہ پر کسی قسم کی قانونی پابندی عائد نہیں ہوتی کہ وہ ٹریڈ یونینز کی حیثیت کو تسلیم کر لیں اور نہ ہی ان یونیز کی بابت جنہیں وہ رضا کارانہ طور پر تسلیم کرتے ہیں کسی قسم کی اطلاع رجسٹرار ٹریڈ یونینز کو بھیجنی لازمی ہے۔ بہر حال محکمہ محنت کو جو معلومات پہنچی ہیں ان کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ پنجاب میں ۱۳ ٹریڈ یونینز کو انتظامیہ نے تسلیم کر لیا ہے۔

(د) لفظ ''ٹریڈ یونینز'' جو کہ سوال کے اس حصہ میں ہے کچھ مبہم سا ہے۔ بہرحال اگر ٹریڈ یونینز سے مراد وہ یونینز ہیں جن کا ذکر

حصہ (ج) میں کیا گیا ہے تو ان کے متعلق ضروری معلومات ایک گوشوارہ میں دی گئی ہیں جو کہ ایوان کی میز پر رکھدیا گیا ہے۔

(ر) ''پاکستان ٹریڈ یونین،، اور ''کنفڈریشن آف لیبر،،۔ جیسی کوئی جماعت اس صوبہ میں بطور ٹریڈ یونین رجسٹرڈ نہیں ہے۔ اگر محترم ممبر کی مراد ''پاکستان ٹریڈ یونین،، سے ''پاکستان ٹریڈ یونین فیڈریشن ہے جو اس صوبہ میں بطور ٹریڈ یونین کے رجسٹرڈ ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ اس اطلاع کی بنیاد پر جو کہ قانونی رو سے رجسٹرار کے پاس بھیجنی ضروری نہیں ہیں ۷ یونینز کا اس فیڈریشن سے الحاق ہے جن میں سے ۲ انتظامیہ کی تسلیم شدہ ہیں۔

گوشوارہ برائے رجسٹرڈ ٹریڈ یونینز تسلیم شدہ از انتظامیہ —

(۱)	این ۔ ڈبلیو ۔ آر یونین لاہور	۱۶,۵۵۰
(۲)	دی پنجاب مائنرز لیبر یونین کھیوڑہ	۱,۸۳۰
۳)	دی الیکٹریکل و مکینیکل ورکرز یونین کھیوڑہ	۲۲۰
(۴)	دی پروسس سروننگ ایسٹابلشمنٹ یونین گوجرانوالہ	۸۳۲
(۵)	دی پنجاب گورنمنٹ پرنٹنگ پریس ورکرز یونین لاہور	۱۹۰
(۶)	اے ۔ سی ۔ سی ۔ آئی ورکرز یونین کھیوڑہ	۴۷۹
(۷)	پاکستان پنجاب ۔ این ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ پی پوسٹ مین لوئر گریڈ آر ایم ۔ ایس سٹاف یونین لاہور	۲,۲۵۵
(۸)	انجمن پٹواریاں مال پنجاب لاہور	۳,۱۹۰
(۹)	باٹا مزدور لیگ باٹا پور	۱,۵۸۲
(۱۰)	پنجاب گورنمنٹ کاٹن ملز ورکرز یونین لاہور	۱,۱۰۸
(۱۱)	انجمن منٹ ملازمین شالا مار ٹاؤن لاہور	۳۸۳
(۱۲)	دی گرانڈلے بنک لمیٹڈ لاہور سٹاف یونین لاہور	۵۵
(۱۳)	پاکستان آکسیجن ورکس لیبر یونین لاہور	۱۰۷

Syed Amir Hussain Shah : Sir, the Honourable Minister of Industries has said in reply to part (*d*) of the question that it is vague. May I know Sir, why he finds it vague ?

Mr. Speaker : But he has given the reply.

Syed Amir Hussain Shah : But he qualified his answer with the remark that part (*d*) is vague.

Mr. Speaker : The point is whether it has been answered or not.

Syed Amir Hussain Shah : But it cannot be the correct answer because he has qualified it.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Honourable Minister of Industries please state whether it is a fact that quite a number of Trade Unions have not been registered because they have failed to give an undertaking that they would be good members and would not cause annoyance to the Government ?

Minister : It is wrong.

Syed Amir Hussain Shah : Will the Honourable Minister of Industries please say whether it is a fact that being a Minister of Industries as well as Labour, he cannot watch the interests of the labour ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister of Industries please say whether it is a fact that in the case of a number of Trade Unions he has personally declared them to be Communist inspired?

Minister : It is a lie (*interruptions*).

Mr. Speaker : Will the Honourable Minister please withdraw the word "lie" ?

Minister : I withdraw, Sir.

STANDING ORDERS FOR EMPLOYEES OF FACTORIES

***2538. Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the number of work committees organised in the Province during the year 1953 ending with 1st November ;

(*b*) the number of registered factories in the Province which have framed Standing Orders for their employees and got them properly registered by the Labour Department ;

(*c*) the number of registered factories in the Province which have not so far framed Standing Orders for their employees and the action the Government propose to take against them ?

آنریبل شیخ مسعود صادق —(الف) دو۔

(ب) نو—

(ج) ایک سو ستتر کارخانہ جات نے ابھی تک سٹینڈنگ آرڈرز نہیں بنائے جن میں سے تین پر مقدمہ چلایا گیا اور باقیوں کو نوٹس دیا جا رہا ہے کہ وہ ۳۱ دسمبر ۱۹۵۳ء تک آرڈرز بھجوائیں ورنہ اس تاریخ کے بعد ان پر مقدمہ چلایا جائیگا۔

INDUSTRIAL STRIKES

*2539. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state :—

(*a*) the number of industrial strikes which have taken place in the Province during the period from 1st November, 1952 to 1st November, 1953 and the nature of the main issues in such strikes ;

(*b*) whether the Government have evolved any machinery to settle the labour disputes; if so, the powers of the authority appointed for the purpose ;

(*c*) the number of disputes settled by this authority before the workers actually went on strikes during the period from 1st November, 1952 to 1st November, 1953 and the extent to which the managements of industrial concerns abided by the decisions of such authority ?

آنریبل شیخ مسعود صادق—(الف) ایک۔ معزول شدہ کاریگروں کی بحالی کا مطالبہ۔

(ب) ہاں۔ لیبر کمشنر اور ڈپٹی لیبر کمشنر کو حکومت پنجاب نے انڈسٹریل ڈسپیوٹ ایکٹ ۱۹۴۷ء کے تحت صلح صفائی کرانے والے افسر مقرر کیا ہے۔ ایک صلح صفائی کرانے والا بورڈ۔ ایک تحقیقاتی عدالت اور انڈسٹریل ٹریبیونل اسی مقصد کے لئے قائم کیا جا سکتا ہے۔ تاکہ اسکو متنازع فیہ امور بھیجے جائیں۔ ماسوائے انڈسٹریل ٹریبیونل کے جسکا فیصلہ اگر حکومت تسلیم کر لے تو طرفین کے لئے ماننا ضروری ہوگا دیگر ادارے باعثی گفت و شنید سے صلح صفائی کراتے ہیں۔

(ج) چھ تنازعوں کا صلح صفائی سے فیصلہ کیا گیا جن میں کاریگروں نے ہڑتال کر دینے کا نوٹس دیا ہوا تھا۔ ان سب میں مالکان نے صلح صفائی کرانے والے افسروں کی مدد سے کئے ہوئے راضی ناموں کی شرائط کی پابندی کی۔

Syed Amir Hussain Shah : Sir, the Honourable Minister of Industries has stated that there was only one strike; may I ask the Honourable Minister whether this includes the strike which was settled by the Central Labour Commissioner ?

Minister : We are concerned with the Provincial Authorities.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister please say whether he offered to arbitrate when a strike notice was given to the Mint ? Whether he offered to arbitrate on behalf of the Trade Union ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Amir Hussain Shah : Will the Honourable Minister of Industries please state the basis on which the work is divided between the Centre and this Province regarding the settlement of strikes ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister of Industries please say whether in order to prevent a strike the other day in the Mint he asked the Honourable Chief Minister to declare Section 144 in Lahore ?

Mr. Speaker : Disallowed.

UNSTARRED QUESTION AND ANSWER

ROAD BETWEEN JHANG AND CHINIOT

456. Maulvi Muhammad Zakir : Will the Honourable Minister of Public Works be pleased to state the date by which the Government intend to undertake the construction and metalling of the road between Jhang and Chiniot which had been included in "Six-Year Road Development Plan" ?

آنریبل سردار محمد خاں لغاری – جھنگ چنیوٹ روڈ کی تعمیر کا کام روپے کی دستیابی پر شروع ہوگا۔ سر دست اس کو شروع نہیں کیا جا رہا ہے۔

DEMAND FOR GRANT

Mr. Speaker : Before we take up the cut motions on the order paper I should like to invite the attention of the whole House to the fact that during the last two or three days ofthe discussion I noticed with regret—although I did not deliberately prevent membersfrom saying what they were saying—that the scope of the discussion on the cuts was not kept in view by several honourable members when they were presenting their cut motions or speaking on those of other honourable members....

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Except myself.

Mr. Speaker : I would, therefore, request all honourable members kindly to bear in mind the very important fact that whenmoving cuts, they can, no doubt, discuss the policy underlying that cut but not a word should be said about the general policy and no political speeches should be made. In particular I would ask the Treasury Benches to give a higher tone to the debate so that their speeches should be a model for the whole House.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of information. Will Your Honour be so kind as to tell us the difference between a speech on a cut motion and a political speech ?

Mr. Speaker : A 'Political speech' means a general talk—a speech which can be made outside the Mochi Gate (*laughter*).

AGRICULTURE

Ministers of Agriculture : (THE HONOURABLE SARDAR ABDUL HAMID KHAN DASTI Sir, I beg to move—

That a sum not exceeding Rs. 60,87,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Agriculture.

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a sum not exceeding Rs. 60,87,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March 1955, in respect of Agriculture.

Direction

***میاں عبدالباری** (لائلپور نمبر ۷ - مسلم) – صدر محترم - کیا جناب اجازت دینگے کہ میں اپنی کٹ موشنز نمبر ۱ - ۱۱ اور ۱۲ اکٹھی پیش کروں ؟

صاحب سپیکر – یہ مختلف مدات کے متعلق ہیں ۔

میاں عبدالباری – جناب صدر - میں جناب سے بادب اجازت چاہتا ہوں کہ یہ تحریک پیش کروں کہ ۱۹,۸۰۰ روپیہ کی رقم برائے ڈائرکٹر زراعت میزانیہ سے حذف کی جائے۔

---

*Uncorrected speech.

جناب والا ۔ میرا اس تحریک کے پیش کرنے سے مقصد یہ ہے کہ میں اس سست رفتاری اور زبون حالی کی کیفیات آپ کے سامنے پیش کروں جو تقسیم ملک کے بعد محکمہ زراعت کو درپیش ہیں اور جن سے محکمہ زراعت اس وقت دوچار رہا ہے ۔ میری اس تحریک سے قطعی یہ مطلب نہ سمجھا جائے کہ میں کسی کی ذات کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ محکمہ زراعت کی اہمیت ایک مسلمہ امر ہے ۔ اس محکمہ کی فلاح و بہبود پر نہ صرف پنجاب کی بلکہ تمام پاکستان کی فلاح و بہبود کا دارو مدار ہے ۔ اور مجھے یقین ہے کہ جو صاحب تنگ نظری سے نہیں بلکہ وسیع النظری سے اس چیز کو دیکھینگے وہ میرے ساتھ متفق ہونگے کہ تقسیم ملک کے بعد محکمہ زراعت دن بدن رو بہ انحطاط ہے ۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ہندو اور سکھ جو اس میں ایکسپرٹ تھے وہ تقسیم ملک کے بعد ہندوستان چلے گئے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جو مالی سلوک اس محکمہ سے ہوتا رہا ہے وہ اسقدر سخت گیرانہ ہے جسکا کوئی حساب نہیں ۔ جس طریق پر انگریز اس محکمہ کے ساتھ اور دیگر رفاہی محکموں کے ساتھ سلوک کرتے تھے ویسا ہی سلوک ان محکموں سے اب کیا جاتا ہے اور اسکا ایک چربہ بنا کر پیش کر دیا جاتا ہے ۔ آپ نے جو رقم اس محکمہ کے لئے اس سال مخصوص کی ہے وہ پچھلے سال سے کم ہے اور پچھلے سال جو مقرر کی تھی وہ اس سے پچھلے سال سے کم تھی اور اس سے پچھلے سال کی رقم اس سے پہلے سال سے کم تھی ۔ یعنی ہر سال یہ رقم گھٹتی جا رہی ہے اور اسکی وجہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ میزانیہ میں آپکا سیکریٹیریٹ وہی پرانے دور کا چربہ بنا کر پیش کر دیتا ہے اور جو ٹیکنیکل ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ہے اسکی شاید یہ جرأت نہیں ہے کہ وہ پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد صوبہ میں زراعت کی ترقی کے متعلق کم سے کم ضروریات کو بھی پورا کرنے کے لئے حکومت پر زور دے سکے اور اگر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نے ان چیزوں کو پیش نہیں کیا تو یہ اسکا قصور ہے ۔ اس کو اس پرانے طرز عمل پر نہیں چلنا چاہئیے کہ انگریز نے جو کہہ دیا کہ اس قسم کا نقشہ ہونا چاہئیے تو نچلے ملازمین نے ہاں میں ہاں ملا کر کہدیا ''بہت اچھا جناب والا،، ۔

ڈائریکٹر ایک ٹیکنیکل آدمی ہونا چاہئیے جو اپنے محکمہ کی minimum ضروریات کو پورے زور کے ساتھ سیکریٹیریٹ میں پیش کر سکے اور اسکے کم سے کم مطالبات سیکریٹیریٹ میں منظور کئے جانے چاہئیں ورنہ اگر

سیکریٹیریٹ ''غیر ٹیکنیکل،، ہونے کیوجہ سے ٹکنیکل ماہرین کے مطالبات نامنظور کرتا جائے تو کوئی فنی ترقی نہیں ہو سکے گی۔ یہ ایک ایسی فرو گذاشت ہے جسے فوراً دور کر دینا چاہئیے قوم کی بنیادی اصلاح و فلاح کا دار و مدار زراعت پر ہے۔ اسکی ٹیکنیکل اصلاح و ترقی کے راستے میں غیر ٹیکنیکل سیکریٹیریٹ کو رکاوٹ نہیں بننا چاہیئے مگر بڑی مصیبت یہی ہے کہ اکثر و بیشتر ٹکنیکل محکموں کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ماہرین فن نہیں ہوتے بلکہ Laymen ہوتے ہیں ان کو فنی علم نہیں ہوتا حالانکہ ویسے وہ سی۔ ایس۔ پی یا پی۔ سی۔ ایس کے قابل و فاضل رکن ہونے کے باعث ہزارہا قابلیتیں رکھتے ہیں مگر یہ حضرات ٹیکنیکل نہیں ہوتے۔ انگریزی عہد سے لیکر اب تک یہی رسم چلی آتی ہے کہ ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ آف ڈیپارٹمینٹ ایسے ہی حضرات کو بنا دیا جاتا ہے مثلاً محکمہ زراعت اور محکمہ صنعت و حرفت کو دیکھئے ان میں سے ڈائرکٹر آف انڈسٹریز تو کبھی اس فن کا ماہر نہیں ہوا۔ ہمیشہ ایک ایسے افسر کو ہی اس کا انچارج مقرر کیا جاتا رہا ہے جو کہ صنعت و حرفت کا ماہر نہ ہو۔ باوجود دیگر ہزار خوبیوں کے وہ صنعت کا ماہر نہیں ہوتا زراعت میں یہی حال ہے ایگریکلچر پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کا سیکریٹیریٹ ماہرین فن پر مشتمل نہیں ہوتا۔ زراعت کی سیکریٹیریٹ کے افسر غیر ماہر لوگ ہوتے ہیں۔ اکثر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ٹیکنیکل نہیں ہوتے اور اس محکمہ کی بہتری کو نہیں سمجھ سکتے۔ لہذا وہ نہایت ہی مفید فنی تجاویز کو ٹھکرا دیتے ہیں اس لئے آنریبل وزیر زراعت کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ جس طرح سے ہو سکے چاہے کوئی کمیٹی مقرر کرکے چاہے کسی اور طریق سے یہ انتظام کریں کہ محکمہ زراعت کا کوئی minimum پروگرام مقرر کرکے اسکے لئے minimum رقم مخصوص کر دیں جس سے کم تر رقم کی منظوری محال ہو جائے اور مطلوبہ پروگرام کے مطابق مقررہ رقم ضرور منظور ہو جایا کرے۔ صوبہ پنجاب کے موجودہ بجٹ میں زراعت کے لئے جو رقم مخصوص کی گئی ہے وہ سارے میزانیے کا ۰٫۵ فیصد حصہ ہے۔ اسکے برعکس امریکہ میں کل میزانیے کا ۲۰ فیصد حصہ زرعی ترقی پر صرف ہوتا ہے۔ اور جاپان میں جو کہ زرعی ملک بھی نہیں بلکہ ایک صنعتی ملک ہے کل میزانیے کا دس فیصد حصہ زراعت پر خرچ کیا جاتا ہے مگر پنجاب میں جو کہ زرعی صوبہ ہے کل میزانیے کا صرف ۰٫۵ فیصد زراعت پر خرچ کیا جاتا ہے۔ اصل میں انگریز نے نمائشی طور پر جو رقم مخصوص کی تھی اس میں کوئی حقیقی اضافہ نہیں کیا گیا۔ مگر جب تک اس محکمہ کی تجدید

نہ کی جائے گی صوبہ کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔ ہمارے وزرائے کرام اگر پرسنل اسسٹنٹ رکھنے اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو ڈوپلیکیٹ کرنے کی بجائے صبر و انتظار سے کام لیتے تو اسی بجٹ سے محکمہ زراعت کی ترقی ہوسکتی تھی۔

جناب صدر۔ ہمارے صوبے میں زرعی ریسرچ کیطرف بہت کم توجہ دی گئی ہے اور جو ریسرچ ایکسپرٹ اس کام پر مامور ہیں وہ بھی اطمینان خاطر سے محروم کر دیئے گئے ہیں ان میں سے جو Retirement کے قریب ہو اسکی جگہ نیا افسر لانے کے لئے وقت سے پہلے کوئی انتظام نہیں کیا جاتا اور وقت گذر جانے کے بعد حکام پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں یعنی جس جس کو اپنا ''چانس،، نظر آتا ہے اس بھاگ دوڑ میں شریک ہو جاتا ہے کہ جسطرح ہو سکے تگ و دو کرکے میں ہی ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ لگ جاؤں۔ میں نیت پر حملہ نہیں کرتا۔ اصل میں کوئی پالیسی متعین نہیں کی جاتی بلکہ دائیں بائیں آگے پیچھے نیچے اور اوپر سے جو آدمی زیادہ ہاتھ پاؤں مار کر آگے بڑھ جائے حکومت اُسی کو افسر انچارج مقرر کر دیتی ہے۔ اور امیدواروں میں خود ہی دوڑ دھوپ کرانے کا موجب ہوتی ہے۔ بسا اوقات ایک ریسرچ سکالر کے ریٹائر ہو جانے کے بعد بیس بیس دن تک اور مہینوں تک رسہ کشی جاری رہتی ہے کہ کون اس مرتبہ کو پالے۔ حالانکہ ریسرچ قابلیت کا واضح ثبوت ہی واحد معیار ہونا چاہئے اور اگر دائین بائین کے افسروں میں یہ مفقود ہو تو میں کہونگا کہ حکومت بیشک غیر ممالک سے ماہرین طلب کر لیا کرے۔ اس میں کوئی قباحت نہیں ہوگی۔ ہندوؤں اور سکھوں کے چلے جانے کے بعد کچھ تو ایکسپرٹ کم ہو گئے ہیں اور کچھ کوشش بھی جاری نہیں رکھی گئی کہ پیش بندی سے کام لیکر ایکسپرٹ تیار کر لئے جائیں یا ڈھونڈ لئے جائیں یا غیر ممالک سے منگا لئے جائیں۔ دوسری خامی یہ ہے کہ ریسرچ کے نتائج کی مناسب تشہیر نہیں کی جاتی۔ ان کو fields میں فوراً منتقل نہیں کیا جاتا اور لوگوں کو فوراً بتایا نہیں جاتا۔ ریسرچ کے نتائج کا پراپیگنڈا وسیع اور موثر طور پر کرنا چاہئیے اور ملک کے کونے کونے میں اسکو announce کرنا چاہیئے تا کہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں۔ دیہات میں اس پراپیگنڈے کا کوئی انتظام نہیں ہے زرعی ریسرچ کے ساتھ ساتھ ایک الگ پبلسٹی سیکشن ہونا چاہیئے جو آسان لٹریچر کاشتکاروں کو مہیا کرکے مناسب مشورے دیا کرے۔ مگر عالم یہ ہے کہ وہاں ایک رونیو مشین تک نہیں جس پر معلومات چھاپ کر فوراً ایگریکلچرل اسسٹنٹوں تک ہی پہنچائی جا سکیں۔ Sound and Visual equipment بھی مہیا نہیں کی جاتی۔ اور لوگوں

کو آپ دکھا رہے ہیں کہ ہمارے پاس فلاں فلاں چیزیں ہیں ۔ ارے آپ کے پاس تو سارے پنجاب میں Sound Equipment نہیں ہے ۔ آپ کے پاس سارے صوبے میں ایک جیپ تک نہیں ۔ ایک دن اتفاق سے میرے گاؤں میں محکمہ زراعت والوں کی ایک جیپ آ نکلی ۔ میں نے ان سے پوچھا کہ جیپ آپ کے پاس کہاں سے آ گئی ۔ کہنے لگے امریکہ نے دی ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں تک کاشتکاروں کو ہدایات دینے کے لئے اس محکمے کے پاس جیپیں ہونی چاہیئیں ۔ حال یہ ہے کہ ان کے پاس جیپ چھوڑ بائیسکل تک نہیں ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ ان چیزوں کا ہونا ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ زراعت کی ہدایات کے لئے انگریزوں کے وقت میں Poster چسپاں کئے جاتے تھے ۔ اس وقت کے چند Posters ان کے پاس چھپے پڑے ہیں جن سے کام لیا جاتا ہے ۔ اس محکمے سے اتنا نہیں ہو سکا کہ ان کو چھپوا کر لوگوں میں تقسیم کر سکے ۔ زبانی بہت کچھ کہا جاتا ہے ۔ Field Work کے متعلق احساس کا بڑے زور شور سے اظہار کیا جاتا ہے ۔ مگر جب Means پر نظر ڈالتے ہیں تو ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتے ۔ یہ کیفیت ہمارے اس محکمے کی ہے جس کا اس صوبے کی بنیادی صنعت سے تعلق ہے ۔

علاوہ ازیں اس محکمے کی ریسرچ اور دیگر سرگرمیوں کا دارو مدار جن لوگوں پر ہے ان کی حالت ملاحظہ ہو ۔ ان اہلکاروں کو ایگریکلچرل اسسٹنٹ اور مقدم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔ دیہات میں محکمہ زراعت کی ہدایات کے مطابق کاشت کرانے اور اس کی ہدایات پھیلانے کے لئے ایک تحصیل میں دو یا تین مقدم رکھے جاتے ہیں ۔ اور ایک بڑی تحصیل میں جہاں دو ۔ تین ۔ پانچ یا آٹھ سو دیہات ہوں ایک آدھ زیادہ ہوتا ہوگا ۔ آپ خیال فرمائیں ۔ اتنے زیادہ دیہات کیلئے اس قدر قلیل تعداد میں مقدموں کو تعینات کرنا جن کے پاس نہ کوئی بائیسکل ہے اور نہ جیپ کیسے مفید نتائج کا حامل ہو سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جس قدر یہ محکمہ اپنے ملازمین سے بد سلوکی کر رہا ہے اس کی مثال آپ کو کہیں نہ ملے گی ۔ یہ ایگریکلچرل اسسٹنٹ جو زراعتی کالج لائلپور کے Diploma holders ہوتے ہیں ۔ ان کو سائنس کی تعلیم سب سے زیادہ دی جاتی ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ دوسرے کالجوں کے ایم ۔ ایس ۔ سی سے بھی بہتر ہوتے ہیں ۔ جب یہ محکمہ جنگلات میں جاتے ہیں تو انہیں ساڑھے تین سو روپے ماہوار پر ملازم رکھا جاتا ہے ۔ اور محکمہ آبپاشی والے تو اڑھائی

سو روپے ماھوار پر آنے کیلئے ان کی منت سماجت کرتے ھیں ۔ لیکن جب وہ اس محکمہ زراعت کے پاس آتے ھیں تو انہیں ۱۲۰ — ۱۰ — ۳۰۰ روپے کے سکیل میں رکھا جاتا ھے ۔ کس قدر شرم کا مقام ھے کہ جو محکمہ سب سے زیادہ ضروری ھے اس نے اپنے کالج کے پاس شدہ امیدواروں کی ملازمت کیلئے ۱۲۰ — ۱۰ — ۳۰۰ روپے ماھوار کا گریڈ مقرر کیا ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ ایگریکلچرل اسسٹنٹ محکمہ جنگلات اور محکمہ آبپاشی کو محکمہ زراعت پر ترجیح دیتے ھیں ۔ اس لئے آج بھی ایگریکلچرل اسسٹنٹوں کی منظور شدہ چالیس آسامیاں خالی پڑی ھیں اور کوئی شخص ان کی طرف رجوع نہیں کرتا۔

جناب والا ۔ اب میں مقدموں کے متعلق کچھ عرض کرتا ھوں ۔ یہ محکمہ مقدموں کے ساتھ بدترین انسانوں کا سا سلوک کر رھا ھے ۔ مقدم بننے کیلئے پہلے تو انٹرنس پاس ھونا ضروری ھوتا ھے ۔ پھر ایک سال کی ٹریننگ دی جاتی ھے ۔ اس کے بعد مقدم کے فرائض ان ملازمین کے سپرد کئے جاتے ھیں ۔ تین چار مقدموں کو چار پانچ سو گاؤں کیلئے مقرر کیا جاتا ھے اور ان کی تنخواھوں کا سکیل کیا ھوتا ھے ۔ ۴۰ — ۲ — ۶۰ روپے ۔ یہ تنخواہ اس قدر کم ھے کہ گاؤں میں اتنی تنخواہ پر کوئی اچھا ھل چلانے والا بھی نہیں ملتا ۔ کسقدر افسوس کا مقام ھے کہ یہ وزراء جو ھر وقت یہ دعویٰ کرتے ھیں کہ ھمیں کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تکالیف کا احساس ھے Pay Commission کی رپورٹ پر ان بد قسمت مقدموں کے حق میں عملدرآمد نہیں کرا سکے ۔ میں جانتا ھوں کہ وہ اس کا جواب کیا دینگے ۔ یعنی یہ کہ ان میں سے بیس فیصدی آسامیاں Selection Grade کی ھوتی ھیں جن کی تنخواہ کا گریڈ ۶۵ — ۳ — ۸۰ روپے ھے ۔ اس قلیل تنخواہ کی وجہ سے مقدموں کی بیس ۔ تیس کے قریب آسامیاں آج بھی خالی پڑی ھیں ۔ اس سلسلے میں حکومت کو مناسب اقدام کرنا چاھیئے اور ان آسامیوں کو پر کرنے کیلئے تنخواہ میں اضافے کے ساتھ تعداد میں بھی اضافہ کرنا چاھیئے ۔

جناب والا ۔ اس محکمے کی ایک خصوصیت یہ ھے کہ انگریز جو چیزیں جس شکل میں یہاں چھوڑ گیا تھا وہ ویسی کی ویسی آج بھی موجود ھیں ۔ ان میں ذرہ بھر فرق نہیں آیا ۔ اگر مسلم لیگی حکومت صنعتوں کو گذشتہ چھ سال میں develope کرنے کی کوشش کرتی تو اس سے صوبے کی اقتصادی حالت بہت بہتر ھو سکتی تھی ۔

Poultry Farm ایک ایسی صنعت ہے جو ایک کسان اور کاشتکار کے کنبے کی سال بھر کی ضروریات کی کفالت کر سکتی ہے۔

اس کے علاوہ Bee Farming یعنی شہد کی مکھیوں سے شہد حاصل کرنے کی صنعت ہے۔ میں آپ کی وساطت سے وزرائے کرام کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ لائلپور اکثر دورے پر تشریف لے جاتے ہیں۔ افسران وغیرہ آپ کے استقبال کیلئے آتے ہیں۔ ملاقاتیں وغیرہ ہوتی ہیں۔ کیا آپ نے کبھی یہ بھی خیال فرمایا ہے کہ وہاں کی صنعتوں کو ملاحظہ کرنے کے بعد ترقی دینے کی کوئی سکیم بنائی جائے۔

Bee Farming کے بعد Dairy Farm Section اور Poultry Farm وغیرہ ہیں۔ Poultry Farm کی حالت یہ ہے کہ وہاں مرغیوں کی تعداد روز بروز کم ہوتی جا رہی ہے۔ (ایک آواز۔ مرغیوں کو بیماری پڑ جاتی ہے)۔ یہ غلط ہے۔ مجھے معلوم ہے۔ اس کی طرف توجہ نہ دینے کی وجہ سے اس کی حالت بالکل خراب ہو رہی ہے۔

جناب والا۔ Bee Farming کے متعلق میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر اس کی طرف حکومت توجہ دے تو شہد جیسی مفید چیز سستے داموں مہیا کی جا سکتی ہے۔ امریکہ میں چار آنے اور چھ آنے سیر شہد ملتا ہے اور وہاں ہر ایک کاشتکار نے اپنے گھر میں مکھیوں کے Home بنائے ہوتے ہیں۔ مگر لائلپور کا Bee Form ایسی بری حالت میں ہے کہ اگر آپ جا کر اسے دیکھیں تو آپ کو شرم آ جائے۔ کیا یہ چیزیں ضروری نہیں جنہیں آپ نے شروع تو کر دیا مگر پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش نہیں کی۔

جناب والا۔ زبانی طور پر احساس کا اظہار کرنے میں ہمارے وزراء پیش پیش ہیں لیکن عملی طور پر ایک قدم بھی نہیں بڑھ سکتے۔ مسلم لیگ حکومت نے اپنی چھ سالہ حکومت میں ان صنعتوں پر ایک Layer بھی نہیں چڑھائی۔ یہ کھلونا جس طرح انگریز چھوڑ گیا تھا ویسے کا ویسا ہی رہنے دیا گیا ہے۔ جو روز بروز زوال پذیر ہو رہا ہے۔ میں نے ان کے متعلق سوالات کرکے بھی دیکھ لیا ہے۔ ان کے جوابات خوبصورت کاغذ میں لپیٹ لپاٹ کر دینے کی کوشش کی جاتی ہے جسے کھولنے پر اندر سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔

جناب والا۔ Vegetables کے متعلق جو فارم ہے اس کے متعلق میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کا موجودہ سٹاف بالکل نا کافی ہے۔ اس شعبے

کا ایک Head ہے ۔ ایک اسسٹنٹ ۔ دو آدمی اس کے ساتھ اور چند آدمی Field میں کام کرنے والے ہیں ۔ ان اہلکاروں کے متعلق آپ غور فرمائیں کہ وہ لائلپور میں کس حد تک کامیابی سے کام کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ Realistically دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ عملہ اپنا کام چلا ہی نہیں سکتا ۔ اس وزارت کے اس رویے سے ظاہر ہوتا ہے کہ انگریز جس طرح بجٹ کے ہندسے ڈال گیا ہے اسے گھٹانے کی جرأت تو کر لیتے ہیں مگر بڑھانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے ۔

Fruit Section کی کیفیت یہ ہے کہ اول تو دو تین سال تک Fruit Specialist مقرر ہی نہیں ہوا اور جب مقرر ہوا ہے تو محکمہ کی روزانہ مداخلت کی وجہ سے اس کا تقرر مفید ثابت نہیں ہوا ۔ اس کے تقرر کے بعد چاہیئے تو یہ تھا کہ ان پھلوں کے پودے جن کی پاکستان میں کمی تھی اور جن کے ذخائر ہندوستان میں تھے ۔ بہترین قسم کے پودے حاصل کرکے یہاں لگائے جاتے اور اگر ممکن ہو سکتا تو عوام میں بھی Free تقسیم کئے جاتے ۔ مگر افسوس کہ اس سلسلے میں بھی کچھ فہیں کیا گیا اور جو تھوڑے بہت پودے ان کو مہیا ہوئے ان کو سرمایہ داروں کے ہاتھ پانچ پانچ اور چھ چھ سو روپے کو بیچا ۔

جناب والا ۔ تقسیم ملک کے بعد پاکستان میں آموں کی بہت قلت محسوس کی جارہی ہے ۔ لہذا آم کے زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کی ضرورت ہے ۔ اس کا پودا پہلے سوا روپے کو ملتا تھا مگر اب اس کی قیمت پانچ روپے کر دی گئی ہے ۔

وزیر زراعت — پہلے اڑھائی روپے کو دیا جاتا تھا ۔

میاں عبدالباری — اس طرح پھلوں کے پودے اول تو ملتے ہی بہت کم ہیں ۔ اور اگر ملتے ہیں تو ان کی قیمت بہت زیادہ وصول کی جاتی ہے ۔ جس کی وجہ سے ان کی کاشت پر بہت برا اثر پڑتا ہے ۔ اس سے ظاہر ہے کہ ان پودوں کو پھیلانے کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر زراعت کی خدمت میں عرض کرونگا کہ مجھے ان سے ایک گلہ کرنا ہے ۔ وہ یہ کہ پچھلے سال جب وہ وزیر تعلیم تھے تو انہوں نے محکمہ تعلیم کے لئے بہت زیادہ رقم حاصل کی تھی ۔ مگر اب کے معلوم نہیں انہوں نے کس خیال کے تحت اتنے ضروری محکمے کے لئے اتنی کم رقم پر اکتفا کی ہے ۔ معلوم

یوں ہوتا ہے گویا انہوں نے اس محکمے کی ضرورت محسوس نہیں کی جس کے پیش نظر انہوں نے زیادہ رقم وصول کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔

Mr. Speaker : Demand under consideration motion moved is—

That the item of Rs. 19,800 on account of A—Direction—Director of Agriculture be omitted.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر۹ - مسلم) — حضور والا - عزت مآب قائد حزب اختلاف نے تحریک تخفیف پیش کرنے کی وجوہات پر پوری شرح و بسط سے روشنی ڈالی ہے - میں تائید کے طور انہی باتوں کی اہمیت پر زور دینے کے لئے چند گذارشات کرنا چاہتا ہوں - ممکن ہے اعادے اور تکرار کی وجہ سے حکومت کے ذہن نشین ہو جائیں -

اگر حضور ان رقوم کی طرف توجہ فرمائیں جو سال گذشتہ و سال رواں میں اس محکمے کے مصرف کے لئے مختص ہوئی تھیں تو آپ سال آئندہ کی رقوم میں کم از کم چار لاکھ روپے کی کمی پائیں گے - سال رواں میں اس محکمے کے مصرف کیلئے .....

صاحب سپیکر — تمام Items کے متعلق آپ بحث نہیں کر سکتے - اس وقت آپ صرف زیر بحث Item کے متعلق ہی اظہار خیال کر سکتے ہیں

چودھری محمد افضل چیمہ — بہر حال مجموعی طور پر اس محکمے کے مصرف میں بڑی کمی کر دی گئی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ حکومت اس محکمے کی اہمیت اور ضرورت کو اور بالخصوص اس کی توسیع اور ترقی کی اہمیت کو کما حقہ، محسوس نہیں کرتی -

حضور والا - میں کسی سربستہ راز کا انکشاف نہیں کرتا اگر میں یہ کہوں کہ آپکا ملک ایک زرعی ملک ہے اور آپکے صوبے کی ۸۰ فیصدی آبادی دیہات میں آباد ہے اور بیشتر لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت اور کاشتکاری ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو تمام صوبے کی آبادی کیلئے محنت شاقہ سے رزق مہیا کرنے کی کوشش کرتے ہیں - چاہئیے تو یہ تھا کہ جس خطرناک غذائی بحران سے ہم دو چار رہے ہیں اسکے بعد ہماری تمام تر توجہات کا مرکز سب سے زیادہ اس اہم اور ضروری محکمے کی ترقی ہوتی - مگر مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے اس کی توسیع اور ترقی کے اسباب مہیا کرنے کی بجائے اس کے مصرف میں بہت حد تک کمی کر دی ہے - اگر حضور اس محکمے کی آمدنی پر غور فرمائیں تو میرے خیال میں وہ ۳۰ لاکھ روپے سے زیادہ اس محکمے سے آمدنی حاصل کر رہے ہیں اور انکے طرز

عمل سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس محکمے کو ایک مالیاتی ادارے کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ حضور والا۔ یہ حسن اتفاق ہے کہ ہمیں ایک بڑا مفید تحقیقاتی ادارہ زراعتی کالج کے نام سے ورثہ میں مل گیا۔ مگر جیسا کہ فاضل قائد حزب اختلاف نے اسکی وضاحت فرمائی ہے اسکے تمام شعبوں میں ہم دیکھ رہے ہیں کہ بتدریج انحطاط اور زوال کی صورت نظر آ رہی ہے۔ جہاں تک تحقیق و تدقیق کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اسکی اہمیت کو کما حقہ، محسوس کرتے تو اس محکمہ کے انچارج ڈائرکٹر کو Full fledged سیکرٹری کی حیثیت دیدیتے۔ یہ چیز بجائے خود اس بات کی نشان دہی کرتی ہے کہ حکومت اس محکمے کو پوری اہمیت نہیں دے رہی۔ کیا وجہ ہے دوسرے محکموں کے ہیڈز تو حکومت کے سیکرٹری ہیں لیکن اس محکمہ کے ہیڈ کو آپ باقاعدہ Full fledged سیکرٹری کا منصب عطا نہیں کرتے۔

حضور والا۔ اسکے بعد اس سلسلے میں دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ صنعت زراعت کی ترقی کا دارو مدار صرف اس چیز پر نہیں ہے کہ آپ گندم یا نیشکر کے ترقی یافتہ بیج عوام کو مہیا کریں۔ ہم نے اپنے فرسودہ اور قدیم طریقہ ہائے کاشت میں انقلابی تبدیلیاں پیدا کرکے پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ کی بجٹ کی تقریر کے صفحہ ۳۰ میں درج ہے۔

"The Provincial Government also intends to examine the possibility of bringing the village Aid Administration, Panchayats and the Maqadam Organisation of the Department of Agriculture under one single Department."

یہ بالکل میرے دلی جذبات کی ترجمانی تھی اور۔

میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے۔

ضور خیال فرمائیں۔ الفاظ یہ ہیں۔

"The Government also intends to examine the possibility."

اس سے مراد یہ ہے کہ سر دست حکومت اسکے امکانات پر صرف غور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

"Intends to examine the possibility".

یعنی سر دست حکومت محکمہ زراعت کی مختلف برانچوں کو یکجا کرنیکے امکانات کا جائزہ لینے کیلئے غور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے بلکہ ارادہ رکھنے کی کوشش کریگی۔ تو ظاہر بات ہے کہ ابھی منزل بہت دور ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کا ابھی تک پورے طور سے مصمم ارادہ

نہیں کیونکہ ابھی وہ اسکے امکانات پر غور کرنے کی کوشش کرے گی۔ اس سے اس امر کی نشاندھی ہوتی ہے کہ ہم ابھی اس محکمے کے متعلق ابتدائی منازل طے کر رہے ہیں اور یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے۔ اگر حضور مجھے اجازت دیں تو میں باوجود خوف تکرار و اعادہ کے اس بات کی اہمیت کو واضح کرنے کیلئے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جہاں تک مقدم طبقہ کا تعلق ہے آپ نے سو سو دیہات میں ایک پولیس سٹیشن میں ایک ایک مقدم مقرر کیا ہوا ہے اور انکے لئے افسوسناک گریڈز مقرر کئے ہوئے ہیں اور پھر انہیں Revise کرنے یا ان میں اضافے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔

اسکے بعد دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ زراعت کی ترقی کا تعلق دو چیزوں سے ہے۔پہلی یہ کہ آپکی زمین اچھی حالت میں ہو۔ بد قسمتی سے نہ صرف یہ کہ ہماری زمین کی ترقی اور زرخیزی میں اضافہ کرنیکے امکانات دن بدن کم ہو رہے ہیں بلکہ اسکے علاوہ صورت حال یہ ہے کہ ۲۳ لاکھ ایکڑ زمین اس وقت تک سیم اور تھور سے بالکل بیکار اور ناکارہ ہو چکی ہے اور انکے اپنے اعداد و شمار کے مطابق اس میں سالانہ ۴۰ ہزار ایکڑ زمین کا اضافہ ہو رہا ہے۔ جہاں تک پانی کا تعلق ہے وہ بجائے خود بڑا تکلیف دہ اور بظاہر ایک بڑا مشکل اور پیچیدہ اور لا ینحل سا مسئلہ ہے۔ اگرچہ یہ مسئلہ ورلڈ بنک کے زیر غور ہے لیکن اخبارات کے ذریعے ہمیں ان اطلاعات کی خبر ملتی ہے کہ حکومت ہندوستان کی تجویز کے مطابق تین دریا مکمل طور پر انکے سپرد ہونے چاہئیں اور باقی تین دریا حکومت پنجاب کو ملنے چاہئیں۔ بہر حال پانی کی قلت اور آبپاشی کی دشواریاں کسی سے مخفی نہیں۔ حضور والا۔ جب تک ان دو بنیادی چیزوں کا مکمل طور پر اہتمام نہیں ہو جاتا ظاہر بات ہے کہ اس وقت تک یہ سمجھنا کہ ہماری صنعت زراعت میں ترقی ہو رہی ہے اپنے آپکو خوش فہمی میں مبتلا رکھنے کے مترادف ہے۔ جہاں تک سیم و تھور کا تعلق ہے اگرچہ ہماری حکومت نے آراضیات متاثرہ کی بحالی کے لئے Reclamation Department بنایا ہوا ہے لیکن جیسا کہ اس سے پیشتر بھی میں نے ایک موقع پر عرض کیا تھا آپنے اس محکمے میں پارٹ ٹائم (Part time) لوگوں کو مقرر کیا ہے اور جن مختلف محکموں کے آدمیوں پر مشتمل ایک بورڈ بنتا ہے وہ باقاعدہ ٹیکنیکل کالجوں کے تربیت یافتہ نہیں ہوتے۔ جب تک آپ ان چیزوں کا سد باب نہیں کریں گے اس وقت تک میں سمجھونگا کہ اس ڈیپارٹمنٹ سے مفید اور متوقع نتائج برآمد ہونے کا

امکان نہیں ۔ میں وزیر اعلیٰ اور وزیر زراعت کی خدمت میں استدعا کرتا ہوں کہ وہ اس کام کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے یہ محکمہ کسی Part time چیف انجنیئر کے سپرد نہ کریں ۔ اس کے لئے خود ان کو بیرونی ممالک سے اس قسم کا Technically qualified (ماہر) منگنا چاہئے اور یہ کام ایک پارٹ ٹائم افسر کی بجائے ایک ہمہ وقت (wholetime) افسر کے سپرد کیا جائے ۔

حضور والا ۔ اس سلسلہ میں ایک اور چیز عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جو تھوڑی بہت تحقیق و تدقیق زراعتی کالج لائلپور کے شعبہ تحقیقات میں ہو رہی ہے اس کے نتائج اور معلومات کو عملاً فیلڈ میں استفادہ کے لئے استعمال نہیں کیا جاتا ۔ یہ طریقہ ناقص ہے بالخصوص جب کہ آپ پوری طرح سے اس تحقیق و تدقیق سے متمتع ہونے کی تربیت نہیں دیتے اور نہ ہی آپ Practical عملی افادیت ان کے ذہن نشین کرتے ہیں ۔ اگرچہ آپ کی تحقیقات کے نتائج بڑے مفید ہیں نئے انکشافات کئے گئے ہیں لیکن در حقیقت عملی طور پر حصول مقصد کے لئے سارے صوبہ کی زراعتی ضروریات کے پیش نظر ایسی تحقیق و تدقیق کا کوئی نفاذ نہیں ۔ اگر صوبہ کے افراد ان تحقیقاتی اداروں کے نتائج اور ان کی عملی تحقیقات سے پورا فائدہ حاصل کریں تو زیادہ اچھا ہے ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ عمل بہت کم ہے اس لئے میں ایک Concrete suggestion وزیر متعلقہ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے آپ دیہاتی ثانوی مڈل مدارس میں زراعت کا تعلیمی معیار بڑھا دیں وہاں زراعتی تعلیم کو نصاب میں لازمی قرار دے دیں ۔ آپ کے پاس دیہاتی مدارس بھی ہیں اور Crown land بھی میسر آ سکتی ہے ۔ ان مدارس سے فارغ التحصیل طلبا جب اپنی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنا کام شروع کریں گے تو وہ اس تعلیم سے بہت استفادہ کریں گے ۔

حضور والا ۔ اس سلسلہ میں قائد حزب اختلاف نے باغات کا ذکر کیا تھا میں وزیر زراعت کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس وقت تک جن باغات کا ذکر ہوا ہے ان سے زیادہ تر بڑے بڑے زمیندار ہی مستفید ہوئے ہیں ۔ آپ کی پیشرو وزارت نے نام نہاد زرعی اصلاحات کا ایک ڈھونگ رچایا تھا خود انہوں نے ان اصلاحات سے بچنے کے لئے بڑے بڑے رقبوں میں باغات ظاہر کرکے باغات کے لئے زائد پانی حاصل کیا ۔ لیکن چھوٹے زمیندار ان چیزوں سے محروم رہ گئے ہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ آپ

چھوٹے زمینداروں کی طرف رجوع کریں اور چھوٹے چھوٹے باغات کے لئے پانی میں اضافہ کرنے کے لئے وزیر انہار سے ذکر کریں۔ ان سے منظوری حاصل کریں اور ان سے پانی مانگیں۔

حضور والا۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ دوسرے ممالک جو اگرچہ صنعتی ممالک ہیں لیکن ان کی زراعت ہماری نسبت بے حد ترقی یافتہ ہے۔ وہاں لوگ کیمیاوی کھادیں استعمال کرکے ہماری نسبت سال میں کئی گنا زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہیں۔

*وزیر زراعت (آنریبل سردار عبدالحمید خاں دستی) — جناب والا۔ ویسے تو میں ان اعتراضات کا جواب اس مطالبہ زر (Demand) کے اختتام پر مفصل طور پر دینے کا ارادہ رکھتا ہوں لیکن اس وقت چند ایک امور کی وضاحت جن کے متعلق معزز قائد حزب اختلاف اور محترم چیمہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے جناب کی وساطت سے اس معزز ایوان میں پیش کرتا ہوں۔ ان کی تجاویز کمال ہمدردی سے پیش کی گئی ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ ہمارا صوبہ ایک زرعی صوبہ ہے اور یہ ٹھیک ہے کہ یہ صوبہ ہماری مملکت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور زراعت ہمارے صوبہ کی اکثر آبادی کا ذریعہ معاش ہے۔ پچھلے سال جب ہمیں غذائی بحران کا مقابلہ کرنا پڑا اس وقت ہماری مساعی کو دو چند ہو جانا چاہئے تھا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور ہم نے اپنی استطاعت کے مطابق ان مساعی کے سلسلہ میں جس قدر جدو جہد ہو سکی۔ کی اور جو تدبیر ہو سکی عمل میں لائے اور اب بھی عمل میں لانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے نتائج اگرچہ حوصلہ افزا نہیں ہیں لیکن جو کچھ بھی ہیں وہ صوبہ کے سامنے ہیں ہم نے غذائی بحران سے تین طریقوں پر عہدہ برآ ہونے کی کوشش کی ہے۔

(۱) سب سے پہلا قدم یہ تھا کہ صوبہ میں جس قدر بنجر یا نالی زمینیں ہوں ان کو زیر کاشت لایا جائے۔

(۲) ایسی زمینوں کے لئے پانی کا انتظام کیا جائے۔ چونکہ یہ ایک نہایت مشکل کام تھا اس لئے کوشش کی گئی کہ تھوڑی تھوڑی زمینوں کو سیراب کیا جائے۔

(۳) جو فصلیں کاشت کی جا رہی ہیں ان کی پیداوار بڑھا دی جائے۔ تاکہ وہ زیادہ فائدہ مند اور منفعت بخش ہو سکیں۔ اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے۔

*Uncorrected speech.

Rana Gul Muhammad Noon: I just want to know what the Hon'ble Minister means.

Mr. Speaker: No interruptions please.

وزیر زراعت — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم نے کس طرح غذائی بحران پر قابو پانے کی کوشش کی۔ ہماری مساعی اب بھی جاری ہیں اور ان میں کوئی کمی نہیں کی گئی۔ اب صورت یہ ہے کہ مصنوعی کھاد کے ذریعہ غذائی بحران کی تکلیف کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

ان تینوں امور میں جس قدر کوشش کی جا سکتی تھی کی گئی اس صوبہ میں آج تک مصنوعی کھاد اتنی مقدار میں موصول نہیں ہوئی تھی جتنی چالیس ہزار ٹن ایمونیا سلفیٹ صوبہ میں آئی اور انتالیس ہزار ٹن زمینداروں کے کھیتوں میں ایک قلیل عرصہ میں پہنچ گئی۔ اس کے نتیجہ کے طور پر اور خدا کے فضل سے اور کام کرنے والوں کی محنت سے ہوا یہ کہ صرف چاول کی کاشت کے نیچے اٹھاسی ہزار ایکڑ کا مزید رقبہ آیا۔ جو چاول زیر کاشت تھا اس کی پیداوار میں کم سے کم پانچ فیصدی کا اضافہ ہوا۔ جو رقبہ بھی زیر کاشت لایا جا سکتا ہے اس کو تیار کرنے کے لئے موجودہ فصل کے اعداد و شمار جو حاصل کئے گئے ہیں ان کی رو سے فصل ربیع میں اجناس خوردنی کے نیچے تین لاکھ ایکڑ رقبہ زیادہ آ چکا ہے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ محکمہ زراعت محکمہ انہار کی امداد سے اپنی طرف سے حتی‌الامکان کوشش کر رہا ہے۔

میاں عبدالباری— گندم کے نیچے کتنا رقبہ زیادہ آیا ہے؟

وزیر زراعت— گذشتہ سال جو اعداد تھے ان کے حساب سے فوڈ گرینز کے نیچے تین لاکھ ایکڑ زیادہ رقبہ آیا ہے۔

وزیر تعمیرات عامہ— گندم کے نیچے ایک لاکھ بیاسی ہزار ایکڑ۔

Rana Gul Muhammad Noon : On a point of information, Sir. The Honourable Minister has said that 88,000 acres have been brought under rice cultivation. I want to know what was the normal area and secondly.....

Minister of Agriculture : I do not want any cross-examination, but I may tell my honourable friend that an extra area of 88,000 acres has been brought under the cultivation of rice crop.

ایمونیا سلفیٹ کی تقسیم میں اس محکمہ نے بڑی جانفشانی سے کام کیا ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے چالیس ہزار ٹن میں سے انتالیس ہزار ٹن کو نہایت تھوڑے وقفہ میں زمینداروں کی زمینوں میں پہنچا دینا اور ان کو اس سے استفادہ کے قابل کر دینا بہت بڑا کام ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے بجٹ میں فنانسز کی کمی ہے جس کے

متعلق معزز اراکین حزب اختلاف نے بڑی شد و مد سے تقریریں فرمائی تھیں اور کہا تھا کہ ملک کے اوپر مزید ٹیکس لگانا ان بنچوں کی نااہلیت کا بیّن ثبوت ہے (میاں عبدالباری۔بالکل) مگر پھر میں یاد دلاؤں گا کہ اخراجات میں سے ہر ایک خرچ اتنا ضروری ہے کہ جس خرچ کو بھی چھوڑ دیا جائے اس سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ گویا صوبہ کی ترقی کے کام میں ایک قسم کا تساہل برتا گیا ہے۔ جیسا کہ آنریبل وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ ایک طرف تو ہماری ضروریات متقاضی ہیں کہ اگر کہیں سے ایک کوڑی بھی مل سکے تو ہم اسے لے کر صوبہ کی بہبود میں خرچ کر دیں اور دوسری طرف جب ٹیکس لگانے کا خیال آتا ہے تو اس وقت یہ ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ صوبہ کے عوام پر جتنا کم سے کم ٹیکس لگایا جا سکے لگایا جائے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ معزز اراکین حزب‌الاختلاف نے خود ہی پیدا کر دیا ہے جس میں حزب اقتدار کے اراکین کی معذوری اور ان کے لئے ایک excuse انہوں نے خود بخود پیش کر دیا ہے۔ میں یہ عرض کروں کہ محکمہ زراعت کے لئے اس وقت کے فنانسز میں پچھلے سال سے کمی نہیں ہے۔ البتہ ایک امر ضرور ہے کہ نو لاکھ کی ایک مزید رقم جو منظور کی گئی ہے وہ غالباً معزز اراکین حزب‌الاختلاف کی توجہ سے باہر رہی ہے۔ ورنہ مجموعی طور پر محکمہ زراعت کے لئے اس وقت جو روپیہ مخصوص کیا گیا ہے وہ پچھلے سال سے کم نہیں ہے بلکہ زیادہ ہے۔ اور میں یہ عرض کروں کہ اس مرتبہ ایک مزید رقم کی جس چیز کے لئے ضرورت محسوس ہوئی ہے وہ ہے بورنگ کے کام میں عجلت کرنے کی مساعی۔ یعنی ہمیں یہ محسوس ہوا ہے کہ زراعت کو فروغ دینے کے لئے پانی لازمی طور پر زیادہ مقدار میں مہیا کرنے کی ضرورت ہے اور نہروں میں پانی کی کمیابی کی وجہ سے (اس مرتبہ تو اللہ نے فضل کیا ہے) ہمیں ٹیوب ویل کی طرف راغب ہونا پڑا ہے۔ اس کے لئے مشینری اتنی موجود ہونی چاہیئے کہ ہم جلدی سے جلدی جس قدر ٹیوب ویل لگا سکیں لگا دیں۔ اس چیز کے لئے فوری طور پر کیسنگ پائپ کیلئے آرڈر بھیج دیا گیا ہے۔ کچھ پہنچ بھی چکے ہیں اور کچھ آ رہے ہیں اور باقی دوسرے قسم کی مشینری یعنی رگز وغیرہ آنے والے ہیں ان تمام امور کے لئے خاص طور پر وزیر اعلیٰ کی خدمت میں درخواست کرنے کے بعد اٹھارہ لاکھ روپیہ کی رقم منظور کروا کر اس محکمہ میں کام کرنے کے ذرائع وسیع کر دئے گئے ہیں۔ مقدم کی تنخواہ کے متعلق عرض کرونگا کہ اس میں شک نہیں کہ اسے اپنی تنخواہ کے لحاظ سے بہت زیادہ کام کرنا پڑتا ہے لہذا ہم سب وزیر

اعلیٰ کی خدمت میں گذارش کرینگے کہ اگر ہماری استطاعت اور مالی حالت اجازت دے تو ان کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کی کوشش کی جائے۔ لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ سب کچھ ہماری اقتصادی استطاعت پر منحصر ہے ورنہ خواہش اور ارادے کا جہاں تک تعلق ہے وہ تو ہم چاہتے ہیں کہ جہاں کہیں کام کرنے والے ہیں ان کی تنخواہوں میں اضافہ ہو جائے۔

اس میں شک نہیں کہ ہمارا بہت سا رقبہ اس وقت تھور اور سیم کی زد میں آیا ہوا ہے مگر اس مصیبت سے صوبہ کو نجات دلانے کے لئے جس قدر ذرائع حکومت کے بس میں ہیں ان کو عمل میں لایا جا رہا ہے اور چنانچہ ریکلیمیشن کا محکمہ خصوصی طور پر اس امر پر تعینات ہے۔ انہوں نے بہت سے ٹیوب ویل نصب کرنے کے ساتھ کچھ تو زیرین پانی کی سطح کو اور نیچے کر دیا ہے اور کچھ پانی کو کھینچ کر نہر میں ڈال کر سیرابی کے ذرائع میں اور وسعت دیدی ہے یہاں ریکلیمیشن افسر کے پارٹ ٹائم رکھنے کی وجہ بھی وہی اقتصادی حالت اور روپیہ کی کمی ہے ورنہ اس میں شبہ نہیں ہے کہ جہاں تک اس ریکلیمیشن افسر کے as a whole time افسر مقرر ہونے کا تعلق ہے اگر ایسا ہو سکا تو اس کو رکھ لیا جائیگا۔

پولٹری فارمز کے متعلق معزز قائد حزب‌الاختلاف نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ غالباً ایک غلط فہمی پر مبنی ہے اصل میں انہیں فارم کے لفظ سے مغالطہ ہوا ہے۔ یہ در اصل اینیمل ہزبینڈری (Animal Husbandry) سے تعلق رکھتا ہے اور ان کی تعداد میں کمی کرنا یہ بھی Plan کے مطابق ہوتا ہے۔

میاں عبدالباری — زندہ باد۔

وزیر زراعت — مجھے معلوم تھا کہ یہ نعرہ لگایا جائے گا۔

پلاننگ کا کام اس طرح ہوتا ہے کہ پولٹری فارم میں پولٹری کی ایک خاص تعداد رکھی جاتی ہے۔ اس سے زیادہ تعداد کا رکھنا نا مناسب اور خرچ میں اضافے کا موجب ہوتا ہے۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہمارے ہاں پولٹری فارم کا کام تجرباتی طور پر کیا جا رہا ہے یعنی بہترین انڈے پیدا کرنا اور بہترین قسم کی مرغیاں رکھنا اور پھر ان کو ترویج دینا۔ یہ کام کمرشیل بنیادوں پر نہیں کیا جا رہا۔ پہلے یہ قاعدہ ہوتا

تھا کہ انڈوں کے سیزن میں لوگوں کو بچے نکلوانے کیلئے انڈے دئے جاتے تھے لیکن اس سے آگے پیچھے جب لوگوں کو کھانے کے لئے انڈے دئے جاتے تھے تو ان کو پن کر دیا جاتا تھا لیکن اب یہ طے کر لیا گیا ہے کہ انڈوں کو پن نہ کیا جائے تاکہ لوگوں کو جس قدر انڈے بچے نکلوانے کیلئے دئے جا سکیں دیدئے جائیں۔ اب ان کی قیمت بھی گھٹا دی گئی ہے۔ مزید برآں پولٹری فارموں سے جو جانور لوگوں کو مرغیوں کی اچھی نسل ترویج دینے کیلئے دئے جائینگے ان کی قیمت بھی کچھ کم کر دی گئی ہے۔ پھر جناب والا۔ جو مرغیاں اچھی نسل کی نہیں ہوتیں ان کو ایسے فارموں سے نکال دیا جاتا ہے اور ان کو بیچ دیا جاتا ہے تاکہ ان کی موجودگی کی وجہ سے پولٹری فارموں کی اہمیت کم تر نہ ہو جائے۔

باغات کے متعلق میرے معزز دوست نے فرمایا ہے۔ کہ چھوٹے چھوٹے زمینداروں کے باغات کیلئے ایک خاص رواج جاری ہے جو کہ بڑے باغوں کیلئے ہے۔ اگر چھوٹے زمینداروں کو باغات کیلئے پانی کی دستیابی میں کوئی خاص دقت محسوس ہوتی ہے تو لازمی طور پر ہم وزیر تعمیرات عامہ کی خدمت میں یہ عرض کریں گے کہ ایسے باغات کو پانی کی مناسب مقدار سے محروم نہ رکھا جائے۔ (چودھری محمد افضل چیمہ۔ تھینک یو سر)۔

اس کے علاوہ میں نے مقدم صاحبان کے متعلق عرض کر دیا ہے کہ ان کی تنخواہوں میں اضافہ کے متعلق غور کیا جائیگا۔ ایک بات میں اور عرض کر دوں کہ ڈائریکٹر محکمہ زراعت کی طرف سے سکیموں کے پیش کرنے میں کوئی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے تو اپنی طرف سے بہت سی نئی سکیمیں پیش کی تھیں اور ان میں بعض قابل عمل اور منفعت بخش بھی سمجھی گئی تھیں لیکن چونکہ خزانہ میں روپیہ نا کافی تھا اس لئے ان سکیموں کو فی الحال ملتوی کر دیا گیا ہے۔ جب ہماری اقتصادی حالت درست ہو گی تو اس وقت انشاءاللہ تعالیٰ ان سکیموں کو بروئے کار لانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائیگا۔

*میاں عبدالباری (لائل پور نمبر۔مسلم)۔ جناب صدر میں آپ کی اجازت سے پہلے تو آنریبل وزیر زراعت کے اس ارشاد کی تردید کروں گا جو انہوں نے اس امر کے متعلق کیا ہے کہ محکمہ زراعت کے بجٹ میں پچھلے سالوں کی نسبت کمی نہیں کی گئی۔ میں ان کی توجہ بجٹ تخمینہ جات کے صفحہ ۳۸۳ پر

*Uncorrected speech.

مندرجہ ڈیمانڈ نمبر ۱۸ کی طرف منعطف کراتا ہوں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اسے دیکھ لیں اور اسی طرح باقی وزراء کرام بھی ملاحظہ فرما لیں تا کہ وہ بھی اس قسم کے بیان نہ دینے لگ جائیں ۔ جناب والا ۔ یہاں لکھا ہے کہ ۱۹۵۳-۵۴ میں تخمینہ بجٹ ۱۰۰,۱۷,۱۰,۰۵۵ روپے تھا ۔ اسی سال کا نظر ثانی شدہ تخمینہ ۶۴۳۰۵۰۰ روپے کا تھا ۔ اب ۱۹۵۴-۵۵ کا بجٹ ۶۰,۸۷,۶۰۰ روپے کا ہے اب میں آنریبل وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ ۶۴ لاکھ کی رقم بڑی ہوتی ہے یا ساٹھ لاکھ کی ۔

وزیر اعلیٰ—اس میں سے امونیا سلفیٹ کے لئے ۱۰ لاکھ روپے کا پراویژن کاٹ دیا گیا ہے ۔ اس میں یہ رقم شامل نہیں ہے اسی لئے یہ پچھلے سال کے نظر ثانی شدہ تخمینہ جات سے کم ہے ۔

وزیر زراعت—۱۰ لاکھ روپے کی رقم ایمونیا سلفیٹ کے لئے رکھی گئی ہے وہ اس میں شامل نہیں ہے ۔

Mian Abdul Bari : No ammonia sulphate. Please sit down.

Mr. Speaker : The honourable member should not exercise the powers of the Speaker.

میاں عبدالباری—بہتر ۔ جناب والا ہمیشہ یہ بہانہ کیا جاتا ہے کہ اس کام کے کرنے کی ہم میں استطاعت نہیں ۔ میرے پاس وقت نہیں کہ میں ان ساری چیزوں کا جواب دوں جو وزیر زراعت نے اپنی تقریر کے دوران میں فرمائی ہیں ۔ میں صرف اتنا ہی کہوں گا کہ میں یہ کبھی ماننے کے لئے تیار نہیں کہ ان میں محکمہ زراعت میں اصلاحات کرنے کی استطاعت نہیں ۔ برٹش راج کے زمانے میں بھی ایسا ہی کہا جایا کرتا تھا ۔ انہوں نے لاکھوں روپے وزراء ۔ پارلیمنٹری سیکریٹریوں اور پرائیویٹ پارلیمنٹری سیکریٹریوں کے لئے بڑھا دئے ہیں ۔ اگر ان کو اس کا احساس ہوتا تو وہ کچھ قربانیاں کر کے بھی اس محکمہ کے لئے روپیہ بچاتے جس پر پنجاب ۔ پنجاب ہی نہیں بلکہ سارے پاکستان کی فلاح و بہبود کا دارومدار ہے ۔ اس کے برعکس آپ وہ اسامیاں نہ بڑھاتے جو کل ہی میں نے گن کر سنائی تھیں اور جن پر لاکھوں روپے اٹھ جائینگے ۔ آپ اپنے پی ۔ اے نہ بڑھاتے ۔ خدا جانے آپ نے انہیں دوگنا کیوں کر لیا ہے ۔ ہمیں تو یہ بھی علم نہیں کہ آپ نے اسی قسم کی اور کتنی اسامیاں بڑھا لی ہیں کیونکہ ان کو دیکھنے کیلئے تو ہمارے پاس وقت ہی نہیں تھا ۔ ایک بات اتفاق سے پیدا ہو گئی کہ آپ نے اپنا پی ۔ اے بڑھا لیا ۔ ڈائرکٹر فوڈ ڈسٹریبوشن اور ڈائرکٹر سول سپلائی کی اسامیوں کو آپ نے بڑھا لیا جس کی تنخواہوں پر آپ لاکھوں روپیہ سالانہ خرچ کر رہے ہیں اور پھر یہ کہتے

ہیں کہ اس محکمہ میں اصلاحات کرنے کی آپ میں استطاعت نہیں ہے۔ جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ جب تک آپ اس بجٹ میں ریزولیوشنری چینج نہ کریں گے (خوب۔ خوب) جب تک آپ بجٹ کے اس نقشہ کو قطعی طور پر بدل نہ دینگے اور اس کا ایک نیا نقشہ قائم نہ کریں گے اس وقت تک آپ کوئی چیز کر نہیں سکتے۔ ابھی تک تو آپ اسی طرح کر رہے ہیں جس طرح کہ انگریز اپنا تسلط۔ رعب و داب اور ظلم و استبداد روا رکھنے کیلئے زیادہ خرچ کیا کرتا تھا اور فلاحی بجٹ پر کم خرچ کرتا تھا۔ تو جب تک آپ بجٹ میں ایک انقلابی تبدیلی نہ کریں گے اس وقت تک نہ پنجاب کا بھلا ہو سکتا ہے اور نہ صرف یہ کہنے سے کہ ہم میں استطاعت نہیں ہے آپ کو بری کیا جا سکتا ہے اور نہ عوام آپ کو بری کریں گے اور نہ ہی تاریخ آپ کو اس سے بری کرے گی۔ اس لئے بہتر ہے کہ وقت پر سنبھل جاؤ۔

جناب والا۔ انہوں نے غذائی قلت دور کرنے کیلئے بہت ہمت کی ہے۔ جو چیز تعریف کرنے کے قابل ہے میں اس کی تعریف کروں گا۔ انہوں نے غذائی قلت دور کرنے کیلئے جو امونیا سلفیٹ تقسیم کیا ہے وہ ان کا اچھا کام تھا اور پھر اسے سستے داموں جو انہوں نے فروخت کیا تو یہ نہایت اچھا اقدام تھا۔

لیکن میں یہ بتلا دوں کہ جس طریق پر اس کی تقسیم کا انتظام کیا گیا تھا اس سے محکمہ کو نقصان پہنچا ہے فائدہ کوئی نہیں پہنچا۔ ذرا اس چیز پر بھی غور کر لیا جائے کہ آپ نے کیا کام کیا ہے۔ یہی کہ اتنے ہزار ٹن ایمونیم سلفیٹ تقسیم کر دیا۔ لیکن آپ نے جس ایجنسی کو کان سے پکڑ کر اٹھا کر اس کام پر لگایا وہ لوگ اپنے ریسرچ ورک میں مصروف تھے۔ اور انکی وہاں ضرورت تھی۔ آپ نے ان سے انکا اصلی کام چھڑایا جو زیادہ اہم تھا اور انہیں ایمونیم سلفیٹ کی تقسیم کے کام میں لگا دیا حالانکہ یہ کام وہ دوسرے محکمے بھی کر سکتے تھے جن کو آپ بھی اور آپ سے پہلے انگریز بھی قدرومنزلت کی نگاہ سے دیکھا کرتا تھا اور جنہیں آپ پیسے بھی زیادہ دیتے ہیں۔ اور ان ایگزکٹو محکموں کی تعداد بھی زیادہ ہے۔ میں حیران ہوں کہ ان محکموں سے کیوں یہ کام نہ لیا گیا۔ اسکے بعد جناب والا میں وزیر اعلیٰ صاحب کے اس ارادہ کا شکر گزار ہوں کہ وہ اس محکمہ کے ملازمین کی تنخواہیں بڑھا دینگے۔ کم از کم اتنا ارادہ تو ہو گیا ہے۔ اسکے بعد میں انکی خدمت میں صرف اتنا عرض کرونگا کہ اس نیک ارادے میں تاخیر نہیں ہونی چاہیئے۔

انہوں نے پولٹری فارم اور دوسرے فارموں کا بھی ذکر کیا ہے۔ ابتدا کیلئے تو یہ کھلونے ٹھیک تھے مگر گذشتہ چھ سال کے عرصہ میں ان میں کوئی مزید ترقی نہیں ہوئی۔ مجھے معاف فرمائیگا مگر پولٹری فارم کے متعلق آنریبل وزیر نے جو ارشادات فرمائے تھے وہ بہت حد تک غلط ہیں۔ ان فارموں کا صرف یہی مقصد نہیں کہ طالبعلموں کی تعلیم ہو بلکہ انکا مقصد یہ ہے کہ دیہات میں چھوٹے اور بڑے زمینداروں اور کاشتکاروں میں یہ علم پھیلے۔ زراعتی کالج لائلپور کے پولٹری فارم میں مرغوں اور مرغیوں کے سروں اور دموں پر تو کچھ بال نظر آتے ہیں مگر لاہور کنٹونمنٹ میں ''اینیمل ہزبنڈری،، کے ماتحت جو پولٹری فارم ہے اسکو آپ اگر دیکھیں تو شرم و ندامت سے غرق ہو جائیں۔ وہاں کے مرغوں اور مرغیوں کے سروں پر تو بال تک نہیں۔

وزیر زراعت—جناب والا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے آنریبل وزیر اعظیٰ نے جو ہمارے وزیر خزانہ بھی ہیں ابھی ابھی یہ لکھ کر بھیجا ہے کہ پولٹری فارموں کی توسیع کے لئے جس قدر رقم درکار ہوگی وہ اسے جہاں کہیں سے ہو سکا اور جیسے ہو سکا ہمیں مہیا کر دینگے۔

میاں عبدالباری—این ہم غنیمت است۔ اب میں جناب کچھ ''بی فارمز،، کے متعلق کہوں گا۔ شہد وہ چیز ہے جسکے متعلق قرآن کریم میں یہ فرمایا گیا ہے۔ ——وفیہ شفاء للناس۔ کہ اس میں مخلوق کیلئے شفا ہے۔ اور ساری دنیا اس بات کو جانتی ہے۔ مگر امریکہ میں تو شہد چار آنے سے آٹھ آنے فی سیر تک فروخت ہوتا ہے مگر یہاں ہمارے ملک میں تین روپے سیر بھی خالص شہد نہیں ملتا۔ میری گذارش یہ ہے کہ اسکے متعلق بھی کچھ غور کرنا چاہیئے کہ یہاں بھی یہ چیز مناسب نرخوں پر دستیاب ہو سکے۔

اس ضمن میں میری آخری گذارش یہ ہے کہ یہاں اکثر چیزیں ایسی کہی جاتی ہیں جو رسمی ہوتی ہیں۔ بہت سی باتوں کے جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ سیکریٹیریٹ نے ایسا کر دیا تھا۔ ہمیں اسکی استطاعت نہیں تھی۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ دوسرے محکموں کی طرح اس محکمہ کے ڈائرکٹر کو کیوں سیکرٹری نہیں بنا دیا جاتا تا کہ انکے کاموں میں کوئی روکاوٹ نہ پیدا ہوتی رہے۔ آخر میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ حقیقی طور پر رفاہی محکموں کو فلاحی بنانا چاہتے ہیں تو وہ

اپنے میزانیہ کو ''ریوولیوشنائز،،(Revolutionize) کریں تب کچھ بنے گا ورنہ محض رسمی باتوں سے کچھ نہیں بنتا ۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 19,800 on account of A—Direction—Director of Agriculture be omitted.

The motion was lost.

چودھری محمد احسن (گجرات-۳-مسلم) — جناب والا میں یہ تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں ۔

That the item of Rs. 2,23,710 on account of Net Total A—Direction be reduced by Rs. 2,23,709.

جناب والا ۔ پیشتر اسکے کہ میں اپنی گذارشات پیش کروں اور اپنی تحریک واپس لے لوں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری تین گذارشات میں سے جو میں پیش کرنا چاہتا ہوں کوئی بھی آنریبل لیڈر حزب اختلاف کی مرغی انڈے کی شکائتوں کی طرح نہیں ۔

عادب سپیکر — آپ غیر متعلقہ باتیں نہ کہیں ۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. Has the honourable member made arrangements for an interpretter ? (*Laughter*).

Mr. Speaker : Again a frivolous point of order.

(شور اور قطع کلامیاں)

چودھری محمد احسن — جناب والا ۔ میں ان مرغی انڈوں کا جو ادھر بیٹھے ہیں جواب نہیں دینا چاہتا ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : Please withdraw this phrase, "Murghi Ande".

Chaudhri Muhammad Ahsan : I withdraw Sir.

جناب والا ۔ میں اس ہاؤس کی توجہ تمباکو کی کاشت اور اسکی صنعت کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ (آوازیں ۔ سنائی نہیں دیتا) جناب والا ۔ تمباکو کی کاشت پر جو ٹیکس لگایا جاتا ہے وہ اسکی کاشت کرنے والوں کے لئے وبال جان بنا ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ آج سے دو سال پہلے میں نے اس معزز ایوان میں ایک قرارداد پیش کی تھی کہ مرکزی حکومت سے یہ گذارش کی جائے کہ تمباکو کی کاشت کرنے والوں کو اس ٹیکس کی ادائیگی سے مستثنیٰ کر دیا جائے جسکا بوجھ کاشتکار برداشت نہیں کر سکتے ۔

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Rana Abdul Aziz Noon : On a point of order, Sir. I want to know whether Tobacco Excise is a Central subject or a Provincial subject ?

Mr. Speaker : That is not for the honourable member to decide.

چودھری محمد احسن—جناب والا۔ مجھے افسوس ہے کہ اس قرار داد پر اس وقت تک مرکزی حکومت نے توجہ نہیں فرمائی (آوازیں ۔ شیم ۔ شیم)۔

صاحب سپیکر — وہ چیز اب ہمارے سامنے نہیں ہے ۔

چودھری محمد احسن—میں اس چیز کی طرف پھر اس معزز ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں تاکہ مرکزی حکومت سے یہ ٹیکس معاف کرانے کے لئے پھر سے خط وکتابت شروع کی جائے ۔ (آوازیں ۔ ہئیر ۔ ہئیر) یا اس کے لئے جناب والا یہ کوشش ہی کی جائے کہ یہ ٹیکس صوبائی حکومت کے ہاتھ آ جائے ۔ اور رقبہ کاشتہ پر ٹیکس لگے ۔

صاحب سپیکر— آپ کی کٹ موشن یہ ہے کہ محکمہ زراعت نے تمباکو کی کاشت کی ترقی کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے ۔ آپ ٹیکس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ یہ سینٹرل ٹیکس ہے ۔

چودھری محمد احسن—جناب والا۔ میں آنریبل وزیر زراعت کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ وہ تمباکو کی کاشت کی ترقی کی طرف توجہ فرمائیں اور یہ بھی کوشش کریں کہ جو بھاری سینٹرل ٹیکس کاشتکاروں پر لگایا جاتا ہے وہ کم از کم ہماری صوبائی حکومت معاملہ زمین کے ساتھ وصول کرے ۔ مرکزی ایڈمنسٹریشن کے متعلق میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں ۔

صاحب سپیکر— آپ مرکز کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے ۔

چودھری محمد احسن—تو ان الفاظ کے ساتھ کہ ہماری حکومت تمباکو کی مختلف اقسام کی کاشت اور اسکی ترقی کی طرف توجہ دے میں اپنی تحریک کو واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his cut motion ?

(*Voices: Yes*).

The motion was by leave withdrawn.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. When in support of his motion the honourable member has expressed certain ideas and he has given vent to his feelings we should be allowed to express our ideas also.

Mr. Speaker : There is no motion before the House. It has, by leave of the House, bean withdrawn.

راناگل محمد خان المعروف راناعبدالعزیز خان (ملتان نمبر ۴ ۔ مسلم) — جناب والا ۔ میں تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں ۔

That the item of Rs. 2,23,710 on account of Net Total A—Direction—be reduced by Rs. 2,23,709.

جناب والا ۔ یہ تو ہم سب جانتے ہیں اور ہمارے وزراء صاحبان بھی کہتے ہیں کہ ہمارے صوبہ کی ۸۰ اور نوے فیصدی آبادی کا دارو مدار زراعت پر ہے ۔ اس سلسلہ میں ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ اس ویلفیئر سٹیٹ کا نقشہ جو آنریبل وزیر مال نے ہمارے سامنے پیش کیا تھا اس ضمن میں زراعت کے متعلق جو اقدامات کئے گئے ہیں وہ ہمیں اس ویلفیئر سٹیٹ کی طرف لے جا رہے ہیں یا اس سے دور لے جا رہے ہیں (آوازیں ۔ دور ۔ دور) ۔ اس موقعہ پر مجھے ایک شعر یاد آ گیا ہے ۔

(شور اور قطع کلامیاں) (ایک آواز ۔ آپ وہ شعر تو سنا دیں) ۔

رانا گل محمد نون—وہ آپ کی سمجھ میں نہیں آئیگا ۔ آپ کے آگے شعر پڑھنا بھینس کے آگے بین بجانا ہے ۔

بہر حال وہ شعر یہ ہے :—

رگ و پے میں جب اترے زہر غم تب دیکھئے کیا ہو
ابھی تو تلخئی کام و دہن کی آزمائش ہے

جناب والا ۔ کسی کام کی تکمیل کے لئے منصوبہ بندی کی جاتی ہے ۔ ہمارے وزیر زراعت صاحب نے کوئی ایسی منصوبہ بندی نہیں کی جس سے صوبہ میں زراعتی ترقی ہو سکے ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے زراعت کی ترقی کے لئے جس چیز کی ضرورت ہے وہ منصوبہ بندی ہے اور اسکے بعد ڈائریکشن ۔ اب میں ڈائریکشن کی طرف اس ممزز ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا ۔ جہانتک ڈائرکشن کا تعلق ہے ہمیں یہ دیکھنا چاہئیے کہ جو آدمی اس کام پر مقرر کیا گیا ہے کیا اسکی ذہنیت ۔ اسکی قابلیت اور اسکی اہلیت اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ ہمارے مطمع نظر کی تکمیل کے لئے وہ ممدو معاون ثابت ہو سکے (ہیئر ہیئر کی آوازیں)

جناب والا ۔ میں اراکین اسمبلی کی توجہ اس امر کیطرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ڈائرکٹر ایگریکلچر صاحب ایک نہایت قابل Entomologist ہیں مگر انہیں ''ڈسٹرکٹ ورک'' کا قطعاً کوئی سابقہ تجربہ نہیں تھا مگر پھر بھی انہیں پکڑ کر وزارت نے صوبہ پنجاب کا ڈائرکٹر آف ایگریکچر مقرر کر دیا حالانکہ انہوں نے ایک دن بھی کبھی ''ڈسٹرکٹ ورک'' نہیں کیا تھا اور ''ڈسٹرکٹ ورک'' کا انہیں ہرگز ہرگز کوئی تجربہ نہیں تھا ۔ یہ عجیب بات ہے کہ ایک آدمی کیڑے مکوڑوں کی ریسرچ تو اچھی طرح جانتا ہے مگر اسے اس کام سے جو وہ مائیکروسکوپ

کے ساتھ اچھی طرح کر سکتا تھا الگ کرکے خواہ مخواہ District works کا انچارج کر دیا گیا۔(ایک آواز۔ انالله) صاف عیان ہے کہ ایسا ناتجربہ کار افسر کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اور ہمیں فی الواقع انالله پڑھنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

Minister of Agriculture : There is only one Director and one joint Director.

راجا گل محمد نون—جناب صدر۔ میں نام نہیں لونگا۔ اسی طرح کی اور مثال بھی ہے کہ ایک ایسے صاحب کو زراعتی کالج کا پرنسپل مقرر کر دیا گیا ہے اور ساتھ ہی پروفیسر آف ایگریکلچر۔ جنہوں نے ایک دن بھی کالج میں نہیں پڑھایا تھا۔ اور تمام عمر ڈسٹرکٹ ورک کرتے رہے۔ اور پڑھانے کا تجربہ نہیں رکھتے تھے پرنسپل مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایک اور مزید انکشاف یہ ہے کہ ایک صاحب جو کیمسٹری کے پروفیسر تھے ان کو Botany کا پروفیسر کر دیا گیا اور جو صاحب Botany کے پروفیسر تھے ان کو ایگریکلچر کا پروفیسر مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ تو وہی بات ہوئی جو کبھی انڈین ریاستوں میں ہوا کرتی تھی یعنی جب مہاراجہ صاحب کسی نائب تحصیلدار سے خوش ہو گئے تو اسے سول سرجن لگا دیا کسی پٹواری سے خوش ہو گئے تو اسکو سپرنٹنڈنٹ پولیس مقرر کر دیا قہقہے) میرا اصل مدعا ان امور سے صرف یہ ہے کہ جو شخص جس کام کے قابل ہو اسکو اسکی قابلیت اور اہلیت کے مطابق اسی کام پر مامور کرنا چاہیئے پھر جا کر صحیح نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ جناب والا۔ ان غلط تعیناتیوں سے جسقدر نقصان ہمارے صوبے کی زراعت کو پہنچا ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے— میں صرف دو تین باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اراکین اسمبلی پر یہ امر واضح ہے کہ ہمارے صوبے میں صورت احوال کیا ہے اور ان حالات میں ہم کس قسم کے نتائج کے متوقع ہو سکتے ہیں ؟

جناب والا۔ سب سے پہلے کاٹن کنٹرول ایکٹ کو ہی لیجئے۔ یہ قدم کاشتکاروں کی ترقی اور کاٹن ٹریڈ کی بھلائی اور کاٹن انڈسٹری کو فروغ دینے کی غرض سے اٹھایا گیا تھا تاکہ خالص کپاس پیدا کرکے پاکستان کی تجارت کو فروغ دیا جا سکے مگر عملی طور پر حالت یہ ہے کہ ہماری کپاس میں ۲۰ فیصدی ملاوٹ پائی جاتی ہے جسکی وجہ سے پاکستان کی ساکھ کو بٹہ لگ رہا ہے۔ اسکا نام بد نام ہو رہا ہے اور ہماری ginning بھی ناقص ہے۔ اور کاٹن ٹریڈ بدنام ہو چکی ہے اور کوئی ملک ہماری

کپاس بالخصوص پنجاب کی کپاس خریدنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ اسکی وجوہات دو ہیں۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کاٹن کنٹرول ایکٹ کی نگرانی کے لئے جو سٹاف مقرر کیا گیا وہ اس کام کیطرف کما حقہ توجہ نہیں دیتا۔ خود ڈائرکٹر آف ایگریکلچر کو اپنی دیگر مصروفیات سے اتنی فرصت نہیں ملتی کہ وہ فرائض منصبی کیطرف متوجہ ہوں انہیں شیخوپورہ میں اپنی Rice Mill کی دیکھ بھال کیلئے اکثر وہاں جانا پڑتا ہے۔ اسکے علاوہ Dual Control نے بھی انتظامیہ معاملہ میں اس ایکٹ کے نفاذ میں بہت ہی نقصان پہنچایا ہے۔ تمام سٹاف Joint Director of Agriculture کے ماتحت ہے۔ مگر ایکٹ کی نگہداشت وغیرہ Director of Agriculture کے ماتحت ہے۔

جناب والا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ کاٹن کنٹرول کے سلسلے میں جو ۵۳ کاٹن انسپکٹر مقرر کئے گئے تھے ان کو تجربہ۔ قابلیت اور اہلیت کی بنا پر مقرر نہیں کیا گیا تھا بلکہ سفارش کی بنا پر مقرر کیا گیا تھا۔

سید غلام مصطفیٰ شاہ خالد گیلانی—ہماری حکومت سفارش نہیں کرتی اور نہ ہی سفارش پر کام کرتی ہے۔

رانا گل محمد نون—جناب والا۔ ہماری حکومتیں سفارشوں پر ہی چلتی ہیں مگر ہماری حکومت محض سفارش پر چل رہی ہے یہ قابلیت اور اہلیت اور تجربے کو نظر انداز کرتی ہے۔ مجھے جملہ انسپکٹران کی Ages ملاحظہ کرنے پر معلوم ہوا کہ ان میں سے بیشتر ۳۰ برس اور اس سے زائد عمر کے تھے۔ اور ان ۵۳ انسپکٹروں میں سے صرف ۵ زراعت کے گریجوایٹ تھے باقی عام بی۔ اے تھے جن کو کوئی ٹیکنیکل ٹریننگ حاصل نہیں تھی ان کو جننگ کا تجربہ نہیں تھا بنولے خریدنے کی سمجھ ان میں نہیں۔ اصل میں جن اشخاص کو اور کہیں کوئی ملازمت نہیں مل سکتی تھی انہوں نے زراعت کا دروازہ آن کھٹکٹایا اور انسپکٹر مقرر کر دیئے گئے چنانچہ ان کے عملی کام کی حالت ناگفتہ بہ ہے اور کپاس کی وجہ سے پاکستان جو Foreign exchange کمایا کرتا تھا اس میں خسارہ پڑ گیا ہے۔ اب میں نہایت ٹھنڈے دل سے وزرات کی توجہ اس ایک دوسرے امر کیطرف مبذول کراتا ہوں۔ وزیر زراعت نے دعویٰ کیا ہے کہ یہاں اسمال ۸۸ ہزار ایکڑ زائد رقبہ زیر کاشت لایا گیا ہے اور انہوں نے ۳۰ ہزار ٹن ایمونیم سلفیٹ کھاد تقسیم کی ہے۔ مجھے اس سے اتفاق ہے واقعی اتنی مقدار میں ایمونیم سلفیٹ تقسیم ہوئی ہے مگر بڑے بڑے زمینداروں نے لیکر سٹاک

کر لی ہے تاکہ بعد میں بلیک مارکیٹ کر سکیں۔ وہ موجودہ چاول کی فصل میں یا فوڈ کراپس میں استعمال نہیں کی گئی (آوازیں : Shame, shame) اس لئے یہ غلط ہے کہ اس کھاد کے استعمال سے چاول یا گندم کی پیداوار بڑھ گئی ہے بلکہ حکومت جسقدر امداد کاشتکاروں کی کرنا چاہتی تھی اس کا عشر عشیر بھی نہیں کر سکی۔

در حقیقت مقصد چھوٹے غریب کاشتکار کو سستی ایمونیم سلفیٹ دینی تھی۔ مگر چھوٹے کاشتکار کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ اس حکومت نے کاشتکاروں کو تو اتنا بھی نہیں بتایا تھا کہ چاول کی Late sown crop میں ایمونیم سلفیٹ استعمال کرنے سے کیا کیا خرابی ہو جائیگی۔

ڈیرہ غازی خان میں nurseries کی dusting وغیرہ کی گئی تھی۔ تا کہ چاول کو Stem borer کی بیماری سے محفوظ کیا جائے۔ مگر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ کیونکہ ڈیرہ غازی خان میں بیشتر چاول Broadcasting یعنی چھٹ) کے طریقہ سے بویا جاتا ہے۔ ایمونیم سلفیٹ دینے سے فصل کی maturity میں کم سے کم دو ہفتہ کی تاخیر ہو جاتی ہے۔ مگر محکمہ زراعت نے کاشتکاروں کو کوئی ایسی ہدایات بر وقت نہ دیں کہ اگیتی فصل کو Amonium Sulphate دیا جائے۔ اورپچھیتی فصل کو نہ دیا جائے۔ کیونکہ پچھیتی فصل کو Stem borer کا زیادہ حملہ ہوتا ہے۔ اس کوتاہی سے ڈیرہ غازی خان کی فصل چاول بالخصوص بہت حد تک stem borer سے تباہ ہو گئی ہے۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 2,23,710 on account of Net Total A—Direction—be reduced by Rs. 2,23,709

(اس مرحلہ پر اسمبلی کا اجلاس برائے نماز عصر ملتوی ہوا)

(نماز عصر کے بعد اسمبلی کا اجلاس دوبارہ چار بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا)۔

*وزیر زراعت (آنریبل سردار عبدالحمید خان دستی)—جناب والا۔ معزز ممبر نے میری اور ڈائریکٹر محکمہ زراعت کی ایفیشنسی پر بھی اعتراض کیا ہے۔ جہاں تک ڈائریکٹر محکمہ زراعت کی ایفیشنسی کا تعلق ہے میں بڑے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ He is the most efficient person اپنی ایفیشنسی کے متعلق میں کچھ نہیں کہتا۔ پھر انہوں نے ایک اعتراض یہ کیا کہ بائو نسٹ کو ایگریکلچرسٹ اور ایگریکلچرسٹ کو بائو نسٹ لگایا گیا ہے۔ اس کے ضمن میں میں یہ کہوں گا کہ ان کی معلومات غلط اطلاع پر مبنی ہیں

*Uncorrected speech.

اور عنقریب ان کو اپنی اس غلطی کا علم ہو جائیگا۔ میں نے ابھی دریافت کیا ہے اور مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر غیاث الدین حمیشہ سے باٹونی کے پروفیسر چلے آ رہے ہیں۔ ابتدا سے لیکر آج تک وہ باٹونسٹ ہی رہے ہیں اور باٹونسٹ ہی رہینگے۔ چودھری کرم رسول پروفیسر آف ایگریکلچر ہیں۔ وہ ایگریکلچر کے ماہر ہیں اور وہ ایگریکلچر کے ہی پروفیسر رہیں گے۔ بہر حال ان کی معلومات غلط اطلاعات پر مبنی ہیں۔ اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کہتا کیونکہ میں ان کی نیت پر شبہ نہیں کرتا۔

پھر جناب والا انہوں نے رائس بورر کے متعلق شکائت کی ہے۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ غذائی مصیبت ٹالنے کے ضمن میں یہ بات بھی anticipate کی گئی تھی کہ جب رائس کی فصل کا وقت قریب ہوتا ہے یعنی جب کاشتکار کی محنت کے بار آور ہونے کا وقت آتا ہے تو اس کی فصل کیڑے کی نظر ہو جاتی ہے اور اس طرح اس کی محنت اور بیج وغیرہ ضائع ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس محکمہ نے فوری طور پر جہاں جہاں رائس بورر کی زیادہ نرسریز پائی جاتی تھیں ان کو ایک ایک کرکے treat کیا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ محکمہ کی طرف سے پہلی مرتبہ ایسی نرسریز کو مکمل طور پر treat کیا گیا اور اس کے نتائج پر بھی نظر رکھی گئی اور اس عمل سے خاطر خواہ نتائج حاصل بھی ہوئے اور کامیابی ہوئی ہے تاہم وہ میرے جیسے انجان کیلئے تسکین دہ ثابت نہ ہوئے۔ اس لئے میں نے وجوہ معلوم کرنے شروع کئے کہ کیوں مکمل طور پر کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ اس کی ایک وجہ یہ معلوم ہوئی کہ رائس بورر ابتدا میں روٹس میں پڑا رہتا ہے اور موسم کے آنے پر یہ بلوغت کو پہنچتا ہے۔ اور بلوغت کو پہنچنے کے ساتھ اس کو پر لگتے ہیں اور پھر یہ اڑتا ہے۔ جہاں کہیں چاول کا پودا ہوتا ہے رائس بورر مادہ اور نر دونوں اس پر جا بیٹھتے ہیں۔ نر تو مر جاتا ہے مگر مادہ اس پودے پر چار پانچ انڈے دیدیتی ہے اور اس کے بعد وہ خود بھی مر جاتی ہے۔ ان انڈوں سے مختلف اوقات میں چاول کے پودے پر کیڑے نکل آتے ہیں۔ چنانچہ ہم نے ان نرسریز کو اس وقت جبکہ مادہ کی طرف سے انڈے دینے کا وقت قریب ہوتا ہے۔ ایک دوائی کے ساتھ چھڑکاؤ کیا جاتا ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ چند پودے ایسے رہ گئے ہوں۔ جن پر مادہ نے انڈے دئے ہوں دوائی چھڑکی نہ جا سکی ہو اور وہ بچ رہے ہوں۔ وہ کیڑوں کی نرسری بن جاتی ہے اور بعد میں وہ سٹم میں چلے جاتے ہیں۔ اس وقت اگر ان پر Spray کیا جائے تو وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ ایسی حالت میں ہم پچھلے سال چاولوں

کی کچھ فیصدی کو رائس بورر سے محفوظ کرنے میں ضرور ناکام رہے ہیں اس چیز کا ازالہ اس مرتبہ ضرور کر دیا جائیگا۔ محکمہ کو ابھی یہ نوٹس جاری کر دیا گیا ہے کہ اس موسم میں ہر ہفتہ کے بعد ہر نرسری کو دوائی کے ساتھ دوبارہ چھڑکاؤ دیا جائے۔ اس ہفتہ کے دوران میں اگر مادہ وہاں انڈے دے تو وہ مر جائیگی اور اس کے انڈے بھی فنا ہو جائینگے۔ اس صورت میں ہم انشا اللہ تعالیٰ رائس بورر کو تباہ کرنے میں کامیاب ہو جائینگے اور ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا جیسا کہ ہمیں پچھلے سال کرنا پڑا۔ علاوہ برین محکمہ نے حسب استطاعت یہ بھی ارادہ کر لیا ہے کہ چاولوں کی کاشت کے بعد جو بچے کھچے کیڑے نرسریز سے نکلکر کھیت میں آ جاتے ہیں ان کے بارہ میں یہ کوشش کی جائے کہ انہیں ایک دوائی کے ساتھ Treat کیا جائے۔ البتہ اس سے یہ خطرہ ضرور ہے کہ ایسی فصل پر اگر کسی جانور نے منہ ڈالا تو اس جانور کے مر جانے کا اندیشہ ضرور ہے۔ اس کو چونکہ چاولوں پر استعمال کیا جانا مقصود ہے۔ اس لئے جہاں تک "رائس بورر" کا تعلق ہے محکمہ زراعت نے پہلی مرتبہ نہایت محنت کے ساتھ اس مصیبت کو ٹالنے کی کوشش کی ہے امید ہے کہ آئندہ اسے اور بھی کامیابی کے ساتھ کنٹرول کیا جائیگا۔ ایمونیم سلفیٹ کے متعلق میرے معزز بھائی نے گلہ کیا ہے کہ بہت سے لوگوں نے اسے خرید کر ذخیرہ کر لیا ہے۔ میں انکی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ ایمونیم سلفیٹ کسی اور کام تو آ نہیں سکتا۔ یہ لازمی طور پر کھیتوں میں جائے گا۔ اسلئے اس بات کی طرف سے میں مطمئن ہوں کہ ہم نے اسے جس کام کیلئے خریدا ہے یہ اسی کام میں استعمال ہوگا۔ چاول کے کھیت میں نہ سہی تو گندم میں سہی۔ گندم میں نہ سہی تو کپاس میں سہی۔ بہر حال یہ استعمال کھیتوں میں ہی ہوگا۔ خود آنریبل ممبر نے ایک سو ایکڑ کے لئے تقریباً ڈیڑھ دو سو من ایمونیم سلفیٹ خریدا تھا۔ اور یقیناً انکی اتنی کاشت ہوگی۔ اسی طرح جس کسی صاحب نے محکمہ کو اطلاع دی کہ اسکو اتنی ضرورت ہے اسے اتنی مقدار مہیا کر دی گئی۔ اگر کسی صاحب نے غلط اطلاع دے کر زیادہ مقدار میں امونیم سلفیٹ حاصل کر لیا ہے اور اسے چھپا کر رکھ لیا ہے تو اس میں محکمہ کا کیا قصور ہے۔ یہ تو نور دین کی چادر والی بات ہوئی۔ نور دین میلہ دیکھنے گیا اور وہاں اسکی چادر گم ہو گئی۔ واپس آیا تو کسی نے پوچھا سناؤ میلہ کیسا تھا۔ کہنے لگا۔ میلہ تو اچھا تھا۔ مگر لوگوں کی چادریں بہت گم ہوئیں۔ (قہقہہ) ۔ اگر یہ صورت ہے تو اسکا مجھے علم نہیں۔ ورنہ جہاں تک محکمہ

کا تعلق ہے اس نے چالیس ہزار ٹن ایمونیم سلفیٹ فروخت کر دیا ہے ۔ میں نے یہاں ایک سوال کے جواب میں یہ کہا تھا کہ ہم نے ۳۹ ہزار ٹن ایمونیم سلفیٹ فروخت کیا ہے ۔ وہ صحیح تھا ۔ اسکا فروخت ہو جانا اور زمینداروں کے پاس پہنچ جانا اس امر کی کافی دلیل ہے کہ یہ ضرور ہمارے صوبے کے کھیتوں میں استعمال ہوگا اور پیداوار بڑھانے کے کام آئیگا ۔ اسلئے اس بات پر یہاں شیم شیم کے نعرے بلند کرنا کہ ایمونیم سلفیٹ خرید کر چھپا لیا گیا نا مناسب تھا ۔

جہاں تک کاٹن کنٹرول کا تعلق ہے مجھے معزز رکن کے ساتھ اتفاق ہے ۔ میں عنقریب اس ایوان میں ایک کاٹن کنٹرول ترمیمی بل لا رہا ہوں ۔ اس سلسلہ میں میں معزز اراکین حزب اختلاف کی خدمت میں بھی چٹھیاں بھیج چکا ہوں کہ وہ مجھے اپنی تجاویز اور مشوروں سے مستفید فرمائیں ۔ ابھی تک ان میں سے کسی صاحب نے میری اس دعوت کا جواب نہیں دیا ۔ میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک بار پھر انکی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ اس معاملہ میں مجھے اپنی تجاویز سے مستفید فرمائیں ۔ میں نے اس سلسلہ میں زمینداروں کو بلا کر انکے مشوروں سے استفادہ کرنے کی بھی کوشش کی ہے ۔ مشکل یہ ہے کہ ہمارا ذاتی مفاد ہمارے ملی مفاد پر حاوی ہے اور بہت حد تک حاوی ہے ۔ اگر کسی کاشتکار کو دیسی کپاس کی کاشت میں ذرا سا بھی اضافہ نصیب ہوتا ہے تو وہ فوراً تھوڑی سی ذاتی منفعت کیلئے ملی مفاد کو قربان کرنے پر تیار ہو جاتا ہے ۔ یہ ہماری بد قسمتی ہے ۔ میں نے انکی خدمت میں یہ عرض کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ صحیح ہے اگر وہ ۴ ایف یا ۵۵ ایل کاشت کریں تو زیادہ کامیاب نہیں رہتی اور دیسی کپاس زیادہ کامیاب رہتی ہے ۔ لیکن انہیں چاہئیے کہ وہ ملی مفاد کے پیش نظر کپاس کی بجائے اور فصل کاشت کر لیں ۔ کیونکہ اگر تھوڑی سی دیسی کپاس بھی کاشت ہوگی تو وہ ضرور بازار میں جائیگی ۔ اور پھر وہاں سے کارخانوں میں جائیگی ۔ اور ہمارے کارخانہ داروں کی ایمانداری جو ہے وہ سب جانتے ہیں ۔ اس کیفیت کی بنا پر ہم پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ ہم ایسے قوانین مرتب کریں جن میں سختی سے کام لیا گیا ہو ۔ اگر کوئی معاشرہ کسی چیز کو رضا مندی سے قبول کرنے پر تیار نہ ہو تو ذمہ دار لوگوں پر یہ فرض عائد ہو جاتا ہے کہ وہ قانون کو سخت کر دیں ۔ اور جب قانون کو سخت کیا جاتا ہے تو پھر اسکو نافذ کرنے کیلئے نظم و نسق میں اور تقرریاں ضروری ہو جاتی ہیں ۔ جس سے نظم و نسق کے اخراجات میں اضافہ ہوتا چلا جاتا

ہے ۔ قوانین میں سختی اور نرمی معاشرہ کے ماحول کے مطابق کی جاتی ہے ۔ اسلئے معاشرہ کو صحیح راہ پر لانے کی بھی کوشش کرنی چاہیئے ۔ میزانیہ میں صرف دھن کی قطع و برید نہیں ہوتی بلکہ اس قوت کی بھی قطع و برید ہوتی ہے اور اس قوت کا بھی تخمینہ لگایا جاتا ہے جو اس صوبہ یا ملک کے لوگوں کی صحیح قوت ہے ۔ (تالیاں) ۔ اور اس قوت میں انتشار پیدا کر دینا یا بد اعتمادی پیدا کر دینا یہ بھی ایک کبیرہ گناہ ہے ۔ اسلئے میں اراکین حزب اختلاف سے یہ گذارش کرونگا کہ وہ تقاریر فرماتے وقت اس امر کا بھی دھیان رکھا کریں کہ وہ انسانی قوت کی تعمیر کر رہے ہیں یا تخریب ۔ کیونکہ یہی قوت اصل چیز ہے ۔ دھن تو آنی جانی چیز ہے آتا ہے دھن جاتا ہے دھن ۔ لیکن انسانی قوت ایک ایسی چیز ہے کہ اگر دھن نہ بھی ہو پھر بھی اسکی مدد سے صوبہ کے حالات کو اوپر لایا جا سکتا ہے ۔

تو جناب والا میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کے ترمیمی بل کے متعلق یہ عرض کر رہا تھا کہ چونکہ ہمارے معاشرہ میں ذاتی حرص اجتماعی مفاد پر بہت بری طرح حاوی ہے اسلئے ہمیں سخت قانون بنانا پڑیگا ۔

رانا گل محمد دون المعروف رانا عبد العزیز دون (ملتان ۔ مسلم) جناب والا ۔ مجھے توقع تھی کہ جب آنریبل وزیر زراعت میرے اعتراضات کا جواب دینے کیلئے کھڑے ہونگے تو وہ کوئی مدلل تقریر فرمائینگے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے میرے ایک پوائنٹ کا بھی جواب نہیں دیا ۔ ما سوائے اس کے کہ Botany اور Chemistry کے پروفیسروں کے متعلق میں نے غلط بیانی کی ہے ممکن ہے میری وہ اطلاع غلط ہو ۔ مگر جو کچھ میں نے چاول اور کاٹن کنٹرول ایکٹ کے متعلق اس معزز ایوان میں عرض کیا تھا ان چارجز کو میں پھر دھراتا ہوں اور وزیر زراعت صاحب سے پوچھتا ہوں کہ کیا محکمہ زراعت نے کاشتکاروں کیلئے کوئی پمفلٹ شائع کئے تھے یا کوئی اور ایسے طریقے اختیار کئے تھے جن سے انہیں یہ معلوم ہو جائے کہ دیر سے بوئی جانے والی فصل پر Stem borer کا حملہ ہو جاتا ہے ۔ اور یہ کہ جس کھیت میں ایمونیم سلفیٹ ڈالا جائے اس میں کم سے کم دو ہفتہ اگیتی کاشت کرنی چاہیئے نہ ہی انہوں نے Cotton Control Act کے متعلق میرے اعتراضات کا جواب دیا ہے ۔

انہوں نے ایمونیم سلفیٹ کے متعلق نہایت مفصل تقریر فرمانے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن میرے اس پوائنٹ کے متعلق کہ ایمونیم سلفیٹ سے

چھوٹے کاشتکاروں کو فائدہ نہیں پہنچا انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ جناب والا۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اگر بڑے زمینداروں نے اسکا سٹاک کر لیا ہے۔ تو آخر یہ کھیت میں ہی جائیگی۔ اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ یہ آخر کھیت میں ہی جائیگی۔ یہ کوئی کھانڈ تو ہے نہیں کہ چائے میں ڈال جائیگی۔ باقی میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دوں کہ میں نے اسکا کوئی سٹاک نہیں کیا۔ میرا ۱۵۰ ایکڑ کا ایک باغ ہے اور میرا اور میرے مزارعین کا چھ سات ایکڑ رقبہ فصل خریف کے زیر کاشت تھا۔ اسکے بعد انہوں نے کاٹن کنٹرول ایکٹ کے متعلق بہت کچھ فرمایا ہے۔ ممکن ہے وہ اسکی ورکنگ سے مطمئن ہوں مگر میں اپنے charges کو پھر دھراتا ہوں۔ وہ لوگ جو اس کام پر مامور کئے گئے تھے کہ وہ کاٹن سیڈ کی purity کا خیال رکھیں تاکہ اس میں ملاوٹ نہ ہو انہوں نے فرض شناسی کا ثبوت نہیں دیا۔ اگر یہ عملہ ڈپٹی ڈائرکٹر ایگریکلچر کے ماتحت ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ شکایت کا موقعہ پیش نہ آتا۔ میں پھر کہتا ہوں کہ اس عملہ نے روئی کے معاملہ میں پنجاب کے نام پر ایک بہت بڑا دھبہ لگایا ہے۔ اور بیرونی ممالک کے لوگ جب کپاس خریدنے کے لئے آتے ہیں تو وہ پنجاب کی کپاس کا نام سنکر خریدنے سے انکار کر دیتے ہیں۔ میں وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کے تحت کتنے چالان ہوئے ہیں۔ اس بدنامی کے دھبہ کا قصوروار کون ہے؟ اسکی تمام ذمہ داری محکمہ زراعت پر اور وزیر زراعت پر ہے (آوازیں۔ ہئیر۔ ہئیر)۔ جناب والا۔ اسکے بعد میں اپنی کٹ موشن کو press نہیں کرتا اور واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his cut motion ?

(Voices: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of privilege. Sir, I have received a very important letter which has been handed over to me just now. It reads thus :

(۱) سیفٹی ایکٹ آئین کی نفی ہے۔

(۲) سیفٹی ایکٹ اندھے کی لاٹھی ہے۔

(۳) سیفٹی ایکٹ حکومت کی کمزوری ہے۔

(۴) سیفٹی ایکٹ کالا قانون ہے۔

لہذا سیفٹی ایکٹ کو منسوخ کیا جائے۔

Mr. Speaker : This is no point of privilege.

SUPERVISION

رانا گل محمد نون المعروف عبدالعزیز نون (ملتان۔ نمبر۴ مسلم) — جناب والا ۔ میں تحریک تخفیف پیش کرتا ہوں ۔

That the item of Rs. 3,36,190 on account of Total (B)—Superintendence—be reduced by Rs. 3,36,189.

جناب والا ۔ میں پچھلی کٹ موشن میں ڈائرکشن وغیرہ کے متعلق چند معروضات اس معزز ایوان میں پیش کر چکا ہوں ۔ اب میں (Supervision) کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ہر وقت یہ کہا جاتا ہے کہ ہم کاشتکار کے بڑے ہمدرد ہیں اور ہمارے صوبے کی جو ۸۰ یا ۹۰ فیصدی کاشتکاروں کی آبادی ہے ان کی فلاح و بہبود کے لئے ہم قوانین بناتے ہیں تاکہ ان کو ہر طرح کی آسائیشیں میسر آئیں ۔ جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک محکمہ زراعت کی activities کا تعلق ہے یہ بالکل inadequate ہیں ۔

جناب والا ۔ اس وقت ہمارے ملک میں سب سے اہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی produce yield per acre میں اضافہ کریں (ہئیر ۔ ہئیر) ۔ غالباً ہمارے ملک کی اس وقت yield per acre دنیا کے تمام ممالک سے کم ہے ۔ اس وقت ہمارے ملک کی آبادی کا بیشتر حصہ فاقہ کشی کا شکار ہو رہا ہے ۔ ہمیں ملکی پیداوار کو بڑھانے کے طریقے اختیار کرنے چاہئیں ۔ جناب والا ۔ اس مقصد کے حصول کے لئے میں چند ایک تجاویز اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلا طریقہ جس سے پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے وہ ہے soil کی fertility کو بہتر بنانا ۔ آپ نے جو پچھلے سال سے ایمونیم سلفیٹ کی تقسیم کا انتظام کیا ہے وہ ایک عارضی چیز ہے ۔ اس سے عارضی طور پر زمین کی fertility ضرور بڑھ جاتی ہے مگر ہمیں soil کی fertility کو permanent طور سے بڑھانا چاہیئے ۔ جس سے زمین مستقل طور پر زرخیز ہو سکے ۔ اس وقت ہماری زمین میں organic matter کی روز بروز کمی ہوتی جا رہی ہے ۔ اور پیداوار بھی سال بسال کم ہوتی جا رہی ہے ۔ پانچ چھ سال پہلے گوارے کا بیج مفت تقسیم کیا جاتا تھا ۔ اگر گوارا پکنے سے پہلے سبز حالت میں ہی زمین میں دبا دیا جاتا تو اس پر آبیانہ نہیں لگتا تھا ۔ اس سے زمین کی زرخیزی میں بیحد اضافہ ہوتا ہے مگر ہماری مشفق وزارت کے عہد میں اس سبز کھاد سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرنے کا طریقہ بھی مفقود ہو رہا ہے کیونکہ اس کیلئے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی ۔ اسکے علاوہ پنجاب میں ۱۳۱۴ ایگریکچرل

اسسٹنٹوں کی اسامیوں میں سے اکثر و بیشتر خالی پڑی رہتی ہیں دو تین سال۔ Agriculture Graduates اس قلیل تنخواہ پر آنے کے لئے تیار نہ تھے مگر بعد میں جسکی وجہ سے صوبے میں زرعی تباہی شروع ہو گئی اب ایگریکلچر اسسٹنٹ پچھلے سال سے اقتصادی بد حالی کی وجہ سے اس محکمہ کا رخ کرنے لگے ہیں - مگر پھر بھی صوبہ میں ابھی تک ۴۰ اسامیاں خالی پڑی ہیں - پنجاب کے ۴۰۰ طلبا کے مقابلہ میں مصر میں ۱،۰۰۰ طلبا ہیں حالانکہ مصر کی آبادی پنجاب کے مقابلے میں ۶۰ فیصدی کے برابر ہے - پنجاب میں کل ۴۰۲ طلبا زراعت پڑھتے ہیں - میں حکومت سے پر زور اپیل کرتا ہوں کہ محکمہ زراعت کی تعلیم میں توسیع کرے تا کہ زراعت ترقی کرے زراعت کی تعلیم کی توسیع اور کھاد کی ترقی سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرنے کے علاوہ Modern Improved Agricultural Implements (جدید آلات کشاورزی) کی بھی سخت ضرورت ہے - میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ ہمارے صوبے میں Improved implements (جدید آلات کشاورزی) کو کاشتکاروں میں مقبول نہیں بنایا گیا اور اگر حکومت نے سرگرمی کے ساتھ کوشش نہ کی تو زراعت ترقی کرنے کی بجائے تباہ ہو جائیگی - پھر جناب والا - Improved Seeds کی فراہمی اور تقسیم سے کاشتکاروں کی کماحقہ امداد نہیں کی جا رہی ہے - محکمہ زراعت نے Hybrid Maize کے بیج کی تشہیر و ترویج نہیں کی - برسوں کے ترقی دادہ بیج جس سے Yield دوگنا فی ایکڑ بڑھ سکتی ہے اسکو بھی رائج اور تقسیم نہیں کیا - میں پوچھتا ہوں کہ محکمہ زراعت نے گندم کے بیج نمبر ۲۷۱ اور ۲۷۳ کو کاشتکاروں میں کسقدر تقسیم کیا ہے - مجھے بتایا جائے - Ground nuts کا بیج بھی جسقدر تقسیم کیا گیا ہے اسکی تفصیل بتائی جائے نیز جوار کا ترقی دادہ بیج بھی پیدا کرکے تقسیم نہیں کیا گیا - اور جناب والا - last but not the least لائلپور کپاس جس کے ۵۰ سے ۷۰ counts ہے اور جس کا staple ریشہ بھی ایک انچ سے زیادہ لمبا ہوتا ہے - اسکو بھی صوبے میں رائج نہیں کیا گیا - محکمہ زراعت نے خود بھی اسکو ترقی نہیں دی اور بیج تیار کرکے کاشتکاروں کو بھی مہیا نہیں کیا گیا - محکمہ زراعت کی اس عدم توجہگی اور غفلت سے صوبے کے غریب کاشتکاروں کو بےحد نقصان ہوا ہے - اس وقت جو امریکن کاٹن اس صوبہ میں بوئی جاتی ہے - اس کے صرف 35 counts ہوتے ہیں - اور مقابلتاً اوسط پیداوار بھی لائلپور کپاس سے کم -

جناب والا - میں اس ضمن میں یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ وزیر مال نے صوبے کو Welfare State بنانے کا جو دعویٰ کیا تھا وہ ان حالات

میں کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے گا۔ وہ محض ایک دکھاوا اور فریب تھا حقیقت خود ان کے بیان کی تردید کر رہی ہے غریب کاشتکار دن بدن تباہ حال ہوتے جا رہے ہیں۔ ان کا معیار پست تر ہوتا جا رہا ہے۔ وزیر مال نے اپنی جوابی تقریر میں فرمایا تھا کہ وہ میری intelligence اور intellect کے متعلق اچھا خیال رکھتے تھے مگر اب میری تقریر سن کر انہوں نے اپنے خیالات بدل لئے ہیں مگر میں عرض کر دوں کہ میں نے ان کے متعلق اپنے خیالات نہیں بدلے۔ وہ تو اپنے خیالات بدلتے رہنے کے عادی ہیں مگر میرے خیالات ان کے متعلق اب بھی وہی ہیں۔ جو پاکستان بننے سے پہلے تھے۔ وہ پاکستان کے مخالف تھے۔ ہم ان کے خیالات سے واقف ہیں۔

Mr. Speaker : It is wholly irrelevant.

رانا گل محمد خان— جناب والا۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے میری intelligence اور میرے intellect پر حملہ کیا تھا۔ میں نے جواباً عرض کیا ہے کہ وہ اپنے خیالات بدلتے رہتے ہیں۔ میں اپنے خیالات کو نہیں بدلا کرتا۔ میرے خیالات ان کے متعلق اب بھی وہی ہیں جو پاکستان بننے سے پہلے تھے کیونکہ وزیر مال پاکستان بننے سے پہلے پاکستان کے سخت مخالف تھے۔ پس جناب والا۔ ایسی ہی وجوہات سے پنجاب اقتصادی بحران میں مبتلا ہے۔ جب تک ہم کاشتکاروں کے معیار حیات کو بلند نہیں کرتے جب تک ہم ان کی حالت کو بہتر نہیں بناتے۔ جب تک ہم زمین کی زرخیزی (fertility) میں اضافہ کی تراکیب پر عمل نہیں کرتے۔ جب تک زراعت کی yield per acre میں اضافہ نہیں ہوتا اور جب تک ان امور میں حکومت کاشتکاروں سے co-operation نہیں کرتی صوبے کی زرعی حالت کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔ میں یہ عرض کرونگا کہ ہم یہ چیزیں کر سکتے ہیں۔ اور دو سال کے اندر اپنی اوسط پیداوار میں کم سے کم ۳۰ فیصدی اضافہ کر سکتے ہیں۔ اس زائد آمدنی سے ہم بہت سی سکیمیں جو اس وقت روپیہ کی قلت کی وجہ سے عمل میں نہیں لائی جا سکتیں ان کو عملی جامہ پہننا نے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً تعلیم۔ صحت۔ رہائش وغیرہ وغیرہ۔ لائلپور کالج کے پرنسپل پچھلے دو سال میں تین بدل چکے ہیں۔ اسلئے میں تجویز کرونگا کہ لائلپور کے زراعتی کالج کے پرنسپل کے عہدے کی کم سے کم میعاد تین سال یا پانچ سال کر دی جائے تاکہ پرنسپل صاحب دل لگا کر کام کریں اور کالج کی حالت بہتر ہو سکے۔

ڈائرکٹر زراعت کی تعداد بھی ایک سے بڑھا کر تین کر دی جائے یعنی تین ڈائرکٹر زراعت مقرر کر دیئے جائیں۔ ایک Director of Research علیحدہ ہو یا کالج کے پرنسپل کے ماتحت کر دیا جائے تاکہ کالج کو موجودہ ریشہ دوانیوں سے نجات حاصل ہو۔ لائلپور ایگریکلچر کالج ۱۹۰۹ میں قائم ہوا تھا۔ اور اس وقت کی ضروریات کیلئے مشکل سے کفیل تھا مگر اب جبکہ پنتالیس سال میں ہماری ضروریات بے حد بڑھ گئی ہیں کالج میں کوئی توسیع نہیں کی گئی میں کہونگا اسکے سٹاف میں توسیع کی ضرورت ہے۔ پرنسپل کی معیاد عہدہ میں توسیع کرکے کم سے کم تین سے پانچ سال کر دی جائے۔ تین ڈائرکٹروں کے درمیان ایک set target مقرر کر کے ان سے کام لیا جائے۔

پرانے زمانہ میں ڈپٹی کمشنر دیہات کے دوروں پر جاتے تھے گھوڑے کی سواری کرتے تھے۔ اور دیہاتی زندگی کی تکالیف سے واقف رہتے تھے۔ اب موٹر پر جاتے ہیں ڈاک بنگلوں میں ٹھہر کر چلے آتے ہیں۔ اور عوام کی ضروریات اور زندگی سے بالکل بے خبر ہیں۔ جناب والا۔ اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ڈپٹی کمشنر اور باقی افسران کے لئے زراعتی تعلیم لازمی قرار دی جائے۔ اور ان کے لئے دیہاتی دورہ گھوڑے پر کرنا لازم ہوتا کہ وہ دیکھیں کہ کام کسطرح سے ہو رہا ہے۔

جناب والا۔ سیم اور تھور کی تباہ کاری کو روکنے کیلئے بھی موثر عملی کام کرنے کی سخت ضرورت ہے اس موذی مرض کے باعث ۲۲ لاکھ ایکڑ رقبہ اراضی برباد ہو چکا ہے اور ۴۰ لاکھ ایکڑ مزید رقبہ برباد ہونے والا ہے۔ میں اسکی طرف بھی حکومت کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں

علاوہ ازیں وزیر زراعت صاحب نے پچھلے سال ۱۰۰ ٹیوب ویلز لگانے کا وعدہ فرمایا تھا مگر اسے عملی جامہ نہیں پہنایا گیا۔ میں عرض کرونگا کہ امسال ٹیوب ویلز لگانے کے لئے جلد از جلد مشینری منگوائی جائے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ تقریر ختم کرنے کی اجازت چاہتا ہوں

Mr. Speaker : Demand under consideration, amendment moved is—

That the item of Rs. 6,36,190 on account of Total (B)—Superintendence be reduced by Rs. 3,36,189.

***وزیر زراعت** (آنریبل سردار عبدالحمید خان دستی)— جناب والا۔ میں یہ تو تسلیم کرتا ہوں کہ ہمارے صوبے ہیں جہاں تک کپاس اور گندم کی پیداوار میں اضافے کا تعلق ہے اس کے لئے حالات بڑے امید افزا ہیں۔ اور میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ ابھی پیداوار کے سلسلے میں

*Uncorrected speech.

ہم اس منزل تک نہیں پہنچے جس تک پہنچنے کا ہم ارادہ رکھتے ہیں۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ محکمہ زراعت اپنی مساعی میں اس انتہائی منزل تک پہنچ گیا ہے جہاں اسے پہنچنا چاہیئے تھا۔ اس کی مختلف وجوہات ہیں جن میں سے بعض یقینی اور حتمی طور پر ہمارے قابو میں نہیں۔ ان میں سے بعض ایسی ہیں جن کے لئے وقت درکار ہے۔ مثال کے طور پر میں یہ عرض کرونگا کہ پختے ہوئے اور ترقی پسند ممالک کے باشندے اپنے نجی اور قومی مفاد کو خوب سمجھتے ہیں۔ ان ممالک میں جونہی کوئی مفید ادارہ حکومت کی طرف سے قائم کیا جاتا ہے۔ ان کا ہر ایک فرد اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے خود اس تک پہنچتا ہے۔ مگر ہمارے ہاں معاملہ بالکل الٹ ہے۔ ہماری ترقی کی راہ میں جو مشکل حائل ہے وہ یہ ہے کہ ہمیں فائدہ پہنچانے کیلئے فائدہ اٹھانے والوں کے دروازوں اور کھیتوں تک پہنچنے کا کام بھی خود ہی کرنا پڑتا ہے۔ حالانکہ ترقی کی راہ پر گامزن افراد کو جب اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ ان کے کھیت کی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لئے فلاں جگہ سے صحیح اور کار آمد مشورہ مل سکتا ہے تو وہ فوراً اور کام چھوڑ کر مشورہ حاصل کرنے کے لئے پہنچ جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو جب پتہ چل جائے کہ فلاں لیبارٹری میں ان کی soil یعنی زمین کا تجربہ کر کے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ وہ کس قسم کی زمین ہے۔ اچھی ہے یا بری تو وہ بلا تاخیر اپنی زمین کے نمونے لیکر اس لیبارٹری میں پہنچتے ہیں اور ان کے نتائج سے اپنے ملک کو فائدہ پہنچاتے اور دولت میں اضافہ کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں اول تو Experimental Farms ہی ناکافی ہیں اور جو ہیں ان تک پہنچتا ہی کوئی نہیں۔ بلکہ اس کے کارکنوں کو خود کاشتکاروں کے کھیتوں تک جانا پڑتا ہے اور وہاں نئے اور ترقی یافتہ بیجوں کو کاشت کرکے دکھانا اور یقین دلانا ہوتا ہے کہ فصل اس بیج کے مطابق ہوگی۔

اس کے علاوہ محکمہ زراعت کو متزلزل لوگوں کو یقین دلانا اور حزب مخالف کی تقریروں کے زہریلے اثرات سے کاشتکاروں کو محفوظ رکھنا پڑتا ہے تاکہ ان کی پھیلائی ہوئی بد اعتمادی کا خاطر خواہ طریق سے ازالہ کیا جا سکے۔ اس بد اعتمادی کا اثر یہ ہوا ہے کہ ایمونیم سلفیٹ جیسی مفید چیز کے متعلق یہ آواز سننے میں آ رہی ہے کہ اس نے زمین کی طاقت کا ستیاناس کر دیا ہے۔ (ایک آواز۔ یہ کس نے کہا ہے؟) یہ آواز ان لوگوں کے دلوں سے نکلی ہے۔ جو نہیں چاہتے کہ ملک کی حالت بہتر ہو۔ I do not blame anybody I say there are sections. بہر حال

ایسے لوگ موجود ہیں جو مفید چیزوں کو نقصان دہ ثابت کرکے عوام میں بد اعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ مگر جناب والا ۔ اس سے میرا مقصد کسی پر حملہ کرنا ہرگز نہیں ۔ میرا مقصد صرف یہ ہے کہ جس وقت یہ لوگ مخالفت برائے مخالفت کرتے ہیں تو اس کے اثرات جو ہماری حکومت پر ہوتے ہیں وہ بڑے دور رس ہوتے ہیں ۔ اس سے بد اعتمادی پیدا ہوتی ہے جس سے صوبے کی اجتماعی حالت عام طور پر اثر پذیر ہوتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس مخالفت کی وجہ سے جو دقتیں ہمارے لئے پیدا ہوتی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس وقت چھوٹے زمیندار اور کسان کو جس کی کم علمی سے فائدہ اٹھا کر غیر ذمہ دارانہ گفتگو اور تقریروں سے حکومت کے متعلق اعتماد کو متزلزل کیا جاتا ہے ہمیں اس امر کا یقین دلانا پڑتا ہے کہ بھئی اس میں تیرا ہی فائدہ ہے ۔ اور اس سے یہ بھی کہنا پڑتا ہے کہ

تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن

آج کل کے حالات اور واقعات کے ہوتے ہوئے ہماری آپس کی رسہ کشی کے اثرات عوام کیلئے بڑے مضرت رساں ہیں ۔ یہی ایک مشکل ہے جس کی وجہ سے آج ہماری پیداوار اس منزل تک پہنچنے میں ناکام رہی ہے جس منزل تک اسے پہنچنا چاہیئے تھا ۔ بایں ہمہ میں آپ کی اور اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے یہ عرض کر دوں کہ محکمہ زراعت کی کوششوں کی وجہ سے پیداوار میں فی کاہ یا فی ایکڑ کتنا اضافہ ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ پہلے میں گندم کو لیتا ہوں ۔ اس کی پیداوار ویسے تو ہمارے ہاں معمول کے مطابق ہے ۔ لیکن جہاں اس کا بیج بہتر بنا کر کاشت کی گئی ہے وہاں اس کی average بہت زیادہ ہے ۔ پہلے اس کی پیداوار عموماً دس من فی ایکڑ ہوا کرتی تھی لیکن اب سولہ من فی ایکڑ ہو گئی ہے ۔ (تالیاں)

کپاس کی پیداوار پہلے ۵۶ سیر فی ایکڑ ہوا کرتی تھی مگر اب ۱۰۶ سیر تک پہنچ گئی ہے ۔ (تالیاں)

Sugar cane یعنی گنا جہاں پہلے دو سو من فی ایکڑ پیدا ہوتا تھا اب ۶۵۰ من تک پہنچ گیا ہے ۔ (تالیاں)

برسیم جس کی پیداوار پہلے ۴۷۵ من فی ایکڑ تھی اب ۹۰۲ من فی ایکڑ تک پہنچ گئی ہے ۔ (تالیاں)

جناب والا ۔ جہاں تک Improved seeds یعنی ترقی یافتہ بیجوں کی ترویج اور اسے کاشتکار تک پہنچانے کا تعلق ہے اس میں بھی خاطر خواہ

کامیابی ہوئی ہے ۔ چنا نچہ گندم کے سلسلے میں ۸۷ فیصدی یعنی اس وقت ہمارے صوبے میں جس قدر گندم کی کاشت ہوتی ہے اس میں ۸۷ فیصدی رقبے میں ترقی یافتہ بیج کی کاشت کی گئی ہے ۔ کپاس کے سلسلے میں سو فیصدی ۔ گنے کی ۹۸ فیصدی اور برسیم کی سو فیصدی ۔

جناب والا ۔ اب میں ان اعتراضات کو لیتا ہوں جو معزز رکن ایوان جناب رانا صاحب نے پیش کئے ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے خوشی ہے کہ رانا صاحب زراعت کے معاملات میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں اور یہ امر بھی میرے لئے باعث فرحت و مسرت ہے کہ انہیں اس کے متعلق کافی واقفیت اور علم ہے ۔ آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ hybrid maize محکمہ زراعت کے شعبہ ریسرچ کا ایک انعام ہے ۔ اس کا بیج ہمیشہ باہر سے import کیا جاتا رہا ہے ۔ لیکن امسال محکمہ زراعت اپنا hybrid maize دریافت کرنے میں کامیاب ہوا ہے ۔ میں اس سے بہت خوش ہوں اور میرا خیال ہے کہ اس ایوان کے معزز اراکین بھی اس نئی چیز کے دریافت اور حاصل ہونے پر خوش ہونگے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک گنے کے بیج کا تعلق ہے یہ ہمارے ہاں نہیں ہوتا ۔ یہ کمی بڑی شدت سے عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی ۔ چنا نچہ اس صورت میں ہمیں ہمیشہ گنے کی گلیاں یعنی cuttings محفوظ رکھنا پڑتی تھیں ۔ مگر جناب والا ۔ محکمہ زراعت کے شعبہ ریسرچ نے اس کے متعلق بھی کامیابی حاصل کی ہے اور اس بات کا طرہ اور سہرا اس محکمے کے سر ہے کہ اس نے انتہائی محنت کے بعد پوری کامیابی سے گنے کا ترقی یافتہ بیج دریافت کر لیا ہے ۔ یہ ایک ایسی دریافت ہے جو محکمہ زراعت نے پہلی مرتبہ حاصل کی ہے ۔ (ایک آواز ۔ مگر اس کا فائدہ کس کو پہنچا ہے ؟) اس کا فائدہ ان عوام کو پہنچا ہے جن کے آپ نمائندے ہیں ۔

جناب والا ۔ یہ تو تھا yield کے متعلق ۔ اب میں Improved Implements کے متعلق ۔ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے زراعتی کالج لائلپور کی Workshop میں بڑی پرانی قسم کی مشینیں تھیں جو کثرت استعمال سے بوسیدہ ہو چکی تھیں ۔ اسے ہم نے از سر نو زندہ کیا ہے ۔ چنا نچہ اس Worshop کو نئی زندگی بخشنے کیلئے جس قدر نئے اوزار اور مشینیں درکار ہیں ان کے متعلق ہمارا I. L. O. کے ساتھ معاہدہ ہو گیا ہے ۔ یہ ادارہ ہر قسم کی چھوٹی مشینیں اور اوزار بنانے والی بڑی مشینیں ہمارے لائلپور کالج کو مہیا کریگا ۔ انشا اللہ العزیز اس سال جون ۔ جولائی تک یہ

کام مکمل کرنے کیلئے انکا وعدہ ہے ۔ امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ جولائی تک یہ ادارہ اوزار بنانے کی مشینیں لائلپور کالج کو مہیا کر دیگا ۔

اور اسکے لئے بجٹ میں رقم مخصوص کر دی گئی ہے ۔ اس ورکشاپ کی عمارت کو مکمل کرنے کیلئے کام شروع کر دیا گیا ہے ۔ implement making کی کمی جو ہمارے صوبے میں بہت دیرینہ کمی ہے اسکو پورا کرنے کیلئے مناسب اقدامات کئے گئے ہیں ۔ معزز رکن کو غالباً اس بات کا علم ہے کہ کپاس کی نئی varieties محکمہ زراعت کے ریسرچ ڈیپارٹمنٹ نے دریافت کی ہیں ۔ انکا گلہ ہے کہ varieties کا بیج تقسیم کیوں نہ کیا گیا ۔ میں ان کی اطلاع کیلئے یہ عرض کر دوں کہ قاعدہ یہ ہوتا ہے کہ نئی varieties جو دستیاب ہوتی ہیں پہلے Experimental Farm یعنی تجرباتی فارم میں انکا تجربہ کیا جاتا ہے اور جب ہمیں کامیابی کا سو فیصدی یقین ہو جاتا ہے تو پھر ہم زمینداروں کو دیتے ہیں ۔ اگر ویسے ہی وہ زمینداروں کو دے دیا جائے اور وہ ناکام رہے تو پھر اس اچھے بیج کی شہرت پر دھبہ لگنے سے ریسرچ کے کام میں مزید تاخیر ہوگی ۔ تو یہ وجوہات ہیں جن کی بنا پر ابھی تک وہ بیج باوجود اسکے کہ وہ بہترین بیج ہے ابھی تقسیم نہیں کیا جا رہا ۔ میں جناب کے توسل سے معزز ایوان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ ہم نے گندم کی ایک ایسی variety دریافت کی ہے جسے Late variety کہتے ہیں یعنی پچھیتری قسم ۔ ایسے دریائی علاقے جہاں دریا کا پانی دیر تک موجود رہتا ہو اور زمین قابل کاشت نہ ہوتی ہو ان کو Late Variety کا بیج مہیا کیا جاتا ہے اور وہ بیج اصل موسم کے بعد بونے سے گندم کی پیداوار ہو سکے گی ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) معزز رکن کو گلہ ہے کہ گوارے کا بیج پہلے مفت تقسیم کیا جاتا تھا لیکن اب نہیں کیا جاتا ۔ معزز رکن بھول گئے کہ ہم ۴۰ ہزار ٹن مصنوعی کھاد صرف اڑھائی روپے فی من کے حساب سے بیچ رہے ہیں ۔ میرے محترم بھائی بھول گئے کہ اس سال ۲۵ لاکھ روپے کی کثیر رقم گورنمنٹ نے تقاوی کے طور پر دی ۔ جو وہ صرف Improved seed یعنی ترقی یافتہ بیج اور مویشیوں کو خریدنے کیلئے استعمال میں لا سکتے تھے ۔ rigs کے متعلق ان کا گلہ یہ ہے کہ ابھی تک کیوں نہیں حاصل کی گئی ۔ میری یہ گذارش ہے کہ بعض معاملات میں انتہائی کوششوں اور انتہائی مساعی اور اپنی دعاؤں کے باوجود خواہشات پوری نہیں ہوتیں کیونکہ وہ دوسروں کے بس کی بات ہوتی ہے ۔ ہم rigs باہر سے درآمد کرتے ہیں ۔ جب تک

ہماری قوم اس قابل نہیں ہوتی کہ ہر چیز اپنے ملک میں بنائی جائے اس وقت تک ہمیں دوسروں کے دست نگر رہنا ہے۔ جہاں تک اس کو حاصل کرنے میں مساعی کا تعلق ہے میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اس میں کسی قسم کا تساہل نہیں ہوا۔

رانا گل محمد خان عرف رانا عبدالعزیز خان (ملتان۔ نمبر۴۔مسلم) جناب والا۔ وزیر زراعت نے جو کچھ فرمایا ہے ان میں بہت سی باتیں انہوں نے ایسی کہیں ہیں جو بالکل غیر متعلقہ ہیں۔ سوال گندم۔ جواب چینا۔ مگر میرے بہت سے سوالات ایسے تھے جن کا جواب انہوں نے نہیں دیا۔ میں نے تو یہ پوچھا تھا کہ باوجود حکومت کی متواتر سات سالہ کوششوں کے انہوں نے اس وقت تک ویلفیئر سٹیٹ (Welfare State) کی بنیاد رکھنے کیلئے کیوں کوئی اقدامات نہیں کئے۔ اسکے جواب میں انہوں نے فرمایا ہے کہ بہت سی اجناس کی اوسط پیداوار بڑھ گئی ہے جو کہ بالکل غلط ہے۔ میں ان کی اپنی statement جو کہ میرے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے اس ایوان میں دی تھیں اس معزز ایوان کے مقتدر اراکین کے سامنے پیش کرتا ہوں جس سے معلوم ہو جائے گا کہ آیا ہماری اوسط پیداوار میں اضافہ ہوا ہے جیسا کہ جناب وزیر زراعت نے فرمایا ہے یا کمی ہوئی ہے۔ جناب والا۔ پہلے Seed Farm Gujrat کو لیجیئے۔ اسکا رقبہ ۲۵۰ ایکڑ کے قریب ہے۔ اس میں کپاس کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۲ء۷ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۱ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۱-۵۲ میں ۳ء۶ من فی ایکڑ تھی۔ اور گندم کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۲ء۱۴ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۲ء۱۱ من فی ایکڑ تھی ۱۹۵۱-۵۲ میں ۹ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ اب New Seed Farm Sargodha کو لیجیئے جسکا رقبہ تقریباً ۳۹۴ ایکڑ ہے۔ اس میں کپاس کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۶ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۹ء۸ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۱-۵۲ میں ۸ء۶ من فی ایکڑ تھی۔ اور گندم کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۱۹ء۸ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۱۸ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۱-۵۲ میں ۱۷ء۶ من فی ایکڑ تھی۔ اب Old Seed Farm Sargodha کو لیجیئے۔ اسکا رقبہ تقریباً ۸۶ ایکڑ ہے۔ اس میں کپاس کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۸ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۸ء۲ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۱-۵۲ میں ۷ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ اور گندم کی اوسط پیداوار ۱۹۴۹-۵۰ میں ۲۷ء۳ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۰-۵۱ میں ۲۱ء۲ من فی ایکڑ تھی۔ ۱۹۵۱-۵۲ میں ۱۹ء۹ من فی ایکڑ تھی۔ اس کے علاوہ دوسرے فارموں کا بھی یہی حال

ہے جس سے معلوم ہوگا کہ ۱۹۴۹-۵۰ اور ۱۹۵۰-۵۱ کے بعد اوسط پیداوار تقریباً تمام فارمز میں کم ہو گئی ہے - جب گورنمنٹ فارمز کا یہ حال ہے تو پھر عام زمینداروں کی زمینوں کی اوسط پیداوار کا کیا حال ہوگا جنکے پاس نہ credit کی facilities ہوتی ہیں اور نہ انکے پاس ماہرین زراعت ہیں جو انکو مشورہ دیں - improved implements نہ Seeds improved اور نہ ہی وہ وسائل آبپاشی جو کہ Govt. farms پر ہوتے ہیں - تو یہ جو statement ہے میں اسے تسلیم نہیں کرتا - Statistical Department نے جو کارنامہ کیا ہے اور جو اطلاعات وقتاً فوقتاً دی ہیں وہ سب پر عیاں ہیں - مجھے انکا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں - انکا کام نہ صرف یہ کہ صفر کے برابر ہے بلکہ گمراہ کن ہے - وہ نہایت ہی نکمے اور in-efficient لوگوں کا محکمہ ہے جو مختلف اوقات میں غلط اطلاعات کے باعث منصوبہ بندیوں میں حائل ہوتے ہیں - انہوں نے کئی ایسی غلط اطلاعات دی ہیں جن کے پیش نظر ہم اپنی مشکلات کو دور کرنے کے لئے وقت پر مکمل انتظام نہیں کر سکے -

جناب والا - اس کے بعد انہوں نے improved implements کا ذکر فرمایا ہے - انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ وہاں ایک Engineering Workshop تھی جو بہت پرانی تھی اور جس کے لئے ہم یہ کریں گے ہم وہ کریں گے - میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ جو implements اس ورکشاپ میں تیار کئے گئے وہ کہاں گئے ؟ کیا وہ ہوا میں اڑ گئے ؟ جناب والا - جو implements وہاں بنائے گئے ہیں وہ اتنے گراں ہیں کہ غریب لوگ انہیں خرید نہیں سکتے - نیز وہ اتنی مقدار میں نہیں - کہ عوام کی ضرورت کو پورا کر سکیں - عوام کے لئے حکومت نے کوئی cheap credit کی سہولت بہم نہیں پہنچائی - جہاں تک farms کے mechanization کا تعلق ہے - زراعت کا محکمہ اس کے متعلق قطعاً کچھ نہیں جانتا - اور جب کبھی mechanization of farming کا ذکر آتا ہے - تو طوطے کی طرح سب یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں کہ Mechanization will result in the unemployment of the people. کیا انہوں نے اس کی economics کو work out کیا ہے ؟ کیا انہوں نے کسی آدمی کو Mechanical Farming کی training دی ہے کیا انہوں نے اس مسئلہ کو scientific طریقہ سے سوچنے کی کوشش کی ہے - اگر وہ واقعی کچھ واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو میں انہیں بتاتا ہوں کہ ریاست بہاولپور میں عیسیٰ خیل سٹیٹ میں ایک machanized farm ہے - جو ۶ ہزار ایکڑ میں ہے - اراکین کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کر

دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ وہاں ۱۹۴۸ء میں mechanized farming شروع کی گئی۔ اس وقت وہاں کاٹن کی اوسط پیداوار ۲٫۹ من فی ایکڑ تھی۔ اس سال اوسط پیداوار ۱۰ من فی ایکڑ ہے۔ ۱۹۴۸ء میں گندم کی اوسط پیداوار ۷ سے ۸ من تھی۔ پچھلے سال ۱۹ سے ۲۰ من ہوئی۔ کاٹن کا کاشت شدہ رقبہ ۱,۸۰۰ ایکڑ ہے اور ۱,۸۰۰ ایکڑ کپاس تھا اس کی working cost بہت ہی کم ہے۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ Is it cheaper to cultivate with the machine or with human labour and also will a partly mechanized farm result in the unemployment of farm-labour as it is asserted by so many without any practical experience.

اس لئے میں مشورہ دونگا کہ جو اشخاص چاہیں وہاں جا کر مشاہدہ کر سکتے ہیں اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس سے بیکاری بڑھ جائیگی ان کی اطلاع کے لئے میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل غلط ہے۔ جو لوگ اس طریقہ پر زراعت کا کام کر رہے ہیں وہ دو سے اڑھائی گنا زیادہ wages حاصل کر رہے ہیں۔ چونکہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اس لئے محکمہ زراعت اور تمام وہ لوگ جو زراعت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ خصوصاً ہمارے وزیر زراعت صاحب اس مسئلہ کی طرف خاص توجہ دیں کیونکہ اس وقت صوبہ کے ۸۰ فی صدی لوگ ایسے ہیں جن کا ذریعہ معاش زراعت ہے۔ زراعت کی حالت بد سے بدتر ہوگئی ہے اور عنقریب اور خراب ہو جائے گی۔ جن لوگوں کو اب ایک وقت کو کھانے کو دستیاب ہوتا ہے۔ وہ بھی نہیں ہوگا۔ ان حالات کے پیش نظر میں یہ عرض کروں گا کہ اگرچہ پچھلے سال ایسی تکالیف رونما ہوئیں اور ایسے مسائل در پیش آئے جن پر ہمیں کنٹرول نہیں تھا مگر اب تو ایسے واقعات ہیں جن پر ہم کنٹرول کر سکتے ہیں۔ اور ایسی سکیمیں عمل میں لاسکتے ہیں۔ جن سے ایسے حالات پھر رونما نہ ہوں۔ محکمہ زراعت نہایت نکما محکمہ ہے۔ بجائے کسی مفید کام کے انکا صرف اب بیجوں کی خرید و فروخت ہی کام رہ گیا ہے۔ اس تجارت سے وہ لوگ ہاتھ رنگتے ہیں۔ اور اب سوائے بیج کی خرید و فروخت اور gunny bags کی سیل کے اور کرتے ہی کیا ہیں۔ اور اس طرح اصلی کام قطعاً نہیں ہو رہا ہے۔

اس وقت بیس ہزار دیہات میں صرف ۳۰۰ Agricultural Assistants کام کر رہے ہیں۔ یہ تعداد سمندر میں پانی کے ایک قطرہ کے برابر ہے۔ ہمیں عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنیکے کے لئے لازماً زراعت کی کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ ان گذارشات کے بعد میں اپنی تحریک تخفیف واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker : Has the hon'ble member leave of the House to withdraw his motion ?

(Voices : Yes).

The motion was by leave withdrawn.

Forms

Sheikh Mehbub Ilahi (Lyallpur, I, Muslim, Reserved Seat): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 3,44,450 on account of Total Farms be reduced by Rs. 100.

I have to refer to page 387 of the Budget in which comparison of the Budgets is given. The Honourable Minister for Agriculture pointed out that there was an increase in the current Budget as compared to the last year and the year before. If you study four year's Budget, as I have been studying for the last two days, you will find that it has been decreasing year by year.

At this juncture I would only take up the farms. I found that the farm income was 7,11,600 as shown in the Budget. The area which they have given is 18,839 acres. Out of this we find that the expenses which they incurred on this is 61,160. That comes to about Rs. 3-7-0 per acre as the cost in the farm. In my opinion this is rather too high. Ordinarily when a zamindar cultivates his land it should not work up to more than 0-10-0 or 0-12-0 per acre. The farming which the Agriculture Department has been doing, as shown in the Budget and the various figures given in the budget of the Agriculture Department seems to me a bundle of confusion. It is very difficult to find out the exact figures and to trace what has been spent, how it has been spent and where it is to be derived from and why it has been spent. So, one really wonders what has been done with the entire Budget of the Agriculture Department, regarding the agriculturist who is the back-bone of the Province but we allocate just under 50 lakhs of rupees on account of the entire Budget for the population of 85 to 87 per cent. In these books you will find that some figures are available as 1633 and 90 under" Head—DAgriculture Administration—Propaganda including public exhibitions and fairs and what not charged and voted. It is very difficult to make up these figures while searching about these few hundred pages how this has been added up. In the same manner one finds that very little attention to various important factors has been paid. There has been a tremendous lot of discussion more or less leading to confusion—starting from the Honourable Mian Abdul Bari and ending with Rana Gul Muhammad and also the reply from the Honourable Minister tentamounts to nothing. The real fact is that the money given in the Budget is so small that nothing efficiently can really be done. The trouble is that whatever they spend is really good for nothing and does not lead us anywhere. We were to discuss today the Agriculture Department but some of the honourable members introduced in the discussion Cotton Control Act and the Honourable Minister also has been good enough to give a reply to it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. The Honourable Chief Minister is reading the 'Dawn' inside the House. He should not be allowed to do so.

Mr. Speaker : He is reading the office file.

Sheikh Mehbub Ilahi : Sir, this is what is happening about these farms and at the same time, as we find on page 47 of the Memorandum, out of the income about 25 per cent has been spent on the maintenance of these farms. But there is nothing to show how it is to be maintained and what is to be maintained. As I was pointing out, it is true that with the money that is available for agriculture budget we should see that something can be acquired or completed or done. Somehow or the other means are to be adopted to add to our income and that is how it is to be added. Last year I pointed out to the ministry that there were some alternative

Chief Minister : Most of the blindness, I observed, was due to small-pox. If the people get themselves vaccinated properly, I am sure, the amount of blindness will decrease. I would like to take this opportunity of saying one word about Mr. Mackenzie. He is one of those blind people who were blinded completely in the last war. He started work in this country and in India he helped blind soldiers. He is doing a very noble work. It was really pathetic when blind children try to push their fingers in order to touch Mr. Mackenzie. He is really interested in the welfare of the blind people and he has come down to see the things for himself. I hope there will be more people in this country like him who will take interest in their own countrymen and help them as a foreigner is trying to help them.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Is the Government aware that the number of eye specialists is very small in the province?

Chief Minister : The honourable member should have no complaint. He has a very good one in Gojra.

PRINTING OF BRAILLE MATERIAL IN URDU

*2777. **Mian Manzoor Hassan :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state:—

(a) the plans the Punjab Government have under taken or intend to undertake in order to rehabilitate the blind;

(b) Whether the Government have made any efforts for getting the Braille material printed in Urdu?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جے ۔ اے ۔خان)— (الف) حکومت پنجاب نابینا اشخاص کی تربیت کے لئے ایک ادارہ چلا رہی ہے ۔ ایک کمرشل ورکشاپ بھی ہے جو اس ادارہ کے فارغ التحصیل طلبا کو کام مہیا کرتی ہے ۔ صوبائی حکومت مرکزی حکومت کے تعاون سے اس ادارہ کو توسیع دینے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

(ب) حکومت پاکستان نابینا اشخاص کے لئے اردو میں درسی کتابیں اور دیگر لٹریچر شائع کرنے کے لئے ایک بریل پریس قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ اس مقصد کے لئے اس نے اقوام متحدہ کے ایک مشیر کی خدمات حاصل کر لی ہیں ۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین — کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ جو ادارہ انہوں نے فرمایا ہے یہ کہاں قائم ہوگا ؟

وزیر — یہ چیز سنٹرل گورنمنٹ کے مشورہ سے طے ہوگی ۔ ہماری کوشش یہ ہے کہ لاہور میں جو ادارہ ہے وہاں یہ پریس لگے ۔ لیکن اگر سنٹرل گورنمنٹ نے زور دیا تو پھر شاید اسے کراچی میں قائم کیا جائے ۔

SPINDLES INSTALLED IN COTTON TEXTILE MILLS

*2540. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state the total number of spindles installed in the Cotton textile Mills in the Punjab upto 1st November 1953, and their daily output?

آنریبل شیخ مسعود صادق — ۳۰۳,۳۳۴ تکلے اب تک لگ چکے ہیں ۔ ان سے ۷۵۸ گانٹھیں سوت کی روزانہ تیار ہو سکتی ہیں ۔ مگر آیا اتنی گانٹھیں تیار ہوتی ہیں اسکے متعلق صحیح اطلاع نہیں حاصل ہو سکی ۔

TOTAL REQUIREMENT OF CLOTH FOR PEOPLE OF PUNJAB

*2541. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Hon'ble Minister of Industries be pleased to state:—

(a) the total requirement of cloth for the people of the Punjab;

(b) the total production of cloth in the Province;

(c) Additional capacity required to meet the total requirement;

(d) the steps Government propose to take to increase the number of looms with a view to secure self sufficiency in the Province in the matter of cloth?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (الف) تقریباً ۳۱ کروڑ ۳۶ لاکھ گز سالانہ۔

(ب) ۳۶ کروڑ گز سالانہ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا۔

(د) موجودہ مشینی اور دستی کھڈیاں ہماری موجودہ ضروریات کے لئے کافی ہیں۔

COMPENSATION PAID TO WORKMEN UNDER WORKMEN'S COMPENSATION INSURANCE SCHEME

*2542. **Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Minister of Industries be pleased to state:—

(a) the number of industrial concerns covered by Workmen's Compensation Insurance Scheme;

(b) the number of workmen who met with accidents in their factories during the period from the year 1949 to 1st November, 1953;

(c) the total amount of compensation paid by the factories to such workmen?

آنریبل شیخ مسعود صادق — (ا) ابھی تک اس قسم کی کوئی سکیم پر عمل نہیں کیا گیا۔

(ب) ۷,۶۰ -

(ج) ۳,۰۳,۳۷۳-۳-۰ روپے زیر قانون معاوضہ مزدوران۔

LEAVE OF ABBENCE

Mr. Speaker : I have received the following application from Mirr Muhammad Ghulam Gilani Gurmani, M. L. A.—

"میں خرابی صحت کی بنا پر اسمبلی سیشن میں شریک ہونے سے معذور ہوں، براہ کرم سیشن میں حاضری سے معذور فرمایا جاؤں"۔

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried

DEMAND FOR GRANT

AGRICULTURE

Farms

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the Demand for Grant in respect of Agriculture. Sheikh Mehbub Ilahi was speaking on his cut motion yesterday. He may continue his speech if he likes.

Sheikh Mehbub Ilahi : (Lyallpur I, Muslim, Reserved Seat): Sir, yesterday I had touched the point about tubewells. Now, I come to ammonium sulphate. The general impression among the zamindars is that perpetual application of ammonium sulphate is just like that on a person who takes a bit of opium daily and then a glass of fresh milk. It probably increases his vitality and he goes on doing that for a number of years but later on he finds that his vitality has been eaten away by that opium. The impression which now prevails among the zamindars is that if we apply artificial manure to our lands, after some years it does not give the same yield which it would have otherwise given. Anyhow if this general impression among the zamindars is wrong, it is for the department to carry out some experiment on greater scale and to establish that their impression is wrong. So far this experiment has not been carried out on a large scale. I would suggest that to purge this impression or wrong impression from among the zamindars, some experiment on a large scale should be carried out so that you are able to convince the zamindars that they should utilise this artificial manuring more and more for their lands.

Minister of Agriculture : What sort of experiment ?

Sheikh Mehbub Ilahi : For your experiment, for instance, you can earmark 10 squares and that experiment can be written properly in some pages. If you are keen I would let you have it.

The other thing is that we should also specify the crops. There are certain crops for which this artificial manuring has not proved good. We should also specify vegetables. For instances, it may be very good for potatoes, it may not be so useful for some other vegetables. People say that for tender vegetables it has not been found good.

The other thing about this manuring is-it is quite an expensive item-but till we are able ourselves to produce and have our own factory, this artificial manuring is going to cost the zamindar more than he can afford. This question should also be taken up. Fifteen years ago a Committee was formed and I was one of the members on this Committee. It was suggested that this factory should be set up, but so far probably nothing has been done. I nave heard recently that they have now decided to install a factory. I will welcome this idea. I think we should accept these recommendations and not put them into cold storage.

I should also like to state that there is an impression among some zamindars that if this artificial manure is mixed half with country manure it is very good. Experiments should be carried in that way and the figures should be got from the crop-yield and the difference in yield should be explained to the zamindars.

The other question that I wanted to take up was about the agricultural implements. I think there has been some kind of mis-understanding and confusion in the mind of the Honourable Minister when he gave a reply about the agricultural implements. So far as the design is concerned, it is an industrial development, as far as the Agricultural Workshop at Lyallpur is concerned, as a matter of fact it was established and is maintained merely to help the various sections of the Agriculture Department situated at Lyallpur. If there is spare time and material one may just design agricultural implements but it is not possible for the workshop people to look in to this aspect and to produce agricultural implements in mass production. This was done ten years ago and was continued for three years.

During those years my experience was that iron was obtained on control rates. We gave certain specifications and nearly 200 firms were supplied this iron throughout the Province; then it was a joint Province. Implements of various types were manufactured. The fodder Culter which was sold at Rs. 40 to 45 by Batala Co. and Lahore people we were able to sell at Rs. 18 and 20. The difference in the manufacture was so great that in some cases it went up to 100 per cent or more. I would, therefore, suggest that the raw material which they have received from foreign countries should now be utilised for the manufacture of implements. I understand that some years ago some material was received and it is either lying or partially disposed off but this scheme has not been taken up. On the other hand our sister Province has started that scheme and they are having even engineer implements .At the same time they have started the manufacture of these agricultural implements throughout the Province. There were certain firms which were doing this work in the East Punjab before partition and some of them have come over to West Punjab. They will be very glad to undertake this work. This is very essential. It is not a question of designing agricultural implements. This means everything from the *datri* to the sugarcane crusher. As regards improved implements, you can design certain things. At present we need common implements. They are not available in the bazar. The cost is very high.

Minister of Agriculture : Any particular implement?

Sheikh Mehbub Ilahi : All Implements from *datri* to the cane-crusher and Persian-wheel. You need thousands of them. The Persian-wheel costs from Rs. 400 to 450. If this scheme is taken up the Persian-wheel should not cost you more than Rs. 280 or 300. These things should be taken up by the Department in such a way that they are able to get it done by supplying the material to the manufacturer.

Now I would just touch briefly what you said about the Cotton Control Act. Cotton Control Act to my mind has really lived out its utility. It was introduced a few years ago. Probably it was essential at that time. The Honourable Minister of Industries said that over three lakh spindles have already been installed and nearly seven lakh spindles have been allocated to this Province. If they are fully installed within the next year, probably you will be consuming about 1/2 to 3/4 of your cotton produce. At the utmost about five lakh bales would be left to be exported to foreign countries. The present position is that *desi* cotton is needed by America and Japan. America gives you Dollar in exchange. We now say that we also need *desi* cotton, it should not be thrown to the wind because there is clamour for 289 or LSS. All these things have to be considered and a proper plan should be mapped out in such a way that we should be able to compete not only in our own country but also in foreign countries. As far as Pakistan is concerned, you will notice that 20 lakh spindles have been allocated. The total amount of our bales throughout Pakistan comes to about 20 lakh. If you work for 24 hours, then, the entire cotton will be consumed but very probably when the entire quota of spindles has been installed the consumption will be not so great because the mills which are now working 24 hours and hardly have any holiday will probably work only 16 hours and instead of three shifts will have only two shifts and will thus leave about 6 lakh bales to be exported. America will always be needing *desi* cotton because that country or Egypt does not produce *desi* cotton. Your *desi* cotton was supposed to be the best but now those *ilaqas* have gone to East Punjab. They started growing this LSS cotton in the Ferozepur Farm for the first time. They have not however given up the growing of other varieties. This Cotton Control Act must be very minutely examined. If you do not wish to abolish it altogether; it requires an enormous change so that it does not take away our *desi* cotton entirely. Now, you have fixed certain areas in certain districts for some types of cotton and so on and so forth. I would request you to bear these things in mind. In this connection I also wish to remind you of the Cess. The Cess was imposed on the clear understanding that we would have only so much

money that we would be able to maintain the establishment which is to be kept for the supervision of the Cotton Control Act. But this Cess was increased from one anna to four annas and then to one rupee. You will find in the Budget that in one year it brought you one crore. I feel that this is really too much and it is being done at the cost of people who have to pay that amount. I pointed this out two years ago when 'Mr. Famine' was in charge of portfolio. If he had given us that amount, it would have sufficed for the entire Budget of the Agriculture Department. Out of that he gave us half.

The Cess was one anna in the first instance and then we agreed to make it four annas and then one day, when there was of course no Assembly and there were no Ministers, it was raised from four annas to one rupee. Mr. Howe was then the Secretary, Agriculture and I was a member of the Cotton Control Board. I pointed out to him and asked him, "What is this amount?". He said, "Well, this has been just passed by His Excellency the Governor because there was a good deal of deficiency in the Budget and we were looking hither and thither and we found this Cess could be raised to rupee one and this was done." There has been a great hue and cry and the honourable members would remember that there were cases pending in the Civil Courts because people refused to pay the Cess." The income from the Cess in the Budget is over 12 lakhs. I think this is not really fair because your moral promise was that it would be levied just as much as would be sufficient for the expenses to maintain the establishment of the Cotton Control Act.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 3,44,450 on account of Total Farms be reduced by Rs.100.

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون-(ملتان نمبر۴ - مسلم) - کل آنریبل وزیر زراعت نے فرمایا تھا کہ جہاں تک کپاس، گندم - شوگر کین، (کماد) برسیم وغیرہ کی فی ایکڑ پیداوار کا تعلق ہے -

گندم کی پیداوار میں	۸۷ فیصدی
برسیم میں	۱۰۰ فیصدی
کپاس میں	۱۰۰ فیصدی
اور گنے کی پیدا وار میں	۱۰۰ فیصدی

اضافہ ہو گیا ہے-

Minister of Agriculture : I gave the yield per acre separately and I also gave the percentage regarding adoption on seed of different crops by the cultivator.

Rana Gul Muhammad Noon *alias* Abdul Aziz Noon : Was it not the yield per acre that you gave ?

Minister of Agriculture : Yield per acre I gave as a separate list.

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون - جناب والا ! آنریبل وزیر زراعت نے کل جو کچھ فرمایا تھا اسکا مقصد یہی معلوم ہوتا تھا کہ گندم کی پیداوار میں ۸۷ فیصدی اضافہ ہو گیا ہے -اور improved seed کی تقسیم سے فی ایکڑ yield بڑھ گئی ہے - آج وہ فرماتے ہیں کہ میرا مطلب بیج کے زیر کاشت رقبہ سے تھا - صاحب سپیکر سے میری درخواست ہے کہ وہ آنریبل

وزیر زراعت سے انکی صحیح پوزیشن معلوم کر دیں کیونکہ میری آج کی تقریر اور arguments کی بنیاد اصلی واقعات کی صحت ہونے پر ہوگی۔

وزیر زراعت ۔کل بھی اور آج بھی جہاں تک میں نے تخفیف زرکی تحریک کے ضمن میں جواب دیتے ہوئے یہ بتانے کی کوشش کی تھی کہ پبلک کے سامنے ترقی یافتہ بیجوں کی جو تبلیغ گورنمنٹ نے کی ہے اسکے نتیجے میں کاشتکار پہلے کی بہ نسبت اب زیادہ ذوق وشوق سے اناج کے ترقی یافتہ بیج کاشت کرنے لگ گئے ہیں جس سے پیداوار میں اضافہ ہو رہا ہے۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین— پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا ۔ کیا بیجوں کی بھی تبلیغ کی جاتی ہے ؟

صاحب سپیکر— یہ کوئی point of order نہیں ہے۔

وزیر زراعت— جناب والا ۔ میں نے کل یہ عرض کیا تھا کہ کس کس اناج کے ترقی یافتہ بیج کا استعمال ہمارے صوبے میں کس تناسب سے کیا جاتا ہے۔ چنانچہ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ ہمارے صوبے میں جتنی گندم کی فصل ہوتی ہے اس میں سے ۸۷ فیصدی کیلئے ترقی یافتہ بیج استعمال کیا جاتا ہے ۔ اسی طرح کپاس کیلئے سو فیصدی اور برسیم کیلئے بھی سو فیصدی ۔

رانا گل محمد ڈون عرف عبدالعزیز ڈون—جناب والا ۔ جہاں تک وزیر زراعت کے بیان کا تعلق ہے میری گذارش یہ ہے کہ جو کچھ اخباروں میں چھپا ہے اسکے بالکل برعکس ہے ۔ اس وقت جو کچھ اس ایوان کے زیر غور ہے وہ یہ ہے جیسا کہ وزیر زراعت صاحب نے فرمایا ہے کہ گندم کے زیر کاشت کل رقبے میں سے ۸۷ فیصدی میں ترقی یافتہ بیج بویا گیا ہے۔ کپاس کیلئے سو فیصدی اور برسیم کیلئے بھی سو فیصدی رقبہ میں۔ جہاں تک improved بیجوں کا تعلق ہے ۔ اگر ان کے بیان کے مطابق ہی اجناس کی کاشت کی گئی ہے تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس وقت تمام اجناس کی اوسط پیداوار کیا ہے ؟ کل انہوں نے فرمایا تھا کہ گندم کی اوسط پیداوار سولہ من فی ایکڑ ہے ۔ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ ان کے اس بیان کو challenge کرتا ہوں ۔ ان کی یہ statement قطعاً غلط اور بے بنیاد ہے ۔ گندم کی اوسط پیداوار اس سے بہت ہی کم یعنی آٹھ یا دس من فی ایکڑ ہے ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ وزیر زراعت صاحب کو جو information محکمے کی طرف سے دی جاتی ہے خواہ وہ غلط

ھی ھو وہ اسے بالکل غیر ذمہ داری سے اس معزز ایوان میں پیش کر دیتے ھیں ۔ آپ نے جو سولہ من فی ایکڑ کی اوسط بتائی ھے ۔ وہ ان Agricultural Farm کے متعلق ھے جو سات یا ساڑھے سات سو squares یا مربعہ جات میں پھیلے ھوئے ھیں جہاں improved implements استعمال کئے جاتے ھیں ۔ جہاں Modern methods سے زمین تیار کی جاتی ھے ۔ جہاں improved seed کا استعمال ھوتا ھے اور جہاں qualified staff کی زیر نگرانی ھر بات کی جاتی ھے ۔ مگر یہ اوسط گندم صوبہ کے کاشتہ رقبہ کی ھرگز ھرگز نہیں ھے ۔

جناب والا ۔ افسوس تو اس امر کا ھے کہ وزیر زراعت اس وکیل کی مانند ھیں جو فیس لے چکا ھو اور اس فیس کا حق ادا کر رھا ھو خواہ مقدمہ غلط ھی ھو ۔ وکیل کو معلوم ھو ۔ کہ ملزم نے قتل کیا ھے ۔ مگر وہ نہایت ھی مستقل مزاجی سے کہے جاتا ھے ۔ کہ ملزم بے قصور ھے ۔ ملزم بے قصور ھے ۔ کیا انہیں معلوم ھے کہ کل انہوں نے اس ایوان میں جو بیان دیا تھا وہ غلط ھے ۔ مگر اس کے باوجود بھی اس ایوان میں غلط بیانی کرنے سے دریغ نہیں کرتے ۔ میں حیران ھوں کہ انہیں اس معزز ایوان میں غلط بیانی کی جرات کیسے ھوئی اور انہوں نے اس غلط بیانی کی جسارت کیسے کی جس کا ھر جگہ مذاق اڑایا جا رھا ھے ۔

وزیر زراعت— یہ کیا کہا جا رھا ھے ؟

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون— جناب والا ۔ میں ایک شعر آپ کی خدمت میں پیش کرتا ھوں ۔

مقطع میں آپڑی ھے سخن گسترانہ بات
مقصود اس سے قطع محبت نہیں مجھے

جناب والا ۔ اس سے میرا مقصد کسی سے لڑائی نہیں ۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ وزیر زراعت صاحب کو صحیح حالات اور واقعات ایوان کے سامنے پیش کرنے چاھئیں ۔ انہیں معلوم ھونا چاھیئے کہ جو اعداد و شمار انہوں نے پیش کئے ھیں ان کی بجائے صحیح اعداد و شمار یہ ھیں جو میں ان کی خدمت میں پیش کرتا ھوں ۔ اس وقت ھمارے صوبے میں گندم کی اوسط پیداوار آٹھ سے دس من فی ایکڑ اور کپاس کی اوسط پیداوار پانچ سے چھ من فی ایکڑ ھے ۔ آپ کپاس کے اعداد و شمار کا اندازہ ان Total ginned bales سے لگا سکتے ھیں جو مختلف فیکٹریوں سے ginned ھوتی ھیں ۔ گندم کا اندازہ بھی آپ کے محکمے کا ھے ۔ Director

صاحب نے جو اعداد و شمار وزیر زراعت صاحب کو مہیا کئے ہیں - وہ اس معزز ایوان میں پیش کر دئے گئے ہیں - اور وہ بالکل غلط ہیں - جناب وزیر نے اتنی زحمت بھی گوارا نہ فرمائی کہ ان کو دیکھ لیں کہ وہ کہانتک صحیح ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ در حقیقت اس میں وزیر زراعت صاحب کا بھی کوئی قصور نہیں - ان کے پاس وقتاً فوقتاً chits پر لکھی ہوئی information ڈائرکٹر صاحب بھیجتے رہتے ہیں - جسے وہ ایوان میں پیش کر دیتے ہیں - در اصل انہیں خود بھی معلوم نہیں ہوتا کہ وہ اس ایوان میں کیا پیش کر رہے ہیں - اس سلسلے میں مجھے ایک لطیفہ یاد آ گیا اگرچہ غیر متعلق نہیں ہے - میں آپ کی اجازت سے اس ایوان میں پیش کرتا ہوں - جب Simon Commission ہندوستان آیا تو اس کے ساتھ interpreters مقرر کئے گئے جن میں سے ایک صاحب کو اس ایوان کے اکثر معزز ممبران خوب جانتے ہیں - اسکو بھی interpreter مقرر کیا گیا - اس کمیشن کی آؤ بھگت کالی جھنڈیوں سے کی گئی اور اس کے خلاف نعرے بھی لگائے گئے جس کے جواب میں یہ interpretter صاحب جھک جھک کر کہتے تھے - تشکر و تمنن - تشکر و تمنن - جب انہوں نے پوچھا کہ یہ لوگ کیا کہہ رہے ہیں تو بتایا گیا کہ یہ آؤ بھگت کر رہے ہیں اور بہت خوش ہو رہے ہیں - یہی حال ہمارے وزیر زراعت صاحب کا ہے - ان کے interpreter جو کچھ انہیں بتاتے ہیں - وہ سمجھتے ہیں کہ یہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے - وہ کہتے ہیں کہ اس ملک کی اوسط پیداوار ۱۶ من فی کلہ ہے - یہ فوراً وہی کچھ اس ایوان میں کہہ دیتے ہیں - مگر مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ اعداد و شمار بالکل غلط ہیں - اور مضحکہ خیز ہیں - ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس ہونا چاہیئے -

جناب والا - اسی ضمن میں میں یہ بھی عرض کرونگا کہ ہمارے صوبے میں جتنے ایگریکلچرل فارم ہیں ان کی management جیسی کہ صحیح طریقوں پر ہونی چاہیئے نہیں ہو رہی - مثلاً U.K. میں دوران جنگ کے پانچ سال کے عرصہ میں اوسط پیداوار میں چالیس فیصدی کا اضافہ کیا گیا - حالانکہ وہاں اوسط پیداوار پہلے ہی بہت کافی تھی -

اس کے بعد آپ United States of America کو لیجیئے - وہاں تین چار سال کے اندر اوسط پیداوار میں ۳۰ فیصدی کا اضافہ کیا گیا - ہمارے ملک میں جہاں اوسط پیداوار پہلے بہت کم ہے ہم کافی بڑھا سکتے ہیں - میں پوچھتا ہوں - کہ اس حکومت نے گذشتہ سات سالوں میں کاشتکار

کے لئے کیا کیا ہے ۔ مطلقاً کچھ نہیں ؟ میں پوچھتا ہوں کہ آخر آپ ان کاشتکاروں اور زمینداروں کے پیچھے اتنے کیوں پڑ گئے ہیں ۔ آپ زمینداروں کی مخالفت اور بربادی پر کیوں اتر آئے ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ وزیر زراعت ان کاشتکاروں کو اس ملک کی رعایا اور اس سر زمین کے باشندے نہیں سمجھتے ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا فرض صرف اتنا تھا کہ ان سے ووٹ لے لیں ۔ اس اسمبلی میں آکر بیٹھ جائیں اور ان کے مفاد کے خلاف جو جی چاہے کریں ۔ میں وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ اگر ان کو واقعی ہر چیز کا علم ہے تو بتائیں کہ Partition سے لیکر اب تک ہمارے Farms کی اوسط پیداوار میں کیا اضافہ یا کمی ہوئی ہے ؟ کن کن Farms میں انہوں نے Modern Implements جدید طریقوں سے استعمال کئے ہیں اور ان کے کیا نتائج برآمد ہوئے ہیں ؟ اگر اس سے خود ان کی تسلی ہو جائے اور اس کے ساتھ ہی اس معزز ایوان کی تسلی بھی ہو جائے تو میرا مطلب بھی پورا ہو جائیگا ۔ ورنہ جہانتک میرا تعلق ہے ۔ جہانتک عوام کے اسی فیصدی نمائندوں کا تعلق ہے اور زمینداروں کا تعلق ہے ۔ آپ ہمیں ہرگز مطمئن نہیں کر سکتے ۔ اس وقت حکومت کی جو پالیسی زراعت کے متعلق ہے اس سے ہم عوام کی فلاح و بہبودی کا راستہ صاف ہرگز نہیں کر سکتے ۔ یہ ایک ڈھونگ ہے کہ ہم welfare state کی بنیاد رکھ رہے ہیں ۔ موجودہ صورت میں ہم اس قسم کی state کی بنیاد کیا رکھیں گے ۔ ہم تو اس ملک کو تباہی اور بربادی کی طرف لے جا رہے ہیں ۔ اور اپنے ملک کو farewell کہہ رہے ہیں ۔ میں وزیر زراعت صاحب سے پوچھتا ہوں کہ وہ مجھے تمام details بتائیں جن سے پتہ چلے کہ محکمہ زراعت نے گذشتہ سات سال میں کیا کام کیا ہے اور ہمیں بتائیں کہ کاشتکاروں کو کیا مراعات دی گئی ہیں ۔ جسطرح Industry کے فروغ کے لئے بہت سی مراعات حکومت نے دی ہیں ۔ مگر کاشتکار کا تو سب خون چوسنا جانتے ہیں ۔ اسکی امداد اور دلجوئی قطعاً نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ جہانتک ان کی ریسرچ کا تعلق ہے ۔ وہ تو ان کے کالج کی لیبارٹری تک ہی محدود ہے ۔ ان کے پاس نہ کوئی عملہ ہے اور نہ ذرائع جن کی مدد سے اسے عوام تک پہنچا کر مقبول کروایا جائے ۔ نہ ان میں اس کام کے کرنے کی جرات ہے اور نہ ہی نیت ۔ ان میں اتنی طاقت ہی نہیں کہ وہ اس محکمے کی بے قاعدگیوں کو دور کر سکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس محکمے میں جو خرابیاں اور تکلیفیں ہیں وہ روز بروز بد سے بدتر ہوتی جا رہی ہیں ۔ اگر ہم آج زراعت کی حالت کو

درست کر لیں تو میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے صوبے کی آمدنی بیس سے تیس فیصدی سالانہ تک بڑھ سکتی ہے اور پانچ سال تک بڑی آسانی سے ہم اسے پچاس فیصدی تک بڑھا سکتے ہیں۔ جناب والا۔ اس cut motion پر میں فی الحال اتنا کہنا کافی سمجھتا ہوں۔ باقی دوسری cut motions کے سلسلے میں کچھ مزید عرض کرونگا۔

*وزیر زراعت (عزت مآب سردار عبدالحمید خان دستی) جناب والا۔ جہانتک ان مشوروں کا تعلق ہے جو معزز رکن شیخ محبوب الہی صاحب نے پیش کئے ہیں۔ ان کو میں انتہائی شکریے کے ساتھ قبول کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ہم ان پر پوری طرح غورکرینگے اور انہیں عملی جامہ پہنانے میں تساہل سے ہرگز کام نہ لینگے۔ انہوں نے جو یہ مشورہ دیا ہے کہ ایمونیم سلفیٹ کو تجرباً پہلے استعمال کر لینا چاہیئے۔

میں انکی اطلاع کیلئے عرض کردوں کہ حافظ آباد کی تحصیل میں گذشتہ دو سالوں میں اس امر کا تجربہ کیا گیا لیکن میں یہ نہیں کہتا کہ یہ تجربہ آخری تجربہ تھا۔ اس پر مزید تجربات کی ضرورت ہے۔ اس چیز کا جائزہ لینا چاہیئے کہ اس کھاد میں اور کون کونسی چیزوں کی ملاوٹ کر دی جائے کہ یہ سونے میں سہاگے کا کام دے سکے۔ اور اس کھاد کو کس طریق سے مختلف فصلوں میں استعمال کیا جائے۔ ان چیزوں کو دریافت کرنے کیلئے محکمہ نے تجربات کرنے ہیں۔ جو تجربات ابھی تک ہوئے ہیں انکے پیش نظر اطمینان کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اندرین حالات ایمونیم سلفیٹ کی کھاد ایک بہترین ذریعہ ہے جس سے ہماری پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے جو یہ مشورہ دیا ہے کہ مصنوعی کھاد کا کارخانہ قائم ہونا چاہیئے بڑا مفید مشورہ ہے۔ لیکن میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ داؤد خیل میں یہ کارخانہ قائم ہو چکا ہے اور اسکو چلانے والے اور اس میں کام کرنے والے ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ یہ کارخانہ ۱۹۵۷ تک ۵۰ ہزار ٹن کے قریب مصنوعی کھاد تیار کر سکے۔ گاہ (ہئیر۔ ہئیر) جہاں تک لائلپور کالج کی ورکشاپ کا تعلق ہے اسکے متعلق انکو معلوم ہی ہے۔ مگر یہ ورکشاپ ایک تجرباتی نوعیت کی ہے اس ورکشاپ میں Implements بنائے جائینگے لیکن اسکو تجارتی اور کمرشل طریقے پر نہیں چلایا جائے گا۔ چونکہ ورکشاپ پرانی ہو چکی ہے اور اسکے اکثر پرزے اور اکثر مشینیں اتنی عمر کی ہیں جتنی عمر کے آنریبل ممبر۔ اس لئے وہ کامیاب ثابت نہیں ہو رہی۔ اس لئے میں نے کل عرض کیا تھا کہ ہم نے ایف۔ اے۔ او کے ساتھ معاہدہ کر لیا ہے

*Uncorrected speech.

اور میرے خیال میں آنریبل ممبر اس سے واقف ہیں کہ اس نے ہماری ورک شاپ میں بہترین قسم کی مشینیں مہیا کرنے کا عہد کر لیا ہے اور انکے کہنے کے مطابق جون یا جولائی میں معاہدے پر عملدر آمد شروع ہو جائے گا۔ ہماری خواہش یہ تھی کہ صوبے میں اس قسم کی کم از کم ایک اور ورکشاپ ہو۔ لہذا اس امر کی کوشش کی گئی کہ فی الحال تجربے کے طور پر ایک ورکشاپ بنائی جائے۔ یہ ورکشاپ وسیع پیمانے پر بنائی جائے گی اور اسکی تکمیل کے بعد اسکو وسیع تر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ بہر حال جناب والا۔ میں یہ عرض کرو نگا کہ اب Improved Implements ہماری منڈیوں میں چالو ہو گئے ہیں اور جہاں تک میری اطلاع ہے ۱۹۵۱-۵۲ میں ۹,۰۶۳ Improved Implements اور ۱۹۵۲-۵۳ میں ۱۴,۳۶۹ مختلف اقسام کے Improved Implements کھلی منڈی میں فروخت ہوئے۔ اس سے کم از کم یہ حوصلہ ہوتا ہے کہ اب ہماری مارکیٹ میں Improved Implements آ گئے ہیں اور لوگ ان کو خریدنے لگے ہیں۔ بہر حال جب یہ ورکشاپ مکمل ہوگی تو انشا اللہ اس سے یہ کام بطریق احسن ہو سکے گا۔

جناب والا۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس مرتبہ دیسی کپاس کی مانگ بیرونی ممالک میں بہت رہی۔ کہا گیا ہے کہ امریکی کپاس سے اسکی قیمت بڑھی ہوئی ہے مگر میری گذارش یہ ہے کہ اسکی مانگ کم مقدار میں ہے اور اس چیز پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا کہ یہ مانگ ہمیشہ کیلئے رہے گی۔ مگر دیسی کپاس جس میں ہماری لا علمی کی وجہ سے یا کارخانہ داروں کی حرص کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے ملاوٹ ہو جاتی ہے تو پنجاب کی کاٹن کی قیمت دنیا کی منڈیوں میں گر جاتی ہے اور یہ مجموعی نقصان ہے جو کہ بعض اوقات بلکہ عموماً کروڑوں روپے کے حساب سے ہوتا ہے۔ اس لئے میں نے عرض کیا تھا کہ بعض کاشتکار اور بعض کارخانہ دار طمع کرتے ہوئے اگر چند سو یا چند ہزار کا منافع حاصل کر لیتے ہیں تو انہیں یہ چیز پیش نظر رکھنی چاہئیے کہ ان کا یہ فعل صوبے کیلئے کروڑوں روپے کے نقصان کا موجب ہوتا ہے۔ دیسی کپاس ضلع لاہور کیلئے مخصوص کر دی گئی ہے یعنی اسکی کاشت صرف ضلع لاہور میں ہو سکے گی تاکہ یہ یہیں پیدا ہو۔ یہیں کارخانے میں جائے اور یہاں ہی اسکی گانٹھیں بندھیں۔ اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ نہ یہ کپاس دوسرے اضلاع میں جائے گی اور نہ ملاوٹ ہو سکے گی۔

جناب والا ۔ ان کے جتنے مشورے ہیں محکمہ زراعت ان پر غور کرے گا اور جو مشورے مفید سمجھے جائیں گے ان کو عمل میں لایا جائے گا ۔ کل سے یہ گلہ ہو رہا ہے کہ محکمہ زراعت ایک ایسا شعبہ ہے جسکی ترقی سے صوبے کی سود و بہبود بہترین طریق پر ہو سکتی ہے ۔ اس میں کسی کو کلام نہیں ۔ یہ گلہ بھی کیا گیا ہے کہ اس شعبے کے لئے زائد سے روپیہ کم لیا جاتا ہے ۔ اسکی تائید میں کل بھی اور آج بھی بہت سے دلائل پیش کئے گئے اور بیرونی ممالک جو روپیہ اس شعبے پر صرف کرتے ہیں اسکا موازنہ اس صوبے کے ساتھ کیا گیا ۔ معزز ممبران کو ایک غلط فہمی ضرور ہوئی ہے کہ ان ممالک میں ایگریکلچر کے شعبے میں صرف محکمہ زراعت ہی نہیں ہوتا بلکہ اس میں کواپریٹو ڈیپارٹمنٹ بھی شامل ہوتا ہے ۔

اس میں Animal Husbandry بھی شامل ہے اس میں فارسٹ بھی شامل ہوتا ہے اس میں دیہات بھی ہوتے ہیں ۔ غرضیکہ اس قسم کے جتنے بھی شعبے ہوتے ہیں سب اس میں شامل ہوتے ہیں ۔ اس طرح اگر آپ اندازہ لگائیں تو جناب والا ۔ میں اس ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ایسے طریقے اختیار کرنے چاہئیں ۔ جن سے زراعت کو فروغ حاصل ہو ۔ اس محکمہ کا تعلق اس صوبہ کے مختلف محکمہ جات سے ہے ۔ مثلاً فاسٹ سے تعلق ہے ۔ محکمہ انہار سے تعلق ہے ۔ محکمہ تعمیرات سے تعلق ہے ۔ اس کے بعد اگر ان سکیموں اور ان منصوبوں کو لیا جائے جو زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے بجٹ میں رکھے گئے ہیں تو ان کے اندازہ کے مطابق ۴۰ لاکھ روپیہ منظور کیا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں Grow More Food کے متعلق محکمہ انہار نے سکیمیں بنائی ہیں اور جو upland areas یعنی بلند علاقے ہیں ان کو بارش کی دست برد سے محفوظ کرنے کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں ۔ ۴ سرکل بند بنائے گئے ہیں ۔ پھر ۔ ایف ۔ اے ۔ او ۔ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ماہرین اور مشینری بھیجے گی ۔ باقی internal اخراجات کا یہ صوبہ خود متحمل ہوگا ۔ یہ سب باتیں میں ضمناً آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر رہا ہوں اور جو تجاویز Grow More Food کمیٹی کی طرف سے غذائی بحران کا مقابلہ کرنے کے لئے لائی گئی تھیں ....

Chauhdri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order. The Hon'ble Cheif Minister is fast asleep.

Mr. Speaker : He is awake.

وزیر زراعت — میں یہ ظاہر کر رہا تھا کہ مبادا اس روپیہ کی کمی کی دلیل سے یہ شبہ پیدا ہو جائے کہ جس قدر جدو جہد لازمی تھی

وہ نہیں کی گئی اور اس روپیہ کی کمی کا ایک بہانہ تراش لیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر محکمہ کی توسیع کرنے کی غرض سے یا اس غرض سے کہ عوام مطلع ہو جائیں کہ اگر روپیہ کی کمی کی ضرورت کو پورا کیا گیا تو کبھی یہ چیز ہمارے راستہ میں حائل نہ ہو۔ میں چھوٹی سی مثال دیتا ہوں اور معزز اراکین بھی واقف ہوں گے کہ جہلم کینال کے متعلق ایک Lift Scheme بنائی گئی۔ چند ہزار ایکڑ اراضی موجود تھی اس کے ساتھ ہی نہر بہتی تھی مگر اس کی فرازی حیثیت اس کے پانی سے سیراب ہونے سے محروم کر رہی تھی۔ اس لئے غذائی تکلیف کو دور کرنے کے لئے یہ سکیم بنائی گئی ہے۔ اپریل سے اس سکیم پر باقاعدہ عمل درآمد ہوگا۔ کئی لاکھ کے انجن اور دوسری مشینری آئی ہے مگر چونکہ یہ کام بے حد ضروری تھا۔ اس لئے روپیہ کی قلت اور عدم حصول کو خاطر میں نہیں لایا گیا۔ اس سلسلہ میں فی الحال جہاں سے بھی لفٹ پمپ مل سکے ہم نے حاصل کئے۔ خواہ وہ نہر کے محکمہ سے لینے پڑے یا کسی اور محکمہ سے۔ تین دن کے اندر اندر ان کو مہیا کیا گیا اور چھٹے دن ان کی افتتاحی رسم ادا کر دی گئی۔

(تالیاں)

جناب والا۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ روپیہ کی کمی کی وجہ سے ہماری مساعی اور جدوجہد میں کمی نہیں آئی۔ البتہ ہمارے دور رس نتائج۔ ہماری مختلف سکیمیں اور منصوبے اس چیز کے زیادہ محتاج ہیں کہ جتنا اور روپیہ میسر ہو سکے حاصل کیا جائے تاکہ زراعت کے ان مفید شعبوں میں لگایا جائے۔

میرے بھائی محترم رانا گل محمد نون صاحب نے اپنی تمام تقریر تلخ انداز میں ارشاد فرمائی ہے اب میرے لئے یہ درست نہیں کہ میں بھی ان کو تلخی سے جواب دوں۔ اگر میں نے کل کچھ چادر کا قصہ بیان کیا تھا تو وہ محض ضیافت طبع اور خوش وقتی کے لئے بیان کیا تھا۔ اس سے میرا یہ مطلب نہیں تھا کہ انہوں نے بلیک مارکیٹ کی ہے۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون — آپ کے پاس کیا arguments تھے۔

وزیر زراعت — مجھے علم ہے کہ معزز ممبر کی نیت کیا ہے۔ ان کی ایمانداری کا مجھے علم ہے۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ بہترین طریقہ سے زمینداری کر رہے ہیں۔ بہر حال میں اعادہ کر دیتا ہوں اور یہ عرض کرتا ہوں کہ میرے عزیز نے کل میری گفتگو کو صحیح طور پر نہیں سمجھا تھا۔

جناب والا ۔ جہاں تک یافت میں increase کا تعلق ہے ۔

(شور)

جناب والا ۔ جہاں تک yield میں اضافہ کا تعلق ہے اور وہ اعداد جو محکمہ مذکور کے متعلق حاصل کئے گئے ہیں ۔ اگرچہ میں نے خود جاکر پیمائش نہیں کی مگر ان کے حاصل کرنے سے کبھی گریز نہیں کیا ان کے مطابق گندم کی اوسط پیداوار ۷ه-۰ اور ۴۰ من فی ایکڑ تک ممکن ہے ۔

جناب والا ۔ معزز ممبر دس یا بارہ ایسی مثالیں پیش کر دیں کہ وہاں ۱۰ من سے کم پیداوار ہوئی تھی تو میں نہیں کہتا کہ وہ غلط ہوں گے لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ سارے صوبہ میں ایسی بہت کم جگہیں ہیں جہاں گندم کی اوسط پیداوار اس سے کم ہے ۔

Rana Gul Muhammad Noon alias Rana Abdul Aziz Noon : That is on experimental farms.

وزیر زراعت — لیکن مجھے ذاتی علم ہے ۔ میرے ایک عزیز نے ترقی یافتہ طریقوں سے ۴۰ من فی ایکڑ کے حساب سے گندم پیدا کی ہے ۔

(شور)

Mr. Speaker : Order, order.

وزیر زراعت — جناب والا ۔ مسٹر کونویل کی فارم کی پیداوار کے متعلق تو ہر ایک کو علم ہوگا ۔ اور مزید کچھ بتانا لاحاصل ہے ۔ اپنے صوبہ کی پیداوار میں اس قدر اضافہ کی وجہ سے میں تو فخر کرتا ہوں ۔

مولوی محمد اسلام الدین — کیا وزیر متعلقہ اس کا نام بتائیں گے ۔

صاحب سپیکر — وقت ضائع نہ کیجئے ۔

وزیر زراعت — جناب والا ۔ مجھے خوشی ہے کہ ہمارے صوبہ کی پیداوار اس طرح بڑھ رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میری طرح دیگر اراکین کو بھی ان تمام باتوں پر فخر ہونا چاہیئے اور خوشی ہونی چاہیئے ۔

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون — یہ غلط بیانی ہے ۔ (شور) میں چیلنج کرتا ہوں کہ آپ کی فارمز کی اوسط پیداوار ۱۶ من بھی نہیں ہے ۔

وزیر زراعت — جب چیلنج کیا گیا ہے تو دیکھنا یہ ہے کہ کیا چیلنج کرنے والے اس کے متعلق کوئی ثبوت بھی بہم پہنچا سکتے ہیں یا نہیں میں ۔ تو اپنے بیان کا ثبوت بہم پہنچا سکتا ہوں ۔ (شور)

Mr. Speaker : Order, order.

وزیر زراعت — جناب والا ! میں یہ کہہ رہا تھا کہ گندم کی ہماری اوسط پیداوار (ہو سکتا ہے کہیں بہت زیادہ ہو اور کہیں بہت کم) مگر اوسط پیداوار فی ایکڑ دس من سے سولہ من تک ہے۔

(آوازیں۔ یہ غلط ہے۔ آٹھ سے دس من ہے)

میرے اعداد و شمار حقائق پر مبنی ہیں۔

اس کے علاوہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے چونکہ معزز رکن کی تقریر زیادہ تر تلخیوں پر مبنی تھی اس لئے میں اس کا جواب دینا ضروری نہیں سمجھتا۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ ۹ ۔ مسلم)—حضور والا۔ آج سے کچھ عرصہ پیشتر ہمارے پڑوس میں ہندوستان کی حکومت نے اجناس خوردنی اور اپنی غذائی ضروریات کے معاملہ میں خود کفیل ہونے کیلئے ایک پانچسالہ زراعتی منصوبہ تیار کیا تھا۔ اس میں ایک چیز جو بظاہر معمولی معلوم ہوتی ہے مگر جس پر عمل کرکے انہوں نے نہایت مفید نتائج برآمد کئے یہ تھی کہ صوبہ بھر کے بہترین کاشتکاروں میں زیادہ سے زیادہ پیداوار دکھانے والے چھوٹے کاشتکاروں کو انعامات تقسیم کئے۔ اس قسم کے انعامی مقابلوں کو مفید محسوس کرتے ہوئے اور انکی افادیت کو تسلیم کرتے ہوئے ہماری موجودہ حکومت کی پیشرو حکومت نے بھی اس قسم کا ایک اقدام کیا تھا۔ اور اس سلسلہ میں جہاں تک مجھے یاد ہے سب سے زیادہ گندم کی پیداوار دکھانے والے کاشتکار کیلئے تین یا چار ہزار روپے کا انعام مخصوص کیا گیا تھا۔ حضور والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک پیداوار کا تعلق ہے حکومت کے اعداد و شمار اور آنریبل ممبران کے اعداد و شمار میں بڑا فرق ہے۔ میں حکومت کے اعداد و شمار کی تائید کرتا ہوں اور ایک واقعہ سے اسکی وضاحت کرونگا۔

حضور والا۔ وزیر زراعت صاحب نے فرمایا ہے کہ انکی اطلاع کے مطابق گندم کی پیداوار چالیس اور پچاس من فی ایکڑ تک پہنچ چکی ہے۔ میں اس ایوان کے سامنے ایک واقعہ پیش کرتا ہوں جس سے معلوم ہو جائیگا کہ ایک شخص کی مساعی جمیلہ سے کتنے شاندار نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ ہمارے ہاں ایک گاؤں چک نمبر ۳۱۰ ہے۔ گذشتہ انعامی مقابلہ میں وہاں کے ایک بہت بڑے زمیندار نے اس انعامی مقابلہ میں حصہ لیا۔ وہاں کی زمین کی یہ کیفیت ہے کہ اسکے لئے کم درجے کا معاملہ تشخیص ہوا

ہے — اور وہ بظاہر بڑی ناقص ہے— جس راجباہ سے اسکی آبپاشی کی جاتی ہے اسے کلر شکار کہتے ہیں کیونکہ وہ زمین انتہائی ادنے قسم کی کلر والی زمین ہے۔ انہوں نے جس زمین میں اس انعامی مقابلے کیلئے گندم کاشت کی وہاں کوئی کیمیاوی کھاد استعمال نہیں کی۔ اسکے باوجود انکی اپنی پیداوار جو باقاعدہ طور پر محکمہ زراعت کے لوگوں نے وہاں پہنچ کر اس خاص رقبہ کو کاٹ کر اپنی موجودگی میں وزن کرا کے معلوم کی ۳۷ من فی ایکڑ تھی۔

حضور والا۔ بظاہر تو یہ بڑا غیر ممکن معلوم ہوتا ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ وہ کونسے وجوہ تھے جن کی بنا پر ۳۷ من غلہ پیدا کرنے میں وہ کامیاب ہوئے۔ جناب والا۔ بات یہ تھی کہ انہوں نے اس ایک ایکڑ زمین کے کونے کونے سے بہترین تنکے منتخب کر لئے اور اسکے بعد ایک مرلہ یا نصف مرلہ کے حساب سے ایک ایکڑ کو ضرب دیکر اسکو collect کیا اور جب وزن کرنے لگے تو تمام گھڑے اور چھاج اکٹھے کرکے ان کو بھی وزن میں شامل کر لیا۔ محکمہ زراعت کے آدمی اس وقت خورد و نوش میں مصروف تھے۔ انہیں کھلا پلا کر اپنے ساتھ ملا لیا گیا اور انکوں نے خود وزن کرنے کی جرأت ہی نہیں کی۔ وہ ایک ایسے بزرگ ہیں جنہوں نے سابقہ گورنمنٹ کے زمانے میں ۸ مربع اراضی ٹیوب ویل کی سکیم میں حاصل کی اور وہ اس وقت تحصیل مسلم لیگ کے صدر تھے اور آج ہماری حکومت کے سب سے بڑے مقرب ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس قسم کے انعامات حاصل کرنے کے لئے بہترین وسائل کاشتکاری اختیار کرنے کی بجائے ذاتی اور شخصی کوالیفیکیشن کی ضرورت ہے۔

Sheikh Mehbub Ilahi (Lyallpur I, Muslim Reserved Seat): I want to say a few things in reply. I wish to clear one or two points. There seems to have been some misunderstanding. Yester day the Honourable Minister for Agriculture said, "average yield". I really do not know what he meant by this phrase. If he was talking of the "average yield" of certain farms or specified areas then it would be a different thing. The honourable members, who are mostly zamindars, understood from this phrase was the average yield of the whole Province.

A Voice : He meant that.

Sheikh Mehbub Ilahi : He obviously did not mean that. What he meant was that certain farms have given an average yield of 30 maunds to 40 maunds per acre. As I have said before, there are certain areas which hardly produce five maunds wheat per acre. If we are calculating the averages of unfortunate man like our friend Mr. Chatha, then it will not be even five maunds per acre because the land is totally saltpetred and waterlogged. This was about the 'averages'.

The other point is about mechanised farming. It is itself a profession and one has to have training, in the machinary and equipment to do that kind of farming. In the Punjab there is hardly a man who can be incharge of that. In 1943 or 1944 we sent three people—Mr. Bedi, Mr. Kumar and

Mr Paul for training to America. At that time it was suggested by me and the Government had also agreed that in fact there should be two Muslims, one Sikh and one Hindu. But the "Home-Government' of Muslim subordinates was so strong that they would not permit them to go for training. In obedience to their 'Home-Government' they did not go abroad for training. At the time of Partition 2 Hindus and a Sikh were receiving their training in England and America. They have have now started mechanised farming and one of them is in-charge at Karnal and the others are also provided with appointments in the Province. If we were to undertake mechanised farming, it will mean a tremendous lot of money. Formerly I was under the impression that there is paucity of money. I have been surprised to learn that "there is enough money". I was all along under the impression that at the time of the Budget the Honourable Ministers fight among themselves for more money. But here is an Honourable Minister who says that he has got enough money.....

Minister of Agriculture : I did not say that.

Sheikh Mehbub Ilahi : And also that he can get more. If he can get more, then, 10 lakhs of rupees should be earmarked for mechanised farming, it will indeed do tremendous good to the Province. I do not know if he can beg that money from the Honourable Chief Minister or not. If he however takes some thousands, that will not suffice for mechanised farming. It will in fact be all waste of time, money, energy and everything.

The other thing that I wish to point out is regarding improved implements. There has been a confusion in the mind of the Honourable Minister of Agriculture (interruptions). I do not know whether the receipts of chits created that confusion or he himself has muddled up. What I was talking about was not the need for design of improved implements but the need for mass-production. We should take up the production of implements from the *datri* to the canecrusher. Therefore, we need a kind of system which should be organised through the Agriculture Department. They should give material to manufacturers for these implements throughout the country and the price should be so controlled that every individual, poor and rich, can buy the implement on producing a chit from the Agriculture Department as was done heretofore and it had continued for four years. Sir, I would suggest to the Honourable Minister of Agriculture who has been kind enough to have thanked me for my suggestions. I hope that these suggestions will not be put in the cold-storage as was done to the resolution which was passed three months ago. This resolution was moved on the 3rd of December and it was suggested that some kind of a committee should be set up. The passed resolution by the Assembly and agreed upon by the Honourable Minister has not been placed before him for necessary action (interruptions). If at any rate it was placed before him he may have written with red ink, "To be filed". Possibly the resolution referred by me has not come to his notice so far although three months have elapsed. That was on the 3rd December 1953, and now today is the 9th March 1954. What I desire is that these things should expeditiously be dealt with by their efficient staff which the Ministry is supposed to maintain. Things should be taken in such a manner that they are at least put on a certain programme and when that programme is completed another programme should be taken up. I hope the Honourable Minister will take a note of it and will see that these things are put into operation and on sound basis.

There is another thing which I should also like to point out to sum up the whole case, is as I have said about farming. This can only be taken up if money is available. Reboring Poor zamindars who posses 7 or 8 acres of land should not be made to pay boring fee. They should of course pay for the entire material. The other thing is with regard to trial boring. The fee now levied per foot of boring is much too high which the zamindar can not possibly afford. It is Rs. 2 per foot. It is really prohibitive.

I once agian desire to express my views regarding the artificial manuring. It contains certain insinous contents. We sunk certain tubewells in Nankana Sahib and I found that without using artificial manure but mixing the canal water with the brackish water of the tubewell there was a bumper crop. The soil produced a bumper crop and really for some time we could not find out what was the cause of it. The soil water was saltish and there was much saltpetre. On the examination we found that there were some contents of artificial manuring in it. Some times it happens that if the saltish water or brackish water contains these contents it produces the same good effect on the land as artificial manuring would give. On experiment it was however found to be very harmful for gardens and vegetables, but for gram, wheat and such crops which are hardy the tubewell was found rather useful. With these words and bearing also in mind what the Honourable Minister has promised, I beg leave to withdarw my cut motion.

Chief Minister : (The Honourable Malik Muhammad Firoz Khan Noon) Sir, I may be allowed to say a few words with regard to this point, because I feel that it is important enough that we should talk about it and let the country and its leaders think on the right lines. There were three important matters which have been discussed. One is the question of out-turn per acre. Another is agricultural implements and the third is artificial manuring.

With regard to the question of average out-turn per acre I feel that honourable members who spoke were like those 4 blind men who went to see an elephant. The man who touched the ears thought that it was like a fan and the man who touched its legs thought that it was a pillar. Every member who has spoken because of his experience thought that whatever he said was true. You will find that in some big farms, like Conwell farm they had 26 maunds per acre as an average out-turn for several years. Why, because they plough each field several times before the seed is put in it. But at other places zamindars and tenants do not care. They go round their fields only twice a year and plough them and throw the seed. So they cannot get even about 4 to 5 maunds per acre. As a matter of fact, there are no statistics available at all to give you the correct picture. We have already agreed to have a Bureau of Statistics. These men will go round the villages and find out how much yield each land gives and what is the total out-turn per acre in any particular land and keep proper estimates. Therefore, at this stage , for anybody to claim that he is giving the correct position is not correct. There are fields which give high yield and there are others which give low yield. Therefore it is not possible to give any correct average yield spread over the whole province.

Sheikh Mehbub Elahi : Four blind men but not out of the House.

Rana Gul Muhammad Noon : About cotton we have exact figures.

Chief Minister : In the same way even if there is any information available about cotton, probably it is based on acreage, as shown by the Agriculture Department or the Irrigation Department. The actual yield is found when the cotton reaches ginning factories. Sometimes, it is sown but does not grow. Sometimes it grows but shrivels and sometimes in the balls there is no cotton. Therefore, to get an exact figure is rather difficult, unless everything is collected.

Now, with regard to implements, I must state that it was a very important point raised and I hope that the Government and the public and the manufacturers will pay very great attention to it because on these modern implements will depend the prosperity of our province. Of course, if they are expensive the cost of production becomes high. But there is enormous profit in the manufacture of these implements. I know a man in East Bengal who got a sugarcane crushing factory from a British. That English man spent about 25 lakhs over it, but he bought it for Rs. 14 lakhs. What was he doing ? He was producing sugarcane crushers. But he was not selling them but was giving them to cultivators on lease for Rs. 30 a month and I think for 3 months, that is, Rs. 90 a year. The selling price of one

crusher was about Rs. 500 but he would refuse to sell it. Therefore, his gross income was something over Rs. 12 lakhs a year. But what he has been doing and how he was able to supply his implements to cultivators. He had a trained staff in each centre of each district. Any cultivator whose machine had gone out of order, would take it to the nearest workshop and his people either mend it or replaced its parts. So, therefore, in order to make any scheme of mechanisation successful, it is essential that we must have a trained staff in each centre for the repair of these implements; otherwise that cannot work. In Thal there are two mechanic shops constructed already. One of them I saw working already and I am not quite sure about the other. But one is already working. They are doing repairs up-to-date to the tractors and other agricultural machinery which goes to Thal. These are workshops where we can send people and train them. So that if there is any corporation which can be formed in this country with the capital of a certainenterprising gentlemen, the Government will give other facilities and even the money to run the corporation for manufacturing implements. I think it will be a very paying preposition for any enterprising people to come forward for this purpose becuse there is a great deal of profit in it. If the earlier cultivation of soil is done bameans of tractors, even for partial durations and later on by bullocks and give a number of sowings to the land, we reduce the cost of production at least by 33 per cent. But for this purpose it is not possible for the zamindar to buy tractor. I know a place in America and other places, wherein villages there are one or two persons who own their own tractors they put a list in front of their gates. Each man who wants a tractor, goes to that place, puts his name on the list, saying 'I want a tractor for so many hours at such and such place'. He gives the name of the tractor which he needs. Then the owner comes, he sees the list, looks at the names and the place, marks the time. Goes there with the tractor, works from morning till mid-day, comes back, dresses himself in a nice suit and takes his lunch. Unless there is such sort of organisation on a co-operative basis, it will be difficult for us to help small landholders possessing about 4 acres of land. There is a system in Rawalpindi for the benefit of small landholders. There are people who own their own bullocks. They lend them to cultivators and charge a fee of Rs. 3 per day. This is a good system. There will be economy of labour and therefore mechanisation is certainly going to be useful. But it will have to be done in our case either through capitalists who will run the tractors or through Co-operative societies.

In the case of tube-wells, it is not possible to have a tube-well for a man who has got 5 or 10 acres of land. Even if we fix up tube-wells for an area of 40 acres generally they do not work. I know a case where 19 or 20 tube-wells were sunk by the Government and then at the time when water was needed the most, mechanic burnt the engine and told that it does not work properly and the supply of water was not full. You go to Sialkot. Someboby has put in wells in nullahs combined together for an area of 15 to 20 acres. What do they do? They put aside 1/3rd of the income for the machine every year ; 1/3rd for the man who ploughs with hands and 1/3rd for the man who owns the lands. They are put by some capitalist who is charging very heavy rates. I suggested to the officers to buy them up with the Co-operative Society's money, so that the benefit should go to the poor and the man loses 33 per cent which was charged. Therefore, our mind should work in the case of mechanisation, firstly, to have a corporation here for manufacturing the implements; secondly, we must encourage people to buy tractors for not only cultivation of their own land but also to help their neighbours; and thirdly, we must try and encourage the corporation either in the way of tractor purchases or in the way of tube-wells. The tractor cultivation will succeed the best here when we have a tractor manufacturing factory here and it should not be difficult if there are some people who should come forward and try to help. We know of firm's like the International Harvester Factory in Chicago. They manufacture tractors every day. A small machine factory may help us. Even foreign countries are willing to help us. Even big business

men can come forward, there is no lack of money at all. Even the Government will give money, because the money will came back.

Sir, I am very grateful to you for having given me this chance. I must say a word with regard to artificial manuring. The use of artificial manuring is not easy now for one thing becuase each soil differs from the other. Into the soil you have got to put in a thing which is deficient in it. There are three important factors in the soil. One is nitrogen, the other is phosphate and the third is something which I do not remember. There are these three different things. Now, there may be a soil which may need phosphate. If you put nitrogen in it, then you will be losing your nitrogen. If the land needs nitrogen and you are pouring phosphate, then you are losing your phosphate. If people want to make a scientific use of these things, then they should first analyse the earth. If they find some sort of deficiency then they should try to supply that deficiency. If this artificial manuring has to succeed on a large scale, then you will have to carry out the analysis of their soil before they put in anything. There is no doubt that once the land becomes accustomed to the use of artificial manuring, the moment you stop it, the production will go down, just like the case of the opium eater mentioned by Sheikh Mehbub Ilahi. So once this artificial manuring is started, you must go on using it. There will be plenty of this manure because we have enormous stores of raw material. I thought it was right to clear our ideas and to mention the lines on which our minds are working in order to supply the need on which we are all agreed, namely, increase in production per acre on our farms.

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his cut motion ?

(Voices - Yes.)

The motion was by leave withdrawn.

Cotton Control Act

Mr. Muhammad Ameen : Sir, I beg to move :

That the item of Rs. 2,92,480 on account of Net Total D-1-Administration of the Cotton Control Act be omitted.

جناب والا ۔ پاکستان میں روئی کی کھپت بہت معمولی تھی اور ہمارے لئے یہ ضروری تھا کہ اپنی روئی کی کافی مقدار غیر ممالک کو برآمد کرکے غیر ملکی زر مبادلہ حاصل کریں ۔ اس سلسلہ میں بہت سی شکایت موصول ہوئیں کہ ہماری روئی غیر ممالک میں پسند نہیں کی جا رہی کیونکہ اس میں ملاوٹ کی جاتی ہے اور ہمارے مال کی بدنامی ہونے لگی ۔ چنانچہ اس چیز کا تدارک کرنے کے لئے کاٹن کنٹرول ایکٹ کا نفاذ عمل میں لایا گیا جس کی رو سے پنجاب کے مختلف اضلاع میں مختلف علاقے مقرر کر دیئے گئے کہ فلاں علاقے میں فلاں قسم کی امریکن کپاس کاشت کی جائے تاکہ ایک جگہ کی کپاس دوسری جگہ جاکر Mix نہ ہو سکے اور اس سلسلہ میں جو شکایات ہیں وہ دور ہو جائیں ۔ اس ایکٹ کے ماتحت ایک عملہ کا بھی تقرر کیا گیا جو اس چیز کی دیکھ بھال کرے کہ کپاس میں ملاوٹ نہ ہونے پائے ۔ ۱۹۴۹ میں اس ایکٹ کا نفاذ ہوا اور پانچ سال تک اس پر عمل کرکے یہ معلوم ہوا کہ اس ایکٹ کے ماتحت جو عملہ مقرر کیا گیا تھا اس نے اس شکایت کو دور کرنے میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کی بلکہ ملاوٹ

رابر ہوتی رہی اور پہلے سے بھی ملاوٹ میں اضافہ ہوا اور انہوں نے ذاتی منفعت کے لئے لوگوں کو اکسایا اور ایک Zone سے دوسری Zone میں بے حساب کپاس جانے لگی جس سے ملاوٹ میں اضافہ ہی ہوا کوئی کمی نہ ہوئی۔ دوسری طرف کاشتکار۔ بیوپاری اور کارخانہ دار کی تکالیف میں اضافہ ہوتا گیا۔ جو کاٹن انسپکٹر مقرر کئے گئے تھے انہوں نے بجائے اسکے کہ کپاس کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے اپنی ذاتی بہتری اور مفاد کے پیش نظر اعلانیہ رشوت خوری کی میں اپنی ذاتی ذمہ داری سے یہ کہتا ہوں اور یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ ہر علاقے کے کاٹن انسپکٹر نے علیحدہ علیحدہ ریٹ مقرر کر رکھے تھے۔ ایک جگہ کا مجھے واقعہ یاد ہے کہ وہاں انہوں نے روئی کی ہر ویگن کے روپے مقرر کئے ہوئے تھے کہ ایک ویگن کے اتنے روپے لینگے۔

وزیر اعلیٰ— آپ اسکا نام بتا دیں ہم اسے ڈسمس کر دینگے۔

مسٹر محمد امین— پتوکی سے ٹرک جاتے تھے اور انہوں نے ٹرک کا علیحدہ۔ گدے کا علیحدہ اور ویگن کا علیحدہ ریٹ لگا رکھا تھا۔

وزیر اعلیٰ— آپ مجھے لکھکر بھیج دیں میں اسپر ایکشن لونگا۔

مسٹر محمد امین— یہ ایک حقیقت ہے اور میں اسکا ثبوت بہم پہنچاؤنگا۔ تو جناب والا بجائے اسکے کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ سے جو ان شکایات کو رفع کرنے کے لئے بنایا گیا تھا ہمارا مقصد پورا ہوتا وہ خرابی بدستور رہی اور اسکی وجہ یہی تھی کہ جو اس چیز کو روکنے والے تھے وہ Mixing میں خود شامل تھے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کی ضرورت آج سے پانچ چھ سال پہلے تھی۔ اب حالات مختلف ہیں۔ اس وقت پنجاب کو چھ لاکھ پچاس ہزار Spindles کی ایلوکیشن ہو چکی ہے جس میں سے نصف سے زیادہ ملز کام کر رہی ہیں اور توقع ہے کہ اگلی فصل تک جو ایلوکیشن ہے وہ پوری کی پوری پروڈکشن میں آ جائیگی اور امید ہے کہ پنجاب کی ملیں اپنی ضروریات کے لئے پانچ لاکھ گٹھری خود استعمال کرینگی اور اسکے علاوہ کراچی کی ملوں کو بھی پنجاب کی ویرائیٹی کی ضرورت پیش آئیگی۔ تو اس سے یہ ظاہر ہے کہ اب ہماری پروڈکشن کا بیشتر حصہ لوکل ''کنزمپشن،، کے لئے درکار ہوگا۔ اب پوزیشن مختلف ہو چکی ہے۔ اس لئے اب ہمارے لئے لازم ہے کہ ان بدلے ہوئے حالات کے ماتحت کاٹن کنٹرول ایکٹ میں بھی ترمیم کریں۔ اس ایکٹ کے متعلق جو بدعت کاٹن کنٹرول بورڈ نے کی اس کی طرف میں آپکی توجہ دلانا

چاهتا هوں۔ اس ایکٹ سے همارا مقصد تو یه تها کے کاٹن میں ملاوٹ نه هو مگر بد قسمتی سے کاٹن کنٹرول بورڈ نے یه فیصله کر دیا که هر علاقے میں فی مربع ۲ کنال زمین دیسی کپاس کاشت کرنے کی اجازت هوگی۔ اس کا نتیجه یه هوا که جو خرابیوں کر روکنا تها انکی کهلی اجازت مل گئی۔ اس کے لئے الگ الگ علاقے مقرر کر دیئے گئے که لاهور ایریا اور سیالکوٹ ایریا وغیره میں دیسی کاٹن کی کاشت هو اور باقی اضلاع میں مختلف اقسام کی کاشت کی جائے۔ یه جو ۲ کنال فی مربعه دیسی کپاس کاشت کرنے کی اجازت دی گئی هے یهی خرابی کی جڑ ثابت هو رهی هے۔ آخر زمینداروں کے پاس کون شخص گز لیکر بیٹھا رهتا هے که دو کنال سے زائد کاشت هوئی هے یا نهیں۔ کاٹن کنٹرول ایکٹ میں یه بڑی خرابی هے جسکے باعث امریکن کپاس میں Mixing هو رهی هے۔

اب میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کی کار گذاری کے ضمن میں کچھ عرض کرنا چاهتا هوں۔ پچھلے سال میں نے بجٹ کی بحث کے موقع پر ۱۸ مارچ کو تقریر کرتے هوئے عرض کیا تها که کاٹن کنٹرول ایکٹ کے ذریعے گورنمنٹ نے جو ایک روپیه فی من کپاس پر کاٹن سیس لگایا هے اس میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کے انسپکٹروں نے گورنمنٹ کو بڑا نقصان پهنچایا هے۔ سال ۱۹۵۱ - ۱۹۵۲ء کے متعلق پنجاب گورنمنٹ گزٹ میں چهپا هے که اس سال پنجاب میں چه لاکھ تیره هزار گٹهریاں پریس هوئی۔ حالانکه یکم ستمبر ۱۹۵۱ء لغائت ۳۱ اگست ۱۹۵۲ء جو که کاٹن کا سال تصور هوتا هے پنجاب سے بذریعه ریل ۷۵۸,۳۶۴ گٹهریاں کراچی بهیجی گئیں اور دو لاکھ سے زیاده گٹهریاں پنجاب کی ملز کے استعمال میں آئیں اس طرح جمله تعداد دس لاکھ گٹهری کے قریب بنتی هے۔ گویا ۳ لاکھ اور ۴ لاکھ گٹهری کا محصول انهوں نے ضائع کیا۔ ان پر جو محصول پنجاب کو وصول هونا تها وه ۵۰ لاکھ یا ۶۰ لاکھ روپے کے قریب تها مگر وه گورنمنٹ کا ضائع چلا گیا ایک سال تک گورنمنٹ نے کوئی کارروائی نهیں کی اس دوران میں صرف انکوائری کا وعده کیا گیا وه بهی ابهی تک پورا نهیں کیا گیا میں دعوی سے کهتا هوں که جو اعداد میں نے پیش کئے هیں یه درست هیں اور واقعی صحیح هیں۔ آخر میں هز ایکسی لینسی یعنی گورنر صاحب کی خدمت میں بهی پهنچا۔ اور عرض کیا که گورنمنٹ کو پچاس لاکھ روپے کا نقصان هو رها هے جسکی ایک سال کے عرصے تک صحیح تحقیقات نهیں کی گئی مگر ابهی تک پوزیشن یهی هے که انکوائری هو رهی هے اور پولیس تفتیش کر رهی هے۔ اب میں آنریبل ملک فیروز خاں کی خدمت میں بهی

عرض کرونگا کہ یہ کاٹن انسپکٹران کی ذمہ داری ہے جن کو ابھی تک گرفتار بھی نہیں کیا گیا۔ اب میرا زیادہ شکایت کرنا بیکار ہوگا۔ گورنمنٹ کو اپنے اتنے زیادہ نقصان کا احساس تک نہیں ہے اور سال کے بعد آج تک کاٹن انسپکٹروں کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا گیا (وزیر زراعت۔ ٹریڈروں کی ذمہ داری بھی ہے) تمام تر ذمہ داری کاٹن انسپکٹروں اور وزیر زراعت کی ہے۔

صاحب سپیکر— آپ کے صرف دو منٹ باقی رہ گئے ہیں۔

مسٹر محمد امین— اب مجھے صرف یہی گذارش کرنی ہے کہ گورنمنٹ اس پر فوری کارروائی کرے حکومت کا سخت نقصان ہو رہا ہے۔

جناب والا۔ کل آنریبل وزیر زراعت نے فرمایا تھا کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ میں ترمیم ہونے پر آپوزیشن کے حضرات چیخینگے۔ میں عرض کروں گا کہ چیخ و پکار تو بعد میں آئے گی اصل بات یہ ہے کہ ٹریڈرز کاشتکار اور ممبران اسمبلی سبھی کاٹن کنٹرول ایکٹ کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں۔ ان کیساتھ مشورہ کرکے کاٹن کنٹرول ایکٹ میں ترمیم کی جاوے۔ آجکل کے بدلے ہوئے حالات کے ماتحت اس ایکٹ کی ترمیم ضرور کرنی چاہیئے۔ اس محکمہ کے اخراجات میں بجائے کمی کرنے کے اضافہ ہو رہا ہے۔ پچھلے سال اس کا تخمینہ ۲ لاکھ ۲۰ ہزار روپے تھا مگر اب ۲ لاکھ ۹۲ ہزار کیا گیا ہے۔ یہ خواہ مخواہ کی زیادتی جائز نہیں۔ فضول اخراجات بند کر دینے چاہئیں اور بچت کی کوشش کرنی چاہیئے۔

صاحب سپیکر— آپ اور کتنا وقت لیں گے۔

مسٹر محمد امین— اب جناب والا میں ختم کر رہا ہوں۔ گورنمنٹ نے ان اخراجات میں بعض فضول اخراجات شامل کر لئے ہیں۔ اصل میں ہر محکمہ دوسرے محکمے پر سبقت لے جانے کی کوشش کر رہا ہے اور تمام محکمے بڑھ چڑھ کر زائد اخراجات کا تخمینہ تیار کرکے بھیج دیتے ہیں اور وزراً ان اخراجات کو من و عن بغیر مناسب چھان بین کے منظور کر لیتے ہیں اس طرح سے محکموں کی باہمی رسہ کشی کے باعث صوبے کے اخراجات سال بسال بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ ہر محکمہ کوشش کرتا ہے کہ میں دوسرے سے پیچھے نہ رہ جاؤں۔ اسی طرح تمام مدات بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ پچھلے سال ٹی۔ اے (سفر خرچ) کی رقم ۱۳ ہزار تھی اب ۲۰ ہزار کر دی گئی ہے۔ اسی طرح contingencies کا خرچ ۳,۸۰۰ روپے تھا مگر اب ۱۹,۰۰۰ کر دیا گیا ہے۔ میں کہونگا کہ حکومت خواہ مخواہ

زیادہ اخراجات برداشت کرتی چلی جا رہی ہے ۔ یہ صحیح نہیں اس میں ضرور کمی کرنی چاہئیں ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 2,92,480 on account of Net Total—D—1—Administration of the Cotton Control Act be omitted.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

(نماز عصر کے بعد اسمبلی کا اجلاس دوبارہ چار بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا) ۔

Mr. Speaker : Sheikh Muhammad Saeed may also speak on his cut motion without moving it.

شیخ محمد سعید (جھنگ ۔ ہ ۔ مسلم) — جناب والا ۔ میں کاٹن کنٹرول ایکٹ کے متعلق کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ پنجاب کے صوبہ کیلئے یہ نقرئی ریشہ بہت سی منفعت کا باعث ہے اور ہمارے ملک کو بہت سا زر مبادلہ اس نقرئی ریشے سے حاصل ہوا کرتا ہے اور آج ہماری پارچہ بافی کی صنعت بھی اسی کی موہون منت ہے اور اسی کی بدولت ہم ۵۰ کروڑ روپیہ سالانہ زرمبادلہ کپڑے کی صورت میں بچا رہے ہیں ۔ اس لئے ہمارے ملک کی کپاس خاص توجہ کی مستحق ہے ۔ جناب والا ۱۹۴۸ میں کارخانے نا تجربہ کار لوگوں کے ہاتھوں میں تھے اور انہوں نے کپاس میں بہت سی مکسنگ شروع کر دی اور اس کی درجہ بندی کو کم کر دیا جس سے غیر ملکی منڈیوں میں بہت سی شکایات پیدا ہوئیں ۔ بنا برین حکومت کو مجبوراً کاٹن کنٹرول ایکٹ نافذ کرنا پڑا ۔ جہاں تک اس ایکٹ کے محرکات اور افادیت کا تعلق ہے کسی کو اس سے انکار نہیں ہو سکتا ۔ ۴۹-۱۹۴۸ میں اس ایکٹ کی بدولت کپاس کی حیثیت صحیح اور درست ہو گئی اور اس سے غیر ملکی منڈیوں میں ان شکایات کا کافی حد تک ازالہ ہو گیا جن کی بنا پر یہ کاٹن کنٹرول ایکٹ نافذ کیا گیا تھا ۔ جناب والا اس آمیزش کا سد باب اس طریقہ سے کیا گیا کہ حکومت نے بنولہ یعنی اچھا بیج خرید کر کاشتکاروں کو مہیا کیا اور کپاس کی مختلف اقسام کو اگانے کیلئے مختلف منطقے مقرر کئے گئے ۔ مثلاً دیسی ۔ ۴ ایف ۔ اور نمبر ۲۸۹ اور ایل ۔ ایس ۔ ایس کو علیحدہ اگانے کیلئے منطقے بنائے گئے جس کی بنا پر دوسرے مقامات پر اسی قسم کی کپاس کاشت ممنوع قرار دی گئی ۔ اس صورت میں کپاس کی جو کاشت ہوئی ۔ وہاں بنولے یعنی بیج سرکاری طور پر مہیا کیا گیا تھا لیکن جب کپاس آگی تو معلوم ہوا کہ اس میں مکسڈ

بیج تھا ۔ جناب والا وہ اتنا آمیزش والا تھا کہ وہ دوسرے درست اور صحیح کپاس پیدا نہ ہو سکی جو کہ حکومت کا منشا تھا اور اب بجائے اس کے کہ ہم اس کے متعلق کچھ اور علاج کرتے اس کا یہ علاج کیا گیا کہ جب وہ کپاس منڈیوں میں پہنچی تو وہاں انسپکٹروں نے ان اڑھتیوں کا چالان کرنا شروع کر دیا ۔ جن کاشتکاروں نے منڈیوں میں کپاس فروخت کی ان پر جرم عائد کیا گیا ۔ جب یہ چالان عدالت میں پیش ہوئے تو اس بات کی پڑتال ہوئی اور پتہ چلا کہ بیج بہت زیادہ مکسڈ تھا جس کی وجہ سے اس قسم کی کپاس پیدا ہوئی ۔ اس بنا پر کاشتکاروں کو سزا دینا یا منڈیوں کے اڑھتیوں کو سزا دینا جو بالکل ناکردہ گناہ تھے نا مناسب تھا ۔ چنانچہ اس ایکٹ کا ایک اثر یہ بھی پڑا کہ اس کی وجہ سے ناکردہ گناہوں کو سزا بھگتنی پڑی ۔ اسی پر بس نہیں کی گئی ۔ جب ایک دفعہ کسی کارخانہ دار کو کپاس میں امیزش کرنے کی بنا پر کچھ سزا ہو گئی جو عام طور پر ۱,۰۰۰—۱,۵۰۰ روپے جرمانہ کی صورت میں ہوتی تھی اس کے بعد اس کو مزید سزا یہ دی گئی کہ اسی گناہ کی پاداش میں اس کا کارخانہ بھی بند کر دیا گیا ۔ جناب والا اس ایکٹ کی خلاف ورزیاں ۱۹۵۰ء میں ہوئیں ۱۹۵۱ء اور ۱۹۵۲ء میں مقدمات فیصل ہوئے ۔ ۱۹۵۰ - ۱۹۵۱ اور ۱۹۵۲ میں کارخانے چلتے رہے لیکن تین سال کے بعد یعنی ۱۹۵۳ء میں آکر ان کے من گناہ کی پاداش میں کارخانے بند کر دئے گئے ۔ جناب وزیر زراعت یا محکمہ والوں نے بعد ازاں ان کو ان کارخانوں کو چلانے کی اجازت دیدی لیکن یہ کاروائی اس وقت کی گئی جبکہ سیزن تقریباً ختم ہو چکا تھا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ کارخانے سارا سیزن نہ چل سکے ۔ اس کے بعد جناب والا قابل غور امر اس ایکٹ کی غلط ترویج ہے ۔ اس ایکٹ کو غلط طریق میں نافذ کرنے کی وجہ سے اور ان عہدہ داروں کی کار گذاریوں کی وجہ سے جنہوں نے اس ایکٹ کو باعث خدمت نہ سمجھا بلکہ باعث حکومت سمجھا مختلف ضلعوں میں سمگلنگ بھی شروع ہو گئی ۔ چنانچہ وہی کپاس یعنی ۴ ایف جو ضلع جھنگ میں ۱۸ روپے فی من کے حساب سے فروخت ہوئی تھی ہمسایہ ضلع میں جا کر ایل ۔ ایس ۔ ایس کے نام سے ۲۲ روپے فی من کے حساب سے فروخت ہوئی ۔ اگر اعداد و شمار کا جائزہ لیا جائے تو پتہ چلے گا کہ ضلع جھنگ میں ۱۴ یا ۱۵ ہزار گانٹھیں پیدا ہوا کرتی تھیں اور اب یہ تعداد صرف ۴ ہزار گانٹھ تک رہ گئی ہے بقیہ کپاس ہمسایہ ضلع میں دوسری کپاسوں کے ساتھ ملا کر بیچ دی گئی ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بجائے اس کے کہ اس ایکٹ کا کوئی فائدہ ہوتا اس سے منڈیاں

تباہ ہو گئیں اور کارخانے نہ چل سکے۔ آڑھتی وغیرہ اسی خوف میں رہے کہ جو کپاس ان کے پاس آئی ہے اگر وہ انہوں نے خریدی اور آگے بیچی تو کوئی انسپکٹر ان کا چالان کر دے گا اور ان کو سزا ملے گی۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے کپاس کی خرید داری بند کر دی جس کا اثر بیچارے کاشتکار پر پڑا جس نے کہ کپاس پیدا کی تھی۔ یہ صحیح ہے کہ جہاں تک عزائم یا ارادوں کا تعلق ہے یعنی کپاس کو صحیح اور صاف رکھا جائے تو یہ نیک تھے لیکن جب وہ عمل میں آئے تو ان کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس سے ناکردہ گناہوں کو سزا بھگتنی پڑی۔ اس کا ایک اور نتیجہ یہ ہوا کہ کارخانہ داروں نے بہت کم قیمت پر کپاس کاشتکاروں سے خرید لی اور منافع حاصل کرکے اس کو کراچی پہنچا دیا۔ اسی سودے بازی میں کچھ رقوم سرکاری ملازموں اور اہلکاروں کی جیبوں میں بھی پہنچ گئیں۔ جناب والا جہاں تک منصوبہ بندی کا تعلق ہے کوئی اچھا منصوبہ بھی اگر اسے نیک نیتی سے نافذ نہ کیا جائے۔ اس کے اثرات کی نگرانی نہ کی جائے اور اس سے نکلنے والے بد نتائج کا سد باب نہ کیا جائے اچھے نتائج مرتب نہیں کر سکتا۔ جناب والا ہمارے نظام میں سرکاری ملازمین اکثر لوگوں سے ڈنڈے اور سزا کے ذریعہ ہر کام کروانا چاہتے ہیں۔ یہ طریق امرانہ اور پرانا شہنشاہیت والا طریقہ ہے۔ آج کے جمہوری دور میں یہ نامناسب ہے۔ جمہوریت تو رضا مندی کی حکومت ہے۔ جمہوریت صلح کا راستہ ہے۔ اس میں سرکاری ملازم ہوں یا ارکان حکومت ہوں ان کا یہ فرض ہے کہ وہ لوگوں کو ناصحانہ اور مشفقانہ انداز میں صحیح راستہ بتلا کر ان کو اس قانون پر عمل کرنے کی طرف مائل کریں۔ نہ کہ سزا کی شدت سے ان کو ڈرا دھمکا کر اس قانون پر عمل کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک نفسیاتی رد عمل پیدا ہو جاتا ہے اور بجائے اس کے کہ اس کے اثرات اچھے ہوں اس کے اثرات مضرت رساں ہوتے ہیں۔

جناب والا۔ ہمیں اس بات کو تسلیم کرنے سے کوئی انکار نہیں کہ سرکاری ملازمین کو اپنے فرائض کی بجا آوری میں کئی قسم کی تکالیف کا شکار ہونا پڑتا ہے اور کئی قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مگر دوسری طرف یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ سرکاری ملازمین کی اکثریت اپنی نخوت اور تکبر کی وجہ سے اچھے سے اچھے کاموں میں بھی ناکام رہتی ہے کیونکہ وہ ہر کام کو سختی اور طاقت اور دباؤ سے کرانا چاہتے ہیں۔ چنانچہ اس کاٹن کنٹرول ایکٹ میں بھی یہ ہوا ہے کہ کالجوں کے وہ

لڑکے جو معمولی بی۔اے کی ڈگری حاصل کرکے محکمہ زراعت کی مہربانی سے انسپکٹر بن گئے ھیں وہ اپنے آپ کو بے زبان حاکم سمجھتے ھیں۔ حالانکہ انکے پاس کسی قسم کی ٹیکنیکل تربیت نہیں۔ان میں سے اکثر کو یہ بھی پتہ نہیں کہ کپاس کا درخت کتنا لمبا اور کتنا چوڑا ھوتا ھے اور بنولے کہاں سے پیدا ھوتے ھیں۔ مگر وہ اپنے آپ کو بہت بڑے ایکسپرٹ سمجھتے ھیں۔ اور جب کارخانوں میں جاتے ھیں تو اپنی فرعونیت دکھا کر لوگوں کو مرعوب کرنے کی کوشش کرتے ھیں۔ وہ لوگوں کو مشفقانہ طریق سے ایسا راستہ دکھانے کی کوشش نہیں کرتے جس پر چل کر کاشتکار اپنی کپاس کی اصلاح کر لیں یا منڈی والے اسکا سد باب کر سکیں۔ اس میں اس قسم کا مشورہ بھی شامل ھونا چاھئے جس سے ھم ایک قسم کی کپاس کو دوسری قسم کی کپاس سے الگ کر سکیں۔جب کوئی چیز پیدا ھو جاتی ھے تو پھر لازمی ھے کہ آپ اسے ضائع نہیں کر سکتے۔ جلا نہیں سکتے۔انہیں اس قسم کا مشورہ ملنا چاھئے جس سے وہ اسے دوسری قسم کی کپاس سے علیحدہ کر سکیں۔ یا تو جب وہ کپاس ابھی کھیت میں ھو زمینداروں کو ھدایت کرکے اسکے پودوں کو اکھڑوا دیا جائے یا انکو علیحدہ کر لیا جائے۔لیکن اگر ایسا کرنے کی بجائے سختی اور تشدد کا راستہ اختیار کیا جائے تو اس سے مفید نتائج بر آمد نہیں ھو سکتے۔ بلکہ رشوت ستانی اور بدقماشی کو فروغ حاصل ھوتا ھے۔ وزیر زراعت صاحب نے یہاں اپنی تقریر میں فرمایا ھے کہ موجودہ کاٹن کنٹرول ایکٹ اس مقصد کو پورا نہیں کرتا جسکے لئے وہ بنایا گیا تھا اسلئے وہ اس میں ایک ترمیمی بل لا رھے ھیں۔ساتھ ھی ساتھ انہوں نے یہ بھی فرمایا ھے کہ وہ قانون اس قدر سخت ھوگا کہ کاشتکار یا دوسرے لوگ اس سے چیخینگے۔ میں انکی خدمت میں با ادب عرض کرونگا کہ قوم سے چیخیں لگوانا یا ان پر شدت کے ساتھ اختیار کو استعمال کرنا ھرگز مناسب اور مستحسن نہیں ھو سکتا۔ میری عرض یہ ھے کہ زراعت کا محکمہ ایک رفاھی محکمہ ھے۔ یہ پولیس کا محکمہ نہیں۔ اسلئے ھمیں اس محکمہ کا کام پولیس ایکشن یا فوج کے ذریعہ کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاھئے بلکہ نصیحت اور نمونہ سے اصلاح کرنے کی کوشش کرنی چاھئے۔

حضور والا ھماری قوم اتنی نا واقف نا اھل یا جاھل نہیں ھے کہ اسے محبت اور شفقت کے ساتھ کوئی راستہ دکھایا جائے تو وہ سمجھ نہ سکے۔ اس قوم نے نہایت دلیری اور پامردی کے ساتھ بڑے بڑے مصائب کا مقابلہ کیا ھے۔ ھمارا یہ فرض ھے کہ ھم ان پر اعتماد اور اعتبار کریں۔ اور

اسکے سامنے صحیح طریق سے وہ لائحہ عمل رکھیں جس پر ہم اسے عمل کرانا چاہتے ہیں - مجھے یقین ہے کہ اگر ہم انہیں اچھی طرح سمجھا دینگے تو وہ ایسے طریق سے نبھائینگے جس سے آپکی خواہش بھی پوری ہو جائیگی اور قوم کی اصلاح بھی ہو جائیگی - اسلئے میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کی ترمیم میں انسپکٹروں کو اتنے وسیع اختیارات نہ دئے جائیں کہ وہ سختی اور زیادتی کر سکیں - بلکہ انہیں یہ ہدائت ہونی چاہئے کہ وہ مصالحت کے ساتھ لوگوں کو سمجھائیں -

Sheikh Mehbub Ilahi (Lyallpur I, Mulsim, Reserved Seat): Sir, I have already stated previously that the Cotton Control Act has already outlived its utility. Now, I shall deal with what my honourable friends, Mr. Muhammad Amin and Sheikh Muhammad Saeed have said. It is true that there was a time when such an enactment was essential. It was drawn up with the advice of the Agriculture Department, probably by one of the Deputy Directors and it was put into operation. The experience has shown that unfortunately or fortunately it has not functioned well. It requires a great deal of change if it is to be maintained and it also requires some change in the working because the people who have to control the rural areas and also ginning factories in the districts have got wide powers which should be reduced. Some of the people who are simple graduates, I must say hardly know after their training—it is not true that they do not get training—but otherwise they have not enough knowledge to discriminate between different varities of cotton and to pick up difference between different varities of seeds and so on and so forth or to help people. It is also true that under the Act, the ginning factories are controlled by them and if a very little defect is found they have got the power to stop the factory and also cancel the licence which is given to the factory owner by the Agriculture Department. I would also like to point out that the power which has been given to them and the supervision exercised by the Chief Inspector, two for the whole Province with headquarters, at Lyallpur and other with headquarters at Montgomery, is probably under the circumstances far too small a number. We have also to consider whether the Act on which we are working at present, is really necessary or not. If we decide to make necessary amendments then it would be necessary to find out ways and means how it is to be worked, how to control it and what should be the duties of the Inspectors and how public can be trained to cooperate with them. The public shall have to be taught how to maintain different varities. It is quite true that there has been some complaint about mixing of cotton during the past years. But as I have already said there was a time when there was probably a rather low rate for Desi Cotton. The Government gave permission to the textile mill-owners that if they wanted to bring 4F from Jhang to Lyallpur they can do so after paying a little fee, and recently that fee has also been abolished. If seeds are defective and the zamindar cultivates that cotton in the field it is really very difficult for him to discriminate between the seeds and also it is difficult for the ginner when he purchases cotton in *gaddas*, or in trucks whether that cotton is really the mixed cotton or whether it is pure cotton. In this connection there have been various suggestions in the Cotton Control Board, but nevertheless we have not been able to really and strictly, to supervise the same with the result that there has been some amount of mixing in various areas, sometimes inadvertently by ginners and very seldom probably intentionally. But when that mixing is done now-a-days specially, it is really hardly necessary for them to mix intentionally, because rates are running in such a manner that there is hardly much difference between Desi or 4F varities. This is so far as varities and mixing goes.

Then my honourable friends, the mover of the cut motion pointed out that the Cotton Control Act, is worked by the Cotton Control Board, of which I am a member and I was a member and also the mover is a member and has been a member. It was suggested by me in the Cotton Control Act meeting that the Zamindars should be permitted to have two kanals *desi kapas* cultivated per square. It was suggested probably by him (Muhammad Din) that the Zaminadars should not be permitted to cultivate two kanals *desi* cotton per square. There was a good deal of discussion and it was unfortunate that we could not see eye to eye, votes had to be taken I won probably by two votes and it was decided that two kanals per square of *desi* cotton should be permitted to be cultivated. The idea at that time was to help the refugees who had come from East Punjab. We live in a country (West Punjab) which is totally different from the Doaba. Hundreds of refugees approached me and said this should be got permitted. A great number of refugees who came from the East Punjab had never heard of LSS or 4-F. In fact they never knew how to cultivate these varieties. The cultivation of each variety is different from the others especially from the *desi* cotton. They got small areas and they did not know how to cultivate these new varieties. The other point is that these people require *desi* cotton for their own consumption. I pointed out to to the Board that the poor people will have to travel long distances to obtain *desi* cotton for their home consumption. *Desi* cotton is far better for the quilts. Moreover when they could get it free by cultivating it, they should not be prevented from doing so. Our ordinary 4-F or LSS or 289 which is probably the best is not good for ordinary home consumption. Mr. Hearn was at that time Financial Commissioner (Development) and although he was not inclined to agree, we got it through. I still maintain that what I did was not wrong and the people who voted for me were sane and they sanely voted for me and this thing has been found very useful even today in the Province. I may tell you that two kanals are not enough and the area should be increased to four kanals because four kanals out of 200 kanals namely one square is not much. At any rate, I would suggest, if there is going to be any change in your Cotton Control Act and if it is not going to be taken away from the Statute Book altogether that two kanals at least should be maintained. Refugees who are still homeless and landless, whatever little land they have got should be permitted to cultivate *desi* cotton. I hope the Honourable member (Mover) when replying will not touch this subject.

The Cotton Cess has been varyng and has been a great hardship to the people who had to pay it. At the time of the introductuon of the Act intention was to raise sufficient funds to maintain the establishment and to meet the necessary expenses like the pay and the travelling allowance of the Inspectors etc. It was raised from one anna to four annas and then to one rupee, that is to say it had been raised to sixteen times and the income at one time had gone up to one crore. If the Act is to be amended, it is the moral duty of the Honourable Minister of Agriculture to see that no more Cess money than is essential is realised. It should for reduced to one anna per maund because a good deal of litigation is going on regarding this matter. In my opinion the expenses of establishment should never go beyond five or six lakhs. If the Act is properly worked and working is thoroughly scrutinized, you will find Sir that even one anna per maund is more than enough and probably double than what we shall have to spend on the establishment. Apart from this there is another trouble which has been mentioned by the second mover of the motion and that is about prosecuting the people. There have been many cases pending in various courts. The trouble has been that in some cases the District Magistrates and Additional District Magistrates, now called Special Magistrates, dealt with these pending cases as summary cases. Hardly any time was given to the accused to prove that he was not guilty. Generally a fellow is challaned. He appears before the Magistrate speaking and after hearing the accused he is in some cases imposed a fine of Rs. 1,000 or so and so on without giving him

the opportunity to defend himself. With these words I support the motion and beg to urge that the suggestions put forth by me, may please be accepted.

رانا گل محمد خان المعروف عبدالعزیز خان (ملتان - نمبر ۴ مسلم) —

جناب والا - جہانتک زیر بحث تحریک کا تعلق ہے اسکو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے -

(1) that the department for which it was constitued has failed to fulfil the promises, and

(2) that it has caused hardship to the industry.

جناب والا - جہانتک پہلے حصے کا تعلق ہے میں اس معزز ایوان کے سامنے پھر دھرانا چاہتا ہوں کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کے ماتحت جو عملہ مقرر کیا گیا تھا وہ اپنے فرائض کو سر انجام دینے میں قاصر رہا ہے - اس کے متعلق یہاں بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور وزیر زراعت نے بھی cotton میں ملاوٹ کے متعلق کچھ کہنے کی کوشش فرمائی ہے - مگر میں ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ''مگسچر'' کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ کاشتکاروں کو ناقص بیج خرید کرکے دیا گیا ہے - اگر وہ اسکا ثبوت چاہتے ہیں تو ذرا تکلیف فرما کر خود کھیتوں میں جا کر معائینہ فرما سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ ۲۰ فیصدی تک mixed seed موجود ہے - اسکے متعلق میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے چند سالوں میں جب سے اس ایکٹ کا نفاذ ہوا ہے آپنے کتنے لوگوں کا چالان کیا ہے — اور اسکا کیا نتیجہ نکلا ہے - جہانتک اس موشن کے دوسرے حصہ کا تعلق ہے - (انگلش)

"that it has caused hardship to the industry" مجھے اس سے اتفاق نہیں اس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایکٹ سختی سے عمل میں نہیں لایا گیا - اور Industry نے گورنمنٹ سے cooperate نہیں کیا - بلکہ Cotton Inspecter کو رشوت دیکر خرید لیا ہے - اور انہیں ان کے فرائض سے غافل کیا ہے - اگر صحیح طریقے سے کاٹن کنٹرول ایکٹ کو عمل میں لایا جاتا تو کاٹن میں اس قدر mixing نہ ہوتی - اس لئے میں دوسرے حصے کی مخالفت کرتا ہوں -

جناب والا - چونکہ اس اجلاس میں Agriculture پر تقریر کرنے کا یہ آخری موقعہ ہے اسلئے میں اس پر قدرے تفصیل سے ضروری گذارش

کرنا چاہتا ہوں ۔ وزیر مال نے فرمایا تھا کہ ہمارے پاس الہہ دین کا لیمپ تو نہیں ہے مگر میں عرض کرونگا کہ الہہ دین کا لیمپ تو ہمارے پاس موجود ہے مگر ہمارے پاس ضروری foresight نہیں ہے جسے استعمال کریں اور اس الہہ دین کے لیمپ کو مناسب طور پر رگڑیں (قہقہہ)۔

جناب صدر۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کیلئے ایک نیا محکمہ قائم کیا جائے۔ اور ایک کاٹن کنٹرول کمشنر مقرر کیا جائے اسکے ماتحت صحیح طریقے سے اس پر عمل در آمد کیا جائے سابقہ چار پانچ سال کا تجربہ ہمارے سامنے ہے کہ ہماری کپاس میں ۲۰ فیصدی کے قریب ملاوٹ موجود ہے اس مکسچر کے باعث ہماری ساکھ مٹ رہی ہے ۔ الہہ دین کے لیمپ کے سلسلے میں زراعت کے محکمہ کو ہی لیجئے ۔ دانشمندی اور تدبیر کے فقدان کی وجہ سے اس محکمہ کو عوام کی بہتری کیلئے صحیح طریقے پر نہیں چلایا جا رہا ۔ الہہ دین کا لیمپ بیکار پڑا ہے ۔ اس کو رگڑنے کا ڈھنگ اور سلیقہ درکار ہے جو حکومت میں مفقود ہے ۔ اصل میں جو چیز سرے سے غائب ہے وہ منصوبہ بندی ہے ۔ ہمارے سامنے یعنی حکومت کے سامنے کوئی منصوبہ نہیں جس کے پیشِ نظر کام کیا جائے۔ اور دو تین سال میں ۵۰ فیصدی تک پیداوار میں اضافہ ہو سکے ۔ اگر وزیر زراعت مناسب سمجھیں تو اپنے ماہرین کے صلاح و مشورہ کے ساتھ کوئی پانچ سالہ منصوبہ تیار کریں جس میں واضح طور پر طے ہو جائے کہ ایک سال میں اتنا کام مکمل کیا جائے گا دوسرے سال میں اتنا کام پایہ تکمیل کو پہنچایا جائیگا اور تیسرے سال تک اسقدر مزید کام کر لیا جائیگا مگر اس قسم کا پلان و منصوبہ سرے سے مفقود ہے ۔

منصوبہ بندی قطعاً نہیں کی گئی ۔ اندھا دھند کام جاری ہے اگر وزیر زراعت کوئی پانچ سالہ سکیم بنا لیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ رقم کے سلسلے میں عوام آپکی امداد کرینگے ۔ ہم ہر بوجھ برداشت کریں گے مگر کوئی مقصد اور منصوبہ تو سامنے ہو جس کیلئے عوام سے مدد مانگی جائے ۔ لوگ آپکی امداد کرنے کو تیار ہیں ۔ مگر آپ انکی امداد نہیں کرتے ۔

جناب صدر۔ پنجاب میں خصوصیت کے ساتھ ہر سال ایک فی صدی کے حساب سے آبادی میں اضافہ ہو رہا ہے اس کے پیش نظر کوئی منصوبہ تیار کر لینا چاہیئے ۔ کیا ہماری موجودہ زراعت اس بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے مکتفی ہو سکے گی ؟ آئیے اسی ضمن میں کوئی منصوبہ بندی کر لیں !

چیف منسٹر اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں ورنہ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا کہ اس بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کے پیش نظر کوئی فوری عملی کارروائی اور منصوبہ بندی کیجئے ۔ بہر حال میں ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں اور حکومت کی توجہ بھی اسکی طرف منعطف کراتا ہوں کہ ضروری منصوبہ بندی کیجئے جس سے زراعت ترقی کرے ۔ یہ تمام زور جو Industry پر دیا جا رہا ہے ۔ آخر کار اسکی کمیابی عوام کی purchasing power کے بڑھانے پر ہے ۔ اور یہ زراعت کی ترقی سے ہو سکتی ہے ۔ موجودہ حالات مایوس کن ہیں ۔

گر ہمیں مکتب و ہمیں ملا
کار طفلاں تمام خواہد شد !

وزیر زراعت (آنریبل سردار عبدالحمید خاں دستی)— جناب والا ۔ اس موضوع پر میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ہماری کپاس میں ملاوٹ ہو رہی ہے ۔ یہ بھی عرض کر چکا ہوں کہ اس ملاوٹ کیوجہ سے صوبہ کو اجتماعی طور پر نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اس ضمن میں میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ کی ترمیم نہایت سنجیدگی کے ساتھ زیر غور ہے ۔ اس ضمن میں یہ بھی عرض کیا جا چکا ہے کہ جو بھی مفید مشورہ حکومت کو مستفید کرنے کی غرض سے دیا جائیگا اسی قدر نہ صرف صوبے کی سود و بہبود کا باعث ہوگا بلکہ ہمارے شکریہ کا بھی موجب ہوگا اب سوال صرف دو تین مسئلوں کے متعلق ہے ۔ ایک جو کپاس کی ملاوٹ اور مکسچر کی بد تعریفی پر زور دیا جا رہا ہے دوسرے اس سلسلے میں مسٹر محمد امین صاحب نے اس ملاوٹ کی ذمہ داری کاٹن انسپکٹروں پر ڈالنے کی کوشش کی ہے اور میں بھی کاٹن انسپکٹروں کی پریت تو نہیں کرتا مگر میں یہ جانتا ہوں کہ کاٹن انسپکٹروں کی connivance یعنی چشم پوشی جس سے وہ رشوت کے مرتکب ہو سکتے ہیں ضرور ہو سکتی ہے لیکن جناب والا یہ جرم جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں یہ جھوٹ اور اسکا بوجھ کپاس کے آڑھتیوں پر اور کپاس کے کارخانہ داروں پر بھی پڑتا ہے ۔ کم از کم یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کارخانہ داروں اور آڑھتیوں اور کاشتکاروں کے تعاون کے بغیر انسپکٹر رشوت کھا ہی نہیں سکتے کیونکہ مکسنگ اور سمگلنگ سے جس کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچے گا وہی رشوت دینے کی کوشش کرے گا ۔ یہ تو سادی سی بات ہے میں یہ نہیں کہتا

*Uncorrected speech.

کہ کاٹن انسپکٹر سبھی دیانت دار ھیں۔ ممکن ھے کہ اس میں ان کا بھی ھاتھ ھو اور وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں ضمیر فروشی کرتے ھوں اور رشوت کھا کر مجرمین کو ایسا کرنے کا موقعہ دے دیتے ھوں مگر اس میں میں اتفاق نہیں کرونگا کہ جرم سو فیصدی کاٹن انسپکٹروں کا ھی ھے اور وھی اپنے منافع کی خاطر کپاس میں مکسنگ کرنا چاھتے ھیں۔

جناب والا — میں یہ عرض کر رھا تھا کہ یہ ایک نہایت اھم مسئلہ ھے جس کی اھمیت صحیح طور پر وہ لوگ جانتے ھیں جنہیں صوبے کے مجموعی سود و بہبود میں فی الواقع دلچسپی ھے۔ لیکن جنہیں دلچسپی نہ ھو وہ کسی طرح بھی اس سے متاثر نہیں ھو سکتے۔ اس سے نہ صرف صوبے کی ساکھ پر بلکہ دنیا کی منڈیوں میں پاکستان کی تجارت کی ساکھ پر ایک ضرب لگی ھے۔ اس لئے اس مسئلے کو نہایت سنجیدگی سے حل کرنے کے لئے ھمیں نہایت فراخدلی سے تعاون کرنا چاھیئے چہ جائیکہ اس کے راستے میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا کی جائیں۔

جناب والا — میں گذارش کر رھا تھا کہ ginners کارخانے دار اور منڈی والے mixing کرتے ھیں۔ ان پر احتساب اور نگرانی کے لئے Cotton Control Act بنایا گیا۔ وہ حضرات جو منٹگمری کے اجلاس میں موجود تھے۔ جانتے ھیں کہ Mr. Conwell نے کھلے اجلاس میں اپنی تقریر کے دوران میں اس امر کا اظہار کیا تھا کہ غیر ملکی منڈیوں میں اس اعلان سے کہ پنجاب میں Cotton Control Act نافذ کر دیا ھے اور اس میں مزید ترمیم بھی کی جائیگی۔ پاکستانی کپاس کی خرید کیلئے وھاں کے ایجنٹ تیار ھو گئے ھیں۔ اس لئے ان کو یقین اور اطمینان ھو جانے پر بہت خوشی ھوئی ھے۔ اس سے یہ چیز لازمی طور پر ظاھر ھوتی ھے کہ بیرونی ممالک پاکستانی کپاس خریدنے کیلئے نہ صرف تیار ھی ھیں بلکہ خواھشمند ھیں۔ چنانچہ یہ چیز بھی صاف طور پر ظاھر ھو گئی ھے کہ کپاس کی پاکیزگی۔ purity۔ عدم ملاوٹ اور خالص پن کا یقین دلانے کے بعد وہ لوگ اس کپاس کو خریدنے کیلئے تیار ھوئے ھیں۔ اس لئے اب یہ لازمی امر ھے کہ کپاس کی ملاوٹ نہ صرف روکی جائے بلکہ بالکل بند کی جائے۔

جناب والا۔ جس خاص واقعہ کا ذکر شیخ صاحب نے فرمایا ھے وہ در اصل ۱۹۵۱ء کا واقعہ ھے اور جس طرح سے یہ معاملہ حکومت کے توٹس اور علم میں آیا۔ وہ یوں ھے کہ فیکٹریوں والے ginners نے اگر

چار لاکھ Bales دکھائی ہیں تو کراچی چھ یا سات لاکھ گانٹھیں پہنچائی ہیں ۔ کارخانہ داروں نے اپنے رجسٹروں میں ان گانٹھوں کی تعداد بہت کم دکھائی ۔ مگر کراچی بہت زیادہ تعداد پہنچائی ۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ۱۹۵۱ء کی کپاس کی booking صوبے بھر کے کارخانہ داروں نے اپنے متعلقہ ریلوے سٹیشنوں سے نہیں کرائی بلکہ دوسرے سٹیشنوں پر لے جاکر کرائی تھی ۔ چنانچہ یہ معاملہ فوراً پولیس کے سپرد کر دیا گیا ۔ اب پولیس اور C.I.D. اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے ۔ جس میں قدرے تاخیر ہوئی ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ فی الواقع پولیس نے یہ بھی معلوم کرنا ہے کہ یہ کپاس کس کارخانے میں gm کی گئی اور کونسے ریلوے سٹیشن سے چلی ۔ ان سب چیزوں کے دریافت کرنے کیلئے وقت درکار ہے ۔ بہر حال یہ ایک پرانا واقعہ ہے جو C.I.D. کے زیر تفتیش ہے ۔ اور پولیس بھی اس معاملہ کی تحقیقات میں مصروف ہے ۔

جناب والا ۔ تازہ کپاس کے متعلق جو کچھ ایک شیخ صاحب نے فرمایا ۔ دوسرے شیخ صاحب نے اس کی تردید فرمادی ۔ بہر حال دونوں Cotton Board کے ممبر ہیں اور یہ Cotton Board کا ہی فیصلہ ہے ۔ شیخ محمد سعید صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمیں جمہوریت میں زیادہ قانون نہ بنانے چاہئیں ۔ بلکہ تیار ہی نہ کرنے چاہئیں ۔ میں ان کا نقطہ نگاہ سمجھنے سے قاصر رہا ہوں ۔ در اصل جمہوریت کے زمانہ میں قانون کے مطابق سختی کرنے کے اختیارات دینا اور قانون کے مطابق ہی ان پر عمل پیرا ہونا ہی جمہوریت کی جان ہے ۔ قانون کے بغیر اس قسم کی کارروائی کرنا تو جمہوریت کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے ۔ اس کے متعلق میں شیخ صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ اپنے اس نظریہ پر دوبارہ غور کریں اور ٹھنڈے دل سے سوچ بچار کرنے کے بعد ہمیں بتائیں آیا وہ اب بھی اس بات پر قائم ہیں ۔ اس صورت میں شاید میں ان کے رجحان کی قدر کر سکوں ۔

جناب والا ۔ آنریبل نون صاحب نے فرمایا ہے کہ Cotton Control کے سلسلے میں ایک کمشنر بھی مقرر کیا جائے جو ان خامیوں کو دور کرنے کی تجویز پیش کرے جن کی آڑ میں کارخانہ دار Cotton Control Act کے تحت نا جائز کارروائیاں کرتے ہیں ۔ تاکہ آئندہ ہمارے صوبے کو ان کارروائیوں سے نقصان نہ پہنچ سکے ۔ صورت حال یہ ہے کہ ایکٹ مذکور میں ترمیم کی جا رہی ہے جس کے متعلق اس ایوان کے جملہ معزز اراکین کو مشورے

دینے کے مواقع بہم پہنچائے جائینگے - چنانچہ ان کے مشوروں پر غور کرنے کے بعد اس ایکٹ کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی جائیگی - بہر حال اس سے بحث نہیں - یہ امر مسلمہ ہے کہ وہ کامیابی ہمیں حاصل نہیں ہوئی جو ہونی چاہیئے تھی -

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. When an honourable member drew your attention to the appointment of the Sergeant-at-Arms inside the House then he also requested you kindly to see that he is removed or excluded from the House and you were kind enough to say that you would just consider the matter. May we know what action you have taken?

Mr. Speaker : I will just consider the matter.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : For how long you propose to consider it: till the end of the Session ?

Mian Muhammad Shafi : On a point of order. Is the press gallery a section of the House? If so, I have been asked to convey to you that the Honourable Minister of Agriculture's language is not understandabe to them. He talks in

زبان ترکی بلکه زبان دستی -

It is not understandable by anybody.

Mr. Speaker : It is not a point or order. This is not the only way for the honourable member to make known his presence in the House.

وزیر زراعت — جناب والا - محکمے نے مجھے یہ اطلاعات دی ہیں کہ تقریباً ۲۷,۳۴۵ کارخانہ داروں کا چالان کیا گیا ہے - جن افسران پر مقدمات چلائے گئے انکی تعداد ۱۷ ہے - جن ملازمین کو معزول کیا گیا یا معطل کیا گیا یا برخاست کیا گیا انکی تعداد تقریباً ۱۵۰ ہے -

مسٹر محمد امین (کارپوریشن شہر لاہور نمبر۲ - مسلم - مخصوص نشست) — جناب والا - آنریبل منسٹر کی تقریر سن کر مجھے مایوسی سی ہوئی ہے کیونکہ یہ چیزیں ان کے نوٹس میں لانے سے میرا مقصد صوبے کی بہتری تھا مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ محکمے والے جو جواب انکو دیں وہ حسب سابق اور حسب عادت بغیر اس پر غور فرمائے یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ وہی جواب اس ایوان میں دے دیا جائے - میں نے جو تجاویز انکی خدمت میں پیش کی تھیں بہتر ہوتا اگر وہ ان پر غور فرماتے - اگر وہ انہیں صحیح سمجھتے تو ان پر عمل کرنے کا وعدہ فرماتے اور اگر غلط سمجھتے تو اسکی تردید کرتے - Mr. Conwell نے منٹگمری میں جو یہ کہا کہ Cotton Control Act نافذ کرنے سے ہماری کپاس بیرونی منڈیوں میں بکنی شروع ہو گئی - مجھے اس سے اتفاق نہیں - ان کو شاید معلوم ہی نہیں کہ ایکسپورٹ کی تجارت کا کیا طریقہ ہے - ہماری کپاس میں ملاوٹ ہوتی ضرور ہے لیکن سو فیصدی نہیں - ہماری ۸۰ فیصدی کپاس

خالص ہوتی ہے اور اسکی ایکسپورٹ ان لوگوں کے ہاتھ میں ہے جن کی بڑی اچھی reputation ہے ۔ ہماری ۸۰ فیصد کپاس جو غیر ممالک میں جاتی ہے اسکا کوئی claim نہیں آتا اور اگر کوئی ناقص quality ہو تو in no time اسکی payment کر دیجاتی ہے ۔ اس معاملے میں پاکستان بدنام نہیں ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ Black sheep are every where ۔ اس کاروبار میں کچھ نئے لوگ شامل ہو گئے جنہوں نے ملاوٹ کی اور باہر خراب مال بھیجا ورنہ آج تک دس بارہ ایکسپوٹرز ہی ۸۰ فیصد کپاس ایکسپورٹ کرتے رہے ہیں ۔ نہ انہوں نے کبھی ناقص چیز غیر ممالک کو بھیجی ہے اور نہ کبھی کوئی claim آیا ہے ۔ Mr. Conwell کوئی انگریز ہوگا ۔ ہماری کپاس انگریز بہت کم خریدتے ہیں ۔ جاپان ہماری سب سے زیادہ کپاس یعنی پچاس فیصد سے زیادہ خریدتا ہے ۔ ہماری کپاس کے خریداروں میں لیور ہول کا درجہ بہت نیچے ہے ۔ وہ ۱۴ فیصد بھی نہیں خریدتا ۔ کیونکہ انکو امریکی امداد ملتی ہے ۔ انگریز بہت سمجھدار ہیں ۔ وہ بجائے پیسے خرچ کرنے کے ایڈ کی صورت میں امریکی کپاس لیتے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپنے ۶۰ کاٹن انسپکٹر آٹھ ضلعوں کیلئے مقرر کئے ہوئے ہیں انہوں نے اپنی ذمہ داری کو اور اپنے فرائض کو سر انجام نہیں دیا ۔ مجھے توقع تھی کہ میرے اس اعتراض کے جواب میں آنریبل وزیر زراعت یہ فرمائیں گے کہ ہمیں واقعی انکو dismiss کر دینا چاہیئے تھا اور آج ہم یہ اعلان کرتے ہیں کہ ان کو dismiss کر دیا جائے گا اور بعد میں پولیس اس امر کے متعلق کارروائی کرتی رہے گی کہ مجرم کون ہے ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ صوبے کو ۵۰ لاکھ روپے کا نقصان اٹھانا پڑا ۔ جن لوگوں پر اسکی ذمہ داری تھی اور جنکی ڈیوٹی تھی کہ وہ اسکی پڑتال کرتے انہوں نے اپنے فرائض میں کوتاہی کی ہے ۔ انہیں سزا کے طور پر فوراً محکمے سے نکال دینا چاہیئے تھا ۔ بہر حال میرے عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کے خلاف مناسب کارروائی کی جانی چاہیئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Has the honourable member leave of the House to withdraw his motion ?

(*Voices* : Yes).

The motion was by leave withdrawn.

شیخ محمد سعید (جھنگ ۔ نمبر ۲ ۔ مسلم) — جناب والا ۔ جہاں تک کسی کارخانہ دار کی مدافعت کا تعلق ہے میرے خیال میں ایسے شخص کو جو ملک کی تجارت کو خراب کرے اور جنس میں ملاوٹ کرے اسکو جتنی بھی سزا دیجائے اتنی ہی کم ہے ۔ اسکے ساتھ ہی ہم نے دیکھنا یہ ہے

کہ جو قانون ہم بناتے ہیں ہم میں اتنی قوت ہو کہ ہم اسکا نفاذ بھی کر سکیں ۔ محض ڈنڈے یا تھانیداریت سے اسکا نفاذ نہیں ہو سکتا ۔

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order . Sir, there is no quorum.
(At this stage the bell began to ring and the House became in quorum).

شیخ محمد سعید — جناب والا ۔ قانون تو ضرور بنانے چاہئیں ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ انکے نفاذ کا طریقہ کیا ہے اور انکے نفاذ کیلئے کونسی قوت ہونی چاہئیے ۔ ہم نے ۶۰ انسپکٹر تو رکھ لئے لیکن ان کے کام کی پڑتال کیلئے اور انکی فروگذاشتوں کو روکنے کیلئے ہمارے پاس اس وقت کوئی مشینری نہیں ہے ۔ جناب وزیر زراعت نے فرمایا ہے کہ اگر اس مقصد کیلئے ہم ایک کمشنر مقرر کر دیں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا ۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ جس مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم نے قانون نافذ کیا ہے کیا اس قانون سے وہ مقصد پورا ہوا ہے یا نہیں ۔ مجھے ایک مثال یاد آ گئی ہے ۔ کہ ایک رئیس نے اپنے گھر کی حفاظت کیلئے ایک ملازم رکھا ۔ وہ اپنے مالک کو دودھ پلایا کرتا تھا (قہقہہ) ملازم کچھ دودھ اپنے لئے رکھ لیا کرتا تھا ۔ مالک نے سوچا کہ اس نوکر کی نگہداشت کیلئے ایک ملازم رکھا جائے ۔ جب دوسرا ملازم رکھ لیا تو اس نے پہلے ملازم سے پوچھا کہ تم ماہانہ کیا لیا کرتے ہو ۔ اس نے کہا کہ دیکھو ۔ بات یہ ہے کہ میں مالک کیلئے روزانہ ایک سیر دودھ لاتا ہوں اور اس میں سے ایک پاؤ خود پی لیا کرتا ہوں ۔ تو دوسرے ملازم نے کہا اب آدھ سیر نکال لیا کرو ۔ چنانچہ رئیس نے دیکھا کہ اب بھی کوئی اصلاح نہیں ہوئی تو اس نے تیسرا ملازم رکھ لیا ۔ جب تین ملازم ہو گئے تو وہ پھر تین پاؤ دودھ وہ اپنے لئے رکھ لیتے تھے اور ایک پاؤ مالک کو دیتے تھے ۔ اسی طرح مالک نے چوتھا ملازم رکھ لیا ۔ چوتھے نوکر نے کہا کہ اب ایک پاؤ دودھ میرے لئے بھی رکھ لیا کرو اور برتن میں جو دودھ لگا ہوگا اس میں پانی ملا کر مالک کو دیدیا کرینگے ۔ جناب والا ۔ ہماری بھی یہی حالت ہے ۔ ہم نے کپاس کے متعلق بہتر انتظامات کرنے کیلئے پہلے آڑھتیوں کو شامل کیا ۔ پھر کارخانہ داروں کو ملا لیا اور اسکے بعد انسپکٹر بھی حصے میں شریک ہو گئے ۔

انہیں دیکھنا یہ ہے کہ کتنے حصے ہمارے ہیں ۔ جب ہم ملازم رکھتے ہیں تو اس میں سے ان کا حصہ بھی آ جاتا ہے ۔ اور کپاس ویسی کی ویسی رہتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کا علاج کیا یہی ہے کہ قانون پر قانون بناتے چلے جائیں ۔ اس میں پیچیدگیاں پیدا کرتے جائیں اور لوگوں پر ڈنڈے چلاتے جائیں ۔ اگر ابتدا میں اس کی اصلاح نہ کی گئی ۔ اور جہاں کپاس پیدا ہوتی ہے وہاں کے لوگوں کو نہ سمجھایا گیا کہ اچھا بیج مہیا کریں تو ہم کوئی اصلاح نہیں کر سکیں گے اور اس کا شاید کوئی فائدہ نہیں ہوگا ۔ جناب والا ۔ جب یہ نقص پیدا ہو جائے اور ہماری کپاس کارخانوں میں پہنچ جائے تو پھر مقدمہ کا سوال آ جاتا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ قانون میں پیچیدگیاں پیدا کرنے کی بجائے انسپکٹرز کا خاص معیار مقرر کیا جائے ۔ ان کو تربیت دی جائے ۔ ان کے لئے کوئی Refresher's course مقرر کرنا چاہیئے ۔ ان کو سمجھانا چاہیئے کہ کارخانوں کے سر پر بیٹھنے کی بجائے آپ کی جگہ فیلڈز میں ہے وہاں کام کریں ۔ پھر بیج خریدنے والوں کی اصلاح کی جائے ۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ٹینڈر دیتے وقت بازاری نرخوں سے کچھ زائد نرخ دے کر ٹنڈر حاصل کر لیتے ہیں ۔ پھر منڈی کے وہی ملاوٹ شدہ بیج خرید کر محکمہ کو دے دیتے ہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کو بیج کی قیمتوں میں تھوڑا بہت فرق ہونے سے فائدہ ہو جاتا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ آپ جتنے سخت قانون بن سکیں بنائیں ۔ لیکن اس کے نفاذ کے لئے مشینری تیار کی جائے ۔ اس کے ساتھ ہی کپاس کی اصلاح کریں اور اس کی ساکھ کو برقرار رکھیں ۔ اقتصادی حالت کو بہتر بنائیں اور انسپکٹرز کو صرف حصول کپاس کے لئے استعمال کریں ۔ آپ کو معلوم ہے جھنگ کے ضلع میں ۴ ایف کا رقبہ زیادہ ہے ۔ ۴ ایف کی ملاوٹ سے کسی کارخانہ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا ۔ جھنگ کے کارخانہ والے ملاوٹ کرتے ہیں ہمسائیہ اضلاع کی البتہ یہی کوشش ہوگی ۔ اس طرح سے آپ سرحدوں کی اصلاح نہیں کر سکتے اور نہ ہی نگرانی کر سکتے ہیں ۔ اس کے جواز میں غالباً آپ یہ فرمائیں گے کہ انسپکٹرز تھوڑے سے ہیں کس طرح سے نگرانی کر سکتے ہیں ۔ تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ کوئی کارخانہ انسپکٹرز کے سامنے Bale نہیں کرتا اور انہیں پتہ بھی نہیں چل سکتا ۔ اس لئے اس پیچیدہ طریقہ کو برتنے کی بجائے کارخانہ کی گانٹھوں پر نشان لگائیں ۔ کوئی مارکہ مقرر کر دیں اور جب تک کپاس پر وہ نشان نہ ہو اسے کارخانہ سے منتقل نہ کیا جائے ۔ اصلاح کا یہ بہت آسان طریقہ ہوگا بجائے اس کے کہ آپ انسپکٹر کے ذریعہ کام کرائیں ۔

Mr. C. E. Gibbon : On a point or order, Sir, You will recollect that the other day.....

Mr. Speaker: The honourable member will bear in mind that it is already 5-25 and I must put the motion to the House.

Mr. C. E. Gibbon : Last time when we raised the question about the Sergeant-at-Arms and the Deputies, Your Honour said that you would consider the matter. It was on the 4th but.....

Mr. Speaker : The matter requires a very full consideration.

Sheikh Muhammad Saeed : Sir, I withdraw my cut motion.

Mr. Speaker : Is it the pleasure of the House that leave be given to the honourable member to withdraw his motion ?

(*Voices : Yes.*)

The motion was by leave withdrawn.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, We want you to give us an assurance that there will be no Sergeant-at-Arms in the House.

Mr. Speaker : I do not think the honourable member is within his rights in calling upon the Speaker to give an assurance. The question is.....

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point or order, Sir.

Mr. Speaker : Order please.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: It is a very important matter; it is an extremely important point of order.

Mr. Speaker : I over-rule it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of privilege, Sir. In the first instance an honourable member is perfectly within his rights to riase a point of order. Your Honour has debarred me this fundamental right and privilege because without actually listening you have over-ruled my point of order.

Mr. Speaker: No Honourable member can raise a point of order when the Speaker is addressing the House.

Mr. C. E. Gibbon : This is going to affect all future points of order.

Mr. Speaker : I am not going to allow myself to be disturbed when I am puttng a question. The question is —

> That a sum not exceeding Rs. 60,87,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Agriculture.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of privilege, Sir.

Mr. Speaker : State it now.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : My point of privilege is that I think it is one of the privileges of a member to raise a point of order whenever he thinks there is some important procedural irregularity. I had raised a point of order and Your Honour without giving me an opportunity to state it, over-ruled it.

Mr. Speaker : I said I am not going to listen to any points of order when I am addressing the House. A point of order can be raised when any other member of the House is speaking.

The Assembly then adjourned till 1 *p.m. on Wednesday, the* 10*th March,* 1954.

.....

APPENDIX

*(Vide answer to Q. No. *2193 page 809 ante)*

'A'

STATEMENT SHOWING THE PERIOD IN DAYS AND HOURS FOR WHICH THE ASSEMBLY HAS REMAINED IN SESSION SINCE 7TH MAY 1951

Date of meeting of the Assembly	Time for which the Assembly sat	
	Hours.	Minutes
MAY 1951 SESSION		
7th May 1951	3	..
DECEMBER 1951—JANUARY 1952 SESSION		
14th December 1951	1	10
17th December 1951	4	30
18th December 1951	3	20
20th December 1951	4	30
21st December 1951	4	30
24th Decebmer 1951	3	30
7th January 1952	8	0
8th January 1952	4	30
9th January 1952	7	0
10th January 1952	4	30
11th January 1952	4	30
12th January 1952	4	30
14th January 1952	4	30
15th January 1952	4	30
FEBRUARY-MARCH 1952 SESSIONS		
29th February 1952	2	0
1st March 1952	1	30
3rd March 1952	4	30
4th March 1952	4	30
5th March 1952	4	30
6th March 1952	4	30
7th March 1952	4	30
10th March 1952	4	30
11th March 1952	4	30
12th March 1952	4	30
13th March 1952	4	0
14th March 1952	4	30
15th March 1952	1	30

Date of meeting of the Assembly	Time for which the Assembly sat	
	Hours	Minutes
APRIL-MAY 1952 SESSION		
28th April 1952	4	30
29th April 1952	4	0
30th April 1952	4	0
1st May 1952	4	0
5th May 1952	5	0
6th May 1952	4	0
7th May 1952	5	10
8th May 1952	4	0
10th May 1952	4	40
Total	39	20
DECEMBER 1952 SESSION		
5th December 1952	4	30
8th December 1952	4	30
9th December 1952	4	30
11th December 1952	4	30
12th December 1952	4	30
13th December 1952	4	30
15th December 1952	4	30
16th December 1952	4	30
18th December 1952	4	30
19th December 1952	4	30
22nd December 1952	4	30
Total	49	40
MARCH 1953 SESSION		
16th March 1952	2	20
18th March 1953	4	30
19th March 1953	4	30
20th March 1953	4	30
21th March 1953	3	0
23rd March 1953	4	30
24th March 1953	2	10
31st March 1953	3	0
Total	26	30
Total No. of days—56		
Total Hours .. Hrs. 232—Mts. 50		

'B'

STATEMENT SHOWING THE AMOUNT OF COMPENSATORY ALLOWANCE AND TRAVELLING ALLOWANCE DRAWN BY EACH MEMBER, PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY DURING THE PERIOD FROM 7TH MAY 1951 TO-DATE.

Serial No.	Name of member	Compensatory Allowance Drawn	Travelling Allowance
		Rs. A. P.	Rs. A. P.
1	Ch. Abdul Ghani	8,332 4 0	..
2	Malik Qadir Bakhsh	8,632 4 0	..
3	Sheikh Muhammad Saeed	8,632 4 0	..
4	Sheikh Zafar Hussain	8,632 4 0	..
5	Malik Abdul Aziz	8,632 4 0	..
6	Malik Abbas Khan Seth	8,632 4 0	105 14 0
That a sum not exceeding Rs. 1,12,90,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Miscellaneous.

Mr. Speaker : Demand moved is—

That a sum not exceeding Rs. 1,12,90,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Miscellaneous.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, you will notice that cut motions Nos. 13 to 18 relate to one item. If you allow every mover to take part in the discussion then it will be all right.

Mr. Speaker : Yes, I will allow this.

Rehabilitation Policy

***Mian Muhammad Shafi** (Montgomery VII, Muslim, Reserved Seat): Sir, I beg to move—

> That the item of Rs. 7,08,780 on account of Expenditure in connection with camps for and movement of refugees and evacuees be reduced by Rs. 1,000.

Mr. Speaker : Before the honourable member starts his speech I would like to invite the attention of all honourable members of this House to the fact that although while moving cut motions or speaking on them they are entitled to discuss the particular policy underlying that particular item under discussion, nothing should be said with regard to the general policy or the general budget or with regard to any member or any Minister by name. If any honourable member is dissatisfied with the work of any particular Minister, the only method of attacking him, under the Rules, is by a substantive motion. Therefore, no reference of a personal character should be made.

Mian Muhammad Shafi : Quite right. Sir, it is with a heavy heart that I have stood up in my seat to oppose the acceptance of this demand. Sir, according to the admission contained in the New Expenditure, 1954-55, the administration itself admits certain glaring dishonesties, embezzlements and the slow speed of work in connection with the recovery of abducted women. According to them as many as 54,096 women and children were abducted during the pre-partition and post-partition period, and according to their own admission so far they have recovered 18,884 women. It means that they have during the last 6 years or so, recovered 1/3rd of the abducted women. Sir, it is a well-known fact that the present rate of recovery of women is so slow that if the present tempo continues, it should take at least a century to recover each one of them. I do not want to be ironical on it. It is a subject which touches the honour and self-respect of Muslims; it is a subject which brings in our hearts a feeling of profound shame and in our eyes a feeling of indignation. I only want to say that when the Ministers themselves admit that in the camps which they set up in order to receive refugees there was tremendous amount of mal-administration, when they themselves confess that there have been cases of embezzlements, when they themselves say that because they employed inexperienced persons there were number of cases which are subject to scrutiny by special staff, I cannot understand with what face they want to come forward and demand another Rs. 7 lakhs on account of it. Sir, I read out to you from their own book which says:—

> "Quite a large number of audit notes on the accounts of the Defunct Camps have also to be replied to. In some cases heavy embezzlements are involved which are under investigation. Some cases are already with the courts".

Sir, it is a matter of profound shame, national shame, that at a time when our people were engaged in the most tragic part of their history, when lakhs of people were coming from that side in order to seek shelter in this land of Islam, our people on this side of the country were busy making hay. They thought, let them make hay as long as the sun was shining.

I do not want to recall the most tragic aspect of that part of the history in which I was also involved as a refugee. I do not want to go into the story how some officials and how the *ansars* did make capital out of that tragedy which had fallen on more than 6 millions of our people. But I do want to say that the Government should not have come with a brazen face before us to make a demand

*Uncorrected speech.

in this way. They should come before us with repentance, but their officialdom resorted to all these things.

Sir, as far as the recovery of women is concerned, I beg to say that each child of Islam and each woman of Islam who had been left on that side is like a running sore in our hearts and we cannot forget it. Why not be realistic and why not face facts? Is it possible for you under the present circumstances, while the two dominions are drifting away from each other, while bad blood, due to foreign intrigues is taking us farther away from each other, i it possible that you shall be able even to recover a susceptible portion of the sacred treasure that you lost on that side? It is given in this book that as many as 16,510 non-Muslims on this side were abducted and of this 8,651 have been recovered. It means more than 50 per cent abducted women have been recovered on behalf of India: while with all their resources they have not so far returned even 1/3rd of the booty—I do not know what phraseology to use—all that I can say is that they have not had th e decency or they have had no honesty to at least be at par with you. They should have by now at least returned to you more than 30,000 abducted women. But as I read the figures, as I have said before, it should take a century for you to recover them. Let us see the facts. Let us not make fuss over it. Let us stand up and you should convene a meeting at a high level; the Prime Ministers of both the countries and Refugee Ministers of both the countries should meet together and then finally with a clear conscience decide upon this issue which is a human issue. Why it should not be possible for each woman on this side to be disgorged from the house of her abductor and restored to her people and similarly why it should not be possible for India to restore each one of the Muslim woman and child to us. You may also take into consideration the question of willingness. I know there are women on this side as well as on that side who have given birth to children, they have reached a stage in their life where they find it utterly impossible to make themselves available for coming here or for going to India. We should not insist upon technicalities. We should face facts. The facts are that a woman who has got none to maintain her on this side and who is the mother of a few children, if she comes here, she brings here the progeny of shame and you know our social order—our society is not yet developed to that extent where we can give them complete protection for their future. Therefore you have now to tackle this issue like real statesmen, like practical men. We should also make it clear to the people on the other side in no uncertain terms that it is not possible for us to absorb any more refugees so that this luxury of maintaining refugees, camps and the rest of it should end. The fact is that in the Punjab, in Bahawalpur and in Sind and for that matter in the whole of West Pakistan the saturation point has been reached. It is not possible for us in this part of the world, for the economy of this country to maintain any more people who may be foisted upon us. It is for the Inter-Dominion Conference that is going to be held where the whole issue should be discussed. I understand, Sir, that under what was called Nehru-Liaquat Pact, certain arrangements had been made on this subject but the atmosphere between these two countries is again changing, thanks to American intrigues, both these countries are again looking at each other with eyes unbecoming and who knows what future may bring for us—a repetition of the story of 1947. Sir, while moving this motion I make an appeal to the Provincial Ministers who are like Municipal Councillors to the Central Government that they should now get up on their feet and tell the Centre about the truth. They should not act like subservient stooges of the Centre and do everything according to their behest. They should tell them that this expenditure cannot be borne by this Province. Our financial resources are not such because we are already under a debt of more than a hundred crore of rupees. We cannot afford to make ourselves financially bankrupt. It is no use always standing before them like *khansamas* and bearers and making low bows. Let us tell Mr. Shoaib Qureshi that fastidious dandy.....

Mr. Speaker : Order please. Will the honourable member withdraw these words?

Mian Muhammad Shafi : I withdraw, Sir. I want to tell our Ministers that this expenditure should have been borne by the Centre.

Mr. Speaker : But the honourable member should not use un-Parliamentary language.

Mian Muhammad Shafi : Sir, according to them they have spent more than seven crores of rupees, which expenditure should have been borne by the Centre. Sir, our Chief Minister told us the other day that our economy is going to dogs; that we are under heavy debt to the tune of one hundred crores and they are incurring more and more of expenditure.

Chief Minister : On a point of order. He is quoting wrong figures.

Mian Muhammad Shafi : You were not following me. You were absent-minded. I said, "On account of refugee rehabilitation you have incurred an expenditure of more than seven crores". Of this you have received more than three crores. Why should you incur this expenditure? Why should you not tell the Centre that our pocket has run out of our last farthing. They appear to be *phanne Khans*....

Mr. Speaker : If the honourable member does not restrain himself, I will have to ask him to resume his seat....

Mian Muhammad Shafi: It is not un-Parliamentary. *Phanne Khan* means....

Mr. Speaker : I can not allow the honourable member to speak in that tone.

Mian Muhammad Shafi: I want to appeal particularly to the energetic Minister of Rehabilitation, who has got too much upon his shoulders, that he will kindly tell the Centre in a candid manner that this expenditure we cannot bear. This is the Centre's expenditure and not Provincial expenditure and not a pie will be paid out of the Provincial Exchequer. With these words I move my cut motion.

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 7,08,780 on account of Expenditure in connection with camps for the movement of refugees and evacuees be reduced by Rs. 1,000.

The motion was lost.

Refugees and Evacuee Departments

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani, III): Sir, I beg to move—

That the item of Rs. 5,09,130 on account of Net Total Refugees and Evacuees Department be reduced by Rs. 1,000.

Sir, the past rises before me like an ugly dream it is no use your fingering the Minister of Agriculture because you happen to be part of that gruesome dream.

Mr. Speaker : Will the honourable member withdraw that remark ?

Mr. C. E. Gibbon : I used that word....

Mr. Speaker : The honourable member addressed the Honourable Minister of Agriculture particularly and that he cannot do.

Mr. C. E. Gibbon : I am addressing the Chair, Sir. I will show him how he comes....

Mr. Speaker : Will the honourable member withdraw the remarks first?

Mr. C.E. Gibbon: I withdraw, you might recollect, Sir, that the Honourable Minister of Rehabilitation who is responsible for this Department was pleased

to observe that the people sitting on this side of the House were wolves in lambs clothings. Sir, I would ask the Honourable Minister of Rehabilitation to remember very clearly that people in glass houses should not throw stones at others. If there is anybody alive in the Punjab to-day who is a wolf in lamb's clothing, it is the Honourable Minister of Rehabilitation because....

Mr. Speaker : Order please. Before this discussion started I said that I would ask honourable members not to address any remarks to any particular Minister.

Mr. C. E. Gibbon : I am addressing him in his official capacity.

Mr. Speaker : I appeal to the honourable member's Parliamentary sense not to do it again. That is not the sort of thing to be indulged in in a House of Legislature.

Mr. C. E. Gibbon: There are hundreds of thousands of our countrymen to-day as the honourable Mian Mulammad Shafi pointed out, whose hearts are so full of sorrow and despair that it is about time that those responsible for creating these terrible conditions and who are responsible for keeping these people wandering on the face of the earth are told just where they stand. It is, therefore, necessary that when we speak on the question of rehabilitation, whether in the case of abducted women or in the case of the Rehabilitation Department or whatever phase it might be, they are all so inter-linked with one another that there are times that we want to give vent to the feelings of the people.

Mr. Speaker: You can certainly do that but in Parliamentary language.

Mr. C. E. Gibbon : Now, Sir, you will admit that on thousands upon thousands of hearts great sorrows and great anxieties rest and after six years or so the sufferings to which these poor and unfortunate people have been put by this Department has made them practically immune to their own destruction. They have in fact become wanderers on the face of the earth. They are now more or less like little ants going from one ant hole to another trying to pick up a crumb of bread or a little garment of clothing on their journey. This Department, Sir, for which you ask us to give you nearly five lakhs of rupees is not worth one grain of salt, it is not worth the very name that it owns. Instead of being called the Refugee Department it should be called the....I wanted to use an un-Parliamentary word, Sir, but I think I should not.

Now, Sir, look at this abominable admission of failure. Honestly feel at times that one should really not be a member of this House. I feel, Sir, that we have done a great injustice to the nation by even taking the trouble to come here, because if ever the devil laughs, it must be at hypocrates. These Honourable Ministers for Rehabilitation who have passed before us for the last six years one after the other have muddled up the things to such an extent that they are pleased to record in their report :

> "The Province still contains a large number of widows, destitutes and displaced families or persons who are incapacitated to earn their livelihood either on account of the death of the earning head of the family or is becoming disabled due to injuries received in the disturbances or other such reasons beyond their control".

The greatest and most important claim which the refugees have against this Government is to be given a home, to be given food, to be given clothing; because, but for the suffering and sacrifices of the refugees, there would have been no Pakistan, there would have been no Noons and no Daultanas, no Mamdots and no Khizrs and no Qizilbashes. (*Voices: Hear, hear*).

A voice: And no Gibbons.

Mr. C. E. Gibbon: There would have been a Gibbon all right and I tell you why. Because in those days, Sir, when hundreds of thousands of our country men were dragging their half nourished bodies over the border you gentlemen were lying in our feathered beds. Not one of you had the decency to go into the refugee camps, not one of you gave them a glass of water to drink and not one of you

put ointment on their open wounds on the other hand, Sir, they were thinking of all the evacuee property they could lay their hands on.....

Chief Minister: I strongly protest against this tone.

Mr Speaker: Unfortunately the honourable member seems to be unable to control his tongue I will have to ask the honourable member to resume his seat if he goes on like this.

Mr. C. E. Gibbon: It has reached a very serious stage and it is all very well for any Minister of Rehabilitation to sit back there and think that he is getting away with it. Sir, there are periods in the life of every nation when revolution becomes an imperative necessity, when it proclaims itself as inevitable and that stage is fast approaching. You have treated these poor unfortunate human beings like cattle. Not one of them, Sir, can rest at night, not one of them knows where to lay his worried head, never does he know when the axe of the Rehabilitation Department is likely to descend on his collar. That poor man has no home and nothing to clothe himself and, therefore, Sir, if we come before this House and we express such emotions it is because we have observed such gruesome and such terrible sufferings on the part of these unfortunate people. Therefore, Sir, I seek your indulgence if we over-do it. We over do it not because we have any personal animosity against the Ministers but because we feel for these unfortunate people. They are our own flesh and blood; they are our own people and unless this Government makes up its mind once and for all to settle them, this Government must go.

Mr Speaker: The honourable member is perfectly entitled to give vent to his emotion, but he must observe the rules of decency in the House.

Mr. C. E. Gibbon: These are the persons who stand up and show great anxiety for settling the refugees. These are the persons who created the problem of settling the refugees. These are the very people who are playing a double game, from start to finish and to-day they show great anxiety as to how to settle the refugees. I tell you that as long as this Muslim League Government is there they will not succeed in settling a single refugee because they cannot afford it according to their political ideas, according to the so-called ideology and according to their party politics. It is impossible for them to settle even one refugee because every refugee is a pawn in their political game; every refugee means a vote for the Muslim League. If the poor refugee says, 'I am not prepared to vote for you', then up comes the Rehabilitation Inspector with a big notice that under rule so and so, please vacate your house within 7 days. With this tyranny and with this terrible treatment meted out to the refugees, you come forward in this House and ask us to give you 5 lakhs of rupees for doing this sort of business, and you say so at the end of 6 years and then you think that you are going to throw mud in the eyes of the people of the Punjab and tell that it is the responsibility of the Centre. You try to transfer your responsibility to the Centre and the Centre transfers the responsibility to you and you go on hoodwinking the people from start to finish. Well, if the Centre owes you this money, why do you not tell the Centre to pay up that money? Why should you go on burdening yourself like this and suffering under their yoke. If the Centre owes so much they should be told to pay it up; otherwise they should look after the refugees which is their responsibility.

Sir, you might remember in the last session, or I should say during the time of the last Government, when I raised the question about abducted women, I was told that it was a Central subject, and I went further to inquire whether the Provincial exchequer was being affected, I was told, 'yes'. I said then that it was a jolly poor job. When we ask any question about it you say it is the responsibility of the Centre. The same thing happens here. If you read through the noting which has been given in this book you will find that the whole question of settlement of refugees is being transferred to the Centre. There seems to be some sort of agreement between India and Pakistan or Pakistan and India. All this hypocracy

is getting us nowhere. What for? Just to keep the poor refugee hanging at the end of a string so that the Muslim League may remain in power; so that they can use their votes by giving them bogus allotments and so on. My honourable Friend, Mr. Muhammad Shafi rightly pointed out that in the case of abducted women you have done absolutely nothing tangible. I may tell those sitting on the Treasury Benches that we have still got 30,000 women on that side of the border.

Mr. Speaker : This is not before the House.

Mr. C. E. Gibbon: There is a very important observation which they have brought in their note, that is, para. 6, page 349 of the New Expenditure. It reads as follows :—

> "Quite a large number of audit notes on the accounts of the Defunct Camps have also to be replied to. In some cases embezzlements are involved which are under investigation. Some cases are already with the courts."

Mr. Speaker : The honourable member's time is up.

Demand under consideration, motion moved is—

> That the item of Rs. 5,09,130 on account of Net total Refugees and Evacuee Department be reduced by Rs. 1,000.

سید شمیر حسین قادری- (کارپوریشن شہر لاہور نمبر ۳ مسلم - مخصوص نشست) صدر محترم - میں سمجھتا ہوں کہ اگر آج میں اس بحث میں حصہ نہ لوں تو میں اپنے فریضہ میں کوتاہی کرونگا (ہیئر- ہیئر) ضور والا - میں جذبات کی رو میں بہہ کر آپکے سامنے کچھ کہنا نہیں چاہتا- یہ حقیقت ہے کہ آج چھ سال کا عرصہ گزر گیا لیکن Refugee problem موجود ہے - اگر ہم یہ کہیں کہ ہم اس مسئلہ کو در حقیقت ایک مسئلہ سمجھکر اسکو نبٹا نہ سکے تو یہ امر واقعہ ہے - چھ سال کے عرصے کے بعد ایک مہاجر کو یہ معلوم نہیں کہ وہ اپنی زندگی میں ایک جگہ کتنے دن رہ سکتا ہے- یہ وہ مسئلہ ہے جسکے متعلق ہمیں جلد سے جلد فیصلہ کرنا چاہیئے تھا- یہ وہ مسئلہ ہے جسکے متعلق بغیر کسی لے دے کے ہمیں اس نظریئے پر پہنچنا پڑیگا کہ آج ہم یہ فیصلہ کریں کہ جس طرح Provisional Permanent Scheme ' میں اگرچہ اس میں بہت نقائص ہیں جو میں آپکی خدمت میں عرض کرونگا ، جو مہاجرین اضلاع میں یا مغربی میں بیٹھے ہیں انکے لئے کچھ اساسہ پیدا کیا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ آج وہ مہاجرین جو بے کسی اور بے بسی کے عالم میں زندگی کے دن کاٹ رہے ہیں جنکے پاس کھانے کو روٹی نہیں جنکے پاس اپنے بچوں کو دوائیں دینے کیلئے کوڑی نہیں اور جن کے پاس بچوں کو تعلیم دینے کیلئے پیسہ نہیں آج ہم ان سے کرایہ وصول کریں ؟ - میں کسی پر لزام نہیں لگاتا کہ اس نے اپنے فرض میں کوتاہی کی ہے- بلکہ میں تو کہونگا کہ ہم سب نے اپنے فرض میں کوتاہی کی ہے ہم نے کبھی بھی اس مسئلہ کو مسئلہ سمجھکر نہیں لیا - ہم ہمیشہ Party interest

سے کام لیتے ہیں۔ اس مسئلے کا حل خواہ سینٹر کے پاس ہو یا صوبے کے پاس ہو بغیر کسی بحث کے ہمیں اس مسئلے کو حل کرنا چاہیئے۔ اور اگر ہم نے اس کو حل نہ کیا تو ہماری آئندہ نسلیں ہمیں جس نام سے یاد کریں گی اسکا سب کو علم ہے۔ جناب والا۔ ان حالات میں بھی جن میں ہمارا ملک گزر رہا ہے ہم نے یہ سوچنا ہے کہ ہم نے مہاجر کے کاروبار کیلئے اسکی رہائش کیلئے اسکی تعلیم کیلئے اور اسکو زندگی کے لوازمات مہیا کرنے کیلئے کیا کیا ہے۔ ہم نے بحیثیت افراد بحیثیت انصار بحیثیت حکومت اور بحیثیت ایک ذمہ دار حزب اختلاف کے سب نے ملکر اس بیڑے کو اٹھانا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اس طرح نہیں ہونا چاہیئے جس طرح ہم اکثر ریزولیوشنز میں کرتے ہیں۔ اکثر اخباروں میں لکھتے ہیں۔ اکثر چلاتے رہتے ہیں اور اکثر واویلہ ہوتا ہے اور اکثر ان واویلوں پر غور نہیں ہوتا۔ بلکہ آج ہم یہ تہیہ کر لیں کہ اس مسئلے کو حل کرنا ہے۔ خواہ ہمارے وزیر مہاجرین خود یہ اقدام کریں یا سینٹر کے ساتھ ملکر اسکو نبٹائیں۔ آج اس ہاؤس کی Feelings کو آپ پر عیاں کرنا ہے کہ اب کسی مہاجر میں یہ سکت نہیں رہی کہ وہ انتظار کی گھڑیاں گنتے گنتے ختم ہو جائے۔ آج ملک کے حالات اور بھی زیادہ خراب ہیں اور اس معاشی زبوں حالی میں اگر وہ ان لوگوں کی اور کوئی امداد نہیں کر سکتے تو کم از کم اتنی امداد تو انکو ضرور دیجائے کہ ان سے کسی صورت میں کرایہ نہ لیا جائے۔ بعض اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے احکامات دے دئے ہیں کہ کرایہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ کرائے وصول ہوتے ہیں اور اسی آڑ میں لوگوں کو بے دخل کیا جاتا ہے۔ میرے پاس ایسی مثالیں موجود ہیں۔ اکثر کے متعلق آپ اخبارات میں پڑھتے ہیں اور لوگوں سے سنتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ کئی مہاجرین کو بے دخل کیا گیا ہے اور ان کی بے دخلی کے بعد جب کسی نے اپیل کی تو ایسا لوٹ کھسوٹ کا طریقہ استعمال کیا گیا کہ آپ میں محسوس کرتا ہوں کہ جتنی جلدی ہو سکے اس محکمہ کو ختم کیا جائے۔ جو لوگ جہاں بیٹھے ہیں ان کو وہیں رہنے دیں کیونکہ اس وقت جس طریقہ سے کام ہو رہا ہے۔ وہ بہت slow ہے۔ اس کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ Urban Development کے سلسلہ میں سکیمیں بنائی گئی ہیں اور اس کی ترقی روز افزوں ہے۔ کسی مہاجر کو اس سے کم از کم یہ تو معلوم ہو جاتا ہے کہ میں نے فلاں دکان یا مکان

حاصل کرنا ہے یا اپنے لئے کچھ کام کرنا ہے۔ اس طرح وہ اس آباد کاری کے پچیدہ چکر سے نکل جائے گا اور اپنی زندگی بنانے کی کوشش کرے گا۔ اگر یہ آباد کاری کا چکر ختم ہو جائے۔ اور اسے ایک جھونپڑہ ہی نصیب ہو تو وہ مطمئن ہوگا کیونکہ اس نے تو اپنی زندگی بسر کرنی ہے۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ ان مسائل کو اب ختم کر دیں اور میں اس بات پر زور دونگا کہ شہری مہاجرین کی آباد کاری کو بہت جلدی ختم کیا جائے۔ اور ان سے کرائے وصول نہ کئے جائیں۔ اس کا جواب کیا وزیر مہاجرین دیں گے کہ وہ کرائے وصول نہیں کرتے۔ میں بصد ادب کہوں گا کہ وہ کرائے وصول کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو پھر آپ کو کیا حق پہنچتا ہے۔ جب کہ ہندوستان نے ویسی ہی جائیدادیں مہاجرین اور ان لوگوں میں جو پاکستان سے ہندوستان گئے ہیں تقسیم کر دی ہیں اور ان سے کوئی کرایہ نہیں لیا جاتا۔ اب ۹ سال گذر گئے ہیں جو پہلے وزیر مہاجرین تھے وہ اگلے کے ذمہ یہ بات لگاتے ہیں اور جب دوسرے وزیر مہاجرین آئے تو وہ اپنے predecessor کے ذمہ یہ بات لگاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مجھے پتہ نہیں۔ اگر آپ ان مسائل کو لے کر اٹھیں گے تو میں یقین دلاتا ہوں کہ تمام مہاجر لوگ آپ کے ساتھ ہیں بشرطیکہ آپ اٹھیں اور اپنی بات منوائیں۔ صرف مہاجرین کے متعلق یہاں کوئی ریزولیوشن پاس کرانے سے کام نہیں چلے گا۔ آپ نے اپنے مطالبات کو زور سے منوانا ہے۔ ایسے مطالبات کئے نہیں جاتے مانگے نہیں جاتے۔ بلکہ زور سے منوائے جاتے ہیں۔ جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا۔ پاکستان کا مطالبہ مانگا نہیں تھا۔ پاکستان حاصل کیا تھا۔ اسی طرح جب ہم پاکستان حاصل کر سکتے ہیں تو یہ کیوں نہیں منوا سکتے۔ میں یہ واضع کر دوں کہ جب تک مہاجرین کو سکون کی زندگی میسر نہیں آتی آپ کے ملک کی کبھی ترقی خوشحالی اور بہتری نہیں ہو سکتی۔ یہ کام اگرچہ مشکل اور دشوار ہے لیکن جب تک مردانگی کے ساتھ اس کا مقابلہ نہ کیا جائے آپ کی کوئی مشکل حل نہیں ہو سکتی۔ یہ بہت بڑا کام ہے آپ کو یاد ہے جب مہاجرین کا ایک بڑا سیلاب آیا تو اس وقت اسے روکنے کے لئے ایک بڑی طاقت کی ضرورت تھی۔ حضور والا۔ آج بھی آپ نے قوم کی ہمت کو بلند کرنا ہے کیونکہ اس قوم کی ہمت اب بالکل ختم ہو چکی ہے۔ لوگ سسک رہے ہیں۔ ان کی حالت shudder ہو گئی ہے ان کے کاروبار بند ہیں اور ایک قسم کی معاشی زبون حالی ہے کیونکہ آبادکاری کے سلسلہ میں جو کچھ ہوا

ہے وہ غلط ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں چاہئے کہ فوری طور پر اس وقت وہی سکیم جو ہندوستان کی ہے یہاں بھی .اری کر دیں ۔ اور تنبیہ کر لیں کہ اگر سینٹر اس بات میں مخل ہوتا ہے تو آپ صاف طور پر لوگوں کو بتائیں کہ فلاں اشخاص روکاوٹ پیدا کرتے ہیں ۔

I know you have got the guts.
Go ahead. People are with you.

ایک آواز — ماشاالله ۔ خوب ۔

سید شمیم حسین قادری - یہ جذباتی باتیں ہیں ۔

ایک آواز - آپ ضرور پارلیمنٹری سیکرٹری بن جائینگے ۔

سید شمیم حسین قادری - نہیں ۔ وہ جگہ آپ ہی کے لئے رکھی ہے ۔ آپ جذبات کی رو میں نہ بہ جائیں کیونکہ جذبات میں آ جانے سے کوئی مدعا حاصل نہیں ہوگا ۔ ایسے واقعات پر جب تک آپ اپنی عقل و فراست سے اور دیانتداری سے غور و خوض نہیں کرتے ۔ دلائل سے اور دوسرے طریقوں سے اس کا حل نہیں سوچتے ۔ کبھی کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکتا ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ ان مسائل کا حل فوری طور پر ہونا چاہئے موجودہ ری ہیبلیٹیشن کی سکیم ایک ایسا چکر ہے ۔ جس سے نکلنا مشکل ہے ۔ اگر ایک جگہ کوئی اپیل خارج ہوتی ہے تو دوسری جگہ اس کی Revision ہوتی ہے اور پھر اس کا Review ہوتا ہے اس طرح یہ ایک لامتناہی سلسلہ ہے ۔حضور والا ۔ اس مسئلہ پر ہم نے اس طریق پر غور کرنا ہے کہ ہم لمبے اور پیچیدہ طریقوں کو ختم کر دیں ۔ کسی کیس کو فیصلہ سے پہلے اچھی طرح سے study کر لیا جائے تاکہ اسے Thrash کرنے کی نوبت نہ آئے ۔۔ دوسری تجویز یہ ہے کہ انسران اپنے فرائض میں کوتاہی نہ کریں اور اس محکمہ میں جتنے افراد ہیں وہ تن دھی سے اپنے کام کریں اور اس کا ذمہ لیں پھر آپ دیکھیں گے کہ عنقریب ان مسائل کا حل ہو جائے گا ۔۔ اس کے بعد کلیم سسٹم کے متعلق عرض کروں گا کہ مزید الاٹمنٹیں بند کر دیں اور شہری جائیداد کے کلیمز لینے شروع کر دیں محکمہ کو ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے سپرد کیا جائے اور انہیں سول ججوں کے اختیارات دئے جائیں ۔

ان گذارشات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور - ۹ - مسلم) :- حضور والا -
اگر حقیقت پسندانہ نکتہ نگاہ سے دیکھا جائے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ در حقیقت ایک نہایت مشکل اور پیچیدہ مسئلہ ہے اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جس وقت مہاجرین کا ایک بے پناہ سیلاب اس صوبہ میں آیا اس وقت حکومت انتہائی مشکلات میں مبتلا تھی - اس کے باوجود ہم محسوس کرتے ہیں کہ اپنی بساط کے مطابق انہوں نے دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض کو انجام دینے کی کوشش کی - لیکن حضور والا جب ہم اس ۶ سال کے طویل عرصہ کی طرف نظر دوڑاتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا کہ شاید یہ مسئلہ لاینحل ہوگا - ۶ سال کا عرصہ ایک بڑا عرصہ ہوتا ہے جن قوموں کے اندر اس قسم کے عملی جذبات ہوتے ہیں جن کے سامنے تعمیری پروگرام ہوتے ہیں اور جو حکومتیں دیانتداری اور فرض شناسی سے ملکی اور ملی امور کا حل جانتی ہیں وہ اس قسم کی سستی ، اس قسم کے تساہل اور تغافل سے کام نہیں کرتیں حضور والا - اس سلسلہ میں میں دو چیزیں پیش نظر رکھنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ مہاجرین کی آباد کاری کا منصوبہ کسی حد تک خواہ درست تھا یا ناقص عملی طور پر نافذ کیا گیا - میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ عملاً منصوبہ بندی بجائے خود انتہائی طور پر ناقص تھی - حضور والا - اگر آپ ان تمام سرکلروں اور نوٹیفیکیشنوں پر نگاہ ڈالیں جو وقتاً فوقتاً مہاجرین کی آبادکاری کے مسئلہ میں ایک دوسرے سے مختلف اور بسااوقات متضاد اس محکمہ کی طرف سے جاری ہوتے رہے ہیں تو حضور خیال فرمائینگے کہ در حقیقت مہاجرین کی آبادکاری کے لئے کوئی جامع - مکمل اور مربوط قسم کا منصوبہ ہماری حکومت کے سامنے نہیں تھا - اور کوئی بہتر قسم کی منصوبہ بندی وضع کرنے میں ہماری حکومت اکثر نہ صرف غافل رہی بلکہ بالکل ناکام رہی - حضور والا - موجودہ صورت میں بحالیات کا اور آبادکاری کا جو پروگرام کتابی صورت میں مرتب ہوا ہے اگر اسے حضور پیش نظر رکھیں تو آپ مجھ سے اتفاق فرمائینگے کہ ہماری حکومت نے تجرباتی اور آزمائشی طریقہ سے مہاجرین کو آباد کرنے کی کوشش کی ہے اور حضور والا - یہ بجائے خود ایک ایسی چیز تھی جس سے مہاجرین کی آبادکاری کی رفتار بہت کم رہی - اس کے بعد اس سلسلہ میں اس کی مزید وضاحت کرنے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پروڈیوس انڈکس کو ملحوظ رکھتے ہوئے مشرقی پنجاب کی اراضیات کے جو یونٹس اور نمبر مقرر کئے گئے اُن میں بھی بے انصافی سے کام لیا

گیا۔ جو لوگ بااثر تھے انہوں نے اپنے اثر و رسوخ کا ناجائز استعمال کر کے نسبتاً ناقص اور ادنے قسم کی اراضیات کے لئے زیادہ نمبر مقرر کرالئے۔ اس کے بعد دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک یونٹس کے تقرر کا تعلق ہے آپ نے ان لوگوں کو جن کے پاس اراضیات مرہونہ موجود تھیں یا ایسے لوگوں کو جن کے پاس موروثی اراضیات موجود تھیں ایک حد سے زائد اراضی دینے سے انکار کردیا ہے۔ حالانکہ آپ کے پاس میرے خیال کے مطابق بیس لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ موجود تھا۔

حضور والا ۔ اس کے بعد جہاں تک شہری اور دیہاتی اراضیات کے تعین کا سوال ہے اس معاملہ میں بھی کسی واضح اور متعین پالیسی کو اختیار نہیں کیا گیا۔ اگر ایک رقبہ ایک وقت میں دیہاتی قرار دیا گیا تو دوسرے وقت میں حکومت نے اس کو شہری قرار دیدیا اور تیسرے مرحلہ پر ایک چٹھی جاری ہو گئی کہ فنانشل کمشنر صاحب اسے شہری تصور فرمانے میں تامل فرما رہے ہیں یہ ایک اور صورت تھی جس کی وجہ سے مہاجرین کی آبادکاری میں بہت زیادہ توقف اور تکلیف ہوئی۔ حضور والا۔ میں یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ بہتر سے بہتر منصوبہ بندی بھی اگر آپکے پاس ہو اور بہتر سے بہتر قواعد اور قوانین بھی آپکے پاس موجود ہوں، تاوقتیکہ قوت نافذہ جن لوگوں کے ہاتھ میں ہے وہ دیانتدار مستعد اور فرض شناس نہ ہوں یہ بہتر سے بہتر منصوبہ بندی بھی کوئی مفید نتائج بر آمد نہیں کر سکتی۔ اس سلسلہ میں حضور کو یاد ہوگا کہ میں نے بڑی جرات سے کام لیکر اس ایوان کے سامنے ایک تحریک پیش کی تھی کہ ہم بدقسمتی سے ایک انتہائی قسم کے اخلاقی بحران میں سے گذر رہے ہیں۔ حضور والا ۔ ان اعلیٰ افسران سے قطع نظر جو حکومت نے اس مسئلہ کے حل کیلئے متعین اور مامور فرمائے ہیں اور جنکی دیانت، مستعدی اور فرض شناسی ذاتی معاملات کی بنا پر عرض کر سکتا ہوں کہ شک و شبہ سے بالا ہے ان افسران سے قطع نظر جہاں تک ماتحت عملہ کا تعلق ہے نہ صرف دفتر آباد کاری میں بلکہ فیلڈز میں بھی سارے صوبہ کے طول و عرض بحالیات کا تمام عملہ اس قسم کا ہے کہ ہم اس کی دیانت شک و شبہ سے بالا تصور نہیں کر سکتے۔ اگرچہ آپ کا منصوبہ ناقص ہے آپ کی پالیسی غیر مربوط ہے لیکن سب سے زیادہ تکلیف کا موجب یہ بات ہے کہ اس سلسلہ میں جس عملہ کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے اس میں معدودے چند کو چھوڑ کر غالب اکثریت بددیانت ہے۔ حضور والا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ کسی حکومت کے بس کا روگ نہیں ہے کہ وہ

الہ دین کے چراغ سے یا جادو کی چھڑی سے لوگوں کے اخلاق کو درست کر دے اور حکام اور عمال کے اخلاق کو بلند کر دے۔ لیکن میں نے اس بات کی بڑی شدت سے ضرورت محسوس کی اور آنریبل وزیر اعلیٰ کی خدمت میں بھی استدعا کی کہ آپ عوام اور حکام کے اخلاقی معیار کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ آپ کے پاس وسیع ذرائع نشر و اشاعت کے ہیں جنہیں اگر آپ استعمال کریں اور بالخصوص اگر آپ عملی طور پر ایک نمونہ پیش کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ عوام کا اخلاق بلند نہ ہو۔

"علیٰ الناس علیٰ دین ملو کہم"

ان لوگوں کے اخلاق ضرور ٹھیک ہو جائیں گے اور وہ ضرور دیانتدا ہو جائینگے۔ حضور والا۔ میں نے اس سلسلہ میں آج ہی جو منظر سنٹرل ریکارڈ آفس میں دیکھا ہے میں چاہتا ہوں کہ وزیر بحالیات کی توجہ اس پر مبذول کراؤں۔ اگر وہ کبھی کبھار بلا اطلاع مہینے میں ایک آدھ مرتبہ سنٹرل ریکارڈ آفس میں جائیں تو ان کو وہاں دور دراز سے آئے ہوئے غریب مفلس اور بڑے زبون حال مہاجرین کی ایک کثیر تعداد ملے گی۔ یہ بے چارے لوگ وہاں جمع بندیوں کے ملاحظہ کی درخواستیں دینے کیلئے آتے ہیں۔ اولاً تو وہاں اس کیلئے پانچ روپے کی فیس مقرر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک نہایت ظالمانہ اقدام ہے ایسے لوگ جو بیچارے سالہا سال سے دربدر اور خاک بسر ہیں اور جو آج تک باقاعدہ سیٹلڈ زندگی بسر کرنے سے قاصر ہیں ان لوگوں پر یہ بارگراں ڈال دیا گیا ہے کہ وہ جمع بندیوں کے معائنہ کیلئے کم از کم پانچ روپے کی کورٹ فیس لگا کر درخواست دیں اور اس کے بعد جو زیادہ تکلیف دہ چیز ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ان کو جو تاریخ معائنہ کیلئے دی جاتی ہے وہ تین تین 'چار چار' پانچ پانچ ماہ کی دی جاتی ہے اور اس قسم کا صبر آزما التوا نہ صرف صبر آزما ہوتا ہے بلکہ بہت سی پیچیدگیاں بھی پیدا کر دیتا ہے ایک طرف تو ان کی الاٹمنٹیں منسوخ کی جا رہی ہیں اور دوسری طرف باوجود اس امر کے کہ ان کو یقین ہے اور وہ مطمئن ہیں کہ ان کے مطالبات جائز ہیں اور صداقت پر مبنی ہیں ان کے راستے میں مشکلات کا ایک لامتناہی اور غیر مختتم سلسلہ کھڑا کر دیا گیا ہے۔ حضور والا۔ میں یہ بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ ہزار ہا قسم کے کلیم فارم ایسے تھے جو مہینہ بھر بیرونی مقامات پر تحصیلداروں کے پاس پڑے رہے۔ سینکڑوں اور ہزاروں اس قسم کے تھے جو نذر آتش کئے گئے یہ ایک پلندہ میرے سنٹرل ریکارڈ آفس سے لایا ہوں۔ مثال کے طور پر ایک شخص

نے چار مرتبہ عذر داریاں داخل کیں اور جب اسکی عذرداریاں یہاں موصول نہ ہوئیں تو اس نے تحقیقات کرنے کی کوشش کی اور افسران کا حکم موجود ہونے کے باوجود کوئی عمل نہ کیا گیا ۔ کیا یہ گیا کہ فرائض سے سراسر کوتاہی کرتے ہوئے کاغذات کو کاٹ کر اور پھاڑ کر پھینک دیا گیا ۔ میرے پاس یہ پلندہ موجود ہے۔ اگر حضور والا اسے ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ ہزاروں کی تعداد میں عذرداریاں ہیں جن کے ساتھ کلیم فارم بھی لگے ہوئے ہیں ۔ مثلاً ان میں سے ایک ہے غلام رسول ولد جمن کی ۔ ذات جاٹ سکنہ نا معلوم ۔ زمین ہے ۵ کنال ۱۲ مرلے ۔ میری زمین زیادہ تھی اور مجھے کم ملی ہے لہذا میری عذرداری قبول فرمائی جائے لیکن کسی نے اس کی پرواہ نہیں کی ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ عطیہ آنریبل وزیر بحالیات کی خدمت میں پیش کروں تاکہ وہ اس ضمن میں جو مناسب کارروائی کرنا چاہیں کریں ۔ یہ وہ عذرداریاں ہیں جن کے بارہ میں کوئی کارروائی نہیں کی گئی اور جنہیں طاق نسیاں پر رکھ دیا گیا ہے اور جن میں سے در حقیقت بہت سی ایسی ہیں جنہیں پھاڑ ڈالا گیا ہے۔

وزیر مال—آپ کے پاس یہ کہاں سے آگئیں ؟

چودھری محمد افضل چیمہ—اس ایوان میں یہ بتانا میں خلاف مصلحت سمجھتا ہوں ۔ شائد اس کی بابت میں کسی پرائیویٹ صحبت میں ان کی خدمت میں کچھ عرض کر سکوں ۔

صاحب سپیکر— معزز ممبر یہ عذرداریاں ان کو یہاں نہیں دے سکتے۔

Minister of Revenue : If he has produced them on the floor of the House he should tell the House from where he has got them so that I may be in a position to give a reply.

Mr. Speaker : They cannot be handed over to the Honourable Minister here. I do not allow this.

Minister of Revenue : Then, we do not know what they are?

Mr. Speaker : You can see them privately.

چودھری محمد افضل چیمہ— اس وقت آپ کے محکمہ کا سب سے بڑا کام یہ ہے کہ جن لوگوں نے آپس میں ہبہ یا بیع کے ذریعہ اس قسم کے سودے کئے تو آپ ماسوائے ان سودوں کے جو باقاعدہ رجسٹری شدہ دستاویزات کے ذریعہ ہوں آپ ان کو تسلیم کرنے سے انکار کررہے ہیں ۔ میں ایک نہیں سینکڑوں واقعات پیش کر سکتا ہوں کہ جن میں

مہاجرین تو ادھر سے ادھر آ چکے ہیں جو آپس میں معاملات بیع یا ہبہ کے ذریعہ طے کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ کا عملہ اپنے قواعد اور قوانین کی رو سے ان کو تسلیم کرنے سے انکار کر رہا ہے۔ حضور والا۔ اس سلسلہ میں آپ کو یہ بھی علم ہو گا کہ ایک نہیں۔ سینکڑوں نہیں ہزاروں دیہات اس قسم کے ہیں جن کی جمع بندیاں موصول نہیں ہوئیں۔ جہاں تک بارڈر میں مقابلہ کرنے کا تعلق ہے ہو سکتا ہے کہ اس بارے میں آپ کو مشکلات در پیش ہوں۔ بہر حال یہاں بھی لاکھوں آدمی ایسے ہیں جو اس ذریعہ سے متاثر ہو رہے ہیں اور جن کو ابھی تک کوئی باقاعدہ الاٹمنٹیں نہیں ہوئیں۔

حضور والا۔ اس کے بعد میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک ریہیبلیٹیشن ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے اس کی دو بڑی شاخیں ہیں۔ جہاں تک دیہاتی آبادکاری کا تعلق ہے اس کو سیٹلمنٹ شاخ کہہ لیجئے اور جہاں تک شہری آبادکاری کا تعلق ہے اسے ریہیبلیٹیشن شاخ کہہ لیجئے۔ میری گذارش ہے کہ شہری آبادکاری کے معاملہ میں کسی جامع قسم کی منصوبہ بندی سرے سے ہی مفقود و معدوم ہے۔ وہاں تو یہ حالت ہے کہ رشوت ستانی کا ایک اس قسم کا باب کھل چکا ہے جو حکومت باوجود اپنی انتہائی کوشش کے ابھی تک بند نہیں کر سکی۔ بارہا اس ایوان کے سامنے اعلان کیا گیا ہے کہ ہم جلد از جلد اس محکمہ کو ختم کرنا چاہتے ہیں لیکن اس کے باوجود حکومت نے اس محکمہ کے اخراجات میں کوئی معتد بہ قسم کی کمی نہیں کی جس سے یہ اطمینان ہو سکے کہ لوگ آباد ہو چکے ہیں۔ جناب والا۔ اگر مجھے معاف فرمایا جائے تو میں یہ کہوں گا کہ اس غلط آبادکاری کے معاملہ میں اس ایوان کے بہت سے ذمہ دار ارکان بھی اس خرابی کا موجب اور باعث ہیں۔ مثال کے طور پر بہت سے عزت مآب ممبران ایسے ہیں جنہوں نے تقسیم کے فوراً بعد اپنے سٹیٹس کو بہتر بنانے کی کوشش کی اور جنہوں نے متروکہ مکانات اور کوٹھیوں کو مال غنیمت تصور کر کے ان پر قبضہ کرنے کی کوشش کی جس کی وجہ سے نہ صرف مہاجرین کی حق تلفی کی گئی بلکہ آبادکاری کے معاملہ میں کئی قسم کی الجھنیں پیدا کی گئیں۔ حضور والا۔ میں اس ایوان کے کسی خاص ممبر کا ذکر کئے بغیر وثوق اور یقین کے ساتھ دعوی کر سکتا ہوں کہ یہاں بہت سارے بزرگ موجود ہیں جن کو ہ ر میں رہائش اختیار کرنے کی ضرورت بھی نہ تھی اور جن کی زندگی تقسیم سے پیشتر دیہاتی زندگی تھی اور جن کو کوئی ایسی پیشہ ورانہ

مجبوریاں بھی نہ تھیں کہ وہ خواہ مخواہ اور لا محالا شہری زندگی اختیار کرتے لیکن انہوں نے اپنے سٹیٹس کو بہتر بنانے کیلئے اور متروکہ مکانات کو مال غنیمت تصور کرتے ہوئے ان پر قبضہ غاصبانہ کیا جسے ہماری حکومت نے اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر بعد میں ریگولرائز کر دیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب بھی اگر دیانتداری کے ساتھ دیکھا جائے تو آپ کو سینکڑوں اس قسم کے مکانات اور کوٹھیاں مل جائیں گی کہ جو غیر مستحق لوگوں کے پاس موجود ہیں اور جن سے مستحق مہاجرین محروم ہیں۔ بنا بریں میں وزیر موصوف کی خدمت میں استدعا کرونگا کہ وہ اس بارہ میں ایک جامع اور مکمل تحقیقات کریں اور اپنی سیاسی مصلحتوں سے بالا تر ہو کر کریں۔ آخر ان کو گھبراہٹ کس بات کی ہے۔ حزب اختلاف کے گنے چنے۔ چند۔ مٹھی بھر ممبر ہیں۔ ان کی جانب سے ان کو کوئی خطرہ نہیں ہو سکتا۔ ان کی وزارت تو اس وقت بالکل محفوظ اور غیر متزلزل نظر آرہی ہے۔ جرأت اور ہمت سے کام کیجئے اور صوبہ کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ تک ایک جامع تحقیقات کر کے غیر مستحق قابضین کو وہاں سے نکال دیجئے۔

حضور والا۔ اتفاق سے کل ایک بات کا مجھے پتہ چلا۔ وہ یہ ہے کہ ایک طرف تو ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ اس محکمہ کی کارروائی تکمیل کے قریب پہنچ چکی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بتدریج اسی تناسب کے ساتھ اس کے اخراجات میں کمی کی جارہی ہے۔ لیکن مجھے کل ہی معلوم ہوا ہے کہ آپ نے آبادکاری کیلئے ایک ایڈیشنل سیکرٹری کا نیا عہدہ تخلیق کیا ہے۔ آپکے اپنے بیانات کے مطابق بحالیات کا کام بہت حد تک ختم ہو چکا ہے۔ آپکے خیال میں بارہ لاکھ کے مطالبات میں سے آپ ساڑھے دس لاکھ کے مطالبات کے فیصلے کر چکے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو پھر اس نئے عہدہ کی جسکے ساتھ چار سو روپے کے زائد الاؤنس بھی شامل ہیں کیا ضرورت ہے۔ بس جس پر آپکی نظر کرم پڑ جاتی ہے اسے اسطرح سے نوازا جاتا ہے۔ امید ہے آنریبل وزیر اس معاملہ پر روشنی ڈالینگے۔

وزیر مال—حکومت نے حال ہی میں اپیلیں سننے کیلئے ایک افسر کو مقرر کیا ہے جو ڈپٹی سیکرٹری کی پوزیشن کا ہے۔ شاید اس وجہ سے کسی نے آنریبل ممبر کو یہ کہہ دیا ہو کہ ایک نیا ایڈیشنل سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ - جہاں تک ان اپیلوں کو سننے کا تعلق ہے وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو نہایت آسانی کے ساتھ یہ اپیلیں سننے کے اختیارات تفویض کر سکتے ہیں۔ لوگوں کے مفادات کا بھی یہی تقاضہ ہے۔ وہ دور دراز کی مسافت طے کر کے یہاں آنے اور سینکڑوں روپے برباد کرنے سے بچ جائینگے۔ جہاں تک مکانات کا تعلق ہے اگر حکومت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو ''ڈی آر سیز'' کی اپیلیں سننے کی اجازت دے دے تو میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ مہاجرین کی بہت سی مشکلات میں تخفیف ہو جائے۔ چھ ماہ پیشتر مجھے معلوم ہوا تھا کہ اس معاملہ کے متعلق ہماری حکومت کی گفت و شنید مرکز سے شروع ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہماری حکومت غیر ضروری تساہل اور تغافل سے کام لے رہی ہے ورنہ کوئی وجہ نہیں کہ مرکزی حکومت ایک جائز اور معقول قسم کے مطالبہ کو مسترد کر دے ۔ جبکہ اس حکومت سے مقامی حالات اور مقتضیات سے زیادہ واقف ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

جضور والا ۔ اس سلسلہ میں ایک اور چیز جو میں آپکی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بیوگان اور یتیموں کے متعلق بڑی دیر سے اور بہت عرصہ کے بعد حکومت نے بحالیات کے منصوبہ میں ایک معمولی سی رعایت پیش کی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اگر بیوگان یایتامیٰ کسی مجبوری کی وجہ سے یا اپنی لاعلمی کی وجہ سے بر وقت اپنے کلیم فارم پیش نہ کر سکے ہوں تو حکام ضلع کو یہ تمیزی اختیارات دئیے گئے ہیں کہ وہ خاص حالات کے پیش نظر انکی درخواستیں منظور کر لیں ۔ لیکن میں ساتھ ہی یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے گنجان اور غیر گنجان کی جو تقسیم کی ہے میں سمجھتا ہوں شاید وہ بعض وجوہات اور حقائق کے پیش نظر ایسا کرنے پر مجبور ہوئی ہے۔ مگر آپ خیال فرمائیں گنجان اضلاع میں بے انداز اس قسم کے یتامیٰ اور لا تعداد اس قسم کی بیوگان نہیں جو اپنی مشکلات اور مجبوریوں کی وجہ سے اور اپنی ناواقفیت اور لا علمی کی بنا پر بر وقت اپنے مطالبات پیش نہ کر سکے۔ آجکل آپ جدید مطالبات تسلیم کرنے سے بالکل انکار کر رہے ہیں۔ میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ جمعبندیوں کے معائنے کے جو اصول انہوں نے جاری کئے ہیں اگرچہ وہ انتہائی طور پر مفید ہیں مگر تجربہ سے یہ ثابت ہوا ہے کہ تین تین عذر داریوں کے بعد جن لوگوں کے متعلق یہ کہا گیا تھا کہ انکے مطالبات نا جائز تھے۔ انکے پاس مشرقی پنجاب میں زمین نہیں تھی یا کم تھی۔ جمعبندیوں کے معائنہ کے بعد سابقہ تمام رپورٹوں کی تردید ہوئی

ہے۔ میں یہ استدعا کرونگا کہ وہ بیوگان اور یتامیٰ کے متعلق اس قسم کے اور احکام صادر کر دیں کہ اگر وہ کسی مجبوری کے باعث آج تک اپنے کلیم پیش نہ کر سکے ہوں تو اب انہیں اجازت دی جاتی ہے کہ وہ ان علاقوں میں جہاں انکے قریبی رشتہ دار موجود ہیں اپنے کلیم پیش کر سکیں اور انکو ان عام ''روٹین'' قسم کی پابندیوں اور قانونی بندشوں سے مستثنیٰ قرار دیا جاتا ہے ۔ انکے لئے یہ رعائت عام کر دینی چاہئے تاکہ جہاں انکے عزیز اور رشتہ دار آباد ہیں وہاں انکو بھی آباد کیا جا سکے ۔

حضور والا ایک اور چیز جسکی طرف میں آنریبل وزیر بحالیات کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ انکے نوٹس میں بے انداز قسم کی ایسی جمعبندیاں آئی ہونگی جن کے متعلق بارڈر پر مقابلہ کرنے کے بعد انکو یقین ہو چکا ہو گا کہ انکی تردید بالکل غلط ہوئی تھی ۔ ایسے لوگوں کے معاملہ میں حکومت کی طرف سے ایسے اعلانات جاری ہوتے رہے ہیں کہ انکی سابقہ الاٹمنٹیں اور انکے تمام سابقہ کلیم فارم از سر نو تصدیق کرنے کیلئے یہاں منگوائے گئے ہیں ۔ انکو یہاں پہنچے ہوئے کئی مہینے گزر گئے اور اس دوران میں بعض با اثر لوگوں نے انکی مقبوضہ اراضیات الاٹ کرا لیں ۔ اب وہ مہاجرین انتہائی مصیبت کا شکار ہیں ۔

حضور والا ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے ایک ہزار سے زائد یونٹ کے مالکوں پر یہ جو پابندیاں لگا دی ہیں کہ وہ ایک جگہ پر حقوق مرتہنی حاصل نہیں کر سکتے یہ بات بھی کچھ کھٹکتی ہے ۔ حکومت ایک شخص کے حقوق ملکیت حقوق موروثی اور حقوق مرتہنی کے درمیان غیر قدرتی غیر مناسب اور ناجائز امتیاز کیوں قائم کرتی ہے ۔ اسکے علاوہ حکومت نے دستاویزات کی رجسٹریشن کی تصدیق اور توسیع کے کام کو انتہائی طور پر مشکل اور پیچیدہ اور صبر آزما بنا دیا ہے جس سے یہ کام جوئے شیر لانے کے مترادف ہو کے رہ گیا ہے ۔ لوگ مہینوں بھر معلق رکھے جاتے ہیں ۔ جب آپ خاص حالات میں قانون شہادت کی بعض دفعات کو نظر انداز کر دیتے ہیں تو میں عرض کرونگا کہ یہاں بھی آپکا طرز عملی لبرل ہونا چاہئے تاکہ آپ لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کرنے کی بجائے ان میں تخفیف کریں ۔

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

چودھری مہتاب خان (لاہور ۲ مسلم مخصوص نشست) جناب والا ۔ مہاجرین کی آبادکاری کے سلسلہ میں میں یہ عرض کروں گا کہ چونکہ حکومت انہیں صحیح طریقہ پر آباد نہیں کرتی نیز محکمہ بحالیات میں سینکڑوں نقائص ہیں اس لئے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس مد کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے اس میں سے بقدر ۱۰۰ روپیہ تخفیف کی جائے۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں بارڈر پر بسنے والے مہاجرین کی مصیبتوں کے متعلق عرض کروں گا جو انہیں درپیش ہیں ۔ جناب والا ۔ پاکستان کو آزادی ملنے کے بعد ہندوؤں اور مسلمانوں میں جو جنگ ہو رہی تھی وہ بند نہیں ہوئی بلکہ بڑھتی رہی ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جب دونو حکومتوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں کی مرضی کے مطابق فیصلہ کیا کہ مغربی پنجاب میں الور ۔ بھرت پور ۔ ضویہ دھلی اور مشرقی پنجاب کے مہاجرین آئیں ۔ تو ہماری حکومت نے سب سے پہلے جالندھر ڈویژن کے مسلمانوں کو آنے کی اجازت دی ۔ انبالہ ڈویژن کے مسلمان ابھی ہندوستان میں ہی تھے ۔

اس کے بعد ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۷ کو زیفوجی کونسل کی طرف سے ایک چٹھی جاری ہوئی کہ بارڈر پر تین قومیں آباد ہوں گی ۔ میو ۔ اوان اور رانگڑ راجپوت ۔ جب یہ قومیں آئیں اس وقت ممدوٹ صاحب وزیر اعلیٰ تھے ۔ چنانچہ فنانشل کمشنر اختر حسین صاحب نے سلیمانکی ہیڈ پر جا کر ۹ دسمبر ۱۹۴۷ کو یہ اعلان کیا اور کہا کہ اس وقت جو قومیں بارڈر پر آباد کی جائینگی ان کی تعداد مقرر کر دی گئی ہے مجھے یاد ہے ۔ فیصلہ یہ ہوا تھا کہ ڈیڑھ لاکھ میو مہاجرین ضلع لاہور کے بارڈر پر ۔ ۲۵ ہزار منٹگمری ۔ ۳۰ ہزار شیخوپورہ اور سوا لاکھ سیالکوٹ بارڈر پر آباد ہوں گے ۔ چنانچہ یہ راجپوت قومیں پاکستان کے بارڈر پر آباد ہو گئیں ۔ پھر یہ اعلان ہوا کہ جو لوگ اپنی اراضی ادھر چھوڑ آئے ہیں وہ اپنے اپنے کلیمز دیں ۔ تینوں قوموں نے کلیمز دئے ۔ اس کے بعد ۱۹۵۰ میں ایک چٹھی جاری ہوئی کہ پہلے ان لوگوں کو زمین دی جائے جو پہلے وہاں بیٹھے ہیں اور ہندوستان میں اپنی اراضی چھوڑ کر آئے ہیں ۔ اگر کچھ زمین فالتو رہے تو پھر دوسرے مزارعین کو دی جائے ۔ پھر ۱۹۵۲ میں ایک چٹھی جاری ہوئی اور حکم ہوا کہ بارڈر کا علاقہ ۵ میل ہوگا ۔ اس میں مالک اور غیر مالک کا سوال نہیں ہوگا ۔ شرط یہ تھی کہ وہ گاؤں میں آباد ہو ۔ اپنے ہاتھ سے کاشت کرتا ہو اور اس کو عارضی زمین کی الاٹمنٹ ہوئی ہو ۔ اس چٹھی کے پہنچتے ہی نائب تحصیلدار ۔ گرداور اور پٹواری کے گھر بسے ہو گئے

اور وہ خزانہ پر بیٹھ گئے۔ انہوں نے گاؤں میں جا کر لوگوں کی جوتھ بٹانا شروع کر دیا ۔ اور یہ کہا گیا کہ زمین ان لوگوں کو ملیگی جنکی عمر ۱۵ اور ۴۵ سال کے درمیان ہو۔ اس سے غیر مالکان کو بھی زمین دی جانے لگی۔ اور جو لوگ ہندوستان میں اراضی چھوڑ کر آئے تھے گورنمنٹ نے ان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بٹھا دیا ۔ جب یہ چیز اس وقت کے وزیر اعلیٰ میاں ممتاز دولتانہ صاحب کے نوٹس میں لائی گئی کہ اختر حسین صاحب نے یہ کہا ہے کہ غیر مالکان کو بھی اراضی دی جائے تو پھر کمشنر بحالیات کی طرف سے یہ چٹھی جاری ہوئی کہ ایسے لوگوں کو جو ہندوستان میں اپنی اراضی چھوڑ کر آئے ہیں فوقیت دی جائے۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۵۲ کو پھر چٹھی جاری ہوئی جس میں کہا گیا کہ اگر وہ لوگ اچھی زمین لینا چاہئیں تو لے سکتے ہیں۔ لیکن اس آخری چٹھی پر کوئی عمل نہیں ہوا اور اب یہ کہا جاتا ہے کہ بارڈر پر مضبوط لوگوں کو بٹھایا جائے گا۔ تو جناب والا میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ راجپوت قومیں مضبوط نہیں تھیں۔ سات سال کے بعد اب انہیں کمزور کہیں تو یہ کس طرح مان لیا جائے۔ جناب والا یہ وہ قومیں ہیں جو باہر سے آنے والے حملہ آوروں کا مقابلہ کرتی تھیں۔ (نعرہ ہائے تحسین) جب یہ لوگ لڑائی میں جاتے تھے تو ان کی عورتیں اپنے خاوندوں سے کہتی تھیں —

کنتا رن میں جائیکے کائیں نہ ڈھونڈو اوٹ
میں ستی ہونگی صائبا جب تیرے منہ پر دیکھونگی چوٹ

کہ اے میرے خاوند تو لڑائی میں جا رہا ہے کہیں چھپ نہ جانا۔ اوٹ نہ لے لینا۔ میں ستی ہو جاؤنگی جب دیکھونگی کہ تو نے سامنے سے لڑائی کی ہے اور منہ پر زخم کھایا ہے۔

مگر آج ان قوموں کو کمزور کہا جاتا ہے۔ جناب والا۔ ہم کوئی مفت زمین نہیں مانگتے ہیں۔ کوئی خیرات نہیں مانگتے ہیں۔ ہم اس زمین کے بدلے زمین مانگتے ہیں جو ہم ہندوستان میں چھوڑ آئے ہیں۔ اب اجڑے ہوؤں کو دوبارہ برباد کیا جا رہا ہے اور یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ ایسے لوگوں کو زمین دی جائے جو ہاتھ سے کام کرتے ہیں۔ چنانچہ ایسے ۲۰ خاندان کو زمین دی گئی ہے جو بارڈر پر آباد ہیں بلکہ لاہور شہر میں بیٹھے ہیں اور بارڈر کی شرائط پورا نہیں کرتے۔ جناب والا۔ میرے پاس سلیمان خاں کی طرف سے جو اس گاؤں میں آباد ہے حلف نامہ موجود ہے کہ چوبیس خاندان کو نائب تحصیلدار نے اس گاؤں کی زمین دی ہے جو یہاں لاہور میں

بھی آباد ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی گذارش کروں گا کہ جو شرائط بارڈر کے لئے لگائی گئی تھیں کہ زمین اسکو ملے گی جسکی عمر پندرہ سے پنتالیس سال ہو۔ اس کے متعلق یہ عرض کرونگا کہ آج ہمارا لڑکا چودہ سال کا ہے وہ ایک سال میں پندرہ سال کا ہو جائیگا تب اسے زمین کہاں سے ملے گی اور جسکی عمر پنتالیس سال ہو اسکو ساڑھے بارہ ایکڑ زمین ملنے گی لیکن ایک سال بعد وہ چھالیس سال کا ہو جائے تو کیا زمین اس سے لے لی جائیگی ؟ اس صورت میں بتائیے کیا انتظام ہوگا۔ پھر ایسے مالک کو جس کی اپنی اراضی تھی اور اسکو متروکہ اراضی نہ ملے اور جسکے پاس کوئی زمین نہیں تھی اس کو زمین دی جائے تو یہ بڑی ناانصافی اور ظلم ہے اور میں یہ درخواست کرونگا کہ آپ اس معاملہ پر غور کریں اور اسے اچھی طرح سوچیں ہم کو جو زمین دی جارہی ہے وہ ہم خیرات کے طور پر نہیں مانگتے اور ساتھ ہی یہ بھی عرض کرونگا کہ ہم بارڈر سے اٹھنے کیلئے تیار نہیں۔ جناب والا۔ جب ہندوستانی فوجیں بارڈر پر جمع ہوئیں تو میاں ممتاز دولتانہ نے بارڈر کا دورہ کیا تھا اور ہم جو لوگ وہاں آباد تھے ہم میں سے ایک آدمی نہیں ہلا تھا اور اس وقت سارا قصور بھاگ رہا تھا۔ اور دستی صاحب نے قصور میں کہا تھا کہ تم یہاں سے چلے جاؤ۔ لیکن ہم تمام بارڈر پر بیٹھے رہے اور ہم میں سے ایک آدمی نہیں ہلا تھا ۔ (خوب ۔ خوب) اور آج یہ کہا جاتا ہے کہ تم کمزور ہو۔ آپ نے ۱۹۴۷ میں دیکھ لیا کہ جو کچھ ہم نے کر کے دکھایا وہ اور کوئی نہ کرکے دکھا سکا۔ اب کوئی بتائے کہ ہم کس طرح کمزور ہیں۔

مجب یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ صنعتی اداروں کی الاٹمنٹیں کسطرح ہوتی ہیں تو ہماری حکومت یہ کہہ دیتی ہے کہ یہ الاٹمنٹ بورڈ کے ہاتھ میں ہے جو مرکزی حکومت نے قائم کیا ہوا ہے جس سے صوبائی حکومت کا کوئی واسطہ نہیں۔ اس ضمن میں میں ایک مثال عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس الاٹمنٹ بورڈ نے ایک جننگ فیکٹری چند مہاجرین کو الاٹ کی۔ ان مہاجرین میں موجودہ وزارت کا ایک رکن بھی شامل تھا۔ جن کو ایک چوتھائی حصہ الاٹ کیا گیا۔ لیکن جب وہ مہاجرین اپنا الاٹمنٹ آرڈر لینے کے لئے وہاں گئے تو ان کو بتایا گیا کہ ان کی الاٹمنٹ قائم نہیں رہی۔ وہ بعض خاص حضرات کو لوکل وزرات نے دیدی ہے۔ آپ لوگوں کو اگر اسکی بجائے ان کی چھوڑی ہوئی الاٹمنٹ منظور ہو تو لے لیجئیے ورنہ گھر کو جائیے۔ جب ان کو معلوم ہوا کہ جن لوگوں نے الاٹمنٹ کے آرڈر جاری کئے ہیں اور جن لوگوں کو الاٹمنٹ ناجائز طور پر کی گئی ہے ہم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو انہوں نے وہ دوسری چیز لینے پر اکتفا کیا۔ اب آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مرکزی بورڈ نے جو الاٹمنٹ کی تھی اس کو صوبائی وزارت نے از خود cancel کر دیا اور اپنے خاص آدمیوں کے نام منتقل کر دیا۔ اس وزارت کا ایک اور واقعہ بیان کرتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اپنا اقتدار قائم کرنے کے لئے ان کو ضرورت تھی کہ ممبران اسمبلی کو خوش کیا جائے۔ اس چیز سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باہر کے اضلاع میں اس اسمبلی کے معزز ممبران وکلاء صاحبان کے دو گروپ بن گئے۔ انہوں نے اس چیز کا ڈھنڈورا پیٹا ہوا تھا کہ جو شخص stay orders لینا چاہتا ہو وہ اتنی فیس ادا کرے (شیم - شیم) اور جو آدمی بے دخلی چاہتا ہو وہ اتنے پیسے دیدے۔ اس طرح انہوں نے ہزاروں روپیہ ناجائز طور پر محض اپنی پوزیشن کی وجہ سے وصول کیا۔

ایک آواز - وہ کون آدمی تھے ؟

مسٹر محمد امین — اس معزز ایوان کے بعض ممبر (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : I will not allow the honpurable member to name them.

مسٹر محمد امین — میں نام نہیں لیتا ویسے سب کو معلوم ہے۔ (قطع کلامیاں اور شور) جناب والا۔ جب وزارت ہی اپنے ماتحت افسران سے اس قسم کی ناجائز کاروائیاں کرائے تو اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ سرکاری ملازمین بھی ناجائز کاروائیاں کرتے ہیں (قطع کلامیاں)۔ وہ افسران اپنے رشتہ داروں کے نام پر اور انکا حصہ رکھکر الاٹمنٹ کرتے

رہے ہیں اور اب تک ایسا ہو رہا ہے یہ چیز بھی ہمارے علم میں ہے۔ کہ وہ کون کون سے افسر ہیں جو غلط الاٹ منٹیں تجویز کرتے ہیں ..... (شور اور آوازیں۔ آپ ایوان میں ان ممبران کا نام لیجئے) میں نام نہیں لونگا۔ (شور و غل)

صاحب سپیکر - ہاؤس کی Integrity اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ اگر کوئی آنریبل ممبر ایوان ہذا کے دیگر ممبران کے خلاف کوئی الزام تراشی کرے تو اپنے بیان کی صداقت کے لئے پوری پوری ذمہ داری بھی اپنے ذمہ لے۔ ورنہ اسے ہرگز ہرگز دیگر ممبران کے خلاف ان کا نام لئے بغیر کوئی ایسا الزام نہیں لگانا چاہئے جس کے سلسلے میں وہ ثبوت پیش نہ کر سکے۔

مسٹر محمد امین — جناب والا۔ میں ان ممبران کا نام لینے کو بھی تیار ہوں۔

صاحب سپیکر - آپ نام لیں مگر آپ کو اپنی statement کی صداقت کا ثبوت بھی دینا پڑیگا۔ کیوں کہ ایوان ہذا کے معزز ارکان کے خلاف کوئی ایسا الزام عائد نہیں کیا جا سکتا جسکی صحت و صداقت کی ذمہ داری قبول نہ کی جائے لہذا میں کسی ممبر کے خلاف vague reference کو ہرگز ہرگز اجازت نہیں دونگا۔ جس میں ممبران کا نام نہ لیا جائے اور بار ثبوت اٹھانے سے بھی گریز کیا جائے۔

مسٹر محمد امین — مجھے ان لوگوں کے نام معلوم ہیں اور مجھے ان کے نام لینے میں کوئی اعتراض نہیں ہے مگر میں گذارش کرونگا کہ کوئی تحریری ثبوت پیش نہیں کیا جا سکتا .....

صاحب سپیکر - تو پھر آپ اس معاملے کا ذکر ہی نہ کریں۔ (سخت شور اور قطع کلامیاں) آرڈر۔ آرڈر کسی کو مغالطہ نہ رہے۔ میں دوبارہ واضح کر دوں اور یہ میرا رولنگ ہے۔ اس میں کسی صاحب کو قطع کلامی نہیں کرنی چاہئے۔ میں تمام ممبران پر واضح کر دینا چاہتا ہو کہ .....

مسٹر محمد امین — جناب والا۔ میں بطور ثبوت گواہ پیش کر کر سکتا ہوں۔

صاحب سپیکر - آپ بیٹھ جائیے۔ اگر آپ اس پوزیشن میں ہیں کہ اپنی allegation کو ثابت کر سکیں تو آپ کو نام لینا چاہئے ورنہ بغیر نام لئے ممبران کے خلاف کوئی الزام عائد نہیں کیا جا سکتا اور میں اسکی ہرگز اجازت نہیں دونگا۔ (شور و غل) آرڈر آرڈر۔

میں تمام ممبران کی اطلاع کیلئے کہتا ہوں کہ اگر وہ اپنی تقریر کے دوران میں کوئی reference ایوان کے کسی ممبر کے کسی alleged کام یا بے قاعدگی یا بے ضابطگی کے متعلق کرنا چاہئیں تو ان کا نام لیکر کریں اور بار ثبوت قبول کرتے ہوئے کریں اور اگر وہ ثبوت پیش نہ کر سکیں تو نام لئے بغیر کوئی vague reference کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

مسٹر محمد امین — اگر آپ مجبور کرتے ہیں تو میں نام لینے کیلئے تیار ہوں۔

صاحب سپیکر - میں بحث کی اجازت نہیں دے سکتا مگر میں آپ کو نام لینے پر مجبور نہیں کر رہا۔

صوبیدار راجہ امیر علی خاں — آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ آپ انہیں نام لینے پر مجبور نہیں کرتے لیکن یہ معزز ایوان آپ کے سامنے عرض کرتا ہے کہ آپ انہیں نام لینے پر مجبور کریں اور وہ اس الزام تراشی کا ثبوت بھی پیش کریں۔

صاحب سپیکر- آرڈر- آرڈر- آپ نے میرا مطلب نہیں سمجھا اس لئے میں دوبارہ اپنے رولنگ کو دوہراتا ہوں (شور و غل) آرڈر میں نے یہ رولنگ دیا ہے کہ کسی ممبر کو اپنی تقریر کے دوران میں کسی دیگر ممبر کے خلاف کوئی reference عام الفاظ میں نہیں کرنا چاہئیے تاوقتیکہ وہ اس کا نام لینے کو تیار نہ ہو اور بار ثبوت کا متحمل ہونے کیلئے تمام تر ذمہ داری قبول نہ کرے اگر کوئی ممبر ان دونوں شرطوں کو پورا کرنے سے قاصر ہو تو اسے کسی دیگر ممبر کے خلاف کوئی reference عام الفاظ میں نام لئے بغیر نہیں کرنا چاہئیے۔

صوبیدار راجہ امیر علی خاں - یہ تو آپ نے آئندہ کیلئے ایک رولنگ دے دیا ہے مگر پچھلے واقعہ کے متعلق آپ نے کیا فیصلہ کیا ہے جس میں ایوان کے ممبران کی توہین کی گئی ہے یعنی نام لئے بغیر اور ثبوت کے بغیر الزام تراشی کی گئی ہے!

صاحب سپیکر - آرڈر- آرڈر-

مسٹر محمد امین - جناب والا- میں نام لینے کو تیار ہوں۔

صاحب سپیکر - اگر آپ ثابت کر سکیں گے تو نام لیں ورنہ ذکر ہی غلط ہے۔

مسٹر محمد امین — اگر آپ اجازت دے دیں تو میں نام بھی لونگا اور .....

صاحب سپیکر - آپ اپنے بیان کی صحت و صداقت ثابت کرنے کی ذمہ داری بھی قبول کریں - اگر آپ ثبوت دے سکتے ھیں تو نام لیجئے -

سردار ممتاز علی خاں - آپ نام لیں - (شور)-

مسٹر محمد امین - اب میں اس بات پر زور نہیں دیتا مگر جو کچھ میں نے کہا ھے وہ درست ھے-

Sardar Mumtaz Ali Khan : The Honourable Member cannot proceed unless he gives the name.

مسٹر محمد امین - میں عرض کرونگا کہ یہ وزارت افسران سے .....

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. In the light of the ruling which you have just given, if I can produce evidence on the floor of the House, will you permit me to give the names of M.L.As. who are in possession of multiple allotments ?

Mr. Speaker : The Honourable Member is not in possession of the House.

مسٹر محمد امین - جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ اگر وزارت ان افسران سے ناجائز کام لے .....

چودھری ولی محمد بسال - جناب والا ! میں پوچھتا ھوں کہ یہ معزز رکن جو دوسروں کا نام بتانے کے لئے تیار نہیں ھیں کیا یہ اپنا نام بھی بتانے کیلئے تیار ھیں یا نہیں (قہقہ)

Mr. Speaker : Order please.

چودھری ولی محمد بسال - ان کو اپنا نام بتا دینے میں کیا ھچکچاھٹ ھے؟ آخر انہوں نے بھی تو کئی کارخانے اور مشینیں وغیرہ اپنے نام الاٹ کرائی ھوئی ھیں (شور و غل)

صاحب سپیکر - آرڈر-

مسٹر محمد امین - اب میں چند ایک اور باتیں عرض کرنا چاھتا ھوں - اس سلسلے میں افسروں کے خاص خاص آدمیوں کا ایک خاص حلقہ بنا ھوا ھے جو خاص طور پر الاٹ منٹ کی تجاویز پیش کرتے اور انہیں حاصل کراتے رھتے ھیں - ان کے علاوہ باھر کا کوئی آدمی الاٹمنٹ حاصل ھی نہیں کر سکتا - مگر اس خاص حلقے میں تمام نا جائز الاٹمنٹیں بانٹی جاتی ھیں - اس سلسلے میں میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ھوئے یہ بیان دے رھا ھوں - میں نے بجٹ پر بحث کرتے ھوئے بھی اپنی

تقریر میں کہا تھا کہ یہاں چند شخصیتوں کے مابین جنگ اقتدار جاری ہے اور جب تک کہ یہ سیاسی رسہ کشی جاری ہے صوبے کی بہتری کی سکیموں پر صحیح طور پر عمل تو کجا غور بھی نہیں ہو سکتا۔ اسکی ذمہ داری تمام ممبران پر جن میں میں بھی شامل ہوں عائد ہوتی ہے اگر .....

صوبیدار راجہ امیر علی خاں - ان کو وزیر بنا دیا جائے۔

(قہقہہ)

مسٹر محمد امین - میں یہ عرض کرونگا کہ ممبران پر بھی لیڈروں کی نیک نیتی وغیرہ کا اثر پڑتا ہے اور خود ان کی نیتوں کا بھی وزارت پر اثر پڑتا ہے۔ اگر یہ ناجائز دباؤ ایک دوسرے پر نہ ڈالیں تو حالت سدھر سکتی ہے۔

اب میں چند ایک تعمیری suggestions پیش کر کے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں (اول) محکمہ رھیبیلیٹیشن کی سابقہ بے قاعدگیوں اور خلاف ضابطگیوں اور ناجائز الاٹمنٹوں کی چھان بین کیلئے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی جائے (دوم) اس محکمہ کو توڑ کر اسکا باقی ماندہ کام ڈپٹی کمشنروں کے حوالے کر دیا جائے جن کا کام عدلیہ اور انتظامیہ کی علیحدگی کے باعث ضرور ہلکا ہو گیا ہے۔ اور وہ آبادکاری کے کام کو سنبھال سکیں گے۔ ڈپٹی کمشنروں کے فیصلوں کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل کا اختیار دے دیا جائے (تیسرے) میں دیکھتا ہوں کہ دوسرے محکموں کیطرح آباد کاری کے محکمے کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ مثال کے طور پر پچھلے سال اس محکمے کا خرچ ۲۰ لاکھ ۵۷ ہزار روپے تھا مگر موجودہ بجٹ میں ۲۱ لاکھ ۶ ہزار روپے تک بڑھ گیا۔ اس محکمے میں other contingencies یعنی گول مال کا حصہ بھی ہے جس کیلئے گذشتہ سال کے چھ ہزار کی بجائے اب گیارہ ہزار روپے کی رقم رکھی گئی ہے۔ اس طرح Headquarters کا Total خرچ دو لاکھ ساٹھ ہزار ایک سو اسی روپے ہو گیا ہے جو سال رواں سے زیادہ ہے۔

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is—

That the item of Rs. 21,06,340 on account of Total J-11 (a) (1)—Rehabilitation Commissioner (General) be omitted.

Mian Abdul Latif May also speak without moving his cut motion.

میاں عبداللطیف (شیخوپورہ نمبر ۵-سہلم- مخصوص نشست)۔ جناب والا۔ کل آنریبل وزیر مہاجرین نے اپنی تقریر کے دوران میں مہاجرین کی آبادکاری کے کام کے متعلق فرمایا۔

"It was a colossal task which required Herculean effort for the settlement of refugees and they have achieved marvellous results."

اور اس کے ساتھ فرمایا:

"Pakistan can be saved only if the refugees are settled.

جناب والا - جہانتک پہلے نظریے کا تعلق ہے یعنی یہ کہ refugees کی settlement کا کام ایک Colossal task تھا جس کے لئے Herculean effort کی ضرورت تھی - عرض یہ ہے کہ Urban Property جو شہری مکانات - کارخانوں اور صنعتی اداروں پر مشتمل تھی کی الاٹمنٹ کا پہلا دور تقسیم ملک کے فوراً بعد شروع ہوا جس میں کوئی guiding principle نہ تھا - Industry کو rehabilitate کرنے - شہری جائداد اور صنعتی اداروں کی حفاظت کرنے اور ان پر مہاجرین کو آباد کرنے کی بجائے اپنے تعلق داروں اور خویش و اقارب کو نوازنے کی کوشش کی گئی - وہ لوگ جو Industry کا بالکل تجربہ نہ رکھتے تھے بلکہ میں تو یہاں تک کہونگا جو لوگ Industry سے بالکل نا واقف تھے انہیں بڑے بڑے کارخانے اور فیکٹریاں الاٹ کی گئیں - جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان لوگوں نے پہلے ان فیکٹریوں کا لوہا بیچا - پھر اس کی چھت اور بعد ازاں دیواروں وغیرہ کا ملبہ فروخت کیا اور آج ان فیکٹریوں کی جگہ سفید میدان پڑے ہیں جن کیلئے ہماری حکومت سکیم بنانے کے متعلق غور کر رہی ہے - (قہقہہ)

جہانتک Industry بالخصوص Evacuee Industry کا تعلق ہے جس کے متعلق آج ایک معزز ممبر اظہار خیال فرما چکے ہیں اور کل وزیر مہاجرین نے بھی کچھ فرمایا تھا - وہ بالکل دم توڑ رہی اور سسک رہی ہے - میں آپ کے سامنے اعداد و شمار پیش کر سکتا ہوں جن سے ظاہر ہوگا کہ ہمارے ہاں Industry کس حالت میں ہے - آج ہمارے صوبے کے ۳۵۰ فیصدی کارخانے تباہ و برباد ہو چکے ہیں جن میں Industry بالکل dead ہے اور جسے revive کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جا رہی - اگر یہی حالت رہی تو میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ بقی ۶۵ فیصدی کارخانے بھی پانچ سال کے اندر اندر ختم ہو جائینگے - آنریبل وزیر مہاجرین نے یہ بھی فرمایا کہ ہمارے ہاں corruption کا اس قدر دور دورہ ہے کہ اگر اس کی دو سال اور یہی حالت رہی تو Expert Opinion کے مطابق Evacuee Concerns میں سے ایک بھی باقی نہ رہے گا - جناب والا - اس حکومت کی پہلی achievement تو بس یہی ہے -

جناب والا ۔ جہانتک ان اجڑے ہوئے اور برباد کارخانوں کا تعلق ہے ان کے متعلق کوئی سکیم آج تک حکومت کی طرف سے منظر عام پر نہیں آئی ۔ لیکن اس کے باوجود اگر کوئی من چلا مہاجر یہ کہے کہ میں کسی کارخانے کو از سر نو بحال کرنا چاہتا ہوں تو اسے حکم ہوتا ہے کہ کارخانہ تم لگا سکتے ہو مگر اس کا کرایہ پورا ادا کرنا پڑیگا ۔ جناب والا ۔ آپ خیال فرمائیں کہ جس کارخانے کی عمارت نہیں ۔ جس کے اندر کوئی مشین نہیں اور نہ ہی اس کیلئے Raw Material ہے یعنی بالفاظ دیگر وہ ایک مرحوم کارخانہ ہے ۔ اس پر ایک مہاجر اپنی گرہ سے ایک لاکھ کے قریب روپیہ اس لئے خرچ کرے کہ اس کارخانے کو چلا کر اس کا کرایہ ہندو کے حساب میں جمع کرائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ حکومت نہ تو خود صنعت و حرفت کو revive کرنا چاہتی ہے اور نہ ہی کسی دوسرے کو ایسا کرنے کی اجازت دیتی ہے ۔

جناب والا ۔ شہری مکانات کے متعلق جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ۔ بہت سے مکانات جلے ہوئے اس وقت بھی اس صوبے کے مختلف مقامات پر کھڑے ہیں ۔ ان کے متعلق حکومت آج تک کوئی سکیم تیار نہیں کر سکی ۔ ان کی disposal یا reconstruction کے متعلق آج تک ہمارے سامنے حکومت کی طرف سے کوئی تجویز پیش نہیں کی گئی ۔ یہ تو ہے جلے ہوئے مکانوں کے متعلق ۔ قابل رہائش مکانوں کی حالت یہ ہے کہ عرصہ پانچ سال سے عدم مرمت کی وجہ سے ان میں سے بیشتر خستہ حالت میں ہیں اور بعض تو بالکل تباہ و برباد ہو چکے ہیں ۔ حالت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حکومت سے مرمت کرانے کیلئے کہے تو اول تو اس کی طرف توجہ ہی نہیں دی جاتی ۔ جب کوئی شخص اس بے توجہی سے تنگ آ کر خود ہی مرمت کرا لے تو پھر اس کی sanction نہیں ملتی ۔ سانگلہ ہل میں ۰۰۰ مکان اسی طرح بالکل ختم ہو چکے ہیں ۔ اور حکومت آج تک ان کے لئے سکیم تیار کرنے میں ہی مصروف ہے ۔ نہ یہ سکیم مکمل ہوگی اور نہ ہی ان مکانوں کی حالت بہتر ہو سکے گی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ جس Herculean Task کو اس حکومت نے مکمل کیا وہ یہ تھا کہ اگر کسی تھانے کیلئے جگہ کی ضرورت پڑی تو کسی مہاجر کو مکان سے نکال کر اسے تھانہ بنا دیا ۔ اگر کسی تمباکو کے Office کیلئے جگہ کی ضرورت ہوئی تو کسی refugee کو نکال کر اس کے رہائشی مکان میں تمباکو کا دفتر

قائم کر دیا۔ اسی طرح اگر Sales Tax کے دفتر کیلئے جگہ درکار ہوئی تو کسی غریب مہاجر کو مکان سے بیدخل کر کے وہاں Sales Tax کا دفتر بنا دیا جاتا ہے۔ اس طرح شیخوپورہ میں ہماری حکومت نے ۲۰ فیصدی Bungalows اپنے قبضے میں لے رکھے ہیں۔ جناب والا۔ یہ ہماری حکومت کی دوسری achievement ہے جس پر فخر کیا جاتا ہے۔ (قہقہہ)

جناب والا۔ سرکاری ملازمین کے متعلق عرض یہ ہے کہ ابھی تک حکومت مہاجرین کی عارضی آبادکاری کی کوئی مستقل سکیم نہیں بنا سکی حالانکہ حکومت کا فیصلہ یہ ہے کہ سرکاری ملازمین جس جگہ بھی جائینگے انہیں مکانات مہیا کئے جائینگے۔ اس فیصلہ پر قطعاً عمل نہیں ہو رہا۔ سرکاری ملازمین جہاں بھی بیٹھے ہوئے ہیں ان کو مکانات دئے گئے ہیں۔ ان میں سے بعض کے ساتھ ان کے لواحقین بھی رہائش پذیر ہیں۔ جب ان کا تبادلہ وغیرہ ہو جاتا ہے تو ان کے لواحقین کو بیدخل کر کے مکانات کا قبضہ اور لوگوں کو دے دیا جاتا ہے۔ اس سے ان بیچاروں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ سرکاری ملازمین یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں پاکستان میں اپنے چھوڑے ہوئے مکانوں اور جائداد کے عوض اور کچھ نہیں تو کم از کم ایک مکان دے دیا جائے تا کہ ہمیں کچھ سہارا ہو۔ حکومت کی موجودہ حکمت عملی سے ان بیچاروں کا سکون قلب بالکل ختم ہو چکا ہے جسے بحال کرنے کی کوشش نہایت ضروری ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ جب کوئی سرکاری ملازم منٹگمری جائے تو اسے بنگلہ دیا جائے اور اگر وہ بیمار ہو جائے۔ رخصت پر چلا جائے یا retire ہو جائے تو اسے بیدخل کر دیا جائے اور وہ در بدر کی ٹھوکریں کھاتا پھرے۔ اس چیز کا علاج فوراً کیا جانا چاہئے۔

صاحب سپیکر ۔ آپ اس قدر تیزی سے تقریر فرما رہے ہیں کہ رپورٹر کیلئے اتنی تیزی سے لکھنا مشکل ہے۔ آہستہ تقریر فرمائیے تا کہ بعد میں شکایت کا موقع نہ ہو۔

میاں عبداللطیف ۔ بہت اچھا جناب والا۔ اس کے بعد سب سے بڑی دکھ دینے والی بات کرائے کی وصولی کا معاملہ ہے۔ کرائے کی وصولی بلا استثنا ہر مہاجر سے کی جا رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس کیلئے حکومت کے پاس کوئی Moral Justification نہیں۔ مشرقی پنجاب میں ہمارے مکانات کے متعلق صورت یہ ہے کہ اگر زید کے مکان میں گوربخش سنگھ

گیا ہے تو اس سے کوئی کرایہ وصول نہیں کیا جاتا۔ ہمارے ہاں بھی یہ چیز ہونی چاہئے کہ اگر گوڑبخش سنگھ کے مکان میں کوئی مہاجر آباد ہوا ہے تو اس سے کرایہ نہ لیا جائے۔ نہایت افسوس کا مقام ہے کہ یہاں پولیس اور ملٹری کا ڈنڈا مہاجرین کو کرائے کی ادائیگی کیلئے مجبور کرتا ہے۔ اگر صوبے کا خزانہ بھرنے کا خیال ہے تو اس کے لئے نواب صاحب کوئی اور سبیل ڈھونڈیں۔ بیچارے تباہ حال مہاجرین پر کیوں ناقابل برداشت بار ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس کے متعلق بھی حکومت کو ہمدردانہ طور پر غور کرنا چاہئیے۔

جناب والا۔ اس حکومت نے مہاجرین کی بحالی کیلئے کوئی Permanent یا Temporary Rehabilitation سکیم مرتب نہیں کی۔ اسے چاہئیے کہ اور کچھ نہیں تو کم از کم ان مہاجرین کو جو ادھر اپنے مکانات چھوڑ آئے ہیں۔ یہاں بھی سر چھپانے کیلئے مکانات الاٹ کئے جائیں۔ تا کہ وہ لوگ پاکستان کو اپنا حقیقی وطن سمجھ کر اطمینان کی زندگی بسر کر سکیں۔ آج دوسری چیزوں کے ساتھ مہاجرین کا اطمینان بڑھانا بھی بہت ضروری ہے۔

Mr. Speaker : Rai Nasrullah Khan may also speak on his cut motion.

رائے نصراللہ خان۔ (لائلپور نمبر ۱۱ مسلم۔مخصوص نشست)۔جناب والا۔ اگر میں اس محکمے کے متعلق کچھ گذشتہ حالات عرض کروں تو یہ زیادہ اچھا معلوم نہیں ہوگا کیونکہ پہلے وزیر مہاجرین تو خدا کو پیارے ہوگئے۔ اب ان کے متعلق کیا کہا جائے۔ ہوا یہ کہ جہاں مہاجرین کے سینگ سمائے بیٹھ گئے۔ یہ ایک بڑی دردناک داستان ہے اس لئے میں اسے چھوڑتا ہوں۔ اس محکمے کو بنے ہوئے آج چھ سال کا عرصہ ہو گیا ہے۔ اور یہ اس انگریزی مقولہ کے مصداق ہے "still going strong" ۔ اور مہاجرین کے سروں پر ejectment کا بھوت لٹکتی تلوار کی طرح منڈلاتا پھرتا ہے۔ کبھی نوٹس دئے جاتے ہیں۔ کبھی بے دخلیاں ہوتی ہیں اور کبھی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ یہ اس محکمے کا خاصہ ہے۔ اگر میں اسے سطحی نظر سے دیکھتا تو میں بھی یقیناً ان معزز اراکین کی طرح اس پر بحث کرتا لیکن چونکہ میں خود دکھی ہوں اس لئے میں جو بات کرونگا وہ ایک دکھیا کی درد بھری داستان ہوگی۔

جناب والا۔ جب یہاں الاٹمنٹوں کا سلسلہ شروع ہوا تو غیر تسلیم شدہ علاقوں کے لوگوں کو متواتر الاٹمنٹیں ہوتی رہیں۔ ہندوستان کے جن ملازمین نے پاکستان کی سروسز کو opt کیا انہوں نے یہاں آ کر دیکھا کہ وہ یہاں بہت فائدے میں رہینگے۔ یہ حقیقت ہے کہ غیر مسلم

ہم سے زیادہ جائیداد چھوڑ کر گئے تھے۔ Non-agreed area والے لوگوں نے اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کو چٹھیاں لکھنا شروع کیں۔ کہ آپ یہاں آجائیں۔ حالات بڑے اچھے ہیں اس طرح وہ لوگ پرمٹ لیکر یہاں آتے رہے اور الاٹمنٹیں کرا کر یہاں اپنے اڈے جماتے گئے۔ اگر یہاں کسی کا بیٹا آ گیا تو اسنے اپنے باپ کو چٹھی لکھی کہ آپ وہاں ہی رہیں اور چچا کو یا چھوٹے بھائی کو یہاں بھیج دیں۔ الاٹمنٹ ہو سکتی ہے۔ زیادہ حالات لکھنے کی ضرورت نہیں۔ موقع کافی اچھا ہے۔ اس طرح یہ لوگ یہاں آ کر الاٹمنٹیں کراتے رہے۔ شروع میں ان کیلئے دو چار رکاوٹیں تھیں۔ مثلاً یہ کہ جب کسی فیکٹری یا اور ایسی چیز کی الاٹمنٹ کیلئے دو چار درخواستیں آ جاتیں تو Agreed area والے کو ترجیح دیجاتی تھی۔ اسکو ختم کرنے کیلئے منظم طریقے پر ایک سکیم سوچی گئی اور ایک افسر کو ہمارے صوبہ پر بٹھا دیا گیا جو اس سکیم کے مطابق پوری طرح اپنا جال پھیلا سکے۔ یہ حقیقت ہے کہ غیر تسلیم شدہ علاقہ کے R. C.—R. O.—D. R. O.—A. R. O. اور D. R. C. وغیرہ کو اضلاع میں متعین کر دیا۔ اب یہ سازشی ٹولہ یہ سازشیں کرنے لگا کہ کسی طرح اس قانون کو راستے سے ہٹا دیا جائے۔ اگر مرکز میں ہماری نمائندگی ہوتی تو ہم مرکز کو بتاتے کہ الاٹمنٹوں کے سلسلے میں یہ یہ خامیاں ہیں۔ لیکن اب حالات یہ ہیں کہ Non-agreed area والے ہر ایسی چیز کے خلاف فیصلہ کروا سکتے ہیں جس سے Agreed area والوں کو فائدہ ہونے کا امکان ہو۔ الاٹمنٹوں کیلئے جو فارم بنائے گئے ان میں لکھا ہے کہ جو شخص اپنی جائیداد کا تحریری ثبوت رجسٹریاں یا ایسی چیزیں پیش کر سکتا ہے اسے الاٹمنٹ ہو سکتی ہے۔ اب آپ بتائیے کہ ایک آدمی اس حالت میں وہاں سے اپنی جان بچا کر آتا ہے کہ پتہ نہیں سر تن پر رہے گا یا نہیں اور اسکے مقابلے میں ایک آدمی اپنے چچا کو خط لکھکر ہندوستان سے رجسٹری وغیرہ منگا سکتا ہے اور یہ آج بھی ہو رہا ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ اس طرح Agreed area والوں کو آہستہ آہستہ نکالنا شروع کیا سکیم کے مطابق دوسرے لوگ آنے شروع ہو گئے اگر آپ یہ باور نہیں کرتے تو آپ خود ملاحظہ فرمائیے کہ لاہور ہی میں نہیں بلکہ ہر شہر کی سڑکوں اور گلیوں کے فرش ہی نہیں بلکہ مکانوں کی تین تین فٹ تک دیواریں ان کی پیک سے سرخ ہیں۔ یہ اس چیز کا بین ثبوت ہے (قہقہہ) کہ یہ لوگ کس حد تک ہم پر چھائے ہوئے ہیں۔ جناب والا۔ دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ پگڑی سسٹم

کے متعلق ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کراچی میں اگر ایک شخص کوئی دکان نہ لے سکے تو دوسرا شخص زیادہ پیسے دیکر لے لے۔ لیکن پنجاب میں یہ حالت ہے کہ یہاں لوگ خالی ہاتھ آئے۔ ہو سکتا ہے کہ دو چار کے ہاتھ اچھے پیسے آگئے ہوں۔ لیکن اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جنکے پاس کچھ نہیں تھا۔ بجائے اسکے کہ وہ الاٹمنٹ کیلئے A. R. O. سے لیکر بڑے افسر تک اور پھر عدالتوں میں اپیلوں کے چکر میں پھنسیں اور دیہات سے لیکر بڑے سے بڑے شہر کی خاک چھانتے پھریں وہ یہی مناسب سمجھتے ہیں کہ ایک آدمی کو ہی رشوت دے دیجائے اور مکان یا دکان پر قبضہ کر لیا جائے۔ میرے پاس ایسی ہزاروں مثالیں ہیں۔ پھر اسکے بعد یہ ہوا کہ مرکز سے ساز باز کی گئی۔ وہاں ہمارا کوئی نمائندہ نہیں ہے اسلئے ہماری آواز وہاں تک نہیں پہنچ سکتی۔ جب کوئی بات کہی جائے تو اسکے خلاف مرکز سے فیصلہ لیکر ہمیں خاموش کر دیا جاتا ہے۔ جو ممبر مرکز میں یہاں کے نمائندہ ہیں میں نے ابھی تک انکی شکل نہیں دیکھی۔ اب انہیں ہماری تکالیف کا کیا احساس ہو سکتا ہے۔ مرکز پر یو۔ پی اور دوسرے Non-agreed area کے لوگ چھائے ہوئے ہیں۔ ان لوگوں نے مرکزی حکومت کو مجبور کر دیا کہ وہ Agreed area اور Non-agreed area کی تفریق اڑا دے۔ آپ یقین کیجئے کہ اگر یہ تفریق نہ رہے تو تمام ہندوستان کے مسلمان آپکے علاقوں میں گھس آئیں گے۔ آپ پہلے ہی یہ سمجھتے ہیں کہ یہاں آبادی زیادہ ہو گئی ہے اور اقتصادی بحران ہے۔ اور ان لوگوں کو (Agreed area) والوں کو رہنے دیا جائے۔ اسکے سوا اور کوئی چارہ کار نہیں ہے۔

حاجی مہربان احمد۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب والا۔ اس وقت مہاجرین کے متعلق جو ریزولیشن تھا کیا وہ زیر بحث لایا جا سکتا ہے؟

صاحب سپیکر۔ اس ریزولیشن کو زیر بحث نہیں لایا جا سکتا۔

رائے نصراللہ خان۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ مرکز سے ساز باز کرنے کے بعد تمام الاٹمنٹیں منسوخ کر دی گئیں۔ اور اس حکومت نے کچھ نا اہل لوگوں کو دے دیں۔ یہ غلط ہے کہ ایسی کوئی الاٹمنٹ نہیں کی گئی۔ یہ صرف یہاں نہیں بلکہ ہر ضلع میں ایسا ہوا ہے۔ ملیں۔ چکیاں۔ آرے اور جتنے چھوٹے چھوٹے صنعتی ادارے تھے سب کی الاٹمنٹیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ آپ ہی بتائیے کہ کیا کوئی مہاجر Agreed area میں ایک چکی بھی چھوڑ کر نہیں آیا تھا۔ یہ سب چیزیں ایک بہت بڑی

سازش کا پیش خیمہ ہیں۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ ان مہاجرین کو جو کسی نہ کسی جگہ ٹھائے گئے ہیں اور پھائے گئے ہیں اٹھا دیا جائے۔ اور وہاں اور لوگوں کو لا کر بٹھا دیں۔ تا کہ قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے۔ (ہیئر۔ ہیئر)

ایک معزز ممبر - تا کہ ہم لڑتے رہیں۔

رائے نصراللہ خان - اور جب جناب والا اس کے متعلق کچھ کہا جاتا ہے تو یہ کہہ کر کہ اس خوفناک واقعہ اور الم ناک داستان کی شہادت تاریخ میں بھی نہیں ملتی کہکر زمانہ بھر کو ہمدرد بنا لیا جاتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کی اہمیت کو وہی شخص جانتا ہے جس پر گذری ہے۔ آپ تاریخ کا ایک ورق الٹیں اور دس پندرہ میل دور اس بارڈر کے اس طرف جھانک کر دیکھیں بعینہ ایسے مسائل ایک اور حکومت کو بھی در پیش ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے کرایہ کے متعلق کیا کیا ہے۔ انہوں نے بین‌الاقوامی معاہدوں کو مسترد کر دیا ہے۔ حکومت ہندوستان نے ان معاہدوں کو پرکاہ کے برابر نہیں سمجھا اور کوئی پرواہ نہیں کی۔ وہ من مانی کرتے ہیں۔ اس کے بر عکس یہاں زیادہ کرائے لگائے گئے ہیں۔ اگر کسی مکان یا کوٹھی کا ماہوار کرایہ ۲۰۰ روپیہ تھا تو مہاجرین سے بھی وہی لیا گیا ہے۔ لیکن ہندوستان میں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ جس کوٹھی کا کرایہ ۲۰۰ روپیہ یا ۳۰۰ روپے ماہوار تھا۔ حکومت نے ۵ روپے ماہوار مقرر کر دیا ہے۔ میں اس امر کا ثبوت پیش کر سکتا ہوں۔

پھر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ اتنا بڑا مسئلہ تھا۔ لاکھوں مہاجرین کو بسایا گیا ہے۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا آپ نے اپنے پاس سے یہ مکانات دئیے ہیں۔ آپ ہم سے تین تین اور چھ چھ گنا ٹیکس۔ کرائے۔ مہاجر ٹیکس وصول کرتے ہیں۔ کیا مہاجر ہم ہیں یا ہماری حکومت۔ (ہیئر۔ ہیئر) اس کے علاوہ مہاجرین کی امداد کے لئے اگر کوئی ٹیکس لگایا جاتا ہے۔ تو تعجب کی بات ہے۔ کہ مہاجرین پر ایک پیسہ خرچ نہیں کیا جاتا۔ ہمارے سامنے بے شمار مثالیں ہیں۔ آپ اگر نقل کرتے ہیں تو اس نقل کے لئے عقل چاہئے اور اگر عقل ہے تو دیانتداری ہونی چاہئے۔

جناب والا۔ اب چھ سال ہو گئے ہیں۔ آپ یقین جانیں کہ ہم ان کوٹھیوں کی خاطر نہیں آئے تھے۔ ہمیں ان بنگلوں کی ضرورت نہیں تھی۔ ہمیں تو محض ایک لفظ کا پاس تھا۔ جسے قائد اعظم رح لے کر آئے تھے کہ پاکستان کا مطلب کیا ہے "لاالہ الااللہ"، ورنہ ہمیں یہاں آنے کی ضرورت نہیں تھی۔ ایک میرے ایسے ادنے ورکر تک کا یہی حال تھا۔

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. If you cast your eyes on the Treasury Benches you will find that the Honourable Finance Minister is not in his seat. I think he must be here. There was a ruling given the other day in the House of Legislature in U. P.

Mr. Speaker : I am not bound by it.

Mr. C. E. Gibbon : I hope you will kindly ask the Finance Minister that he ought to be here when we are nearing the end of the debate on the budget, because the rules provide that the Finance Minister will give a general reply. If the Finance Minister has delegated his powers to the Minister of Revenue, then, of course, we have nothing to say.

Mr. Speaker : I shall see about it.

رائے نصراللہ خان - یقین کیجئے کہ ہم اپنے کچے کوٹھوں میں بالکل خوش تھے - جس وقت یہ نعرہ لگایا گیا تھا تو ہمیں معلوم تھا کہ ہمیں یہاں صرف اسلام کی خاطر آنا پڑیگا - آپ ذرا نفسیاتی طور پر ان چیزوں کا کوئی اندازہ لگائیں - اگر کسی شخص کو آپ کرسی پر دس منٹ کے لئے بٹھا کر یہ کہیں کہ وہ حرکت نہ کرے تو یقیناً وہ برداشت نہیں کر سکتا - ہمیں تو اسی طرح بیٹھے اب ایک مدت ہو گئی ہے -

جناب والا - کیا آزادی کا یہ مطلب تھا کہ ہمیں یہاں آکر کرایہ کا تحفہ دیا جائے گا - یہ تو ایسا ہے جیسے جولیس سیزر میں پڑھا تھا - جب نواب صاحب تقریر فرما رہے تھے تو انہوں نے کہا کہ کیا لوکل اشخاص سے کرایہ لیا جائے تو اس ننھی سی اپوزیشن نے کہا - ضرور - لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ مکانات جو لوکل اشخاص کے پاس ہیں ان لوگوں کو کیوں نہ دئے جائیں جو چھ سال سے بھٹکتے پھرتے ہیں - جو چھ سال تک کوئی مکان نہیں بنا سکے دس سال میں کیسے بنا سکیں گے - کیا ہم ادھر ہندوستان میں کوئی مکان چھوڑ کر نہیں آئے - اور کیا ہمیں رہنے کے لئے یہاں کوئی چھت نصیب نہیں ہو سکتی - میں یقین سے کہتا ہوں کہ اگر مہاجرین کی یہی حالت رہی تو وہ کبھی اطمینان سے نہیں بیٹھ سکیں گے - آپ جانتے ہیں بڑے صنعتی ادارے کتنے ہیں - اور کتنے مہاجرین کو وہ الاٹ ہیں - یہ صرف کرایہ لینے کے ڈھنگ ہیں -

(At this stage the Honourable Minister of Revenue stood up to speak).

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. If you will kindly see Rule 132 (4), you will find the following words :—

> "On the last day of the days so allotted, at 4 p.m. the Speaker shall forthwith put every question necessary to dispose of the demand under consideration, and shall then forthwith put one by one all the outstanding demands for grants".

That means that the debate is going to end at 3-30, as we have to adjourn for prayers.

Then Rule 131 (2) reads as follows :—

> "The Finance Minister shall have a general right of reply at the end of the discussion"

So it is more or less mandatory that the Finance Minister shall have a general right of reply.

Mr. Speaker : It is not mendatory. He has delegated his powers.

Mr. C. E. Gibbon : If he wishes to delegate his powers he should state it to you.

Mr. Speaker : Any member of the Government can do it.

Mr. C. E. Gibbon : The rule says that the Finance Minister shall have a right of reply.

Mr. Speaker : It does not say that he shall be bound to give a reply at the end of the debate. If he wants he can do so at the end of the debate.

Mr. C. E. Gibbon : We are coming to the end of the debate.

Mr. Speaker : I will see to it. The Honourable Minister may speak.

Malik Ghulam Nabi : Sir, it will be in the interest of the House as well as of the Department which we are discussing, if we are allowed to say something more.

Minister of Revenue : Sir, the position is this that I have got to reply to certain things.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. You have called on the Honourable Minister to give a reply.

Mr. Speaker : No. He has stood up and wants to intervene in the debate and I have allowed him to do so.

Minister of Revenue : Mr. Speaker, Sir, to-day certain speeches have been made and I find that a few new points have been raised; otherwise most of the points were the same which were raised yesterday and to which I had the honour to reply.

Malik Ghulam Nabi : On a point of order, Sir. Yesterday the Honourable Minister spoke for about 45 minutes. We should also be given some time to-day; otherwise as a protest I would walk out.

Minister of Revenue : I do not mind if I am given 20 minutes. But the discussion finishes at 3-30.

Malik Ghulam Nabi : You got one hour yesterday.

Minister of Revenue : But we have no time to-day.

ملک غلام نبی - جناب والا ! میری گذارش یہ ہے کہ کل وزیر مہاجرین نے پنتالیس منٹ اپنے خیالات کا اظہار کرنے میں صرف کر دئیے تھے اور آج پھر وہ تقریر کرنا چاہتے ہیں - آپ نے مہاجر ممبران اور اپوزیشن کے ممبران کو بھی تو موقع دینا ہے . . . . . .

صاحب سپیکر - چونکہ وزیر مال کھڑے ہو گئے ہیں اور میں نے ان کو تقریر کرنے کی اجازت دیدی ہے اس لئے کسی اور کو موقع نہیں دیا جائے گا -

ملک غلام نبی - میں آپ کی وساطت سے آنریبل وزیر کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ خود وقت نہ لیں اور ہمیں کچھ کہنے کا موقع دیں -

الحاج حکیم میاں خورشید احمد قریشی - پوائینٹ آف آرڈر جناب ! گزارش یہ ہے کہ مہاجر ممبران کو کل بھی وقت نہیں دیا گیا اور آج بھی نہیں دیا جا رہا -

صاحب سپیکر - یہ کوئی پوائینٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

ملک غلام نبی - مجھے اس بات سے بڑا دکھ ہوا ہے کہ میں نے وزیر مہاجرین سے بھی درخواست کی ہے کہ ان کے عملہ اور ڈیپارٹمنٹ کے متعلق جو کچھ ہم کہنا چاہتے ہیں اسے سنیں۔ لیکن اگر وہ اس پر تیار نہیں ہیں اور آپ بھی تیار نہیں ہیں تو ہم پروٹسٹ کے طور پر واک اؤٹ کرینگے۔

قاضی مرید احمد - پوائینٹ آف آرڈر جناب والا! حضور والا! گذارش یہ ہے کہ پہلے آنریبل وزیر بحالیات مہاجرین کے دکھوں کی کہانیاں ہم سے سنیں اور اس کے بعد جواب دیں۔ یہ بڑا ظلم ہے کہ ہم بیٹھے رہیں اور ہمیں کچھ کہنے کا موقع نہ ملے۔

صاحب سپیکر - بیٹھ جائیے۔ یہ کوئی پوائینٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

میاں عبدالباری - رول نمبر ۱۳۱ کی تحتی دفعہ (۲) کے مطابق فنانس منسٹر کے متعلق لکھا ہوا ہے۔

"The Finance Minister shall have a general right of reply at the end of the discussion."

حضور والا! بجٹ پر تحریک تخفیف لانے اور اعتراض کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ سال بھر کے لئے جو بجٹ منظور ہونا ہے ایوان کے ممبران اس پر اعتراضات کر سکیں۔ اور اپنی تکالیف اور شکایات واضع طور پر بیان کر سکیں۔ اور ان کے بعد آخر میں وزیر خزانہ کو وقت دیا جاتا ہے....

صاحب سپیکر - آپ نے اس رول کو غلط سمجھا ہے نمبر ۱۳۰ دیکھئے۔

"The Budget shall be dealt with by the Assembly in two stages, namely:—

(*i*) A general discussion, and

(*ii*) the voting of demands for grants."

اس کے بعد ۱۳۱ (۱) دیکھئے۔

"On a day or days to be appointed by the Governor subsequent to the day on which the Budget is presented, and for such time, as the Governor may allot for this purpose, the Assembly shall be at liberty to discuss the Budget as a whole or any question of principle involved therein, but no motion shall be moved at this stage nor shall the Budget be submitted to the vote of the Assembly."

یہ جنرل ڈسکشن کے متعلق ہے۔ پھر آتا ہے۔

"(2) The Finance Minister shall have a general right of reply at the end of the discussion."

یہ رول آج کیلئے نہیں ہے۔ یہ جنرل ڈسکشن کیلئے ہے اس لئے آپ کا پوائینٹ آف آرڈر غلط ہے۔

میاں عبدالباری - میری یہ گذارش ہے کہ کل وزیر مال نے پنتالیس منٹ لئے اگر آپ نے اس چیز کی اجازت دیدی کہ وزیر جب چاہیں کھڑے ہو کر جتنا وقت چاہئیں لے لیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر وہ دو دفعہ کھڑے ہو جاتے ہیں یا اور وزیر کھڑے ہو جاتے ہیں یا فنانس منسٹر بحث میں حصہ لے لیتے ہیں تو اس ساری کارروائی کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

صاحب سپیکر - آپ رول کو غلط سمجھے ہیں کل اگر آنریبل وزیر نے پنتالیس منٹ لئے تھے تو پونے تین گھنٹے دوسرے ممبران نے لئے تھے۔ آج تین چار تقریروں کے بعد آنریبل وزیر تقریر کرنے لگے ہیں۔ میں ضروری سمجھتا ہوں کہ جب تین چار تقریریں ہو چکیں تو آنریبل وزیر کو موقع دیا جائے کہ وہ ان کا جواب دے سکیں۔

وزیر مال - سارا وقت لینے میں میرے لئے کوئی خوشی کی بات نہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کو موقع ملے لیکن دقت یہ ہے کہ وقت کم ہے اور آج گلوٹین ہونا ہے۔

Then there will be interval for Asar Prayers.

Mr. Speaker : I will do this that if the honourable member wants 15 minutes more, then I can continue till 4 O'clock and will not adjourn for Asar Prayers.

(Voices—We must adjourn for Asar Prayers).

Malik Ghulam Nabi : We may continue to sit upto 7 O'clock.

Mr. Speaker : I want to know whether honourable members are willing to sit continuously.

(Voices : No, Sir)—Then I will not go against the rules and will not adjourn at 4 O'Clock.

میاں عبدالباری - جناب والا - اگر یہی طریق جاری رہے کہ بجٹ پر کٹ موشنز کے وقت منسٹر جس وقت چاہے اور جتنے وقت کیلئے چاہے مباحثہ میں انٹروین کر سکتا ہے تو اس سے تو بجٹ پر بحث کرنے کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ اصل مقصد تو یہ ہے کہ بجٹ پر تنقید ہو اور اس نکتہ چینی کے ہو چکنے کے بعد وزیر متعلقہ اس کا جواب دیں۔

صاحب سپیکر - جہاں تک آپ کے اس نکتہ کا تعلق ہے یہ غلط ہے اور میں اسے over-rule کرتا ہوں۔ باقی رہ گئی یہ بات کہ ۴ بجے گلوٹین ہو گی۔ اس وقت تک میں آپ کو وقت دینے کیلئے تیار ہوں بشرطیکہ ہاؤس اس بات کیلئے تیار ہو۔

میاں عبدالباری - میں اس بات کیلئے تیار ہوں۔

صاحب سپیکر- میں ہاؤس سے دریافت کرتا ہوں کہ آیا وہ اس بات کیلئے تیار ہے کہ نہیں۔ جو صاحبان اس بات پر رضامند ہوں کہ جب تک کام ختم نہ ہو ہم ایوان کی کارروائی جاری رکھیں وہ ہاں کہیں اور جو اس کے خلاف ہوں وہ نہیں کہیں۔

تحریک گر گئی

میاں عبدالباری- میں بڑے ادب سے یہ گذارش کرتا ہوں (شور)

وزیر مال- میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ پانچ منٹ یہ لے لیں اور پانچ منٹ میں۔

میاں عبدالباری- جناب صدر یہ دو تقریروں کا سوال نہیں ہے۔ یہ اصولی مسئلہ ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر بجٹ پر نکتہ چینی کے دوران میں منسٹر جس وقت چاہے اور جتنے وقت کیلئے چاہے انٹروین کر سکتا ہے تو اس طریق کار کے خلاف ہم بطور پروٹسٹ واک آوٹ کرتے ہیں۔

Minister of Revenue : I withdraw in his favour.

ملک غلام نبی- (کارپوریشن شہر لاہور ، مسلم مخصوص نشست) جناب والا تاریخ عالم اس بات کی شاہد ہے کہ پاکستان بننے کے بعد مہاجرین کی . . . . .

صاحب سپیکر از راہ کرم موضوع زیر بحث پر تقریر کیجئے۔

ملک غلام نبی- اتنی بڑی تعداد ہمارے صوبہ میں آئی کہ اس کی مثال کہیں نہیں مل سکتی۔ جناب والا ان مہاجرین کو آباد کرنے کیلئے ہمارے پاس کوئی پالیسی نہ تھی اور کوئی سکیم نہ تھی۔ وہ ایک سیلاب اور طوفان تھا جس نے اپنے لئے آپ جگہ پیدا کر لی۔

Mr. Speaker : Please speak to the motion.

ملک غلام نبی- I am coming to it. یہ قدرت کا کام تھا۔

یہ قدرت کا کام تھا کہ اتنا بڑا طوفان تھم گیا لیکن جناب والا یقین جانئے کہ حکومت کی بے تدبیری اور فقدان پالیسی نے ہماری قوم کے مزاج اور moral کو اتنا برباد اور تباہ کر دیا ہے۔ اس کی صلاحتیں اور جذبات اس قدر فنا ہو چکے ہیں کہ سوائے الاٹمنٹ کے وہ کسی اور زاویہ نگاہ اور نئے انداز فکر سے سوچنے سے یکسر محروم ہو چکی ہے۔ اس غلط تقسیم جائداد نے قوم کو بالکل بے عمل بنا دیا ہے۔ قوم نے ان

الاٹمنٹوں کو ایک پھل سے لدا ہوا باغ سمجھا جس کا کھانا ان کا فرض ہے لیکن اس کی آبیاری کرنا اور دیکھ بھال کرنا ان کا کام نہیں ہے اور جن کو اس نعمت سے محروم رکھا گیا انہوں نے اسے برباد کرنے کی پوری پوری کوشش کی۔ جناب والا ہماری بدلتی ہوئی حکومتوں نے اور قوم نے اس متروکہ جائداد کو اپنا اثاثہ حیات سمجھا۔ ہر حکومت نے اس الاٹمنٹ کو اپنی زندگی قرار دیا اور ہر دور میں الاٹمنٹوں کے ایک نئے چکر میں قوم کو پھانسنے کی کوشش کی گئی اور قوم نے بجائے اس کے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو کسی اور طرف لگاتی اس نے بھی الاٹمنٹوں کی خاطر در در کی ٹھوکریں کھانا اپنا محبوب مشغلہ قرار دیا۔ اب وزیر بحالیات نے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ وہ بہت ہی جلد ان الاٹمنٹوں کو مستقل کرنے والے ہیں۔ یہ ان کا فعل قابل ستائش ہے اور ایسا کرنے سے وہ یقیناً قوم کو ایک بڑے فریب سے نجات دلائینگے۔ جناب والا آج تک یہ الاٹمنٹیں بطور سیاسی رشوت کے استعمال ہوتی رہی ہیں۔ ان کا معیار صرف دوست نوازی اور اقربا نوازی سمجھا گیا ہے۔ اس کے لئے آپ کی ایک واضح پالیسی ہونی چاہئے۔ الاٹمنٹ کا معیار صرف یہی نہیں ہونا چاہئے کہ فلاں شخص نے کتنی جائداد چھوڑی ہے۔ اس نے کون کون سے ادارے چھوڑے ہیں تاکہ انہیں اس معیار پر اس چھوڑی ہوئی جائداد کے عوض یہاں پر الاٹمنٹ کی جائے میں اس کو صریحاً نا انصافی سمجھتا ہوں کہ آپ ان لوگوں کو بالکل محروم کریں جو وہاں کسی جائداد کے مالک نہیں تھے۔ مگر جب طوفان آیا تھا بلا شبہ کچھ لوگ لب ساحل تماشہ دیکھ رہے تھے جب کہ ان کے ساتھی موجوں کے طمانچے کھا رہے تھے۔ ایسے لوگ بھی تھے جنہوں نے اپنے وقت اور ذہن کی قربانی دی۔ جنہوں نے اس وقت صرف پاکستان کو حاصل کرنا ہی حاصل زندگی سمجھا اور میں اس ایوان سے پوچھتا ہوں کہ بتاؤ ان لوگوں کیلئے تم کیا تجویز کرتے ہو جنہوں نے اپنی بہو بیٹیاں قربان کر دیں۔ کیا آپ انہیں اپنی بہو بیٹیاں دینے کیلئے تیار ہیں؟ جن لوگوں کے بچے شہید ہوئے کیا آپ اپنے بچے شہید کروانے کیلئے تیار ہیں۔ جناب والا یہ compensation کی پالیسی سراسر غلط اور نا انصافی پر مبنی ہے۔ یہ تو سرمایہ دارانہ ذہنیت کی پیداوار ہے تاکہ امیر کو امیر تر بنایا جائے اور غریب کو غریب تر۔ جناب والا یہ بیمہ کمپنی نہیں ہے بلکہ ایک ملک ہے جس کے اپنے نظریات ہیں اور جن نظریات کی بنا پر یہ بنا۔ ان پر عمل کرتے ہوئے ہمیں تمام ایسے افراد کو چاہے وہ جائداد والے تھے یا بغیر جائداد کے ان کو مکانات مہیا کرنے ہوں گے اور کسی شخص کو صرف اس جرم

کی سزا میں کہ اس کا وہاں کوئی مکان نہیں تھا یہاں مکان سے بے دخل نہیں کیا جائیگا۔ جناب والا کیا ایسے لوگ مہاجر نہیں ہیں جن کے ملک بننے سے پہلے کاروبار دونوں طرف موجود تھے وہ آج لاکھوں روپے کے مالک ہیں۔ انہیں الاٹمنٹ کیلئے بھاگنا زیب نہیں دیتا اسلئے میں یہ اپیل کرتا ہوں کہ تمام ایسے حضرات یا تو اپنی الاٹمنٹیں خود چھوڑ دیں اور یا انہیں ان الاٹمنٹوں سے محروم رکھا جائے۔ سنا ہے وزیر بحالیات کی کچھ جائداد مشرقی پنجاب میں تھی مجھے یہ سن کر خوشی ہوئی ہے کہ وہ اپنی اس جائداد کے عوض یہاں کچھ لینے کی کوشش نہیں کر رہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ اپنے دوسرے دوستوں کو بھی اپنی مثال پر عمل کرنے کی ترغیب دینگے۔ آخر میں جناب والا میں حکومت کی توجہ کشمیر کے ان بے یارو مددگار مہاجرین کی طرف دلاتا چاہتا ہوں جو آج ہماری سرحدوں پر بے سروسامانی کی حالت میں زندگی کے دن پورے کر رہے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ حکومت پنجاب وزارت امور کشمیر میں دخل نہیں دے سکتی مگر آپ خدا را مرکز سے کہیں کہ ہم ان معزز مہمانوں کے لئے اپنے ہاں الاٹمنٹیں کرنے کیلئے تیار ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے عزیزواقارب سے آپ پاکستان کے حق میں ووٹ لینا چاہتے ہیں۔ گذشتہ چھ برس میں انکے بچے جوان ہو چکے ہیں۔ اب وہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں بغیر تعلیم اور بغیر طبی امداد کے ہیں۔ بعض صورتوں میں انکو پورا لباس بھی میسر نہیں۔ میری یہ پر زور درخواست ہے کہ مرکزی حکومت سے مل کر انکے لئے ضرور کچھ بندوبست کیا جائے۔

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 21,06,340 on account of Total J-11-(*a*) (1)—Rehabilitation Commissioner (General) be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 21,06,340 on account of Total J-11-(*a*) (1)—Rehabilitation Commissioner (General) be reduced by Rs. 100.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the item of Rs. 21,06,340 on account of Total J-11-(*a*) (1) Rehabilitation Commissioner (General) be reduced by Re. 1.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That a sum not exceeding Rs. 1,12,90,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Miscellaneous.

The motion was carried.

صاحب سپیکر۔ پیشتر اسکے کہ ایوان نماز عصر کیلئے برخواست ہو میں اراکین حکومت کو خاص طور پر اور تمام اراکین کو عام طور پر اس طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ پورے چار بجے ''گلوٹین'' ہو جائیگی۔ اسلئے اس وقت کورم ضرور پورا ہونا چاہئے۔

(اسکے بعد ایوان نماز عصر کیلئے ملتوی ہوا۔)

(The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the Chair).

The following demands were then put from the Chair and carried :—

LAND REVENUE

That a sum not exceeding Rs.70,59,900 60 granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Land Revenue.

PROVINCIAL EXCISE

That a sum not exceeding Rs. 8,10,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Provincial Excise.

STAMPS

That a sum not exceeding Rs. 1,44,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Stamps.

FORESTS

That a sum not exceeding Rs. 78,86,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Forests.

REGISTRATION

That a sum not exceeding Rs. 6,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Registration.

MOTOR VEHICLES ACTS AND OTHER TAXES AND DUTIES

That a sum not exceeding Rs. 13,82,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Motor Vehicles Acts and other Taxes and Duties.

IRRIGATION (WORKS)

That a sum not exceeding Rs. 1,90,01,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Irrigation (Works).

CHARGES ON IRRIGATION ESTABLISHMENT

That a sum not exceeding Rs. 2,05,82,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March,, 1955, in respect of Charges on Irrigation Establishment.

IRRIGATION (CAPITAL)

That a sum not exceeding Rs.6,77,80,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Irrigation (Capital).

ADMINISTRATION OF JUSTICE

That a sum not exceeding Rs. 30,37,900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Administration of Justice.

JAILS AND CONVICTS SETTLEMENTS

That a sum not exceeding Rs. 51,77,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Jails and Convict Settlements.

POLICE

That a sum not exceeding Rs. 3,29,40,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Police.

SCIENTIFIC AND MISCELLANEOUS DEPARTMENTS

That a sum not exceeding Rs. 7,83,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Scientific and Miscellaneous Departments.

EDUCATION

That a sum not exceeding Rs. 4,48,94,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Education.

HEALTH SERVICES

That a sum not exceeding Rs. 1,45,81,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Health Services.

PUBLIC HEALTH

That a sum not exceeding Rs. 2,71,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Public Health.

VETERINARY

That a sum not exceeding Rs. 23,51,800 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Veterinary.

CO-OPERATION

That a sum not exceeding Rs. 18,59,600 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Co-operation.

INDUSTRIES

That a sum not exceeding Rs. 63,14,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Industries.

Capital Outlay

That a sum not exceeding Rs. 3,99;900 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Capital Outlay on Industrial Development.

Civil Works

That a sum not exceeding Rs. 1,75,19,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Civil Works.

Buildings and Roads—Establishment Charges

That a sum not exceeding Rs. 47,77,700 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Buildings and Roads—Establishment charges.

Electricity Schemes—Working Expenses

That a sum not exceeding Rs.1,33,91,500 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Electricity Schemes—Working Expenses.

Electricity Establishment—Miscellaneous Expenditure

That a sum not exceeding Rs. 66,25,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of charges on Electricity Establishment and Miscellaneous Expenditure.

Civil Works (Capital)

That a sum not exceeding Rs. 2,97,17,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Civil Works (Capital) and Towns Development Schemes.

Electricity Schemes (Capital)

That a sum not exceeding Rs. 4,51,53,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Electricity schemes (Capital).

Famine

That a sum not exceeding Rs. 2,79,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Famine.

Superannuation Allowances and Pensions

That a sum not exceeding Rs. 69,27,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Superannuation Allowances and Pensions.

Commuted value of Pensions

That a sum not exceeding Rs. 53,400 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Commuted value of Pensions.

STATIONERY AND PRINTING

That a sum nof exceeding Rs. 62,21,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Stationery and Printing.

PROVINCIAL MISCELLANEOUS INVESTMENTS

That a sum not exceeding Rs. 41,77,100 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Provincial Miscellaneous Investments.

ADVANCES NOT BEARING INTEREST

That a sum not exceeding Rs. 30,36,300 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Advances not bearing Interest-Advances-Repayable.

LOANS AND ADVANCES BEARING INTEREST

That a sum not exceeding Rs. 2,26,07,200 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 31st March, 1955, in respect of Loans and Advances bearing Interest.

(*The Assembly then adjourned* sine die).

APPENDIX

(Vide answer to No. *2519, pages 994 ante).

No.11076-53/Estt.

FROM

I. U. KHAN Esq., C.S.P.

Chief Secretary to Government, Punjab.

TO,

ALL HEADS OF DEPARTMENT, COMMISSIONERS OF DIVISIONS, DEPUTY COMMISSIONERS, REGISTRAR, HIGH COURT OF JUDICATURE AT LAHORE, DISTRICT AND SESSIONS JUDGES.

Dated Lahore, the 6th October, 1953.

Subject :—BUILDING OR PURCHASE OF HOUSES BY THE GOVERNMENT SERVANTS.

SIR,

I AM directed to request that information on the following points in respect of all Government servants working under your control may please be submitted at an early date :—

(*a*) How many houses he has built or purchased since the partition ;

(*b*) The amount that was spent on the construction or purchase of a house or houses altogether;

(*c*) The sources from which the money was secured.

Your obedient servant,
(Sd.) ABDUR REHMAN KHAN
ASSISTANT SECRETARY
for *Chief Secretary to Government, Punjab.*

A COPY is forwarded for information and necessary action to all Administrative Secretaries to the Punjab Government.

To

Sd.) ABDUR REHMAN KHAN

All Administrative Secretaries to Government, Punjab.

U. O. No. 11076-53/*Estt., dated Lahore, the 6th October*, 1953.

STATEMENT SHOWING THE INFORMATION FURNISHED BY THE ADMINISTRATIVE SECRETARIES, HEADS OF DEPARTMENTS REGARDING DETAILS OF BUILDINGS CONSTRUCTED BY GOVERNMENT SERVANTS SINCE THE PARTITION

Serial No.	Name and Designation	Particulars
1	Mr. Ata Elahi, Assistant, Finance Supplies Branch.	(*i*) One House. (*ii*) Rs. 3,500. (*iii*) House Building Advance.
2	Khan Abdul Majid Khan, Director Food Distribution.	(*a*) Three Rooms on a price of land that was purchased in 1933. (*b*) Rs. 15,000. (*c*) (*i*) Rs. 5,000 as House Building Advance. (*ii*) Rs. 5,000 from loans from near relatives. (*iii*) Rs. 5,000 as savings (Personal).
3	Ch. Mauj Din, Assistant Secretary, Department of Islamiat.	(*i*) One House viz. 'N' type quarter in the Samnabad. (*ii*) Rs. 5,000 paid as advance to Trust. (*iii*) (Personal Savings).
4	M. Ghulam Yasin, Junior Clerk ..	(*i*) Purchase of Plot as well as construction. (*ii*) Rs. 7,600 (*iii*) (*a*) Rs. 5,000 from the sale of a house belonging to wife. (*b*) Rs. 1,100 from the personal savings and (*c*) Rs. 1,500 loan from father-in-law.
5	Ch. Abdus Sattar, Superintendent Punjab Civil Secretariat.	(*i*) One House. (*ii*) Rs. 5,000. (*iii*) Rs. 2,000 from Joint Ancestral property and Rs. 3,000 has been spent by a relative who got the house constructed. He will be repaid in easy instalments.
